فرہنگ تاریخ وصاف

از

حضرت شاداں بلگرامی

بفرمائش

شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

در مطبع کریمی واقع لاہور باہتمام میر قدرت اللہ چھپا

جلد اوّل

جسے پنجاب یونیورسٹی نے نصاب منشی فاضل اور ایم۔ اے سنہ ۱۹۲۸ء و مابعد کیلئے مقرر کیا

مؤلّفہ

مولانا مولوی سید اولاد حسین صاحب شادان بلگرامی۔ پروفیسر آف اورینٹل کالج لاہور

و ممتحن پنجاب یونیورسٹی

مؤلّف خلاصۂ تاریخ وصّاف۔ فرہنگ حاجی بابا اصفہانی۔ شرح دفتر سوم ابوالفضل وشارح چہاردہ قصائد خاقانی۔ محشّی درّۂ نادرہ وشارح مرد خسیس وشارح معمائے و فنِ معمائے حدائق البلاغۃ و مترجم مقامات حمیدی وغیرہ

حسب فرمائش

شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون دروازہ لوہاری لاہور

سنہ ۱۹۳۰ء

بمطبع کریمی باہتمام میر قدرت اللہ صاحب مہتمم مطبع طبع شد

بار دوم | تعداد جلد ۵۰۰ | قیمت عہ

تاریخ وصّاف

علمائے فن بیان نے نثر کی تین قسمیں قرار دی ہیں۔ نثر عاری - نثر مقفّیٰ۔ اور نثر مرجزّ۔ اس کتاب تاریخ وصاف کا تعلق نثر مقفّیٰ سے ہے۔ پھر نثر مقفّیٰ کی ایک قسم نثر مرصّع بھی ہے۔ جس کے پہلے جملے کے کل الفاظ تقریباً دوسرے جملے کے کل الفاظ کے ساتھ ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ پھر قوافی میں بھی ہموزن ہونے کا بھی خیال کرتے ہیں۔ اس کتاب میں عمومیت کے ساتھ تقفّیٰ کا لحاظ کیا گیا ہے۔ اور کہیں کہیں ترصیع کا بھی +

علمائے بیان نے صنائع وبدائع کو منجملہ محسّنات کلام قرار دیا ہے۔ اس کتاب میں تجنیس کے اکثر اقسام۔ اشتقاق۔ شبہ اشتقاق۔ تضاد۔ تلمیح ایہام سے اکثر کام لیا گیا ہے۔ تشبیہ واستعارہ ومجاز وکنایہ سے تو کوئی کتاب خالی ہی نہیں ہوتی ہے۔ پھر یہ کتاب کیونکر خالی ہو۔ سب مثالیں لکھنے میں طول ہوگا۔ اس لئے اتنے ہی پر اکتفا کرتا ہوں +

عبارت میں تضمین اشعار واقوال واقتباس آیات و احادیث بھی حسن سمجھا جاتا ہے۔ اور اس کی اس کتاب میں بہتات ہے۔ بعض مقامات پر تضمین و اقتباس نہایت خوب ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ شعر یا قول یا آیت یا حدیث اسی محل کے لئے وضع ہوئی ہے +

فاتحین کا اثر مفتوحین پر تمدن ومعاشرت واخلاق و وضع وغیرہ پر جہسار

ہوتا ہے۔ وہاں زبان مفتوحین بھی بغیر اثر پذیر ہوئے نہیں رہتی۔ چنانچہ اردو میں فی زمانہ انگریزی الفاظ اور اقوال حکمائے و علمائے یورپ کا لانا قائل کی وقعت و قابلیت کو سامع کی نظر میں بڑھا دیتا ہے۔ پھر اہل ایران فاتحین عرب کی معاشرت و زبان سے کیونکر متاثر نہ ہوتے۔ خصوصاً جب اہل ایران نے عربوں کا مذہب بھی اختیار کر لیا۔ اب تو مذہبی ضرورت سے بھی عربی کا فارسی میں داخل ہو جانا لازم ہوگیا۔ علی الخصوص جبکہ اہل ایران نے عربی میں اس قدر انہماک کیا کہ مورخ ابن خلدون کو یہ سوال اٹھانا پڑا کہ "اکثر حاملان علم اہل عجم کیوں ہیں؟" ان امور کا لازمی نتیجہ یہ ہونا چاہیے تھا کہ تصانیف اہل عجم عربی ہوں۔ اور فارسی بھی ہو تو عربی نما ہو۔ وصاف بھی انہیں تاثرات کا نتیجہ ہے۔

اس کتاب میں اصطلاحات فلسفہ و حکمت و منطق۔ طب۔ موسیقی۔ صرف و نحو۔ عروض و قافیہ و تصوف کو صرف کیا گیا ہے۔ بعض مقامات پر یہ اصطلاحات ایسی خوبی سے صرف ہوئے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ انگوٹھی پر نگینہ جڑ دیا ہے۔ اور کہیں صرف لفاظی ہی ہے۔ معنویت بالکل نہیں۔

اس رنگ میں سب سے پہلے قاضی ابو بکر حمید نے جو ہم عصر انوری ہیں۔ کتاب مقامات حمیدی ۵۵۱ھ ہجری میں بہ تتبع مقامات حریری و بدیعی لکھی۔ جس میں فرضی قصے ہیں۔ پھر ۶۵۸ھ میں عطا محمد ملک جوینی نے تاریخ جہانکشا حالات مغول میں عہد چنگیز خاں تک لکھی۔ جس کے تتبع میں تاریخ وصاف لکھی ہے۔ اور بلحاظ واقعات جہانکشا کا تتمہ ہے۔ اسی تاریخ جہانکشا کے زمانہ سے قریب کتاب تاریخ معجم فی آثار ملوک العجم بزمانہ حکومت اتابک نصرۃ الدین احمد والی شیراز فضل اللہ الحسینی القزوینی نے تصنیف کی [illegible] نوشیروان تک کے حالات درج ہیں۔ گویا شاہنامہ کا نثر ہے۔ یہ بھی تجنیس و اشتقاق تضمین و اقتباس وغیرہ کے پابند ہیں۔ مگر جہانکشا اور وصاف سے رنگ ہلکا ہے۔

ع براؤن صاحب مصنف تاریخ معجم کو عبداللہ وصاف نہیں مانتے۔

سنہ ۶۹۹ھ میں وصّاف نے یہ تاریخ جس کا اصلی نام تجزیۃ الامصار ہے۔ جہانکشا کے جواب میں لکھی۔ انہیں لوازمات کے ساتھ۔ ہوصاف کا رنگ جہانکشا سے گہرا ہے۔ وصّاف کے جواب میں بارھویں صدی ہجری میں مرزا مہدی خان ابن محمد نصیر استرآبادی نے درہ نادرہ حالات نادر و اولاد نادر شاہ میں لکھا۔ چونکہ سب سے آخر میں یہ کتاب تصنیف ہوئی ہے اس لئے اس کا رنگ سب سے زیادہ گہرا ہے۔ بعض مقامات پر ایک ایک شکل کے سات سات آٹھ آٹھ الفاظ صرف کر دیئے ہیں۔ جن کے معانی مختلف ہیں۔ تضمین و اقتباس میں اس کتاب کو سب پر فوقیت حاصل ہے ٭

ادیب کی سب سے بڑی خوبی الفاظ و محاورات زبان پر حاوی ہونا ہے اور اِن کا محل و موقع سے صرف کرنا۔ اِن کتابوں کے مطالعہ سے ایک شخص بہت اچھا لغت دان ہو سکتا ہے۔ اور بہت سے معلومات ادبیہ عربیہ پر یہ کتابیں مبنی ہیں۔ یہ کتابیں ادبی قوت دکھانے کے لئے تصنیف ہوئی ہیں۔ چنانچہ مقامات حمیدی میں تو صرف فرضی قصے ہیں۔ باقی میں اگرچہ مواد تاریخی ہے۔ مگر مصنفین کی غرض تصنیف قوۃ ادبی کا دکھانا ہے۔ اِن کتابوں کو اسی غرض سے دیکھنا چاہیئے۔ جب ایک صنف تحریر کا یہ رنگ بھی ہو سکتا ہے۔ تو اس طرح کی کتابوں کا ہونا بھی لازمی تھا۔ اشکال و اغلاق کی شکایت بیجا ہے۔ یورپ میں بھی بعض مصنفین کا کلام ایسا ادق ہے کہ محض اُس کی کلام کے لغات تیار کئے گئے ہیں۔ شاید مشکل کہنے کی یہ وجہ ہو کہ اِس زمانہ میں علوم مشرقی سے واقفیت مفقود ہو چلی ہے ٭

تاریخ وصّاف میں آلغو سے لیکر اولجائتو تک کے حالات چار جلدوں میں درج ہیں۔ بلکہ تاراج بغداد کو شامل کر کے سنہ ۶۵۶ھ سے لیکر ۷۱۲ھ تک کے شاہان مغول کے حالات ہیں۔ اِن چاروں جلدوں کو مکمل کر کے سنہ ۷۱۲ھ میں علامہ رشید الدین وزیر صاحب جامع التواریخ کے وسیلہ سے وصّاف نے بحضور سلطان اولجائتو پیش کیا۔ اولجائتو نے وصّاف کو خلعت اور خطاب

وصاف حضرت عطا فرمایا۔ پھر مصنف نے ۷۲۸ھ میں سلطان ابو سعید ایلخانی کے حالات میں ایک جلد لکھ کر پانچ جلدیں کر دیں۔ چونکہ وصاف مصنف کا خطاب ہے۔ اس لئے یہ کتاب تاریخ وصاف کے نام سے مشہور ہے ۔

بمبئی میں اس کی پانچوں جلدیں ۱۲۶۹ھ میں چھپی ہیں۔ جو ابتک ملتی ہیں۔ اور ۱۲۷۲ھ میں اس کی جلد اول حالات سلطان ارغوتک ویانہ (آسٹریا) میں مع ترجمہ جرمنی چھپی۔ پھر جلد اوّل بخط نسخ تبریز میں چھپی ہے۔ اب پنجاب یونیورسٹی نے اس کی جلد اوّل نصاب امتحان منشی فاضل میں داخل کر دی۔ اس لئے عالی جناب فخر اساتذہ کرام جناب شیخ محمد اقبال صاحب (پی۔ اایچ۔ ڈی) سینیر پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور نے بعد حذف عبارات عربیہ و اشعار عربیہ اسے مرتب کیا۔ اور شیخ مبارک علی صاحب بُک سیلر اندرون لوہاری دروازہ لاہور نے چھاپ کر شائع کیا۔ میری فرہنگ اسی نسخہ کی ہے۔ کیا اچھا ہوتا کہ یہ جلد اوّل کامل چھاپی جاتی۔ اور ایک نوٹ لکھ دیا جاتا کہ عربی عبارات و اشعار نصاب سے خارج ہیں۔ تاکہ ایک مکمل نسخہ طالبین کے ہاتھ آتا ۔

وَصّاف

شرف الدین عبداللہ بن فضل اللہ شیرازی مصنّف کا اسم گرامی ہے جب چار جلدیں تاریخ وصّاف کی مصنف نے لکھ کر اولجائتو کی خدمت میں پیش کیں۔ تو وصّاف کا خطاب ملا۔ ورنہ تخلص مصنّف کا شرف ہے۔ چنانچہ اس کتاب میں جو نظمیں مصنّف کی ہیں۔ ان میں سے بعض میں اپنا تخلص شرف صرف کیا ہے ۔

اس کتاب کی تعریف میں محمد نصیر میرزا آقائے فرصت شیرازی مصنف آثار عجم یہ جملہ تحریر فرماتے ہیں "کتاب تاریخ وصّاف کہ مشہور و بیرون از اوصاف است از مصنفات آن جناب است" ۔

سن پیدائش و وفات کوئی بھی مجھے نہیں ملا - خود اسی کتاب سے اتنا پتہ چلتا ہے - کہ چھٹی صدی کے وسط میں یہ پیدا ہوئے ہوں گے - اور ساتویں صدی کے چوتھے یا پانچویں دہے میں ان کا انتقال ہوا ہوگا - جناب فرصت شیرازی ان کا مزار درمیان تکیہ حافظیہ و چہل تنان شیراز بتاتے ہیں ؛

ان کی یہ کتاب خود ان کے تبحر علمی پر دال ہے - جامع نظم و نثر ہیں - خود اسی کتاب میں بہت سے اشعار ان کے مصنفہ ہیں - رودکی کے مشہور قصیدہ ے

بادِ جوئے مولیاں آید ہمے
یادِ یارِ مہرباں آید ہمے

کے جواب میں ایک قصیدہ اٹھائیس شعر کا اس کتاب میں درج ہے - اس میں شک نہیں - بہت سے اشعار رودکی سے اچھے ہیں - کیونکہ جواب میں اس سے بہتر کہنے کی سعی کی گئی ہے ؛

وصاف کی پہلی تین جلدوں کو جناب مولوی قاضی جمیل احمد صاحب نے حل کیا ہے - اور وہ نادرہ پورا - قاضی صاحب کی حل کردہ کتابیں حیدرآباد پہنچ گئیں - ان کی پوری پوری نقل مولوی سید لطف حسین صاحب کے پاس لکھنؤ میں تھی - جو ان کی وفات پر ۱۹۰۵ء میں معرض بیع میں تھیں - جلد اول جو تبریز میں چھپی ہے وہ بھی محشی ہے - مگر کامل محشی نہیں ہے - قاضی صاحب نے البتہ اسے بڑی حد تک حل کر دیا ہے - اور تصحیح میں بھی سعی بلیغ کی ہے - پھر بھی تصحیح و حل میں کی ضرورت [illegible]
[illegible] مقتضی اشاعت [illegible] ہے ؛

عرض شادان

ایلخانیوں کا شجرہ میں نے فرہنگ میں چنگیز خان سے لیکر آدم تک کا

لکھ دیا ہے۔ بعد چنگیز جو لوگ ایلخانیوں میں بادشاہ ہوئے ہیں۔ اُن کا ذکر خود اس تاریخ میں ہے +

ہر لفظ کو تلاش ضرور کیا۔ نہیں ملا تو قیاس سے کام لیا گیا۔ شروع میں الفاظ کی تشریح میں زیادہ وقت صرف کیا گیا۔ چنانچہ سولہ صفحات اولین کی تشریح شاید اسی صفحات پر ہے۔ اس طرح ضخامت بہت ہوئی جاتی تھی۔ تو پھر ایک لفظ کی ایک ہی لفظ سے تعبیر کرنا شروع کی۔ اگر کوئی اصطلاح آگئی ہے۔ تو مجبوراً کچھ اختصار ہی سے کام لیا گیا۔ بلکہ بہت جگہ اختصار مخل ہو گیا۔ کبھی مصدر کی تعبیر اسم فاعل سے کر دی ہے۔ کبھی مناسب محل معنے لکھ دیئے ہیں۔ جن کو دیکھ کر ناظرین کہیں گے کہ یہ معنے تو اس لفظ کے نہیں۔ جتنے الفاظ ترکی ہیں۔ اُن میں سے کوئی دیکھ کر نہیں لکھا۔ کیونکہ ترکی کا کوئی لغت میرے پاس نہیں۔ ایک موید الفضلا ہے۔ اُس میں ایک لفظ بھی اس کتاب کا نہ ملا +

اہل لغات معنی وضعی لکھا کرتے ہیں۔ مجھے لزومی و مجازی بھی لکھنے پڑے ہیں۔ جو لفظ مجھے لغات میں نہیں ملا۔ ان میں سے اکثر کی طرف اشارہ کر دیا ہے۔ صحت مجھ سے نہ ہو سکی۔ تو اسے بھی بتانے کی کوشش کی ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ بتانے سے رہ گیا ہو۔ بایں ہمہ نقصانات پھر بھی طلبے کو کچھ نہ کچھ فائدہ پہونچائے گی۔ کیونکہ دوسری حل علی العموم نہیں ملتی ہے۔ لہذا جو بھی ہے اُسے غنیمت سمجھنا چاہئے۔ موافق مقصود مصنف نہ سمجھا ہوں تو یہ بھی مجھ ایسے آدمی سے بعید نہیں۔ خلاصہ میں خیال کیا گیا ہے کہ کوئی بات چھوٹنے نہ پائے۔ اس بنا پر اگر ترجمہ کہوں تو بیجا نہ ہوگا۔ کن کتابوں سے میں نے مدد لی۔ اگر اُس کی لسٹ (فہرست) لکھوں تو طول بھی ہوگا۔ اور تفاخر بھی پایا جائے گا۔ اس لئے نہ لکھنا ہی بہتر ہے۔ توثیق قول کے لئے شواہد و فہرست پیش کرتے ہیں۔ میں پہلے سے قائل ہوں۔ کہ میری تحریر کسی طرح بھی قابل وثوق نہیں۔ ناظرین جسے صحیح سمجھیں اُسے مان لیں۔ جو غلط ہو اُس کی تصحیح کرلیں اگر مجھے بھی آگاہ کریں گے تو کم از کم اپنی کتاب کو

تو صحیح کر ہی لوں گا۔ اور اگر دوبارہ چھپنے کی نوبت آئی۔ تو پھر صحیح کر کے چھاپی جائے گی + والسّلام۔

سیّد اولاد حسین شاداںؔ بلگرامی

۲۰ مارچ ۱۹۲۸ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرہنگ و تعلیقات تاریخ وصاف

صفحہ اوّل

حمد۔ ثنا کردن بزبان بر خوبی اختیاری کسیے برائے تعظیم وے۔ ودر اصلاح فعلیکہ آگاہی دہد از تعظیم منعم خواہ بزبان باشد۔ یا بجنان یا بارکان۔ و باصطلاح خاص بیان کبریا و جلال وعظمت حق سبحانہٗ تعالیٰ چنانکہ

نعت مدح حضرت محمد مصطفےٰ و

منقبت۔ ثنائے ائمہ ہدیٰ را گویند۔

ستائش۔ ستودن کا حاصل مصدر ہے۔ بمعنی دعا و ثنا و نکوئی و آفرین۔ ودر آخر یائے توصیفی و کاف بیانیہ ہے۔

انوار۔ جمع نور۔ فروغ و روشنائی۔

اخلاص۔ پاک و خالص کردن دوستی و اطاعت بے ریا۔

آفاق۔ جمع افق۔ کنارہائے آسمان۔ چونکہ عالم ظاہر درمیان کنارہائے آسمان ہے۔ اس لئے آفاق بمعنی عالم ظاہر ہے۔ قولہ تعالیٰ سنریہم ایاتنا فی الافاق وفی انفسہم حتّٰی تبین لہم الحق۔

انفس۔ جمع نفس بسکون فا۔ ذات وعین اسی لئے عالم ارواح و عالم باطن کو عالم انفسی کہتے ہیں۔

فاتحہ۔ از فتح بمعنی کشودن سے مشتق ہے۔ بمعنی آغاز و ابتدا۔ اسی لئے آغاز کتاب کو فاتحۃ الکتاب اور کلام مجید کے پہلے سورۂ الحمد کو سورۂ فاتحہ کہتے ہیں۔

صبح۔ بضم صاد۔ بامداد و اوّل روز و سپید اوّل روز۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

صبح کاذب۔ جس میں تاریکی شب اور نور دونوں ملے جلے ہوتے ہیں۔ اور

صبح صادق۔ میں تاریکی شب نہیں ہوتی ہے یعنی آفتاب کے ظاہر ہونے سے پہلے کا وقت۔

متلالی۔ اسم فاعل از تلالؤ بمعنی درخشیدن مشتق از لؤلؤ کہ بمعنی مروارید آمدہ۔

سپاس۔ بکسر۔ مرکب از سہ عدد معروف و پاس بمعنی حفاظت است۔ پس معنی ترکیبی آن نگاہداشتن سہ چیز یعنی ارکان ولسان وجنان تا از ہر کہ اسہ ہرچہ صادر شود مشعر بر تعظیم و تجیل منعم باشد۔

موقع۔ جائے وقوع چیزے۔ ومستعمل بمعنی محل و مقام وجا۔

شائستگی۔ شائستہ کی ہائے ہوز کو کاف سے

بادل کے یائے مصدری بڑھائی گئی ہے یعنی سزاواری
اور شائستہ شائستن سے اسم مفعول ہے۔

خلعت۔ بکسرِ خائے معجمہ۔ وہ لباس جو امراو شاہان
اپنے جسم سے اُتار کے کسی کو دیتے ہیں مشتق از خلع
بفتح۔ جس کے معنے کپڑے اُتارنے کے ہیں۔

لَئِنْ شَکَرْتُمْ۔ اگر تم شکر کروگے تو میں عطائے
نعمت میں تمہارے لئے زیادتی کروں گا۔

جید۔ بکسر۔ گردن۔ اس کی جمع جیود ہے۔

وجود۔ ہستی۔

قدس۔ بضم و بضمتین۔ بمعنی پاکیزگی و پاک۔

مالک الملک۔ خداوند جہان۔ القادر علی التصرف
فی عالم الشہادۃ۔

بحق۔ سزاوار و مستحق۔

واجب الوجود۔ وہ ذات جس کا وجود ضروری
ہو۔ اور عدم غیر ضروری۔ ایسی ذات سوائے خدا
کے کوئی نہیں۔ اس کا ضد ممکن الوجود ہے اس
قسم میں تمام موجودات شامل ہیں۔ تیسری قسم
ممتنع الوجود ہے کہ جس کا عدم ضروری ہو۔ اور
وہ شریک باری ہے۔

تَعَالٰی عَنْ دَرْكِ الْفَہْم۔ اُس کے کمالات
ذاتی ادراک۔ فہم و قیاس سے برتر ہیں اور
اُس کے صفات کی عظمت رسائی ظن سے بڑھ
کے ہے۔

قیاس۔ بکسر قولے مرکب از دو جملہ کہ لازم آید
از وے نتیجہ۔ گویا مترادف شکل ہے۔

جوہر۔ ماہیتے است کہ چوں در ذوات یافت شود در
موضوعے نباشد۔ و آں منحصر است بہ پنج سے

ہست جوہر منقسم بہ پنج قسم
صورت و نفس و ہیولی عقل و جسم

اور وہ جوہر جس کی تعریف "قائم بذات خود" ہے۔
مقابل عرض ہے۔ پھر جوہر کی تقسیم بسیط روحانی
سے جیسے عقول و نفوس اور بسیط جسمانی سے
کرتے ہیں۔ جیسے عناصر۔

بسیط۔ کی تین قسمیں ہیں۔ ایک بسیط حقیقی
جس کے اجزا ہوتے ہی نہیں۔ بسیط عرفی۔
جو اجسام مختلف الطبائع سے مرکب نہ ہو۔
بسیط اضافی۔ جس کے اجزا بالنسبۃ الی الآخر
اقل ہوں ؂

معلول اوّل۔ موجود اوّل کہ بلا واسطہ خدا سے
صادر ہؤا۔ اس کو عقل اوّل بھی کہتے ہیں حکما
اس بات کے قائل ہیں کہ عقل اوّل کے وسیلہ
سے عقل دوم و نفسِ کل و فلک نہم وجود میں
آئے۔ اسی طرح سلسلہ بہ سلسلہ دنل عقول اور
نو نفس اور نو افلاک ہو جاتے ہیں۔ عالم ظاہر
کی طرف سے جو آسمان اوّل ہے۔ اس کی عقل
کو عقل فعّال کہتے ہیں۔ اور اسے موثر فی العالم
مانتے ہیں۔ ان کے بعد مرتبہ وجود عناصر اربعہ
کا ہے۔ اور یہاں پر بسائط ختم ہو جاتے ہیں
اسی کو قوس نزولی کہتے ہیں۔ ان کے بعد مرتبہ
مرکبات عنصریہ کا شروع ہوتا ہے مرکبات

ہیں اوّل مرتبہ جمادات کا ہے۔ جو جسم غیر نامی اور غیر متحرک ہیں۔ پھر نباتات کا مرتبہ ہے جو جسم نامی اور غیر متحرک ہیں۔ پھر مرتبہ حیوان مطلق کا ہے۔ جو جسم نامی اور متحرک بالارادہ ہیں۔ پھر مرتبہ حیوان ناطق کا ہے جس میں قوتِ ادراک حیوان سے زیادہ ہے۔ [illegible] سے قوس صعودی شروع ہوتا ہے۔ اسی ترتیب تخلیق کے موافق وصّاف نے حمد کی ہے۔

کُنتُ کنزا - میں ایک خزانہ مخفی تھا۔ مجھے یہ اچھا معلوم ہُوا کہ مَیں پہچانا جاؤں۔ لہٰذا مَیں نے مخلوق کو پیدا کیا تا آنکہ میں پہچانا گیا۔ یہ حدیث قدسی ہے اس میں علتِ تخلیق عرفان بیان کی گئی ہے۔ اسی وجہ سے مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ - میں لیعبدون کی تفسیر تعرفون سے کی جاتی ہے۔

وَاَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلُ - اور پہلے اللہ نے عقل کو پیدا کیا۔ میرے نزدیک واو کی جگہ کاف بیان ہونا چاہئے۔ اور یہ حدیث بیان معلول اوّل ہے ورنہ اس حدیث کا ایراد غیر مربوط ہوا جاتا ہے اہل شرع اس حدیث میں عقل سے مراد نورِ نبوی لیتے ہیں۔

اصلی جملہ متعلقات کو حذف کرنے کے بعد یہ رہتا ہے۔ "حمد و ستایش جناب قدس را کہ معلول اوّل را از خزانۂ حدیث قدسی بیرون آورد۔ کہ نسبت آں معلول اوّل اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلَ آمدہ"

نُوبَر - میوۂ نورس۔ و دختر نارسیدہ۔ یہاں تجریداً بمعنی نورس ہے۔ اور صفت شاخ واقع ہُوا ہے۔

فیاض - بسیار بخشش۔ یہ عقلِ کل کی صفت ہے۔

اِس لئے کہ اُس کے فیض سے دوسرے موجودات وجود میں آئے۔

نفس - جوہر مجرد عن المادہ۔ ادراک کلیات کرتا ہے۔ اور افعالِ فکر یہ اُس سے صادر ہوتے ہیں۔

نفسِ کُل - نفسِ فلکِ نہم جسکا ذکر اوپر آچکا۔

صبا - بفتح۔ وہ ہوا جو کہ مشرق سے چلے۔

صُنع - بضم۔ نکوئی و احسان و ایجاد الصّورۃ فی المادّۃ۔

صَمَدیّت - بے نیازی۔ مرجعیت (منتخب میں لفظ صمد دیکھو)۔

بشگفانید - کھلایا چونکہ نفس کل کو گُل کے ساتھ استعارہ کیا تھا۔ اس لئے یہ فعل لایا گیا۔

دو جوہر - مراد عقل اوّل و نفس کل۔

جوہر مجرّد - اگر اس کا تعلق بدن سے تعلق تدبیر و تصرف سے ہے۔ تو اسے عقل کہتے ہیں۔ ورنہ نفس یہاں جواہر مجردات سے عقول عشرہ مراد ہیں۔

مفارقات - وہ جواہر مجردہ جو مادہ سے بری اور قائم بذات خود ہیں۔ یہاں نفوس مفارقات سے نو نفس مراد ہیں۔

مُکنت - قدرت۔

امکان - عدم اقتضاء ذات الوجود والعدم۔

اجرام علویات - مراد افلاک۔

اجرام - جمع جرم۔ بکسر۔ اس کا اطلاق بسائط اور اجسام نورانی پر ہوتا ہے جس طرح جسم کا اطلاق اجسام کثیفہ پہ ہوتا ہے۔

جسم - وہ جوہر جو قابل ابعاد ثلاثہ ہو۔ یہ بھی تعریف

کرتے ہیں کہ جسم مرکب اور مولف جوہر سے ہے۔
شروق۔ برآمدن آفتاب و درخشیدن۔ و روشن شدن۔
نایا۔ جمع جلیہ۔ روشن و آشکارا۔
تقدیر۔ اندازہ۔ یعنی جس طرح تقدیر الٰہی نے انہیں گردش دی ہے۔ اسی طرح گھومتے رہتے ہیں۔
پدیدار آرندہ۔ حکما اس بات کے قائل ہیں کہ حرکتِ افلاک تلاش مبادی ہیں ہیں۔
اذا نظرتُ۔ جب میں نے آسمانوں کی طرف ادنیٰ نظر سے بھی دیکھا۔ تو مجھے معلوم ہوگیا کہ یہ آسمان تیری وحدانیت پر دال ہیں۔ اور جب میں نے ستاروں کی طرف دیکھا، تو ستارے خالق ستارگان کے گواہِ صادق ہیں۔

صفحہ ۲

قبہ۔ ہر عمارت مدور مثل گنبد۔ جمعش قباب و قبب۔
قبہ نیلگون۔ نیلے رنگ کا گنبد۔ آسمان کو شکل اور رنگ کی وجہ سے قبہ نیلگون کہا ہے۔
لآلی۔ بفتح اول۔ جمع لولو۔ بمعنی مروارید۔
دراری۔ جمع دری۔ ستارۂ روشن۔
ثواقب۔ جمع ثاقب۔ بمعنی روشن و تابان۔
نگاشت۔ نقش و نگار کرد۔
حرکت شوقی۔ قوائے نفسانی میں سے ایک قوت محرکہ ہے۔ اس لحاظ سے کہ اس کو حرکت میں دخل ہے عام ہے کہ نفس تحریک سے متعلق ہو یا اعانت سے۔ اور وہ قوائے نفسانی ایک قوت مدرکہ ہے کہ اس سے تکمیل ادراک ہوتی ہے۔ اعم اس سے کہ وہ مدرک ہو یا معین فی الادراک اور اس کا نام جمیع مدرکہ ہے۔ جس میں حواس عشرہ داخل ہیں۔ اور ادراک حضور الشی عند نفس الناطقہ کو کہتے ہیں۔ خواہ وہ حضور بآلہ ہو یا بلا آلہ۔ اور محرک کو مدرک پر تقدیم اس لئے ہے کہ حرکت غایت ادراک ہے۔ اور غایت ذی الغایت پر مقدم ہوتی ہے اور یہ امر بھی ہے کہ جب حیوان محتاج ادراک بسبب حرکت ہوتا ہے۔ تاکہ ملائم کی طرف حرکت کرے۔ اور ناملائم سے گریز کرے۔ تو حرکت ہی مقصود بالذات ہوتی ہے اور محرک باعث علی الحرکت ہوتا ہے پس محرکہ باعثہ وہ قوت ہے کہ جب کوئی صورت خیال میں مرتسم ہو خواہ وہ صورت مطلوب ہو یا مہروب یا حاصل فی الوہم۔ تو اسکی شان سے ہے۔ کہ قوتِ محرکہ کو تحریک پر برانگیختہ کرتی ہے۔ اس لحاظ سے اس محرکہ باعثہ کو شوقیہ و نزوعیہ کہتے ہیں۔
اسطقسات۔ جمع اسطقس۔ عناصر اربعہ۔ یہ لفظ اصلاً یونانی ہے۔
تضاد۔ ضدیت۔ دو صفت وجودی کا محل واحد میں ایک دوسرے کے متعاقب ہونا۔ ان کا اجتماع محال ہے۔ جیسے سفیدی و سیاہی۔ ضدین کا اجتماع محال ہے مگر ارتفاع ممکن ہے۔ برخلاف نقیضین کے کہ ان کا اجتماع و ارتفاع دونوں محال ہے۔ اربعہ عناصر آپس میں متضاد ہیں کیونکہ آگ کا مزاج گرم ہے اور پانی کا مزاج سرد۔ ہوا کا مزاج خشک ہے اور خاک کا مزاج تر ہے۔

مزاج - کیفیت متشابہ جو اختلاط عناصر سے پیدا ہو۔

کیفیت - وہ ہیئت قارہ کسی شئی کی جو مقتضی قسمت اور نسبت لذاتہ نہ ہو۔ اعراض تسعہ میں سے ایک ہے۔

تباین - جُدا شدن از یکدیگر۔ بُعد و دُوری۔

اینات - جمع این بمعنی مکان۔ اعراض تسعہ میں سے ایک عرض یہ بھی ہے۔ اعراض تسعہ یہ ہیں:۔ کم۔ کیف۔ این۔ متی۔ وضع۔ جدہ یا ملک۔ اضافت۔ فعل و انفعال۔ اگر ان میں جوہر کو بھی شریک کر لیں تو پھر یہ دس مقولات عشرہ کہلاتے ہیں۔ کتاب میں اینات غلط چھپا ہے۔ پس این کی تعریف یہ ہے "وہ حالت جو کسی شئی کو مکان میں ہونے سے ہوتی ہے"۔

ترتیب - اپنے اپنے رتبہ اور مرتبہ پر ہونا۔ اور اصطلاح میں "گردانا اشیاء کثیر کا اس حیثیت سے کہ اُن پر اطلاق اسم واحد کا ہو سکے اور اُن کے اجزاء میں نسبت تقدم اور تاخر کی ہو"۔

ترکیب - بمعنی ترتیب ہے۔ لیکن اس کے اجزاء میں نسبت تقدم و تاخر کی نہیں ہوتی۔ (ترتیب کے پہلے آ، اور ترتیب ترکیب کے درمیان واو عاطفہ چاہیئے۔

اخشیجان - بمعنی ضد و مخالف ہے۔ اسی لئے اربعہ عناصر کو اخشیجان کہتے ہیں۔ کیونکہ عناصر باہم مخالف ہیں۔

موالید ثلاثہ - جماد و نبات و حیوان۔ لفظ ثلاثہ سے پہلے موالید کا ہونا ضروری ہے۔

عالم کون و فساد - عالم دُنیا جس میں چیزیں بنتی اور بگڑتی رہتی ہیں۔

معادن - جمع معدن بمعنی کان۔ وہ چیزیں جو کان میں پیدا ہوتی ہیں۔ جیسے جواہر و فلزات۔

الوان - جمع لون بمعنی رنگ۔

خواص - جمع خاصہ۔ وہ مقولہ کلیہ ہے جو صرف افراد متحد الحقیقت میں بطور عرض پایا جاتا ہو چاہے وہ کُل افراد میں پایا جائے یا بعض میں۔

متصف - صفت یاب۔

تکوین - ایجاد الشئی مسبوق بالمادہ۔

النوع - جو اشیاء کثیرہ مختلف بالاشخاص و متحد بالحقیقت پر دال ہو۔

مُکوِّن - موجد۔ بمعنی دہندہ بہ تغیر و تدریج۔

بیان - سخن واضح و روشن و آشکارا گفتن۔

تبیان - بکسر تا، بسیار واضح و آشکارا گفتن۔

لائح - روشن و واضح و ظاہر۔

اقطاع - جمع قطعہ بمعنی پارہ ٹکڑا۔

جواہر - جمع جوہر۔ بمعنی سنگہائے قیمتی۔

زواہر - جمع زاہر۔ بمعنی روشن و تاباں۔

خاتم - انگوٹھی۔ انگشتری۔

لِلّٰہ - اللہ ہی کیلئے حکومت زمین اور آسمان کی ہے۔

منقش - نقش پذیر۔

سبیکہ - پارچہ نقرہ و زر گداختہ۔

ساو و ناب - ہر دو بمعنی خالص۔

بوتہ - گھریا۔ کٹھالی جس میں سنار سونا پگھلاتے ہیں۔

شمس زرگر۔ آفتاب کو زرگر سے اس لئے استعارہ کیا کہ معدنیات و جواہر کے سبب حرارت آفتاب سے زیر زمین بنتے ہیں۔ نیز سبعہ سیارہ میں سے آفتاب سونے کے ساتھ منسوب ہے۔

دار الضرب۔ ٹکسال۔ جہاں سونے چاندی پہ سکہ لگاتے ہیں۔

سکہ۔ سیم و زر مسکوک نیز وہ سانچہ جس میں روپیہ پیسہ اور اشرفی ڈھالتے ہیں۔ اور ان نقوش کو بھی کہتے ہیں۔ جو سکہ پہ ہوتے ہیں۔ یہاں معنی ثالث مراد ہیں۔

فَفِی کُلِّ شَیْءٍ۔ ہر شے میں اللہ کی نشانی ہے۔ وہ اسبات پہ دال ہے کہ خدا ایک ہے۔ اس شعر کو نقش سکہ کے ساتھ استعارہ کیا ہے۔

واحد۔ منفرد بالذات فی عدم المثال۔

نفس نباتی۔ جسم طبعی آلی کا کمال بحیثیت تولید مثل و نشو و نما و اغتذاء۔

تواری۔ پوشیدہ شدن۔ وراء سے بنا ہے جس کے معنی ہیں پیچھے کے ہیں جب کوئی چیز کسی چیز کے پیچھے ہو تو چھپ جاتی ہے۔ اور آڑ میں ہو جاتی ہے۔

صحراء۔ زمین فراخ جس میں گھانس ہو۔ اور صاحب فرائد اللغۃ رنگ خاک کی وجہ سے بتاتے ہیں چونکہ صحر کے معنی گرمی آفتاب کا دماغ میں اثر کرنا ہیں اور حرارت آفتاب ریگستان کو گرم کر دیتی ہے۔ اس لئے ریگستانوں کو صحرا کہتے ہیں۔ اور زمین وسیع و ہموار و بے آب کو فلاۃ کہتے ہیں۔ اس کا فارسی میں ترجمہ بیابان ہے۔ اور جس زمین بے شجر وسیع میں راستہ ملتا ہوا اسے تیہ کہتے ہیں۔ اور اگر راہرو کو ہلاکت بھی اس میں لاحق ہو تو بیداء ہے

ترائی۔ نمودار شدن و ظہور۔ رویت سے مشتق ہے۔

صفات۔ جمع صفت۔ عبارتست از عوارض خواہ قبیح باشد یا حسن۔ اور نعت وصف حسن ہی کو کہتے ہیں۔

طعوم۔ جمع طعم۔ مزہ۔

روائح۔ جمع رائحہ۔ خوشبو۔

قویٰ۔ جمع قوت۔ تمکن و قدرت۔

جذب۔ بخود کشیدن۔ قوائے طبعی میں سے ایک قوت ہے۔ جن کا تعلق جگر سے ہے۔ جیسے جاذبہ۔ ماسکہ۔ ہاضمہ۔ غاذیہ۔ دافعہ۔ نامیہ و مولدہ۔

امساک۔ روکنا۔

نشو و نما۔ ببرد و بفتح۔ بالیدگی و افزائش۔

تولید مثل۔ اپنا ایسا پیدا کرنا۔ نباتات میں یہ قوت ہے کہ بیج۔ گٹھلی اور شاخ دبا دینے سے ویسا ہی درخت پیدا ہو جاتا ہے۔

تصویر نوع۔ اپنی قسم کی صورت پہ پیدا کرنا۔

نوع۔ وہ ہے جو اشیاء کثیرہ مختلف بالاشخاص پہ دال ہو۔

مزید۔ زیادتی و فزونی۔

امتیاز۔ جدا شدن۔

وحدت۔ انفراد ذاتی در عدیم المثالی۔

صانع۔ موجد الصورۃ فی المادہ۔

موجود۔ ہست۔ **وجود**۔ ہستی۔

وجود واجب - ایسی ہستی جس کا ہونا ضروری ہے۔

ماہیت - حقیقۃ الشئ بلا اعتبار تحقق وتشخص اور
راغب اصفہانی کہتے ہیں کہ حقیقت کسی شی کی بلا اعتبار
وجود چاہے اس کا مصداق خارج میں پایا جاتا ہو
یا نہ پایا جاتا ہو۔

دلیل - جس سے توسل الی المطلوب ممکن ہو۔
یا وہ حجت جو مفید ظن ہو۔

قاطع - قطعی ویقینی۔

برہان - حجت قاطع جو مفید علم ہو۔

ساطع - بلند۔

گلبرگ - پنکھڑی - پھول کی پتی۔

طری - تازہ وشاداب - صفت گلبرگ۔

خط شنگرفی - وہ تحریر جو شنگرف سے ہو۔ اکثر
عنوانات کتاب شنگرف سے لکھے جاتے تھے۔

شنگرف - بفتح اول وسوم - ایک جوہر معدنی
ہے جس میں پارہ کے اجزا زیادہ ہوتے ہیں اسے
حل کرکے سرخ روشنائی بناتے ہیں۔ گلاب کا رنگ
سرخ ہوتا ہے۔ تحریر شنگرفی سے اسے استعارہ
کیا ہے۔

قضب - جمع قضیب بمعنی شاخ۔

زبرجد - ایک جوہر معدنی سبز رنگ ہے۔ زمرد
سے سنگ اور قیمت میں گھٹیا ہوتا ہے۔

علی قضب - سبز رنگ کی شاخوں پر گلاب
کی پنکھڑیاں اس بات کی گواہ ہیں۔ کہ خدا کا کوئی
شریک نہیں ہے۔ یہ شعر ابی نواس کا ہے۔

گلبرگ الخ - گلبرگ تازہ وتر نے تحریر سرخ سے
مفہوم شعر مذکور اپنے چہرہ پر لکھا۔

صفحات - جمع صفحہ روئے کاغذ۔

الواح - جمع لوح - تختی۔

اشجار - جمع شجر - وہ درخت جس میں تنہ ہو۔ اور
درخت بے ساق کو نجم کہتے ہیں۔ جیسے بیل بوٹا۔

خضرت - سرسبزی۔

نضرت - بفتح - تازگی وسیرابی۔

ما تسقط - کوئی پتا ایسا نہیں گرتا ہے۔ جس کا
علم اللہ کو نہ ہو۔

شمشاد - مرچے یا چیڑ کا درخت۔

نگار - بالکسر - منقش۔

قامت - بالا وقد۔

سرو آزاد - جس درخت سرو کی شاخیں راست
اور سیدھی ہوں۔ سرو ناز - جسکی شاخیں متمائل ہوں
سرو سہی - جسکی دو شاخیں سیدھی ہوں

اقامت - ادا کردن - گذاردن - قامت کیساتھ
صنعت اشتقاق ہے وتکبیر برائے اطلاع نماز۔

صفحہ ۲

صدق - بالکسر - راستی۔

بندگی - عبودیت۔

اذان - اعلام ورود وقت نماز برائے غائبین
واقامت علامت قیام نماز برائے موجودین است
پس لطف ایراد لفظ اقامت ظاہر است۔

اکبر - بزرگ تر۔

مکوّرت - اسم فاعل از تکویر بمعنی فراہم آوردن -
اللہ اکبر - خدائے بزرگ پیدا کرنیوالا اشیاء کا ہے۔
اور اکٹھا کرنیوالا تاریکیوں اور نوروں کا ہے -
اضواء - جمع ضوء - وہ نور جو ذات شئی منوّر میں ہو -
برخلاف نور کہ وہ غیر سے مستعار ہوتا ہے -
اظلام - جمع ظلام - ذہاب النور و اول شب - بعد
اِس شعر کے الفاظ "در صبح و شام" چھپنے سے رہ
گئے - ان الفاظ کی ضرورت الفاظ اضواء اور اظلام
کی وجہ سے ہے - پھر صبح اور شام کا وقت ادائے
نماز کا ہوتا ہے -
ہیئت - حال و کیفیت و شکل و صورت چیزے -
رکوع - پشت و کمر کو خم کرنا - درخت کی شکل راکعین
کی ایسی ہوتی ہے -
تسبیح - سُبحان اللہ کہنا -
حمد - ثنائے کسے بخشنے کہ در او باشد - حمد ہمیشہ زندہ
کی اور بعد احسان ہوتی ہے - برخلاف مدح کہ وہ زندہ
اور غیر زندہ دونوں کی ہوتی ہے - اور قبل و بعد
احسان بھی -
نشر - پراگندہ کردن - پھیلانا -
ثنا - حمد و مدح -
نفس حیوانی - آن کمال اول است برائے جسم طبعی
آلی بطرف ادراک امور جزئیہ و حرکت بالارادہ -
اختراع - احداث الشئی لاعن الشئی عدم سے وجود میں لانا
اور ابداع کے معنے ایجاد الشئی دفعۃً ہیں -
خواص - جمع خاصہ وہی کلیہ مقولہ علی افراد
حقیقۃ واحدۃ فقط قولاً عرضیاً -
مستحصل - حاصل و مہیا و موجود -
موہبت - بخشش و عطا -
داعیہ - خواہش و ارادہ - جمع آن دواعی -
شہوت - میل جبلی طبعی - خواہش نفس بطرف
کارے کہ در او لذت باشد -
غضب - ارادہ عقاب بر مستحق معاصی - باین معنی
ضد رضا ہے - قوت تحریک کے دو شعبے ہیں - قوت
غضبی جو مبدء دفع امر غیر ملائم ہے - دوسرے
قوت شہوی جو مبدء جلب ملائم ہے - یہاں
یہی معانی مراد ہیں -
مُکنت - بضم - قدرت -
احساس - ادراک چیزے بیکے از حواس عشرہ
ظاہری یا باطنی -
صنف - نوع مقید - بقید - کلی عرضی یا جزئیات
مندرج تحت کلی - اگر ان میں تباین ذاتی ہو تو نوع
کہتے ہیں - اور اگر تبائن عرضی ہو تو صنف نام
رکھتے ہیں - اور اگر تبائن ذاتی و عرضی دونوں ہو
تو قسم کہتے ہیں -
طیور - پرندگان - جمع طیر -
زوایا - جمع زاویہ بمعنی گوشہ -
اوکار - جمع وکر آشیانۂ طائر بر شجر - اگر دیوار
میں ہو تو وکن - اور اگر کسی پردہ میں ہو تو عُش -
اور زمین میں ہو تو افحوصہ کہتے ہیں -
الحان - جمع لحن - آواز خوش با نغمہ - نغمۂ از علم

موسیقی کہ دراں از احوالِ نغمات و تالیف ایں حیثیت بحث کردہ میشود۔ کہ در نفس تحریک لذت پیدا کند از بینلات نغمات مختلفہ در حدت و ثقل۔ اور ایقاع میں انتظام اصوات مع ازمنہ موزون سے بحث کی جاتی ہے۔ اردو میں اول کو سُر اور دوسرے کو تال کہتے ہیں۔

ترنم۔ سرائیدن و سرود۔ غناء احسن مطرب۔

نفر یاری۔ پرندہ کا چہچہانا۔

وحش۔ وحوش جمع وحشی۔ جانوران دشتی کہ از انسان رم کنند۔

سباع۔ بکسر جمع سَبُع۔ وہ درندہ جانور جس کے کچلیاں ہوں اور انسان اور چوپاؤں پر حملہ کر کے اُن کا شکار کرے۔ فارسی میں دَدْ کہتے ہیں۔

خبایا۔ بفتح جمع خبیئہ۔ پوشیدگی۔

وجار۔ بفتح واو و بکسر نیز۔ غار کفتار و گرگ بھٹ۔

آجام۔ جمع اجمہ۔ الشجر کثیر الملتف۔ گھنا جنگل بیشہ اور غاب کے معنے نیستان کے ہیں۔

صہیل۔ گھوڑے کی آواز۔ فارسی میں شیہہ کہتے ہیں۔

صیاح۔ بضم و بکسر صاد مہملہ سخت آواز کردن۔ ہنہناہٹ چیخ۔ بہتر ہے کہ ضباح بضم ضاد معجمہ و حرف دوم بائے موحدہ سے پڑھیں۔ جس کے معنی آواز روباہ کے ہیں۔

تصویت۔ آوازیکہ از قرع و قطع و خلع شنیدہ شود یا وہ آواز جو منہ سے نکلے۔ مگر حروف پر شامل نہ ہو۔ ایسی آواز حیوانات مطلق کی ہوتی ہے۔

ضروب۔ جمع ضرب بمعنی صنف و شکل۔ اور وہ جنس سے خاص تر ہے۔ اور معنیً نوع سے مشابہ ہے۔

سوامّ و ہوامّ۔ جمع سامّہ و ہامّہ۔ وہ حشرات الارض جن میں زہر ہوتا ہے۔ ثعلب نے ابن عرابی سے روایت کی ہے۔ کہ ہوام وہ کیڑے جو زمین پر رینگتے ہیں۔ اور سوام وہ کیڑے جو زہردار ہوتے ہیں۔ خواہ اُن کا زہر مہلک ہو یا نہ ہو۔

حجاب۔ جمعش حُجُب۔ پردہ۔ آڑ۔

احجار۔ جمع حجر بتقدیم حائے حطی بمعنی سنگ۔ بہتر ہے کہ جحر بتقدیم جیم مضموم کی جمع اجحار پڑھیں بمعنی سوراخ جس میں کیڑے مکوڑے رہتے ہیں۔ خانہ سوسمار و مار۔ (فقہ اللغۃ)۔

وبیب۔ آواز نرم۔

اللہ خالق۔ اللہ پیدا کرنے والا ہر شئے کا ہے اور وہی یکتا و غالب ہے۔

معشر۔ گروہ مردم کہ باہم زندگانی کنند۔

بشر۔ آدمی۔ باعتبار ظاہر چہرہ بشر اور باعتبار نسیان و اُنس انسان کہتے ہیں

نوع الانواع۔ نوع سافل جس کے نیچے پھر نوع نہ ہو۔ جیسے انسان۔

تربیت۔ پرورش۔

آباءِ فلکی۔ افلاک کو آباء اس لئے کہتے ہیں کہ اُن کی تاثیر اور عناصر کے تاثر سے موجودات عالم ظاہر میں وجود پاتے ہیں۔

آباء۔ جمع اب بمعنی پدر۔

اُمّہات۔ جمع اُمّہ بمعنی مادر۔
عنصر۔ وہ اصل جس سے اجسام مختلف الطبائع ترکیب پاتے ہیں۔ اور وہ آب باد و خاک آتش ہیں۔ پہلے انہیں سے ترکیب موالید ثلاثہ مانتے تھے۔
مشیمہ۔ زہدان۔ اور وہ جھلی جو وقت ولادت بچہ پر لپٹی ہوتی ہے۔
ارادت۔ قصد ارتکاب و ترک فعل بعد نظر بر انجام بلحاظ ترتب نفع و خیر۔
انشاء۔ آفریدن۔
یوماً فیوماً۔ روز بروز۔
حالاً فحالاً۔ حالے بحالے۔
لَقَدْ خَلَقْنَا۔ پیدا کیا ہم نے انسان کو۔ بہتر بناوٹ میں یا ایسے وقت میں کہ سعد ستاروں کا اجتماع تھا۔
ہیولیٰ۔ ماہیت غیر مجرد غیر مرکب جو محل صورت جسمیہ ہوتا ہے۔ اور حال کو صورت کہتے ہیں۔ صاحب غیاث نے اس کی ترکیب ہیئت اولیٰ لکھی ہے۔ مگر ایسا نہیں۔ یہ یونانی زبان کا لفظ ہے۔ مادہ و اصل ہر شے۔
جسم۔ وہ جوہر جو قابل ابعاد ثلاثہ ہو۔
قابل۔ مستعد و آمادہ۔
صَوَّرَکُمْ۔ صورت عطا کی تم کو۔ پس حسین تر و خوب تر تمہاری صورت ہوئی۔
اَنْشَأنَاہُ۔ پھر پیدا کیا ہم نے انسان کو ایک اور خلقت کے ساتھ۔ پس پاک اور برتر ہے اللہ۔ جو بہترین خالق ہے۔

مزیّت۔ زیادتی۔ فضیلت۔
ماورائے۔ علاوہ۔ ماسوا۔
مزاج۔ کیفیت متشابہہ حاصلہ جو امتزاج عناصر سے پیدا ہوئی ہے۔
اعتدال۔ راست و میانہ شدن۔ توسط و مساوات۔
مکمن۔ اسم ظرف۔ پوشیدن گاہ۔ یا اسم فاعل۔
مُستوکر۔ آشیانہ یہاں یہ دونوں لفظ بمعنی محل و جائے صرف ہوئے ہیں۔ یا اسم فاعل۔
نفس ناطقہ۔ جوہر مجرد عن المادہ در ذوات خود مقارن بذوات در افعال آنہا۔
شرف۔ بزرگی۔
قوّت عاقلہ۔ وہ قوت جو ادراک کلیات و جزئیات کرتی ہے۔ عقل کے معنی بند بر پا نہادن کے ہیں۔ چونکہ عقل مانع ارتکاب امور ذمیمہ ہوتی ہے۔ اس لئے اسے عقل کہتے ہیں۔
تشریف۔ بزرگ گردانیدن۔ اہل فارس بمعنی خلعت استعمال کرتے ہیں۔
لَقَدْ کَرَّمْنَا۔ ہم نے اولاد آدم کو مکرم و معظم کیا۔
آدم۔ انسان تولیدی نہ توالدی جو ابوالبشر ہیں کہتے ہیں کہ اُدمت بمعنی گندم گونی سے مشتق ہے۔ چونکہ آدم کا رنگ گندم گوں تھا۔ اس لئے ان کا نام آدم ہوا۔
ارزانی داشتن۔ بخشیدن۔ یہ معنی مجازی ہیں۔
مدارج۔ پایہ ہا۔ راہہا۔ مراتب۔ زینہا جمع مدرج۔
استکمال۔ از الخواستن۔ نقصان العوارض بعد اتمام الاصل۔

فضائل - جمع فضیلت خلاف نقیصہ بمعنی ہنر و درجہ بلند و افزونی

فضائل ذاتی - افزونی ذاتی نہ اضافی -

معارج - جمع معرج بمعنی نردبان - و محل برآمدن -

استقلال - تنہا بکارے ایستادن - ثبات و قیام -

معرفت - ادراک بسائط جزئیات - رسیدن بچیزے بتفکر و تدبر -

توحید - معرفت اللہ بربوبیت و اقرار بالوحدانیت و نفی ہمسر او کلیۃً -

باری - پیدا کنندہ از خاک - (منتخب) -

صفحہ ۴

درجہ - مرتبہ - سیڑھی -

یتفکرون - فکر کرتے ہیں - خلقت آسمان اور زمین میں -

ان فی اختلاف - اختلاف شب و روز میں صاحبان عقل کے لئے نشانیاں ہیں -

نہار - طلوع شمس سے لیکر غروب آفتاب تک کا وقت - اور یوم طلوع صبح صادق سے غروب آفتاب تک کے وقت کو کہتے ہیں -

تخلیہ - خالی کرنا - اگر یہی لفظ مانا جائے تو تخلیہ سے تخلیہ ذمائم مراد ہوگا - ورنہ تجلیہ بفتح تائے قرشت و بکسر لام بمعنی زدودن و مجلی و روشن کردن ہونا چاہیئے -

تجلیہ - منسوب بہ تجلی - جس کی معنی روشن و آشکارا کردن و جلوہ نمودن کے ہیں - مگر فارس والے کنایہ غلبہ انوار الہی سے کرتے ہیں اس مقام پر یہی آخری معنی مراد ہیں -

تحلیہ - حرف دوم حائے حطی - بمعنی زیور بستن - و زینت و آراستگی بروزن تفعلہ از حلی کہ بمعنی زیور ہے - کتاب میں حرف دوم جیم غلط چھپا ہے -

صور - جمع صورت - پیکر و نقش و نمونہ چیزے -

حاکی - اسم فاعل از حکایت - جس کے معنے سخن نقل کردن کے ہیں -

سلک - لڑی -

ملائک - جمع ملک - فرشتہ -

مقدس - پاک و پاکیزہ -

نفوس مفارق و عقول مجرد سے مراد عقول عشرہ و نفوس تسعہ ہیں -

انضمام - فراہم شدن چیزے بچیزے و پیوستگی و آمیختن و بہم شدن -

حالی - بمعنی آراستہ و مزین - اسم فاعل از حلی - کتاب میں عالی بعین غلط چھپا ہے -

استعداد - قابلیت و مہیائی و آمادگی -

اسعاد - سعادت و نیک بختی و یاری خواستن -

عیش - خوش زندگانی کردن -

شائبہ - آمیزش و اختلاط -

مصئون - محفوظ - اسم مفعول از صیانت -

لاحقہ کمال - جو چیز کمال کو لاحق ہوتی ہے یعنی نقصان - باعتبار لا کمال الا لاحقۃ النقصان و در فارسی - ہر کمالے را زوالے - ہر بہارے را خزاں - مثل مشہور ہے چشم زخم -

فرح - بفتحتین - شادی و سرور - شادمانی -

بے خوف انتہا۔ جس کو اختتام کا خوف نہ ہو یعنی لازوال۔

رحمت۔ رنج۔

انقراض۔ منقطع و بریدہ شدن۔

می پاید۔ کا فاعل بشر ہے۔ اور مفعول عیش و عمر و فرح و لذت ہے۔ لفظ عیش پر ب نہ ہونا چاہیے ہو تو بھی ہرج نہیں۔

توام۔ جفت۔ یہاں توام و تالی کے معنی مثل و نظیر ہیں۔

تالی۔ قضیہ شرطیہ میں شرط کو مقدم اور جزا کو تالی کہتے ہیں۔ لغوی معنی پیچھے آنیوالا۔

بیقیاس۔ بیحد۔ اندازہ سے باہر۔

شمائل۔ جمع شمال بفتح علی غیر قیاس بمعنی بادیکہ از طرف قطب شمالی وزد۔ ہندی اُتراری ہوا (صراح)

رسائل۔ جمع رسالہ بمعنی پیغام و نامہ۔ اور وہ صحیفہ جس میں ایک ہی قسم کے مسائل تھوڑے سے ہوں۔

صلوات۔ جمع صلوٰۃ۔ دُعا و رحمت و آمرزش۔

فوائح۔ جمع فائح۔ بوئے خوش دہندہ۔ مہکنے والا۔

روائح۔ جمع رائحہ بمعنی خوشبوہا۔

تحیات۔ جمع تحیہ سلام۔

مرسلہ۔ ہار۔ ارسال سے مشتق ہے۔ جس کے معنی لٹکانے کے ہیں۔ نظامی کہتے ہیں ؎

مرسلہ پیوند گلوئے وفاق

حوراں۔ جمع حور۔ بطور فارسی۔ کیونکہ اہل فرس حور کو بطور واحد استعمال کرتے ہیں۔ اگرچہ عربی میں جمع احور یا حوراء ہے۔ ہرن کی طرح سیاہ چشم والی عورت۔

فردوس۔ آٹھ بہشتوں میں سے ایک بہشت۔ خلد۔ دارالسلام۔ دارالقرار۔ جنت عدن۔ جنت الماویٰ جنت النعیم۔ علیین۔ فردوس۔ وہ بوستان جس میں تمام اقسام نباتات کے ہوں۔ یونانی لفظ پیراڈائز سے معرب ہوا ہے۔

ہزت۔ وزیدن باد۔

نسائم۔ جمع نسیم۔ بادِ نرم۔

نحر۔ بفتح۔ سینہ و گلو۔

حمائل۔ سینہ پر لٹکانے کی چیز۔ ایک زیور کا نام جسے گلے میں پہنتے ہیں۔ اُردو میں حمیل اور حمائل کہتے ہیں۔

تحرک۔ حرکت کی سینہ محبوب پر حمائل نے۔

ترجمہ۔ اس حمد بیحد کی جفت اور اس شکر بے انتہا کی مثل درود کے پیغام کی ہوائیں اور مہکنے والی سلام کی خوشبوؤں کی ہوائیں کہ ان کی نسیموں کے چلنے سے حوران جنت کے گلے کے ہار بمفاد مصرع عربی اختیار کریں۔

ایسا درود و سلام طوطی نوا ما ینطق عن الہویٰ پر ہو۔

در اثنا۔ درمیان۔

ثنیات۔ جمع ثنیہ۔ وصف بالمدح (قاموس)۔

العرصہ۔ صحن و میدان۔

عارض۔ رخسارہ۔

بتان۔ جمع بت۔ صنم۔ مراد معشوق۔ "بردیار" کے بعد یہ شعر حذف ہو گیا ہے ؎

علی المصطفیٰ او ضاع وجہاً صحایح

علیہ کتاب الحق بالحق نازل

بھی شعر خبر تھا۔ اس کے نہ پڑھنے سے عبارت بے معنی ہوگئی۔ اگر "طوطی نوا" سے پہلے ایک حرف "ہمہ" اور بڑھا دیا جائے تو پھر ترکیب والے جملے خبر ہو جائیں گے۔

معنی شعر عربی

وہ صلوات و تحیات جناب مصطفیٰ پر جو روشن چہرہ ہیں اور ان کا اسم مبارک محمدؐ ہے۔ ان پر سچی کتاب خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔

نوا۔ نغمہ۔

مَا یَنطِقُ عَنِ الْهَوٰی۔ وہ کوئی بات خواہشات نفسانی سے نہیں کہتے ہیں۔

ان ھو الا وحی یوحی۔ ان کی بات نہیں ہے، مگر یہ کہ بذریعہ وحی ان تک پہنچائی گئی ہے۔

وحی۔ فیضان منجانب اللہ بطرف انبیا بوساطت فرشتگان۔ اور الہام القاء ربانی بلا واسطہ ملک ہوتا ہے۔

وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی۔ قسم ہے رات کی، جبکہ وہ اپنی تاریکی کے پردے ڈالے۔ یا یہ کہ سورج کو چھپالے۔

چگلی۔ منسوب بہ چگل۔ بکسر ہیں شہرے از ترکستان مشہور برائے خوبروئی و تیر اندازی۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی۔ نبی کی آنکھ نہ تو اور طرف مائل ہوئی اور نہ حد سے آگے بڑھی۔

صاحب کشیدہ۔ دامن کا نیچا ہونا۔ اور زمین پر گھسٹتا ہوا چلنا علامت فخر ہے اگر صاحب

بصورت مہملہ ہو معنی تب بھی ہیں۔

چاوشاں۔ جمع چاوش۔ نقیب لشکر و قافلہ۔ یہ لفظ ترکی ہے۔

ذیل۔ دامن۔ اذیال اس کی جمع ہے۔

لی مع اللہ وقت .... ولا نبی مرسل

خدا کے ساتھ میرے لئے ایک ایسا وقت ہوتا ہے کہ اس وقت میرے ساتھ نہ کوئی فرشتہ مقرب بارگاہ الٰہی ہوتا ہے اور نہ کوئی نبی مرسل ہوتا ہے۔

جناب۔ بارگاہ۔

تمکین۔ وقار۔ وقعت۔ مقامات سالکان میں سے ایک مقام کا نام (غیاث)۔

سید شریف جرجانی کی تعریفات کے تتمہ میں اس کے معنی تمکین فی التلوین لکھے ہیں۔ اور تلوین کے معنی "تنقل العبد فی احوالہ" بتلاتے ہیں۔ اور بعضو نے اس کے معنی "حال اہل الوصول" لکھے ہیں۔

دور باش۔ ایک نیزہ جو شاہوں کی سواری کے آگے آگے لیکے چلتے ہیں۔ جس کو دیکھ کر لوگ راستہ سے ہٹ جاتے ہیں۔ گویا وہ نیزہ خود علامت دور باش (ہٹ جاؤ) اور طرقوا (راستہ دو) کی ہے۔

لا ہے نفی۔ عربی میں حرف لا نفی کے لئے آتا ہے مراد لا یسعنی الخ۔

نفی۔ دور ہٹا دینا و ضد اثبات۔

دست رد بہ سینہ یا پیشانی نہادن۔ کسی کو کسی بات سے روک دینا۔

انبیا۔ جمع نبی۔ خبر دہندہ وہ پیغمبر جو صاحب وحی

وکتاب نہ ہو۔ اور شریعت سابقہ کا احیا کرتا ہو۔
برخلاف رسول جو صاحب کتاب و وحی ہوتا ہے۔
اور نئی شریعت لاتا ہے۔ اور اس نئی شریعت
کی دعوت لوگوں کو دیتا ہے۔

اصفیا۔ جمع صفی۔ برگزیدہ خدا۔

نسخ۔ نیست گردانیدن۔

ملل۔ جمع ملت۔ جرجانی کے نزدیک دین اور
ملت متحد المعنی ہیں۔ صرف فرق اعتباری ہے۔
بایں حیثیت کہ شریعت کی اطاعت کی جاتی ہے۔
دین کہتے ہیں۔ اور بایں حیثیت کہ اجتماع پیدا
کرتی ہے ملت کہتے ہیں۔

ادیان۔ جمع دین۔ نام شریعت بحیثیت اجتماع

تاسیس۔ بنیاد نہادن۔

قواعد۔ جمع قاعدہ بمعنی بنیاد و دستور۔

ملت حنفی۔ مذہب حقہ۔ دین ابراہیمی۔

دم زدن۔ دعوے کرنا۔

مباہات۔ فخر کرنا۔

علماء امتی۔ ہمارے مذہب کے پیرو۔ علماء انبیاء
بنی اسرائیل کی طرح ہیں۔

امت۔ وہ گروہ انسان جو کسی ایک نبی کے
مذہب کا پیرو ہو۔

سجع۔ حسن معتدل خوب۔ سجیع۔ ہو تو بمعنی موزون۔

خلق۔ ہیئت راسخہ نفس جس کی وجہ سے صدور
افعال بلا رویت و فکر بسہولت ہو۔

مزیت۔ زیادتی و فضیلت و افزونی۔

رحمت۔ افاضہ احسان و ایصال نعمت۔

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ۔ اور نہیں بھیجا ہم نے تم کو
اے محمد مگر عالم والوں کے لئے ایصال نعم کے لئے

ضعفاء۔ جمع ضعیف۔ ناتوان و کمزور۔

تقابل حسنین۔ مقابلہ و برابری کردن۔

انا بشر کم۔ میں بھی تمہاری طرح انسان ہوں۔
مگر مجھ پر وحی نازل ہوتی ہے اگر وصاف یُوحیٰ
اِلیّ کا اقتباس نہ کرتے تب اُن کے دعویٰ کو
تقویت پوری پوری ہوتی۔

مؤید۔ اللہ سے تائید یافتہ۔ تائید کے معنے
نیرو دادن و توانا گردانیدن ہیں۔

نفس۔ ذات شے۔

معرکہ۔ موضع قتال۔

اسود۔ کثرت سواد نخل کی وجہ سے عرب کو اسود
اور سوادی کہتے ہیں۔

احمر۔ عجم بوجہ سرخی رنگ و حسن۔

تہدید۔ ترسانیدن و تخویف۔

صفحہ ۵

بعثت الی الاسود۔ میں عرب و عجم پر نبی
بنا کے بھیجا گیا ہوں۔

انا نبی بالسیف۔ میں نبی تلوار کے ساتھ
ہوں۔ یعنی مجاہد فی الدین۔

بدعت۔ ایجاد فی الدین۔

ضلال و ضلالت۔ گمراہی۔

طغیان۔ از حد درگذشتن۔

لوح - تختی -

خلفا - جمع خلیفہ جو اپنے سے پہلے کا قائم مقام ہو - پس آیندہ غیر خود -

راشد - راہ راست یا بندہ -

خلفاءِ راشدین سے مراد حضرات ابوبکر و عمر و عثمان و علی ہیں - جو نبی کے یکے بعد دیگرے جانشین ہوئے -

ائمہ - جمع امام - وہ پیشوا جس کی پیروی واجب ہو - اور اس کی اطاعت فرض ہو - اہل تشیع بارہ امام مانتے ہیں - اور خلیفہ برحق نبی الحسینؑ کو جانتے ہیں - ان کے نزدیک امامت بھی نبوت کی طرح منجانب اللہ ہے نہ اجماعی اور امام ان کے نزدیک معصوم ہوتا ہے -

متابعان - جمع متابع بطریق فارسی بمعنی پیرو -

اہل بیت - اولاد نبی - جناب رسالت مآب نے حدیث کساء میں علی و فاطمہ و حسنین کے بارہ میں **ھٰذِہٖ اَھْلُبَیْتِی** فرمایا ہے (اہلبیت او" کے بعد کاف بیان ہونا چاہیئے اور المقربون کے بعد - آباد کی ضرورت ہے یا مبارزان خلفا و ائمہ و اہلبیت سے حال واقع ہوا ہے -

مبارز - جنگ کے لئے میدان میں نکلنے والا مرد بہادر -

والسابقون السابقون اولئک ھم المقربون - جو لوگ سابق فی الاسلام ہیں وہی فضیلت اور سبقت رکھنے والے ہیں - اور وہی مقرب بارگاہ نبوی ہیں -

حدیقہ - وہ باغ جس کے گرد چار دیواری ہو -

المقربون اند کے بعد دو شعر رہ گئے جو بجائے خبر تھے وہ یہ ہیں ؎

سلام کریح المسک فض ختامہ
سلام کفیض المزن فاض سجامہ
سلام کروض الحزن رق نسیمہ
سلام کعقد الدر راق نظامہ

ترجمہ اشعار - ان خلفا و ائمہ و اہل بیت پر وہ سلام کہ جیسے سے خوشبوئے مشک نکلے جب اس کی مہر ٹوٹے - اور ایسا سلام کہ مثل بارش ابر اس کی روانی فیض پہنچائے - اور ایسا سلام کہ مثل باغہائے زمین صاف و سخت اس کی نسیم نرم چلے - اور ایسا سلام کہ موتیوں کی لڑی کی طرح اس کا سلسلہ و نظام خوب ہو -

اما بعد - بعد حمد و نعت و منقبت یہ کلمہ اختصار کلام کے لئے لاتے ہیں - قیس بن ساعدۃ الایادی نے اسے سب سے پہلے استعمال کیا ہے -

تحریر کش - محرر راقم -

تحریر کشان کارگاہ الذین الخ سے مراد کارکنان قضا و قدر ہیں -

کارگاہ - محل ساختن چیزہا علی الخصوص کپڑا بننے کی جگہ جسے اردو میں بگاڑ کے کرگھا کہتے ہیں - یہاں کارخانہ تقدیر مراد ہے -

والذین اوتوا العلم درجات

اور وہ لوگ جن کو علم دیا گیا ہے - ان کے لئے

درجے اور مرتبے ہیں۔
بیہمال - بے نظیر۔ بیمثل۔ ہَمال۔ بفتح بمعنی ہمتا و انباز و شریک۔
صاحب - جو ہمیشہ کسی کے ساتھ رہے۔ چونکہ بادشاہ کے وزیر تھے۔ اس لئے صاحب کہا ہے۔
سعید - نیک بخت۔
حاوی - گھیرنے والا۔
قِدح - بکسر وہ تیر جس میں پر نہ لگے ہوں۔ جوئے کے دس تیر۔
المعلّیٰ - دس قمار کے تیروں میں سے ساتواں تیر۔ اس کا حصہ سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ یعنی دس حصے اور تیرہائے وغد و سفیح و منیح کو کوئی حصہ نہیں ملتا ہے۔ یہاں کامل النصیب مراد ہے دسوں تیر قمار کے نام یہ ہیں۔ فذّ۔ توام۔ رقیب۔ جلس۔ نافس۔ مسبل یا مصفح۔ معلّی۔ سفیح۔ منیح۔ وغد۔
حلبہ - بفتح۔ گھوڑ دوڑ کا میدان۔
صاحب الدیوان عطا - بخشش اور عطا کی کچہری کے مالک۔ اور ایہام طرف مصنف تاریخ جوینی کیونکہ ان کا نام عطا ملک محمد جوینی ہے۔ اور وہ میر منشی تھے۔
صاحب الدیوان - وزیر۔ میر منشی۔
طیب اللہ - پاک کرے اللہ ان کی روحوں کو راحت کی نسیموں سے اور متواتر لائے رحمت کی غنیمتوں سے ان کے لئے کشائشیں۔

حُلیہ - زیور۔ مصنوعات معادن و جواہر جمع آں حُلی۔
رجاحت - ترجیح و تفضیل و تفوق۔
سجاحت - حسن اعتدال۔ خوبی۔
خلق - بفتح آفرینش و فطرت۔ اور بضم بمعنی ملکہ راسخہ و عادت بھی پڑھ سکتے ہیں۔
تبحّر و تبقّر - ہر دو بمعنی بسیاری علم۔
فنون - جمع فن۔ بمعنی اقسام و انواع۔
براعت - اپنے امثال سے ہنر میں بڑھ جانا۔
تفنن - گونہ گونہ شدن۔
اُصول - جمع اصل جس پر دوسری چیزوں کی بنا ہو۔ لغوی معنی جڑ کے ہیں۔
فضائل - جمع فضیلت۔ افزونی و ہنر و درجۂ بلند۔ ضد نقیصہ۔ علم اخلاق میں فضیلتیں چار ہیں۔ حکمت۔ عفت۔ عدالت۔ شجاعت۔
تفرد - وحید و یکتا ہونا۔
اسالیب - جمع اسلوب۔ بمعنی انواع و گوناگون و روشہا۔
علوم - جمع علم۔ اعتقاد جازم مطابق واقع۔ حصول صورۃ الشئ فی العقل۔ ادراک الشئ۔ موافق حقیقت۔ زوال الخفاء من المعلوم۔ جہل اس کی ضد ہے۔ علم وہ صفت راسخہ ہے جس سے ادراک کلیات و جزئیات ہوتا ہے۔ وصول النفس بطرف معنی شئ۔ نسبت مخصوصہ درمیان عاقل و معقول۔ صفت صاحب صفت۔

تقدم - سبقت - پیشی -

قوالب - جمع قالب - بفتح لام وبکسر لام نیز آمدہ کالبد - پیکر - ڈھانچہ - یہاں بمعنی اقسام وانواع لایا گیا ہے -

حکم - بکسر اوّل وفتح دوم جمع حکمت - جاننا حقائق کا بقدر طاقت بشری - العلم مع العمل - اس کے تین اصول ہیں - علم مابعد الطبیعتہ یا علم الہی - ریاضی - طبیعی - اور ہر ایک کے بہت سے انواع ہیں -

دولت - گردش زمانہ بطرف نیکی وظفر و اقبال - اور وہ چیز جو ہاتھوں ہاتھ پھرے - مال - سلطنت -

ایالت - سیاست وحراست وحکومت -

سرّاء - نفع خلاف ضرّاء -

ضرّاء - سختی وگزند -

ماشطہ - کنگھی کرنیوالی عورت کیونکہ مشط کے معنی کنگھی کرنا اور کنگھی کے ہیں - بصیغہ مبالغہ مشاطہ بھی کہتے ہیں -

سحّار - بڑا جادوگر - معجزہ وسحر واستدراج وکہانت وکرامت سب کی تعریف خرق عادت سے کرتے ہیں - اور فرق فاعل کی نسبت سے کیا گیا ہے -

نتائج نتائج خاطر - مراد نظم ونثر ومضامین ہیں -

عجائب عجائب پار - اسم فاعل ترکیبی - جس سے عجائبات کا ظہور ہو - خاطر کی صفت ہے -

عروس - بفتح اول زن ومرد نو کتخدا - جمع اوّل عرائس اور جمع ثانی عُرس ہے -

نظم - موتیوں کا سلک میں پرونا - اصطلاح میں وہ کلام مقفیٰ جس میں وزن بحور پایا جائے - پہلے دس قسموں پر منقسم تھی - اب بہ تتبع مغرب کچھ قسمیں اور بڑھ گئی ہیں -

نثر - بکھر جانا اور پراگندہ وپریشان ہونا - وہ کلام جس میں وزن بحور نہ ہو - مابہ الامتیاز درمیان نظم ونثر وزن شعری ہے - اس کی تین قسمیں ہیں - مرجّز ومقفیٰ وعاری - اہل فن نے مرجّز کو قسم نثر قرار دیکے اس کی تعریف یوں کی ہے - نثریکہ وزن دارد و قافیہ ندارد - جناب غالب اور حالی نے لفظ وزن سے وزن بحور سمجھکر نظم بلا قافیہ کو مرجّز کہدیا چنانچہ غالب اعلی اللہ مقامہ نے اردوے معلّی یا عود ہندی میں ایک خط بھی نظم غیر مقفیٰ میں لکھا ہے اور اُسے نثر مرجّز فرمایا ہے - اور جناب حالی نے اپنی کتاب مقدمہ شعر وشاعری میں نثر مرجّز اور بلینک ورس کو ایک قرار دیا ہے - حالانکہ یہ صریحی غلطی ہے - کیونکہ درمیان نظم ونثر مابہ الامتیاز جو چیز ہے وہ وزن بحور ہی ہے اگر نثر میں بھی وزن بحور ہو تو پھر نظم ونثر میں کوئی وجہ امتیاز نہیں رہتی - تعریف میں جو لفظ وزن آیا ہے اس سے مراد وزن صرفی ہے نہ وزن بحور -

مثال نثر مرجّز از غیاث

خیال ناظم بہ تناسق قامت دلربا سے ناموزون است و قیاس ناثر بے تحرک کاکل مو میانی نامربوط - خیال وقیاس - ناظم وناثر - تعلق و تحرک - ناموزون و نامربوط - ہموزن بوزن صرفی ہیں

عقد ۔ بکسر ۔ رشتہ مروارید یا جمعش عقود ۔
منظوم ۔ پرویا ہوا ۔
انتظام ۔ مرتب ہونا جواہر کا خوبی ترتیب کے ساتھ ۔
بدائع ۔ جمع بدیع ۔ عجیب و نادر ۔ نو پیدا ۔
سلک ۔ رشتہ مروارید ۔
خجل ۔ بفتح اول و سکون دوم ۔ شرمندگی ۔
ورد ۔ گلاب ۔
منثور ۔ بکھرا ہوا ۔
ابتسام ۔ خندیدن و شگفتن ۔
روائع ۔ جمع رائع ۔ خوب و خوش آیند ۔
بنظم و نثر ۔ ایسی نظم سے جو اپنی نادرت ترتیب سے سلک مروارید منظم کو بکھرا دے اور ایسی نثر سے جو اپنی خوش آیندگی کی شگفتگی سے شرمندگی کی لڑی کھلے ہوئے گلاب کے لئے پرودے ۔
مستنشقان ۔ جمع مستنشق ۔ اسم فاعل از استنشاق بمعنی بوئیدن ۔ سونگھنے والا ۔
مجمرہ ۔ آتشدان ۔ انگیٹھی ۔ اسم ظرف از جمر بمعنی چنگاری ۔
روائح ۔ جمع رائحہ ۔ خوشبو ۔
معطرہ ۔ خوشبودار ۔
فاکرہ ۔ قوتے است کہ حرکت میدہد نفس را طرف مبادی و رجوع میکند و با بجانب مطالب باعتبار استخدام نفس ناطقہ در ترکیب مدرکات قوت متصرفہ کو فاکرہ کہتے ہیں اور قوت متصرفہ حواس خمسہ باطنی ہیں سے ایک قوت ہے ۔

بخور ۔ آگ پر سلگانے والی خوشبودار ادویہ ۔
افادہ ۔ صدور الشئ عن نفسہ الی غیرہ ۔ فایدہ پہنچانا ۔
ھلمّ جرّاً ۔ بہ یک نہج ۔ متواتر ۔ لگاتار ۔
عاطر ۔ دوست دارندہ ۔ بوئے خوش ۔
فصوص ۔ جمع فص ۔ نگینہ ۔
بلاغت ۔ مطابقۃ الکلام لمقتضی الحال مع فصاحتہ ۔ تصحیح الاقسام و اختیار الکلام وقلال اللفظ مع کثرۃ المعانی ۔ بلاغت کا تعلق معانی سے ہے اور فصاحت کا الفاظ سے ۔ اہل فن کہتے ہیں کہ صفت فصیح کلمہ و کلام و متکلم تینوں کی لاتے ہیں مگر بلیغ صرف کلام و متکلم کو کہہ سکتے ہیں حالانکہ کنایہ بھی ایک کلمہ ہے ۔ اسکی صفت میں یہ قول مشہور ہے ۔ اَلْکِنَایَۃُ اَبْلَغُ مِنَ التَّصْرِیْحِ ۔
نصوص ۔ جمع نص ۔ سوال بوقت سے کام لینا تاکہ غایت اس کی معلوم ہو جائے ۔ آیات قرآنیہ کے وہ اصول جو دو متشابہ امروں کو ممتاز کر دیں ۔ وہ آیت واضح جو مقصود پر دال ہو ۔ فارسی والے ہر کلام صریح و آشکارا کو نص کہتے ہیں ۔ سید شریف کہتے ہیں جس کے ایک معنی سے زیادہ نہ ہو سکیں ۔ بعض کہتے ہیں جس میں تاویل کی ضرورت نہ ہو ۔
آیات ۔ جمع آیت ۔ نشان و علامت ۔ ایک جملہ قرآن کا ۔
براعت ۔ سبقت از امثال خود در ہنر ۔
فہرست ۔ تفصیل عنوانات ابواب و فصول

کتاب۔ فارسی زبان کا لفظ ہے۔ مگر عربی میں دخیل ہے۔
مآثر۔ جمع ماثرہ۔ المکرمۃ السائرہ۔ وہ خوبیاں اور بزرگیاں جو عالم میں شائع ہوں۔
صحیفہ۔ وہ کتاب جس میں اقوال حکمت درج ہوں۔ اس کی جمع صحائف ہے۔
مفاخر۔ جمع مفخرت۔ وہ خصائل و مکرمت حمیدہ جن پر ناز کیا جائے۔
سمط۔ بکسر۔ اُس رشتہ کو کہتے ہیں۔ جس میں جواہر پروئے ہوئے ہوں۔ اور سلک مخصوص موتیوں کے ساتھ ہے۔
ضبط۔ نگاہداشتن چیزے بحزم و ہوش۔
عنوان۔ پیش آمدن۔ چونکہ دیباچہ اور سرنامہ بیان سے آگے ہوتا ہے۔ اس لئے اُسے عنوان کہتے ہیں۔ اس کی جمع عنوانات اور عنادین آتی ہے۔
جہانکشا۔ عطا ملک محمد جوینی کی تاریخ ہے جس میں چنگیز خاں سے لیکر ہلاکوں خاں کے قلعہ الموت فتح کرنے تک کا بیان ہے۔ اس کے بعد سے وصاف نے حالات لکھنا شروع کئے ہیں۔ اور اسی کتاب جہانکشا کے رنگ اور طرز میں اپنی کتاب وصاف لکھی ہے۔
مغول۔ یافث بن نوح کے ایک لڑکے کا نام ترک ہے۔ قوم ترک اسی کی نسبت سے ترک کہلاتی ہے۔ ترک کا نام یا قرش اوغلان بھی تھا۔ اوغلان ترکی میں شہر یار جوان کو کہتے ہیں سیلول باسلیقا کو اس نے اپنا مرکز قرار دیا۔ ترک کا

کا استعمال اس کے وقت سے شروع ہوا۔ اس کے بعد اس کا بیٹا ایلنجہ خاں بادشاہ ہوا اس کے بعد اس کا بیٹا دیبا قوی خان پھر اس کا بیٹا النجہ خان بادشاہ ہوا۔ اس کے دو بیٹے مغول خان اور تاتار خان توام پیدا ہوئے۔ قوم مغل مغولخان کی اولاد ہیں۔ تاتار خان کی ساتویں پشت میں سونج خاں ہے۔ یہ ساتوں اشخاص یکے بعد دیگرے بادشاہ ہوئے سونج خاں کے بعد حکومت تاتار خانیاں تور پسر فریدون کو ملی۔ وہ نصف سلطنت النجہ خاں جو مغلخان کو ملی تھی۔ اس کا بادشاہ مغلخان کا بڑا بیٹا قراخاں ہوا۔ اُس نے ایک سال کی عمر میں اپنا نام آپ آغوز بتایا۔ ترکوں میں دستور تھا۔ کہ بچہ کا نام سال بھر کے بعد رکھا کرتے تھے۔ آغوز کے معنی ترکی میں اپنا نام آپ لانے والے کے ہیں قراخاں کے تین بھائی اور خان وکر خان و اوز خان تھے۔ قراخان نے اپنے بھائی کرخان کی لڑکی سے شادی کی۔ پھر کرخان کی لڑکی سے۔ اوز خان کی لڑکی سے آغوز نے خود شادی کی۔ اس بیوی سے آغوز محبت کرتا تھا۔ اور یہ یزدان پرست اور اس کا باپ قراخان بت پرست تھا۔ دونوں پہلی بیویوں نے آغوز کے باپ قراخان سے اپنے شوہر کی یزدان پرستی بیان کی۔ جب آغوز شکار پر تھا اُس کا باپ اس پر حملہ آور ہوا۔ اور شکست کھائی۔ اور آغوز مستقل بادشاہ ہوا۔ اور تعلیم یزدان پرستی

کرنے لگا۔ جن لوگوں نے اس کا دین نہ اختیار کیا۔
وہ خاقانِ چین کے پاس جا کر اعانت خواہ ہوئے۔
خاقانِ چین بادشاہ تاتار فوج لیکر چلا۔ اغور
خان اطلاع پاکر خود بڑھ گیا تھا۔ تاتاری بغیر
لڑے بھاگ گئے اور آغور مغل اور تاتار دونوں
کا مالک ہو گیا۔ آغور خان ترکمانان النجہ خانیہ
میں وہی مرتبہ رکھتا ہے۔ جو تورانیوں میں
افراسیاب۔

ملوک۔ جمع مَلِک۔ وہ بادشاہ جو صاحب امرو
نہی ہو۔ اور غلبہ مطلقہ رکھتا ہو۔ معاملات
ملکی میں وہ کسی کا پابند نہ ہو۔

سلاطین۔ جمع سلطان۔ جس کو دوسرے
بادشاہوں پر غلبہ اور تسلط حاصل ہو

صفحہ ۶

مبادی۔ جمع مبداء بمعنی آغاز

چنگیز خان۔ نام اصلی اس کا تموچین خاں پسر
ییسوکا خاں ہے۔

فتح بلاد۔ سے مراد علی الخصوص فتح قلعہ الموت ہے۔

اہل الحاد۔ سے مراد فرقہ اسماعیلیہ کہ اس کا قائد
اس وقت حسن بن صباح تھا۔ اسماعیلیہ شیعہ …

الحاد۔ از دین حق برگشتن۔ لامذہبی۔

تجشم۔ بروزن تفعل رنج و مشقت کشیدن۔

موکب۔ گروہ سواران یا پیادگان برائے زینت
جلوس شاہی (پروسشن) باڈی گارڈ۔

کواکب سیارہ۔ جن کی تعداد اور شمار ستاروں
کے مثل ہو۔ یعنی بیشمار۔

ہلاکو خان۔ چنگیز خان کا پوتا۔

پرورو نہم۔ میں میم مفعولی ہے۔ اور یہ شعر مدح
میں عطا ملک محمد جوینی کے ہے۔

نسخہ۔ کتاب منقول از کتاب دیگر۔ یہاں تجریداً
مطلق کتاب مقصود ہے۔

نسخ۔ نیست گردانیدن۔

مصنفات۔ بفتح نون مشدد مراد کتب۔

نسج۔ پارچہ بافتن۔ بُننا۔

ارباب نسج معانی۔ مراد مصنفین۔

جریدہ۔ دفتر۔ کتاب۔

خریدہ۔ زن شرمگین و دختر باکرہ۔

آسا۔ مانند۔ **عمل**۔ کار۔

الحاظ۔ جمع لحظ۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ یہاں
مطلق نظر مراد ہے۔

غوانی۔ جمع غانیہ زن حسین مستغنی از زینت
بوجہ حسن خود۔

منشی۔ انشا کرنیوالا۔ کاتب۔ مصنف۔

مملی۔ املا کرنیوالا۔ کاتب۔ مصنف۔

بے سخن۔ لا کلام۔

سخن۔ ذکر۔ دوسرا سخن بمعنی کلام۔ تیسرا پھر
بمعنی ذکر۔ من کا مرجع ابکار افکار ہے۔ اور
باشد۔ کا تعلق مصرع ثانی سے ہے۔

سیاقت۔ روانی و طرز و روش۔

ترسّل۔ نامہ و پیام ساختن۔ انشا پردازی۔

تلویح۔ اشارہ کردن۔ روشن و ظاہر ساختن۔

منطوق۔ سخن و کلام۔

مفہوم۔ معنی و مضمون۔

کَلِم۔ جمع کلمہ۔ صیغہ جمع کیوجہ سے کلام مراد ہے۔

سحبان۔ بن وائل مشہور فصیح و بلیغ عرب۔

حِکَم۔ جمع حکمت۔ دانش کی باتیں۔

ابداع و اختراع۔ ایجاد۔

تضمین۔ کسی دوسرے کے کلام کو اپنے کلام میں لے آنا۔ اس طرح کہ سرقہ نہ معلوم ہو۔ آیات کی تضمین کو اقتباس کہتے ہیں۔

لقمان۔ نوبہ کے رہنے والے پہلے حکیم ہیں۔ قین کے غلام تھے۔ ان کا ذکر قرآن میں بھی ہے۔ لَقد آتینا لقمان حکمۃ و من اوتی الحکمۃ فقد اوتی خیراً کثیراً۔

قس۔ بن ساعدۃ الایادی خطیب سوق عکاظ۔

بازار شکستن۔ رونق دور کر دینا۔

اشباع۔ اطناب } یہ دونوں مصطلحات
ایجاز۔ اختصار } معانی کے ہیں۔

ایحاء۔ فیضان علم از جانب اللہ بغیر بواسطہ ملائکہ۔

اعجاز۔ خرق عادت جو موید من اللہ کسی نبی سے ہو۔ لغوی معنی عاجز کر دینے کے ہیں یعنی وہ امر جس کے کرنے سے دوسرے عاجز ہوں۔

صدور۔ جمع صدر بمعنی سینہ مراد آغاز [illegible]

اعجاز۔ جمع عجز بمعنی سرین مراد اختتام [illegible]

ایہام۔ ایراد لفظ کہ معنی قریب و بعید داشتہ باشد۔ سامع ازاں معنی قریب بفہمد و مراد قائل معنی بعید باشد۔

چابک۔ چست و چالاک و خوب۔

ابی محمد خازن۔ کنیت و لقب شاعر اس کے چار شعر اس محل پر منقول ہیں جو اس انتخاب میں نہیں آئے۔ مداح ابو القاسم اسماعیل بن عباد الملقب بالصاحب۔ کیونکہ موید الدولہ بن بویہ کے پاس بچپنے سے رہتا تھا۔ پھر موید الدولہ نے اسے اپنا وزیر بنا لیا تھا۔ ابو محمد خازن چار سو صدی کے اندر کا شاعر ہے۔

بطش۔ مواخذہ بعنف و سطوت۔

سیاست۔ نظم و نسق ملک بقہر و غضب۔ پاس داشتن ملک و حکم راندن بر رعیت۔

استیلا۔ غلبہ۔ **استعلا**۔ برتری۔

یرغ۔ آئین و قانون۔ (یاسا۔ تورہ)

صفحہ ۷

شہامت۔ دلیری۔ بزرگی۔ نفاذ امر و چستی و توانائی و شادمانی۔

ساخت۔ طرز و روش۔

معہود۔ معین و مقرر۔

عطا ملک۔ جوینی صاحب تاریخ جہانگشا۔

ملک عطا۔ ملک بخشش و انعام۔

درایت۔ عقل و دانش۔ روایت کا ضد۔

ہموارہ۔ ہمیشہ و دائم۔

دیوانین۔ کتاب و کچہری۔

صدر نشین۔ وزارت و تصنیف۔

رقاب۔ جمع رقبہ۔ گردن۔

انام۔ مخلوق۔

ایلخان۔ لقب ہلاکو کیونکہ اپنے بھائی کو تخت پر بٹھایا تھا اور خود آپ اُس کی اطاعت کر لی تھی۔ ترکی میں ایل کے معنی مطیع و فرمانبردار کے ہیں اور خان کے معنی بادشاہ یعنی مطیع شاہ۔

خاقان غلام۔ جس کا غلام خاقان چین ہو۔

سایہ بان امن۔ امن کا سائبان۔

خان خاناں۔ شاہِ شاہان۔

غازان محمود۔ حالت کفر میں اس کا نام غازان تھا اور بحالت اسلام محمود اس کا نام ہوا۔

خلد اللہ سلطانہ۔ ہمیشہ رکھے اللہ اُس کے غلبہ یا حکومت کو۔

عراض۔ بکسر اوّل و در آخر ضاد معجمہ۔ جمع عُراض بضم اوّل بمعنی اطراف و جوانب و گوشہ ہا۔ و اگر در آخر صاد مہملہ باشد۔ جمع عرصہ باشد بمعنی میدان (قاموس)۔

شامل۔ ہمہ را فرا گیرندہ۔

رباع۔ جمع ربع بمعنی منزل۔

نود و اند۔ نوّے سے کچھ سال زیادہ۔ چہ اند بمعنی چند آمدہ۔

مجوسی کی جمع مجوس ہے۔ جیسے رومی کی جمع روم بمعنی آتش پرست و پرستندہ ماہ و مہر۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں کہ اس کے معنے خرگوش کے ہیں جو ایک شخص کا نام ہے۔ جس نے دین مجوس ایجاد کیا اور یہ لفظ معرّب منج گوش کا ہے۔

کنائس۔ جمع کنیس و کنیسہ مولدین کے نزدیک معبد یہود ان کو کنیس اور معبد نصاریٰ کو کنیسہ کہتے ہیں۔ معنی لغوی ہر بنا بلند۔ اس محل پر بمعنی عبادتگاہ آتش پرستان آیا ہے۔

معابد۔ جمع معبد بمعنی عبادتگاہ۔ اسم ظرف مکان۔

اصنام۔ جمع صنم بمعنی بُت۔ معبد اصنام کو ہیکل کہتے ہیں۔

اعلام۔ جمع علم۔ جھنڈا۔

دین ہدیٰ۔ مراد اسلام۔

عنان۔ ظاہری صورت آسمان جو دکھائی دیتی ہے یا علو و ارتفاع آسمان۔

طنطنہ۔ حکایت الصوت طنبور و نقارہ وغیرہ اُردو میں بھی ایسی آواز کی تعبیر ٹن ٹن سے کرتے ہیں۔ فارسی میں کر و فر کے معنی میں مستعمل ہے۔

دبدبہ۔ بائیں نقارہ کی آواز کو دبدبہ اور دہنے کی آواز کو طنطنہ کہتے ہیں۔ اسکی آواز کو اردو میں بھی دھب دھب کہتے ہیں۔ ان الفاظ سے واضح ہے کہ الفاظ حکایت الصوت سے بھی بنتے ہیں۔ فارسی میں دبدبہ بمعنی جاہ و ہیبت و بزرگی مستعمل ہے۔ مگر مجازاً کیونکہ بادشاہوں کی سواری کے ساتھ نقارے بجائے ہوتے ہیں جن سے شان و شوکت پائی جاتی ہے فارسی میں دہنے نقارہ کو زیر اور بائیں کو بم کہتے ہیں۔

مزید۔ زیادتی۔ مرتبت۔ فضیلت۔
خبایا۔ جمع خبیہ۔ پوشیدگی۔
مشرک۔ جو ایک سے زیادہ خدا کا قائل ہو۔
ملحد۔ جو قید دین سے آزاد ہو۔ اس کو ثعالبی نے
حُر بھی کہا ہے۔ کافر جو بے ایمان ہو۔ سید
شریف کہتے ہیں۔ جو وحدانیت میں گمراہ ہو۔ اور
منافق جو اظہار ایمان کرے اور اعتقاداً کافر
ہو فاسق مرتکب عصیاں و تارک احکام اللہ
و برگشتہ از راہ حق۔
مبدت۔ اسم ظرف اد گننے کی جگہ۔
موالان۔ جمع موال بطور فارسی۔ بہت مال والا۔
دولتمند۔ اس کا مترادف مُوَوِل بھی ہے۔ چونکہ
موالات کے ساتھ یہ لفظ شبہ اشتقاق رکھتی ہے۔
لہذا لفظاً تو مناسب ہے مگر معناً بجائے اس کے مُوبدان
جمع موبد بمعنی پیشوائے دین یزدان پرستان بہتر ہوگا
اصلاً مغو بدھا بمعنی سردار و دانشمند مغان۔
موالات۔ دوستی و پیوستگی با چیزے داشتن
ملت حنیفی۔ دین ابراہیمی مراد مذہب اسلام۔
اُترار۔ بضم۔ ترکستان میں ایک شہر کہ امیر کبیر صاحب
قران تیمور نے اسی شہر میں وفات پائی۔ اور بعضے
کہتے ہیں کہ فاراب مولد ابونصر فارابی کا نام ہے
یعنی فاراب و اُترار ایک ہی شہر کے نام ہیں۔
ابرار۔ جمع بر بکسر بمعنی نیکوکاران۔ اس کا واحد
بار بھی ہے۔
اشرار۔ جمع شریر۔ بداں۔

صاحب اسرار۔ دانندۂ رموز معرفت۔
مقدمہ۔ وہ مطالب جو پہلے بیان کر دیا جائے۔
تاکہ مطالب آئندہ کے سمجھنے میں آسانی ہو۔
حکایت۔ سخن نقل کردن۔
غزوات۔ جمع غزوہ و غزوہ بمعنی حملہ بر بلاد
دشمنان اور جہاد مطلق ہے پس ہر غازی مجاہد
ہے۔ مگر ہر مجاہد غازی نہیں۔ لیکن اصطلاح اہل
تاریخ اسلام میں جہاد کے معنی غیر مسلمین سے جنگ
کرنا اور غزوہ مومنین کی اُس جنگ کو کہتے ہیں۔ جو
کفار کے ساتھ ہو مگر رسول ص یا امام وقت بھی ساتھ
ہو۔ اور اگر رسول ص ساتھ نہ ہو تو سریہ کہتے ہیں۔
اجتہاد۔ جہد و کوشش کرنا۔ راہ صواب ڈھونڈنا۔
اصطلاح فقہ میں کلیات سے مسائل جزئیات کا
استنباط کرنا۔ یہاں بمعنی جہاد لایا گیا ہے۔
محمود سبکتگین۔ سلطان محمود غزنوی کے باپ
کا نام سبکتگین ہے۔ صاحب غیاث سبک بمعنی تیز
اور تگ بمعنی قدم اور یا و نون نسبت سے سبکتگین
کی ترکیب بتاتے ہیں۔ اضافت درمیان میں ابی
ہے۔ میرا خیال ہے کہ تگین ایک بادشاہ کا نام
ہے مگر بمعنی مطلق شاہ مثل قاآن و خاقان خان
مستعمل ہے چنانچہ قاآنی فرماتے ہیں ؎

اے جہاندارے کہ در کرپاس جاہت آسمان
قیصر و رائے و نجاشی و تگین و فور باد

اسی طرح الپتگین میں بھی تگین بمعنی شاہ ہے اور
الپتگین کے معنی بادشاہ دلیر کے ہیں۔

بطون - جمع بطن بمعنی شکم - مراد درمیان -
مصنفات - کتابیں -
مشحون - شحن سے مفعول کا صیغہ ہے بمعنی پر -
بارز - ظاہر و پیدا و آشکارا - حساب کتاب کی اصطلاح ہیں وہ رقم جو میزان کی بائیں طرف ہو اور داخل میزان ہو -
استیفاء - ہمہ را فراگرفتن - محاسبی - چنانچہ سر دفتر دیوان کو مستوفی کہتے ہیں (ہیڈ آڈیٹر) ممکن ہے کہ بمعنی گرینڈ ٹوٹل ہو -
بارز استیفاء - مثلاً کبھی کا کسی پر کچھ آتا ہو اور قرض دار نے بدفعات کچھ دیکر رسیدیں لکھی ہوں وقت بیباقی رسیدات سے جو رقم زیادہ نکلے اُسے بارز استیفاء کہتے ہیں - یہاں مراد تحریر کامل ہے -
حشو - زائد - بھرتی - پُرکن - میزان کے داہنے طرف کی رقم جو داخل میزان نہ ہو -
بارز استیفاء - تحریر واضح - بیان مطلق - اُوپر کے تینوں الفاظ اصطلاح محاسبی تھے -
حداثت سن - نوعمری - کم سنی -
نضارت غصن عمر - تازگی شاخ عمر -
گوئے سبقت ربودن - فضیلت پانا - چوگان بازی میں جیت جانا -
بلاد - بکسر جمع بلد بمعنی شہرہا -
عباد - بکسر جمع عبد بمعنی بندگان -
اکناف - جمع کنف بمعنی کنارہ و جانب ہا -
فراست - بسر عسنہ فہم و ادراک علامات و نشانات سے کسی شئ کی حقیقت کو معلوم کرنا -
سیاست - نظم و نسق مُلک از روئے تعزیر -

صفحہ ۸

معمور - آباد متعلق بلاد اور مسرور متعلق عباد ہے -
خرم - دراصل بلا تشدید ہے - بمعنی خوش و شاداب کیونکہ فارسی میں کوئی لفظ از روئے وضع بالتشدید نہیں - جو الفاظ فارسی میں مشدد ملتے ہیں وہ از روئے تصرف مشدد ہیں - شیخ عطار فرماتے ہیں ؎

چہ سازی سرا و چہ گوئی سرود
خرم شد بدیں خاک تیرہ فرود

شان کا مرجع خوبان ہے
الہام - وہ واردات قلبی جو بطریق فیض ہوں -
مقصر - کوتاہی کرنے والا -
فی جنب اللہ - در پیش خدا -
عبد اللہ - نام مصنف تاریخ وصاف - جن کا لقب وصاف اور تخلص شرف ہے -
فضل اللہ - مصنف کے باپ کا نام -
جعل اللہ عقباہ خیراً من اولاہ
خدا اس کے انجام کو آغاز سے بہتر کرے -
عقبیٰ - عالم آخرت و انجام کار و جزا خواہ خیر کے ساتھ ہو یا شر کے ساتھ بعض جزائے خیر ہی کو کہتے ہیں -
اولیٰ - اوّل کا صیغہ مونث مراد دُنیا -
سوانح - جمع سانحہ آنچہ بر کسے ظاہر شود -
خاطر - آنچہ در دل گذرد و بمعنی دل نیز آمدہ -

ضمیر- راز دل -

طریان- بتوالی فتحات لاحق شدن -

جواذب- جمع جاذب - کشندہ بطرف خود

جولان- گردش - حرکت ہے

نوعروس بدائع سے مراد تاریخ جہانکشا یا

حالات چنگیز خانیاں -

حُلّی - جمع حلیہ بکسر بمعنی زیور -

افضال - برتری -

حالی سے مزین و آراستہ - اسم فاعل حُلّی -

حالی - فوراً - در زمان -

تتمیم- پورا کرنا - تمام کر دینا -

حالے- حال و یائے وحدت سے مرکب ہے -

بمعنی شان و معظم امور -

خلخال- پازیب یا جھانجھ ایک زیور ہے -

خالی- عاری یہ لفظ بعد خلخالے بڑھا لو -

چگلی- بکسرتین - منسوب بہ چگل جو ایک شہر ترکستان کا ہے - جہاں کے باشندے خوبروئی اور تیر اندازی میں معروف ہیں -

بستگان- متعلقان - جمع بستہ -

قنقلی - ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے -

چگلی بستگان قنقلی نسب [illegible] سے مراد عبارت کتاب جہانکشائے جوینی ہے -

دامن در پاکشیدن - فخر و غرور کرنا - کیونکہ دامن کا نیچا ہونا علامت فخر و خیلاء ہے -

ناز - بے دماغی و بے پروائی و استغنائے معشوق -

کرشمہ- بکسرتین - اشارت چشم و ابرو - رشیدی و کشف میں بفتحتین لکھا ہے -

براعت- فصاحت و کمال و فضل و ہنر -

غنج - بفتح غین - کرشمہ و ناز - و اعتدال حرکات معشوق و حرکت چشم و ابرو -

دلال - بفتح و بکسر نیز - غمزہ و ناز -

طنز- ناز و سخریہ و طعنہ یا طیرہ بکسر بمعنی سُبکی و خجالت و عیب -

سر آستین بر چیزے افشاندن - رد و منع کردن -

رسائل - جمع رسالہ - کتابے مشتمل بر مسائل قلیلہ کہ از یک نوع باشند - علمائے کلام کتاب قواعد علمیہ کو کہتے ہیں -

اواخر- جمع آخر - بمعنی متاخرین -

اوائل - جمع اول بمعنی متقدمین -

ذیل - دامن - جمعش اذیال -

تجدید- از سر نو ساختن و نو کردن -

مذیل - دامندار -

مؤید- تائید یافتہ - یہ لفظ میرا بڑھایا ہوا ہے -

مخلد- مفعول از تخلید - جاوید و ہمیشہ -

مؤبد- مفعول از تابید - جاوید و ہمیشگی یافتہ -

حوادث - جمع حادثہ - نو پیدا -

وقائع - جمع وقیعہ - رویداد ہا و حوادث [illegible]

و اخبار کارزار ہا - چہ وقیعہ بمعنی قتل و قتال آمدہ -

انصرام - منقطع شدن چہ صرم بمعنی [illegible]

اس لئے تلوار کو ضارم کہتے ہیں۔

قانقلی۔ اس لفظ کی تشریح میں اپنے محل پہ ایک صفحہ پہلے بھول گیا۔ یہاں بے محل لکھے دیتا ہوں۔

آغوزخان یزدان پرست نے جس کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ چھیاسی سال حکومت کی اور بہت سے ایل (قبیلے) بنا دئے۔ اُن میں سے ایک ایغوری ہے۔ جسکے معنی بہم آمیختن کے ہیں۔ باپ قراخان اور بیٹے آغوزخان میں جب لڑائی ہوئی تو جو گروہ آغوزخان کا طرفدار اور شریک تھا اس کا نام اپنی نسبت سے آغوزخان نے ایغوری رکھا۔ دوسرے کا نام قانقلی رکھا۔ اس لفظ کے معنے ترکی میں گردونک (چھکڑے) کے ہیں۔ یہ وہ طائفہ ہے جس نے مال غنیمت لادنے کے لئے چھکڑا بنایا۔ تیسرے قارلیغ اس کو قارلیق بھی کہتے ہیں۔ اس لفظ کے معنے برف کے ہیں۔ اور یہ ایک جماعت کا نام ہے جو سفر زمستان میں تنگی برف اور شدت ژالہ باری کی تاب نہ لاکر کسی پناہ گاہ میں ٹھہر گئے تھے۔ حالانکہ آغوزخان نے سب ساتھیوں کو پیچھے رہ جانے سے منع کر دیا تھا۔ چوتھے خلج یا قلج جس کے معنے گرسنہ باش کے ہیں۔ یہ ایک شخص کا نام ہے۔ اس کی اولاد کا بھی یہ نام ہو گیا۔ کہتے ہیں کہ ایک سفر میں یہ شخص کیمپ سے جدا ہو گیا۔ اور راہ ہی میں اس کی زوجہ نے لڑکا جنا۔ شدت جوع سے یہ عورت راستہ نہ چل سکتی تھی۔ اس کے شوہر نے ایک سیال کو دیکھا کہ وہ چکور لئے جا رہا ہے۔ اس کے پیچھے گھوڑا دوڑا کر چکور کو چھین لیا۔ اور اُسے بھون کر زوجہ کو دیا۔ جب قوت آئی تو کیمپ سے آکر ملے۔ سپہ سالار نے اُس سے دیر میں آنے کا سبب پوچھا۔ اُس نے ماجرا بیان کیا تو سپہ سالار نے ناخوش ہو کر کہا خلج یعنی بھوکا رہ پس یہ نام اُس کا اور اُس کی اولاد کا ہو گیا۔

قبچاق۔ درخت میان تہی کو کہتے ہیں۔ لشکر کے ایک ترکمان نے لڑ کر جان دی۔ اس کی زوجہ حاملہ ساتھ تھی۔ بعد مرگ شوہر اونٹ پہ جا رہی تھی۔ دردزہ نے زور کیا۔ ایک درخت کھوکھل میں گھس گئی۔ اور وہاں لڑکا جنا۔ سپہ سالار نے اس کو اپنا لڑکا بنا لیا اور قبچاق نام رکھا۔ اُسکی اولاد قبچاق کہلاتی ہے۔

مُشعبد۔ شعبدہ باز۔ مکار۔

اِلیٰ یَومِی هٰذا۔ میرے اس زمانہ تک۔

اِلیٰ بقیۃِ عُمُرِی۔ میری باقی عمر تک۔

اِلیٰ اللهِ اُفَوِّضُ اَمرِی۔ میں اپنے معاملہ کو خدا کے سپرد کرتا ہوں۔

مروی۔ روایت کردہ شدہ۔

مرئی۔ دیدہ شدہ۔

محنّک۔ اسم فاعل از تحنیک بمعنی عاقل۔

تطلع۔ آگاہی۔ اطلاع پانا۔

مقدمہ۔ جس پر مباحث آئندہ کا انحصار ہو یا وہ قضیہ جو جزو قیاس ہو۔ یا جس پر صحت دلیل موقوف ہو۔

اُمم۔ جمع اُمت۔ گروہ۔

سالفہ ۔ گذشتہ ۔

اجرام علوی ۔ افلاک و سیارگان ۔

صفحہ ۹

عالم سفلی ۔ دُنیا ۔

مہذب ۔ اسم فاعل از تہذیب اصلاح کنندہ۔

عقل ۔ قوتیست در نفس مجرد عن المادہ کہ امتیاز حق و باطل میکند۔ و ادراک معانی کلیہ حقائق معنویہ مینماید۔ عقل کے معنے بندیر پا نہادن کے ہیں۔ چونکہ مانع ارتکاب امور ذمیمہ ہوتی ہے۔ اس لئے اسے عقل کہتے ہیں۔

مجرب ۔ اسم فاعل از تجریب و تجربہ بمعنی آزمودہ جانچ پڑتال کرنے والا ۔

نفس ۔ جوہر عقل کو باعتبار تعلق بہ بدن نفس کہتے ہیں۔ اور یہی نفس ناطقہ ہے۔ اور سید شریف تعریفات میں فرماتے ہیں کہ وہ جوہر لطیف بخاری حامل قوت حیات و حس و حرکت ارادی ہے۔

حکمت ۔ جاننا حقائق اشیاء کا بحسب قوت بشری یا دانستن آنچہ دانستنی است و کردن آنچہ کردنی است۔

اقتضا ۔ چاہنا ۔ لازم ہونا ۔

بقا بالتشخص ۔ کسی کا اپنی ذات سے باقی رہنا۔

تنسیق ۔ نظم و ترتیب ۔

مجاری ۔ جائے جریان چیزے ۔ محل وقوع

متقدم ۔ پیشین ۔ اگلے ۔

قرون ۔ مدت سی و شصت و ہشتاد و صد سال ۔ آجکل جگ اور صدی کو کہتے ہیں۔ جمع قرن ہے۔

متقادم ۔ آگے آنے والا ۔

مکانت ۔ مرتبہ

سائد ۔ سردار اسم فاعل از سیادت ۔

مسود ۔ جس پر سردار ہوں ۔ محکوم ۔ ماتحت ۔

فرق ۔ جمع فرقہ ۔ اسم جماعت متفرقہ کہ اقل آں سہ نفر باشد اور طائفہ کا اطلاق کم از کم چار پر ہوتا ہے۔

ثبت ۔ مستقل ۔

جزم ۔ محکم ۔

تعلیق ۔ علاقہ پیدا کرنا ۔ چیزے آویختن ۔

تلفیق ۔ فراہم آوردن و جمع کردن و ترتیب دادن

مبالغہ ۔ سخت کوشیدن در کارے ۔ اصرار ۔

رویت ۔ فکر و تامل ۔

طبع ۔ آنچہ مبدء حرکت باشد مطلقاً ۔ خواہ شعور باشد یا نہ یا صورۃ نوعیہ یا نفس ۔

غریزی ۔ بمعنی طبیعی ۔ چہ غریزہ بمعنی طبیعت آمدہ ۔

تعریق ۔ خوے آوردن ۔ پسینہ لانا ۔

تعریق جبیں ۔ سعی موفور کردن ۔

خواطر ۔ جمع خاطر مراد دل و ما یخطر فی القلب ۔

دفین ۔ مدفون ۔ پوشیدہ ۔

ضمائر ۔ جمع ضمیر ما اضمر فی القلب ۔ راز درونی ۔

تنمیق ۔ نوشتن ۔

ترشیق ۔ آواز کردن قلم در نوشتن ۔

مواتات ۔ از مادہ وتاء ۔ آہستگی و گرانی کردن

دررفتار یعنی موافقت وہمراہی داز ملحقات صراح)
بہتر یہ ہے کہ مواطات ہو۔ بمعنی موافقت کیونکہ
پہلی صورت میں بہ تاویل معنی چسپاں ہوتے ہیں۔
سرعت ذکا۔ بلکہ سرعت استنتاج مطالب
وسہولت استخراج نتائج از مقدمات۔ اور یہ ہفت
انواع حکمت میں سے ایک نوع حکمت ہے۔
ذکا۔ بفتح زود دریافت وزیرکی اور بضم
اوّل بمعنی آفتاب ہے۔
خطاف۔ ربایندہ وبرقے کہ چشم را خیرہ کند۔
مترادف خاطف۔ صفت برق است۔
مضایق۔ جمع مضیق راہ تنگ۔
عبور۔ گذشتن۔
تراکم۔ تہ بتہ نشستن۔
غمائم۔ بفتح۔ ابرہا۔ جمع غمام۔
غموم۔ بضم۔ جمع غم بمعنی اندوہ۔
منجلی شد۔ چھپ گیا۔
سودائی۔ دیوانہ۔
ہرزہ لا۔ بیہودہ گو۔
خستہ۔ زخمی ورنجور۔
سہام۔ جمع سہم تیر۔
کلالت۔ سستی وکاہلی۔
مارا بجز از عشق تو۔ تیرے عشق کے سوا
ہمارے پاس اور کچھ نہیں ہے۔
گوہر۔ موتی۔
اصطبار۔ صبر کرنا۔

مہرہ صبر برافشاند۔ یعنی صبر کو ترک کردیا۔
طنز۔ طعن وسخریہ وفسوس۔
خزانہ۔ بکسر اوّل گنجینہ۔ کہتے ہیں کہ خزینہ مال
خزانہ کا ہے۔ پھر یہ بھی کہتے ہیں کہ خزینہ لفظ
فارسی ہے مبدل ہرزینہ۔
خزانہ افراسیاب۔ یوں تو اکثر بادشاہوں
نے خزانے جمع کئے ہیں مگر خزانہ افراسیاب ہشت
گنج خسروی گنج روان یعنی گنج قارون۔ گنج گاواں
جمشید۔ گنج دیوار لبت وغیرہ کی طرح مشہور خزانہ
ہے۔ ایک شعر جو مجھے ملا ہے نہ معلوم کس کا ہے
اس میں گنج افراسیاب نظم ہوا ہے ؎
دگر نامور گنج افراسیاب کہ کس را نبودہ بخشکی وآب۔
بہرطور میرے پاس جو لغات ہیں۔ اُن میں گنج افراسیاب
نہیں ملا۔ ضمناً فرہنگ انجمن آرا میں یہ شعر مرقوم ہے۔
زوایا۔ جمع زاویہ بمعنی گوشہ۔
ودیعت۔ امانت۔
دُرّہ۔ مروارید بزرگ وروشن جمعش دُرَر۔
غُرَر۔ بضم اوّل وفتح را۔ جمع غرہ اول وبہتر
ہر شے اور یہ صفت دُرَر ہے لہٰذا دُرَرِ
غُرَر چاہئے۔
افاضہ۔ فیض پہنچانا۔
استنارت۔ روشنی چاہنا } مترادف المعنی۔
استنارت۔ نور چاہنا }
الظہور۔ آنچہ از ذات شئ منہی باشد۔
النور۔ آنچہ مستفاد از غیر باشد۔

الضیاء۔ اتم واکمل از نور ونور اعم ازاں است
قولہ تعالیٰ۔ جعل الشمس ضیاءً والقمر نوراً۔
بنا بر کجا است۔ کس بنا پر ہے۔

صفحہ ۱۰

صُفّہ۔ ایوان خانہ کہ بالا پوشیدہ باشد۔
ورائے۔ عقب۔ پس۔ آن سو۔
مُتخیّلہ۔ قوت خیال جو خزانہ حس مشترک ہے۔
جس طرح حافظہ وہم کا خزانہ ہے۔ وہ ایک قوت
تحفظ ہے۔ اُن صور محسوسات کی حفاظت کرتی ہے
جن کا ادراک حس مشترک کرتی ہے۔ جب کہ وہ
صورتیں حس مشترک کے سامنے سے ہٹ جائیں پھر
جب اس قوت خیال کی طرف رجوع کی جاتی ہے تو
اُن صور محفوظ کو یہ قوت پیش کر دیتی ہے۔
ابکار معانی۔ اچھوتے مضامین۔
تصویر۔ صورت بنانا۔ اس لفظ کی وجہ سے
"پردہ" متخیلہ سے پہلے لایا گیا۔ کیونکہ تصاویر اور
پتلیاں پردہ کے پیچھے سے پہلے بھی دکھاتے تھے۔
معانی۔ جمع معنی لفظ سے جو بات مقصود ہو۔
مصنف ایک لفظ مکرر از روئے معنی قریب لانا
پسند نہیں کرتے مگر یہاں یہ لفظ دو مرتبہ قریب
آگیا ہے۔
بنات ضمیر۔ مراد مضامین۔

اسرع من نکاح ام خارجہ

ام خارجہ کا نام عمرۃ بنت سعد بن عبداللہ بن
قداد بن ثعلبہ ہے۔ یہ عورت نکاح پر بہت
جلد راضی ہوجاتی تھی۔ چنانچہ مختلف قبایل کے چالیس
مردوں سے نکاح کیا اور بچے جنے۔ کسی کام کے جلدی
سے ہوجانے کے محل پر اس مثل کو بولتے ہیں۔
دستزدہ۔ مستعمل خوار و ذلیل سیلی خوردہ۔
مقابل پامال۔ مغلوب و نادم۔
خمول۔ گمنام و بے قدر ہونا۔
اختزال۔ بریدہ شدن و تنہا شدن از گروہ۔
اختذال۔ حرف چہارم ذ معجمہ باشد بمعنی
بے بہرگی و بے یاری و مددگاری است۔
خون جگر۔ مراد اشک خونی۔
کشادن۔ جاری ہونا۔ حاصل ہونا۔
استنطاق۔ سخن گفتن خواستن۔
استکبار۔ گردن کشی کردن و اعراض نمودن۔
استنکار۔ ناشناسائی و از حال نیک بسوئے
حال بد گردانیدن۔
رونمودن۔ ظاہر ہونا۔ حاصل ہونا۔
سرائر۔ جمع سریرہ۔ طبیعت و راز۔
حدیقہ۔ وہ باغ جس کے گرد چار دیواری ہو۔
کارگاہ۔ کارخانہ و صنعت گاہ۔
کارگاہ مانی۔ مراد صحیفہ نقاشی مانی۔
مانی۔ نام مصور سے مشہور۔
نقش بند۔ مصور۔
ربّانی صح زبانی
کارافتادہ۔ مصیبت زدہ۔ لاچار۔ ضرورتمند۔
تثبّت۔ قرار و استقلال۔

طیش ۔ سبکی و خفت و رفتن عقل و شدن تیر از نشانہ در مجاز آ بمعنی غصہ و بیدماغی ۔

سودا ۔ خیال ۔

دردماغ مرکب داری ۔ تیرے دماغ میں سمایا ہے ۔
سر زنش ۔ سرزنش و توبیخ اور سر کاٹ ڈالنا ۔ آخری معنی قلم پر قط لگانے کے لحاظ سے بہت خوب ہیں ۔
سخن پرداز ہم ۔ اے سخن پرداز من بیم اضافی ہے ۔
شرح دادن ۔ توضیح و تصریح کرنا ۔
نیم ۔ نیستم ۔ میں کاٹ دیتے ہوں ۔
نیم ۔ نیستم ۔ میں نہیں ہوں ۔
در آتش ساختن ۔ آگ میں جلنا اور جلنے پر راضی رہنا ۔
انگشت خائیدن ۔ دانتوں کے نیچے انگلی غصہ یا غم کی حالت میں دبانا و کنایہ از حسرت و افسوس و ندامت ۔
چوں انگشت ۔ یہ فقرہ سر قط لگانے کرنے کا تشبیہ ہے شاید انگلی سے ہے ۔ زرد ہی و جنبانیں ۔
صریر ۔ آواز ۔
نفیر ۔ فریاد و نالہ و آواز ۔
تنصیح آرا ۔ نصیحت فصیحہ شوم ۔

صفحہ ۱۱

سر نوشتہ ۔ سرزنش کردہ شدہ و گردن زدہ ۔
دم بر آوردن ۔ سانس لینا ۔ کلام کرنا ۔
دم ۔ نفس یا برائے عظمت ہے یعنی بڑے بسیار اس کی ہیبت سے پانی ہوتا چاہیئے ۔ تا برائے

ابتدا یعنی اس وقت سے ۔ اس مدت کی ابتدا سے ۔ یا پتہ یا نیم ہے ۔ جو بجائے کا فہ بیان آتا ہے ۔ جیسے سعدی سے برآں باش تا ہر چہ نیت کنی ۔ یعنی ثابت و قائم باش بر آن کہ غرض کردی ۔
خاطر زادگان حور اوش ۔ کنایہ از مضامین خوب ۔
حورا ۔ گوری عورت اور جس عورت کی آنکھ کی سپیدی بہت سپید اور سیاہی نہایت سیاہ ہو ۔ اس کی جمع عربی میں حور ہے مگر فارسی والے حور کو بجائے واحد استعمال کرتے ہیں
مُشک ۔ بضم میم و شین منقوطہ ۔ خوشبوئے مشہور کہ از غزال بری آید ۔ بعضے کہتے ہیں بحالت انفراد بکسر میم ہے اور بحالت ترکیب بضم میم ۔ جیسے مُشکبو و مُشکبیز ۔ بہرطور اس کا معرب مسک بکسر میم و بسین مہملہ ہے ۔
عنبر ۔ ایک خوشبوئے مشہور کہتے ہیں ۔ ایک شہد کی مکھی کا موم ہے ۔ آجکل کے لوگ کہتے ہیں وہیل مچھلی میں سے نکلتا ہے ۔ بوجہ سیاہی رنگ مُشک و عنبر سے سیاہی دوات مراد ہے ۔
سیاہ روئی ۔ بد اعمالی و بدبختی و سیہ کاری ۔
سپید کاری ۔ نیکی و صلح و سداد و خوش بختی ۔
بالین ۔ آنچہ در زیر سر نہند ۔ مثل تکیہ وغیرہ ۔ مرکب است از بال یعنی بازو و یا دو نون نسبت چہ وقت خواب بجائے تکیہ بازو ہم زیر سر می نہند ۔
رثاثت ۔ کہنہ و سودہ شدن ۔
ادب ۔ نگہداشت ہر چیز و فرہنگ و دانش ۔ وہ علم جس سے خلل فی الکلام سے محفوظ رہ سکیں علم ادب ہے

آٹھ اصول بتاتے ہیں۔ علم لغت۔ علم صرف۔ علم اشتقاق
علم نحو۔ علم معانی۔ علم بیان۔ علم عروض۔ علم قافیہ
اور چار علم فروع ہیں۔ علم رسم الخط۔ علم قرض الشعر
یعنی وہ علم جس سے شعر سالم اور معیوب میں تمیز کرتے
ہیں۔ علم انشاء۔ علم محاضرات یعنی علم تاریخ۔

کامل صحیح کمال۔ اتمام اصل کے بعد خوبی زائد کا
نام کمال ہے۔

ماثور۔ بمعنی منقول۔

اصمعی۔ ابو سعید عبدالملک الباہلی از اولاد عدنان۔
بڑے لغوی اور ادیب تھے۔ کتاب خلق الانسان۔ کتاب
الاجناس۔ کتاب الانواء۔ کتاب الامثال۔ کتاب النوادر
وغیرہ ان کی تصنیف سے ہیں۔ سنہ ۱۲۳ھ میں پیدا ہوئے
اور سنہ ۲۱۶ھ میں مرے۔ ہارون رشید کے زمانہ میں تھے۔

لغوی۔ لغت دان۔ منسوب بہ لغت۔

لغو۔ بیہودہ گفتن و سخن باطل۔ اور وہ چیز جو کسی
کام نہ آئے۔

ہروی۔ باشندہ ہرات۔ امامی ان کا تخلص ہے
سعدی کے ہمعصر تھے۔ نام ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر
بن عثمان المتوفی سنہ ۶۶۶ھ۔ اتابکان فارس کے شعرا
میں سر بلند تھا۔ مجد ہمگر نے اس کو سعدی پر ترجیح
دی ہے۔ چونکہ مصنف نے شعرائے فارسی سے ایک
ہی آدھ کا ذکر کیا ہے اس لئے ممکن ہے کہ ہروی سے
ابو سعد آدم بن احمد بن اسد الہروی مراد ہو۔ جو
ادیب فاضل عالم باللغۃ تھا۔ بار دوم حج سنہ ۵۲۰ھ
میں بغداد آیا۔ بغداد میں ابو منصور موہوب بن احمد
الجوالیقی سے کسی اختلاف کی وجہ سے منافرت پیدا
ہوگئی۔ زمانہ خلافۃ المقتفی لامر اللہ میں سنہ ۵۳۶ھ
میں مرا۔ (نزہۃ الالباء)۔

ہراء۔ کلام الکثیر و سخن فاسد۔ بکواس۔ اٹکل پچو۔

مطلق۔ بے قید۔ علی الاطلاق۔

جاحظ۔ ابو عثمان عمرو بن محبوب بصری۔ فصیح و
بلیغ ائمہ معتزلہ میں سے تھے ۹۶ برس کی عمر پا کر فالج ہو گیا
بڑے ظریف تھے۔ آنکھیں ابھری ہوئی تھیں۔ اس لئے
جاحظ نام ہوا۔ ایک مرتبہ [illegible]
سنہ ۲۵۵ھ میں بصرہ میں مرے۔

کسائی۔ ابو الحسن علی بن حمزہ الکسائی۔ سبعہ قراء
میں سے ایک یہ بھی ہیں۔ علم نحو اور لغت خوب جانتے
تھے۔ قراء کے استاد تھے۔ شعر نہیں جانتے تھے۔
امین بن ہارون الرشید کے بھی استاد تھے۔ زیات
کے شاگرد تھے سنہ ۱۱۹ھ میں پیدا ہوئے اور رے
میں سنہ ۱۸۹ھ میں مرے۔

گلیم بر سر چیزے پوشیدن۔ کسی چیز کو چھپا دینا
ڈھک دینا تاکہ اس کا عیب نہ ظاہر ہو۔

ترہات۔ سخنہائے باطل اور آمیز جمع ترہۃ کہ
بمعنی باطل آمدہ۔

ثمری۔ چونکہ ثمر بمعنی پتنگ ہے اس لئے آگے ذکر
کالب کیا ہے۔ نام منصور بن ثمر بن قاسط میں سے
تھے۔ کلثوم بن عمرو العتابی کا شاگرد ہے۔ جو
صحبت برامکہ میں رہا ہے۔

صدفت۔ ماشدہ۔

قلادہ ۔ جو کتے اور اونٹ کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
قلادہ تعلیم ۔ تمغائے شاگردی۔ علامت طالبعلمی۔
رؤبہ ۔ اس لفظ کی شکل روبہ بمعنی لومڑی کی ایسی ہے۔ اس لئے آگے خرگوش کا لفظ آیا ہے۔
ابو محمد رؤبۃ العجاج التمیمی السعدی ۔ فحول شعرا میں سے ہے۔ اس کے اشعار بہت مرغوب اور سادہ ہیں۔ بادیہ میں سنہ ۱۴۵ھ میں وفات پائی۔
حیص بیص ۔ بمعنی تنگی و سختی۔ حیص اجوف یائی ہے بمعنی فرار اور بیص اجوف واوی ہے بمعنی موت ۔ حیص سے مطابقت کیلئے بیص کر دیا ایسی مصیبت جس سے چھٹکارا فرار اور موت سے بھی نہ ہو ۔ نام شاعر ابو الفوارس سعد کہ شہاب الدین اس کا لقب تھا۔
کشف ۔ کشادن ۔ توضیح و تشریح ۔ ابن عباد کی ایک کتاب جس میں متنبی کے اشعار کی غلطیاں اور عیوب بتائے ہیں۔
رئی ۔ پری ۔
شدقیہ ۔ بکسر ۔ شدقین بصیغہ تثنیہ اور ضمیر سے مرکب ہے ۔ واحد شدقین شدق ہے بمعنی کنج دہن ۔ باچھ ۔ اور ضمیر کا مرجع ادب ہے۔
بملء شدقیہ ۔ بپری کنج دہن ، منہ بھر کے۔
ھلموا نحوی ۔ بیائید بجانب من۔
شق ۔ شگافتن ۔ یہاں مقصود پردہ گوش ہے۔
سمع ۔ شنیدن و گوش ۔
نداء ۔ بلند آواز سے دور کے شخص کو پکارنا۔

اخفش ۔ معنی لغوی صغیر العینین و آن ابو الخطاب عبد الحمید نحوی است ۔ انہیا ز کہو اسطے اخفش اوسط کہلاتے ہیں ۔ بڑے نحوی ہیں ۔ اور عروضی سیبویہ کے شاگرد تھے ۔ کتاب الاوسط در نحو ۔ کتاب تفسیر ۔ کتاب عروض ۔ کتاب قوافی ان کی تصنیفات ہیں ۔ سیوطی کہتے ہیں گیارہ اخفش ہوئے ہیں سنہ ۲۱۷ھ یا سنہ ۲۲۱ھ میں مرے ۔
نحاۃ ۔ جمع نحوی ۔ عالم علم نحو ۔
خفاش ۔ شپرہ ۔ چمگادڑ ۔
صورت ۔ مانند ۔
متواری ۔ چھپنے والا ۔
مازنی ۔ مولف کتاب الف لام ۔ استاد مبرد ۔ ابو عمرو بن العلاء مازنی نام کتابوں سے ان کا گھر بھرا تھا ۔ قرأت نحو و لغت میں اہل بصرہ کے امام تھے ۔ ابو عمرو خلافت منصور عباسی کے زمانہ میں سنہ ۱۵۴ھ میں مرے ۔
تعلیل ۔ تغیر و تبدل حروف علت وغیرہ کے وجوہ بیان کرنا ۔
مبرد ۔ ابو العباس محمد بن یزید الثمالی عالم نحو و عربیت تھا ۔ کتاب الکامل والروضہ وغیرہ اس کی تصنیف سے ہے ۔ صولی اور نفطویہ اس کے شاگرد ہیں ۔ ثعلب سے مناظرہ کو بہت دوست رکھتا تھا ۔
ابن جوزی کتاب الالقاب میں لکھتا ہے کہ ایک دن ایک سپاہی مبرد کو ڈھونڈتا تھا ۔ مبرد اس واقعہ کی خبر پاکر ابو حاتم سجستانی کے پاس چلا گیا ۔ ابو حاتم نے اسے ایک کمبل میں لپیٹ کر چھپا دیا ۔ جب وہ سپاہی ڈھونڈ کر

کی تعریف میں کہیں۔ ماشیٔ علیٰ قدمیہ۔ بادی البشرہ۔ مستقیم القامۃ۔ تعریف۔ اس طرح کسی چیز کا ذکر کرنا کہ اُس کی معرفت کے ساتھ کسی دوسری چیز کی بھی معرفت مستلزم ہو۔

اعراب۔ وہ حرکات جو بوجہ عامل ہوں۔

مساوی۔ بفتح۔ جمع سوء۔ برے بہا۔

مثالب۔ جمع مثلب بمعنی عیب ہا و زبونہا۔ مگر واحد مستعمل نہیں۔

لغات مختلفہ۔ وہ الفاظ جن کے عربی یا فارسی یا مذکر یا مونث ہونے میں اختلاف ہو۔

کافۃ۔ کل وہمہ۔ عربی میں بلا تنوین مستعمل نہیں۔

اُمَم۔ جمع اُمّت۔ گروہ انسان۔ اور ایک ہی نبی کے پیرو۔ ام بمعنی قصد کردن سے مشتق ہے۔

مجرد۔ تنہا۔ صرف۔ محض کے معنوں میں مستعمل ہے۔

جہل۔ بفتح۔ نادانی۔ اس کی ایک قسم بسیط ہے۔ یعنی نہ جاننا اور یہ بھی جاننا کہ ہم نہیں جانتے۔ دوسر جہل مرکب۔ نہ جاننا اور یہ نہ جاننا کہ ہم نہیں جانتے یہ مرض نفسانی تقریباً لا علاج ہے۔

صحاح۔ جمع صحیح۔ تندرست۔ پاک از عیب۔ اور جوہری کی تصنیف سے ایک لغت عربی ہے۔

اقاویل۔ جمع الجمع قول کیونکہ قول کی جمع اقوال ہے۔ قول کا استعمال اکثر کلام مفید کیلئے ہوتا ہے۔

سُقم۔ تاثیر مرض در بدن فقط۔ اگر اثر بدن اور نفس دونوں پر ہو تو مرض کہتے ہیں۔

عین۔ اصل و ذات و حقیقت شئ۔ اور بمعنی چشم یہ معنی چہرہ کے مناسب ہیں۔ اور اگر غین پڑھیں۔ تو بمعنی نقصان و زیان ہے۔ اس صورت میں غین اور نقصان کے درمیان واو عطف تفسیر کی ضرورت ہوگی

عین نقصان۔ چشم زیان۔ ذات نقصان۔

جمہرہ۔ اگر عین کی جگہ غین پڑھیں تو جمہرہ کی جگہ جمہرہ پڑھنا چاہیے۔ بمعنی تمام وکمال وکل اور ایک کتاب امثال کا بھی نام ہے۔ جو ابی ہلال عسکری کی تصنیف سے ہے معنی جملہ بلحاظ متن چشم زیان کو اُس کے جمہرہ فضائل پر فائق سمجھیں۔ یعنی اُس کے فضائل سے صرف نظر کرکے اُس کے نقصان پہنچانے کو بہتر جانیں۔ معنی بلحاظ غین و جمہرہ۔ اُس کے لئے نقصان و زیان کو اُس کے کل فضائل پر ترجیح سمجھیں حاصل یہ ہے کہ ایسا فاضل کہ جس کے مقابلہ میں بڑے بڑے فاضل کچھ نہیں۔ یہ کساد بازاری زمانہ ہے کہ اُس کو سوائے نقصان کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

فائق۔ فوقیت اور افضلیت رکھنے والا افزون وزیادہ برکسے و برگزیدہ۔

بدل۔ دو اسم بلا عطف و اضافت کہ دوسرا پہلے کا مفسر ہو۔ پہلے کو مبدل یا مبدل منہ اور دوسرے کو بدل کہتے ہیں۔ جیسے "احمد برادر شما آمدہ بود"۔ احمد مبدل منہ اور برادر شما بدل ہے۔ جو احمد کی توضیح کرتا ہے۔ اس کی چار قسمیں ہیں (۱) بدل الکل (۲) بدل البعض (۳) بدل الاشتمال (۴) بدل الغلط۔

بدل الغلط وہ ہے کہ متکلم کوئی غلط لفظ بول کر دوسرے لفظ سے اُس کی تصحیح کرے۔ جیسے

یکے روستائی سقط شد خرش ہ روستائی مبدل منہ اور
خر بدل ہے یعنی دیہاتی نہیں بلکہ اُس کا گدھا مرگیا۔
اس صورت میں مبدل منہ گویا بیکار ہوتا ہے حاصل
فقرہ یہ ہے کہ اگر اُس کا نام زبان پر کبھی آجائے تو فوراً
اس کا نام بدل کے اُس کی تصحیح کردیں۔ یعنی اُس کا کوئی
نام بھولے سے بھی نہیں لینا چاہتا۔
طرح۔ تفریق کرنا۔ نکال ڈالنا۔ یعنے جس طرح بدل
غلط میں مبدل منہ کو گویا اعتبار سے ساقط کر
دیتے ہیں۔ اسی طرح اُس کا بھی کوئی اعتبار نہیں کرتا۔
گاہ و بیگاہ۔ کبھی کبھی۔ صبح و شام۔
قناعت جمع تناوب۔ نوبت بنوبت۔
باری باری کسی کام کا ہونا۔
تجاوب۔ ایک دوسرے کو جواب دینا مراد پے درپے۔
محن۔ جمع محنت۔ رنج و غم۔
فتن۔ جمع فتنہ۔ امتحان۔ رسوائی۔ عذاب۔
دل گرم۔ وہ دل جو آتش غم سے پر ہو۔
دم سرد۔ ٹھنڈی آہیں۔

صفحہ ۱۲

دم۔ نفس۔ مراد آہ سرد۔
بادبرآہن۔ یعنی بے تاثیر۔
بہمن۔ ماہ خزاں۔ ایران میں بارش موسم سرما ہی
میں ہوتی ہے۔ اس مہینہ کا مقابل تقریباً جنوری آتا ہے
نرگس و گل شدم الخ۔ یعنی نرگس ہوں کہ بغیر آنکھ
آنکھ نہیں کھولتا۔ ظاہر ہے کہ گل نرگس بہت پہتا
سے کھلتا ہے۔ یعنی جب تک آنکھ کھلی رہتی ہے۔

روتا ہی رہتا ہوں۔ اور میں گل ہوں جس طرح منہ بند
کلی بغیر نسیم نہیں کھلتی۔ اسی طرح میرا منہ بھی بغیر
دم سرد نہیں کھلتا یعنی ہر وقت سرد آہیں کیا
کرتا ہوں۔
معنے آرا۔ مراد شاعر معنی آفرین۔
نافذ ذہن۔ جس کا ذہن خوب رسا ہو۔
ناقد۔ پرکھنے والا۔ نقد کے معنے پرکھنا۔
ارتجال۔ فی البدیہہ گفتن۔ بلا فکر کلام کرنا۔
رکوب طرد۔ معنی لغوی سوار ہونا اور ہنکانا۔
مراد شہسواری میدان بلاغت کبھی نظم یا نثر میں
کسی جزو مقدم کو مؤخر اور مؤخر کو مقدم کسی نکتہ یا
خوبی کے واسطے کردیتے ہیں اسے طرد و عکس کہتے
ہیں۔ جیسے کلامُ الملوکِ ملوکُ الکلام۔
یا عاداتُ السّاداتِ ساداتُ العادات۔
حافظ شیراز فرماتے ہیں ؂ دلبر جانان من برد دل
و جان من ٭ برد دل و جان من دلبر جانان من ٭
قریحہ۔ طبیعت۔
امرء القیس۔ ملک الضلیل صاحب قصیدہ
اوّل از سبعہ معلقات۔ نام حندج یا سلیمان۔
باپ کا نام حجر۔ آکل المرار یا انکا نام تملک بنت عمر یا بنت
فاطمہ بنت ربیعہ۔ عنیزہ اپنی چچا زاد بہن کا عاشق
اسی سے قصیدہ کی تشبیب کرتا ہے۔ منذر کے خوف
سے بھاگ کر قیصر روم سے استمداد کے لئے روم گیا۔
واپس آتے وقت کسی شہر کے پاس جو روم میں
ہے مرگیا۔ نبی صلعم سے چالیس سال پیشتر گذرا

ہے کلیب اور مہلہل شاعر کا بھائی تھا۔

قُروح - زخمی و ریش -

اسلوب - طرز و روش و نوع جمع اس اسالیب یعنی انواع و اقسام کلام -

مدح - ستایش ممدوح قبل احسان یا بعد ازاں۔ ذوی العقول و غیر ذوی العقول و ذوی حیات و غیر ذوی حیات سب کی تعریف کو مدح کہتے ہیں۔

از ہر روش و صنف - روئے از کرم و جوانمردی۔

زہیر بن سلمی الشاعر المشہور جاہلی مزنی قبیلہ کا ہے سبعہ معلقہ کا تیسرا قصیدہ اسی کا ہے اس میں اس نے ہرم بن سنان بن حارثہ اور حارث بن عوف بن ابی حارثہ کی مدح کی ہے۔ ابو تمام حماسہ میں اس کے شعر لایا ہے۔ کعب بن زہیر مصنف قصیدہ بانت سعاد اور بجیر اس کے دونوں بیٹے صحابی تھے۔ حولیات اس کے مشہور ہیں۔

لطائف - جمع لطیفہ نازک و نیز لطف کلام تمام کے لطائف اور بحتری کے مدائح مشہور ہیں۔

اعتذارات - شاعر نابغہ عذر میں جو اشعار کہتا ہے خوب لکھتا ہے۔

عذارا ابکار - اچھوتی کنواری جس نے شادی نہ کی [illegible] کی صفت ہے۔ مراد مضامین نو جو پیدا کرنے والی۔

نابغہ - زیاد بن معاویہ کا لقب ہے قبیلہ ذبیان میں بغیض بن ریث بن غطفان سے تھا۔ ابتدا نعمان کے باپ منذر اور اس کے دادا کے پاس رہا متوسل ہو کر نے جب اس کی چغلی کھائی تو یہاں سے چلا گیا۔ اور عمرو بن الحرث الاصغر جو ابی شمر الغسانی کا پوتا تھا۔ اور اس کے بھائی نعمان کی مدح کرتا رہا۔ جب نعمان ابن منذر کو معلوم ہوا کہ وہ تہمت غیر واقعی تھی۔ تو نابغہ کو بلا لیا۔ پھر اس نے اپنے عذر والے قصائد نعمان کو سنائے چنانچہ اعتذارات نابغہ مشہور ہیں۔ حسان بن ثابت اسکی کامیاب شاعری پر رشک کیا کرتے تھے۔ نابغ اس شاعر کو کہتے ہیں جو شاعری ترک کر کے دوبارہ جب کہے تو پہلے سے بہتر کہے ایک نابغہ جعدی بھی شاعر ہیں جو صحابی بھی تھے۔

عقدہ - بضم گرہ۔

تعذر - دشوار شدن کار۔

خمور - جمع خمر اسم جامع شراب کا ہے۔ اور دیگر اسمائے شراب اسمائے صفتی ہیں۔ ابو نواس کے اشعار وصف شراب میں مشہور ہے۔

اعشی - میمون بن قیس بن جندل بن شراحیل وائلی اس کی کنیت ابو بصیر ہے۔ اور عرب اس کو صناجۃ العرب کہتے ہیں۔ بڑا عابد زاہد عیسائی تھا حسان بن عمرو بن مرثد بکری کی [illegible] کے ہمراہ اس [illegible] کرتا ہے۔ یونس نحوی نے [illegible] امراء القیس غصہ اور نابغہ خوف۔ اور زہیر رغبت اور اعشی مستی کی حالت میں بڑے کہنے والے ہیں بارادہ قبول اسلام نجد سے [illegible] جا رہا تھا۔ ابو سفیان راستہ میں اس سے ملے اور کہا نبی شراب سے منع کرتے ہیں

یہ سُنکر کہا شراب تو مجھ سے نہ چھوٹیگی۔ یہ کہکر واپس
ہوا اور راستہ میں اونٹنی سے گر کر مرگیا۔

مُغشی۔ اسم فاعل۔ بیہوشی لانیوالا۔

عَرض۔ پیش کردن۔

سلاست۔ روانی عبارت۔

طراوۃ۔ تازگی و نمی۔

لبید۔ بنی ربیعہ عامری جعفری قبیلہ سے ہیں اور
شاعر مخضرمی ہیں۔ چوتھا قصیدہ سبعہ معلقہ کا انہیں
کا ہے۔ لیلا بنت عبد اللہ مری سے تشبیب کرتے ہیں۔
ربیعہ زیاد عبسی نے اپنا جرات کا حال جو نعمان بن
منذر لخمی کے سامنے ہوئے تھے ان کا اس قصیدہ
میں ذکر کیا ہے۔ لبید کے معنی جوالق کے ہیں۔ جاہلیت
میں زید بن خطاب کو قتل کیا تھا۔ جناب پیغمبر صلعم کے
سامنے اسلام لائے۔ خلافت ثالثہ میں ایک سو ستاون
برس کی عمر سے زیادہ ہو کر مرے۔ ابوتمام حماسہ میں
ان کے اشعار لایا ہے۔

بلید۔ کند ذہن۔

جریر۔ ابو حزرہ بن عطیہ بن حذیفہ خطفی۔ شعرائے
اسلام میں بڑا نامور شاعر ہے۔ فرزدق سے بڑے
معارضے ہے۔ ایک دوسرے کی ہجو کرتے تھے۔ اسلام
کے بعد جریر فرزدق اور اخطل سا کوئی شاعر نہیں ہوا
جب یہ ماں کے پیٹ میں تھا اُس کی ماں نے خواب میں
دیکھا کہ اون کا رسّا جنا جو ہر ایک کے گلے میں پڑتا
ہے اور گلا گھونٹ دیتا ہے۔ لوگوں نے تعبیر دی کہ
تیرے پیٹ سے شاعر ہاجی اور شریر پیدا ہوگا۔

جریر کے معنے رسّے کے ہیں۔ اسی سے جریر لقب ہوا۔
سنہ ۱۱۰ھ میں اسی برس کی عمر پاکر مرا۔ اسی سال
اس سے پہلے فرزدق کی وفات ہوئی ہے۔

جُرب۔ جرب مخفف گرگ بمعنی مکار۔ کیونکہ
بھیڑیا گدھا کو سفیدہ جو آکر ان پر مل جاتا ہے۔
تاکہ بیماری اور پھوڑوں کا خون خوف سے خشک ہو
جائے۔ پھر ایک کو دبا لیتا ہے۔ یہ فعل اس کا مکر پر
دال ہے۔

فرزدق۔ ابوفراس ہمام بن غالب بن صعصعہ
تمیمی شاعر مشہور و معروف ہے۔ فرزدق کے معنے زشت
و ترش رو اور وہ روٹی جو تنور میں گر کر جل جائے۔ اس
کا باپ غالب اپنی قوم کا سردار تھا۔ اس کا دادا
صعصعہ پہلے ایمان لایا ہے۔ ہشام بن عبدالملک
خلیفہ اموی کو بوجہ ہجوم استلام کا موقع نہ ملتا تھا۔
اور ایک طرف مع ارکین کھڑا تھا۔ اتنے میں امام زین العابدین
تشریف لائے لوگ ہٹ گئے اور بفراغت رسم استلام
ادا کی۔ تب ہشام نے تجاہلاً لوگوں سے پوچھا یہ کون ہیں
فرزدق وہاں موجود تھا۔ فی البدیہہ امام کی تعریف
میں قصیدہ کہا جو بہت مشہور ہے۔ امام نے بارہ ہزار
درہم انعام دیئے اور ہشام نے اُسے قید کر دیا۔ فرزدق
نے انعام نہ لیا۔ جریر کے چالیس دن بعد سنہ ۱۱۰ھ میں
وفات پائی۔

فراقد۔ جمع۔ اُوپر۔

دق۔ کوفتن۔ مراد ذلت و خواری۔

تعییر۔ سرزنش کردن۔

سَمَر۔ افسانہ و قصۂ شب۔
سمرہ۔ ان کے حالات مجھے نہ ملے۔ سمرہ بن جندب ایک صحابی ہیں جن کے کچھ اشعار رجز ملتے ہیں۔ کوئی شاعر نامی کی حیثیت سے باوجود تلاش بھی مجھے کوئی شخص نہ ملا۔
تقریع۔ سرزنش و ملامت۔
بُحتری۔ ابوعبادہ کنیت اور ولید نام ہے۔ قبیلہ طی میں سے تھا۔ عرب کا مشہور شاعر ہے۔ ۲۰۶ھ میں پیدا ہوا۔ خلیفۃ المستعین باللہ کے زمانہ میں تریسٹھ برس کی عمر پاکر بغداد میں فوت ہوا۔ ایک عربی قصائد کا دیوان موسومہ حماسہ علاوہ حماسہ مشہور اسکی یادگار مشہور ہے۔
معرّی۔ ابوالعلا احمد بن عبداللہ بن سلیمان معرّی تنوخی فنون ادب میں کامل تھا۔ رسائل دیوان۔ سقط الزند۔ وضوء السقط۔ کتاب الایک والغصون۔ لامع العزیزی۔ ذکر حبیب عبث الولید وغیرہ اس کی تصنیفات سے ہیں معرہ میں ۳۶۳ھ میں پیدا ہوا۔ اور ۳۶۷ھ میں چیچک سے اندھا ہوگیا۔ پہلی مرتبہ وہ بغداد میں ۳۹۸ھ میں دوبارہ ۳۹۹ھ میں آیا۔ بروز جمعہ ۳ ربیع الاول ۴۴۹ھ میں معرہ میں مرا۔ ابوالقاسم علی بن المحسن تنوخی اور خطیب ابوزکریا تبریزی اس کے شاگرد ہیں۔
مُعَرّی۔ برہنہ و خالی۔
مُعِزّی۔ امیر معزی محمد بن عبدالملک نام ہے۔ نیشاپور کے رہنے والے ہیں۔ آل سلجوق کے دربار میں ان کو وہی مرتبہ حاصل ہے۔ جو رودکی کو سامانیوں میں اور عنصری کو محمود کے دربار میں۔ پہلا قدردان اُن کا ملک شاہ سلجوقی تھا۔ اور دوسرا معزالدین سنجر۔ جس نے ملک الشعرائی کا خطاب دیا۔ اور اپنے نام پر تخلص کو منسوب کرنے کی اجازت دی ۵۴۳ھ میں انتقال کیا۔ ہدایت شیرازی فرماتے ہیں کہ غزل میں رنگ فرخی کا ہے اور مدح میں عنصری کا۔
موات۔ بضم مرگ۔
ابیات۔ اشعار۔
مُعَزّی۔ تعزیت کردہ شدہ۔
ابن اسماء۔ مجھے ان کے حالات نہ ملے۔
اسم بلا جسم۔ معدوم و لاشی۔
کُثَیِّر۔ کثیر کی تصغیر ہے۔ نہایت کوتاہ قامت تھا۔ بعض کہتے ہیں۔ تین بالشت کا قد تھا۔ اس لئے بصیغہ تصغیر نام رکھا۔ ابوصخر بن عبدالرحمٰن خزرجی نام ہے۔ عرب کے مشہور شاعروں اور عاشقوں میں سے ہے۔ عزہ کے ساتھ عشق اس درجہ کیا کہ ضرب المثل ہوگیا۔ چھوٹے قد ہونے کی وجہ سے حارث الذباب بھی اس کا لقب ہو گیا تھا۔ خلیفہ عبدالعزیز کے پاس آیا جایا کرتا تھا ایک مرتبہ عزہ سے ملنے چلا۔ راستہ میں عزہ کو دفن کرکے واپس آنے والے مل گئے۔ خبر مرگ پاکر اُس کی قبر پر جاکے شعر پڑھے ۱۰۵ھ میں اس نے

وفات پائی ۔ شیعی المذہب تھا ۔

دم دربستن ۔ خاموش کردن ۔

معاندت ۔ از عناد ۔ دشمنی

معاونت ۔ از عون مدد و یاری ۔

تذکرہ ۔ یادگاری ۔

ابن المقرب ۔ مجھے ان کے حالات نہ ملے ۔
مگر مولانا محمد شفیع صاحب وائس پرنسپل اورنٹیل کالج
لاہور نے ان کی بابت چند سطریں عطا فرمائیں ہیں ۔

امیر جلال الدین ابو منصور بن عبداللہ المقرب
الابراہیمی العیونی چھٹی صدی کے نصف اول میں
احساء میں رہتا تھا ۔ یاقوت نے ۶۱۷ھ میں وصل
میں اس سے ملاقات کی ۔

بیداد ۔ ظلم ۔

غدّار ۔ بیوفا ۔

بے بنیاد ۔ مراد ناپائدار ۔

مکرمات ۔ جمع مکرمت ۔ بزرگی و شرف و نوازش ۔

خراب ۔ ویران ۔

مردمی ۔ سخاوت و جوانمردی ۔

آب ۔ رونق ۔

تفتہ ۔ گرم ۔

صفحہ ۱۳

طبطاب ۔ بہر دو طائے معجمہ ۔ دردمندی و
عجیب بہر دو طائے مہملہ ۔ اس محل پر بے معنی ہے ۔

ذکور ۔ بفتح ذال معجمہ ۔ یاد کرنیوالا ۔

عنا ۔ رنج و مشقت ۔

منزجر ۔ تنگدل و آزردہ ۔

عقاب ۔ بکسر شکنجہ و عذاب ۔

ثواب ۔ مزد و صلۂ عمل نیک ضد عذاب ۔

باش ۔ مصرع ثانی سے متعلق ہے ۔ یعنی گاہے از
نالہ رباب باش ۔ وگاہے از اشک شراب باش ۔

رباب ۔ ستار کی طرح ایک باجہ ۔ جس پر سندریاں
نہیں ہوتی ہیں ۔

نیکوان ۔ حسیناں ۔

مشوش ۔ پریشان و آشفتہ ۔ چہرہ پر ادھر اُدھر
کہیں بکھرے ہوئے دانہ کی طرح ہوتا ہے ۔ اس
لئے خال کی صفت میں مشوش لاتے ہیں ۔

تاب ۔ پیچ و غم ۔ محنت و مشقت ۔

بخشایندہ ۔ رحم کنندہ ۔ ظاہر ہے کہ جس پر دشمن بھی
رحم کرے ۔ اس کی حالت کیسی زار ہوگی ۔

محور ۔ بکسر میم ۔ گراری کی لکڑی ۔ جس پر گراری گھومتی
ہے ۔ وہ خط جو قطبین کو ملائے ۔

اقطاب ۔ جمع قطب ۔ بہر سہ حرکت ۔ میخے کہ
بر آن آسیا یا کرہ میگردد ۔ کیلی ۔

مستطرف ۔ بکسر را اسم فاعل از باب استفعال
یا بصیغہ مفعول از مادہ طرف بفتحتین بمعنی اطراف
کا گھیرنیوالا یا از مادہ طرف بکسر بمعنی طرفہ و نو
و نادر ۔ اصمعی کہتے ہیں استطرفت الناقۃ ۔ اے
چرید شتر مادہ اطراف چراگاہ را ۔ اسی سے معنے
اوّل مشتق ہیں ۔

افانین ۔ جمع افنان و آں جمع فنن بمعنی شاخہا

کتابت۔ تحریر۔

صابی۔ ابواسحاق بن ہلال بن ابراہیم بن زہرون بن حیون حرانی مصنف رسائل باشندہ حران عراق صابی المذہب تھا۔ بغداد میں خلیفہ اور عزالدولہ کی طرف سے افسر دارالانشا تھا۔ عضدالدولہ نے اس سے تاریخ دولت دیلمیہ لکھوائی جس کا نام کتاب التاجی ہے۔ اپنے محسن نام غلام پر عاشق تھا۔ سنہ ۳۲۰ھ میں پیدا ہوا اور ۳۸۴ھ میں مرا۔ بغداد کے قبرستان شونیزی میں دفن ہے۔

ضبی۔ صاحب مفضلیات۔ ابوعبدالرحمن المفضل بن احمد الضبی۔ ثقہ اکابر کوفیین میں سے ہے۔ ابوزید انصاری اس کے شاگرد ہیں۔ کتاب الامثال کتاب المعانی الشعر۔ کتاب العروض اسکے مصنفات ہیں۔ اصمعی سے مناظرات رہتے تھے۔ مہدی کے لئے اس کے ۱۲۸ قصیدوں کو جمع کر کے مفضلیات نام رکھا سنہ ۱۳۵ھ میں پیدا ہوا۔ اور سنہ ۱۷۰ھ میں وفات پائی۔

صبی۔ طفل و کودک۔ بچہ۔

تاسیس۔ استوار کردن و بنیاد نہادن۔ ایسے الفاظ لانا کہ معنوں میں اضافہ ہو۔ بخلاف تاکید کہ جس میں الفاظ مترادف المعنی ہوتے ہیں۔

بستی۔ منسوب بہ شہر بست کہ ولایتے از خراسان است۔ مراد ازاں ابوالفتح کہ وزیر سلطان محمود بود کہ شعر عربی میگفت و در قوافی اشعار تجنیس صرف میکرد۔ در سنہ ۴۰۱ھ مرد۔

تجنیس بستی سے لفظ بستی بمعنی تشبیہ مراد ہے۔ اس تجنیس کو تصحیف یا تجنیس خطی کہتے ہیں۔

سغبہ۔ بضم وقیل بفتح بمعنی فریفتہ وشوار۔

ملح۔ بضم اول و فتح لام۔ سخنہائے خوش و نمکین جمع ملحہ۔

نوادر۔ جمع نادر۔ کمیاب۔

ابوسعید رستمی۔ ابوسعید محمد بن محمد رستم رستمی۔ اصفہان کا رہنے والا۔ اور ابتدا میں معماران اصفہان سے تھا۔ اپنے زمانہ میں اول درجہ کا شاعر تھا۔ صاحب بن عباد اسکی بڑی قدر و منزلت کرتا تھا۔ ابن عباد کہتا تھا کہ رستمی کے برابر اس زمانہ میں کوئی شاعر نہیں۔ صاحب ابوالقاسم اسماعیل بن ابی الحسن عباد جب سنہ ۳۸۵ھ میں مرا تو اس نے اس کا مرثیہ کہا اور آخر عمر میں شعر گوئی ترک کر دی۔

نوا۔ آواز۔

درہم۔ فوراً۔

نوا شکستن۔ آواز توڑ دینا۔ شہرت دور کر دینا ساکت و صامت بنا دینا۔ مصنف تجنیس مرفو و خطی و مشوش بہت صرف کرتے ہیں۔ چنانچہ نوادر اور نوا و درہم میں تجنیس مشوش ہے۔ یعنی مقاطع و مفاصل سے قطع و برید کر کے دو لفظوں میں تجنیس پیدا کرنا۔ جیسے ہندوستان اور کہن دوستان میں تجنیس مشوش ہے۔ کہن دوستان میں سے کاف کو دور کر دیا جائے تو ہند وستان کی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔

القاء۔ افگندن و پیش کردن۔

مُہلّبی۔ الحسن بن محمد بن ہارون بن ابراہیم بن
عبداللہ بن یزید بن حاتم بن قبیصہ بن المہلب
بن ابی صفرۃ الازدی۔ معز الدولہ ابی الحسین
احمد بن بویہ الدیلمی کا وزیر تھا۔ ۳۳۹ھ میں
وزارت پائی۔ ۲۹۱ھ میں بصرہ میں پیدا ہوا
اور ۳۵۲ھ میں واسط کے راستہ میں مرا۔ بغداد میں
لاش لائی گئی۔ مقابر قریش کے مقبرہ نوبختیہ
میں دفن کیا گیا۔

رویّت۔ فکر و تامل کردن۔

قابوس۔ الامیر شمس المعالی ابو الحسن قابوس بن
ابی طاہر وشمگیر بن زیار شاہ جیلی۔ امیر جرجان و بلاد
الجبل و طبرستان بہت اعلےٰ خوشنویس تھا بعض کہتے ہیں
کو قتل کیا گیا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جب اسے قلعہ میں قید کیا
تو اوڑھنے اور پہننے کو نہ دیا۔ اس لئے سردی سے مر گیا۔
۴۰۳ھ میں مرا۔ جرجان میں دفن ہے جیل جرف دوم
بائے موحدہ۔ دیلم کے بھائی کا نام ہے۔ جیلی اسی
کی طرف منسوب ہے۔

ملاقی۔ ملاقات کرنے والا۔ ملنے والا۔

بوئس۔ عذاب و سختی۔

حذف۔ انداختن و دور کردن حرفے از کلمہ۔
معناً بہتر است کہ حذق بکسر اول و دو آخر قاف
باشد۔ بمعنی زیرکی و استادی و فصاحت بالہجہ
خوب۔ اگرچہ لفظ ساقط کے ساتھ لفظاً حذف
ہی مناسب ہے۔

واصل ابن عطا۔ ابو حذیفۃ المعتزلی المعروف
بالغزال غلام بنی ضبہ یا بنی مخزوم۔ بڑا متکلم تھا۔
رے کی جگہ غین بولتا تھا۔ اور طویل العنق تھا۔ بشار
بن برد شاعر سے منافست اور احقاد تھی ۸۰ھ
میں مدینہ میں پیدا ہوا اور ۱۸۱ھ میں مرا۔

الفِ وصل و نون تنوین۔ اکثر عبارت میں
گر جاتے ہیں۔ یا پڑھے نہیں جاتے۔

معرض۔ محل پیش کردن۔

عوارض۔ جمع عارض۔ لاحق شوندہ۔ زحافات
سوالم کے لئے عوارض ہیں۔ گویا سوالم جدا ہیں۔
اور زحافات عرض۔

عروض۔ بفتح اول علم میزان شعر مکہ کا نام عروض
بھی ہے۔ چونکہ خلیل ابن احمد نے اس علم کو مکہ میں
ایجاد کیا۔ اس لئے تیمناً اس علم کا نام مکہ کے نام
پر رکھا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ عروض بمعنی معروض
ہے۔ اور یہ علم بھی معروض علیہ شعر ہے۔

خلیل۔ عبدالرحمٰن خلیل بن احمد البصری الفرہودی
الیحمدی۔ بڑے ادیب و نحوی و عروضی تھے۔ چونکہ
یہ ایقاع و نغم کے بھی جاننے والے تھے۔ اس لئے
ایک دن جب ان کا گذر ٹھٹھیروں کے بازار میں ہوا
تو کوٹنے پیٹنے کی آواز سے انہیں خیال تقطیع شعر
کا پیدا ہوا۔ اور علم عروض ایجاد کیا۔ پانچ دائروں
سے پندرہ بحریں استخراج کیں۔ سولہویں
بحر متدارک کے مستخرج ابو الحسن اخفش ہیں۔
اس بحر کا نام خبب اور غریب بھی ہے۔ بقول ابن
عماد خلیل سن ایک ہجری میں بروز یکشنبہ پیدا ہوئے

اوران کی تاریخ ولادت یومرالاحد سنہ ہجری ہے۔ اورایک سو ستر میں وفات پائی۔ لیل یومرالاحد سے تاریخ وفات نکلتی ہے۔

توغل - بروزن تفعل۔ مضی وضعی دور ورشدن درآمدن ورفتن۔ بمعنی درکارے بمرتبہ کمال رسیدن دمشق کامل داشتن۔

کامل - اتمام پر زیادتی رکھنے والا۔ اور سولہ بحروں میں سے ایک بحر کا نام جس کا وزن متفاعلن آٹھ بار ہے۔

تعمق - بروزن تفعل۔ غور کردن و بکنہ چیزے رسیدن۔

وافر - تمام بسیار و نام بحر جس کا وزن متفاعلن آٹھ بار ہے۔

توجیہ - شرح وقدر دادن و نیک بیان کردن و سبب آوردن۔ اور علم قافیہ میں حرکت ماقبل روی ساکن کو کہتے ہیں۔ فن بدیع میں ایک صنعت بھی ہے جس کو محتمل الضدین بھی کہتے ہیں۔ کلام میں دو مختلف وجہوں کا احتمال ہونا۔

زہر محض است عیش شیر ہم بخون صرف است بادۂ نابم یعنی بادۂ ناب خون خالص ہے یا خون خالص بادۂ ناب ہے۔

اشباع - سیر گردانیدن۔ حرکات ثلاثہ کو اتنا سیر پڑھنا کہ اُن کے موافق ایک حرف علت پیدا ہو جائے جیسے اچار سے آچار وغیرہ۔ علم قافیہ میں حرکت حرف دخیل کو کہتے ہیں۔

دخیل - جس میں دخل دے سکیں۔ یعنے اُس پر اعتراض کر سکیں۔ علم قافیہ میں وہ حرف متحرک جو درمیان روی والف تاسیس متحرک آتا ہے۔

یوسف - علم عروض فارسی میں یہ مرتبہ خلیل کا رکھتے ہیں۔

صدر - بالا۔ ضد صف نعال (پائیں) بزم میں مقام اعلےٰ۔ علم عروض میں مصرع اول کا رکن اول۔

صدرنشین - عالی مرتبت۔

رستہ - بازار۔ صف وقطار۔

عروضی - عالم علم عروض۔

موقف - محل وقوف وقیام۔

عجز - بہر سہ حرکت۔ ناتوانی ودرماندگی۔ اور علم عروض میں رکن آخر مصرع ثانی کو کہتے ہیں۔ اُس کا دوسرا نام ضرب بھی ہے۔

بازشناختن - تمیز کرنا۔

تقطیع - پارہ پارہ کرنا۔ الفاظ شعر کو اوزان بحور سے اس طرح برابر کرنا کہ متحرک کے برابر متحرک اور ساکن کے برابر ساکن ہو جائے۔

افاعیل - جمع افعال وآں جمع فعل است۔ چونکہ ارکان بحور کی ترکیب ف ع ل یا اُس کے مشتقات سے ہے۔ اس لئے ارکان بحور سالم کو افاعیل و اصول وارکان وتفاعیل وغیرہ کہتے ہیں۔ اور افاعیل سالم دس ہیں۔

دہشت - حیرت وسراسیمگی۔

مقطوع - سے مراد مقطوع الحواس حواس باختہ اور جس رکن میں زحاف قطع ہو۔

فاعلاتن - بسکون تا فاعلاتن کا مقصور ہے۔

رمل - بفتحتین - دوڑنا - بوجہ روانی بحر کا یہ نام ہے
اس کے ارکان آٹھ بار فاعلاتن ہیں - خلیل کہتے ہیں -
رمل بفتح را و سکون میم کے معنی چٹائی بنا - چونکہ ترکیب
فاعلاتن دو سبب خفیف کے درمیان وتد مجموع
سے ہے - گویا چٹائی کی طرح بنا ہوا ہے - یا رمل
ایک راگ ہے - جو اس بحر میں خوب گایا جا سکتا
ہے -

مفاعیل - بسکون لام رکن مفاعیلن کا مقصور ہے -

ہزج - آواز با ترنم کو کہتے ہیں - بحر ہزج کو
ہزج اس کی خوبی و حسن کی وجہ سے کہتے ہیں - آٹھ
بار مفاعیلن سے ہزج کی ترکیب ہے -

روی - حرف اصلی قافیہ جس پر مدار قافیہ ہوتا ہے
وہ اکثر بیت کے آخر میں ہوتا ہے - کہتے ہیں کہ روا
سے مشتق ہے - جس کے معنی اس رسن کے ہیں جس
سے بار شتر باندھتے ہیں - چونکہ بنائے شعر قافیہ پر
اور بنائے قافیہ حرف روی پر ہوتی ہے - اس لئے
اسے روی کہتے ہیں - گویا شعر روی سے وابستہ
ہوتا ہے -

قید - بند - علم قافیہ میں وہ حرف ساکن غیر حروف
علت جو بے فاصلہ قبل روی ہو اور قید سے پہلے ایک
حرف متحرک ہو - اور اگر روی سے پہلے دو ساکن
ہوں تو ساکن اول ردف ہو گا اور ساکن دوم کو محقق
علیہ الرحمۃ روی مضاعف فرماتے ہیں -

محنت ایام - رنج و تکلیف زمانہ -

مقید - وہ قافیہ جس میں علاوہ روی حرف قید -

بھی ہو - بمعنی لغوی بستہ -

رکن - دس افاعیل سوالم - جنسے بحور سوالم مرکب ہیں
معنی لغوی ستون جس پر قیام کسی شے کا ہو - و قوی
تر چیز سے -

زحاف - بکسر جمع زحف - معنی لغوی قریب کے
ہیں - یعنی نزدیک ہونا - اور اصطلاح عروض میں
دور ہو جانا رکن کا اپنی اصل سے -

ضیم - بفتح کسی کے حق میں کمی کر دینا - ظلم و ستم کرنا -

اجحاف - نقصان کردن - و کار بر کسے تنگ کردن
و بردن چیزے - اور علم عروض میں زحاف جحف لانا -
یعنی رکن فاعلاتن سے پہلے بذریعہ حذف سبب
خفیف آخر سے اور پھر وتد کا ساقط کر دینا بذریعہ
زحاف حذذ -

سفساف - تباہ و ناکارہ و بیہودہ گو و ناکارہ و فاسق
و بدکار و فحاش و خوشامد گو - حقیر و ردی -

سالم - بری از آفت و عیب - وہ رکن جو اپنی
اصلی صورت پر ہو - اور اس میں کوئی تغیر بوجہ
زحاف نہ ہوا ہو -

غیر سالم - آفت رسیدہ و معیوب - جس میں
تغیر بوجہ زحاف ہوا ہو -

متکلم - علم کلام کا جاننے والا - اور مطلق بولنے
والا - اور علم کلام وہ علم ہے جس میں مسائل نقلیہ
کو بدلائل عقلیہ ثابت کرتے ہیں -

نظم - موتیوں کا لڑی میں پرونا -

نقاصیر - جمع تقصار و تقصیر بمعنی گردن بند -

قلادہ وہار ۔

اُصول ۔ جمع اصل ۔ جس پر بنا دوسری چیزوں کی ہو ۔ اور وہ مبنی کسی پر نہ ہو ۔ یا وہ امور جو بذات خود ثابت ہوں اور دوسری چیزوں کے محتاج الیہ ہوں ۔ نیز وہ علم جس میں ہر چہار اُصول فقہ سے بحث کریں ۔ جنہیں ادلہ شرعیہ کہتے ہیں اور وہ چار اصول فقہ یہ ہیں (۱) کتاب یعنی قرآن (۲) سنت یعنی حدیث (۳) اجماع امت (۴) قیاس ۔

اصول کلام ۔ علم کلام کے اُصول پانچ ہیں ۔ (۱) وحدانیت ۔ (۲) عدالت ۔ (۳) نبوت ۔ (۴) امامت ۔ (۵) معاد ۔ جن کا بیان قواعد شرعیہ اعتقادیہ مکتسبہ از ادلہ عقلیہ سے کیا جاتا ہے ۔

حاصل ۔ بقیہ و لُبِّ چیزے ۔

محصول ۔ آمادہ و مہیا کردہ شدہ ۔ باج و خراج ۔

حاصل محصول ۔ حاصل کرنے والا حاصل شدہ کا ۔ علم نحو کا ایک مسئلہ جس کا بیان شرح شرح جامی میں ہے ۔ نام کتاب مصنفہ بو علی سینا در بست جلد بنام ابو بکر برقی خوارزمی فقیہ ۔

تحصیل حاصل ۔ جو چیز کہ حاصل ہو ۔ اس کا حاصل کرنا ۔ یہ امر یا محال ہے یا عبث و مہمل ۔

محال ۔ جس کا وجود فی الخارج ممتنع ہو ۔ جیسے اجتماع حرکت و سکون جزو واحد میں ۔

مشرع ۔ راہ ۔ اسم ظرف از شرع بمعنی راہ کشادن

شروع ۔ بکار سے در شدن و مستعمل بمعنی آغاز و ابتدا ۔

شرع ۔ راہ پیدا کردن ۔ خدا تعالیٰ بر بندگان در بندگی ۔ و بمعنی مذہب و دین ۔

نعمان ۔ امام اعظم ابو حنیفہ کنیت ۔ نعمان نام ہے ۔ والد کا نام ثابت اور دادا کا نام زوطی بن ماہ تھا ۔ جو عجمی النسل تھے ۔ حضرت علی کے زمانہ میں مسلمان ہوئے ۔ سنہ ۸۰ھ میں ابو حنیفہ پیدا ہوئے ۔ علم فقہ کوفہ میں حماد سے پڑھا ۔ مکہ میں عطا بن رباح سے حدیث پڑھی ۔ مدینہ میں امام محمد باقر سے بھی تعلیم پائی ۔ منصور عباسی نے انہیں قاضی بنایا ۔ ان کی مرجعیت سے خوفزدہ ہو کر خلیفہ نے انہیں زہر دلوا دیا ۔ ماہ رجب سنہ ۱۵۰ھ میں انتقال ہوا ۔ خیزران کے مقبرہ میں دفن ہیں ۔

خوان ۔ دستار خوان جس پر طعام ہو یا نہ ہو ۔ مائدہ وہ جس پر طعام ہو ۔

نعماء ۔ بفتح اول و سکون دوم بمعنی نعمت و آں اسم جنس است نہ صیغہ جمع ۔

نوالہ ۔ در موید و کشف بکسر و در برہان بفتح بمعنی لقمہ ۔

محمد ادریس ۔ ان کا نام محمد اور کنیت ابو عبد اللہ ۔ اور باپ کا نام ادریس ہے ۔ کسی ایک دادا کی طرف نسبت کر کے شافعی کہتے ہیں ۔ اہل سنت چار مجتہد مانتے ہیں ۔ ایک ابو حنیفہ ۔ دوسرے امام شافعی ۔ تیسرے امام مالک ۔ چوتھے امام احمد حنبل سے کہتے ہیں

کہ امام شافعی زمانہ منصور میں جس دن امام اعظم کا انتقال ہوا ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ سن ولادت لفظ معلّی سے اور سن وفات لفظ مقدس سے نکلتا ہے۔ ماہ رجب ۲۰۴ھ شب کو وقت عشاء وفات پائی۔ مصر میں ان کی قبر ہے۔ مولد میں اختلاف ہے۔ کوئی یمن کوئی عسقلان اور کوئی غزہ کہتا ہے۔

تدریس۔ سبق دینا۔ پڑھانا۔

قلم بطلان کشیدن۔ کسی غلط عبارت پر قلم پھیر کر اس کو باطل کر دینا۔

سطر۔ نوشتن ورستہ وصف ہر چیز۔

دراست۔ بکسر سبق گفتن۔ درس دادن۔

مالک۔ بن انس مدینہ کے امام اور اہل سنت کے مجتہدین اربعہ میں سے ایک یہ بھی ہیں۔ نافع ابن ابی نعیم سے قرات اور زہری اور نافع ابن عمر کے آزاد کردہ غلام سے حدیث سیکھی۔ منصور کے چچا جعفر بن سلیمان سے کسی نے ان کی چغلی کھائی کہ یہ تمہاری بیعت کی قسموں کو ہیچ سمجھتے ہیں۔ جعفر نے خفا ہو کر ان کو بلایا اور برہنہ کر کے کوڑے لگوائے۔ ان کی پیدائش نوے۔ ترانوے۔ چورانوے یا پچانوے میں ہوئی۔ باختلاف روایات اور وفات ربیع الاول ۱۷۸ھ یا ۱۷۹ھ میں ہوئی۔

مملوک۔ غلام و بندہ۔

احمد۔ محمد بن حنبل۔ مگر مشہور احمد حنبل کے نام سے ہیں۔ بغداد میں ۱۲ ربیع الاول ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔ کوفہ۔ بصرہ۔ مکہ۔ مدینہ۔ یمن و شام جا کر علم حدیث سیکھا۔ حافظہ بہت اچھا تھا۔ دس لاکھ حدیثیں یاد تھیں۔ ان کی مسند بہت مقبول ہے۔ سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ تفسیر، کتاب الزہد، ناسخ و منسوخ بھی ان کی مصنفات ہیں۔ معتصم نے خلق قرآن کے فتوے نہ دینے پر قید کر دیا۔ ۱۳ ربیع الاول ۲۴۱ھ میں انتقال کیا۔ باب الحرب بغداد میں ان کا مقبرہ ہے۔ عبد القادر جیلانی بھی حنبلی تھے۔

خصال۔ جمع خصلت۔ عادۃ۔ وشیمۃ۔

حمیدہ۔ ستودہ۔ قابل حمد و مدح۔

مقتدی۔ پیروی کرنے والا۔

غوص۔ در آب فرو شدن۔ مراد غور و خوض۔

مسائل۔ جمع مسئلہ۔ سوال کرنے والا اور پوچھنے کی باتیں۔

غویص۔ سخن غریب و دشوار۔

فقہ۔ دریافتن و دانستن۔ اصطلاح میں علم احکام شرعیہ با ادلہ تفصیلیہ یا اصابۃ رائے و الوقوف بر معنی خفی کہ بداں حکم متعلق است۔

قول۔ قضیہ ملفوظ میں لفظ مرکب کو کہتے ہیں۔ معنی لغوی گفتار۔

غزالی۔ منسوب بقریہ غزالہ از مضافات طوس است و بعضی بتشدید زا منسوب بغزال دانند یعنی ریسمان فروش چہ ریسمان فروشی میکرد۔ چونکہ یہ صیغہ غزل سے بھی مشتق ہوتا ہے۔ اس لئے آگے لفظ غزالہ لایا گیا۔ محمد بن محمد ملقب بہ حجۃ الاسلام طوس یعنی مشہد کے باشندے تھے۔ مدتوں بغداد میں رہے۔

مدرسہ نظامیہ بغداد کے مدرس اعلیٰ تھے۔ پھر وہاں سے مدرسہ نظامیہ نیشاپور میں چلے آئے۔ پھر شام اور اسکندریہ کی سیر کی۔ تفسیر قوت التاویل کے مصنف ہیں۔ اور احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت بھی انہیں کی ہے۔ ۹۹ کتابیں ان کی مصنفہ بتاتے ہیں ۵۰۵ھ میں پچپن برس کی عمر میں وفات پائی۔

ترانہ۔ نغمہ و خوانندگی و رباعی۔ ایک قسم کا قول بمعنی گانا۔ جس میں الفاظ مہملہ ہوتے ہیں۔ جیسے "دیم تن درنا"

قفال۔ قفل گرو نام یکے است از علمائے مذہب امام شافعی (مختصر) ابوبکر عبداللہ بن احمد بن عبداللہ الفقیہ الشافعی المعروف بقفال المروزی پہلے قفل بنانے کا کام کرتے تھے۔ نوے برس کے ہو کے ۴۱۷ھ میں مرے اور سجستان میں دفن ہوئے۔

دون۔ کمتر و اندک و حقیر۔

قلتین۔ تثنیہ قلہ دو خم یا سبوئے بزرگ جس میں بارہ سو رطل پانی سماتا ہے۔ مذہب شافعی میں اتنا پانی طاہر و مطہر ہے۔ یہ اہل تشریح کے کرتے بھی کم ہوتا ہے۔

مکحول۔ عبداللہ مکحول بن عبداللہ شامی ان کے دادا شہراب ہراۃ کے باشندے تھے۔ سن بارہ تیرہ۔ چودہ یا اٹھارہ ہجری میں وفات پائی۔ نبیؐ کے غلام کا نام۔ اور ایک تابعی دمشقی جو فقیہ شام تھے۔ (قاموس)

تنبیہ۔ بیدار کردن و آگاہ کردن۔ فارسی میں سزا دینے کے معنی مستعمل ہے۔

ہادی۔ ہدایت کرنیوالا۔ ایک کتاب کا بھی نام ہے۔ اس جملہ کے شروع میں واو نہیں چاہیئے کیونکہ یہی خبر ہے۔

منہاج۔ راہ راست و نام کتابے من تصنیف جاراللہ زمخشری صاحب کشاف۔

حقائق۔ جمع حقیقت ذات شی۔ ما بہ الشی ھو ھو باعتبار تحققہ حقیقۃ و باعتبار تشخصہ ھویۃ و مع قطع النظر عن ذالک ماھیہ۔ یہ بھی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

حاوی۔ گھیرنے والا۔ جامع۔ یہ بھی ایک کتاب کا نام ہے۔

لفظ۔ از دہن انداختن۔ کلمہ۔

وجیز۔ مختصر و نام کتاب۔

ناچیز۔ لاشی۔ معدوم۔

بساط بسیط۔ مراد روئے زمین

وسائط۔ جمع وسیط۔ میانہ و بزرگوار و محل رفیع۔

وسیط۔ راست و برگزیدہ و بزرگوار و نام کتاب۔

وسائط وسیط۔ اسباب و وسائل خوب۔

ایم اللہ۔ قسم بخدا۔

حرمان۔ بکسر ناامیدی۔

رخصت۔ الیسر والسہولۃ۔ باوجود دلیل تحریم کسی عذر کی وجہ سے مباح ہو۔

اقاویل۔ جمع الجمع قول۔

ائمہ۔ جمع امام۔ جسے ریاست عامہ دین و دُنیا
میں حاصل ہو۔ پیشوا و محقق کسی فن کا۔
تاویل۔ در لغت بمعنی ترجیح۔ معنی ظاہری لفظ
سے انصراف طرف معنی محتمل کے۔ جبکہ معنی محتمل
موافق اُصول اُس فن کے ہوں۔
اتساع۔ بروزن افتعال۔ فراخ شدن۔

صفحہ ۱۵

رثاثت۔ کہنہ و سودہ شدن۔ مراد ضعف۔
منال۔ محل حصول شے مثل اراضی و ملک
و جاگیر و باغ و مزرعہ و دکان وغیرہ
کسر۔ شکستن۔
حرمت۔ عزت و بمعنی حرام شدن۔ مناسب
لفظ رخصت۔
مندوب۔ یا یا واکے ساتھ اظہار
تفجع کرنا۔ فقہا کے نزدیک وہ فعل جس کا کرنا
نظر شارع میں ہو۔ اور اس کا ترک جائز ہو۔
مستحب۔ وہ عمل مشروع جو فرض و واجب
کے علاوہ ہو۔ یا جو مرغوب شارع ہو۔ مگر
واجب نہ کیا ہو۔ جس کے کرنے میں ثواب ہو
اور نہ کرنے میں گناہ نہ ہو۔
مال۔ سامان راحت دُنیوی۔ مثل زر و زمین
مویشی و اثاثہ۔ چونکہ طبیعت انسان اس کی
طرف مائل ہوتی ہے۔ اس لئے اسے مال کہتے ہیں
یا یہ کہ ایک کے پاس سے دوسرے کے پاس چلا
جاتا ہے۔ اس لئے اسے مال کہتے ہیں۔ میل سے مشتق ہے۔

دماء۔ جمع دم۔ خونہا۔
مستضلع۔ ہلاک و برباد۔
مستباح۔ جس کی ہر دو طرف حلت و حرمت
برابر ہو۔
حکیم۔ جاننے والا حقائق اشیاء کا مطابق واقع
بقدر طاقت بشری۔ جس کو جاننا اور کرنا
چاہیئے۔ اس کا جاننے اور کرنے والا۔
محقق۔ حقیقت و ماہیت اشیا کا جاننے والا۔
دُرج۔ بضم صندوقچہ و طبلہ کہ پیرایہ و جواہر
دراں نہند۔
مثقب۔ آلہ سوراخ کردن یعنی برمہ۔
ثاقب۔ روشن۔
لآلی۔ بفتح اول۔ جمع لؤلؤ۔ مروارید۔
شفا۔ نام کتاب مصنفہ بوعلی سینا۔ جس میں کل
معقولات کا ذکر ہے۔ و بمعنی صحت و تندرستی
اچھا ہونا۔
صاحب شفا۔ مراد بوعلی سینا۔ ان کا نام
حسین اور کنیت بوعلی۔ باپ کا نام عبداللہ۔ جو بلخ
کے عمال میں سے تھے کسی ایک دادا کی طرف نسبت
کرکے بوعلی سینا کہلاتے ہیں۔ ان کے باپ عبداللہ
نوح بن منصور کے زمانہ میں بخارا آئے۔ ستارہ نام
ایک دہقانی کی لڑکی سے نکاح کیا۔ بوعلی سینا
۳۷۳ھ میں پیدا ہوئے۔ محمود مساح عبداللہ
بابلی اسماعیل زاہد ان کے اُستاد ہیں۔ اٹھارہ برس
کی عمر میں بخارا سے خوارزم آگئے۔ علی ابن مامون

خوارزم شاہ نے ان کی بہت دلداری کی۔ محمود نے جب
خوارزم شاہ پر فتح پائی۔ یہ گورگان چلے گئے شمس الدولہ
قابوس حاکم گورگان نے انہیں وزیر بنا لیا۔ بعد وفات
شمس الدولہ اُس کے بیٹے نے ایک شبہ پر قید کر دیا۔
علاؤالدین نے جب خوارزم فتح کیا تو انہیں زندان سے
نکال کر اصفہان لایا۔ اصفہان میں انہوں نے ایک
رصد بنائی مگر تیار نہ ہوئی۔ قولنج میں مبتلا ہو کر تیسرے
ہفتہ ماہ رمضان ۴۲۷ھ میں وفات پائی۔ ہمدان
میں مدفون ہیں۔ ابوالحسن خرقانی اور ناصر خسرو اُن کے
ہمعصر اور بہمنیار ان کے شاگرد تھے۔ کتب فلسفہ ارسطو
کی شرحیں لکھیں۔ اور اصلاح بھی دی۔

رنجور۔ غمگین و بیمار۔

ترہ ہیچت۔ زبون و نا سرہ کردن۔ کھوٹا کر دینا۔

قانون۔ علم طب میں بوعلی سینا کی کتاب۔

اشارت راندن۔ حکم دینا بصیغہ جمع بھی ہو سکتا ہے۔

اشارۃ۔ برتر گفتن و رمز و فرمان۔ اور اشارہ سے طرف
کتاب **اشارات** مصنفہ بوعلی سینا ہے۔

رسالۃ الطیر۔ نام رسالہ در بیان طیور مصنفہ بوعلی سینا۔
اگر یہی معنی ہیں۔ تو مقصوص الجناح۔ محض لفظ طیر کی وجہ
سے ہے ورنہ معنویت کچھ بھی نہیں۔

مقصوص الجناح۔ بریدہ بازو۔ جب کسی طائر کے
بازو کاٹ ڈالے جائیں۔ تو وہ بیکار ہو جاتا ہے۔

حدس۔ فکر کے معنے انتقال مطالب سے مبادی
کی طرف اور رجوع مبادی سے مطالب کی طرف۔
جو قوت عمل فکر میں تمیز کرتی ہے اس کا نام حدس ہے۔

زدودہ یافتن چیزے۔

بقراط بن ہراقلس از فرزندان اسقلینوس ثانی ست۔
و ہم در انجمن ئے کسب معارف نمودہ۔ در فن طبیعی قدوہ
حکماست و در علم طب بیشرو اطبا۔ ظہورش در پنج
ہزار یکصد و چہاردہ ہبوطی بودہ۔ در بلدۂ صور کہ بر
ساحل دریائے شام است۔ سکون داشتے وگاہے
بدمشق آمدے و از کوہسار و بیشہا نشیمن جستے
بریاضت نفس مشغول گشتے معالجہ مرضی حسبۃ للہ
کردے و بیش مرضی خود رفتے۔ چوں ملوک یونان او
را بمعالجہ طلب میکردند میرفت و بقدر علاج قیام
و مقام میکرد۔ بہمن بن اسفندیار اقامتش در ایران
خواست قبول نکرد۔ بوجہ آن خصومت کہ درمیان
اہل ایران و یونان بود۔ مصنفاتش در علم طب
بسیار است۔ کہ عیسی و حنین ترجمہ آنہا بعربی کردہ
خوبصورت و نیکو شمائل بود۔ سرے بزرگ داشت
و میش چشم و خمیدہ پشت بود۔ کم سخن بود و غذا کم
میخورد۔ نود و پنج سال زیست و در عمر شانزدہ سالگی
عالم گشت۔

قیراط۔ نیم دانگ کہ چہار جو میانہ در زنش باشد۔
شاید (کیرٹ) سے بنا ہے۔ یونانی زبان میں قیراط
حبہ خرنوب کو کہتے ہیں۔

حذاقت۔ مہارت چیزے۔

ثابت قرہ۔ ایک طبیب ہے۔ اور حکیم بھی جس
نے یونانی سے بہت سی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کیا۔
۲۸۸ھ میں فوت ہوا۔ اور ۲۲۱ھ میں پیدا ہوا۔

ثابت بن قرہ بن ہارون۔ الحاسب الحکیم الحرّانی۔ ابتدائے عمر میں حران میں صرّاف تھا۔ پھر بغداد میں آکر تحصیل علوم میں مشغول ہوا۔ طب میں کمال پیدا کیا مگر فلسفہ اس پر غالب تھا۔ صابی المذہب تھا۔ اُس کا ایک بیٹا ابراہیم طبیب کامل تھا۔ حران جزیرہ میں ایک مشہور شہر ہے۔ جس کو ہاران عم پیغمبر ابراہیم نے آباد کیا اور اپنے نام پر اس کا نام رکھا۔ پھر عربوں نے ہاران کو حرّان کر دیا۔ (وفیات الاعیان)

ثابت۔ قائم و ساکن۔

قرۃ۔ خنکی و سردی و روشنی چشم۔ مَیں ان دونوں لفظوں کے مناسب محل معنے کہنے سے عاجز ہوں نسخہ وصاف مطبوعہ تبریز میں بجائے ثابت بابت لکھا ہے جس کے معنے لائق اور سزاوار کے ہیں۔ اور لفظ قرہ کے نیچے چرک چشم لکھا ہوا ہے۔ اگرچہ یہ نسخہ اعتماد کے لائق نہیں۔ کیونکہ اس میں طباعت کی غلطیاں بہت ہیں۔ چنانچہ اس لفظ سے پہلے عدس کو حدث لکھا ہے۔ تاہم لفظ بابت بمعنی سزاوار اور قر بمعنی جرجیر سے کچھ معنے بنتے ہیں۔ قاموس میں قرہ کی تعبیر جرجیر یعنی تره تیزک سے کی گئی ہے۔ اور صاحب مخزن جرجیر کو مظلم بصر بیان کرتے ہیں۔ تو معنی یہ ہونگے کہ چشم طبیب ثابت قرہ کو سزاوار جرجیر بتلاتی ہے۔ یعنی ثابت قرہ کو لائق کوری بصر قرار دے۔ صاحب منتہی الارب قُر بضم کے ذیل میں لکھتے ہیں۔ و یقال فی المصیبۃ الشدیدۃ وقعت القُرّۃ صارت فی قرارہا پس مبتلا قائم در مصیبت شدید ہونگے۔

ابن الکندی۔ یعقوب بن اسحاق کندی المشہور بہ فیلسوف الاسلام بصرہ میں پیدا ہوا۔ مامون الرشید نے بیت الحکمہ میں اسے تصنیفات ارسطو کے تراجم کے لئے مقرر کیا تھا۔ فلسفہ۔ ہیئت۔ ہندسہ طب۔ منطق میں اس کی تصانیف کثیرہ ہیں۔ کتاب اقسام عقل انسی۔ کتاب الجامع الفکریہ۔ کتاب فلسفہ الاولے اس کی تصانیف میں سے جید کتابیں ہیں سنہ ۲۶۰ھ میں بصرہ میں مرا۔ اشعث بن قیس کوفی کی اولاد سے تھا۔

کندی۔ بضم کن۔ ہونا۔ تیز نہ ہونا۔ سُست ہونا۔

قیاسات۔ جمع قیاس وہ مرکب جو دو یا زیادہ قضیوں سے مرکب ہو۔ اس طرح کہ ان قضیوں کو اگرچہ وہ کاذب ہوں۔ ماننے کے بعد دوسرا مرکب یعنی نتیجہ لازم ہو۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قیاس استثنائی جس میں نتیجہ یا نقیض نتیجہ مذکور ہو۔ دوسرے قیاس اقترانی جس میں نتیجہ یا نقیض نتیجہ مذکور نہ ہو۔

منطق۔ وہ آلہ قانونیہ ہے جس کے رعایت کرنے سے خطائی الفکر سے بچ سکتے ہیں۔

نطاق۔ بکسر میاں و کمر بند ہندی پٹکا۔

میان۔ کمر۔

علی الحقیقت۔ بلاشک۔ واقعی۔

حیز۔ السطح الباطن من الحاوی المماس للسطح الظاہر من المحوی۔

عالم۔ کل موجودات ماسوی اللہ کا نام ہے۔

خلا۔ افلاطون بعد مفطور کو کہتا ہے اور متکلمین فضاء موہوم کو کہتے ہیں۔ یعنی فضا جس کو وہم قرار دیتا ہے۔ اور ادراک اُس کا ایک جسم سے ہوتا ہے جو کسی دوسرے جسم کا محیط ہو۔ اس کی شان سے یہ بات ہے کہ وہ کسی جسم کا ظرف ہوتا ہے۔ اس اعتبار سے اُسے حیز للجسم کہتے ہیں۔ اور اگر جسم سے خالی ہو تو خلا کہتے ہیں۔ پس خلا ان کے نزدیک خالی ہونا فضا کا کسی جسم سے ہے۔ لہذا وہ لاشے محض ہوا کیونکہ یہ فراغ موہوم موجود فی الخارج نہیں۔ حکما امتناع خلا کے قائل ہیں اور متکلمین امکان کے ماوراء محدد کوئی بعد واسطے انتہا ابعاد بالمحدود کے نہیں اور نہ وہ قابل زیادۃ ونقصان ہے کیونکہ لاشئ محض ہے۔ پس خلا کسی معنے سے نہیں پایا جاتا۔ بلکہ خلا لازم ہوتا ہے۔ وجود حاوی سے مع عدم المحوی کے اور یہ غیر ممکن ہے۔

خلاء بیرون عالم۔ ماورائے محدد جہات یعنی فلک الافلاک کسی ایسی فضا کا ہونا جو ظرف کسی جسم کا نہ ہو۔

عین۔ اصل وحقیقت وذات شئ۔

محال۔ جس کا وجود فی الخارج ممتنع ہو۔

امانی۔ جمع اُمنیہ آرزو ومراد۔

برمثال۔ بانشان۔

جزء لایتجزی۔ جوہر ذو وضع جو کبھی انقسام نہ قبول کرے۔ نہ بحسب خارج اور نہ بحسب فرض عقلی ووہم۔ ان کے انضمام بعض سے طرف بعض کے جسم مولف ہوتا ہے۔

جزء لایتجزی بالفعل۔ حکما کہتے ہیں۔ کہ اس جوہر ذو وضع کی تقسیم بالقوہ ایسی ہو سکتی ہے۔ جو الی غیر النہایۃ ہو گو بالفعل ناممکن ہو۔ دوسرے کہتے ہیں کہ جسم محدود کے اجزا غیر محدود نہیں ہو سکتے۔

جوہر۔ ماہیتے چون دراعیان یافتہ شود در موضوعے نباشد۔

جوہر وجودی۔ مراد جسم۔

جسم۔ وہ جوہر غیر مجرد جو مرکب ہو اور قابل ابعاد ثلاثہ ہو۔ اور قائم بذاتِ خود۔

بالفعل۔ است فی الخارج ضد بالقوۃ۔

ہمم۔ اندوہ جمع آن ہموم۔

عرض۔ ایسا موجود جو اپنے وجود میں کسی محل کا محتاج ہو۔ یعنی قائم بغیر ہو۔

محمول۔ قضیہ حملیہ میں محکوم علیہ کو موضوع اور محکوم بہ کو محمول کہتے ہیں۔ مثلاً قائم ہیں زید موضوع اور قائم محمول ہے۔ کیونکہ نسبت قیام بغیر زید پائی نہیں جا سکتی۔ اس لئے عرض محمول ہے۔

مقوم۔ فصل کی دو نسبتیں ہیں۔ ایک نوع کی طرف جیسے الانسان ناطق میں ناطق مقوم ہے۔ کیونکہ وہ نوع کے قوام اور حقیقت میں داخل ہے۔ یعنی اس کا جزو ہوتی ہے۔ اور جنس کی طرف نسبت کرنے کو مقسم کہتے ہیں۔ جیسے حیوان ناطق میں ناطق

منقسم ہے کیونکہ ناطق حیوان کی تقسیم ناطق اور غیر ناطق یعنی مطلق سے کرتا ہے۔

عرض محمول۔ الانسان ماشئ میں ماشی محمول ہے اور غیر مقوم۔

شادیش۔ شین کا مرجع حکیم ہے۔ یعنی شادی و راحت اس دنیا میں اس حکیم کے لئے مثل عرض محمول غیر مقوم اس کی ذات کی ہے۔ مراد یہ ہے کہ غم واندوہ ہمیشہ اس کے لئے قائم و برقرار رہتا ہے۔ اور شادی کبھی کبھی ہو جاتی ہے۔

قضیہ۔ وہ قول جو کذب و صدق کا احتمال رکھے۔

قضیہ مہملہ۔ اگر قضیہ کا موضوع جزئی نہ ہو۔ بلکہ کلی ہو۔ اور اس میں حکم افراد پر کیا جائے۔ اور افراد کی کمیت بیان نہ کی جائے تو اس کو قضیہ مہملہ کہتے ہیں۔ الانسان فی خسر یہاں اصطلاحی معنوں سے بحث نہیں۔ بلکہ لغوی معنے مراد ہیں۔ یعنی لوگ اس حکیم کے قصہ کو مہمل بات سمجھیں۔ اکثر جگہ مصنف کی عبارت میں ایسا ہی واقع ہے یعنی معنویت سے بحث نہیں ہے۔

صغرای۔ تین چیزوں کے جاننے پر اس کی تعریف منحصر ہے۔ مقدمہ وہ قضیہ جو جزء قیاس ہو۔ (۲) اصغر۔ نتیجہ کے موضوع یا مقدم کا نام ہے کیونکہ وہ اکثر بہ نسبت محمول کے قلیل الافراد ہوتا ہے (۳) اکبر۔ نتیجہ کے محمول یا تالی کو کہتے ہیں کیونکہ وہ اکثر بہ نسبت موضوع کے کثیر الافراد ہوتا ہے پس جس مقدمہ میں اصغر ہو اسے صغریٰ اور جس میں اکبر ہو اسے کبریٰ کہتے ہیں۔ یہاں صغریٰ و کبریٰ سے ادنےٰ اور اعلےٰ مراد ہیں۔ یعنی کسی بات میں اسے کوئی نہیں پوچھتا۔

از کسے حساب برداشتن۔ اس سے ڈرنا (از مصطلحات وارستہ) لیکن اس محل سے معلوم ہوتا ہے کہ بمعنی حساب نگرفتن ہے۔ یعنی کسی کو معتبر نہ سمجھنا۔ اس کو کسی گنتی میں نہ لانا۔ اس کی طرف توجہ نہ کرنا۔

آشنا و بیگانہ۔ واقف و ناواقف۔

عکس۔ قضیہ کے جزء اول کو ثانی اور ثانی کو اول کر دینا مع بقائے صدق وکیف۔

توفر۔ زیادتی۔ یعنی اس حکیم کے مطالب نہ پورا ہونے میں سعی بلیغ کرتے ہیں۔

نقیض۔ دو قضیوں کا اختلاف ایجاب و سلب میں اس طرح کہ اگر ایک سچا ہو تو دوسرا جھوٹا اس کے پائے جانے کے لئے آٹھ وحدتوں کا ہونا لازم ہے ؎

در تناقض ہشت وحدت شرط داں
وحدت موضوع و محمول و مکاں
وحدت شرط و اضافت جزو و کل
قوت و فعل است در آخر زماں

اگر ان آٹھ باتوں میں سے ایک کی بھی کمی ہوگی۔ تو تناقض نہ ہوگا۔

مصالح۔ جمع مصلحت۔ صلاح کا جس سے کسی کا کام بنتا ہے۔ حاشیہ صفحہ ۱۲۔

استثنا۔ کسی حکم سے کسی چیز کو نکالنا۔ وہ چیز جو حکم ما قبل سے بذریعہ الا (یا جو بمعنی الا ہو) نکال دی۔ اُسے مستثنیٰ کہتے ہیں۔ ثنا سے مشتق ہے جس کے معنے ممتاز کردینے کے ہیں اور جس چیز کے حکم سے کسی کو خارج کرتے ہیں اُسے مستثنیٰ منہ کہتے ہیں۔

مقدم۔ قضیہ شرطیہ میں موضوع کو مقدم اور محمول کو تالی کہتے ہیں۔ جس کو نحو میں شرط و جزا کہتے ہیں۔ یہاں مراد مستثنیٰ منہ ہے۔

نقیض مصالح۔ یعنی جس طرح مستثنیٰ منہ میں سے استثنیٰ نتیجہ آور ہوتا ہے۔ اسی طرح اس کے نقیض مصالح کو اس کے لئے منتج مرادات اس کے دوست اور دشمن جانتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ جو نتیجہ خلاف مصلحت ہوگا وہ صاحب مصلحت کے لئے مفید کب ہو سکتا ہے وہ تو مضر ہی ہوگا۔

منتج۔ نتیجہ پیدا کرنیوالا۔ بعد حذف حدا وسط قضیہ میں سے جو نکلے۔ اُسے نتیجہ کہتے ہیں۔

استثنا عین مقدم نتیجہ نقیض تالی کا دیتا ہے۔ جیسے۔ اما ان یکون ھذا العدد زوجاً او فرداً لکنہ زوج فلیس بفرد۔

مرادات۔ جمع سالم مراد۔ خواستہ۔

فضل۔ غلبہ کردن بر کسے بفضیلت۔

فضول۔ زوائد۔

بدائع۔ جمع بدیع۔ عجیب و نادر و عدیم المثال

اور ایک علم ہے جس میں وجوہ محسنات کلام معلوم ہوتے ہیں۔

بدعت۔ وہ عمل جس کا مثل پہلے نہ ہو۔ ایجاد فی الدین با وجود تکمیل دین۔

ہنر۔ کمال در فن۔

وقاحت۔ سخت رو و بے شرم شدن۔

فضاحت یا فضیحت۔ رسوائی۔ ظاہر ہے کہ وقاحت کو فصاحت کیا نسبت ہاں فضاحت اور فصاحت میں تجنیس ضرور ہے۔ البتہ وقاحت کے معنی بیحیائی کی باتیں جب مانیں تب ان الفاظ کے معانی میں خوبی پیدا ہو سکتی ہے۔

فصاحت۔ خالص ہونا کلام کا۔ تعقید و تنافر و ضعف تالیف سے۔ اور بعضوں نے یہ تعریف کی ہے۔ ما یثقل فی الاذن بغیر الاذن۔

صفحہ ۱۱

سخافت۔ کم خردی و تنگی عقل و تنگ ظرفی۔

سخافت رائے۔ تجریداً بمعنی بیخردی۔

طبع سخاوت زائے۔ صفت موصوف ملکی مضاف ہے سخاوی کی طرف۔ ظاہر ہے کہ جو طبیعت سخاوی میں سخاوت زا ہے۔ تو اس سے سوا سخاوی اور کیا ظہور میں آئیگا۔

سخاوی۔ بمعنی سخام مبالغہ کا صیغہ ہے پھر اس میں یائے مصدری لگا کر حاصل مصدر بمعنی سیہ روی سیہ کاری بنایا ہے۔

سخافت ...... شمردہ اند۔ اس زمانہ کے

لوگ چغلی ہیں تو غیر کرنیوالی طبیعت کی بیخبری کو بمنزلہ
کفایت کامل سمجھتے ہیں۔ یعنی ان کے نزدیک جو
کچھ ہے وہ چغلی ہے۔

سعایہ۔ بکسر غمازی و نمیمہ و چغلی۔

عمدہ مساعی۔ اعلےٰ کوشش۔

مساعی۔ جمع مسعاۃ مصدر میمی بمعنی سعی۔
اور سعی کے معنی کوشش و کار و کسب و خراج
و باج گرفتن کے ہیں۔

چوں صبح بہمت پیشہ گرفت۔ صبح کو نمام
اس وجہ سے کہتے ہیں۔ کہ جن عیوب پر رات پردہ
پوش ہوتی ہے۔ سپیدہ صبح اُن کی پردہ دری کر
دیتا ہے۔

چوں آفتاب۔ آفتاب تاج زر اور زردی رنگ
میں تاج زرنگار سے مشابہ ہے۔

شہاب۔ ٹوٹنے والا تارہ۔ کہتے ہیں جب شیطان
استراق سمع کے لئے آسمان سے قریب ہونا چاہتا
ہے تو فرشتے اُس پر تیر یا نیزہ مارتے ہیں یہی رجم
شیاطین شہاب ہے۔ ناوک کا لفظ اسی خیال کی
مناسبت سے مصنف نے صرف کیا ہے۔

ناوک بر چیزے راست کردن۔ اس چیز
کی طرف تیر چلانا۔ نشانہ لگانا۔

حِلم۔ وہ اطمینان قلبی جس سے انسان مغلوب
الغضب نہیں ہوتا۔ سیوطی کہتے ہیں۔ بحالت
توفر و ثبات وقت اسباب محرکہ۔

حکم۔ بضم اثبات کردن امرے کہ قائل را سکوت
براں صحیح باشد۔

عجز۔ بفتح ناتوانی و ضعف و بہرسہ حرکت۔
حلم میں تحمل آلام و موذیات از روئے قدرت
ہوتا ہے اور عجز میں ضعف سے۔

ہُوان۔ بضم خواری و ذلت۔

عَلم۔ جھنڈا۔ اعلام بفتح۔ جمع آں۔

عِلم۔ نفس ادراک چاہیے خفی ہو یا جلی۔

انتکاس۔ نگونسار شدن۔

زناد و ازناد۔ جمع زند چقماق کی دونوں لکڑیاں۔
چوب بالا کو جو لوہے کی ہوتی ہے۔ مقدحہ اور قداحہ
کہتے ہیں اور سنگ زیرین چقماق کو زنادہ کہتے ہیں

غیر واری۔ آگ نہ دینے والا۔

تواری۔ پنہاں شدن و پوشیدگی۔

معدود۔ شمار کیا ہوا۔

از باب۔ از قبیل۔ از قسم۔

گیتی۔ عالم سفلی و مینو عالم علوی۔

مسخر۔ رام و فرمانبردار و مطیع۔

مسخرہ۔ آنکہ برا و استہزاء و خندہ کنند۔ مسخرہ۔

مجون۔ بیباک و شوخ و مسخرہ۔

مربی۔ پرورش کرنے والا۔

خسیس۔ فرومایہ و ناکس و زبون۔

دُون۔ حقیر و کمینہ و ذلیل۔

اصیل۔ پیش بین و ثابت رائے (منتخب)۔

شفق گون۔ سرخ رنگ۔

شفقت۔ بتوالی حرکات محبت و عطوفت

مع خوف لحوق ضرر۔ اہل فرس بسکون دوم بھی لاتے ہیں۔

راتبہ۔ معنی لغوی ثابت و برقرار۔ اہل فرس بمعنی روزینہ آرند۔

غدو۔ بضمتین و تشدید واو۔ جمع غدوہ۔ اوّل نہار بعد طلوع۔ و بکور قبل طلوع شمس اس سے پہلے صباح اور اس سے پہلے صبح یعنی وقت بعد الفجر۔ یہ نام حمرۃ کی وجہ سے ہے۔

آصال۔ جمع اصیل وقت آخر روز۔ بعد وقت عصر۔ بیگاہ۔ شبانگاہ۔ لفظ اصیل جو اس سے پہلے آیا ہے۔ اس لفظ کے ساتھ شبہ اشتقاق یا ایہام تناسب رکھتا ہے۔ اور فعل بجائے وارد نارد چاہئے از روئے معنے بھی۔ اور نیز ردیف واقع ہوا ہے۔ یوں بھی مختلف نہ ہونا چاہیئے۔ کیونکہ مالا مال نارد اس کا دوسرا قافیہ اور ردیف ہے۔

جاہل۔ نادان۔ ضد عالم بمعنی دانا۔

لئیم۔ قابل ملامت۔ لوم سے فعیل بمعنی مفعول ہے جس کی سرزنش میں تحریص شامل ہو اُسے لوم اور جس میں اغرا ہو۔ اُسے عذل۔ اور جس سے اعراض مقصود ہو۔ اُسے عتاب۔ اور جو تہدید کے ساتھ ہو۔ اُسے تو بیخ کہتے ہیں۔

صبوح۔ شراب غداۃ غبوق شراب عشی و قیل شراب نصف النہار۔ فحمۃ شراب اوّل بعض کے نزدیک سحر تک رات بھر میں جس وقت بھی پئیں وہ فحمۃ ہے۔ جاشریۃ جو شراب وقت سحر پئیں۔

راح۔ وہ شراب جو پینے والے کو راحت پہنچائے یا جس کی خوشبو پینے والے کو بھلی معلوم ہو۔ اور خمر اسم جامع شراب ہے۔ برخلاف دیگر اسما کے کہ وہ اسم صفت ہیں۔

فتوح۔ جمع فتح بمعنی کشائشہا و بمعنی کشائش و شادی۔ مصدر ہے۔

مالا مال۔ مل سے مالی اسم فاعل ہے بمعنی پُر و بسیار و کثیر۔ پھر ی گر گئی۔ جیسے قاضی سے قاض۔ یا حذف بکثرت استعمال سے ہے۔ پھر دو مال کے درمیان الف اتصال لائے۔ جیسے شباشب ہیں۔ اس ترکیب سے معنی کثرت و پُری ظاہر ہیں۔ یا ممکن ہے۔ کہ مال بمعنی جذر اصطلاح حساب ہو۔ مثلاً پانچ کا جذر پچیس ہے۔ پھر پچیس کو پچیس میں ضرب دیں تو چھ سو پچیس ہوتے ہیں۔ اس سے بھی کثرت کے معنے پیدا ہیں۔ پس بمعنی پُر مجازہ ہوگا۔

قصّہ۔ حال و خبر و کار و سخن جمع آں قصص بکسر و بفتح کاف (قصص) مصدر بمعنی حاصل مصدر ہے یعنی حکایت۔ اور سمر اُس قصہ کو کہتے ہیں۔ جو رات کو کہا جائے۔

غُصّہ۔ اندوہ گلوگیر۔

چوں آب تشبیہ ہے۔ نرمی لہجہ و بیان میں نہ فرو خواندن میں۔

شکایت۔ گلہ (اشکار لغت اضداد سے ہے) ورود

نکایت - جراحت کردن و پاسکالیدن و دشمن
را کشتن۔ (صراح) اور صاحب منتخب حرف سوم
بائے موحدہ قرار دیکر نکایت سانیدن دشمن را
بجراحت یا بقتل - معنے لکھتے ہیں۔
ثریٰ - بفتح خاک نمناک و خاک زیر زمین -
ثریا - پروین و آن شش ستارہ ایست متصل کہ
منزل سوم قمر است از بست و ہشتگانہ منازل
و آن تصغیر ثروا است مشتق از ثرا بمعنی کثرت۔
من بعد الیوم - آج کے دن کے بعد -
فکر - حرکت نفس طرف مبادی پھر رجوع
طرف مطالب -
باز داون - مائل و رجوع کرنا - منہمک ہونا -
تالیف - انضمام اشیاء کثیرہ بایں حیثیت
کہ اطلاق اسم واحد بران صادق آید -
سیہ - مراد سیاہ -
بیاض - کے معنی سپیدی کے ہیں۔ مگر کتاب کے
معنوں میں مستعمل ہے -
صفحہ - روئے و رویہ ورق -
سر بر خط نہادن - اطاعت کردن و فرمان
بردن -
خط - نوشتہ و نوشتن -
مشکین - سیاہ - کیونکہ مشک عنبر وغیرہ کا رنگ
سیاہ ہوتا ہے -
سر بر خط مشکین تو نہم - یعنی اگر لکھتے ہیں
تیری فرمانبرداری کردن بشرط کے جملے تو سب
موجود ہیں - مگر مصرع -

فحینئذ اولی بی القطع من الوصل

(ترجمہ) پس اس وقت میں میرے وصل سے میرا
قطع اولی اور انسب ہے ؟ جو پیرا نفا - بوجہ حذف
عبارات شعر بیہودہ ہو گیا - الفاظ قطع و وصل قلم کے
لئے بہت مناسب ہیں مزید براں جب لکھنے پر
آمادہ ہوتے ہیں تو نیزہ میں سے ایک مقدار
مناسب قلم گرہ پر سے جدا کرکے قلم بناتے ہیں
شدت - سختی -
رخا - نرمی و فراخی عیش -
میقات - وقت و ہنگام کارے و وعدہ گاہ -
رجاء - بفتح امید حصول مامول کے ساتھ خوف
عدم حصول بھی - بعید الحصول کو امل اور قریب
الحصول کو طمع کہتے ہیں جو جبائی کہتے ہیں -
تعلق قلب بحصول المحبوب فی المستقبل کو رجاء کہتے
ہیں - تمنا محال کی بھی کی جاتی ہے اور رجاء ممکن
ہی کے لئے ہوتی ہے -
خوف - ترسیدن -
جلیس - ہم نشین -
انیس - انس و الفت رکھنے والا - ہمدم و
غمخوار و خو گرفتہ -
سمیر - قصہ گو و ہمداستان -
شہید - اسے شہید - سو کبھی ستی بھی - معنی یہاں
پر چسپاں ہیں -
از کسے بریدن - اس سے قطع تعلق کر لینا -

صفحہ ۱۷

خامہ زدن۔ قلم بطلان کشیدن۔ کاٹ ڈالنا۔ منسوخ کردینا۔

خامہ۔ قلم سا

خاطر۔ انچہ در دل گذرد۔ یہاں رویت مراد ہے۔ کیونکہ مصنف نے رویت اور خامہ ہی سے اہانت کی خواہش کی ہے۔

از خاطر فرو گذاشتن۔ کسی کا خیال دل سے نکال ڈالنا۔

بواعث۔ جمع باعث کسی بات پر برانگیختہ کرنیوالا۔

ھی النفس۔ یہ نفس ہی ہے کہ جب اس کو کسی بات کا عادی کرنا چاہو۔ تو وہ اس کا عادی ہو جاتا ہے۔

بہادئی داد۔ برباد میکرد۔ وور ہیجان می آمد کا فاعل بواعث ہے۔

اے بادہجات الخ۔ اے معشوق خوشیہا ئے نفس در سرائیہ خانہ شماست۔ مشتاق بآں خوشیہا کامیاب بیشود اگر موانع نباشد۔

دست در دامن کسے زدن۔ اس سے تمسک کرنا۔

آلا بر امر وسیلہ الحاج۔ اصرار و لجاج وسیلہ فیروزی وحاجت برآری ہے۔

جنات مآب۔ جس کا مرجع وجائے بازگشت بہشت بہشت ہوں۔

الف۔ چونکہ حروف ابجد میں الف حرف اول ہے۔ اس لئے الف کے معنے ابتدا اور اول کے ہوتے ہیں۔ چونکہ عقل بمقتضائے۔ اوّل ما خلق اللہ العقل۔ مخلوقات میں اوّل مخلوق ہے۔ اس لئے حروف آفرینش میں اس کے کمال کو اولیت میں بمنزلہ الف کہا ہے۔

لاجورد۔ ایک نیلے رنگ کا پتھر ہے جو کاشغر میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کو حل کرکے روشنائی بناتے ہیں۔ اور دفع چشم زخم کے لئے چہرہ اطفال پر اس سے صورت لام بنا دیتے ہیں۔

لام بشکل خط لام کہ از عنبر ومشک سپند سوختہ ونیل لاجورد کہ بجہت دفع گزند نظر بد بر چہرہ اطفال کشند۔ (از فرہنگ انجمن آرائے ناصری) یہ شعر انوری کا ہے

پرتو۔ فروغ وانعکاس نور۔ یہ لفظ بھی بر کے تخفیف میں ہے۔

فعل۔ عمل وکار۔ آن کا مرجع خیر محض ہے۔

مقصود بالذات۔ جس میں کوئی غرض شامل نہو۔

شائبہ۔ آمیزش۔ دنی کینہ۔

مشوب۔ آمیختہ۔

تیر باران۔ بارش مانند تیر۔ مراد ازاں کثرت۔

سآمت۔ ملول شدن وبستوہ آمدن۔

ملامت۔ نکوہش وسرزنش۔

سادگی۔ ابلہی ونادانی۔

جبلی۔ فطری وخلقی۔

پیشہ ساختن۔ کار خود قرار دادن۔

کسل۔ بفتحتین کاہلی وسستی۔ (ترجمہ) کاہلی شہد سے بھی زیادہ شیریں ہے۔

سبکسار - بتمیز - بے وقار - کم مایہ -

مہذار - بیہودہ گو -

ابی بر اقش - مرغیست رنگارنگ و ملون (ترجمہ) مثل مرغ بوقلمون ہر رنگ اسی کا رنگ خیال ہوتا ہے - یہ مصرع ضرب المثل ہے - اور بتخیل آخر میں اور بڑھا لیتے ہیں -

صفحہ ۱۸

خردہ دانی - باریک بینی و دقیقہ رسی -

زمان - جب زمین کے ساتھ آتا ہے تو معنی آسمان ہوتا ہے - (بصد سے پہلے واو عطف نہیں چاہئے اور بیخواند کو بصیغہ حال پڑھو) -

تکاثر - زیادتی و فخر بسیار بر مال -

تجاسر - دلیری کردن -

توغل - آمد و رفت کردن و انہماک -

تململ - بیقراری و ملالت دستورہ -

تمادی - بنہایت چیزے رسیدن - انتہا و حد

تغابی - غبی و کودن و نازیرک شدن - تغابی اور پندارنہ کے درمیان از قبیل سہ ان المسئیلہ اذ المرئیہ ماموش ہ حذف ہوگیا - (ترجمہ) کہیں ایسا نہ ہو کہ صاحبان فضل قلم کی زیادتی کو جرأت پر اور انہماک ملامت پر اور انتہائے عبادت پر بنجوا ئے ایک جب کسی کام سے منع نہ کیا جائے تو وہ اپنے آپ کو اس کام پر مامور سمجھتا ہے -) کے محمول کریں -

تادیب - سزا دینا - ادب سکھانا -

تہذیب - اصلاح کرنا -

گمراہان بادیہ تقلب - مراد از خاطر و قلم -

طوافان - گردگردندگان -

مجاز - ضد حقیقت -

بلاطائل - بے فائدہ -

بارے - المختصر - حاصل کلام -

رخت اقامت بیرون بردن - کسی جگہ سے اسباب برائے سفر باہر نکالنا - کہیں سے سفر کر جانا - (یہ مقولہ دل کا ہے) -

چار تکبیر بر چیزے زدن - کنایہ از ترک کلی و قطع علائق - مردہ پر جو نماز پڑھتے ہیں - اس میں چار تکبیریں ہوتی ہیں - لہذا اس کے اس مردہ سے ہمیشہ کے لئے قطع تعلق ہو جاتا ہے - اس لئے ترک کلی کے معنے ہیں (صحت کی جگہ صحبت پڑھو) یعنی دل نے کہا کہ میں سینہ کی منزل تنگ کو چھوڑ کے چلا جاؤنگا - اور صحبت خاطر و خامہ کو قطعی ترک کر دوں گا -

رفتم - جاتا تو ہوں - مگر بغیر تیرے اے عقل میرا ایک نفس خوش نہ رہے - اس مصرع کے بعد یہ عبارت چھوٹ گئی -

نفس لوامہ حاضر بود - از غایت

دلسوزی بر حال دل شوریدہ از

رقت و شفقت اطمنان و اطمینان

را میگفت سے

کہ تو سلطانی فیما الیقین من خلدی

ما استطیع بہ تودیع مرتحل

ولا من الغمض ما اقری الخیال بہ

ولا من الدمع ما ابکی علی الطلل

اس عبارت کی ضرورت اس لیئے ہے کہ آگے ذکر نفس لوامہ کا پھر ہے۔ اگر یہ عبارت نہ ہو تو اصل عبارت غیر مربوط ہو جائے گی۔

نفس لوامہ۔ بڑا ملامت کرنے والا نفس یعنی بُرائی سے روکنے والا۔ یہ نفس اولیا کا ہوتا ہے دو باقی نفس مطمئنہ اور نفس امارہ ہیں۔

شوریدہ۔ پریشان۔

رقت۔ مہربانی و نرمی۔

شفقت۔ صرف ہمت در ازالہ مکروہ از مخلوق عطوفت مع الخوف۔

اطمینان۔ آرام و تسلی۔

اہلمنان۔ میرے نسخہ قلمی میں اس کے معنی اطمینان اور نسخہ مطبوعہ تبریز میں خاطر جمعی معنے لکھے ہیں جو مناسب محل بھی ہیں۔ مگر یہ لفظ مجھ کو صراح اور قاموس میں نہیں ملا۔ مولوی عبدالرحمن صاحب نے کانپور سے اطلاع دی تھی کہ یہ لفظ منجد میں تحت ہلم ہے چنانچہ منجد میں ھُلَمان وھَیلُمان وھِلِمّان بمعنی شئ کثیر لکھا ہے۔ گویند الخیر الکثیر ویقال جاء بالھیل والھیلمان اذا جاء بالمال الکثیر۔ مگر مفید محل نہیں۔

ترجمہ اشعار عربی۔ کوچ شدگان معشوق (تو نے تو میرا دل باقی نہیں رکھا (یعنے چھین لیا) دل کے نہ ہونے کی وجہ سے میں کوچ کرنیوالے کے رخصت کرنے پر استطاعت نہیں رکھتا ہوں۔ تو نے تو آنکھ بند کرنا بھی (مجھ میں باقی نہیں رکھا) جس سے خیال کی مہمانی کروں۔ اور نہ آنسو ہی چھوڑے۔ جن سے میں کھنڈروں پر روؤں۔

اقراء۔ مہمانی کرنا۔

عادت مالوف۔ رسم جاری۔ پڑی ہوئی عادت۔

مبہوت۔ حیران۔

قلق۔ بفتحتین اضطراب بے آرامی و پریشانی۔

مسکنت۔ بیچارگی و ضعف۔

مستمند۔ صاحب غم و داد خواہ مستمند بمعنی غم و اندوہ آمدہ۔

تالم۔ الم قبول کردن و دردناک شدن۔

تاثر۔ اثر قبول کردن۔

رفقا۔ جمع رفیق ہمراہ۔ ونرمی و لطف کنندہ۔

عزیمت او۔ ارادۂ دل۔

قطعیت کلی۔ پورا پورا قطع تعلق۔

ان من المعروف اسماع کلام الملھوف

کسی مظلوم کی بات سننا بھلائی میں سے ہے۔

معروف۔ نکوئی و احسان و بذل۔

متعارف۔ شناسا و مشہور۔ معمولی۔

ماجری۔ واقعہ۔ جھگڑا۔ ما بمعنی آنچہ و جری بمعنی جاری شد۔

حالی۔ فوراً۔ **شقیق**۔ برادر۔ بھائی۔

رسالت۔ ایلچی گری۔

ایشاں را یاد دل بہم (خاطر درویت) اور قلم

اور دل سب کو۔

ادلّہ۔ جمع دلیل جو مفید ظن ہو۔ لیکن یہاں مفید العلم مراد ہے۔

تحالف۔ باہم قسم خوردن۔ عہد و پیمان بستن ایک دوسرے کے حلیف ہونا۔

تألف۔ باہم الفت کردن۔

استیحاش۔ وحشت و نفرت کردن خواستن۔

تجنب۔ کنارہ کشی و بیگانگی و دوری۔

بجنب۔ بہ پہلو۔ بطرف۔

تحبب۔ باہم حُب و دوستی کردن۔

تودّد۔ محبت کرنا۔ تمنّا کے ساتھ۔

بازخواست۔ طلب و جستجو و مواخذہ و واپس گرفتن۔ بلیغ اس کی صفت ہے۔ اور کرد محذوف۔

جاش۔ سکون دل از ترس و اضطراب و تپیدن۔

سکون جاشی پا پدید آمد۔ اضطراب و تپش میں تسکین ظاہر ہوئی۔ یا بمعنی تسکین دلی۔

گرم پرسیدن۔ بہت سرگرمی کے ساتھ کسی کی پرسش کرنا۔

صفحہ ۱۹

ما را غم یار۔ میرا کام یہی ہے کہ میں اپنے یار کا غم رکھوں۔ یہ ایک مصرع ہے شعر نہیں ہے۔ آگے قول خاطر ہے۔ اور نثر ہے۔

انی اذلّ من وتد۔ میں تو میخ سے بھی زیادہ ذلیل ہوں۔ یعنی میں آپ کا بندۂ خاکسار ہوں میخ ہر وقت کوٹی جاتی ہے اس لئے عربی میں ذلت میں ضرب المثل ہے۔

دوبیتی۔ رباعی۔ ترانہ۔

تمثّل۔ مثال لانا۔

قفا خوردن۔ مُشت دست بر پس گردن خوردن گدّی پر کھانا۔

مسمار۔ میخ۔ **سرتیزی**۔ سرکشی و جنگجوئی۔

باز شدن۔ جُدا ہونا (ترجمہ) آخر کار سرتیزی کی وجہ سے باوجود اتنی ایک سرزنش کے بجبر در یار سے ہٹایا گیا۔ "ازو" میں ضمیر یار یا دربان کی طرف پھرتی ہے۔

جادہ۔ بٹیا۔ پگ ڈنڈی۔ نہاد کا فاعل قلم ہے۔

استظہار۔ طلب مدد و یاری۔

اغماض۔ چشم پوشی کردن۔

ساحت۔ میدان۔ **معالی**۔ بلندیہا۔

تطرق۔ راہ یافتن۔

مصُون۔ اصانت سے مفعول کا صیغہ ہے بمعنی محفوظ واو پر ہمزہ نہیں ہے۔

افضال۔ بکسر اول نکوئی کردن و افزونی نمودن۔

نصاب۔ اتنا مال جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ مراد کامل و اصل و مرجع۔

تطرف۔ برکنارہ لشکر زدن مراد حملہ۔ یہ معنی باب تفعیل سے ہیں۔ باب تفعل سے پایا نہیں جاتا۔ مگر اہل فرس اس کے پابند نہیں۔

محروس۔ محفوظ۔ کہ ساحت معالی سے لے کر اس لفظ تک دُعا ہے اہل فضل کے لئے۔

تجربۃ الامصار - شہروں کی آزمائش و تجربہ
تین نسخوں میں تاریخ وصاف کا یہی نام لکھا ہے اور
مشہور بھی یہی ہے - نسخہ لاہوری میں تجزیہ
اس بنا پر غلط چھپا ہے -

تزجیہ - بنرمی راندن میگفت - کیف تزجی الایام
اے چگونہ دفع میکنی زمانہ را - و بمعنی اکتفا و روانی
کار و اشد نفاذ شدن و روش -

اعصار - بکسر گرد باد - و بادے کہ ابر و رعد و برق
آرد - و بفتح جمع عصر بمعنی روزگار و زمانہ -

تزجیۃ الاعصار - روش و روانی و نفاذ روزگار -

بیرنگ - خاکہ - یعنی نقش تصویر جس میں ابھی
رنگ نہ بھرا ہو - گردہ -

نیرنگ - طلسم و سحر و افسون و عجائبات

طلسم - خیالہائے موہوم بشکل عجیب -

ارتسام - نقش -

سلسلہ از تاریخ جوینی

منگوقاآن ۶۵۵ھ میں مرا - پسر تولی خان
پسر چنگیز خان - یعنی چنگیز خاں کا پوتا اور ہلاکو کا
بڑا بھائی - مغلوں کا تیسرا شاہ ہے -

منتری - نام شہر ہے -

اقصی - دور تر -

جرار - کثیر و لشکر بسیار -

عُدّہ - بضم ساز و سامان و آمادگی و بکسر شمار -

یسار - ثروت و مال و توانگری -

قرائن - نام شہر ہے -

مضافات - اعمال و اضلاع و اطراف -

مضافات - منسوبات - شاملات -

ختائے - بکسر ملکے بزرگ در ترکستان و مغولستان

درقرائن - در اثنا - درمیان - در نزدیکہا -

جہانبانی او - بادشاہی و حکومت منگوقاآن -

برقضیت - حسب اقتضا - بحکم -

یعطی فیہ جج فی عطائہ دیتا ہے - اور
پھر اپنا دیا ہوا واپس لیتا ہے -

صفحہ ۲۰

ہادم اللذات - موت -

ایلچی ہادم اللذات - عزرائیل ملک الموت
قابض ارواح -

یرلیغ - فرمان - اجرا - ترکی ہے -

اذا جاء جب اُن کی موت آجاتی ہے تو ایک
منٹ نہ دیر کر سکتے ہیں - اور نہ تقدیم -

رہبوت - خوف و ہیبت -

سطوت - حملہ و قہر و غلبہ و دبدبہ -

باس - عذاب و سختی -

رادع - روکنے والا - دور کرنے والا -

یاسا - قانون تعزیری چنگیزی و تورہ قانون دیوانی -

باس - ناامیدی -

وتلک الایام - اور یہ اتفاقات زمانہ ہیں -
جو ہم لوگوں کے درمیان باری باری الٹ پھیر
کیا کرتے ہیں - سورہ لن تنالوا رکوع چار -

آریغ بوکا - برادر منگو قاآن۔

قراقرم - نام شہرے از ترکستان

معسکر - اردو۔ کیمپ۔ پڑاؤ۔

طلیعہ - طلایہ۔ ہراول۔

داعیہ - خواہش۔

قتقتاے - زوجہ بزرگ منگو قاآن۔

بالتو - پسر منگو قاآن۔

چغتائی - پسر چنگیز خان و عم منگو قاآن۔

کلکان - از امرائے چنگیز خاں۔

انما نحن - دنیا کے لوگ نہیں رہتے ہیں یا بمعنی نگہدار نہ۔ اس وقت میں فاعل قضا و قدر ہوں گے۔

اوتچگین - برادر چنگیز خاں۔

راہ قاآنی - حق حکومت۔

قوبلا - پسر بزرگ منگو قاآن۔

اریقی - پسر خورد۔

آقا - پسر بزرگ۔

حادثے - ایک چھوٹی سی بات جنگ عظیم کا باعث ہو جاتی ہے۔

مملکت اصلی - مراد دار السلطنت قراقرم۔

صفحہ ۲۱

متصدی - پیش آئندہ۔ مرتکب و عامل۔

شبق - آرزو مند۔ جماع شدن و شہوت۔

نزق - بفتحتین سبکی و تیزی و شتابی۔

شیمت - بکسر طبیعت و خصلت۔

کاتبا - سے مراد مصنف کتاب ہذا۔

اسلاف - جمع سلف گذشتگان۔ ضد اخلاف۔

انشاد - شعر پڑھنا۔ انشا غلط اس مقام پر۔

آں کا مشار الیہ عدل اور اس کا ملک ہے۔

روئے در چین کشیدن - منہ بگاڑنا۔ ناخوش ہونا بجائے مکش بصیغہ نہی۔ بکش بصیغہ امر چاہیئے۔

ترک مہر خویشتن - اپنی ذات کی محبت چھوڑ دینا

کابین - بکسر باء موحدہ مہر بفتح و صداق۔

اموال متوجہات - رقم سوا علاوہ مالگزاری۔

گلہ - گروہ اسپ و شتر و گاؤ۔

رمہ - گروہ گوسپندان۔

مواشی - جمع ماشی چوپایہ۔

ایل - قبائل ترکان

ممیزان - ممتازان۔ صاحب تمیزان۔

مہندسان - انجینیران علم ہندسہ جاننے والے۔

بنایان - معماران۔

صفحہ ۲۲

محترفہ - پیشہ وراں

تمدن - مدینہ و شہر بنانا۔ اجتماع مردمان۔

سواد - مراد آبادی۔

آلغو - چغتائی کا پوتا اور آریغ کا وزیر۔

تمکین - وقار۔

اعتقاد - عقیدت و ارادت رکھنا۔ اعتضاد بمعنی مددیاری یا اعتماد بمعنی وثوق بھی پڑھ سکتے ہیں۔

مواطاۃ - موافقت۔

نوئینان۔ سرداران و امرائے اعظم و شاہان و حکام۔

ہمدستان۔ موافق۔

مغافصۃً۔ ناگہان فرو گرفتن (صراح)۔

اُسر۔ قید کردن۔ قہر۔ سیاست کردن۔

بأسرہم۔ بتمامہم۔ ہمہ ایشان۔ کلیتہً۔

احفاد و حفدہ۔ نبیرگان دیاری گراں و خدمتگاران۔

مقبوض۔ گرفتار۔

تیغ یاسا۔ شمشیر سیاست۔

نیاکپان اغول و اُقرچی۔ نبیرگان چغتائے۔

مقادر۔ تقدیریں لکھی ہوئی۔

ہرو و۔ آمیغ بوکا و آلغو۔

اعتناء۔ رنج کشیدن۔ و توجہ۔

اصطناع۔ نکوئی کردن۔

اتباع۔ پیروی کردن۔

متشایع۔ شتابی کنندہ۔

مثابت۔ منزلہ۔

اعیان بلاد۔ بڑے بڑے شہر۔

یورت۔ پڑاؤ۔ منزل۔

صفحہ ۲۳

اقطار۔ اطراف جمع قطر۔ وہ خط جو مرکز سے گذر کر دونوں طرف محیط سے مل جائے۔

ثقات۔ معتمدین جمع ثقہ۔

جتاولان۔ سفر کنندگان۔

خان بالیغ۔ شہر بزرگ شاہ۔ مراد پیکن۔

شہامت۔ دلیری۔

لباقت۔ زیرکی ہوشیاری والحسن فی الشمائل

حرف دوم بائے موحدہ است۔

آب آموئے۔ دریائے جیحوں۔

مُکنت۔ بضم۔ قدرت۔

استغنا۔ بے نیازی۔

استعلا۔ علو مرتبت

خود را۔ برائے خود۔ بلا۔ را۔ کے بھی یہی معنی ہیں۔

خشن۔ غضبناک۔ جشن بجیم غلط ہے۔

سترگ۔ بروزن و معنی بزرگ و تنومند۔

رابقۃ بکسر حلقہ رسن۔ ایلی۔ بکسر اطاعت۔

تنمّر۔ بروزن تفعل پلنگ بن جانا۔ مراد سرکشی۔

تمرّد۔ سرکشی۔

اقذار۔ حرف سوم ذال معجمہ و حرف پنجم رائے مہملہ ڈرانا۔

تنکیل۔ عذاب کردن۔

صفحہ ۲۴

ہزارہ۔ ایک ہزار سوار کا افسر و نام قبیلہ ترکی۔

اثبان و ثبادون جمع اثبان و ثبیرون

مناکب۔ جمع منکب۔ دوش و کتف و شانہ۔

آنجا۔ مراد المالیغ۔

ایلشیان۔ مرجع سالی و لشکریانش۔

تحکّم۔ زبردستی و جبر۔

شرارت۔ بفتح زشتی خو۔

جموح۔ بضمتین سرکشی۔

او ۔ مرجع سالی بہادر ۔
منشکی ۔ صحیح ۔ مُنشکی ۔ دردناک وشاکی ۔
قائد ۔ سردارلشکر ۔
تباعت ۔ بفتح پیروی کردن ۔
استمالت ۔ اپنی طرف مائل کرنا
انقیاد ۔ تابعداری ۔ کسی کی قید میں ہوجانا ۔
مطاوعت ۔ تابعداری ۔
خواند ۔ بصیغہ مضارع ۔ بلائے ۔
تمشیت مُہم ۔ اجراء کار ۔
شحنہ ۔ بکسر ۔ کوتوال ونگہبان شہر یا صحیح باز ۔
چونکسان طائفو ۔ کوتوال سمرقند ۔
بوقابوشا ۔ کوتوال بخارا ۔
مُباشر ۔ اختیار کنندہ و بجز در کاری مشغول ۔
برقرار مُقرر ۔ حسب دستور سابق ۔
داشت ۔ کا فاعل نیک پے اغول
مجند ۔ لشکر ۔ خاضع ۔ فروتن
سوارے صحیح ۔ سوارانے
اقران ۔ ہمسران ۔
قران نحسین مصاف ، اجتماع زحل ومریخ در یک برج ۔ زحل نحس اکبر اور مریخ نحس اصغر ہے ۔
مناوات ۔ حرف چہارم واو باہم دشمنی کردن ۔
مشتق از نوء بمعنی نہوض است ۔ دوری ۔
مباہات ۔ فخر کردن ۔
صفحہ ۲۵
مضائق ۔ جمع مضیق تنگیہا ۔ (واو ناظفیہ)

مکامن ۔ جمع مکمن ۔ گھات کی جگہ ۔
مصاعب ۔ جمع مصعب ، جائے صعوبت ۔
معارک ۔ جمع معرکہ میدان جنگ ، عرک سے مشتق ہے ۔ جس کے معنی کارزار کردن کے ہیں
سرخرو ۔ کامیاب ۔
کبر ۔ عظمت ۔ بڑائی ۔ غرور ۔
بغضاء ۔ بفتح ۔ دشمنی ۔
سالی ۔ اسم فاعل از سلوۃ خرسندی جس کے معنی تسلی پانے والا ۔
غیر سالی ۔ نہ تسلی پانے والا ۔
مستصحب ۔ رفیق و یار و ہم صحبت ۔
تمشیت صحیح تمنیت ۔ آرزومند کرنا ۔ تمنا دلانا ۔
ایشان ۔ مرجع اہل لشکر سالی جن کو اپنا رفیق نیک پے نے بنالیا تھا ۔
عصیان ۔ نافرمانی ۔ مجاہرہ اظہار عداوت ۔
مطلع ومقطع ۔ آغاز وانجام ۔
باخود ار بد کردہ ام ترکیب اس مصرع کی یوں ہے ، ار بد کردہ ام باخود بد کردہ ام ۔ جو کوئی بدی کسی کے ساتھ کرتا ہے ۔ وہ حقیقتہً بدی اپنے حق میں کرتا ہے ۔
واو اشمام سے پہلے خائے معجمہ ہمیشہ مفتوح آتی ہے ۔ چنانچہ بہ امر اس قافیہ سے ظاہر ہے کہ بد کا قافیہ خود کے ساتھ لایا ہے ۔
مُباشر ۔ فاعل در ترکیب ۔
زہر گیا ۔ ہندی بچھناک ۔ ایک سخت زہریلی گھانس

کبست - بفتحتین - حنظل - اندرائن -

ادراک - حاصل کردن -

ریع - کشت و غلہ -

خط معمی - وہ تحریر جو پیچیدہ ہو - جس کا مطلب ہر ایک کے سمجھ میں نہ آئے - ایک تو تحریر معمی میں ہو اور پھر وہ پانی پر لکھی جائے - ظاہر ہے کہ اس تحریر سے زیادہ بیمعنی اور لاشئی کون چیز ہو سکتی ہے -

ایشان - آریغ یوکاو آلغو -

خواستہ صحیح **خاستہ** یا **برخاستہ** -

مجازات - بدلہ - **غدر** - بیوفائی -

فراو - مراد یعنی برآلغو - یعنی بجائے ادائے شکر نعمت و ادائے خدمت جو اس سے بیوفائی سرزد ہوئی ہے - اس کا بدلہ اس کو دکھائے -

قصہ خواندن چیست - یہ جملہ بجائے الحاصل و المختصر و بارے مستعمل ہے -

وحشت - نفرت -

مناقشت - منازعت -

وسائط - جمع وسیط مراد اسباب -

مکاوحت - بفتح واو - جنگ کردن و آشکارا دشنام دادن -

مکاوحت - حرف چہارم دال مہملہ کوشش کردن و بدشنے خراشیدن -

صفحہ ۲۶

مستعد - آمادہ - مہیا -

محتشد - مجتمع و متفق و مستعد و مہیا -

قصد - جب بلا مضاف الیہ ہوتا ہے تو معنے ارادہ قتل کے ہوتے ہیں -

پولاد و سنگ - پولاد بلحاظ اسلحہ - و سنگ بلحاظ سخت دلی یا سنگہائے مناجیق -

عتاد - بفتح ساز و سامان و آمادگی -

عتید - اہبت و آلت و آمادہ - موجود و مہیا -

نطاق - بکسر قوس کمر پٹکا -

فضا - بفتح ہوا - جو کائنات - کھلا میدان - زمین و آسمان -

ہزاہز - تحریک الفتن والبلایا والحروب -

تضایق - تنگی -

سنگدلی - سختی -

سنابک - جمع سنبک بمعنی سم -

بادپا - اسپ تیز رو -

از چشم چشمہ - یعنی پہاڑوں سے جو چشمے جاری ہیں یہ چشمے نہیں ہیں بلکہ پہاڑ باوجود سختی گھوڑوں کے پاؤں سے کچل کر آنسو بہا رہے ہیں -

موقف - محل و مقام -

مناجزت - مبارزہ و مقابلہ -

مشاجرت - منازعت و مطاعنت -

شداد - بکسر محکم و استوار - جمع شدید -

جلاد - بکسر جمع جلید دلیر و چست و محکم و شمشیر زدن -

اجناد - جمع جند لشکر -

طواف - گرد [illegible]

محل [illegible]

شاید اس سے اچھا ہو۔
عناد۔ ستیزہ کردن ونیزہ زدن چپ و راست۔
طعان۔ بکسر۔ نیزہ زنی۔
طراد۔ راندن وحملہ کردن ونیزہ ایست کوتاہ۔
ناس۔ زمین سنگستان۔ ور نسخہ تبریزی راس کی جگہ راس چھپا ہے بمعنی سر۔ ترجمہ شعر پتھر سنگستان کے زمین پر خون کے بن گئے ہیں۔ اور ستارے تلواروں کے آسمان غبار میں ہیں۔
بیض۔ بکسر جمع ابیض شمشیر و بافتح جمع بیضہ بمعنی خود آہنی۔
قتام۔ بفتح بمعنی غبار (ترجمہ شعر لفظ راس سے) خون کی زمین پر سروں کے پتھر ہیں۔ اور تلواروں کے ستارے آسمان غبار میں ہیں۔
چوں آسمان ...... گرفت۔ جب آسمان و زمین نے صورت مفہوم شعر مذکور اختیار کی۔
نیرنجات۔ طلسمات۔
اسود۔ صاحب قاموس بمعنی سہم (تیر) نوشتہ و بمعنی مار بزرگ سیاہ میرے نسخہ قلمی میں اسود ایک ساحر کا نام لکھا ہے۔ جو تیر طلسم بناتا تھا۔ اور نسخہ تبریزی میں نام شخصے ساحر لکھا ہے۔ معنی مناسب محل ہیں۔ مگر کسی لغت میں یہ معنی مجھے نہ ملے۔ یہ معنی نام ساحر صحیح ان کے یا تو کنایہ تیر سے ماننا پڑیگا۔ یا نیرنجات سے پہلے تیر کا لفظ بڑھانے کی ضرورت ہے۔
نہیب۔ صاحب غیاث بکسر نون نہاب کا املہ بتاتے ہیں ... ۔ بیم و عظمت معنی بتاتے ہیں۔

باشیدن۔ رہنا جس طرح کہ کمر درمیان جسم ہے جب آلغو خوف تیغ آرسلغ سے درمیان میان ٹھہر نہ سکا۔
سبک۔ فوراً۔
پیشانی۔ مقابل و برابر۔ یعنی جیسے آگے کے بال با وجودیکہ سامنے ہوتے ہیں۔ مگر کنگھی کرنے کے بعد پس سر کر دیئے جاتے ہیں۔ اور سامنے نہیں رہتے۔ اسی طرح آلغو بھی منہ پھیر کے پیچھے ہٹ گیا۔ یعنی بھاگ گیا۔
پرخاشجو۔ جنگ جو و خصومت کنندہ۔
انگشت بدندان گزیدن۔ کنایہ از حسرت خوردن۔
ادبار۔ بکسر اوّل بدبختی ضد اقبال۔
خُسَک۔ اردو گوکھرو۔ اس کی شکل کے لوہے کے بنا کے میدان جنگ میں بکھرا دیتے ہیں۔ یہ لفظ فارسی ہے۔ صاحب منتخب نے جائے حطی سے اس لفظ کو لکھ کر یہی معنے بتاتے ہیں جس سے اس کا عربی ہونا معلوم ہوتا ہے۔
اوصاف فروشی تا چند۔ اظہار و بیان اوصاف کب تک، یہ جملہ بھی برائے اختصار کلام لاتے ہیں۔
امداد۔ جمع مدد بمعنی کمک دیاری۔
نکبت۔ بفتح خواری وخستگی و درد مندی۔
متطرق۔ راہ گیرندہ۔
مُخیّم۔ خیمہ گاہ۔
معطوف گردانید۔ پھیری۔

صفحہ ۲۷

استیناف۔ از سر نو گرفتن۔ پھر شروع کرنا۔

درقصار لیف آن احوال - دوران میں ان حالات کے۔
سدائے صحیح **شاداسے** - ایلچی کا نام ہے۔
الحق صحیح **الحاق** - مل جانا۔
بفال گرفتن - میمون و مبارک سمجھنا۔
استظہار - ہم پشتی - مدد۔
التیام - زخم کا بھر جانا۔
کر - حملہ۔
مطاردہ - ایک دوسرے کو بھگانا۔ ہٹانا۔
نزیلاں - مہمانان - فرود آئندگان۔
نزال - جنگ۔
قدوم - بضمتین - آمدن۔
مقداماں - آگے بڑھنے والے - پیشرو۔
جرّارہ - دراز - نیزہ چونکہ دراز ہوتا ہے۔
خطی - یعنی نیزہ - موضع خط کے بانس عمدہ ہوتے ہیں۔ اس لئے وہاں کا نیزہ مشہور ہے۔ نیز بوجہ درازی نصب دفتحہ بوجہ عامل سے استعارہ کیا ہے۔
عامل - نیزہ و سنان - اسم کو اعراب دینے والا۔
عمل - کام کرنا - اور اسم کو اعراب دینا۔
الغاء - افگندن و باطل کردن و لغو گردانیدن۔
مدارا - اصل میں مدارات ہے - رعایت کردن۔ وصلح و آشتی نمودن - یعنی مدارات و رعایت جو عامل رکا رکن) یعنی - اس کو حرکت نصب دراز نیزہ سے لغو اور باطل کردیا۔ یعنی مدارات ترک کردی - اور نیزہ زنی کرنے لگا۔

نزیغ - بفتح میل کردن - مراد کجی۔
راجع - سوائے مہر و ماہ کوئی دوسرا سیارہ جو اپنی سیر طبعی سے پیچھے پلٹنے والا ہو - اور سیر طبعی سیاروں کی مشرق سے مغرب کو ہے - حالت رجعت میں سعد سیارہ کی بھی تاثیر نحس ہو جاتی ہے - اور سیر طبعی کو استقامت کہتے ہیں۔
بُرج - خانہ سیارہ - وقت ولادت مولود افق شرقی پر جو بُرج ہو وہ اس مولود کا طالع کہلاتا ہے۔
معوّج - کج و ناراست - **امنیّت** - آرزو۔
نامستقیم - ناراست و کج۔
توقف - قیام + **ہزیمت** - شکست۔
پشت دادن - گریختن۔
پشتی نیافتن - مدد نہ پانا۔
روئے تافتن - منہ پھیر کے چلا جانا۔
قفا خاریدن - شرمندہ ہونا۔
تثبّت - قرار و قیام - **منادی** - ندا کرنیوالا۔
علیؓ - ابن ابی طالب - حضرت رسالت مآب کے چچا زاد بھائی اور داماد - چونکہ نبی کی کم سنی میں ان کے والد نے انتقال کیا تھا - اس لئے ابو طالب ہی نے نبی کی پرورش کی اور کفار قریش کے مقابلے میں ہر قسم کی مدد کی - کل لڑائیاں نبی کی علیؓ ہی نے سر کیں - روز ہجرت بستر نبی پر با وجود خطرہ جان علی ہی سوئے - نبی کی اکلوتی اور پیاری بیٹی فاطمہ زہرا کے شوہر تھے - ائمہ اثنا عشر میں آپ اوّل امام ہیں - منجملہ دیگر القاب کے آپ کا لقب امیر المومنین - سید الاوصیا تھے اور کنیت

ابو الائمہ ہے سنہ ۴۰ھ میں پینسٹھ برس کی عمر میں مسجد کوفہ میں عبد الرحمن ابن ملجم نے بحالت سجدہ شمشیر زہر آلود سے سر پر ضرب لگائی۔ ضرب کے تیسرے دن ۲۱ رمضان کو شہادت پائی۔ نجف اشرف میں اُن کا مزار مقدس زیارت گاہ خاص عام ہے۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ۔ مکرم کیا اللہ نے اُن کی پیشانی کو یعنی دوسرے مسلمانوں کی طرح کبھی بتوں کو سجدہ نہیں کیا۔ کیونکہ حالت طفلی ہی سے اسلام قبول فرمایا تھا بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ سب سے پہلے مسلم یہی ہیں۔ اسلام ان کی ذات اقدس پر بحیثیت علم و شجاعت و عدالت و عفت جو بھی فخر کرے بجا ہے۔

لکل قضاء جالب و لکل درّ حالب۔ ہر قضا کا کوئی لانے والا ہے۔ اور ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا ہے۔ یعنی ہر فعل کا کوئی فاعل ضرور ہوتا ہے۔ اور فاعل مطلق خدا ہے۔ علی رض کے کلمات قصار حکمت آمیز مشہور ہیں جس کتاب میں ان کے کلمات اکٹھا کر دیئے گئے ہیں اُس کا نام درر غرر ہے۔ اور خطبات کے مجموعہ کا نام نہج البلاغۃ ہے جس کی شرح ابی الحدید معتزلی نے نہایت ضخیم لکھی ہے۔ ایک مختصر سا دیوان بھی اُن کے نام سے شائع ہے۔ یہ کلمات حضرت علی سے ہے۔

صفحہ ۲۸

اقتدار۔ قدرت۔ **شست**۔ بفتح چٹکی۔

خشوع۔ عاجزی و فروتنی۔

رکاب گراں کردن۔ سوار ہونا۔ (رکاب فرار گراں کرد) اسے گریختن۔

بیکرانہ۔ جس کا کنارہ اور انتہا نہ ہو۔ بیحد و کثیر۔

مَرَدّ۔ باز گردانیدن و قبول نہ کردن۔ و بفتحتین و تشدید دال ترکردن۔ صنعت تیغ میں لفظ چو آب چھپنے سے رہ گیا ہے۔ جو نسخہ تبریزی میں موجود ہے۔ (ترجمہ) تاکہ تیغ چو آب سے تر کرکے اس کی سرکشی کا جواب دے۔ نسخہ تبریزی میں بجائے مَرَدّ مُزد بضم میم و سکون زائے معجمہ بمعنی اُجرت مرقوم ہے۔ بہتر یہ ہے کہ مَرَدّ رد سے مصدر میمی ہو جس کے معنی رد کرنا ہیں۔ اس صورت میں جواب کے مناسب بھی ہوگا۔ مرد۔ تمرد۔ چو آب و جواب میں تجنیس خطی ہے (ترجمہ) تاکہ تیغ چو آب سے روک کر اس کی سرکشی کا جواب دے۔

تمرّد۔ سرکشی۔ **استکبار**۔ گردن کشی۔

تفرّد۔ یگانہ و یکتا ہونا۔

استکثار۔ اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھنا۔

التجا۔ پناہ لینا۔ **مامن**۔ جائے پناہ۔

قبلہ۔ جس کی طرف منہ کریں۔ **اقبال**۔ پیش آمدن۔

برادر۔ مراد قتلغ کہ برادر آتش بو کا ہو۔

دشمن۔ مخفف دشمان بمعنی دو ضد۔ یہاں مراد آتش بغو۔

طرف نقیض۔ بھائی سے موافقت اور دشمن سے مخالفت چاہیے تھی۔ مگر اس نے اس کے برخلاف دشمن سے موافقت اور بھائی سے مخالفت اختیار کی تھی۔

معلم۔ اسم فاعل از اعلام۔ آگاہی دینے والا۔

ندامت - پشیمانی - ماضی - جو کچھ گذرا -
کیفیت مجاری قضا - بیان اس بات کا کہ تقدیر میں یوں ہی لکھا ہے -
از طرف یسار در آورند - بائیں ہاتھ کی طرف سے لائیں - یہ علامت ترکوں میں اظہار ناخوشی کی تھی اور جس سے خوش ہوتے تھے اسے داہنے ہاتھ کی طرف سے سامنے بلاتے تھے -
یمین اللہ - قسم بخدا - یسار - بفتح ثروت و تونگری - چونکہ یمین بمعنی دست راست اور یسار بمعنی دست چپ بھی ہے - اس لئے راست کے ساتھ ایہام تناسب ہے یا مراعاۃ النظیر -
راست خواہی - سچ پوچھتے ہو تو قسم بخدا افلاک سے ثروت کسی دن کسی نے بغیر مصیبت اٹھائے نہیں پائی - روزے کی جگہ روئے بھی پڑھ سکتے ہیں جو مضاف یسار کا ہوگا - یعنی چہرۂ تونگری بغیر مصیبت اٹھائے قسم بخدا افلاک سے کوئی نہیں دیکھ سکتا -
تکشمشی - بکسر تا و ہر دو شین و میم - کورنش و حضوری -
مشی و میشی ترکی میں علامت حاصل مصدر ہے جیسے متی و لک علامت مصدر (ڈیپے ریسپکٹ) -
مثول - بہ پائے استادن و بزمین چسپیدن - مراد تعظیم ادا کرنا - یہ لفظ تکشمشی کی تفسیر ہے -
اقتراف - ورزیدن و اکتساب کردن -
اغراء - ورغلانیدن - اعتراف - اقرار کردن -
وفور کثرت - زیادتی - جبلی - فطری و خلقی -
شمول - شامل ہونا - لاحق ہونا ۔

نصفت - عدل و انصاف - استبقاء - باقی داشتن -
آسیب - صدمہ - بخشود - رحم کرد -
فرودستان - زیردستان و ماتحتان -
باشیدن - قیام و سکونت -
مصیف - سرد مقام جہاں زمانہ گرما بسر کریں - ترکی میں ییلاق اور فارسی میں گرم سیر اور انگریزی میں سمر کوارٹر کہتے ہیں اس کا ضد قشلاق و سرد سیر و ونٹر کوارٹر ہے -

صفحہ ۲۹

خاتون - بیگم - بیوی - تکفل - پورا کرنا -
یورت - منزل و مقام و کیمپ -
متکا - تکیہ گاہ - کربت - اندوہ -
سلوت - تسلی - تغابن - نقصان و زیان -
برخود پیچیدن - پیچ و تاب کھانا -
ضجرت - دل تنگی - القلق والاضطراب من الغم -
خمار شکن را - برائے خمار شکنی -
خمار - نشۂ شراب کے اتار کے وقت جو اعضا شکنی ہوتی ہے - اور بغیر شراب پیئے دور نہیں ہوتی -
دواء خمار الخمار تشرب الخمر
خمار شراب کا علاج یہی ہے کہ تو شراب پی لے -
درخود پیمود - اپنے پیٹ میں بھر لی - جیسے پیمانے کو بھرتے ہیں -
قرابہ - ایک بڑا ظرف شراب - خیک یعنی مشک شراب -
ممتلی - پر - ترحال - بکسر کوچ -
سنہ ثمان و خمسین و ستمائۃ - آریغ بوکا سنہ ۶۵۸ھ میں شراب زیادہ پی کر مر گیا - اور دو سال سلطنت کی -

ایک بیٹا آرد نام چھوڑا۔

ہزار دو دویست - بارہ سو۔

فرد بیت - شعر واحد۔

وعمرک ... تذوکا - تیری زندگانی کی قسم تیرے لئے زوال ضروری ہے ایک دن ٹوٹ جائے یا ہزار روز۔

تتمۂ ذکر جلوس الغو

صفحہ ۳۰

تتمیم - پورا کردینا - بروزن تفعیل - بطریق۔

حلیہ - نیچ میان - معانی بیچ معانی انہیں بیا و بریز گیا۔

اعشار - جمع عشار کہ معدول است از عشرہ - مثل بیٹار

جاؤ اعشار - آمدند دہ گان دہ گان - ازینجا است کہ یعنی گروہ آمدہ - و اعشار بمعنی نصیبہائے قمار و تجربیاً یعنی نصیب و حصہ - اینجا ہم بمعنی مراد است۔

مکرمت - بزرگی و شرف - جمعش مکارم۔

مآثر - آثار نشانہائے نیک کارہائے پسندیدہ۔

مخائل - جمع مخیل - آثار و علامات۔

رہی - غلام - چتر زرکش - کنایہ از آفتاب۔ وہ چھتر جس پر کارچوبی سنہرا کام کیا ہوا ہو۔ چتر زرکش آفتاب میں اضافت تشبیہی ہے - جسے بیانی کہتے ہیں۔

مرغشہ - زوجہ قرا اغول دختر ایغ لو کانہ مادر مبارک شاہ۔

قرا اغول - نبیرۂ چغتا ہے۔

استیلا - قہر و غلبہ - نقش بند - مصور۔

ابداع - ایجاد الشئ دفعۃً۔

اختراع - احداث الشئ لا عن الشئ۔

لزوم - بضم ... - پابستگی وجوب و لزوم۔

شائستگی - سزاواری و شایانی - اس کے بعد (وا ایشان) غلط ہے۔

بت خود پرست - معشوقے بود کہ سوائے ذات خود بطرف کسے اعتنا نمیکرد۔

صفحہ ۳۱

تعصب - حمایت و طرفداری و یاری۔

باخرز - قصبہ ایست از خراسان - در طرف مشرق ہرات واقع و مسکن اہل ہزارہ است

سیف الدین - نام صوفی مشہور کہ در سنہ ۶۶۱ھ مرد

پاکباز - وہ قمار باز جو سب کچھ ہار دے - زاہد و عاشق صادق۔

طریقت - سیرۃ مختصہ بالسالکین الی اللہ ہے۔ قطع منازل و ترقی مقامات سے

حقیقت - سلب آثار اوصاف بندہ بہ اوصاف الٰہی۔

تذکرہ - جب دل میں کہ گروہ صوفیہ کے نزدیک دل نفس ناطقہ اور محل تفصیل معانی ہے کوئی صورت حاصل ہو یعنی خطور کرے تو اس تصور کا نام تذکرہ ہے چنانچہ محمود شبستری گلشن راز میں فرماتے ہیں ؎

کہ چوں در دل شود حاصل تصور

نخستیں نام او باشد تذکر

نسخۂ [illegible] میں بجائے تذکر کے [illegible] مرقوم ہے۔

ہیں کہ ہم قبل نزول امر کو کہتے ہیں جس سے نیند اُڑ جاتی ہے اور غم بعد نزول امر ہوتا ہے کہ نیند آجاتی ہے۔ اور حزن افسوس و حسرت بر مافات کا نام ہے۔ سیوطی کہتے ہیں کہ ہم ایسے امر پر ہوتا ہے جس کے وقوع اور ذہاب کا انتظار ہو۔ اور غم امر واقع پر یا فوت خیر پر ہوتا ہے۔

لالہ نعمان۔ قسمے از لالہ منسوب بہ نعمان بن منذر۔

عارض۔ کلہ جس حصّہ رُخ پر داڑھی کے بال اُگتے ہیں۔ لپ و الوار فارسی جا بہ میں کہتے ہیں۔ اور خدّ کے معنے رخسار کے ہیں۔ وہ اُبھرا ہوا حصّہ کلہ کا جہاں ڈاڑھی کے بال نہیں ہوتے ہیں۔

مہرگان۔ سولھویں تاریخ مہر ماہ کی۔ اور ماہ اوّل فصل خزاں اس کا معرب مہرجان ہے۔

توش۔ قوت و طاقت و قدرت۔

تذکرہ۔ یادگاری۔ **نیک**۔ خوب۔

و لیے دراں سخن است۔ لیکن اس میں یعنی ملاقات میں تا [illegible] اور کلام ہے۔ یعنی قیامت میں بھی اُمید ملاقات نہیں۔

روا است قوت غضبی۔ جیسے بے موقع و محل الصدمہ غضب کرنا۔ افراط غضب شدۃ غیظ اور تفریط نہ ہونا غصہ آنا ہے۔

وہم۔ تردد الذہن درمیان دو امر۔ اگر مساوی ہو تو شک ہے۔ اور راجح کو ظن اور مرجوح کو وہم کہتے ہیں۔

شورش عشقی [illegible]

مضر کے دفع کرنے کا باعث ہوتی ہے۔

صفحہ ۳۳

دُعا۔ خدا سے حاجت چاہنا۔ حدیث میں ہے الدُّعاء ترد البلاء۔ دُعا مصیبت کو دُور کر دیتی ہے۔

قضاء۔ حکم الٰہی و قضاء بد۔ مصیبت و بلا۔

زمانک۔ اے سلمیٰ (معشوقہ) تیرا زمانہ گذر گیا۔ یعنی اب وہ پہلا سا حسن اور شباب نہیں۔ اب چاہئے تو راضی ہو یا خفا سب برابر ہے۔

خیرہ خیرہ۔ ہرزہ و عبث۔

بُود و بُود۔ تھا اور رہیگا۔ واو عطف چھپنے سے رہ گیا۔ اور تا برائے غایت ہے بمعنی تا و امیکہ۔

دوار۔ دوران سر۔

زخم خار است اوّل رنج است بعدہ راحت۔ بغل و کنار و نزد۔

سرار۔ مہینے کی آخری رات جس میں چاند نہیں دکھائی دیتا۔

مُحاق۔ آفتاب و مہتاب کا ایک برج میں ہونا اور جب آفتاب کے ساتھ علاوہ ماہ کوئی اور سیارہ ہوتا ہے۔ تو اُسے احتراق کہتے ہیں۔ مہینے کی آخری تین راتیں جن میں چاند نہیں دکھائی دیتا۔

دَمار۔ ہلاک۔

صبح دوم۔ صبح صادق جس کا زمانہ بہت کم ہوتا ہے۔

[illegible] فتح طلائے [illegible]

نخوت ۔ بفتح بزرگی و کبر ۔
سطوت ۔ قہر و غضب و حملہ کرنا بار بار ۔
قُلّہ ۔ سر کوہ جمعش قلل ۔ **قاف** نام کوہ محیط عالم ۔
یہ خیال ہے ۔ اگرچہ کاکیشیا میں ایک چھوٹا پہاڑ ہے ۔
کبریا ۔ عظمت و بزرگی ۔ **مراودت** مصاحبت ۔
نسرین ۔ نسر طائر و واقع فلک ہشتم پر دو شکلیں ہیں
استنکاف ۔ ننگ و عار داشتن از کارے ۔
نعاب ۔ آواز زاغ ۔
غراب البین ۔ جُدائی کا کوا ۔ جب عرب خانہ بدوش
اپنے خانۂ عاریتی کو اُٹھا کر چل دیتے ہیں ۔ تو وہاں کوا
گرا پڑا کھانے کے لئے آتا ہے ۔ عرب سمجھتے ہیں ۔ کہ
یہی ویرانی کا باعث ہوا ہے ۔ اس لئے اُسے
منحوس جانتے ہیں ۔ حادثہ کو غراب البین کے ساتھ
استعارہ کیا ہے ۔
چغد خراب نشین ۔ اُلّو جو ویرانہ کا بیٹھنے والا ہے
الو ویرانوں ہی میں رہا کرتا ہے ۔ اور خراب
نشین پڑھیں ۔ جیسا کہ لاہوری نسخہ میں ہے
تو یعنی مقام ویران ہوگا ۔
بے آہو ۔ بے عیب ۔ **جرنگ** ۔ صحیح ۔ **پلنگ** شیر
باشتغال ۔ صحیح **باشغال** ۔ جمع شغل یعنی کار
شغالی ۔ کار شغال ۔ و شغال بفتح یعنی گیدڑ ۔ کہتے
ہیں ۔ زمانہ نوشیروان میں ظاہر ہوا (انجمن آرائے)
شکلیف کرچہاں ۔ ماموریں کردن ۔ لگانا ۔
روباہ بازی ۔ مکاری و فریب ۔
کرشمہ ۔ عشوہ ۔ بچہ کا ایسا فریب رکھنے والا کیونکہ
عشوہ بہر سہ حرکت بمعنی فریب آمدہ ۔
کفتار ۔ بفتح ایک درندہ جانور ہے ۔ جو کتوں کو
مار کر کھاتا ہے ۔ اردو میں ہنڈار کہتے ہیں ۔ صاحب
غیاث نے اس کا ترجمہ ڈائن کیا ہے ۔ جو ایک قسم
کی ساحرہ ہے جو لوگوں کا جگر نکال کے کھا جاتی ہے
اِن معنوں سے عشوہ کا لفظ چسپاں ہو جاتا ہے ۔
جاوید ۔ زمان نامتناہی بمستقبل مترادف ابد
حال واقع ہوا ہے ۔ یعنی ابداً و دائماً ۔
خواب خرگوش ۔ غفلت کا ۔ کیونکہ خرگوش
ایسا غافل سوتا ہے کہ شکاری اس کے سر پر پہنچ
جاتا ہے اور وہ جاگتا نہیں ۔ اس جانور کے کان
بڑے ہوتے ہیں اس لئے اسے خرگوش کہتے ہیں ۔
کیونکہ خر فارسی میں بڑائی کے لئے آتا ہے صنعت
مراعاۃ النظیر ان جانوروں کے ناموں سے ظاہر ہے
گردوں رتبت ۔ بلند مرتبہ ۔
قوائم ۔ جمع قائمہ ۔ پایہ ۔
مناکب ۔ جمع منکب ۔ دوش و شانہ ۔
جوزا ۔ برج سوم ۔ **قمّہ** ۔ بضم سر ہر چیز ۔
شعریٰ ۔ بکسر ۔ دو ہیں ۔ شعرائے عبور و شعرائے
غمیصا جن کو شامی اور یمانی بھی کہتے ہیں ۔
بساط ۔ گستردنی چوں حصیر و قالی و بستر و مسند
پستہ شکر نثار ۔ کنایہ از لب خنداں معشوق
رخسار ۔ مراد سطح و روئے (ترجمہ) اس کی
مسند جو حسینوں کے شکر خندہ سے شکر ریز اور
ان کی زلفوں سے عنبر بیز رہتی تھی ۔ یعنی جس مسند

پرحسین بیٹھا کرتے تھے۔ وہ مسند تختۂ تابوت سے بدل گئی۔

مغاکِ خاکِ تیرہ۔ خاک سیاہ و تاریک کا گڑھا۔ مراد قبر۔

تختۂ تابوت۔ وہ صندوق جس میں مُردہ کو رکھ کر مع تابوت قبر میں رکھ دیتے ہیں۔ یہ جملہ اس تشریح کو چاہتا تھا۔ ورنہ صندوق مردہ اور جنازہ کے معنے ہیں

لمرتذق۔ جو وصل کہ فرقت ہو چکا ہے۔ وہ اب ہمیں میسر نہیں ہوتا۔ اور جو شادی کہ ماتم ہو چکی ہے۔ وہ مجھ تک نہیں آتی۔ محشی نسخہ تبریزی اس شعر کو مرثیہ مصنفہ ابی اسمٰعیل حسین الطغرائی بتاتے ہیں۔

مُبارک شاہ۔ باپ کا نام قرا اغول اور ماں کا نام ہر غنہ۔ اور قرا اغول چغتائی کا پوتا تھا۔ اور چغتائی چنگیز خاں کا بھائی ہے

نفیر۔ بانگ و فریاد و نالہ۔

آری و بری۔ لائیگا اور لیجائیگا یعنی پیدا کریگا۔ اور مار ڈالے گا۔ **یکبارہ**۔ بالکل سراسر۔

بری۔ دور۔ بروزن فعیل از برادشتہ کہ بمعنی بیزاری است۔

شاسے۔ میں یائے مجہول تنکیری ہے۔ اور این کا مرجع شاہ ہے۔

جامہ دریدن۔ غم میں گریبان چاک کرنا۔

براق۔ نام شخصے۔

خروج۔ کسی سے لڑنے کے لئے نکلنا۔ چڑھائی کرنا۔

ذروہ۔ من کل شئ اعلاہ۔ چوٹی۔

شرف۔ بزرگی۔ کسی سیارہ کا کسی برج کے ایسے نقطۂ کمال پر ہونا کہ اس کی تاثیر خوب مرتبۂ کمال پر ہو۔ آفتاب کو شرف انیسویں درجہ حمل پر منزل بطین میں۔ اور چاند کو برج ثور کے درجہ سوم پر منزل ثریا میں اور عطارد کو سنبلہ میں اور زہرہ کو حوت میں اور مریخ کو جدی میں اور مشتری کو سرطان میں اور زحل کو میزان میں شرف ہوتا ہے۔ اور اس کا ضد ہبوط ہے۔ اور اوج کا ضد حضیض ہے۔

عروج۔ کسی سیارہ کا منتہائے بلندی پر پہنچنا۔ اس کا ضد زوال ہے۔

منت۔ نعمت و نکوئی۔ منّ احسان۔

طول۔ بضم درازی و ثانی بفتح بمعنی منّت و فضل و فراخی۔

ذکرِ جلوسِ قوبلاقاآن

صفحہ ۳۵

جلوس۔ بر تخت نشستن

قاآن۔ بادشاہ بس عادل و سخی و عاقل۔ لفظ ترکی ہے۔ ہر بادشاہ جلیل القدر کو کہتے ہیں۔

خصم خانیت۔ دشمن بادشاہی مراد آریغ بوکا۔

نقار۔ بکسر۔ عیب و کینہ و عناد۔

خط دادن۔ مچلکا لکھ دینا۔

صباح ومسا۔ صبح وشام۔ خط۔ فرمان وحکم۔
مراحم ومساخط۔ رحم وغضب۔ سُخط۔ جو غضب
عظمت وغرور کی وجہ سے اپنے سے کم درجہ کے لوگوں
پر ہو۔ اور غضب کا استعمال دونوں قسموں پر ہوتا ہے
اور رحمت کے معنی افاضۃ الاحسان کے ہیں جیسا
کہ سیوطی نے کنز المدفون میں کہا ہے اور رحمت میں
مبالغہ کو رافت کہتے ہیں۔ اور مغفرت تام محو
ذنوب کا ہے۔

منقاد۔ بضم۔ فرمانبردار ومطیع۔

قوریلتائے۔ بمعنی جشن ترکی ہے۔

مطالع۔ بفتح جمع مطلع۔ دائرہ فلک البروج کے
ایک سو اسی درجات جن پر مدار آفتاب ہے۔ مطالع
کہلاتے ہیں۔

ازمناقص مہجور۔ نقصانات سے دُور۔

اوتاد۔ (تقویم (کنڈلی جنم پترا) میں بارہ
خانے بتاتے ہیں۔ اول خانہ میں اس بُرج
کو قائم کرتے ہیں۔ جو ولادت مولود یا کسی
کام کے آغاز کے وقت افق شرقی پر ہوتا
ہے۔ اس بُرج کو سنسکرت میں اُس کا راش
اور عربی میں طالع کہتے ہیں۔ ان بارہ خانوں
کا نام اوتاد ہے۔ چار ان میں سے اوتاد
اربعہ ہیں۔ جن پر احکام نجومی کے نکالنے کا
دارومدار ہے۔ ان چاروں کے نام نقشہ
ذیل میں دیکھو۔ اور چار زائل اور چار مائل
کہلاتے ہیں۔

وتد طالع (۱)
مائل الوتد (۲) — زائل الوتد (۱۲)
وتد السماء (۱۰) — وتد الارض (۴)
مائل الوتد (۱۱) — زائل الوتد (۳)
زائل الوتد (۹) — مائل الوتد (۵)
وتد الغارب (۷)
مائل الوتد (۸) — زائل الوتد (۶)

نظر مناحس۔ نظرات کی تین قسمیں ہیں۔ نظر تثلیث
جب ایک سیارہ ایک برج میں ہو۔ اور دوسرا ایک
چھوڑ کے ہو تو یہ نظر تربیع ہے اور چار چھوڑ کے
ہو تو یہ نظر تسدیس ہے۔ پھر یہ نظرات سعد بھی
ہوتے ہیں۔ اور نحس بھی اور مساوی بھی۔ نظر
تثلیث نظر دشمنی ہے۔ اور نظر تربیع نظر
دوستی ہے۔ نقطہ شرف آفتاب انیسواں درجہ
حمل اور منزل بطین ہے۔

اقتران۔ نزدیک شدن بچیزے۔

سقوط۔ گرنا۔ حرارت بخار جمرہ۔

جمرات ثلاث۔ تین حرارتیں۔ جمرہ ایک بخار
ہے۔ جو آخر زمستان میں زمین سے نکلتا ہے۔ عرب
لوگ اس بخار کے زمین میں پیدا ہونے کو سقوط جمرہ
کہتے ہیں۔ اور وہ تین دن ہیں۔ ہر دن میں سات
روز کا فاصلہ ہے۔ پہلا جمرہ ساتویں ماہ شباط کو
اور دوسرا چودھویں کو اور تیسرا اکیسویں کو پیدا
ہوتا ہے۔ پہلے جمرہ سے زمین اور دوسرے سے
پانی اور تیسرے سے ہوا گرم ہوتی ہے۔ الی بیجان

بیرونی کے نزدیک بخار نہیں ہیں۔ بلکہ ہفتم وچہاردہم وبست ویکم روز ہائے شباط کا نام ہے۔ کہ ان دنوں میں بخار زمین سے نکلتا ہے۔ اور بگمان منجمین یہ ہے کہ جبہہ منزل دہم قمر اور زبرہ منزل یازدہم اور صرفہ منزل دوازدہم انہیں دنوں میں ساقط ہوتی ہیں۔ پس روزہائے سقوط ہر سہ منازل کا نام اُن کے نزدیک جمرات ثلاث ہے۔ شیخ آذری نے انوری کے اس شعر کی ؎

ہم جمرہ برآورد فرو بُردہ نفس را
ہم فاختہ بکشاد فروبستہ دہان را

شرح میں جمرہ کے معنے روح نباتی لکھے ہیں۔

فشو۔ بفتح پیدا شدن۔ روئیدن۔ بالیدن۔

اُلّاف۔ جمع آلف جیسے کفّار جمع کافر بمعنی خوگیرندہ دیار ودوست۔

مالوف۔ اسم مفعول جس سے اُلفت ہو یعنی محبوب ومانوس۔

اُلّاف مالوف۔ دوستان محبوبہ مانوس کنایہ از گلہا۔ اس صورت میں بالوف جو نسخہ لاہوری میں چھپا ہے۔ مالوف ہونا چاہیئے۔ نسخہ تبریزی میں بہ آلاف والوف مرقوم ہے اور یہ دونوں الف بمعنی ہزار کی جمعیں ہیں۔ یعنی ہزارہا و ہزار در ہزار۔ یعنی ہزارہا پرند سے چھپا رہے تھے۔

لواقح۔ جمع لاقح۔ آبستن کنندگان۔ مراد بار آور ریاح۔ جمع ریح بمعنی ہوا۔

حمائل۔ بفتح آنچہ در بر اندازند۔ ہیچو ہار۔ یہ لفظ ان معنوں کے ساتھ اس محل پر غیر مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے حوامل جمع حاملہ بمعنی آبستنی وباردار ومثمر مناسب ہوگا۔

خمائل۔ جمع خمیلہ۔ درہم پیچیدہ

مائل۔ خمیدہ۔

قوائے نباتی۔ نمو وغیرہ۔

خواص۔ جمع خاصہ وہ کلی جو اپنے افراد کی حقیقت سے تو خارج ہو۔ مگر ایک حقیقت نوعیہ کے افراد پر محمول ہو۔ جیسے ضحاک خاصہ انسان ہے۔

افعال شخصی۔ فعل ذاتی جیسے نمو و تولید ثمر و گل۔

افعال نوعی۔ سے مراد تولید مثل ہے

غاذیہ۔ قوای طبیعی جگر میں سے ایک قوت کا نام ہے جس سے پرورش جسم ہوتی ہے۔

اطفال نبات۔ باضافت تشبیہی۔ خود نبات یا گُل وثمر۔

مزاوجت۔ ہم صحبتی۔ **مخالطت**۔ آمیزش۔

پیشکاران چہارگانہ۔ کنایہ از اربعہ عناصر۔

تربیت۔ پرورش **حریف**۔ ہم پیشہ۔

نامیہ۔ نمو پیدا کرنے والی قوت۔ یہ بھی قوائے طبیعی میں سے ایک ہے۔

استکمال۔ کامل کرنا۔

اقطار۔ ابعاد ثلاثہ یعنی طول وعرض وعمق۔

کدخدا۔ مالک خانہ۔ و باصطلاح منجمین دلیل روح کو کہتے ہیں۔ جس طرح کہ بانو (ہیلاج) دلیل جسم ہے اور کیفیت اور کیفیت عمر کی دلیل اس سے لیتے ہیں۔ ہیلاج یونانی لفظ ہے۔ بمعنی چشمہ

زنارگانی۔

مولِدہ۔ پیدا کرنے والی قوت یہ بھی قوائے طبیعی میں سے ایک قوت ہے۔

تولیدِ مثل۔ اپنا ایسا دوسرا پیدا کرنا۔ یہ قوت نباتات وحیوانات میں ہے۔ جمادات میں نہیں۔

مصورہ۔ اُس نوع کی ایسی صورت پیدا کرنیوالی قوت۔ یہ بھی قوائے طبیعی میں سے ایک قوت ہے۔

خامۂ آزری۔ سے مراد قلم نقاشی ہے۔ کیونکہ آزر عم موسیٰ بُت تراش و مصور تھے۔

صفت۔ مانند۔ **بیرنگ**۔ گردہ وخاکہ۔

غرائب نقوش۔ عجیب تصویریں مراد گل وثمر۔

عجائب الوان۔ رنگہائے عجیب وغریب گل وثمر۔

صفحہ ۳۶

عناصر پایہ۔ بلند مرتبہ وبمعنی اصل چہ عناصر اصل موجودات عالم ظاہر اند۔ **کیوان**۔ زحل۔

خانان۔ شاہان۔ **دست بدست**۔ یکے بعد دیگرے۔

کفایت۔ کافی ہونا وہم کفو وہمتا ہونا۔ مسلمانوں میں شادی کرنیکا دستور ہم کفو میں ہے۔

صداق۔ مہر وکابین۔ **صدق**۔ راست ودرست۔

استحقاق۔ مستحق وسزاوار ہونا۔

صدق استحقاق۔ سزاواری بجا و درست۔

شہادت۔ گواہی۔ **وکالت**۔ اپنے معاملہ کو کسی دوسرے کے سپرد کرنا۔ نکاح میں مہر اور دو گواہ اور ایک وکیل کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہو حسیبہ۔ اللہ بہترین مددگار وکفالت کنندہ است۔

کفالت۔ ضمانت (کفیل) ضامن۔

عروس۔ بفتح۔ جب بمعنی داماد ہو تو جمع عُرُس آتی ہے اور جب دُلہن کے معنی ہوں تو جمع عرائس ہے۔

زفاف۔ بکسر دولہن کو دولہا کے گھر بھیجنا۔

عقد۔ بفتح عہد وپیمان وضمان۔

دراری۔ جمع دُرّی۔ ستارہائے روشن۔

سعود۔ سیارگان باسعادت چوں مشتری و زہرہ وقمر۔ سعد ذابح وسعد اخبیہ وسعد السعود کو بھی سعود کہتے ہیں۔ اوّل دو منازل قمر ہیں۔ اور سوم مشتری کا اسم صفت ہے۔

مشتری۔ قاضی فلک۔ منبر پر جاکے خطبہ پڑھنا قاضی کا کام ہے۔ اور خطبہ میں بادشاہ وقت کا نام لیتے ہیں۔

کیوان۔ زحل سب سے اونچا سیارہ۔ ساتویں آسمان پر ہے۔ کبھی بوجہ بلندی رفعت میں اور کبھی بوجہ نحوست وسیاہی غلام بنے۔ اور کبھی بام فلک پر ہونے کی وجہ سے پاسبان سے تشبیہ دیتے ہیں کیونکہ پہلے چور کمند کے ذریعہ سے کوٹھے پر سے آیا کرتے تھے اس لئے پاسبان کو کوٹھے پر رکھتے تھے فارسی نام سیاروں کے علی الترتیب یہ ہیں:-

نام	محل	عربی نام
کیوان	آسمان ہفتم	زحل
برجیس	" ششم	مشتری
بہرام	" پنجم	مریخ
مہر	" چہارم	شمس

نام	محل	عربی نام
تیر	آسمان دوم	عطارد
ناہید	" سوم	زہرہ
ماہ	" اوّل	قمر

ہند وے حلقہ در گوش۔ غلام کان میں کڑی پڑا ہوا۔ ایران میں حلقہ بگوش ہونا علامت غلامی ہے۔

چوبک زن۔ مہتر پاسبانان کہ یکے و تختہ بدست گرفتہ بشب میگردد و چوب را بر تختہ میزند تا صدائے آن شنیدہ دیگر پاسبانان بیدار باشند۔

ماہ نو۔ نعل کی شکل کا ہوتا ہے۔ اس کو گوش زحل میں پہنا کے اُسے غلام تجویز کیا ہے۔

برسم۔ بطور۔ بطریق۔

قورچی۔ سلاحدار و داروغہ سلاح خانہ۔ قور ترکی میں ہتھیار اور چی علامت فاعل ہے و بمعنی مہتمم دربار بھی ہے۔ (غیاث)۔

قورچی خاص۔ سردار سلاحداران۔ مریخ کی شکل یہ تجویز کرتے ہیں کہ ایک مرد خونخوار ہے۔ ایک ہاتھ میں خنجر اور دوسرے ہاتھ میں ایک کٹا ہوا سر اس کو جلاد فلک بھی کہتے ہیں۔

کمر۔ پٹکا۔ **میان**۔ کمر۔

زہرا۔ بفتح روشن۔ بساط۔ فرش۔

نشاط۔ بفتح شادمانی و خوشی۔

بربط۔ ایک باجہ جس کی شکل جسم بط کی ایسی ہوتی ہے۔

آہنگ کشیدن۔ نغمہ نکالنا۔ گیت گانا۔

موسیقی کی تقسیم اس طرح ہے۔ بارہ مقام۔ اور ہر مقام کی بلندی سے ایک گوشہ اور پستی سے دوسرا گوشہ پیدا ہوتا ہے۔ یوں ۲۴ گوشے ہو جاتے ہیں۔ اور ہر گوشہ چند نغموں سے مرکب ہوتا ہے پھر دو دو مقاموں کی ترتیب سے چھ آہنگ نکلتے ہیں۔ جن کو آوازہ بھی کہتے ہیں۔

سلمک۔ گردانیہ۔ نوروز۔ گوشت۔

ماہور۔ شہناز

گوشے اٹھائیس ہیں۔ اور علاوہ ان کے سی لحن باربدی بھی ہیں۔ جن کو خسرو پرویز کے گویّے باربد نے ایجاد کیا تھا۔

تیر عطارد۔ **دبیر** بمعنی نویسندہ نامہ و کاتب۔ مرزا رضا قلی ہدایت شیرازی کہتے ہیں۔ دو عدد معروف اور دبیر بمعنی فہم و ادراک و دانش ہے۔ یعنی دو دانش نظم و نثر رکھنے والا مراد منشی ہے۔

حرز۔ بکسر حفاظت و تعویذ۔

اللہ خیر حافظاً۔ خدا بہترین حافظ ہے (اللہ بہتر ہے از روئے حافظ ہونیکے)۔

لوح محفوظ۔ اس کا نام لوح القدر بھی ہے یعنی لوح نفس ناطقہ کلیہ جس میں کلیات لوح قضا کی تفصیل ہوتی ہے۔ لوحیں چار ہیں اول لوح القضا جو مقدم لوح محو و اثبات پر ہے۔ دوسرے لوح القدر جس کا نام لوح محفوظ بھی ہے۔ تیسرے لوح النفس الجزئیہ السماویہ۔ چوتھے لوح الہیولی

لوحِ محفوظ پر جو لکھا ہے۔ وہ کبھی پٹ نہیں پڑتا۔
لوحِ محو و اثبات کا لکھا کسی عمل خیر سے ٹل جاتا ہے

کمر را کزیب...... ساختن۔ جو پٹکا کمر پر باندھے تھے اُس کو گلے کا ہار کیا۔ یہ ایک دستور اظہار تعظیم کا تھا۔

شاہ سیارگان۔ کنایہ از آفتاب۔ کیونکہ یہ لوگ آفتاب پرست تھے۔

زانو زدن۔ مودب بیٹھنا۔

نعم الصباح و نعم المساء۔ یہ دونوں کلمے صبح اور شام کے وقت بطور دُعا و مزاج پُرسی استعمال کرتے ہیں۔

صفحہ ۳۷

ہر ہفت۔ سات سنگھار (۱) حنا۔ منہدی۔ (۲) وسمہ خضاب۔ (۳) سفیداب۔ سپید پاوڈر (۴) سرخاب۔ سُرخ پاوڈر۔ گلگونہ۔ غازہ۔ (۵) سرمہ۔ (۶) زرک۔ افشان (۷) بعض غالیہ بتاتے ہیں۔ اور بعضے خال۔

ہشت در۔ ہشت بہشت۔ بجائے کسنار کشاد چاہئے ہے (ترجمہ) خوش نصیبی اور سلطنت نے نعم الصباح کہتے ہوئے نئی دولہن کی طرح زینت کرکے پھیلا کے دل پر آٹھ دروازے بہشتوں کے کھول دیئے۔

ہر نامہ راکہ دید۔ جو نامہ سعادت دیکھا اس کا منہ کھول دیا۔ یعنی ہر طرح کی سعادت اُسے پہنچائی۔

پرِ کلاہ۔ گوشہ کلاہ۔ **سقاۃ** جمع ساقی۔

یاقوت شفاہ۔ سُرخ لب۔ شفاہ جمع شفتہ بمعنی لب آمدہ۔

کاسات۔ جمع کاسہ پیالہ کہ دراں شراب باشد واگر نباشد زجاجہ گویند۔

اقداح۔ جمع قدح وہ پیالہ جو دو تین آدمیوں کو سیراب کرسکے۔

عُقار، عقور۔ شراب ہے جو ہمیشہ پچھاڑ بنوالی ہے آدمیوں کی۔ پوری کرتی ہے آرزو کو شراب اور معطر کرتی ہے۔ اطراف کو۔

عُقار۔ وہ شراب جو ایک مدت تک خم میں رکھی رہی ہو۔ یا وہ شراب جو میخوار کو گرا دے۔

راح۔ وہ شراب جو میخوار کو راحت دے۔ یا جس کی خوشبو میخوار کو بھلی معلوم ہو۔

جوانی۔ حرف چہارم نون بمعنی اطراف اس کا واحد مستعمل نہیں۔ یا جوانب جمع جانب بمعنی اطراف۔

سپہر ستارگان فلک۔ اس شعر سے بیان بلندی در رفعت بارگاہ ممدوح مراد ہے۔

یغتاق و یغلتاق۔ بمعنی فرجہ و کلاہ لفظ ترکی ہے۔ اور عثمان مختاری نے بمعنی گریبان نظم کیا ہے۔

مکلل۔ مرصع۔ جڑاؤ۔

شعری۔ بروزن بشری۔ فارسی والے بکسر راء مہملہ بھی نظم کرتے ہیں۔ وہ ایک ستارہ روشن ہے۔ جو جوزاء کے بعد نکلتا ہے شعرائی دو ہیں ایک شعرای عبور اس وجہ سے کہ وہ گویا کہکشاں

کو عبور کئے ہوئے ہے یہ بہت روشن ہے۔ اس کو شعرائے یمانی بھی کہتے ہیں۔ دوسرا شعرائے غمیصاء ہے۔ گویا وہ اپنی بہن سہیل سے جدا ہو کر رو رہا ہے اور اس کی روشنی عبور سے کم ہے۔ اس کو شعرائے شامی کہتے ہیں۔ چونکہ عرب کے جانب شمال شام ہے۔ اور یہ اسی طرف طلوع ہوتا ہے۔

مجرّہ۔ بکسر کہکشاں اُردو میں معراج کا راستہ کہتے ہیں

مُتلالی۔ چمکنے والا۔ تلالؤ سے اسم فاعل ہے۔

عقد ثریّا۔ ثریّا کا گچھا۔ کیونکہ اس کے چھ ستارے اکھٹا ہیں۔ اس لئے اجتماع کے ساتھ اسے اور انتشار کے ساتھ نبات النعش کو تشبیہ دیتے ہیں اور ثریّا ثروا کی تصغیر ہے جس کے معنی کثرت کے ہیں۔ اور یہ تصغیر بوجہ خوردی ستارگان ہے۔

مُسوّر - از تسویر کنگن پہنانا - مراد مزین -
محجل - وہ گھوڑا جس کے چاروں ہاتھ پاؤں سپید
ہوں - بہتر ہے کہ مسوّر کی مناسبت سے **مخلخل**
ہو - خلخال پہنایا ہوا - مراد مزین و آراستہ -
مطاردہ - بر یکدیگر حملہ بردن -
مبارات - جنگ و مقابلہ -
قائم برافشاندن - بازی برابر اٹھانا - یہ
بھی اصطلاح شطرنج ہے - جو مہری بازی قائم
فریقین کے بعد برا غلط ہے
گشادن - جاری کردینا -
آب کش - پانی بھرنیوالا - قدر جو حکم الہیٰ ہے
اُس کو آب کش سے استعارہ کیا ہے -
دلو زرین رسن آفتاب - آفتاب کو سنہری رسی
والے ڈول سے بلحاظ خطوط شعاعی استعارہ کیا ہے -
تباشیر - سپیدی صبح - **مخاض** - غرقاب -
غمرات - جمع غمرہ سختی و بسیاری آب -

صفحہ ۷۱

سنگدلی - قساوت قلبی - بیرحمی -
افغان - فریاد - **بزبان روان** - بزبان تیز -
شام - ملک معروف در عرب بنا کردہ سام بن
نوح - سریانی میں یہ بشین معجمہ ہے -
مجہول - غیر معروف - نامعلوم -
معرکہ - بفتح میم و راء بضم راء نیز - جنگ گاہ -

معرکۂ پُرخطر۔ وہ میدان جس میں خطرہ سمندر کا ایسا ہو۔
پُرمعرکہ اثر۔ ایسا سمندر جس میں نشانیاں میدان
جنگ کی ہوں۔ یہ دونوں استعارے اس وجہ سے
ہیں کہ لڑائی بھی تھی۔ اور پانی بھی چھوڑ دیا تھا۔
غباوت۔ حماقت۔ کند ذہنی۔
کروند صحیح کردہ اند۔
قراؤلاں۔ نگہباناں۔ پٹرول۔
قلال جبال۔ قلہائے کوہ۔
سدِ سکندر۔ باب الابواب میں دریائے خزر کے
کنارہ جو پُشتہ سکندر نے بنوایا ہے۔
خیط الشمس۔ خیط باطل۔ مخاط الشیطان۔
لعاب شمس ہمہ بمعنی سراب اما محل میخواہد کہ تار و
خطوط شعاعی آفتاب یا تار نظر معنی باشد۔
سنابک۔ جمع سنبک سُم۔ پچہ خیز و کیا بنا سکتا
ہے۔ کیا کر سکتا ہے۔ مگر وضعی معنی کے لحاظ سے آگے
غبار کا لفظ لائے ہیں۔
کہ بیرون جہد۔ کون بچ کے نکل سکتا ہے۔

صفحہ ۱۱

حجّہ۔ سن و سال یہ معنی لغت عربی میں نہیں ملے
صاحب غیاث نے شرح نصاب الصبیان سے لکھے ہیں۔
ذی الحجہ۔ ماہ حج۔ بقر عید کا مہینہ جس میں حج ہوتا
ہے۔
کرب۔ اندوہگینی و بے آرامی۔
ویل۔ وا سے۔ عذاب۔ سختی۔
مُشتشا زشقہ۔ جانب و کنارہ۔

حسّاسہ۔ نیک و پابندہ۔
عفاریت آثار۔ جن میں علامتیں بھوت کی ہوں
بصفات بوجہ ہلاکت لانیکے ہیں۔ اور ملائک دیدار
بوجہ حُسن یا خوش سیرت ہونے کے۔
مفاضۃ۔ ناگہان۔ نکال۔ عذاب۔
کما تکیل تکال۔ مثل ہے جیسا ناپوگے ویسے
ناپے جاؤگے۔ یعنی جیسا دوسروں کے ساتھ کروگے
ویسا ہی سلوک دوسرے تمہارے ساتھ کرینگے۔
اتّکال۔ اعتماد بھروسہ۔
ہادی دولت اقبال۔ کنایہ از خدا۔
صَبوی۔ مشرقی۔ شطّ۔ مراد دجلہ۔
ورحال وزبان۔ فوراً۔ ثواب۔ صحیح صواب۔
اصطبار۔ صبر۔ استنامت۔ خواب۔
استحالت۔ محال شدن۔ مستور۔ پوشیدہ۔
فرمود کے بعد بجائے واو کاف یا تا ہونا چاہیئے۔
بارو۔ دیوار قلعہ۔ فصیل۔ متجندہ۔ فوج۔
مستعِد۔ مہیّا و موجود۔ متشمّر۔ آمادہ و تیار۔
سواد۔ سیاہی لشکر۔ انبوہ۔ جماعت۔
سبز آشیان مدوّر۔ کنایہ از آسمان۔
پر بر زدن۔ پر پھڑپھڑانا۔ اُڑنا۔
آشیان۔ خانہ۔ یا آستاں
میمون طائر۔ مبارک فال۔ نیک عمل (صراح)
ضرام۔ بکسر۔ فروزینہ چھپٹیاں جن سے آگ
سلگاتے ہیں۔
حطب۔ ہیزم۔ ایندھن۔ آں حطب کے بعد چاہیئے۔

ضرام آن حطب ۔ فروزینہ ہیزم آں آتش محاربت۔
عطب ۔ ہلاکت ۔
دریا را انپا شتن ۔ سمندر کا پاٹنا ۔ کوہ ثہلان کو قوت بازو سے اُکھیڑنا ۔ آفتاب کو کیچڑ میں لتھیڑنا اور پاؤں گاڑ کے زلزلہ روکنا ۔ اور شعلہ برق کو آستین سے بجھانا چونکہ محال ہے اس لئے کار بیہودہ کردن کے معنے ان سب جملوں کے ہوئے ۔

صفحہ ۳۷

شکروہ ۔ میرے نسخہ قلمی میں اس کے معنی مستعد لکھے ہیں ۔ اور برمحل ہیں ۔ نسخہ تبریزی میں تو شکروہ لکھا ہے مگر حاشیہ میں اسکروہ بفتح دال و کاف اعراب بتائے ہیں ۔ اور بروزن پروردہ لکھا ہے ۔ معنی تجربہ کار و آنکہ از عاقبت اندیشی شروع در کار کند ۔ و شخص با جد و جہد و صاحب قوی ہیکل لکھے ہیں ۔ عربی بھی بتا کے کچھ معنے لکھے ہیں ۔ جس کا وزن رحمان بتایا ہے ۔ جو پڑھا نہیں جاتا ۔ حوالہ برہان کا دیا ہے ۔ برہان میرے پاس نہیں ۔ غیاث و انجمن آرا ۔ صراح میں یہ لفظ اور اس کی تصحیف بھی نہیں ملی ۔ اور لغات کی تلاش میں وا شکروہ بسکون شین معجمہ انجمن آراء میں نظر پڑ گئی ۔ تو اس کے معنے چست و چالاک و ساختہ و مستعد کے ملے ۔

رمی ۔ تیراندازی ۔ رشق ۔ نیزہ زنی ۔
ضرب ۔ شمشیر زنی ۔
نبال ۔ تیر و پیکان ۔ جمع نبل ۔

برج معوج الطلوع ۔ کنایہ از کمان ۔
رفع ۔ بلند کردن و حرکت پیش کہ بوجہ اعراب باشد ۔
جر ۔ صحیح جر ۔ کشیدن ۔ لیجانا ۔ حرکت کسرہ ۔
عرادات ۔ توپیں ۔ جمع عرادہ
فعل ظاہر سے مراد توپ اور منجنیق چلانا ۔
حرکت ۔ ضد سکون ۔ نصب ۔ قیام و فتحہ ۔
حرکت نصب ۔ وہ حرکت توپ جو کسی جگہ قائم کرنے کے لئے توپوں کو دی گئی ۔
اعراب تقدیری ۔ وہ حرکت جو کسی عامل کو مقدر مان کر لائی گئی ہو ۔
نصب ۔ قیام اتواپ و مجانیق ۔
جر ۔ لشکر کشی ۔
دخل مقدر ۔ جو سوال یا اعتراض منوی ہو ۔
نکتہائے سر تیز ۔ دل میں چبھتی ہوئی باریک باتیں تیر کے ساتھ استعارہ کیا خوب ہے ۔ یہاں تک مراعاۃ النظیر صرف و نحو و علم مناظرہ ظاہر ہے ۔
(ترجمہ) محاصرہ میں طول نہ ہونے کی غرض سے ابتدا ہی سے فلاخن اور توپیں چلانے کے لئے لیجا کر قائم کیں ۔ اور اعراب تقدیری کی طرح بحالت قیام تابع لشکر کشی ہوئیں یعنی پہلے فوج آئی پھر توپیں ۔ مستعصم کی طرف کے اعتراض مقدر کا جواب مبحث جدال میں تیر کے نکتہائے سر تیز سے دیتے تھے یعنی تیر چلاتے تھے ۔
زردہ ۔ سمند گھوڑا ۔ و وقت عصر +

زرین ستام۔ سنہری لگام والا۔ آفتاب کو سمند۔ زرین ستام بلحاظ خطوط شعاعی آفتاب کہا ہے۔

رائض۔ شہسوار۔ میدان مینائی۔ کنایہ از فلک اخضر

ترجمہ۔ اُس دن جب تک کہ شہسوار تقدیر میدانِ آسمان میں سمندِ خورشید کو جولان دیتا تھا یعنی غروبِ آفتاب تک۔

تگاو تتا۔ جنگ کردن۔

تیرِ چرخ۔ ہوائی تیر کی طرح لوہے کی ایک مجوف چیز بناتے ہیں۔ اور اس میں بارود بھرتے ہیں۔ اُس میں آگ لگا کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں۔ چونکہ چرخ بمعنی کمان سخت بھی ہے۔ اس لئے تیر کمان بھی معنے ہو سکتے ہیں۔

ناوک۔ مصغر ناوہ۔ وہ ایک لکڑی ہے جس سے تیر بناتے ہیں۔ مستعمل بمعنی تیر۔

زُوبین۔ نیزہ کا ایسا مگر نیزہ سے چھوٹا ایک حربہ ہے جسے دشمن کی طرف پھینکتے ہیں۔ اُسکی سنان زرہ کو چاک کر دیتی ہے۔ دیالمہ سے مخصوص ہے۔

پیک۔ قاصد۔ ابرار۔ نیکان۔

انصعاد۔ بہ بالا رفتن۔

نوازل۔ جمع نازلہ۔ سختی و حادثہ۔

انحدار۔ فرود آمدن۔

زظلمت خضاب بازآورد۔ یعنی رات ہوگئی۔

تنکیل۔ عقوبت۔ تجلد۔ دلیری۔

قصور۔ کوشک بزرگ۔ جمع قصر۔ یہاں مراد قصص۔

دروب۔ محلے۔ حوصم۔ معظم ہر شئے۔

قواریر۔ جمع قارورہ۔ شیشیاں۔

نِفط۔ بکسر۔ ایک روغن تھا جسکو شیشیوں میں بھر کر دشمن کی طرف پھینکتے تھے جس سے آگ لگ جاتی تھی۔

نالۂ رعد۔ بادل کی گرج۔ یہاں وہ آواز مراد ہے جو پتھروں کے دیواروں پر پڑنے و عمارات کے گرنے سے پیدا ہو رہی تھی۔ اور درخشیدن برق سے مراد نفط کی شیشیوں سے آگ لگنا ہے۔

اذلال۔ خواری۔ مجرہ۔ کہکشاں۔

صفحہ ۴۳

خُضم۔ بزرگ و پُر موج۔ عنا۔ رنج۔

منقاد و اذل۔ فرمانبردار و تابعدار۔

ائمہ اثنا عشر۔ دوازدہ امام حضرت علی۔ امام حسن۔ امام حسین۔ امام زین العابدین۔ امام محمد باقر۔ امام جعفر صادق۔ امام موسیٰ کاظم۔ امام موسیٰ رضا۔ امام محمد تقی۔ امام علی نقی۔ امام حسن عسکری۔ امام مہدی آخر الزمان (صلواۃ اللہ علیہم اجمعین)

سیّما۔ علی الخصوص۔ نجار۔ دلیر و مرد۔

قمقام۔ مہتر و سردار تھی۔ باسل دلیر و شیر۔

مقدام بکسر۔ نہایت دلیر۔ بیخوف دشمن کیطرف بڑھ جانیوالا

وال من والاہ وعاد من عاداہ۔ اے خدا دوست رکھ اُس شخص کو جو علی کو دوست رکھے۔ اور دشمنی کر اُس سے جو علی سے دشمنی رکھے۔ یہ دعا جناب رسالت مآب نے حق میں علیؑ کے کی۔ چونکہ رسول خدا مستجاب الدعوات تھے۔ اس لئے علیؑ سے دشمنی رکھنے والا ہرگز مغفور نہیں۔

البطین۔ توندیلا۔ جس کا شکم علوم اولین وآخرین سے پُر ہو۔

انزع۔ جس کی چندیا بال سے صاف ہو۔ حدیث میں وصف حضرت علی علیہ السلام میں الانزع البطین الفاظ آئے ہیں۔

مِصقَع۔ بلیغ۔ جس کو عقدۃ اللسان نہ عارض ہو۔

ساحب۔ کشندہ۔ **متصدّی**۔ پیش آیندہ

بَثّ۔ انتشار دادن۔ پھیلانا۔

مکارم۔ جمع مکرمت بزرگیہا۔

صِلات۔ جمع صلہ۔ عطا و بخشش۔

متصدِّق۔ صدقہ دینے والا۔

صدقہ۔ صدقہ وہ عطیہ جو خالصۃً لوجہ اللہ دیا جائے۔ ثواب کا ارادہ ہو مگر مکرمت نہ مقصود ہو۔ مگر اس سے صدق عبودیت کا اظہار مطلوب ہوتا ہے (فرائد اللغۃ)۔

خاتم۔ انگشتری۔ **صلوٰۃ**۔ نماز

یہ واقعہ مشہور ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی نے بحالت رکوع ایک سائل کو اپنی انگوٹھی دی جسکا ذکر اس آیۃ میں ہے الذین یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون۔

قطب۔ چکی کی کیلی جس پر اوپر کا پاٹ گھومتا ہے۔ کرۂ آسمان میں ایک تارہ جو درمیان جدی و فرقدین ہے۔ جانب شمال والے کو قطب شمالی اور جنوب والے کو قطب جنوبی کہتے ہیں۔ انہیں پہ مدار فلک ہے۔

باب مدینۃ العلم۔ جناب رسول خدا نے فرمایا انا مدینۃ العلم و علی بابھا۔ میں شہر علم ہوں اور علی اس کے دروازے ہیں جس طرح شہر میں بغیر دروازہ کے داخلہ نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح بلا وساطت علی علوم نبوی تک کسی کی رسائی ممکن نہیں۔

الواسع العطا۔ بہت دینے والے۔

الشاسع الخطا۔ بعید از غلطی و خطا۔ اہل تشیع معصوم اور اہل تسنن محفوظ عن الخطا حضرت علی کو مانتے ہیں۔

احذق من القطا۔ دانا تر از مرغ سنگ خوارہ۔ جہاں کہیں پانی ہوتا ہے پرندہ قطا وہیں پایا جاتا ہے۔ اس لئے عرب اُسے دیکھ کر جان لیتے ہیں کہ یہاں پانی ہے۔ اور اس کا خلاف کبھی نہیں ہوتا۔ اس لئے قطا ھذا اقتیس ضرب المثل ہے۔ اکثر مثل میں بجائے احذق اصدق پایا جاتا ہے۔

لوکشف الغطاء لما ازددت یقیناً۔ یہ حدیث حضرت علی کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ اگر حجاب قدرت اُٹھا دئے جائیں تو میرے یقین رحج دیا ہوا میں کوئی اضافہ نہ ہوگا۔ یعنی باوجود حجاب دنیا یقین ہے جیسا کہ حجاب مرتفع ہو جانے سے ہو۔

والی آل۔ حاکم بغداد۔ مراد مستعصم باللہ

مقبوض۔ مقید۔ در قبضہ و تصرف حکمہ۔ و بتدا کام

اسکبار۔ گردنکشی۔ **بہجہ**۔ شادی و خوبی و نکوئی۔

بشاشت۔ کشادہ روئی و خوش طبعی۔

سیورغامیشی۔ زبان خوارزم میں خلعت خاص پیشکش و انعام و جاگیر کو کہتے ہیں۔

احضار۔ حاضر کردن۔

ایشان ۔ مراد مجد الدین و سدید الدین و شمس الدین ۔
آنجا ۔ مراد حلّہ ۔ **شحنگی** ۔ نگہبانی و حکومت ۔
حُلّہ ۔ لباس ۔ **خُلّہ** ۔ دوستی ۔
طاؤسی ۔ معنی لازمی مزین و منقش و ایہام است ۔
بطرف مجد الدین بن الحسن بن طاوس حلّی ۔
عمّت و ماطابت ۔ عام شد و خوش نیست ۔
ہائل ۔ ہولناک +

صفحہ ۷۵

اعلام ۔ آگاہی ۔ **طار** ۔ زیادتی و خلاف جور ۔
مارد ۔ ملک ۔ **وام** ۔ قرض ۔
کعبتین بازمالیدن ۔ ہزیمت دادن و بازگردانیدن ۔
ممالیک ۔ غلامان ۔ **حشر** ۔ مجمع ۔
حرکت مذبوحی ۔ حرکت اضطراری
تیسیر ۔ حاصل ہونا ۔ **استمساک** ۔ دست در دامن زدن ۔
ذیل ۔ دامن ۔ **تشبث** ۔ استقلال و قرار ۔
اترکوا الترک ما ترکوکم ۔ ترکوں سے تم
نہ لڑو ۔ اگر وہ تم سے نہ لڑیں ۔ حدیث نبوی ہے ۔
مشاجرت ۔ جنگ ۔ **ترک** ۔ چھوڑ دینا ۔
باس شدید ۔ عذاب سخت ۔ **تواضع** ۔ فروتنی ۔
تخضع ۔ تذلل و فروتنی و خواری ۔
مهاودت ۔ صلح و نرمی ۔
گفت ۔ جواب معشوق ہے ۔

صفحہ ۷۶

تبلد ۔ سستی و کندی ۔ **رغائب** ۔ مرغوبات ۔
تاکد ۔ استحکام ۔ **مظاہرت** ۔ تقویت و ہم پشتی ۔

مصاہرت ۔ قرابت ۔ سمدھیانہ ۔
تناصر ۔ نصرت و یاری کردن ۔ **تظافر** ۔ یاری کردن ۔
توفّر ۔ زیادتی ۔ **وداج** ۔ میرے نسخہ قلمی میں خاندان
اور نسخہ تبریزی میں دودمان پارینہ معنے لکھے
ہیں ۔ جو مناسب محل ہیں ۔ مگر لغات سے پتہ نہ چلا ۔
ممکن ہے **واشگردہ** کی طرح یہ لفظ بھی غلط ہو
گیا ہو ۔ نسخہ تبریزی میں **وُداج** مرقوم ہے مگر
یہ صورت بھی لغات میں نہ ملی ۔ بعد غور ذہن اس طرف
منتقل ہوتا ہے کہ **وداج** بکسر واو و حرف دوم
دال بمعنی رگ ہے اور عرق بکسر بمعنی رگ کی طرح
نسل و اصل کے معنوں میں مستعمل ہوا ہے ۔
ربقہ ۔ رسن ۔ **ازدواج** ۔ جفت شدن ۔
سمت ۔ نقش و علامت ۔ **تقصار** ۔ قلادہ و ہار ۔
درمیانہ ۔ درضمن آں ۔ **دماغ** ۔ خون ۔
محصون و محقون ۔ ہر دو بمعنی محفوظ ۔
فزع ۔ خوف ۔
تصور ۔ خیال کرنا ۔ وہ ادراک جو حکم سے خالی ہو ۔
حکم ۔ ایک امر کی نسبت دوسرے امر کی طرف ایجاباً
یا سلباً ۔ القاعاً یا انتزاعاً ۔
حکم کرد ۔ فیصلہ کرلیا ۔
تناقض و نقیض ۔ دو قضیوں کا اختلاف ایجاب
و سلب میں اس طرح کہ ایک جھوٹا ہو تو دوسرا سچا ۔
یہاں نقیض سے مراد عدم صلح ہے ۔
مقدم ۔ قضیہ شرطیہ میں شرط کو مقدم اور جزا کو
تالی کہتے ہیں ۔ یہاں مقدم سے مراد صلح ہے ۔ اور تالی

سے مراد حفاظت جان و مال ہے۔

تصدیق۔ سچ مان لینا۔ اصطلاح منطق میں اُس حکم کو کہتے ہیں جو تصورات ثلاثہ یعنی تصور محکوم علیہ و تصور محکوم بہ و تصور نسبت حکمیہ سے مقارن ہو لہذا تصدیق نام حکم کا ہوا بایں حیثیت کہ تصورات ثلاثہ اس کے لئے شرط ہیں۔ یعنی تصدیق بغیر اُن کے نہیں پائی جاتی۔ مگر خارج از تصدیق ہیں۔ امام رازی کے نزدیک حکم اور تصورات ثلاثہ کے مجموعے کا نام تصدیق ہے۔

سخیف عقل۔ خفیف العقل۔ سبک رائے۔

لابہ۔ تملق۔ خوشامد۔ **بلا**۔ مصیبت۔

بدو۔ بہ او۔ مرجع سخیف العقل۔

تحرز۔ حفاظت۔ **ناکام**۔ بالضرور۔

فرجام۔ انجام۔ **شعار**۔ مراد یونیفارم۔

شعار عباسیاں۔ خلفاء بنی عباس کا یونیفارم سیاہ تھا۔

روز دولت شعار عباسیاں داشت یعنی زمانہ اقبال سیاہ تھا۔ یعنی روز بد اُس کی قسمت میں تھا۔

طالع۔ مطلع۔ **مقتضی**۔ تقاضا کنندہ۔

مستنجد۔ طالب یاری۔ **مستکفی**۔ طالب کفایت

متوکل۔ بھروسہ کرنے والا۔ **مستنصر**۔ طالب نصرت۔

صفحہ ۷۷

رائع۔ خوب۔ **راضی**۔ خوشنود

لیس مضاجع۔ ندیم خوابگاہ۔

مستعصم۔ اعتصام کرنے والا۔

مستظہر۔ پشتی خواہ۔ **مجرد**۔ محض و صرف۔

مواد۔ اسباب۔ **منصور**۔ نصرت یافتہ۔

قادر۔ تمکین یاب۔ **واثق**۔ وثوق رکھنے والا۔

مہتدی۔ ہدایت یافتہ۔ **رشید**۔ راہ راست یابندہ۔

غائلہ۔ بدی و گزند۔ **سطوات**۔ حملات۔

ہارون۔ نام برادر موسیٰ۔ **تبعیت**۔ پیروی۔

موسیٰ۔ نام پیغمبر صاحب توریت۔ **مامون**۔ محفوظ۔

اس عبارت میں جن خلفاء عباسی کے اسماء بطور ایہام تناسب آئے ہیں۔ میں اُن کے اسماء بلقب، نمبر خلافت و سنہ وفات طلباء کی آگاہی کے لئے لکھے دیتا ہوں۔

نمبر شمار	نام خلیفہ	نمبر خلافت	سن وفات
۱	منصور	۲	۱۵۸ھ
۲	موسیٰ	۴	۱۷۰ھ
۳	ہارون الرشید	۵	۱۹۳ھ
۴	مامون	۷	۲۱۸ھ
۵	واثق	۹	۲۳۲ھ
۶	متوکل	۱۰	۲۴۷ھ
۷	مہتدی	۱۴	۲۵۶ھ [illegible]
۸	معتمد	۱۵	۲۷۹ھ
۹	راضی	۲۰	۳۲۹ھ
۱۰	مستکفی	۲۲	معزول ۳۳۴ھ
۱۱	طائع	۲۴	معزول ۳۸۱ھ
۱۲	قادر	۲۵	۴۲۲ھ
۱۳	مستظہر	۲۸	۵۱۲ھ

نمبر شمار	نام خلیفہ	نمبر خلافت	سن وفات
۱۴	مقتضی	۳۱	۵۵۵ھ
۱۵	مستنجد	۳۲	۵۶۶ھ
۱۶	ظاہر	۳۵	۶۲۳ھ
۱۷	مستنصر	۳۶	۶۴۰ھ
۱۸	مستعصم	۳۷	آخری ۶۵۶ھ

کسی شاعر نے کل خلفاء بنی عباس کے نام بترتیب خلافت نظم کر دیئے ہیں جو یہ ہیں:-

از بنی عباس سی و ہفت بودند اے امام
کز سنان و تیغ شاں شد سینۂ اعدا فگار
بو سفاح - انگہی منصور و مہدی و عقب
ہادی و ہارون - امین - مامون امام کامگار
معتصم انگاہ واثق بعد ازو متوکل است
منتصر پس مستعین بود ست معتز پیشکار
مہتدی و معتمد پس معتضد - پس مکتفی
مقتدر پس قاہر و راضی امام باوقار
متقی مستکفی وانگہ مطیع و طائع است
قادر و قائم پس از وے مقتدی شد شکار
بعد ازو مستظہر و مسترشد است و راشد است
مقتفی مستنجد آں کش شیر گردوں شد شکار
مستضی و ناصر و ظاہر دگر مستنصر است
واخرین قوم مستعصم بحکم کردگار

یوماً عبوساً قمطریرا - دہم کو تو اپنے پروردگار سے اُس دن کا ڈر لگا ہوا ہے) جس دن میں منہ تُھتے ہونگے اور چہرہ پہ ہوائیاں اُڑتی ہوں گی -

معاطب - ہلاکیہا - خاص صفت معاطب ہے اور عام خبر واقع ہوا ہے - پس واو درمیان خاص و عام نہ چاہیئے -

یوماً کان شرہ مستطیرا - اُس دن سے جسکی سختی ہر طرف پھیلی ہوگی - (ڈرتے ہیں -)

استرکاب - سوار شدن -

طرقوا - ہٹو - بچو - راستہ دو -

شہرستان عدم کی تعبیر و تفسیر درب کے ساتھ کرنیکی خوبی نہ معلوم ہوئی - شاید یہ وجہ ہو کہ یہ نکلنا ہی آیندہ معدوم ہونے کا باعث ہوا ہے -

درب - پھاٹک - محلہ کٹرہ -

ربض - دیوار گرد شہر فصیل مراد حریم -

کرپاس - بارگاہ - احاطہ -

چوں ظرف زمان - مراد بزرگ -

موقوف کرد - ٹھہرایا -

بیاساء اختصاص یافتند - قتل ہوئے -

ترنج زلیخائی - کنایہ از آفتاب -

مشعبد - بازیگر - مداری - **لمعان** چمک -

نطع سیمائی - بساط سیماب رنگ کنایہ از آسمان -

بارو - حصار فصیل - **رُوم** - سد یاجوج و ماجوج -

اجعل بینکم و بینہم ردما - تمہارے اور یاجوج و ماجوج کے درمیان سد حائل کردیجیئے -

موازی - برابر - **شاہین** - باز -

جائع - گرسنہ **غشوم** - ظالم -

زریبہ - آغول گوسپنداں - باڑھا - (صراح)

اغتنام۔ غنیمت گرفتن۔ **خلیع العذار**۔ بے لگام۔
آغالیدن۔ برشورانیدن پل پڑنا۔
بامداو قتل و بیم واللّٰہ یدعوالیٰ دار السلام ویھدی من یشاء الیٰ صراط المستقیم
مارنے سے قتل اور خوف کے۔ اللہ بلاتا ہے بہشت کی طرف اور جس کو چاہتا ہے راہ راست کی طرف ہدایت کرتا ہے۔
آیت خبر تھی۔ جب وہ حذف ہو گئی تو بت الکا نہ ہونا بھی اچھا تھا۔ یعنی عبارت بالا سب حذف ہو جائے تو بہتر ہے حقیقت یہ ہے کہ جملہ مذکور اس محل پر کچھ اچھے معنے پیدا نہیں کرتا۔ یا ہم سمجھنے سے قاصر ہوں۔ اگر بامداد بمعنی صبح پڑھیں تو البتہ کچھ معنے مربوط ہوتے ہیں۔ مگر یہ معنے اوپر کے جملہ کے ساتھ مناسب نہیں۔

صفحہ ۷۷

آب بقم مجیٹھ کا سا رنگ کنایہ از خون کیونکہ چوب بقم سے رنگ سرخ نکلتا ہے۔
یھلک الحرث۔ ہلاک کرتا ہے کھیتی کو اور نسل کو۔
مقتنیات۔ ذخائر۔ **مکنسہ**۔ جاروب۔
کنس۔ روفتن۔ **مدقہ**۔ کوبہ۔ ہتھوڑا۔
ارائک۔ جمع اریکہ تخت **قصور**۔ جمع قصر بمعنی کاخ و بنی کی
مقصور منحصر۔ **حلیت**۔ زیور۔
نزاہت۔ پاکیزگی۔
کم ترکوا...... فاکھین۔ خدا جانے کتنے باغ اور چشمے اور کھیتیاں اور نفیس مکانات اور آرام کی چیزیں جن میں وہ عیش کیا کرتے تھے۔ چھوڑ گئے۔
زرین ترہ۔ ترہ نخ زر۔ سونے کے ورق اور ادویہ خوشبودار سے ایک چیز مرکب بناتی جو موم کی طرح نرم ہوتی پرویز اسے ہاتھ میں رکھتا تھا اور دبا کر مختلف شکل میں بنا لیتا تھا۔ یہ شعر خاقانی کا ہے۔ دوسرے شعر میں خاقانی کہتے ہیں ؎

پرویز ترہ نخ زر کسریٰ و بہ زریں
برباد شدہ یکسر باخاک شدہ یکساں
خسرو جو خوان پر زریں ترہ رکھا کرتا تھا
اب خوان پر وہ زریں ترہ کہاں ہے جا

اے مخاطب اور آیہ کم ترکوا جو مذکور ہوئی پڑھ۔
جدران۔ جمع جدار۔ دیوار۔ **آسمان نما**۔ بلند۔
ھذی منازل۔ یہ منزلیں ایسی قوموں کی ہیں کہ ان کی بزرگی اور سرداری پر گواہ ہیں۔
خدور۔ جمع خدر۔ پردے۔ **مأہتب**۔ مطلا۔
کافور وش۔ سپید۔ اور کافور غلام کا نام رکھتے ہیں۔
لالا بمعنی غلام و روشن۔ **تانیث** شمس عربی میں مونث سماعی ہے۔ یہ مصرع صفت پردہ نشینی میں ہے اور یہ قطعہ تعریف پردہ نشیناں میں ہے۔ **بناگوش**۔ کان کی لو نیچ
فراگوش۔ درگوش۔ **صفحہ ۷۹**
برزن۔ کوچہ۔ **اسواق**۔ جمع سوق بازار۔
دست خوش۔ مغلوب و عاجز۔
امہات مکارم۔ اصل بزرگیہا۔
محصنات۔ بالفتح والکسر زنان پارسا و شوہر دار۔
شعر خاقانی۔ جو حذف ہو گیا ہے یہ ہے۔

ذات العماد خرم خیر البلاد عالم
بیت الحرام ثانی دار السلام اصغر

ذات العماد۔ بہشت ارم۔ بیت الحرام۔ خانہ کعبہ

دارالسلام۔ بغداد۔ بخارا و نام بہشت۔

وکم من قریۃ۔ بہت سے قریہ ایسے ہیں کہ

جن پر ہمارا عذاب شب کو آیا۔ محال۔ محلات و مقامات۔

مکامن۔ کمینگاہ جمع مکمن۔ یباب۔ بفتح خراب ویران۔

غراب البین۔ جدائی کا کوا۔ عرب اسے منحوس سمجھتے

ہیں۔ اور ویرانی کا باعث جانتے ہیں

اتراب۔ جمع ترب ہمسن۔ ہمجولی۔

ما بالدار دعوی وما بہا دوی

گھر میں کوئی زندہ نہیں اور اس میں کوئی آواز نہیں

ویرانی خانہ کے لئے مثل ہے۔

گوران۔ گورخران۔ ویرانہ کا جانور ہے۔

اطناب۔ طول کلام۔ اثاث۔ سامان (فرنیچر)

اوانی۔ جمع آونہ۔ ظروف۔

بیت الشراب۔ آبدار خانہ۔

شبہ۔ پوت۔ رصاص۔ رانگا و سیسہ۔

حضیض۔ پستی۔ ثروت۔ تونگری۔

اکسون۔ بافتہ از جنس دیبائے سیاہ۔

صفحہ ۸۰

معتق۔ خز سرخ رنگ۔ دبابیج۔ جمع دیباج معرب

دیباہ و آن حریر یا علیہ دیباست۔ وہ کپڑا جس کا

تانا اور بانا دونوں ریشم کا ہو۔

مجلوبات۔ نوعے از قماش۔

بغال۔ جمع بغل خچر

آلانی۔ آلان ولایتے است از جبال گرجستان۔

قبچاق۔ شہرے در ترکستان۔

سراری۔ جمع سُریۃ کنیزے کہ در تصرف مولائے

خود باشد۔ قبان۔ میزان۔

ثمین۔ قیمتی۔ نواب۔ جمع نائب۔

اخرجت الارض اثقالہا۔ نکال کے

ڈال دیا۔ زمین نے اپنے باروں کو۔

قال الانسان مالہا۔ انسان نے کہا یہ

کیا چیز ہے۔

ذکر حوض

مصنع۔ حوض۔ قراح۔ خالص۔

آتش رنگ سرخ۔ مضروب۔ سکہ زدہ

ملآن۔ بھرا۔

دعوت ادجی را اجابت کرد۔ یعنی مُرد

قلۃ التفات۔ عدم توجہ۔ انفاق۔ صرف کردن

جد۔ مستنصر کا دادا ناصر تھا۔ اور باپ ظاہر۔

اُم المدارس۔ کالج۔

امساک۔ نگاہداشتن و باز داشتن مراد بخل۔

تارلق۔ دانگ دانگ جمع کردن۔

تصحیف۔ تجنیس خطی مراد اس سے مضیع بمعنی برباد ہے۔

صفحہ ۸۱

اثقال۔ جمع ثقل بار۔ غنائم۔ جمع غنیمت۔

انفال۔ جمع نفل۔ مال غنیمت۔ مخیم۔ خیمہ گاہ۔

ملابس۔ جمع ملبس۔ لباس و رخت۔

وشی۔ منقش

گروہ بود مفرشی جمع کہ گرد کردہ بود فرشی
کہ جن کو صاحب رخت نے جمع کیا تھا۔
گرد کردن۔ جمع کردن مفرشی۔ مفرش بمعنی
بستر و فرش و جامۂ خواب و یائے نسبت است۔
نایافت۔ مفلسی۔ عدم حصول۔
بایافت۔ حصول و تونگری۔ نایافت۔ غلط ہے۔
مُؤلِم۔ الم رساں۔ غور۔ عمق۔
دور و اروں۔ اوندھی گردش۔
مکتوبہ۔ فرض۔ مکتوبہ صبح۔ نماز فجر۔
تحریم۔ تکبیر کہ بعد نیت نماز گویند۔ معنی اصلی
اینکہ حرام کردن بر خود۔ مبطلات نماز را۔
بدایت۔ ابتدا۔
قل اللھم مالک الملک۔ کہہ اے اللہ
تو مالک الملک ہے۔ جس کو جی چاہتا ہے۔ تو
سلطنت دیتا ہے اور جس سے جی چاہتا ہے۔
ملک چھین لیتا ہے۔ جس کو دل چاہتا ہے عزت
دیتا ہے اور جس کو جی چاہتا ہے۔ ذلت دیتا ہے۔
تضرع۔ زاری کردن۔
بطاقت رسید۔ اسے بے حال شد۔
عاشق رنگ۔ اے زرد معشوق [illegible]
محبوب چہرہ۔ اے حسین۔
مبغوض سیرت۔ دشمن خصلت۔ دشمن اپنے
مخالف کو دیکھ کر چیں بجبیں ہو جاتا ہے۔ نقوش
اشرفی بھی گویا چین پیشانی ہیں۔ اس لئے اشرفی
کو مبغوض سیرت کہا۔

معاداوات۔ دشمنی۔ بُغضًا۔ دشمنی سخت۔
مشاجرات۔ از لوئی۔ باہم دشمنی کردن و دوری
اختیار کردن۔ ان سب صفات سے اشرفی مراد
ہے۔
بر آن جملہ۔ بر آن امر۔
اعوان۔ مددگاران۔ تفرقہ کردن۔ تقسیم نمودن۔
فدیہ۔ سر بہا (بتشدید)

صفحہ ۸۲

تمکنت۔ قدرت۔ کورہ۔ بھٹی۔
ہم در کشیدن۔ پیچ رہنا۔ ستمدیدہ۔ ظلم اٹھائے ہوئے
ذبول۔ پژمردن۔ شودم۔ شودمرا۔
نفی۔ مٹا دینا۔ شہر بدر کرنا۔ لاو صحیح او۔
مدفا و حشت۔ مشوز فروج۔ جمع فرج کشائشہا۔
در ورطۂ ہلاکت۔ در حساب شدن۔ ترسیدن
و متنبہ شدن و در فکر چیزے شدن۔
از صحیح از اطراف۔ استیناف۔ از سر نو۔
احتشاد۔ لشکر جمع کردن۔ استعداد۔ سامان۔
تدارک۔ سامان۔ تجشم۔ تکلیف۔
عنان صحیح عنا۔ رنج۔ فرصت۔ موقع۔
فائت۔ فوت ہونیوالا۔ معاودت۔ مراد بازدیگر۔
مطمورہ۔ تہخانہ۔
اسیب [illegible] صدمہ [illegible] بکسر [illegible] تازیانہ
کوڑے کا پھندنا۔ مقرعہ۔ تازیانہ۔
سقلاح۔ خونریز۔ البعاض۔ جمع بعض پارہا۔
مستلاشی [illegible] لا شئ۔ ہیچ و معدوم۔

صفحہ ۸۳

مُصعد۔ جائے صعود۔ بالا یعنی روح را بر آسمان۔
مُہبط۔ جائے ہبوط۔ زیر۔ یعنی جسد را زیر زمین۔
تمکین۔ قرار گرفتن۔ مراد سلطنت۔
مُنہدم۔ ڈھے جانیوالا۔ خلاقت۔ کہنگی۔
برحسب حال۔ مناسب مقام۔ محرر نوشتہ۔
نطع۔ بساط۔ امضاء۔ مراد پورا کرنا۔
عزائم۔ جمع عزیمت ارادہ۔ کشتن۔ بجھانا۔
مَعرِض۔ محل۔ کد۔ سعی۔
جزیل۔ بسیار۔ امداد۔ جمع مدد۔ کمک۔
ضروب۔ اقسام۔ طواری۔ لواحق و عوارض۔
مناہج۔ مطالب۔ مفوض۔ سپرد۔
مطمع۔ جائے طمع۔ محل امید۔

صفحہ ۸۴

مطمح۔ جائے افتادن نظر۔ برخواست صحیح برخاست۔
اضاعت۔ ضائع کردن۔ اخفاد۔ شکستن۔
اصطناع۔ نکوئی و احسان۔
کوچ۔ زور و قوت ترکی ہے۔ اجراء کار۔
حلبہ صحیح حلب۔ نام دروازہ بغداد جدھر سے راستہ حلب کو جاتا ہے۔ یا صحیح حلبہ۔
باسقاقی۔ کوتوالی۔ داروغگی۔
ابن عمران۔ انہوں نے بھی بیوفائی میں کوئی کمی نہیں کی۔ چنانچہ مصنف خود لکھتے ہیں کہ ہلاکو کو ایام محاصرہ میں بعقوبہ سے رسد پہونچاتے رہے اور یہی سبب ظفر ہلاکو ہوئی۔ لیکن اس کی بد اندیشی

آقا کا خیال نہیں کیا گیا۔ اور حکومت بغداد اسے ملی۔ لہذا ابن علقمی کو بعلت بداندیشی آقا حکومت بغداد سے محروم کرنا کہنا بے معنی ہے۔ بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ جو جی چاہا کیا کوئی مزاحم نہیں۔
نقار۔ سیورسات۔ رسد۔
مقاصم۔ قیام مصنف در بغداد کہ بعد حملہ ہلاکو ببغداد رفتہ بود۔
تفحص۔ تلاش و جستجو۔ غرابت۔ ندرت۔
العہدۃ علی الراوی۔ اس بیان کا ذمہ دار ناقل ہے۔
رَعاع۔ ذلیل و ناکس۔ رفع۔ برداشتن۔
جر کشیدن۔ کیس۔ ہمیان زر۔
کاس۔ پیالہ یعنی مفلس تھا۔ اور اسباب تنعم میسر تھے۔
سیہ سفیدی۔ بیاض را بسواد آوردن۔ مراد یہ ہے کہ کچھ تھوڑا سا لکھنا جانتا تھا۔
سیاہ کاری۔ فسق و فجور و بد اعمالی و تحریر۔
سفید دستی۔ زر و سیم بدست بودن۔ مراد تونگری و مالداری۔ حاصل یہ ہے کہ کچھ لکھنا پڑھنا جانتا تھا۔ یا بدکار تھا۔ اور تھوڑا پیسہ بھی پاس تھا۔
آفتاب گردش۔ جس میں گردش مثل آفتاب ہو۔
منوب۔ جس کا کوئی نائب ہو۔ مراد عامل بعقوبہ۔
وقدت۔ گرمی۔ ہواجر۔ جمع ہاجرہ۔ دوپہر۔
ظہائر۔ جمع ظہیرہ دوپہر۔ لہیب۔ شعلہ۔
حربا۔ آفتاب پرست۔ گرگٹ۔
واحرتا۔ وائے غم۔ کلمہ تفجع ہے۔
سورت۔ تیزی۔ حریق۔ سوزش۔

رحیق - شراب - **سلسال** - صاف و سرد -
مُہل - مس گداختہ - **غسلین** - زرد آب و ریم -
پشیزہ - فلس ماہی - **وال** - ماہی بزرگ - **قیلولہ** - رابرا
خواب نیمروز - **دلک** - ملنا دلنا - **تغمیز** - فشردن -
دونوں سے مراد چپی کرنا - پاؤں دبانا -
یزک - جمع قلیلے کہ در مقدمۃ الجیش میروند کہ آں
را قراول میگویند - پاسبان و جاسوس مراد لشکر -

صفحہ ۸۵

دواسبہ - بسرعت - **رُشد** - ہدایت -
غیّ - گمراہی - **بے استعدادی** - ناقابلیت -
استبعاد - بعید و عجیب - **استہزا** - مزاح -
پائمال - ذلیل و خوار - **مساعدت** - مدد -
ساعد - بازو - **دست خوش** - مغلوب و مقبوض -
انگشت اعتراض برحرف کسے دراز کردن
کسی کی بات پر اعتراض کرنا -
مستغرب - عجیب - **مستبدع** - نو و نادر -
ہردو آں - مراد عامل یعقوب و ابن عمران -
اضغاث احلام - خوابہائے پریشان -
اضعاف - دوچند - **ملام** - ملامت -
استدعا - درخواستن - مانگنا - باشتہ نکل است -
خبث اعراق - پلیدی رگہا - مراد بداصلی -
اغراق کردن - سخت کشیدن کمان - تیر کمان
میں لگانا - **بارو** - حصار و فصیل -
موقع - محل و مقام - یا - **وقع** - عزت و قدر
و عظمت -

صفحہ ۸۶

چنونٹے اوس کے ایسے کا -
مضائقہ - تنگی و حرج -
مناقشت - جھگڑا و منازعت - یا **منافست**
رغبت و معارضہ و حسد کردن - یعنی اس ایسے کم رتبہ
آدمی کو ہلاکو کے پاس بھیج دینے میں کسی کو کب عذر
ہو سکتا ہے -
کہن زنبیلے - پرانی زنبیل بغداد سے نہ لو - کیونکہ
بغداد میں تو نئی زنبیلیں بکثرت ملتی ہیں - پھر پرانی
کو کون پوچھتا ہے - یہ مصرع ضرب المثل ہے -
چریک - والنٹیر جن کا نام فوجی رجسٹر میں درج ہو
اور جن کو ہتھیار اور وردی ملتی ہے - اور وقت
جنگ وہ شریک جنگ کیے جاتے ہیں - یہاں مراد لشکر -
تغار - خوردنی و آذوقہ و راتبہ لفظ ترکی ہے -
شحنہ دادن - پروانگی دادن -
انابیر زیر زمین - وہ غلہ جو کھودں اور کھتوں میں تھا -
انابیر - جمع بطور عربی - غلہ کا ڈھیر - انبار غلہ -
توریہ - چھپانا - **نفس** - خاص - ذات -
نمودند - بیان کرتے ہیں - ظاہر کرتے ہیں -
یاسا - قانون -
حوالہ - سپردگی - چک - رسید - ہنڈی
مصنف خود مقر ہیں کہ ابن عمران کا رسد
پہونچانا ہی باعث کامیابی ہلاکو و بردباری
مستعصم ہے تو پھر تو ان پر ابن علقمی سے
زیادہ الزام غداری ہونا چاہیئے جس طرح

ابن علقمی بعلت بیوفائی مستحق ملامت بغداد
تہ قرار پائے اُن کو تو یادر کھنا اور لٹے نہ ملنا چاہئیے
تھی کیونکہ شکست مستعصم کے یہی باعث ہوئے۔
خذلان۔ بے بہرگی۔ رسوائی۔ کم بختی۔
نوکر۔ یہاں مراد ماتحت۔ **مُنادم**۔ مصاحب جلیس
اہانت واذلال۔ توہین وذلت وخواری۔
تجلد۔ سخت وچست شدن۔ استقلال وصبر۔
اہداب۔ پرزہ جامہ۔ پیوند وصلہ جمع ہدبہ۔
تلبیات۔ مکر وحیلہ۔ **سحر** مشہور۔
وُدٌ۔ ورزیدہ۔

صفحہ ۷۸

حیطان۔ دیوارہا۔ **صحائف**۔ دروازوں کے پٹ۔
اربطہ۔ جمع رباط مسافرخانہ۔ **موالات** دوستی۔
متشیع۔ شیعہ غالی کیونکہ باب تفعل کا خاصہ مبالغہ ہے۔
کشط۔ برہنہ کردن۔ یہاں مراد مٹا دینا۔
لعن اللہ من لا کے یہ معنی ہیں لعنت ہو اللہ
کی اس شخص پر جو ابن علقمی پر لعنت نہ کرے۔ لا
مٹانے کے بعد یہ معنی ہیں۔ جو کوئی ابن علقمی پر لعنت
کرے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔
نادرشاہ کے جلوس کی تاریخ الخیر فیما
وقع کہی گئی۔ دوسروں نے لا خیر فیما
وقع کہہ دیا۔ وہی حروف ہیں وہی سن ایجادی
نکلتا ہے مگر معنے بالکل برعکس ہو گئے۔
مجازات۔ بدلہ۔ صلہ۔ سزا۔ یعنی بدلے [illegible]
اتفاق۔ ابقاع۔ سخن چین۔ بلبل شیراز [illegible]

ے وہاں کشادہ شقائق چو مردم ابقاع۔
جرعہ کشیدن مراد حصول۔ **کفایت شود**۔ باتمام رسد
کلوخ استنجا۔ استنجے کا ڈھیلا۔ کیونکہ استجمار کے
معنے استنجا کردن بسنگ کے ہیں۔
خُبث۔ پلیدی نجاست۔ **مستقذر**۔ ناپاک۔
عبث۔ بیکار۔ بیفائدہ۔ بازی
مستہذر۔ بیہودہ
کمثل الشیطان۔ مانند شیطان کے جب اس نے
انسان سے کہا کافر ہوجا۔ جس وقت وہ کافر ہوگیا
تو کہا میں تجھ سے بالکل بری ہوں۔
پس از۔ غرض پوری ہوجانے کے بعد۔
قول وقلم۔ تقریر وتحریر۔ **مقدار**۔ وقعت
فکیف۔ پس کیا حال ہوگا۔
تُرہات۔ اباطیل۔ **اکاذیب**۔ دروغہا۔
فقد احتمل۔ جو لوگ ایماندار مرد اور عورتوں
کو بغیر کچھ کہنے سنے اذیت دیتے ہیں تو وہ ایک بہتان
اور صریح گناہ کا بوجھ اپنی گردن پر لیتے ہیں۔
مُبِین۔ ظاہر وآشکارا و واضح۔
متقدح وتجرح۔ طعن وزخمی۔ امور خلاف
شرع کا مرتکب۔
شہادتا۔ گواہی۔ **تشنیع**۔ سختی درشتی۔
خشاشہ۔ رمق جان۔
فیثاغورس۔ بن منشارس ساحل دریائے شام
کے شہر صیدا میں پیدا ہوا۔ مصر اور ساموس اور اٹلی گیا
[illegible] ساموس میں [illegible] بادشاہ حکیم سے علوم

ادبیہ و موسیقی۔ مدینہ سلیطوں میں حکیم بانا روس سے علم ہندسہ و نجوم اور بابل میں اربا طائے بابا سے حکمت الہی۔ اور شہر ویلون میں انار ناخو دلیس حکیم سریانی سے علم حکمت سیکھا۔ حرکت زمین اور سکون شمس کا سب سے پہلے یہی قائل ہے۔ مدینہ قرطلیا کے امیر قلوں سے جھگڑا ہو جانے کی وجہ سے بھاگتے بھاگتے شہر اطرلوطیوں میں پہنچا۔ اور وہاں بھی ہیروان قلون پہنچے تو میسلیین میں گیا۔ اور وہاں ایک ہیکل میں محصور ہو گیا۔ انہوں نے لکڑیاں اکٹھا کر کے آگ لگا دی۔ فیثا غورس مع اصحاب جل کے مر گیا۔ اس کا ظہور چار ہزار نو سو دس سال بعد آدم ہوا ہے۔ گشتاسپ کے زمانہ میں تھا۔

ثانی۔ نظیر و مثل۔ **رنات**۔ جمع رنہ آوازہا۔

مثالث و مثانی۔ سرود کا تیسرا اور دوسرا تار۔

دارس۔ کہنہ

صفحہ ۸۸

پردہائے اثنا عشر۔ بارہ مقامات موسیقی جن کے نام یہ ہیں۔ رہاوی۔ حسینی۔ راست۔ حجاز۔ بزرگ۔ کوچک۔ عراق۔ صفاہان۔ نوا۔ عشاق۔ زنگلہ بوسلیک۔

شعبہ۔ وہ نغمہ جو پستی و بلندی مقام سے پیدا ہوتا ہے۔

علم نسبت و تالیف۔ لے اور تال کا علم۔

تفریع۔ اضافہ کرنا۔ بڑھانا۔ ایجاد کرنا۔

مزلات۔ محل لغزش۔

لحن۔ وہ تیس نغمے جن کو باربد نے ایجاد کیا۔

محیرہ۔ حیرت انگیز و نام شعبہ مقام حسینی۔

منشآت۔ ایجادات۔ معمولات منجے ہوئے۔

در پردہ کشیدن۔ گانا۔

بسائط۔ نغمات مفرد۔ غیر مرکب۔

ابونصر فارابی۔ فاراب کا رہنے والا جو ترکی میں ایک شہر ہے مشہور فلسفی اور موسیقی دان تھا۔ پیدائش بو علی سینا سے تیس سال قبل قزاقوں نے اُسے ۳۴۳ھ میں مار ڈالا۔

بازگشت۔ مرجع۔ **جائے گرفتن**۔ اعتراض کرنا۔

مرغول۔ پیچدار۔ گٹکری۔

باربد۔ خسرو پرویز کا گویا۔ موجد سی لحن و سرود خسروانی

در پائے افتادن۔ اظہار عجز کردن۔

حلقہ در گوش کشیدن۔ غلام بننا۔ دن کے حلقہ میں دو جھانجیں لگی ہوتی ہیں۔

شاخص الابصار۔ جس کی نگاہ حیرت کی وجہ سے ایک مقام پر جم کے رہ گئی ہو۔ بانسری کے چھید چونکہ قائم ہوتے ہیں گویا چشم متحیر ہیں۔

افلاطون۔ حکیم یونان پانچ ہزار ایک سو اسی سال بعد ہبوط آدم اس کا ظہور ہوا۔ اصحاب افلاطون و ارسطو مشائین کہلاتے ہیں۔ ارسطو کا اُستاد ہے سقراط اور فیثا غورس کے شاگردوں سے تعلیم پائی۔ اکاسی برس کی عمر میں مرا۔ مقدونیہ میں دفن ہے۔ موجد ساز ارغنون۔

مزموم۔ اس لفظ کے کوئی مناسب معنے نہ ملے دونوں نسخے بھی ساکت ہیں۔ مذموم قابل مذمت یا مرموم قابل مرمت پڑھیں تو کچھ معنے ہوتے ہیں۔ مگر

دلچسپ اب بھی نہیں۔ پھر حکم مطلق کا بھی لطف میں نہ
سمجھ سکا۔ مزمزم۔ زمزمہ سے لفظاً تو متناسب
ہے معنویت کچھ نہیں۔
طنین۔ آواز طاس وکوس۔
سماع۔ رقص و سرود۔ ایقاع۔ تال۔ واقع کردن
الحان و سرود بنوعے کہ میاں آنہا فاصلہ بر یک نہج
باشد۔ (ہیئت سے پہلے پر بڑھالو)۔
ورمساق۔ مراد درمیان۔ اہوال جمع ہول خوف مراد قتل۔
نواخت۔ بجایا۔ اور سرفراز کیا۔
زخمہ بہا۔ قیمت وصلہ مضراب نئی۔
ادرار۔ وظیفہ۔ رسم۔ عادت و قاعدہ و قانون۔
ومشاہرہ و تنخواہ۔ رسما۔ عادۃً۔ استمراراً۔
بالمسانہہ۔ سالیانہ۔ سنہ بمعنی سال سے بنا ہے۔
عارفہ۔ احسان۔ موفر۔ مراد فائدہ رسانیدہ شدہ۔
ما فیہا۔ مراد مال و زر و اسباب۔ کندہ کا تعلق
دیار و رباغ سے اور بردہ کا ما فیہا سے ہے۔

صفحہ ۸۹

روّح اللہ روحہ۔ راحت دے اللہ اُن کی روح کو۔
موجز۔ مختصر۔ محتوی۔ گھیرنیوالا اشتمال۔
شدائد۔ جمع شدید۔ ترعید۔ لرزانیدن۔
اعطاف۔ جمع عطف پہلوہا۔ ولات جمع والی حاکم۔
اقطار۔ جمع قطر۔ اطراف۔ انذار۔ ترسانیدن۔
شامات۔ ملک شام۔ ومتعلقات آں۔
ردوا علیہم جواب ہیں۔
تصدیر۔ صادر کردن۔ منبی۔ خبر دہندہ از انباء۔

جاش۔ دل۔ تہدید۔ تخویف۔
میعاد۔ وعدہ دادن۔ مبنی۔ بنا کردہ شدہ۔
مکاشفت۔ دشمنی ظاہر۔ معادات۔ عداوت۔
مناوات۔ از نوی (دوری) دشمنی کردن (صراح)
موقگشت۔ بھڑک اٹھی۔ سہ تومان۔ تیس ہزار۔
کپ۔ لوقارا سہ تومان لشکر این بیت از
گفتہ کاتب مناسب الشانست ؎

کتائبُ کمَا جرّدوا لسّیفَ قہرَ ہمُ
لشکریست چوں برہنہ کردند شمشیر قہر خود را

یصیبُ بہا الدّہرُ الغشومُ کتائبُ
میشود بآں شمشیر زمانۂ ظالم مثل تو یہ کنندہ

اصل میں ہے۔ عربی شعر نکالنے کی وجہ سے عبارت
متعلق شعر بھی نکالنا پڑی۔
قضائے مبرم۔ وہ حکم الٰہی جو ٹلے نہیں۔
تنزل۔ فرود آمدن بجنگ۔
عُرمُرم۔ لشکر کثیر۔ نسخہ تبریزی میں بھی یہی لفظ ہے
مگر بے محل ہے۔ عَرِم چاہئے۔ قوم سبا کی نافرمانی کی وجہ
سے اللہ نے اُن پر ایک سیلاب بھیجا تھا جس سے وہ مع
مال و اسباب برباد و تباہ ہوگئے۔ کہتے ہیں کہ اس سیلاب
کے روکنے کے لئے جو بند اُنہوں نے باندھا تھا۔ اس کا
نام عَرِم تھا۔ بعض کا خیال ہے کہ اس چوہے کا نام ہے
جس نے بند میں رات کو چھید کر دیا اور پانی گھس آیا
اور یہ ہلاک ہوگئے۔ قولہ تعالیٰ۔ فارسلنا علیہم
سَیْلَ العَرِمِ۔
تسرع۔ سرعت و شتابی۔ چوں سے لیکر تسرع تک

یہ جملہ صفت لشکر ہیں ہے۔

استخلاص۔ نکال لینا۔

مکاومت۔ حرف چہارم واو جنگ کردن و آشکارا دشنام دادن۔

شامات۔ جمع شامہ۔ خال تل۔

شین۔ عیب فروشی۔

شنار۔ عار و عیب۔

ضرب اصول خفیف اول خفیف ثانی

سترہ تالوں میں سے تین تالوں کے نام ہیں۔ ان تینوں کو اپنے محل پر لکھنا بھول گیا۔ اس لئے یہاں لکھ دیا۔

*

استخلاص حلب

ملک کامل۔ نام بادشاہ میا فارقین۔ لفظ ملک سے پہلے از کی ضرورت ہے۔

صفحہ ۹۰

نیک۔ خوب۔ بیحد۔

بارقہ۔ بجلی و شمشیر درخش جمعش بوارق۔

دیار۔ ساکن **مفرق**۔ جدا ہونیکا راستہ۔ دوراہہ۔

طرق۔ راہہا۔ جمع طریق۔

ناحیتین۔ دو جانب۔ **نعی**۔ خبر مرگ۔

سناجق۔ جمع سنجوق بمعنی علم ترکی ہے۔

تلہب۔ زبانہ کشیدن آتش ہر نسخہ میں لفظ بھی یہی ہے۔ اور لغت میں معنی بھی یہی ہیں۔ جو میں نے لکھے ہیں۔ مگر یہ معنی مناسب محل نہیں لہذا تلہف بمعنی افسوس و اندوہ ہونا چاہیئے۔

منشار صحیح ششدر۔ تختہ نرد میں مہرہ کا اس طرح پھنس جانا کہ جب تک حریف راستہ نہ دے اس کو نکلنا ممکن نہ ہو۔ تحیر و عجز کے معنے میں مستعمل ہے۔

رہانہ۔ بکسر گرد بستن۔ داو۔ گرو۔ داؤں۔

فرہانہ۔ بفتحتین مرکب از فرہ و انہ خوش خوش و مسرورانہ۔

مغامرت۔ نادانی و کار ناآزمودگی۔

مقامرت۔ قمار بازی۔

تریاق اکبر۔ ایک معجون ہے جو ستر ادویہ سے مرکب ہے۔ اس کو تریاق کبیر و تریاق فاروق بھی کہتے ہیں۔ دافع کل زہر و مقوی دماغ ہے۔

سموم۔ جمع سم زہرہا۔ **افاعی** جمع افعی مار زہرناک۔

تجنن۔ جنون و دیوانگی۔ **تطبب**۔ طبابت۔

حواشی۔ مصاحبین۔ **محصناء**۔ قلعہ۔

وافر۔ کثیر۔ **مستظہر** معین۔ ہر دو صفت ذخائر۔

ممر۔ گذرگاہ۔ **رباع**۔ منازل۔

مدار۔ احاطہ۔ **محل اسرار**۔ دل و طبیعت

قطان۔ جمع قاطن ساکنین۔ **عاصفنا**۔ باد تند۔

مبارات۔ مقابلہ۔ **تپانچہ**۔ سیلی۔

صفحہ ۹۱

شہرا لقہر گرفتن۔ فاعل گرفتن لشکر یا لشکریان است

سبی۔ بردہ ساختن **جلائل** جمع جلیلہ۔ خاتونان

جلائل۔ جمع جلیلہ بزرگان۔ ابن جلا کنایہ از آفتاب

بل۔ بلکہ۔ **تخجل**۔ شرمندگی۔

وجل۔ خوف۔ **طواغیت**۔ جمع طاغوت بمعنی گمراہان

عفائف - جمع عفیفہ - زن پارسا -

سارہ - زوجہ حضرت ابراہیم

عصامی - نام زنے و عصام نام حاجب نعمان۔

آسیہ - نام زن فرعون کہ بگفتہ شوہر عمل نکرد -

اُسوہ - خصلت قابل اقتداء -

معاقرت - شراب خوری - اخذ - لینا -

اعطاء - دینا - اجلاس - بیٹھنا -

صبایا - جمع صبیہ دختران - سبایا - بردگان -

عوائق - زنان آزاد مخدرات پردہ نشیناں۔

فضائح - جمع فضیحت - رسوائی -

مغولان - یہ لفظ نہ ہونا چاہئے اور اگر ہو تو بارے کے بعد -

وثیر - بستر نرم - قراطین - دو قیراط - قیراط

تخم خرنوب یعنی مقدار وزن برابر وزن تخم خرنوب اور

دینار کا بیسواں یا چوبیسواں حصہ -

مشحون - پُر - قناطیر - جمع قنطار - اتنا

سونا جو ایک پوست گاو میں سما سکے -

عقود - سلک یا دانے - اقطاع - پارہا -

زبرجد - ایک جوہر سبز رنگ مثل زمرد -

زبرجاہ - بلند بہرہ و نصیب -

شفقی رنگ - سرخ رنگ - عراضہ پیشکش -

صوامت - جمع صامت - زر و جواہر -

سوائم - و سوائم جمع سائمہ چوپایہ -

انتقال - کوچ - نقلت - حرکت -

وقوف - قیام - [illegible]

سبائک - جمع سبیکہ - [illegible]

صفحہ ۹۲

محل و موقع - مرتبہ - مرضی - پسندیدہ -

یم - دریا - پسر مریم - حضرت عیسیٰ تشبیہ پاکی
و طہارت میں ہے -

ترصیص - ترصیع و نصب کردن و درستی و اصلاح -

دو مثقال و چہار دانگ - سوا تولہ

مریم را نگوید - کوئی دریا سے نہیں کہتا کہ یہ
در یتیم تو کہاں سے لایا - حضرت مریم سے جب
عیسیٰ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تو اُن کے اعزہ نے اُن
سے پوچھا تھا کہ تم تو کنواری ہو پھر یہ لڑکا کہاں سے لائیں -
ترشیح کے معنی اس محل کے مناسب نہیں ملے - اس
لئے بہتر ہوگا کہ توشیح بمعنی تزئین پڑھا جائے -
اگرچہ مصنف کا رنگ تحریر ترشیح ہی کا خواہاں ہے -
کیونکہ یہ تشبیح کے ساتھ تجنیس ہے - اگر ترشیح کے معنی
تزئین کے ہوں تو توشیح سے اچھا ہے -

س نظیر و توام ایں را طلب توانی داشت؟
کیا تم اس کا مثل اور جفت مہیا کر سکتے ہو

اقدام - پیش قدمی - اقتحام - و بغبار درآمدن

نظائر آں مثل دمشق مراد حلب و بغداد -

عروہ - دستہ - کنڈا -

ارباب استظہار و حمول - مددگاران و امراء -

حائل و حاجز - مانع - بر مثال - مانند -

طریق موردہ - راستہ و رانہ یعنی وادی رمل میاں
مرحلہ شام و مصر یانش راہ دور افتادہ - ملک ناصر
دراں پناہ گیرندہ شد -

بلنجی۔ پناہ گیر نارہ۔ استبداد۔ استقلال و اصرار۔ مقصور منحصر۔ صباغت۔ ڈھلا ہونا۔
کانّ بسرہی۔ گویا کہ وہ رباعیاں محل سیر خیال پر چلتی ہیں۔ اور مثل کی جگہ بولی جاتی ہیں اگرچہ بے مثل و نظیر ہیں۔
مجادلت۔ جنگ۔ مقاومت۔ مقابلہ۔
نار یار نار۔ مجال نار یار نار۔ فاعل اقوام دمشقی۔
مصاحف۔ جمع مصحف۔ قرآن ہا۔

صفحہ ۹۳

تلقی۔ ملاقات کردن۔ بطش۔ سخت گیری۔
التزام جمع بالتمام یا التزام پر ایک جب بڑھالی جائے۔
مہاوات۔ ہدیہ و پیشکش فرستادن۔
مہادنت۔ صلح۔ توقی۔ نگہداشت۔
نواصی۔ جمع ناصیہ۔ پیشانی۔
استسلام۔ سلامتی خواستن و فرمانبرداری۔
قبۃ الاسلام۔ دمشق۔ راس کے بعد کا کاٹ دو۔
قاہرہ۔ شہر دار السلطنت مصر۔
ازعاج۔ جنبانیدن و از جا برکندن۔
سوار۔ کنگن۔ مغفر۔ خود۔
وشاح۔ بکسر و بضم۔ حمائل۔
صدر۔ سینہ۔ قلب۔ لشکر درمیانی۔
[illegible]
[illegible]
[illegible]

مستقبل الشان شد۔ مصریوں کے مقابلہ کے لئے آگے بڑھ گیا۔
مواطاۃ۔ موافقت۔ بغتۃً۔ ناگہان۔
عطفہ نما بید۔ برگردند۔
جباہہائے سفید۔ سپید رنگ کی جھنڈیاں۔
وستبرد بے نام۔ ایسا غلبہ جو مشہور ہو جائے
میعاد۔ قرار داد۔ اجتیاز۔ گزشتن۔
مرصد۔ کمینگاہ۔ انتصار۔ نصرت و انتقام
موعد۔ وعدہ گاہ۔ اختبار۔ آزمائش۔

صفحہ ۹۴

رفارف۔ جمع رفرف مرغزار ہا و بساط ہا۔
مراغ۔ دامن کوہ و صحرا و مرغزار۔
اطناب۔ جمع طناب۔ رسنہا۔ کشیدند بلحاظ اکتفا بالاولی محذوف۔
خلیع العذار۔ برداشتہ افسار۔
مشمر۔ آمادہ و مہیا۔ طلایہ۔ پہرہ۔
پاس۔ حفاظت۔ باس۔ عذاب۔
سرایا۔ جمع سریہ لشکر ہائے مسلمانان۔
حزب اللہ۔ گروہ خدا۔ مراد لشکر مصر۔
حتف۔ بفتح۔ مرگ جمعش حتوف۔
حرب۔ سختی و دشواری و ہلاکت و مصیبت [illegible] محل پر بے محل ہے۔ گو ہر نسخہ میں حرب ہی لکھا ہے۔
فجاۃ۔ ناگاہ یا فجاءۃً۔ و فدیۃً۔ یکبارگی۔
[illegible] دادن۔ مداولت۔ گردش دادن۔

فراش۔ پروانہ ۔ **رشق**۔ تیر اندازی۔
مشق۔ جستن۔ و زخمی کردن۔ (صراح)
ہتک۔ دریدن **فتک**۔ کشتن و زخم کردن
الفِ واحد رُمح۔ نیزہ کو استعارہ راستی میں
الف سے کیا ہے۔ اور واحد صفت الف ہے۔
کیونکہ اس کا عدد ایک ہے۔ یا لفظ واحد میں
جو الف ہے۔ اس کو رُمح سے تشبیہ دی ہے۔
ابطال۔ جمع بطل۔ بہادران و دلیران۔
مانند نون تثنیہ۔ وقت اضافت نون تثنیہ
ساقط ہو جاتا ہے کتابین زید کی جگہ کتابیٔ
زید بولتے ہیں۔ عتیقی ماھان و ضیعی
لبان بھی اس کی مثالیں ہیں
اضافت۔ یہاں اضافت سے مراد نیزہ چلانا
اور ساقط سے مراد اس کا ٹوٹ جانا ہے۔ اور
یہ جملہ شرط ہے اور آگے کا جزا۔ یعنے جب نیزہ
ٹوٹ گیا تو تیر چلانے پر آمادہ ہوئے۔ لیکن جنگ
کا اصول یہ ہے کہ تیر اندازی پھر نیزہ بازی پھر
شمشیر زنی۔ اس کے بعد کشتی ہوتی ہے۔
جمع۔ گروہ۔ **کماۃ**۔ جمع کمی دلیراں۔
ہمزہ صفت۔ تیر کو شکلاً ہمزہ مانند کہا ہے۔
پیکان اور سوفار کی وجہ سے تیر مشابہ ہمزہ ہوتا
ہے اور کمان کی شکل نون کی ایسی ہوتی ہے۔
غمزہ و ابروئے۔ غمزہ کو تیر اور ابرو کو کمان
شعرا کہا کرتے ہیں۔
درحال۔ فوراً۔

ماضی۔ گزرندہ و برندہ و زمانۂ گذشتہ۔
استقبال۔ پیشوائی و زمانہ آیندہ۔
مصدر۔ جائے صدور۔ تیر سینہ کو تاک کر لگاتے
ہیں۔ اور اصطلاح صرف میں وہ اسم جس سے
مشتقات ہو سکیں۔
سہام۔ جمع سہم۔ تیرہا۔
معتل۔ تیر چونکہ بیماروں کی طرح لاغر اندام ہوتا
ہے۔ اس لئے اس کی صفت معتل لائے۔ اور
اصطلاح صرف میں وہ لفظ جس کے فے عین یا
لام کلمے میں کوئی حرف علت ہو۔
معتل مثال۔ لاغری میں بیمار کی طرح کا۔ اور
مثال وہ لفظ جس کے فے کلمہ میں کوئی حرف علت ہو
صحیح۔ تندرست اور وہ لفظ جس میں کوئی حرف
علت فے اور عین اور لام کلمے میں نہ ہو۔
اصابت۔ رسیدن۔ درستی۔
صحیح اصابت سے مراد ٹھیک نشانہ پر پہنچنے والا۔
مشتق گردانیدن۔ چاک کرنا۔
مشتق۔ وہ صیغہ جو مصدر سے نکلا ہو۔
دانۂ دل۔ سویدا دل۔ حبۃ القلب۔ جلجلان
دل میں ایک نقطہ سیاہ ہوتا ہے۔
اجوف۔ جوفدار۔ سوراخدار۔ بیچ سے خالی۔ وہ
لفظ جس کے عین کلمے میں حرف علت ہو۔ یہاں تک
جو اصطلاحات صرف صرف ہوئے ہیں۔ ان میں
صنعت مراعاۃ النظیر یا ایہام تناسب ہے۔
اسیاف۔ جمع سیف۔ شمشیرہا۔

منابر۔ جمع منبر۔
اکناف۔ جمع کنف۔ شانہ و دوش۔
اللھم۔ اے اللہ قتل کر کافروں کو جو اہل کتاب میں سے ہیں اور تیرے رسولوں کی تکذیب کرتے ہیں اور تیرے راستہ سے اُن کو روکتے ہیں۔ اور تیرے ہوتے ہوئے دوسرے خداؤں کو پکارتے ہیں۔
لتوت۔ جمع لت گرز ہا۔ رتوت۔ جمع رت مہتران

صفحہ ۹۵

ضرغام ارغام۔ خوار و ذلیل کنندہ شیر۔
مضارب۔ جمع مضرب۔ جنگ گاہ۔
عُرضہ۔ پیشکردہ شدہ۔ معاطب۔ ہلاکہا۔
اللھم۔ در اصل یا اللہ تھا۔ اللھم احفظنا من کل بلاء۔ اللھم کو تعریض کے لئے لاتے ہیں۔ اور اہل مناظرہ ضعف کے لئے۔
مقتلہ۔ قتل۔ مصدر میمی۔ شنعاء۔ بد مراد سخت۔
واہیہ۔ بلا۔ فحشاء۔ زشت و بد مراد سخت۔
فروبردن۔ نگلنا۔ صافی۔ ضد دُرد۔
خشونت۔ سختی۔ مناعت۔ محکمی۔
احتیال۔ حیلہ گری۔ منازلت۔ جنگ
وقاف۔ مقام۔ مناجزت۔ جنگ۔
اُسر۔ گرفتاری۔
حُراس۔ جمع حارس نگہبان۔ مراد اہل دمشق جو محافظ قلعہ تھے اور مغول کے مطیع ہو گئے تھے۔
مخاصمت۔ فروتنی۔ عقیق مذاب۔ کنایہ از خون۔
اوعیہ۔ جمع وعا ظروف۔ عروق۔ جمع عرق رگہا۔

ملوث۔ آلودہ۔ گردانید۔ صحیح گردانث۔
عداد۔ شمار۔ مضاف۔ منسوب۔ شامل۔
عطوف۔ بڑا مہربان۔ مراد خدا۔
آلاء۔ نعمت ہا۔ سنن۔ جمع سنت۔ طریق۔
منن۔ جمع منت احسان۔ سنت۔ راہ۔
ضنت۔ بخل۔ چاشت۔ اول روز۔
آفتاب گردش۔ جہاں آفتاب گردش کرتا ہے۔ مراد دُنیا۔

استخلاص میردین

مناعت۔ محکمی۔ انبازی۔ شرکت۔
مکافحت۔ شمشیر زنی و جنگ۔
رجولیت۔ مردانگی۔ فروسیت۔ شہسواری
قلاج۔ مقدار درازی ہر دو دست یعنی قد آدم۔ لفظ ترکی ہے اردو میں قلانچ اسی سے بنا ہے جس کے معنے قد آدم پھلانگ مارنا ہیں۔
منتصف۔ نصف۔ نکول۔ واپس شدن
براہ۔ بطور۔ دَمار و بوار۔ ہلاکت۔
معادیان و معاندان۔ دشمنان۔
مذکر۔ یاد دلانے والا۔ ناصح۔
مُقنِع۔ خرسند و خوشنود کنندہ۔
مُنذر۔ ڈرانیوالا۔ شنیع۔ زشت و بد۔
فظیع۔ قبیح و زشت۔
سنگے بر ہم نہادہ۔ تحقیراً قلعہ کو کہا ہے۔
ایلی۔ اطاعت۔ تلقی۔ ملاقات کردن۔

خواستہ۔ سامان۔ وقایہ۔ حفاظت۔

صفحہ ۹۷

ترعیب۔ تخویف و تہدید۔ ابراق۔ درخشیدن۔
بوارق شمشیرہا۔ متقلقل۔ مضطرب۔
نقار۔ بکسر کینہ و عناد۔ نیارہ سوزندہ
آروغ۔ خاندان چنگیز خان۔
باسقاقی۔ داروغگی و کوتوالی و حکومت۔

ذکر موجبات وحشت

صفحہ ۹۸

مستخرج۔ قابل اخراج مراد مناسب۔
دہاء۔ بفتح زیرکی و جودت و فکر۔
شہامت۔ جلادت یا ذکاوت قلب۔
تخوم۔ جمع تخم الفصل بین الارضین۔ حدود۔
سُرہ۔ ناف وسط۔
مَشتاۃ۔ جاڑے گذارنے کا مقام۔
لَم۔ جمع کردن۔ شتات۔ متفرقات۔
مُرقبق۔ ماورا سے دربند باکویہ۔
اَرّان۔ ولایتے از آذربایجان۔ بردعۂ
گنجہ و بیلقان اس کے شہر مشہور ہیں۔
بادکوبہ۔ نام بندرے در ساحل دریائے شور۔
سہ مرحلہ دور از شہر شماخی۔
مخاشنت۔ باہم درشتی کردن۔
سبیکہ سیم۔ خالص اور صاف چاندی۔ مراد
اس سے یہ ہے کہ برف جمی ہوئی تھی۔

تلال۔ جمع تلل پشتہ ہا۔ وہاد۔ جمع وہدہ زمین پست۔
قاقم۔ پوستین سپید رنگ۔ مراد برف۔
مُصَمّت۔ ٹھوس۔ صہیل۔ آواز اسپ
صلیل۔ آواز قراع شمشیر
چیاد۔ اسپان دراز گردن۔
اجناد۔ جمع جند لشکر۔ ساہرہ۔ روئے زمین۔
اصطکاک۔ بہم کوفتہ شدن آلات حرب۔
رعد۔ مراد نعرہ۔ دلیران و آواز ابر۔
لمعان و بریق۔ چمک۔
کور۔ نام رودے۔ و کیر آب سراب و
شورہ زار را گویند۔

صفحہ ۹۹

پذیرہ۔ پیش آیندہ و استقبال کنندہ۔
اقدام جمع قدم۔ اقتحام۔ در جنگ درآمدن۔
کہ و مہ۔ خورد و بزرگ۔ بےتحاشی۔ بلاخوف۔
باغیاں۔ باغیاں۔ ہرکہ۔ ہرکہ اغول۔
دشمن مال۔ مالندۂ دشمن۔ اندہیارہ آزردہ دل شدن
شہرود ہشت۔ اس نسبت جو اٹھارہ سے آٹھ
کی ہے۔ نسخہ تبریزی میں ازہرود ہشت
لکھا ہے یعنی آٹھ ہرود میں سے۔ پانچ میں
چار۔ سو میں سے اسی۔
مستزکب۔ سوار۔ مفاقصہ۔ ناگہان۔
مساجلت۔ عرب جب سے کہ منہ تک پانی سے
بھرے کنوئیں سے کھینچنے میں مقابلہ کرتے ہیں۔
سجل بھی ڈول سے بناتے اس لیئے اس کے معنے

مقابلہ اور جنگ کے ہیں۔
مُرتکب۔ ارتکاب کنندہ۔ عامل فاعل۔
معاونت۔ صلح۔ مواساۃ۔ غمخواری
مطاولت۔ نبرد کردن۔ شوائب۔ آمیزش ہا۔
تغلب۔ غلبہ تعدی۔ از حد در گذشتن۔
مُصفّیٰ و منزّہ۔ صاف و پاک۔
ازعاج۔ از جا بر کندن۔
معاقبت۔ پیچھا کرنا۔ اُرتاق۔ درتر کی سوداگر۔
متاجرت۔ تجارت۔ معاملت۔ لین دین۔
معارف مشہورین۔ خزانہ را۔ برائے خزانہ۔
اموال۔ جمع مال کے بعد بلحاظ اکتفا بالاولی۔ داشتن محذوف۔
موودعات۔ امانت ہا۔ بضاعات۔ سرمایہ ہا۔
مؤتمن۔ امین۔ مجازات۔ بدلہ۔

صفحہ ۱۰۰

صادر و وارد۔ روندہ و آیندہ۔
شیشہ۔ سحر و عزائم سے دیو۔ بھوت۔ پری کو شیشہ میں بند کر لیتے ہیں۔
دریں نزدیکی۔ اسی اثنا میں۔ اس سے قریب۔
شمارہ۔ مردم شماری۔
اُلُغ قول۔ اُلغ بمعنی بزرگ و قول بمعنی غلام نام شخصے۔
ولا۔ بفتح غلام آزاد۔ صفائح۔ جمع صفیحہ شمشیر عریض۔
بیض۔ جمع ابیض۔ شمشیر بریدہ۔ قاصد و ایلچی۔
منایا احمر۔ موت احمر یعنی موت سخت کنایہ از قتل است۔ آجال۔ جمع اجل موتہا۔

الفاء کا تعدیہ جب علی سے ہو تو رحم کرنے کے معنے ہوتے ہیں۔ یہاں یہی مراد ہے۔
الحب یتوارث۔ محبت میراث دلاتی ہے۔ اور بغض آگ بھڑکاتا ہے۔ کیونکہ توارث کے معنے آگ بھڑکانے کے ہیں۔
ممہد۔ محکم۔ مبسوط۔ گستردہ۔
کرّ۔ حملہ کرنا۔ فر۔ گریختن۔
آن۔ ملک۔ آپ کے بعد۔ چوں۔ اور بڑھالو۔
متلاشی۔ مٹنے والا۔ لاشئ۔ معدوم۔
تختۂ یخ۔ برف منجمد پر جو چیز لکھی جائے وہ بہت جلد محو ہو جاتی ہے۔ کیونکہ برف پگھلتی رہتی ہے
سیبا۔ بکسر زینے کہ محاط از دیوار باشد۔ مورچہ اور ٹرنچ کے معنے بھی ہیں (اسٹنگاس)۔
مکابرت۔ مجادلہ و معارضہ و غلبہ کردن با کسے در بسیاری (منتخب)۔
تجنّب۔ کنارہ کشی و بیگانگی۔
تحرّز۔ پرہیز کردن و خود را نگاہداشتن۔
تغتا۔ پسر منگو تیمور۔

صفحہ ۱۰۱

تجاوب۔ ایک دوسرے کو جواب دینا۔ پے در پے آوردن۔
مجتازاں۔ گذرندگان۔
عراب۔ اسپان و شتران تازی۔
تموج۔ مراد کثرت۔
طرائف۔ جمع طریف مال نو۔
سمت۔ نقش۔ اتساع۔ وسعت و کثرت۔

ذکر رصد مراغہ

مراغہ۔ نام شہریست بآذربایجاں تخت گاہ ہلاکو خاں۔
مستصفیٰ۔ صاف۔ ازہمہ۔ از روئے۔
جِد۔ کوشش وسعی۔ جَد۔ بفتح بخت۔
تجارت۔ دلیری وبزرگواری۔
تقطاول۔ نگہبانان۔ قراول۔ محافظان۔
تلقین۔ فہمانیدن۔ متوالیات مسلسل
زیج۔ معرب زیگ وآں قانون تنجیم است کہ درجہا اول آں اوضاع کواکب وخطوط طولی وعرضی کہ درآں مقادیر حرکات مراکز کواکب باشد۔ وحرکات تداویر واوجات معلوم میکنند۔
رصد۔ برپشتہ بلند۔ سطح راہموارہ کردہ دوقصر مقابل یکدیگر بناکنند۔ روئے یکے بسوئے مشرق وروئے دیگرے بطرف مغرب۔ طول ہریک چہار صد گز وبلندی ہریک صد گز منجمان برآں برآمدہ احوال کواکب معلوم کنند۔
تحاولات۔ تحویلات سیارگان ببروج۔
تسییر۔ سیر بروج۔ طوالع۔ جمع طالع بروج۔
مطالع۔ جائے طلوع بروج وسیارگاں۔
توجیہ۔ وجوہ بیان کرنا۔

صفحہ ۱۰۲

فروار یہ۔ معرب پرگاریہ۔ مراد حرکت دوری۔
اوتاد کا ذکر اوپر آچکا ہے۔
عطایا۔ سالہائے عمر کہ مدلول آں کدخدا باشد عطیہ گویند وآں سہ نوع است کبری ووسطی وصغری۔
ہیلاج۔ لفظ یونانی ہے منجمین کے نزدیک ہیلاج بمنزلہ مادہ کے اور کدخدا بمنزلہ صورت کے ہے طالع مولود واصل عمر مولود کی دلیل ہیلاج سے لیتے ہیں اور اس کی کمیت وکیفیت کو کدخدا سے حاصل کرتے ہیں۔
کدخدا۔ کوکبے کہ مستولی باشد بر موضع ہیلاج۔
تسییر۔ فرض حرکت لیلی ہے از دلایل فلکیہ بدلیل دیگر۔ وانتہائے رسیدن وجہ متاخر در طلوع است بموضع درجہ متقدم در طلوع بحرکت فلک اعظم کہ ہر سالے چند کوکبے یا برجے یا برا اس وذنب نسبت کنند۔ واز احوال کدخدا استدلال کنند بر مدت عمر مولود۔
خداوند بیت۔ سیارہ کا اپنے اصلی خانہ میں ہونا۔
شرف۔ ہر سیارہ کا شرف بیان کرچکا ہوں۔
مثلثات۔ بارہ بروج میں سے تین برج آتشی اور تین بادی اور تین آبی اور تین خاکی ہیں۔ ان کو مثلثات کہتے ہیں۔
آروغ۔ خاندان۔ مؤنت مایحتاج وضرورت۔
استعمار۔ عمارت بنایا۔
مجسطی۔ کتابیست در علم ریاضی مشتمل بر دلائل واصول اشکال علم ہندسہ کہ موجد آں بطلیموس است ونام علمیست بہیئت افلاک زمین ومقادیر حرکات وکمیت ابعاد واجرام۔ بزبان یونانی معنی این لفظ ترتیب است۔ زیرا کہ این علم پیش از بطلیموس بدیں

ترتیب بودہ۔
تماثیل۔ اشکال۔ تمثلات و تدا دیر و توال کا ذکر اوپر آچکا ہے۔
دوائر متوہمہ۔ دائرہ ہائے فرضی۔
اسطرلاب۔ ایسٹرولیب کا معرب ہے۔ اسطر اور ایسٹر اور اسٹار کے معنے ستارہ اور لبانو کے معنے لینا۔ دو قرص شیشے اور پیتل کے ہوتے تھے۔ جن پر دوائر اور خطوط منقوش ہوتے تھے۔ اوپر والے حصے کو عضادہ کہتے ہیں۔ اسے گھماتے تھے۔ دونو ایک کیل سے مرکز پر جڑے ہوتے تھے۔ اس سے ارتفاع آفتاب و ستارگان معلوم کرتے تھے۔ کوئی ارسطو اور کوئی بلیناس کو اور کوئی ابرخس کو اسکا موجد بتاتا ہے۔
تقویم۔ حساب یکسالۂ منجمان کہ از احوال و حرکات ستارگان استخراج کردہ و در ورقے چند ثبت کنند۔
منقور۔ کھدا ہوا۔ نقش کیا ہوا۔
ثلمات۔ جمع ثقبہ۔ بخضم۔ سوراخ۔
عتبہ۔ آستانہ۔ درج۔ جمع درجہ۔
دقیقہ۔ جمعش دقائق۔ ہر درجہ میں ساٹھ دقیقے ہوتے ہیں۔
بخش۔ حصہ۔

صفحہ ۱۰۳

اقلیم سبعہ۔ ربع مسکون کو اگلے جغرافیہ دانوں نے سات اقلیموں پر تقسیم کیا تھا۔ آجکل پانچ براعظم پر تقسیم کرتے ہیں۔
طول ایام۔ کس اقلیم میں بڑے سے بڑا دن کتنا ہوتا ہے۔
عرض البلد۔ خط استوا سے قطب شمالی تک ۹۰ حصوں پر جو تقسیم ہے اس سے کسی شہر کا طول البلد معلوم ہوتا ہے۔
صورت وضع۔ کونسی اقلیم کی کیسی شکل واقع ہوئی ہے۔
کوشیار۔ جیلیے گیلانی یا فارسی اُستاد بوعلی سینا۔
علائی۔ فرید الدین ابو الحسین علی ابن عبد الکریم نے ۴۵۵ھ میں رصد بنائی۔ ان کی زیچ کا نام علائی ہے۔
شاہی۔ حسام الدین سالار۔ اوحد الدین انوری و عبد الرحمن نے جو رصد ۶۲۵ھ میں بنائی اور جو زیچ تیار کی۔ اُس کا نام شاہی ہے۔
اعتداد۔ شمار۔ بروج جمع فوج۔
بتقریب۔ تخمیناً۔ مرصد۔ گھاٹ۔
کمین گشودن۔ نشانہ لگانا۔
مغاک۔ گڑھا مراد قبر۔ **قرائن**۔ بمعنی سر۔
دخمہ۔ مراد قبر۔ **حلی**۔ جمع حلیہ زیور۔
حلل۔ جمع حُلہ لباس۔ **اکلیل**۔ تاج۔
کلل۔ کلغی۔ **مضیق**۔ تنگی۔
مضجع۔ خوابگاہ مراد قبر۔
حریق۔ سوزش مراد عذاب۔

صفحہ ۱۰۴

روعت۔ رعب و خوف۔ **حاجز**۔ مانع۔
فدیہ۔ سر بہا۔ **دست کشادن**۔ ہاتھ بڑھانا۔
پا فشردن۔ استقلال و ثبات۔
تاختن۔ حملہ۔
بقا لقائے۔ بقا خداہی کیلئے ہے اور سلطنت اُسی کی۔

جلوس خان عادل اباقاخان

پسر ہلاکو ۱۲

عزا۔ سوگواری۔ سپری شد۔ ختم گردید۔
متتابع۔ پے در پے۔ آتش۔ خوراک مراد ثواب۔
اس لفظ کو قبل۔ فرستادند۔ بڑھا لو۔
مفاوضت۔ مشورہ۔ گرازاں۔ خراماں۔

صفحہ ۱۰۵

قنغراتائے۔ بارہ میں سے ایک یہ نام چھوٹ گیا ہے۔
صارم۔ شمشیر۔ یسار۔ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے ہیں اور دہنے میں تلوار ہوتی ہے۔
یمین۔ داہنا ہاتھ۔ یمن۔ برکت۔
یسار۔ تونگری۔ مخائل۔ علامات
تذکر۔ یاد دلانا۔ توفر۔ زیادتی۔
خط۔ چھلکا۔ مضا۔ جریان
زواجر۔ موانع ونواہی۔
اوامر و زواجر۔ امر و نہی۔
قامان۔ علما و حکمائے ترک
مناجح۔ جمع منجح وقت و محل بر آمدن حاجت۔
امانی۔ جمع اُمنیہ امیدہا۔ دستامند۔
متکا۔ تکیہ گاہ۔ مسند۔ گاہ۔ تخت۔
فائح۔ خوشبو دہندہ۔ فاتح۔ کشائش آزندہ۔
غم کاہ۔ غم کا گھٹانیوالا۔
عقل فعال۔ عقل عاشر کہ منتظم عالم سفلی است
منہی۔ خبر دہندہ۔ صاحب جدی۔ زحل علاوہ

شمس وقمر باقی پانچ خمسہ متحیرہ کے دو دو خانے ہیں ہر شعر میں مصنف اُس سیارہ اور اس کے دونوں خانوں کا ذکر کرتا ہے۔
دلو۔ گیارھواں بُرج اور دوسرا خانۂ زحل ہے مشتری کے خانے حوت اور قوس ہیں۔

صفحہ ۱۰۶

ترک چرخ۔ مریخ اسکے خانے حمل اور عقرب ہیں۔
آفتاب کا خانہ برج اسد ہے اور محل فلک چہارم۔
زہرہ کا خانہ ثور اور میزان ہے۔
شیر فلک۔ برج اسد۔
تیر۔ عطارد دو خانۂ آن جوزا و خوشہ (سنبلہ)۔
کشر راہی کج راہی۔ سرطان (خرچنگ) ماہ کا خانہ ہے اور وہ اُلٹا اور سیدھا دونوں طرح چلتا ہے۔
کمر در گردن انداختن۔ پٹکا گلے میں ڈالنا۔ یہ ایک قسم کی تعظیم تھی۔
آفتاب را زانو زوند۔ آفتاب کے سامنے تعظیماً جھکے۔ کیونکہ مغول آتش پرست تھے۔
طوے۔ جشن۔ عیہلین جمع عیناء زن خوش چشم۔
جوہر سیال۔ کنایہ از شراب۔
وردفارغ۔ صفت نوخرد۔
ساحت۔ میدان مراد آنکھ کا ڈھیلا۔
ارغواں۔ مراد سُرخ۔ عنبری۔ معطر۔

صفحہ ۱۰۷

نصفی۔ پیالہ خرد۔
ریسل۔ زنان غزل گو۔ گانے والی عورتیں۔

ہزجی ۔ جو نظم بحر ہزج میں ہو اور ایک قسم کا نغمہ
ہوا ۔ عشق و محبت ۔ پندار ۔ گمان و خیال ۔
ملمع ۔ وہ نظم جس کا ایک مصرع عربی اور دوسرا فارسی ہو
راست ۔ نام مقامی (راگ) از دوازدہ مقامات موسیقی ۔
شعر صبح رباعی ۔ اس رباعی کا وزن ہزج ہے ۔
الورد گلاب مثل زلف محبوبان خوشبو دیتا ہے ۔
اور بلبل باغ میں گلاب پر چہچہا رہی ہے ۔
صبوح ۔ وقت صبح و ثانی بمعنی شراب صبحگاہی ۔
مداومت ۔ ہمیشگی ۔ مراد تسلسل ۔
مُدام ۔ شراب ۔ مُحیّا ۔ چہرہ ۔
حُمیّا ۔ شراب ۔ تجاولیت ۔ جو تھا ۔
سورت ۔ تیزی ۔ اطراب ۔ خوشی و نشاط ۔
ثریا انتظام ۔ مجتمع ۔ اکٹھا ہوا ۔
بنات النعش ۔ مراد تفرق و انتشار ۔
حالے ۔ وقتے ۔ جیسے ہی ۔ جس وقت ۔
خروس زرین بال صبح ۔ کنایہ از خورشید ۔

صفحہ ۱۰۸

برسم ۔ بطور ۔ مانند ۔ براۓ ۔
صبوحی ۔ صبح کی شراب پینا ۔ صبح ہونا ۔
آب کار ۔ رونق ۔ کار آب ۔ میخواری
را ۔ برائے ۔ تاب ۔ حرارت و گرمی ۔
خراب ۔ مست ۔ اشک ۔ مراد قطرات
بدرار ۔ ریزاں ۔ تاب ۔ پیچ و تاب ۔
سہل ۔ زمین نرم ۔ گسترد ۔ میں قالین
ممدودہ بچھے جاتے ہیں ۔ خطیر ۔ وہ ۔ شرمندہ کرنیوالا ۔

سلسال ۔ آب شیریں و صاف ۔
غدیر ۔ تالاب و حوض ۔ عذوبت ۔ شیرینی ۔
سلسبیل ۔ نام چشمۂ بہشت ۔
غضارت ۔ نعمت و فراخی عیش و ارزانی ۔
نضارت ۔ تازگی و آبداری ۔
تسجیع ۔ آواز موزون ۔
نرگس لالہ کے درمیان واو عطف چاہیئے ۔
نہیب ۔ بکسر نون ۔ ہیبت و عظمت و جلال ۔

صفحہ ۱۰۹

عتاب ۔ ناز و خشم ۔ نوعروس اغصان گل
باغ و شاخ ۔ اغصان ۔ جمع غصن شاخہا ۔
ناکاسہ ۔ زرناب ۔ پیالہ ۔
غایت ملالت یعنی اس کے ختم ہوجانے کا ملال تھا ۔
کان یمین ۔ جس کا دہنا ہاتھ بمنزلہ کان ہو ۔
عوارف ۔ احسانات ۔ نکوئیہا ۔
امراء تومان ۔ دس ہزار فوج کے افسر
امراء ہزارہ ۔ ہزار کا افسر
صدہ ۔ سو کا افسر
مشہود ۔ مقررہ ۔ درصدد ۔ درپے ۔ وہ ۔ ارتکاب ۔
معرض ۔ محل ظہور ۔ روعت ۔ نہیب

صفحہ ۱۱۰

رائے جزم ۔ ارادہ محکم ۔ تامین ۔ اماں دادن ۔
خواستہ ۔ سامان ۔ رامش ۔ شادی طرب ۔
معالی ۔ علو مرتبت ۔ درگذشت فضیلت برد ۔
رقم زدگی ۔ مفعول ذیل کا شتر قبل لفظ و نارت

حذف ہو گیا ہے

کان فیہا غایۃ بل آیۃ

کان فیہا لھا بل معجزا

(ترجمہ شعر) گویا وہ وزارت میں انتہا ہے بل کہ وزارت کی نشانی ہے اور وزارت میں موجب تو کیا معجز نما ہے۔

موسیقال و موسیقار۔ آلات ساز۔

الالحان۔ یہ لفظ مجھے نہیں ملا محل نغمہ کے معنے چاہتا ہے

ارمو۔ ارم طبرستان میں اور ایک آذربائیجان میں شہر ہے۔

خطاط۔ خوشنویس۔

صفحہ ۱۱۱

بغرس۔ زمین کا غذ میں معنی ہوتا ہے۔

انصاف۔ حق تو یہ ہے۔

خافت۔ ساکن شوندہ از خفوت۔

نور اللہ۔ روشن کرے اللہ ان کی قبر کو اور پیشانی اور روشن کرے اللہ ان کی پیشانی کو۔

صناوید۔ جمع صندید۔ بہادر و بزرگ۔

صید۔ جمع اصید۔ بلند گردن بلند۔

بسالت۔ دلیری و حملہ۔ یہ لفظ جرثومہ کیساتھ کچھ اچھا معلوم نہ ہوا۔

جرثومہ۔ درخت کی وہ جڑیں جو زمین سے کچھ ابھری ہوتی ہیں جیسا ہر ہوں۔ انھیں اردو میں [illegible] کہتے ہیں۔

نباہت۔ شرافت۔ عرق۔ رگ و ریشہ۔

نزاہت۔ پاکی۔ نبیل۔ بزرگ۔

محظ۔ جائے حظ و بہرہ و نصیب۔

محط۔ جائے فرود آمدن۔ محط۔ مراد منزل۔

مرتع۔ چراگاہ۔ روائع۔ جمع رائع خوب

مربع۔ منزل۔ مشرع۔ گھاٹ۔ راہ۔

مصنع۔ چشمہ۔ طیب۔ پاکیزگی۔

اعراق۔ گہرا و اصل۔ مفرغ۔ جائے فراغت مفریا

استنجاد۔ دلیری۔ مفزع۔ پناہ گاہ۔

مقرع۔ کھٹکھٹانے کی جگہ۔ مراد دق الباب۔

استرفاد۔ عطا خواستن۔

مثل سائر۔ جو مثل تمام میں شائع ہو۔

مستطائر۔ اڑنیوالی۔ منتشر۔ شائع۔

مصطبح۔ وقت صبح دو وقت شراب با مدادی۔

ازاحت۔ دور کردن۔ ید بیضا۔ مراد اعجاز۔

مالوف۔ مراد عادت۔ منتظر۔ مراد امید۔

صفحہ ۱۱۲

منار۔ علامت۔ منصب۔ مراد وزارت

منصب۔ رتبہ۔ منصب۔ مراد وزارت

منصب۔ قیام نصب منصب۔ منزلت۔

جد۔ بکسر سعی۔ صاعد۔ بلند۔

استدراک۔ تدارک کردن۔

رعاۃ۔ جمع راعی پاسبان۔ نصاب۔ حد کامل۔

استیہال۔ سزاواری و استحقاق۔

مصاب۔ محل صواب رسائی۔ مدتے [illegible] دراز

حاتم طی۔ قبیلہ طی کا مشہور سخی۔

کطی السجل۔ مثل پیچیدن طومار و خطوط۔

بوار - ہلاکت - حریق - سوختہ -
نوائر - جمع نائرہ - آتش - دمار - ہلاکت -
سنستدرجہم - ہم ان کو آہستہ آہستہ اس طرح
پکڑینگے کہ ان کو خبر بھی نہ ہوگی -
نامیہ - نامی و مشہور - بڑھنے والی -

صفحہ ۱۱۳

دیوانے مفرد - کارکن با اختیار -
اینچو - مال خاص - خالص آمدنی - خالصہ
شعور - اطلاع - ہبوب - وزیدن باد
امانی - آرزوہا - ترشیح - آبیاری -
رُفات - استخوانہائے - اموات - مردگان -
معہد - منزل - احیاء - زندگی -
شتات - متفرقات و منتشرات -
بتات - رخت خانہ - اثاث البیت -
عنقاء مغرب - اصحاب رس کے زمانہ میں ایک
پرندہ پیدا ہوگیا تھا جو بچوں کو اٹھا لے جاتا تھا -
حنظلہ نبی کی دعا سے وہ غائب ہوگیا - اس لئے
غریب اور معدوم ہوجانے میں ضرب المثل ہے -
اسم لیسمع - اس کا نام تو سنا جاتا ہے - مگر
اس کا جسم دیکھنے میں نہیں آتا -
آرائش - اس کی رائے کا - آرائش - زینت -
ہماآسا - مانند ہما - آسائش - آرام -
آلا - نعمتہا - آلائش - آلودگی -
اصیل - پیش بین و ثابت رائے و صاحب بلند
خامل - گمنام - اذابت - گداختن -

الف آسا - راستی میں تشبیہ قلم کو دی ہے -
نون والقلم - نام سورۂ قرآنی -
مداد - دوات کی سیاہی -
حبر - روشنائی و سیاہی - اجابئی - نافع تر -
یا - احری - سزاوار تر - تبر بکسر سونا -
الیق - لائق تر - حبر - بکسر زینت و نعمت
و دانشمند و نیکوکار -
الحبر - روشنائی زیادہ نافع سونے سے ہے -
اور زیادہ لائق نعمت یا نیکوکار سے ہے -
واشجبہ - سبب - عقدہ شجن - گرہ غم -
شجن - مجلس - شعر - بیت -
شعیرجو - شعار - مراد عادت و خصلت -
سعر - نرخ - بےسعری - عدم قیمت -
شعری - ستارہ مشہور -
ھوالبو مبی الحال ذرات منتشر نور کا حکم رکھتا ہے
نثرہ - منزلے از قمر -

صفحہ ۱۱۴

ازاء مقابل - حائل - وہ چیز جو آڑ ہوجائے -
سلسال حیوان - آب شیریں - چشمۂ حیوان -
غزارت - کثرت -
درایت - بکسر - دانش مقابل روایت -
مکانت - رتبہ -

صفحہ ۲۹۵

نیل - یافتن -
بمقتضی - بر حسب - بمقتضائے -
ما کل ... بل ذلک - ایسا نہیں ہے کہ جو آدمی تمنا کرے وہ حاصل بھی ہو جائے -
خیبت - مایوسی - تحسر - حسرت خوردن -
غلیان - جوش - شیمت - خصلت -
صنادید - جمع صندید یعنی سرداران عظما و رؤسا
قروم - جمع قرم - سرداران -
در تضاعیف - درمیان - ایلخان ارغون -
تضریب - در غلاندن و برانگیختن -
کوژپشت - خمیدہ - صفت آسمان -
دورنگ - بلحاظ شب و روز - منافق -
خم و خوہ - بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خواہ کا مخفف جو بجائے حرف تردید یا آتا ہے - یا یہ کہ خم و پڑھا جائے -
ضراعت - خواری و فروتنی و زاری نمودن -
مفتتح - آغاز - تواضع - فروتنی -

تشفع۔ شفاعت کردن۔
داعی۔ چاہنے والا۔ بلانیوالا۔ دُعاکرنیوالا۔
وجیہ۔ وجیہ الدین۔
عاصی۔ گنہگار۔
ضعیف داعی وجیہ عاصی۔ راقم کی جگہ یہ الفاظ لکھے ہیں
مندرج ساختن۔ نوشتن۔
کار۔ فعل قابل اعتنا۔
آشیانہ سفلی۔ کنایہ از دنیا۔
مانس علوی۔ کنایہ از بہشت وعقبیٰ۔

صفحہ ۲۹۶

مزاولت۔ عادت کردن بکارے۔
وخامت۔ بد انجامی۔
مفضی۔ رساننده۔

عاقبت کار۔ انجام کار۔
ارتحال۔ کوچ کردن۔
حتمی۔ بالضرور۔
مقتضی۔ پورا ہونے والا۔
حرص صحیح مال وجائے دیگر کا۔ بجائے حرص
بارگیر۔ سپرا۔
بود و کار بر مراد۔ اگر تو یہ چاہتا ہے کہ زندگی خوش اور کام موافق مراد ہو۔
با ایستی بساز۔ نہ ہونے کے ساتھ موافق کر۔
کم چیزے گرفتن۔ ترک آں چیز کردن۔
چوں روزگار........ زمانہ کا ایسا کوئی ناصح نہیں۔ اگر تو نصیحت لینا چاہتا ہے زمانہ سے نصیحت لے۔

۴ رنومبر ۱۹۲۷ء کو یہ فرہنگ لکھنا شروع کی اور ۲۶ رفروری ۱۹۲۸ء کو فراغت پائی۔
سید اولاد حسین شاداں بلگرامی
بمقام لاہور ۲۸ رفروری
۲۸ء

دوسرے ایڈیشن کی نظر ثانی دسمبر ۱۹۳۰ء میں کی۔

بہترین لکھائی
بہترین چھپائی
بہترین مصنفوں اور مترجمین
کی
کتابیں درکار ہوں!
تو
شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور کو یاد فرمائیں

اردو ترجمہ

تاریخ وصاف

جلد اول

تا اختتام عہد ارغون خان

مدخلہ نصاب امتحان منشی فاضل پنجاب یونیورسٹی

مترجمہ

جناب مولانا محمد مشتاق احمد صاحب فاضل دیوبند۔ مولوی فاضل منشی فاضل

معلم عربی۔ لنیہ۔ ضلع مظفر گڑھ

حسب فرمائش

شیخ جان محمد الہ بخش تاجران کتب علوم مشرق

کشمیری بازار لاہور

فروری سنہ ۱۹۳ء

مطبوعہ رفاہ عام سٹیم پریس لاہور

قیمت

مختصر فہرست مطبوعات کتبخانہ شیخ جان محمد اللہ بخش تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

اُردُو ترجمہ

تاریخ وصّاف جلد اوّل

حمد باری تعالیٰ

وہ حمد اور ستائش جس کے اخلاص کے انوار۔ تمام جہان کو مانند آغاز صبح صادق کے روشن کرتے ہیں۔ اور وہ شکر اور سپاس جو موزونیت کے ساتھ۔ لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ (اگر تم شکر کروگے تو میں ضرور زیادہ دوں گا تمہیں) کی خلعت وجودِ جہان کی گردن میں ڈالتا ہے۔ (سزاوار اور لائق ہے) مالک الملک حق اور واجب الوجود کی مقدس بارگاہ کے لئے جس کی ذات کی کمالیت فہم اور قیاس کے ادراک سے بلند ہے اور جس کے اوصاف کی جلالیت اور بزرگی خیالات اور گمان کی تگ و دو سے بلند تر ہے جس نے کہ معلول اوّل جوہر بسیط کو "کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ" (میں مخفی کان تھا میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں) کے خزانہ سے باہر نکالا۔ اور سب سے پہلے جس چیز کو اللہ تعالےٰ نے پیدا کیا وہ عقل ہے۔ پھر عقل فعّال کی نورس شاخ سے نفس کل کے گل کو صمدیت کی صنعت کی بادِ صبا سے کھلا دیا۔ اور ان دو نو جواہر کی وساطت سے جواہر مجردات اور نفوس متعارفا نے امکان کے سلسلہ میں تعدد کی قدرت پائی۔ اور اجرام علوی اس (اللہ تعالیٰ) کے انوار جمال کے شوق کے میدان، اور اسرار کمال کی روشنیوں کے مطالعہ میں، گوے کی مانند چوگان تقدیر کے خم میں پھرنے لگ گئے۔ ؎

سب چیزیں سرگردان ہیں پرکار کی طرح (اس لئے کہ) اپنے ظاہر کرنے والے کی طلبگار ہیں۔

اور جب اس نے نیلا قبہ بلند کیا اور اسے ستاروں کے موتیوں اور چمکدار ذرّوں سے مزین کیا۔ اس کی شوقی حرکات کی تاثیر سے، سلسلہ عناصر اربعہ۔ مزاجوں کے تضاد و کیفیات کے اختلاف اور مکانات کے تباین کے ساتھ ایک دوسرے سے مل گیا۔ اور موالید ثلاثہ کی ترکیب کی ترتیب عالم کون و فساد میں ظاہر ہوئی سب سے پہلی ترکیب (موالید ثلاثہ میں سے) (۱) معدنیات کی تھی۔ جو خواص اور رنگوں کے صفات سے موصوف ہو کر اس کا ہر نوع بنانے والے کی صنعت کا واضح بیان اور ظاہر دلیل ہوئے۔ لعل اور یاقوت آب دار کے نگین اور چمکدار جواہر کے ٹکڑے۔ وَلِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ (اور اللہ ہی کے لئے آسمانوں اور زمینوں کی

کتاب کی عبارت کمزور معلوم ہوتی ہے جناب قدس مالک الملک بحق و اجب الوجود را — کی بجائے جس نے بولنا شروع کیا کرسکے صحیح یہ ہے جناب قدس مالک الملک حق و اجب الوجود را۔ واللہ اعلم۔ مترجم

بادشاہت اور ملکیت) کے نقش خاتم سے منقش ہو گئے ۔ اور خالص سونے کی ڈلی اور خالص چاندی کے ٹکڑوں نے زرگر سورج کے بوتہ اور ایجاد کی ٹکسال میں اپنے وجود کے چہرہ پر اس شعر "ہر چیز میں اس کے لئے نشانی ہے جو دلیل ہے اس کی کہ وہ ایک ہے" کا سکہ لگا دیا ۔

اور دوسری ترکیب میں (۲) نباتاتی نفس عدم کے پردۂ خفا سے وجود کے ظہور کے میدان میں خراماں ہوا ، اس میں معدنیات کی تمام صفات جمع ہو کر ذائقے ، خوشبوئیں ، جذب و امساک کی قوتوں ، نشو و نما ، اپنی مثل پیدا کرنا ، اور اپنی نوع کی صورت پیدا کرنے کی صفات سے اسے مزید امتیاز بخشا گیا ۔ اس کا ہر جزو ، صانع اور اس موجود کی جس کا وجود واجب ماہیت سے الگ نہیں ، وحدت پر قاطع دلیل اور روشن برہان بن گیا ۔ پنکھڑیوں کے تازہ چہرہ نے شنگرف کے خط سے یہ شعر "سبز زمردیں شاخوں پر پنکھڑیاں ، گواہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں" رقم کیا ۔ اور درختوں کی تختیوں کے صفحے ، سبزی اور تازگی کی قلم سے " اور نہیں گرتا ہے کوئی پتہ مگر وہ اس کو جانتا ہے " کے معنی اور مطلب سے منقش ہوئے شمشاد اور سرو آزاد کی قد صدق بندگی کو قائم کرنے کے لئے " اللہ بڑا ہے چیزوں کا پیدا کرنے والا اور تاریکیوں اور روشنیوں کو ڈھانپنے والا " کی اذان (بانگ جو نماز کے وقت کہی جاتی ہے) سے صبح و شام کے وقت رکوع کی ہیئت میں جھک گئی ۔

تیری حمد کی تسبیح اور ثنا کی اشاعت کرتے ہیں ۔ پہاڑوں میں سنگریزے اور شاخ گل پر باد صبا ۔

اور ترکیب ثالث (۳) کے طور میں نفس حیوانی (جاندار نفس) نے نیستی سے ہستی کے دائرہ میں قدم رکھا ۔ ان (گذشتہ) تراکیب کے تمام خواص اس میں موجود ۔ اور ایک اور بخشش کے ساتھ اسباب شہوت ، غضب ، احساس کی طاقت اور حرکت ارادی کی قدرت سے جو روح اور قوی کا نتیجہ ہیں ، مخصوص ہوا ۔ پرندوں کی مختلف اقسام ، گھونسلوں کے گوشوں میں گانے اور چہچہانے کے الحان سے اور وحشیوں اور درندوں کے انواع نے جنگلوں اور غاروں کی پوشیدہ (؟) میں ہنہناہٹ چیخ و پکار اور سخت آواز سے ۔ اور مختلف حشرات الارض اور زہریلے جانور زمین کے اجزاء اور پتھروں کی پوشیدگیوں میں نرم آواز سے ۔ اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (اللہ ہر چیز کا خالق ہے اور وہی ایک زبردست ہے) کہنے والے ہو گئے ۔

جب نوبت ترکیب کی چوتھے درجے پہنچی تو انسانوں کے گروہ کو جو آخری نوع (یا افضل نوع) تھا ۔ فلکی باپوں اور عنصری ماؤں کی تربیت سے ارادہ کی ہتھیلی میں (بحر دان) تکوین اور پیدائش کے مراتب سے روز بروز اور حالاً فحالاً گزارا ۔ اور بعد اس کے کہ " ہم نے پیدا کیا انسان کو اچھی صورتوں میں اور قوام میں " کے کارخانہ میں اس کا ہیولی جسمی " اس

نے تمہیں صورت بخشی اور اچھی صورت بنائی" کی صورت کے قابل ہوا۔ اس کو "پھر ہم نے اس کو دوسری پیدائش پیدا کیا۔ اللہ برکت والا اچھا خالق ہے" کے مقام میں دوسری فضیلت علاوہ ان اطوار کے مرحمت ہوئی۔ اور ایسے مزاج کے حصول سے جو اعتدال کے قریب تھا اُسے نفسِ ناطقہ کا محل اور آشیانہ بنایا۔ اور قوت عاقلہ کے شرف سے "اور ہم نے معظم بنایا آدمی کو" کی عزت عطا کی۔ تاکہ فضائل ذاتی کی تکمیل کے مدارج اور استقلال کی نردبانوں میں توحید باری تعالیٰ کی معرفت سے "اور وہ فکر کرتے ہیں آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش میں" کے درجہ تک "بے شک رات اور دن کے اختلاف میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں" کے اشارے سے ترقی حاصل کرے۔ اور نفس کے آئینہ کو خالی کرنے کے بعد تجلی الٰہی کے نقوش سے آراستہ کرے۔ اس طرح کہ معرفت موجودات کی صورتوں کی حکایت کرے اور ملائکہ مقدس، نفوس مفارق اور عقول مجرد کی صف میں شامل ہونے کے شرف سے بلند پایہ مزین ہو، اور اس لیاقت کے حاصل ہونے سے خوش زندگانی جو زوال کے شائبہ سے دور ہو، عمر جو کمال کے نقصان سے محفوظ ہو، فرحت جو انتہا کے خوف کے بغیر ہو، اور لذت جو ختم ہونے کی تکلیف کے سوا ہو جیسی سعادت حاصل کرے

نعت پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام

اس حمد بے قیاس کے جفت، اور اس شکر بے انتہا کے متصل صلوات (رحمتیں)، درود کے پیغاموں کی ہوائیں، اور تحیات (سلام اور تحفے) کی ہواؤں کی خوشبوئیں، اور مہکیں، اس طرح کہ حوران فردوس کے ہار اُن کی نسیموں کے چلنے سے حرکت کی محبوب کے سینہ میں حائل تنے" کی صورت اختیار کریں اور اس کے اثنا میں میدان دل کی گھاٹیاں معشوقان گل و سمن کے رُخ اور عارض کی طرح، سرسبز ہوں۔ (صلوات کی ہوائیں اور تحیات کی ہواؤں کی خوشبوئیں پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہونچیں جو) وما ینطق عن الھویٰ (اور وہ خواہش نفسانی سے کلام نہیں کرتے) کے نغمہ کا طوطی ہے۔ اور "نہیں وہ کلام مگر وحی جو پہنچی جاتی ہے" کا معجزنما۔ واللیل اذا یغشیٰ (رات کو جب تاریک ہو جاتی ہے یا چھا جاتی ہے) کے مشکیں زلفوں والا "وما زاغ البصر وما طغیٰ" (اور نہ پھری آنکھ اور نہ سرکش ہوئی) کا جنگلی چشم۔ ایسے قرب کے دامن کا صاحب (یا گھسیٹ کر چلنے والا) کہ لی مع اللہ وقت (میرا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک وقت ہے) کی خلوت سرائے میں اُس کی بارگاہ وقار کے نقیب اور دربان لاالفی کی دور باش (ہٹو) کا دست رد (روکنے اور ہٹانے والا ہاتھ) انبیاء اور اصفیاء کی پیشانی پر رکھتے ہیں۔ (یعنے اُس خاص وقت میں اُن انبیاء اور اصفیاء کو دربار میں رسائی حاصل نہیں ہو سکتی)۔ ایسی شریعت کا مالک ہے کہ تلف دین اور مذاہب کی

منسوخی اور سیدھے مذہب کے قواعد کی بنیاد رکھنے کے مقام میں "میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے پیغمبروں کی طرح ہیں" کے فخر کا دم مارتا ہے۔ ایسے اچھے خلق "الا کہ باوجود "ہم نے نہیں بھیجا آپ کو مگر جہان کے لئے رحمت" کی فضیلت رکھنے کے۔ امت کے ضعیفوں کے ساتھ "میں تم جیسا بشر ہی ہوں" کی برابری ڈھونڈتا ہے، ایسا خدا کی طرف سے تائید یافتہ نفس جس نے "میں بھیجا گیا سیاہ اور گورے کی طرف" کے میدان میں "میں تلوار کا نبی ہوں" کی دھمکی سے، سرکشی اور بدبخت کی گرد کو گمراہی کے گروہ کے وجود کی تختی سے دھو ڈالا۔ اور (درود و سلام ہو اوپر)

آپ کے ہدایت یافتہ خلفاء، دین کے امام، پیروکاروں اور اہل بیت کے جو "اور پہلے پہلے ہی ہیں" کے میدان کے بہادر، اور "وہی مقرب ہیں" کے باغ کے پودے ہیں۔

تمہید۔ بعد حمد اور صلوٰۃ کے "جن کو علم کے درجے عطا کے گئے" کے کارخانہ کے محرروں اور منشیوں نے۔ بے مثال، صاحب، سعید، فضائل اور بلندیوں کے میدان میں، ماتویں تیر (تیر بلند) کے حاوی، علاؤ الدین صاحب الدیوان عطا ملک پسر صاحب مغفور بہاؤ الدین محمد بن محمد الجوینی، کو "پاک کرے اللہ تعالیٰ اُن کی روحوں کو راحت کی نسیموں سے، اور متواتر بھیجے رحمت کی غنیمتوں سے اُن کے لئے فتوحات" عقل کی زیادتی، خلق کی خوبی، فنون براعت میں سمندر ہونے، اصول فضائل کی فن دانی، انواع علوم میں فرد ہونے، اور حکمتوں کے قالبوں میں سبقت لے جانے، کے زیور سے آراستہ کیا ہوا تھا۔ اور باوجود سلطنت اور ریاست کے کمال، اور خوشی وغمی میں امور ملک و مذہب میں اشتغال کے۔ جادوگر قلم کو کنگھا کرنے والی، اور اس کے عجائبات ظاہر کرنے والی طبیعت، کے نتائج۔ نا کتخدا سخن کی گردن اور کانوں کے لئے۔ ایسی نظم سے (موتیوں کی لڑی) جس کے بدائع کے پروئے جانے سے منظوم موتیوں کی لڑی بکھر جاتی ہے۔ اور ایسی نثر سے، جس کے خوش آئند الفاظ کی شگفتگی کھلے ہوئے گلاب کے لئے شرمندگی کی لڑی پروہ سے۔ زیور مہیا کرتی تھی۔ اور علوم کی خوشبوؤں کے سونگھنے والوں کے لئے۔ فکر کرنے والی قوت، خوشبودار انگیٹھی پر فائدہ پہونچانے کے بخور جلاتی تھی۔ یہی حالت متواتر رہی۔ یہاں تک کہ اس کی نہا طر غاطر نے جواہر بلاغت کے نگینوں۔ آیات فضیلت کے اصول، خوبیوں کے ابواب کی فہرست اور نایہ نا "صحیفہ کے عنوان یعنی تاریخ جہاں کشائی جوینی نہ بلکہ جام جہاں نما" معانی کو ضبط کی لڑی میں پرو دیا۔ جو مغلوں اور ادھر ادھر کے دیگر ملوک اور سلاطین۔ جو مغلوں کی سلطنت کے زمانے میں تھے۔ کے حالات پر مشتمل ہے۔ بادشاہ جہاں کشا چنگیز خاں

کے ابتدا، ظہور سے لیکر بے دین لوگوں کے علاقہ کی فتح تک۔ جو ہلاکو خاں کے ستاروں کی تعداد والے لشکر کی تکلیف اور چڑھائی کرنے سے ہوئی تھی۔ سے (مولف کہتا ہے)

مجھے اس سخن پروری سے یکبارگی معلوم ہوا کہ وہ (علاؤ الدین عطا ملک جوینی) کس قدر عالی رائے۔ ملک آراد اور معنی پرور ہے۔

جب اس نسخہ۔ جو ارباب معانی کی تصنیفات کے منسوخ کرنے کا موجب ہے۔ اور اس کتاب نے باکرہ لڑکی کی مانند حروف کے زلفوں کے شکن سے حور وش چہرہ ظاہر کیا۔ تو الفاظ اور معانی نے فضلا اور بلغا کی عقلوں کے ساتھ زنان حسین کے گوشۂ چشم سے دیکھنے یا کنکھیاں مارنے کا عمل دلربائی میں شروع کیا اور ان اچھوتے فکروں سے ہر ایک لکھنے اور املا کرنے والے کی زبان سے آواز دیتا تھا کہ سے (از مولف)

یہ بات بے سخن اور لا کلام ہے کہ جب کلام میں سخن اور ذکر چلے گا تو ہوگا سخن سختوں میں (یعنے کلاموں میں کلام) میری سخن آرائی سے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس انشاپردازی کی روانی، سخن طرازی کے طریق، ایجاد اور اختراع کی خوبی، منثور اور منظوم کی تنظیموں اور الفاظ اور معانی کی تلویحات سے، سحبان بن وائل کے کلام، لقمان کی حکمتوں، اور قسی بن ساعدہ کے خطبوں کی رونق دور ہوگئی اور اس کی طوالت اور اختصار، حقیقت اور مجاز کی رعایت۔ خیالی وحی اور معجزہ کے طور پر بیان کرنے اور ابتدا، اور انتہا کے موزون لانے کو۔ نازک تشبیہوں، مرغوب مثالوں، حیثیت اشاروں اور اوصاف پسندیدہ کی صورت میں لانے کے رشک اور غیرت سے البو محمد ہمدانی کی روح شرمندہ ہوتی ہے۔

اس کتاب سے لوگوں کو چنگیز خاں کے مبارک خاندان کے۔ جہانگیری اور جہانداری سطوت اور سیاست کے کمال اور غلبہ اور فتح کی کثرت کے اسباب اور ان کی لشکر کشی اور دشمن کشی کی ترتیب، موافقت اور مطابقت کے طریق اور بہادری اور شجاعت کا شیوہ۔ جو کسی زمانے میں اس طریق سے نہیں ہوا۔ اور کسی تاریخ سے اس رنگ میں مطالعے سے نہیں گذرا۔ معلوم اور محقق ہوگیا۔

اس احسان سے عطا ملک (جوینی) کا فلک عطا غلطیدوں پر ہمیشہ رہا اور صاحب دیوان دو دیوانوں کا صاحب اور دو مرتبوں کا جامع ہوگیا (پہلے وزیر یعنے اہل السیف اور اب اہل قلم یعنے مصنف بھی ہوگیا)۔

مدح سلطان محمود غازان | پھر مبارک سلطنت اور روز افزوں دولت، اسلام کے بادشاہ۔ لوگوں کی

گردنوں کے مالک، ایلخاں، ہمت کے سکندر، خاقان کو غلام رکھنے والے - اہل ایمان پر امن اور امان کے سایہ گستر شہنشاہ جہاں غازان محمود سلطان کے عہد اور زمانے میں ۵ - اللہ تعالیٰ اس کی سلطنت کو دائم رکھے جس کے انوار عدل سے ممالک عالم کے میدان خلا بریں کی مانند آراستہ، اور معمورہ سلطنت کے اطراف وجوانب نوے ۹ سال سے اوپر کے کفر اور گمراہی کی خاشاک سے صاف ہوگئے جس نے مجوسیوں کے گرجوں اور بتوں کے مندروں کو علم کے مدرسے اور اسلام کی مسجدیں بنا دیا - اور دین ہدایت کے جھنڈے آسمان کی بلندی تک بلند کردئیے - دین محمدی کا رتبہ سلطنت محمودی کے نقارہ کی چوٹ سے بڑھ گیا - اور مشرکوں کی سینہ کی تہوں میں جو کفر اور گناہ کی گھاس اُگنے کی جگہ تھی - توحید اور ایمان کے غنچے کھل گئے - مال دار لوگ ملت حنیف (یعنی سادھے مذہب اسلام) کی محبت میں صدق اعتقاد سے قدم رکھنے لگے - اور ایک ہی لحظہ میں کفار نابکار - نیک، اور شریر - صاحب راز ہو گئے -

ان حالات کے مقابلہ میں سلطان محمود سبکتگین کے جہادوں اور کفار سے لڑائیوں کی تمام کہانیاں دین پروری اور انصاف کے بارہ میں جن کے ذکر سے بڑے بڑے علماء کی تصنیفات کے پیٹ بھرے ہیں - مکمل طور پر بھرتی اور فضول معلوم ہوتی ہیں -

(پھر محمود غازان کی طرف توجہ کرتا ہے) اور جو جہانداری اور کامگاری کے شیوہ میں باوجود نوبن اور عمر کی کھیتی کے تازہ اور سرسبز ہونے کے - جہاندیدہ بادشاہوں اور تجربہ کار خاناں سے گوئی سبقت لے گیا ہے اور ممالک اور لوگ اطراف واکناف میں - اس کی زیرکی کی برکت اور انتظام کی خوبی سے پُرا اور خوش ہو گئے - ؎ (از مؤلف)

جہان اس کے عدل سے ایسا آباد اور خوش ہو گیا کہ نہیں ہے - فتنہ سوائے حسینوں کی آنکھ کے اور رخنہ سوائے اُن (حسینوں) کے شوخ کے -

سعادت کے الہام کرنے اور ہدایت کے سمجھانے سے، دولت خواہ، کمتر بندہ، اللہ تعالیٰ کے سامنے قصوروار - کے دل میں (جس کا نام عبداللہ بن فضل اللہ ہے یہ مصنف تاریخ وصاف اپنا ذکر کرتا ہے) اللہ تعالیٰ اس کی آخرت کو دنیا سے اچھا بنائے" خاطر کے سوانح ظاہر ہوئے اور فکر کے جاذب خیالات جولانی میں آئے - تاکہ بیان کی اس نو عروس کو، جو برتری کے زیوروں سے آراستہ ہے - فوراً تکمیل حال کے لئے پازیب سے خالی نہ چھوڑے (یعنی کتاب کو پازیب سے تعبیر کیا ہے) اور ان جنگی کے تعلق رکھنے والے فضل نسب والوں کو جو نازکی کے دامن کو فصاحت کے کرشمہ کی راہ سے ادا اور غمزہ کے پاؤں میں کھینچتے ہیں - تحریر کے دامن سے دامن دار بنائے - اور اس کتاب میں بادشاہ کا

۵ سہولت کے لئے عبارت کا تعلق ذیل میں درج کیا جاتا ہے: - غازان محمود سلطان کے عہد اور زمانے میں سعادت کے الہام اور ہدایت ... فضل اللہ کے دل میں ... کتاب کا قصہ کا خیال ... کہ تاریخ وصاف کی تصنیف کا موجب ہوا یعنی تاریخ وصاف سلطان محمود

نام نیک ہمیشہ اور جاوید رہے ۔ اور بعض وہ حادثات اور واقعات جو اس زمانے کے اختتام سے
گردش والے شعبدہ باز فلک ، اور بے مہر حریف آسمان نے ظہور کے میدان پر ڈال دئے (ظاہر
کر دئے) اور معتبران سے اُن کی کیفیت کچھ معلوم کی گئی ۔ میرے اس زمانے تک اور وہ
شعبان ۶۹۹ھ کا آخر ہے ، اور میری باقی عمر تک ، اور میں اللہ تعالیٰ کو اپنے کام سپرد کرتا ہوں
نقل اور روایت کی شکل اور دیکھنے اور سننے کی صورت میں بالتفصیل اور بالاجمال بموجب
تقاضائے وقت اور حال کئے ۔ تحریر کی شکل میں پروئے جائیں (حادثات اور واقعات تحریر میں
لائے جائیں) تاکہ اس حکایت کا سلسلہ اور اس روایت کا بیان جو کہ برسوں اور مہینوں کے عجائبات
میں سے ہے منقطع نہ ہو جائے ۔ اور فاضل عاقل اور با اقبال مُدرک علم تواریخ کے مطالعہ اور
گذشتہ امتوں کے مقامات اور مقدمات ، اجرام فلکی کی تاثیر کے نمونے اور عالم سفلی کے حوادث
کے آثار پر مطلع ہونے سے عقل کا سنوارنے والا اور نفس کا تجربہ کار بن جائے ۔ اور خود حکمت الٰہی کا
تقاضا اس طرح ہے کہ انسان کی شخصیت کا باقی رہنا محال ہے ۔

تصنیف کا ارادہ | ان مقدمات کی ترتیب کی بنا پر شرف علمی کو جس سے اگلے لوگوں کے احوال کا محل
وقوع اور زمانۂ مستقبل کے انجام کی کیفیت معلوم ہوتی ہے (دریافت کیا جا سکتا ہے کہ مرتبے کے کس
درجے پر ہے) اور اس کے منافع تمام فرقوں کو ، سردار ہوں یا محکوم ، اہل فضل ہوں یا نہ کس طرح شامل ہیں ،
یہ نیت مضبوط اور ارادہ پختہ ہو گیا ۔ شعر ۔ میں نے کہا اگر میرا دل اور طبیعت ہے ۔

قوتوں کی عدم موافقت | جس قدر کہ علاقہ پیدا کرنے اور مضامین کو ترتیب دینے میں کوشش کی
گئی فکر نے جو طبع عزیزی کے لوازمات سے ہے ، باوجود خیالات کے ماتھے کے پسینہ پسینہ ہو جانے
اور برا انداز ہائے درونی کے خزانے بکھرے بکھرے ہو جانے کے (موافقت نہ کی) ۔ اور ذکاوت کی تیزی جو ہمیشہ
معانی کی پہنائیوں اور تنگنائیوں میں تیز رو بجلی کی مانند گذر جاتی تھی (غم کے بادلوں کی گھٹا
میں چھپ گئی) ۔ دل دیوانہ نے بیہودہ گوئی سے ، ملال کے جال میں بند اور کاہلی کے تیروں سے
خستہ ہو کر کہا ۔ شعر ۔ تمہیں تو تیرے عشق کے سوا درویشی ہی درویشی ہے ، پس اس نے صبر کے مہر
کو پھینک دیا اور بطور طنز کے یوں افسانہ خوانی کی کہ :-

افسانۂ دل | تو نے افراسیاب کا خزانہ میرے گھر کے گوشوں میں امانت نہیں رکھا ۔ اس طرح
موتیوں اور پسندیدہ چیزوں کی مجھ سے طلب ، کیا معنی ۔ میں چاند اور سورج نہیں ہوں کہ بغیر
کسی کی کے انوار کا فیضان کروں ، یہ ہر وقت روشنی کی طلب اور نور کی خواہش کس بنا پر ہے
میں نے کئی کئی راتیں صفۂ دماغ کے گوشہ پر خیالی پردے کے پیچھے اچھوتے مطالب کو زیور
تصویر پہنایا ہے اور معانی کی تخلیق اور ضمیر کی لڑکیوں (مضامین) کے پیدا کرنے میں انہماک

کے نکاح سے بہت جلدی ۔کئی سحر کئے ہیں (سوچتے سوچتے صبح کردی) اور وہ آج گمنامی
کے ہاتھوں ذلیل اور تنہائی سے پائمال ہیں، پھر دوسری دیوانگی شروع کردی ہے، (اور
پاگل پن لئے بیٹھا ہے)۔ ؎

تیرے غموں کی مشکل سے فریاد اے دل تیری تمام کوششیں رائگاں گئیں اے دل
تیری بے فائدہ امید کی طلب میں اے دل۔ آنکھوں سے سوائے خون جگر کے نہیں جاری ہوتا۔

جب اس سے سوائے تکبر اور انکار کے کوئی فائدہ نظر نہ آیا تو - ع - میں قلم سے ازراہ
محبت یوں گویا ہوا۔

خطاب بقلم | اے دل کی آیات کا مفسر! اور رازوں کی لغات کا ترجمان! اے معانی
کے باغ کا مالی! اور بانی کی کارگاہ کا نقاش! کچھ دیر زبانی لطف سے مصیبت زدہ دل
کی امداد کر۔ اور استقلال کے پاؤں کو قائم رکھ اور طیش و سبکی کا خیال۔ جو تیرے دماغ
میں سمایا ہے۔ چھوڑدے تاکہ دوست و دشمن سے ملامت کی تلوار تجھے سرزنش نہ کرے۔ رباعی

میں نے قلم سے کہا اے میرے سخن پرداز۔ غم فراق کی شرح بیان کر اور میرا راز کھول
اس نے کہا میں لوہا یا پتھر نہیں ہوں۔ ناممکن ہے کہ میں آگ میں جلنے سے موافقت کرلوں
قلم چونکہ نے کا تھا انگلی دانتوں میں لی اور چرچراہٹ کی زبان سے فریاد شروع کی۔ ع
اب بجھے قصۂ غم بیان کر۔ اور آنسو بہا۔

جواب قلم | اس نے جواب میں کہا کہ " اس راستہ میں کلام کرنا اور قدم رکھنا میرے جیسے سر کٹے
سودائی کا کام نہیں، خصوصاً جب کہ سخن آرائی تیری سرشت میں ہے " بہت مدت تک تیرے
پریشان ضمیر کی میں نے ترجمانی کی اور تیری گوری رنگت والے خیالات کے لئے مشک اور عنبر کا
سرہانہ اور بستر بنایا جس کا حاصل سوائے میری روسیاہی اور تیری سفید کاری کے کیا تھا؟ (کچھ
نہیں) آج کل زمانہ ادب کی فرسودگی کا موسم ہے (چنانچہ) ۔

ادیبوں کی حالت | ہر وہ ادیب (مبتدا ہے اس کی خبر بہت آگے آدھے صفحے کے قریب نکلے گی
سوچے "لامحالہ" سے شروع ہوتی ہے) جو تحقیق لغت اور کمال بلاغت کے بیان کے وقت اصمعی لوی
کی منقولات کو لغو سمجھتا، اور علامہ ہروی کی مرویات کو بکواس مطلق کہتا ہے، اور جہاں علامہ جاحظ
اپنی دانش کا کوئی حصہ نہیں دیکھتا - اور علامہ کسائی اپنے باطل سخنوں پر (شرم سے) گلیم ڈال
دیتا ہے اور خمار (؟) کو کتے کی مانند تعلیم کا پٹہ باندھ دیتا ہے - اور سیبویہ کو لومڑی کی مانند
اثر مساری کے حصے میں ڈال دیتا ہے، اور مسائل نحو کے کھول کر بیان کرنے میں بھرے
منہ سے "میری طرف" "اوٗ" کی آواز نحویوں کے کانوں میں پہونچاتا ہے، اخفش چمگادڑ کی طرح

چھپ جاتا ہے اور مازنی کا وزن نہیں رہتا۔ مبرّد کی تعلیلات سرد اور ضعیف دکھائی دیتی ہیں، ابن الحاجب پردہ پوش ہو جاتا ہے، زمخشری کو بیہودہ اور ناتراشیدہ خیال کرتا ہے، اور فرّاء کی پوستین اعتراض کے مقراض سے تیار کرتا ہے اور ابن الاعرابی کو اعراب کی تعریف سکھاتا ہے۔ لامحالہ اس کی برائیاں اور عیوب مختلف لغات کی طرح سب لوگوں کی زبان پر جاری ہو جاتی ہیں۔ اور بعض جہالت کی بنا پر اسکے صحیح اقوال کو ضعف اور سقم سے نسبت دیتے ہیں اور نقصان کی آنکھ کو اسکے فضائل کے جوہر پر فائق شمار کرتے ہیں۔ لیکے ذکر کو بدل الغلط کی طرح زبان پر لاتے ہیں)۔ اس کا اعتبار مبدل منہ کی مانند خارج کرنیکے طور پر استعمال کرتے ہیں اور کبھی کبھی (وہ ادیب) تکلیفوں کے بار بار آنے اور فتنوں کے پے در پے آنے سے دل گرم اور آہ سرد سے کہہ اٹھتا ہے۔ ؎

میرا دم مانند باد کے ہے لوٹتے پر دیتے بے تاثیر ہے (میری آنکھ مانند برسات کے ہے بھادوں کی جھڑی لگ رہی ہے) میں نرگس اور گل کی مانند ہوں کہ نہیں کھولتا، آنکھ اور منہ کو سوائے پانی اور ہوا کے۔ (یعنی ہر وقت دم سرد کھینچتا اور روتا رہتا ہوں)۔

صاحب رائے — اسی طرح ہر وہ صاحب رائے، معنے کا آراستہ کرنے والا، ذہن رسا رکھنے والا نقاد طبیعت کہ جب فی البدیہہ کہنے کی انگلیوں سے پاکیزہ رنگوں کے طرقے کے ساتھ نقطہ باری کرتا ہے تو سوار ہونے اور ہنکانے کے شیوہ میں امرء القیس کی طبیعت زخمی ہو جاتی ہے۔ اور مدح کے اسلوب اور طریق میں زہیر کی روشن طبع ہر ایک شے سے کنارہ ڈھونڈتی ہے۔ اور عذرات کی خوبی میں نابغہ ذبیانی کے اچھوتے مضامین پیدا کرنے والی طبیعت دشواری کی گرہ اختیار کر لیتی ہے اور شراب کے اوصاف اور سرور کے ذکر میں اعشیٰ بیہوش ہو جاتا ہے اور الفاظ کی سلاست معنی کی نفاست اور ترکیب کی تازگی اور بنیاد ان کے پیش کرنے میں لبید کو کند ذہن اور جریر کو ملامت زدہ بنا دیتا ہے اور فرزدق کو ذلت اور ملامت کے اوپر کھینچتا ہے اور سمرقند کے انسانوں پر ملامت کا نقش لگاتا ہے، بحتری کو کسی چیز کے کبھی نہیں خریدتا۔ اور معرّی کو عربیت سے عاری بناتا ہے۔ اور متنبی کو اشعار کی موت سے تعزیت ادا کرتا ہے، ابن سیاہ کو خالی اسم بغیر جسم کے خیال کرتا ہے اور کشاجم کا غزل گوئی سے تھوڑے بہت کے ساتھ ناطقہ بند کر دیتا ہے۔ وہ (صاحب رائے) ضرور بالضرور زمانہ کی دشمنی کی کثرت اور دوستوں کی امداد کی کمی سے عمر عزیز کے حاصل کو ابن المعتز کے ابیات حفظ کرنے میں مصروف رکھتا ہے۔ اور بے بنیاد روزگار کے ظلم میں یہ شکایت ورد زبان رکھتا ہے۔ (از ابیات ابن المعتز) ؎

بذاتِ خود قائم اور اس کی خوشی عرضِ محمولی کی طرح غیر قائم ہوتی ہے۔ لوگ اس کے قصہ کو قضیہ مہملہ کہتے ہیں (بے معنی جملہ) اور صغریٰ و کبریٰ ہیں اس سے حساب نہیں رکھتے (اس کو کسی شمار میں نہیں خیال کرتے) اپنے اور بیگانے اس کے مقاصد کے برخلاف سعی بلیغ کرتے ہیں اور دوست و دشمن اس کے مصالح کے خلاف کو عین مقدم سے استثناء کی مانند مراد اور مطالب کا منتج (نتیجہ نکالنے والا) قرار دیتے ہیں۔

دنیا میں مقدمات آج کل فضیلت انضول۔ بالغ، بدعت۔ اور ہنر بالکل بے ہنری کے مترادف ہے۔ ~~~

میں ہنر کو عیب کہتا ہوں کیونکہ مجھے ہنر کے عیب معلوم ہیں۔ اس ہنر دشمن زمانے اور نادانی کے ایام ہیں۔

فصاحت (بے شرمی) کو عین رسوائی ہے۔ فصاحت کہتے ہیں طبیعت کی کمزوری سے رائے کو سخاوت پیدا کرنے والی اور نمامی (چغلخوری) کو کفایت کا کمال سمجھتے ہیں۔ اور غمازی کو محمدہ کوشش تصور کرتے ہیں۔ جو شخص صبح کی مانند چغلخوری کو پیشہ بناتا ہے۔ آفتاب کی طرح زر نگار تاج اس کے سر پر رکھتے ہیں۔ اور جس نے رات کی طرح خطاؤں پر پردہ ڈالا۔ ٹوٹنے والے ستارے کی طرح دل سے پار ہو جانے والا تیر اس کے جگر میں چلاتے ہیں۔ حوصلہ پر عاجزی اور ذلت کا حکم لگاتے ہیں۔ علم کا جھنڈا اوندھا ہو گیا ہے فضیلت کی چقماق سے آگ نہیں نکلتی۔ ادب کا نور ظلمت اور تاریکی میں مستور ہو گیا ہے۔ ارباب نطق دیوانے گنے جاتے ہیں۔ اور دنیا جہان استہزاء اور شوخی و بے باکی کا مطبخ اور زمانہ ہر خسیس اور کمینہ کا مرتی (دیا لینے والا) ہے۔

نتیجہ کون ثابت رائے فاضل ہے جو سوائے شفق کی مانند آنسوؤں (خون کے آنسو) کے بے مہر آسمان کی گردش سے کوئی وظیفہ رکھتا ہو۔ اور کون قابل ملامت جاہل ہے جو صبح و شام کی شراب نوشی میں مطلب اور مراد کا جام شادیوں اور خوشیوں کی شراب سے لبالب اور بھرا ہوا نہیں رکھتا۔ دیہاتک، قلم نے اس پُر غصہ قصہ کو پانی کی طرح بیان کیا اور دکھ بھری شکایت زمین سے آسمان تک پہونچادی اور کہا: "اگر آج کے بعد اپنے کو پھر تیرے جیسا سنور فکر کے ہاتھ میں دوں اور تالیف اور انشا کے راستہ میں سفینہ کتاب کے اندر سفیدِ قلم اور تیرے سیاہ خط پر سر رکھوں (تو اس وقت میرے وصال سے میری جدائی یا کاٹ دنیا زیادہ بہتر ہے)"۔

دل شوریدہ حال نے قدیم دوستوں سے جو تکلیف و راحت، اور ڈر اور امید کے

زمانے میں اس کے ہمدم، ہمنشین، دلی رازدار اور ہمراز و دمساز تھے، جب صفائی کی صورت اور وفا کی بو نہ دیکھی اور نہ سونگھی تو اُن کی صحبت سے کنارہ کش ہو کر سینہ کے بیت الاحزان میں بیٹھ کر خون کے آنسو آنکھوں سے بہانے اور زار و زار رو کر یہ شعر کہنے لگا۔ ؎

جس کسی کے ساتھ میں نے ملاپ رکھا الگ ہو گیا اور مجھ سے قطع تعلق کر لیا

سوائے غم کے کہ ہزار آفرین اور شاباش ہو اس پر۔

ہر چند چاہا کہ نسیان کا قلم دو زبان فلک کے ذکر پر پھیرے اور خاطر کو کھٹکنے والے وساوس سے باز رکھے (پر) پراگندہ کرنے والے اسباب نے "یہ نفس ہے جو عادت نے اس کے اندر پیدا کی وہ اس کا عادی ہو جاتا ہے" ہیجان اور جوش میں آ گئے اور قرار و صبر کی خرمن کو برباد کر دیا اور کہنے لگا۔ ؎

اے معشوق تمہارے سایہ میں ہیں نفس کی خوشیاں۔ کامیاب ہو جاتا ہے ان سے مشتاق اگر موانع نہ ہوں۔

آخرکار اس نے "اصرار کامیابی کا ذریعہ ہے" کے دامن میں ہاتھ مارا (بہت اصرار کیا) اور جنبات کی مرجع والی عقل کی بارگاہ میں پناہ لی اور اس کلام سے اس کی تعریف شروع کی۔ ؎ کہ "اے وہ چیز جس کی آفرینش کا کمال یہ ہے کہ او، حروف کے مقابلہ میں بمنزلہ الف کے ہے (یعنی سب سے پہلے عقل کی آفرینش ہوئی) اور پھر سرمدی لاجورد (نیلے رنگ کا پتھر جو کاشغر میں پیدا ہوتا ہے) سے تیرے چہرہ پر الم ہے (دفع نظر بد کے لئے بچوں کے چہرہ پر ایک نشان نیل وغیرہ کا بنا دیتے ہیں)۔

تیرے اوپر اور تیری عالم آرا رائے کے پرتو پر پوشیدہ نہ رہے کہ فضل بیالائی کو جب کہ اس کا کرنا مقصود بالذات ہے کینہ اغراض سے ملوث نہیں کیا جا سکتا اور کسی اور موضوع پر اسے محمول نہیں کیا جاتا۔ ؎

اگر یہ سفلے لوگ ہنر کی قدر نہیں جانتے ہیں۔ تو اے عقل تجھے ندامت نہیں آخر تو تو جانتی ہے۔

یار لوگوں کی باتیں جو ملامت اور ملال کے تیروں کی بارش تھیں سمع اشرف تک پہونچی ہونگی۔ خاطر نے طبعی سادگی کو پیشہ بنا لیا ہے اور "سستی زیادہ شیریں ہے شہد سے" کی چاشنی چکھی ہوئی ہے۔ اور بیہودہ گو کم مایہ قلم۔ جو مانند زنگار زنگ مرغ کے ہر رنگ جس کا رنگ شمار ہوتا ہے" نے نکتہ چینی اور باریک بینی سے سختی اور درشتی کی زبان کھولی ہوئی ہے اور تند زبان سے زمین اور زمان کی شکایت بیان کرتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ اہل علم و فضل اس اس کی زیادتی کو دلیری، انہماک کو ملالت اور اس کے انتہا تک پہونچ جانے کو غبار

اور بے خودی خیال کریں ۔ ان (قلم وغیرہ) سب کی تعلیم اور اصلاح آپ کی ہدایت اور نورانیت کے سپرد کی جاتی ہے ۔ ممکن ہے کہ تقابیر کے بیابان کے گمراہ ۔ اور کعبۂ مجاز کے طواف کرنے والے ۔ اصرار باطل اور بیہودہ افکار کو ترک کر دیں ۔ وگرنہ میں خلاصہ یہ ہے ۔ کہ سینہ کی تنگ منزل سے باہر نکل کر ان کی صحبت پر چار تکبیریں (نماز جنازہ) پڑھ دوں گا ع
میں جاتا تو ہوں مگر سوائے تیرے (اے عقل) میرا ایک نفس خوش نہ رہے ۔" نفس لوامہ موجود تھا اس نے اس نے دل کی بڑی دلجوئی کی مگر) دل اسی طرح عادت مالوف کے مطابق قلق اور اضطراب میں حیران اور بیہوش اور کھانے اور سونے سے دور تھا ۔ عقل نے جب نفس لوامہ کا میلان دلجوئی اور دلنوازی میں مشاہدہ کیا اور غمگین دل کی بیچارگی اور اس کی عزیمت کے ذریعے رفقا کا متاثر اور غم زدہ ہونا پورے یقین کے ساتھ محقق جانا اور سخن معقول سنا تو بموجب "مظلوم کی بات کی طرف کان لگانا نیکی اور بھلائی میں داخل ہے" کے ۔ دلداری ۔ جو شرفا کے دربار سے غم زدہ دل کے لئے مشہور اور معروف ہے ۔ مبذول فرمائی اور نصیحت کے طور پر کہا کہ :۔

نصیحت عقل | ہمارے ساتھ اس قدر ماجرا کیوں ۔ فوراً "نفس" کو جسے بھائی دوست سمجھتا تھا ۔ ایلچی گری کے لئے بھیجا اور "خاطر" اور "قلم" کو بلوایا اور ان کو "دل" "سمیت" دلائل عاقلانہ سے ایک دوسرے کے حلیف ہونے اور باہم الفت کرنے کی ترغیب دی اور ایک دوسرے سے وحشت اور نفرت رکھنے اور کنارہ کشی کے عیب پر قدیم دوستی اور محبت کی جانب بلیغ مطالبہ کیا ۔ دل میں کسی قدر سکون پیدا ہوا اور خاطر نے صفائی کی راہ اختیار کی اور پیوند وفا کا ارادہ کیا اور دل سے سرگرمی سے پوچھا اور جان کی طرح اسے بغل میں لیا اور کہا ع ۔ ہمارے لئے اپنے یار کا غم اپنا کام ہے ۔ (ایک اور مصرع) ع ۔ آ اور لے آ جو کچھ تو رکھتا ہے ۔ قلم نے نیز اتفاق سے ارادت کا سر ہلایا اور موافقت میں میخ سے سے زیادہ ذلیل ہوں" کے ان دو بیتوں سے جو کسی وقت اس نے سنے تھے مثال لایا ۔ ؎

ہر چند کہ میں نے اس سے میخ کے مانند گڈے کھائے ۔ میری پیشانی کام میں
زیادہ سخت ہو گئی ہے ۔ یہاں تک کہ میں آخر کار روکا گیا تیزی کی وجہ سے ۔ اس
قدر سرزنش کے ساتھ یہ جبر یار کے دروازے سے ۔

اطاعت کی سڑک پر قدم رکھا ۔ خاطر کے املا کرانے سے اہل فضل کی چشم پوشی اور [illegible]افی کی امداد کے ساتھ ۔ جن کا بلند میدان حادثات کے راہ پانے سے محفوظ اور فضیلتوں کا کرسی زوال کے کنارہ پر حملہ کرنے سے بچا ہوا رہے ۔ شروع کیا ۔ اور اس کا نام

بتجربۃ الامصار و تزجیۃ الاعصار" (شہروں کی آزمائش اور زمانے کی روانگی اور نفاذ) رکھا۔

اسی حال میں اسی مجلس میں۔ اسی قلم سے اسی کاغذ پر۔
حکایات کا بیرنگ نقش اور روایات کا عجیب طلسم اس طرح نقش پذیر ہوا۔

شروع در کتاب سلطنت آریغ و آلغو

حال منگوقاآن | جب منگوقاآن نے ۶۵۵ھ ملک منزی کی فتح سندی کے لئے۔ جو دور تر بلاد مشرقی میں سے ہے۔ لشکر کشی کی اور بھائی "قوبلا" کو جرار لشکر، ساز و سامان اور بہت مال کے ساتھ قرائن شہر کی طرف جو ختائے کی حدود کی شامالات اور اطراف میں سے ہے۔ مقرر فرمایا۔ اسی اثنا میں منگوقاآن کی سلطنت کی نوبت خاتمہ تک پہونچ گئی۔ اور جب اقتضا جفا کار زمانے کی عادت کے "کہ دیتا ہے اور دی ہوئی چیز واپس لے لیتا ہے" اسکی سلطنت کا پروانہ اور شاہی فرمان، لذات کے مٹانے والے (ملک الموت) ایلچی کی پیغام رسانی "اور جب آجاتی ہے ان کی میعاد تو نہیں تاخیر کر سکتے ایک ساعت اور نہ تقدیم" کے فرمان کے پہونچ جانے سے مسترد ہوگیا (اس کی سلطنت کا پروانہ ملک الموت کے پہونچ جانے سے رد ہوگیا) اور اس (پیغام) کو اس قدر رعب سلطنت۔ لشکر کا دبدبہ اور شوکت باس روک اور دفع نہ کر سکے۔ اور قانون سرکاری چنگیزی کے عوض یاس رہ گئی "اور ان ایام کو ہم لوگوں کے درمیان ادل بدل کرتے رہتے ہیں" اور یہ واقعہ ۶۵۵ھ کے آخری مہینوں میں ہوا۔

آریغ بوکا | اس کا بھائی آریغ بوکا قراقرم میں۔ جو سلطنت کے دائرہ کا مرکز اور دولت کے ہراول کی چھاونی ہے۔ رہتا تھا۔ اس حال کی اشاعت اور پھیل جانا اس کے لئے غرور کا سرمایہ دینے والا اور سلطنت کی ہوس کا باعث ہوگیا۔ اسی داستان کے ساتھ بالتو کی ماں قتغتائی۔ جو منگوقاآن کی زوجہ بزرگ تھی۔ نے موافقت کی۔ اور استائے کے بیٹوں سے ویرلتاش اور زبرگی جیتا تائی پسر چنگیز خاں کے بعض پوتوں اور کلکان کے بیٹے ارتاقی اغول نے اس رائے کی امداد کی اور اس (آریغ) کو سلطنت پر کھڑا کر دیا۔

ایک کو لے جاتا ہے دوسرے کو اس کی بجائے لاتا ہے۔ جہان کو بغیر
کدخدائے (شوہر) کے نہیں رہنے دیتے۔

دوسری طرف سے بادشاہ جہانکشا نے چنگیز خاں کے بھائی اوتگین کے بیٹے اور دوسرے شاہزادگان اور امرا نے آپس میں مشورہ کر کے اتفاق کیا۔ اور ایک دوسرے کے

مددگار اور معاون ہو گئے اور کہا، کہ سلطنت کا حق "قوبلائے" کے لئے ہے چھوٹا بڑے کے ہوتے ہوئے (قوبلائی بڑا ہے اور آریغ چھوٹا) کس طرح فوقیت اور برتری کا خیال باندھ سکتا ہے۔ اس سخن سے اختلاف کی بات ہر طرف سے ظاہر ہونے لگی۔ ع "چھوٹی سی بات ہو جاتی ہے لڑائی کا باعث" جب آریغ جو سلطنت کے اصلی مرکز میں تھا اور لشکر گرد و نواح سے اسی کے بہت نزدیک تھے سلطنت کے امر کا متصدی اور غالب ہو گیا۔ اور جوانی کی سبکی اور شہوت کے راستہ کو اختیار کیا اور اپنے نیک آباؤ اجداد کی خصلت اور بزرگی کے طریقہ سے انحراف اور روگردانی کی اور یہ وہم اس کے دل پر غالب ہو گیا کہ ایک نیا شہر تعمیر کرائش اور محل جو سلطنت کے تخت کا قرارگاہ ہو سونے خالص سے مرتب کیا جائے اور زمانہ کا تب (مصنف) کی انشاء (تصنیف) سے یہ شعر پڑھا تھا۔

سنہری محل کیا بناتا ہے تیری سنہری رائے چاہیئے۔ عدل چاہیئے ملک کے لئے وفا کر اگر تو یہ (ملک) چاہتا ہے۔ تو تخت اور کلاہ کا مالک ہے خطاؤں سے اپنے رخ کو۔ قبا کی مانند تیوری میں کر اگر تجھے چین کی بادشاہت کی ضرورت ہے۔ زمانہ کی سختیوں سے نرمی کے ساتھ موافقت کر ملک کے تخت پر اگر تجھے ترم سرہانہ چاہیئے اگر سلطنت کی عروس کو تو نکاح میں لاتا ہے۔ اپنی خواہشات کا ترک کرنا اس کے حق مہر کے لئے ضروری ہے۔ منہ سپر کے سامنے کر اور آنکھ جھنڈے پر گاڑ دے۔ اگر تو روئے خوب اور پرپیچ زلف دیکھنا چاہتا ہے۔

تو اس نے اطراف ممالک میں پیغام بھیجے کہ موجودہ خزانے۔ اُن اموال کے ساتھ جو واجب سالانہ کے طور پر متوجہ ہوتے ہیں۔ اور گھوڑوں، گایوں اور اونٹوں کے گلے بھیڑ بکریاں اور مختلف مویشی جس قدر ممکن ہو سکیں۔ پایۂ تخت اعلیٰ میں جس کے مقابلہ میں آسمان کے لئے دعویٰ بلندی ممنوع ہے۔ روانہ کر دیں۔ اور تمام ماتحت علاقہ سے بزرگ۔ ممتاز لوگ، علم ہندسہ کے جاننے والے (انجینئران) تعمیر کا کام کرنے والے (راج) پیشہ وروں کو اس کی شہر کی عمارت کی بنیاد اور تکمیل شہریت رہائش اور اس شہر کی آبادی کی کثرت کے لئے جس کا بانی خیال کے میدان میں وہم کا انجینئر ہے۔ متوجہ کریں۔

آلغو (وزیر آریغ) جغتائی کا پوتا اس کی خدمت میں مکمل وقار اور بڑا قرب حاصل کئے ہوئے اور محل اعتقاد اور محرم اسرار بنا ہوا تھا۔ اس کی صورت اس طرح تھی کہ منگو قاآن کے ابتدائے جلوس میں جب خواجہ اغول اور یا نوتے جو اوکتائے قاآن کے پوتے اور کیوک خان کے بیٹے تھے۔ آپس میں اتفاق کر کے شہزادہ اور بزرگ امراء کے ساتھ طے کیا کہ اچانک

غدر بول دیا جائے۔ جیسا کہ تاریخ جہانکشائے نے ان احوال کو تفصیل سے بیان کیا ہے
منگوقاآن نے مخالفین کے اندیشوں سے خبر پا کر ان سب کے مقید اور مقہور کرنے کا حکم
دیا۔ ان میں سے اکثر بیٹوں اور پوتوں کے ساتھ قبضۂ اقتدار میں مقبوض اور گرفتار اور شمشیر
سیاست کے اوپر پیش کیئے گئے (قتل کردیئے گئے) اور چغتائی کے پوتوں آلغو، احمد پوری
نیا بسا بے اغول اور نیز جی کو بوجہ کم سنی اور تقدیری عمر کے چھپا دیا گیا۔ اور قہر کی تلوار سے
خلاصی پائی۔ اور آریغ بوکا کی تربیت کا سایہ آلغو کے قد کے پودے کو سرو کی مانند
نشو ونما دے رہا تھا کہ زمانے نے دونوں کو توجہ، مہربانی کے شیوے، اور اخلاص اور
اتباع کی صورت میں انگشت نما دیکھا۔ جب آریغ کو سلطنت ملی تو اس نے اس (آلغو)
کو مقرر کیا کہ شہر "المالیغ" میں خیمے گاڑ دے۔ اور ان حدود کی حکومت کے لئے حفاظت
کرے اور ممالک کے وہ خزائن جن کے لئے ایلچی جد وجہد کر رہے ہیں وہاں لائیں اور
آلغو ان کو قراقرم کی طرف بھیج دے کیونکہ المالیغ ایک سرحد ہے بلکہ مرکز کا درجہ رکھتا ہے
اور دوسرے بڑے بڑے شہر اور شہزادوں کی مقررہ منازل قطر کی جگہ ہیں جو محیط سے مرکز
کو جاملتے ہیں۔

المالیغ کی مرکزیت

جیسا کہ معتبر سفر کرنے والے روایت کرتے ہیں کہ المالیغ سے بیش بالیغ
تک دو ہفتہ کی راہ ہے اور بیش بالیغ سے خان بالیغ تک، جنوبی طرف سے بیابان کے
راستہ جس کو مغول "بغری آولی" کہتے ہیں۔ چالیس دن کا راستہ اور وہاں سے قیجو تک
جو تنکت کی ولایت کہلاتی ہے۔ جو چین کے مشرق میں "ختائے" کی سرحد ہے۔ اور جانب
شمال سے قراقرم تک بھی چالیس روز کی مسافت ہے۔ اور پھر قراقرم سے خان بالیغ
تک اور وہاں سے قیجو تک بھی یہی فاصلہ بیان کرتے ہیں۔

آلغو کا اقتدار

ان موجبات اور وجوہات سے "آلغو" کو روانہ کیا۔ اور وہ مکمل دلیری
پوری لیاقت، قابل ذکر رعب وہیبت اور کثیر شوکت رکھتا تھا۔ اس کی صورت پھول کی
مانند جسم خوبصورتی اور اس کی سیرت شراب کی مانند ہے۔ تن روح تھی۔ "المالیغ" سے
کنجک، تلاس، کاشغر اور دریا جیحون کے کنارے تک اپنے قبضہ میں لے آیا۔ اور
چغتائی کے لشکر کو جمع کیا اور تھوڑی مدت میں شوکت، غلبہ، قدرت اور استغنا حاصل
کرلیا۔ وہ خزانے جو آریغ بوکا کے لئے اس کے پیش کیئے جانے تھے، خود لے لئے اور
کاپارہو کر دشمنی ظاہر کی۔ پس چاہا اور خواہش ظاہر کی کہ اطراف سے فارغ اور بااطمینان
ہو کر امور سلطنت کے چلانے اور دشمن کے مقابلہ پر قدرت حاصل کرے۔

جس طرح چنگیز خاں نے ۔ جو ابتدائے خروج میں ہر طرف ایک بڑے امیر کو غضبناک اور تنومند لشکر کے ساتھ بھیجتا تھا ۔ تاکہ جس جگہ لوگ اطاعت اور تابعداری کی رسی اپنی گردن میں ڈالیں اُن کی رعایت اور حفاظت کی جائے اور جہاں کہ بغاوت اور سرکشی کا اظہار کریں وہاں بے انتہا ڈر اور عذاب اُن کے پیش کیا جائے ۔ حکم دیا کہ چاروں لڑکے ہر ایک لڑکے سردار کو ہزارہ کے ساتھ سرحدِ ہندوستان ۔ شبورغان کے دیہات ۔ طالقان ، علی آباد ۔ کاونگ اور بامیان میں غزنی تک بھیجا ۔ تولی ایبان کا ہزارہ نوئین ۔ توشی کا ہزارہ ایلجیدائے ۔ چغاتائی کا ہزارہ نیروے نوئین اور اوکتاقاآن کا ہزارہ ملک بوغا تھا ۔

اسی طرح جس سن میں کہ منگو قاآن تخت سلطنت پر متمکن ہوا اور اس جہانگیر سلطنت کا سورج اطراف و اکناف کے کندھوں پر چمکا ۔ اس نے دسالی بہادر کو ہزارہ کے ساتھ وہاں (دالمالیغ) بھیجا ہوا تھا اور اس تمام لشکر پر اس کو حاکم مطلق بنایا ۔ اور یہ لشکری اس (سالی) کے جبر و تحکم ۔ زشت خوئی اور نفس کی سرکشی سے بہت شاکی تھے ۔ آلغو نے فوراً نیاک بے اغول اور ساداى ایلچی کو دریائے جیحون کے ساحل پر بھیج کر حکم دیا کہ نیاک بے اغول بخارا اور سمرقند کی حکومت اور اُن حدود کی حفاظت میں مشغول ہو ۔ اور ساداى ایلچی ہندوستان کی سرحد کو جائے اور امرا ہزارہ کو اس لشکر سمیت جو اُن کی حمایت کے جھنڈے کے نیچے تابعداری کے رہنما کے ہاتھ میں باگ دئے ہوئے ہیں اپنی طرف مائل کر کے تابعداری اور اطاعت کی طرف بلائے اور سالی بہادر کو گرفتار کر کے آلغو کی خدمت میں بھیج دے ۔ انہوں نے حکم کے بموجب مہم کے چلانے اور جاری کرنے کو جس کے وہ مامور تھے سامنے رکھا ۔ نیاک بے اغول علاقہ ماوراء النہر میں سلطنت کی گیند مراد کے چوگان میں لایا اور وہاں لشکر کی حفاظت اور علاقہ اور ملک کی حمایت کے لئے قیام کیا ۔ اوکتا قاآن کے زمانہ سے سمرقند اور بخارا کی کوتوالی کا بار چوتکسان طائفو اور بوقا بوشا کے سپرد کیا گیا تھا ۔ اور اسی قاعدہ پر اب بھی اُن کو برقرار رکھا ۔ اور ساداے ایلچی نے مرغاول ۔ قتلغ تیمور ۔ تیمور بوقا اور دیگر تمام امراء اور لشکر کو اپنی طرف مائل کر کے مطیع اور فروتن کر دیا ۔ وہ سوار جو ہمسروں کے ساتھ زحل اور مریخ کے جمع ہونے کے وقت فخر کی ڈینگیں (المطوان من الندا ۔ بالدال) مارتے تھے ۔ پرخطر گھاٹیوں کی تنگیوں اور جان کے میدانوں کی چڑھائیوں سے لگاتار اپنی تلواروں کی مانند سرخ رو ہو کر نکلے ہیں

تنالی بہادر" کو جو مرض کبر اور دشمنی سے مضطرب تھا قید کرلیا اور اس تمام لشکر کو اپنے ہمراہ کرکے سمرقند اور بخارا کی غارت اور لوٹ مار کی طرف اُن کو چلایا (یا آرزومند کیا) جب سمرقند پہونچے تو اس لشکر کو (ساداے ایلچی) نے غارت گری سے منع کردیا۔

آریغ کی پریشانی
ادھر سے آریغ بوکا جب آلغو کے اظہار عداوت اور نافرمانی پر مطلع ہوا اور حالات کے آغاز و انجام کو سامنے رکھا تو معلوم کیا کہ "خود کردہ را علاجے نیست"، (اپنے کئے کا کیا علاج؟) ؎ (از مؤلف)

اپنے ساتھ اگر میں نے برا کیا ہے تو بہت برا کیا ہے۔ کس کا رونا روؤں
جب کہ گناہ میں نے خود کیا ہے۔

داناؤں نے کہا ہے کہ :- دو کام ایسے ہیں جن کے کرنے والے رائے کی صحت اور سعادت کی برکت سے محروم رہتے ہیں (۱) بیہودہ گوئی کا عزم کرنا (۲) اور دشمن پر بھروسہ کرنا۔ کیونکہ اول الذکر سے عقل کی آبرو جاتی رہتی ہے اور دوسرے (کی مثال) جیب اور کیسہ میں سانپ کی پرورش کرنا ہے۔ اور جہان میں بچھناک (زہریلی گھاس) اور کوڑ تما (حنظل) سے کس نے شکر اور شہد کی امید رکھی ہے۔ جس دانا نے کہ اپنے وقت میں قابل زمین کے اندر پھل لانے والا بیج نہیں بویا۔ لاجرم پکنے کے وقت غلہ کی ہوس اور نفع کی آرزو۔ پیچیدہ تحریر کی مانند۔ جو پانی کی سطح پر لکھی گئی ہے۔ ہوگی۔

تو علاج یہ دیکھا کہ وہ غبار جو دونوں (آریغ اور آلغو) کے درمیان اٹھا ہوا ہے اُسے تلوار کے خالص چشمہ کے پانی سے بٹھائے اور غدر اور بغاوت کی جزا۔ جو اس نے شکر نعمت اور ادائے خدمت کی توقع کے بجائے کی ہے۔ اُسے دے۔

القصہ جب وحشت اور جھگڑے کے اسباب اور جنگ اور خصومت کے ذرائع جیساکہ مذکور ہوا کا اتفاق ہوا۔ دونوں طرف سے مستعد اور تیار ہوکر ایک دوسرے کے قصد سے ؎ (از مؤلف)

دو خسرو، دو رستم، دو جنگ آزمودہ پہلوان۔ دو لشکر اور فولاد اور پتھر کے دو دریا۔

حرکت میں آئے۔ ایسے سازوسامان اور تیاری کے ساتھ کہ فضاء عالم اس کے فتنہ سے تنگ ہوگئی۔ اور پہاڑوں کی۔ یا ایں سنگدلی بادپا گھوڑوں سے آنکھوں کے چشمے سے آنسو گرنے تھے۔ مقابلہ اور لڑائی کے میدان میں سخت جان افراد اور بہادر لشکریوں نے بعد گردش (یا تلوار زنی)۔ جنگ کرنے اور نیزہ زنی کے آسمان اور زمین کی طرح یہ ہیئت ؎

آدمیوں کے پتھر ہیں خون کی زمین پر۔ اور تلوار کے ستارے غبار کے آسمان میں۔

اختیار کی ۔ تو آلغو کے لشکر پر حسینان ختن کے زلفوں کے شکن کی طرح شکست پڑی ۔ اور کثیر فوج ایک ہی دم میں غمزہ زن کمان کے ابرو سے سیاہ جادوگر (تیر) کی نیرنجات اور طلسمات سے مقتول ہو گئی ۔

آلغو کی شکست اس وقت کہ آریغ کی تلوار کے خوف سے (آلغو نے) کمر کی مانند (معشوق کی کمر) درمیان میں رہنے کا موقعہ نہ پایا تو فوراً اپنے بالوں کی مانند جو اگرچہ ماتھے کے اوپر ہوتے ہیں (اگر کنگھا کرتے سے ہٹائے جاتے ہیں) منہ پھیر گیا ۔ اور جب اس کی سمت کا پرخاش جو ہاتھ شاخ آرزو تک نہ پہونچا تو شگوفہ کی مانند حسرت کی انگلی کی شاخ کو دانتوں سے کاٹتا اور اس بنا پر کہ بدبختی کے کانٹے بخت کے پاؤں میں ٹوٹے ہوئے اور نجات کی شاہراہ میں آفات کے گوکھرو (کانٹے) گرے ہوئے دیکھے بہت جلد فرار کے پاؤں اٹھا لئے ۔

آلغو کی دوبارہ تیاری اوصاف فرشی کبیتک بیشتر حصہ کہ اس کا باقی لشکر متفرق اور ذلت کی امداد اُن کی راہ گیر ہو گئی ۔ آلغو نے اپنے خیمہ گاہ کی طرف باگ موڑی اور متفرق لشکر کے جمع کرنے اور لڑائی کے اسباب کی تیاری میں از سرنو مشغول ہو گیا ۔ اس اثنا میں مسعود ایلچی امراء ہزارہ اور لشکر کے ساتھ سمندر کی موجوں کی مانند اس کی خدمت میں پہونچ گیا اس کے الحاق اور مل جانے کو (آلغو نے) فال نیک سمجھا ۔ اور اُن کی پرورش کی اور انعام اکرام دئیے ۔ زمانہ کا زخم بھر گیا اور خلل یافتہ کام منتظم ہو گیا ۔

جب اُسے لشکر کی مدد مل گئی تو لڑائی اور قتال کی صف آراستہ کی اور زخم خوردہ شیر اور غضبناک چیتے کی مانند پھر حملہ کیا ۔ لڑائی کے بیشہ کے شیروں کی جولانی پرورش اور نشو و نما میں میدان کے بہادروں کی مار دھاڑ جنگ کی منزل کے مکانوں کے اٹھنے اور انتقام کے مقام میں پیش قدمی کرنے والوں کے آنے کے بعد آلغو نے خطی دراز نیزے کے نصب کرنے کی حرکت سے مدارات کے عمل کرنے والے کو عمل سے بیکار کر دیا اور بذات خود حملہ کر دیا ۔

آریغ زمانہ کے ٹیڑھا پن اور کامیاب دشمن کے غلبہ سے حیران رہ گیا بخت کا ستارہ واپس، آرزو کا برج ٹیڑھا طلوع ہونے والا اور بخت کا مزاج تغیر مستقیم پایا ۔ اُس کے لشکر نے جب توقف اور قیام کی صورت نہ دیکھی تو شکست کی پشت دی اور اُس کی دولت نے جب موافقت میں مدد نہ پائی ۔ منہ پھیر لیا ۔ اور اس حال کے منادی نے یہ آواز اس کے کانوں تک پہونچائی ۔ ٥ (از مؤلف)

تیرا بخت دونوں آنکھوں سے خون کے آنسو بہاتا ہوا چلا گیا۔ تیری جوانی کے
ملک پر زار زار رو کر چلا گیا جب دیکھا کہ آسمان کی صورت وفا کی نہیں ہے
تو تیرا اقبال بھی پشت کھجلاتا ہوا (شرمندہ ہو کر) چلا گیا۔

ثابت قدمی اور قرار مغلوب اور خوف اور ڈر غالب ہو گئے۔ ابی طالب کے بیٹے حضرت علی (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چوتھے خلیفہ) اللہ تعالیٰ ان کے منہ کو عزت والا بنائے۔ نے فرمایا کہ ہر قضا کا کوئی باعث اور ہر دو دو کا کوئی دو پہنے والا ہوتا ہے۔

آخرکار آریغ عاجزی اور فروتنی کی طرف راغب اور مائل ہو گیا۔ اختیار کی باگ ہاتھ سے اور عزت و قدرت کا تیر شست سے نکل گیا ہوا تھا (اجرم بھاگنے کی رکاب گراں کی دبا گیا)۔ انہی دنوں "قوبلائے" نے بھی حوادث زمانہ کی طرح لے انتہا لشکر روانہ کیا ہوا تھا تاکہ اُسے تلوار کے رد سے سرکشی اور تکبر کا جواب، اور اکیلے ہونے اور اپنے کو مال دار سمجھنے کی سزا دے۔ (یا اُسے فرد لینے الگ ہو جانے اور جمعیت حاصل کرنے کی سزا دے) قوبلائی کی سلطنت کی جائے پناہ میں التجا کرنے کے سوا حاضری کا قبلہ نہ جان کر۔ اُس کی خدمت میں جانے کا ارادہ کیا۔ تاکہ بھائی کی مخالفت اور دشمن کی موافقت کے اسباب کے بارہ میں جس نے دونوں شخصوں (موافقت بھائی اور مخالفت دشمن) میں طرفِ مخالف (بھائی کی مخالفت اور دشمن کی موافقت) اختیار کی ہوئی تھی۔ عذر گوئی کرے۔ اس کے لئے ایلچی اس کی خدمت میں بھیجا جو خبر دینے والا تھا گذشتہ سے ندامت کے حاصل ہونے اور پہنچنے اور تقدیر کے جاری ہونے کی کیفیت سے۔

جب لشکرگاہ میں پہنچا تو حکم ہوا کہ اُسے (آریغ کو) بائیں طرف سے لے آئیں۔ (اور لطف)
تیرا پوچھنا تو بغیر مصیبتوں کے کسی نہ آئی تھی۔ آسمان سے کبھی۔ اللہ کی قسم۔ راحت۔
بخشش کا شرف حاصل کیا۔ لیتے گردوں مثال کے دربار میں کھڑا ہوتا (تعظیم او اکرنا) جرائم کے ارتکاب کا جس کا موجب ارباب اغراض کا برانگیختہ کرنا تھا۔ اعتراف کیا۔ (قوبلائے کا) طبعی عدل اور انصاف اصلی کا کمال مانع ہوا کہ بھائی (آریغ) کو سلطنت کے بقاء کی خاطر دکھ پہنچائے۔ اس پر رحم کیا اور جان بخشی کی۔ کیونکہ۔ ؎

آدم علیہ السلام کے زمانہ کے شروع سے بادشاہ (قوبلائی) کے زمانے تک
بزرگوں سے معافی اور زیردستوں اور ماتحتوں سے گناہ کا سلسلہ چلا آیا ہے

اس کے رہنے کے لئے گرم سیر اور سرد سیر مقامات - جو اُن کی لغت میں ییلاق اور قشلاق سے تعبیر کئے جاتے ہیں - مقرر کئے گئے اور اس کو ایک خاتون اور چند نوکروں کے ساتھ جو اس کی ضروری خدمات کی تکفیل کرتے - اس منزل اور مقام پر بھیج دیا تخت سلطنت کی تکیہ گاہ سے سفر اور تکلیف کے مقام میں پڑا ہوا تسلی کے چہرہ کو نقصان کے ناخن سے چھیلتا تھا اور اپنے کئے ہوئے پر پشیمان ہوتا تھا - چونکہ غرور کی شراب سے بدمست ہو گیا تھا ناگاہ دل تنگی کے خمار میں رہ گیا - آخر الامر نشہ توڑنے والی - یعنے شراب کے نشہ کی دوا شراب کے پینے سے ہے - شراب کو پیمانہ کی طرح اپنے اندر بھر لیا یہاں تک کہ مشک شراب کی مانند پُر ہو کر اس کے جسم کا پیالہ زمانہ کی جفا کے پتھر پر آ پڑا - اور اس کی روح کی شراب جو جہان کے فتنہ اور شر کی نچوڑ تھی - کوچ کی زمین پر گر گئی (یعنے وہ مر گیا) اور یہ واقعہ ۶۵۸ھ کے مہینوں میں ہوا - اس کی سلطنت کی مدت اڑھائی سال تھی - اس کا ایک فرزند تھا جس کا نام ماندارو تھا - ؎ اگر ایک سال ہو خواہ بارہ سو - سوائے تاریک مٹی کے تیری جگہ نہیں + اسی معنی کے قریب ہے ایک بیت جس کا کبھی اتفاق ہوا تھا - (بیت عربی میں ہے) ؎

تیری عمر لامحالہ زائل ہوگی + اگر ایک دن ہے خواہ ہزار -

"المالیغ" میں "آلغو" کے تخت سلطنت پر بیٹھنے کا تتمہ ۶۵۸ھ کے مہینوں میں

جب "آریغ" بھاگ گیا "مسعود بیگ" جو اس کی خدمت میں منگو قاآن کے طریقہ پر وزارت کے نام سے مشہور اور بلند مراتب کے میدان میں بزرگیوں اور پسندیدہ کاموں کے حصے اس کے آثار اور علامات پر تقسیم کئے گئے تھے "آلغو" کی خدمت میں دوڑ گیا اور شرف باریابی حاصل کیا اور ملازم خدمت مقرر ہوا ---- آلغو فتح مند اور کامیاب - ؎

زمانہ تابع، آسمان غلام، جہان مطلب کے موافق - دولت مطیع بخت موافق اور زمانہ یار -

۶۵۸ھ کے آخری مہینوں میں المالیغ میں تخت سلطنت پر بیٹھا اور دولت کا جھنڈا اسورج کے سنہری چھتر سے آگے گذار دیا - اور مبارک شاہ کی ماں "ارغنہ" کو جو "چغتائی" کے پوتے قرا ہلاکو کی بیگم تھی - زبردستی قید نکاح میں لے آیا اور وہ اُسے بہت دوست رکھتا تھا - "ارغنہ" کی دو بہنیں تھیں ایک "اولجائی خاتون" جس کو ہلاکو خاں نے بیگم بنانے کے لئے قبول کیا اور دوسری "دوبگی" جو "صائن خاقی بانو" کی خاتون تھی - یہ قدرت کے اتفاقات سے ہے کہ پیدائش اور ایجاد کے مصوروں نے اختراع کے قلم کی نوک سے مغلوں کے اندر تین صورتیں ایسی حسن اور لیاقت کے کمال، لطافت، اور شائستگی کی

زینت سے نہیں نہائیں۔ "سہرغنہ" اگرچہ خود پرست معشوق تھی لیکن مذہب اسلام کے ساتھ پوری پوری محبت رکھتی تھی اور ہمیشہ مسلمانوں کی حمایت کرتی۔ لیکن زمانہ کہتا تھا۔ ؎

تو مسلمانوں کے ملک میں زلفوں کی وجہ سے صلیب کی مانند ہے۔ وہ کونسا
کافری کا کام ہے جو تو نے نہیں کیا یہ عجیب مسلمانی ہے۔

شیخ سیف الدین — اور شیخ الشیوخ سیف الدین الباخرزی رحمۃ اللہ علیہ۔ جو زمانے کا پیشوا وقت کا قطب، علم طریقت کا شہباز اور عالم حقیقت کا پاک باز تھا۔ یاد خدا کے شیوہ میں تقریر اپنی ہمت کی مانند بلند رکھتا تھا اور ذات کی توحید اور صفات کی عظمت میں گفتگو کا طریق وعادت کی طرح مثل سے دور تھا۔ معنی نادر اور بزرگ قدر ہوتے تھے جو وضاحت میں سورج کو شرمندہ کرتے اور لفظ ایسے میٹھے کہ کاتب (مصنف) کا قطعہ روانی کی صفت میں اس کے شرم سے اس ردیف آب کی مانند پانی ہو گیا۔ ؎

اے وہ کہ تیرے میٹھے الفاظ کی لطافت کے آگے خیالات سے شرمندگی
اٹھاتی ہے پانی کی روح موتی قطرہ کی مانند ہوجاتا ہے تیرے لفظ کو یاد کرنے
سے۔ اور شرم سے غوطہ لگا کر پانی میں چھپ جاتا ہے۔

آلغو کے عہد سلطنت میں ارجعی (رجوع کر اور واپس ہو جا) کی نداء سے اس ناپائدار سرائے سے نیکوں کی دارالقرار میں جا ٹھہرا (یعنی مر گیا)۔ ؎

اے جان اس مسافرخانہ میں کوئی نہیں رہتا۔ واپس آ کیونکہ مسافر ہی ہیں
تیری قدر کسی نے نہیں جانی۔

اور یہ واقعہ (وفات شیخ سیف الدین) ۶۶۱ھ ہجری کے ایام میں ہوا۔

وفات سہرغنہ — اسی طرح آلغو تقویت، رونق تمام اور حصول مقصد سے سلطنت میں نظام سے دن گذارتا تھا اور جدھر کہ باگ اٹھاتا (موڑتا) تائید یافتہ اور بامراد، شادمانی، سرور، کامیابی اور راحت سے واپس ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ ناگاہ زمانے کی چشم بد نے کام کیا اور نحوست کے علامات اور شکستگی کی نشانیاں ظاہر ہوئیں۔ سہرغنہ نے وضع حمل کے وقت تن کے بلوریں ساغر کو روح کی خالص شراب سے خالی کر دیا، اور تقدیر کے قلم نے آنے والوں کے حال کے روزنامچے کے لئے اس مرثیہ کا نسخہ لکھا ؎ (از مؤلف)

بادل میں چھپ گیا چودھویں کا چاند، افسوس ہے۔ مٹی میں اس سرو کی قدر خاک تو
ہوئی، افسوس ہے۔ اس کی وہ پیچ در پیچ اور خم در خم زلفیں۔ باد اجل کے
صدموں سے پریشان ہو گئیں، افسوس ہے۔ وہ سرو جس کا جسم پھول کی

پتیوں سے آزردہ ہوتا تھا۔ فریاد کہ وہ قبر کی مٹی میں سوگیا، افسوس ہے۔

آلغو کی پریشانی آلغو اس کے خال کی مانند غمگین اور سیہ پوش، اور اس کے رخسارہ کے لالۂ نعمان کے غم میں موسم خزاں کے لالہ کی مانند بے طاقت اور بے جان ہوگیا۔ اور اس کی یاد میں یہ بیت نالہ و فریاد سے پڑھتا تھا۔ ؎

تیری خوشبو ابھی تک باغوں میں ہے۔ تیرا رنگ ابھی چنبیلیوں میں ہے۔ تیرا دیدار
قیامت پر جا پڑا ہے۔ اچھا ہے لیکن اس میں بہت سختی ہیں۔

(بہت سختی ہیں۔ یعنے وہاں امید ملاقات کم معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے یہ جدائی دائمی ابدی نظر آتی ہے)

غضبی قوت اور وہمی غلبہ کا ردی ہونا اس نوبت کو پہنچ گیا کہ اس نے حکم دیا۔ "سمرقند اور بخارا کو لوٹ لیں۔ اور مسلمانوں کو جن کی طرف مرغنہ مائل اور ان کی امداد کرتی تھی۔ تلوار کے گھاٹ اتار دیں" یعنے مرغنہ کا اس طائفہ کو دوست رکھنا اس کے لئے نامبارک تھا۔ مسعود بیگ مانع ہوا اور قضاء بد کا نیکوں کی دعا کی مانند دافع ہوا۔ کسی وقت میں (مصنف) نے کہا تھا (جو اس کے مطابق ہے)۔ ؎

اے سلیمی تیرا زمانہ گذر گیا۔ برابر ہے کہ تو غضبناک ہو یا رضامند۔ ؎
خبث اور بیہودہ اپنے دل پر جہان کا بوجھ کیوں رکھتا ہے؟ اس طرح تھا اور رہیگا
تاکہ جہان کا کام ہوتا رہے۔ بغیر مستی اور سر چکرانے کے دنیا کی شراب کس
نے چکھی؟ پہلے کانٹے کا زخم ہے پھر جہان کے باغ کے پھول۔

آلغو کی موت تھوڑی مدت گذرنے پائی تھی کہ آلغو نے بموجب (اس بیت کے) ؎

ہر زندگی جو تیرے سوا ہو۔ موت ہے زندگانی کے نام سے۔

مرغنہ کا اتباع کیا اور اسی راہ کو ۶۶۴ھ کے ابتدائی مہینوں میں چل دیا۔ شعر۔ دوست دوست کے پاس چلا گیا اور یار یار کی بغل میں۔ سبحان اللہ۔ اس کی سیاست کے آفتاب کے چتر کا نشان جس کو ہلال کی مانند گرہن کی مصیبت سے محفوظ شمار کرتا تھا۔ آخر کار بدبختی کی تاریک راتوں کے عقدے اور ہلاکت کی ظلمت کے پردے میں دوسری فجر (صبح صادق) کی مانند کم عمر اور سایہ کی مانند زوال کے وقت۔ ناچیز ہوگیا۔ اس کی سطوت اور نخوت کا خفقا جو بڑائی اور کبریائی سے کوہ قاف کی چوٹی پر دو نسروں (آسمانی دو گرگس طائر۔ واقع) کی مصاحبت سے نفرت کرتا تھا۔ بھی حادثہ کے جدائی کے کونے سے عالم کے ویران نشیمن کا آلو بن گیا۔ اس کی بے نصیب شجاعت کا شیر۔ جو کہ جان لینے والے

مگرمچھ اور فیل افگن پلنگ کو شغال (گیدڑ) کے ساتھ مشغول ہونے کی تکلیف دیتا تھا۔ آخر کار خود بجو (کفتار) کے فریب والے آسمان کی روبہ بازی سے ہمیشہ کے لئے خواب خرگوش میں رہ گیا۔ اس کا گردوں مرتبہ تخت جس کے پاؤں کے لئے جوزا کے کندھے اور شعری کی چوٹی جگہ ہوتی تھی اور اس کی بساط کار خسارہ (مسند) جو حسینوں کے شکر خند کے پستہ اور پر پیچ و بند زلفوں کی طرہ سے شکر ریز اور عنبر بیز تھا۔ تاریک مٹی کے گڑھے میں اس طرح صندوق جنازہ کے تختہ سے بدل گیا کہ یہ بیت اس کے مناسب حال ہوگیا۔ ؎

ہمیں نہیں عطا کیا جاتا وصال جو آپ فرقت ہوگیا ہے۔ اور نہیں دی جاتی
شادی جو ماتم ہوگئی ہے۔

اور اس کی سلطنت کا زمانہ چار سال تھا۔

مبارک شاہ کی تخت نشینی | پس امراء نے اتفاق کر کے مبارک شاہ کو تخت سلطنت پر بیٹھا دیا اور زمانہ سے یہ فریاد نکلی۔ ؎

اے آسمان کی گردش کتنے تو لائی اور کتنے تو لے گئی۔ تو وفا اور غم سے یکدم
بری اور بیزار ہے۔ کسی بادشاہ کی قد پر جب تو قبا سیتا ہے۔ پھر اس
کے ماتم کے لئے تو کپڑے پھاڑ ڈالتا ہے۔

پورا ایک سال نہ گزرنے پایا کہ براق نے اس پر چڑھائی کی اور اس کے تخت کا ستارہ عروج کی بلندی کی چوٹی پر پہنچ گیا۔

اس کے تتمہ کی شرح اپنی جگہ بیان کی جائے گی۔ اس کے احسان کی منت اور فضل کی درازی سے۔

ذکر جلوس قوبلائی قاآن

جب دشمن سلطنت (آریغ بوکا) ہلاکت کی قید میں گرفتار ہوگیا اور سلطنت کا باغ کینے اور دشمنوں کے کانٹوں سے صاف ہوگیا تو شاہزادوں۔ بیگمات اور امراء دولت نے سچے دل اور صحیح قول سے وعدہ دیا کہ قلم کی طرح اوامر و نواہی سلطانی سے سر نہیں اٹھائیں گے اور ظاہر و باطن میں ہر صبح و شام اس کے غضب اور رحمت کے احکام کی دل سے اطاعت کریں گے۔ اوائل سال ۶۵۵ھ میں علاقہ ختائی کے شہر کنجافو میں ایک بڑا جشن منعقد کیا گیا جب کہ بروج طلوع آفتاب نقصانات اور جسم بیتری کے

چاروں اوتاد (خانے) نحس نظروں سے دور تھے۔ سورج بلندی کے نکتہ (شرف عروج انیسواں درجہ) سے ہمسترین ہوا۔ تین حراریوں (جولہا کے تین بیٹے) کے گرنے سے نشو و نما کی دیگ جوش میں آگئی اور پرندے اپنے مالوف دوستوں کے ساتھ زمزمے اور جوش میں تھے۔ باروہ حاملہ ہواؤں نے خمیدہ شاخوں کو بوس و کنار صبح و شام کے ارادہ سے جھکا دیا۔ نباتاتی قوتی نے شخصی اور نوعی کاموں کے خواص عمل میں لائے اور غذا دینے والی دایہ نے نباتات کے بچوں کی تربیت کے لئے عناصر اربعہ کی آمیزش اور ہم صحبتی نئے سرے سے شروع کی۔ نامیہ کے ہم پیشہ نے جسم کے اقطار (طول۔ عرض۔ عمق) کی تکمیل کے لئے تناسب طبعی کی شکل پر صنعت کا ہاتھ کھول دیا۔ پیدا کرنے والی قوت کے کارخانے نے ہم جنس کے پیدا کرنے کے اسباب طبیعت کے موافق مہیا کردئے۔ صورت گر نقاش نے آزری کی صنعت والے قلم کو بیرنگ تصویر کے لئے اٹھایا اور روئے زمین کو عجیب و غریب نقشوں (تصویروں) اور پسندیدہ رنگوں سے منقش کردیا۔

قاآن خورشید صورت اور زحل مرتبہ۔ آسمان پر سایہ کرنے والے اور عناصر کے پاؤں والے تخت پر سورج کی مانند جلوہ گر ہوا۔ اور سلطنت کی عروس کے ساتھ جو پادشاہوں سے دست بدست پہنچی ہوئی تھی۔ ہم کفو ہونے کے حقوق۔ استحقاق کی صداقت کی حجت قضا و قدر کی شہادت، اور "وہ بہتر مددگار اور ذمہ دار ہے" کی وکالت، کے حکم سے اس کے ہاتھ میں ہاتھ دیکر سربیل (شادی) کا عقد باندھا گیا۔ قدرت نے چاند کے نقرئی تھال میں ستاروں اور سیارستاروں کے موتی بھر کر نچھاور کئے۔ مشتری [illegible] منبر پر چڑھ کر طیلسان ڈالے ہوئے زبان کو روشن القاب سے مشرف کیا۔ زحل نے حلقہ بگوش غلام کی مانند اس قصر دولت کی پاسبانی کے لئے نئے چاند کی نعل کو کانوں میں ڈالا۔ بہرام نے خاص فوجیوں اور مسلح سپاہیوں کی رسم پر کمر میں کمربند (پٹکا) باندھا اور روشن زہرہ خوشی کی بساط پر بربط کی گردن اور کانوں کو مروڑتی اور گیت گاتی تھی ؎ (از مؤلف)

(اے پادشاہ! آسمان تیرا ادنیٰ غلام ہو۔ تیری پادشاہت تیرے ستارے کی مانند سپید ہو۔ اگر کوئی شخص تیرے ساتھ صبح صادق کی طرح نہ ہو۔ تو وہ شفق کی مانند خون میں غرق ہو۔ (بددعا ہے)۔

عطارد کے منشی نے "اللہ بہتر نگہبان ہے" کا حرز قاآن کے نام کے ساتھ لوح محفوظ پر لکھ دیا۔ تمام شاہزادوں نے کمربند کو جو کمر کے حلقہ کی زینت تھا۔ گردن کا ہار بنا دیا

(کمر بند کھول کر گلے میں ڈال لیا تعظیماً) اور کمپ سلطانی کے باہر اور بارگاہ کے اندر لوگ ستاروں کے بادشاہ (سورج دیوتا) کے لئے فلک مرتبہ تخت کے سامنے سات دفعہ سجدہ میں گرے۔ قطعہ:۔

نعمتوں کی دولت اور سلطنت صبح کرتی ہوئی نئی دلہن کی مانند، ساتوں سنگار کئے ہوئے اس کے دل پر آٹھوں بہشت کھول دئے۔ اس مرغ نے جو صبح سعادت کا خط لانے والا ہے جس خط سعادت کو دیکھا چونچ سے اس کو کھول دیا۔

اور زبان حال (صورت حال) اس بیت کے معنی کو لکھوا تی تھی۔ ؎

اس کے تخت بلند کے سایہ کا ایک غبار ہے آسمان۔ اس کے گوشۂ کلاہ کے گوہر کا عکس ہے سورج۔ فلک کے ستاروں کی سیر برجوں میں نہیں (ستارے برجوں میں سیر نہیں کر رہے) بلکہ۔ اس کی بارگاہ کے کنگروں کے گوشوں پر ہے۔

سرخ یاقوت کے لبوں والے ساقی سنہری اور روپہلی قدحوں اور پیالوں سے۔ ؎ (از مؤلف)

شراب جو ہمیشہ آدمیوں کو پچھاڑ دیا کرتی ہے۔ اور آرزوؤں کو دوام بخشتی ہے، شراب جو پہلوؤں کو راحت بخشتی ہے۔

تقسیم کرتے تھے۔ خواتین زہرہ کے چہرے والی، پسندیدہ خصائل، مرصع گریبانوں اور کلاہوں سے گویا کہ شاہی ستارۂ مشتری، کہ کلاہ ان کی طرف سے روشن ہوا ہے یا ثریا کا گچھا روشن چاند سے سعادت مند ہو گیا ہے، پھولوں سے لدے ہوئے گلاب سے تر و تازہ۔ اور یاقوت آبدار سے زیادہ لطیف۔ ؎

سب نے طوق اور بالیاں پہنی ہوئیں۔ ہاتھوں میں گوہر نگار جام لئے ہوئے سب کا رنگ صبح کی شبنم کی طرح۔ خود ساقی اور چنگ کو شور میں لاتی۔ زینت دیبا اور چینی لباس پوش سے سب کی سب شہنشاہ کے دربار میں پاؤں پر کھڑی ہوئی تھیں۔ اور لالہ کے رخ والے غلاموں نے سرو آزاد کی مانند، جو خالص مشک اور تازہ پھولوں کا بار لاتا ہے۔ ؎ (از مؤلف)

معشوق کے سرخ لبوں کے پاس تیغ در تیغ سنبل فریاد لے گیا ہے اس لئے کہ کاکل (زلف) نسترن پرست نے چاند سے لے کر آدھا پوشش اختیار کی (اس غلام نے) غم کو دل سے بٹھا دیا جب شراب پلانے کے لئے اٹھا۔ جہان سے ایک فتنہ اٹھ کھڑا ہوا جب وہ مجلس کے ایک کنارے پر بیٹھ گیا۔

اس بہشت آئین مجلس میں صراحی کی مانند گھٹنے ٹیک دئے اور ساغر کی طرح دست بوس

(ہاتھوں کا چومنا) کی شرائط بجا لائے۔
ایک ہفتہ تک اسی طرح جشن رہا اور خیمہ اور بارگاہ کے اندر والے گلاب رخ اور سنبل زلف معشوقوں میں سے۔ جو رنگ اور خوشبو سے پر تھے۔ عیش و طرب اور لہو و خوشی کے کام سے جب فارغ ہوئے تو بادشاہ عادل نے حکم دیا کہ سونے چاندی کی بالش (مقرر مقدار) کے چھکڑے اور ملبوسات سنہری اور منقش اور جامہ ہائے نازک کے اقسام۔ جو مختلف شہروں اور ممالک سے لائے گئے ہوں۔ لے آئیں۔ رشتہ داروں، بیگمات اور امراء کو حسب مقدار اور بموجب اہلیت اور سزاواری کے کامل حصہ اور پورا نصیب عطا کیا گیا۔ اور چنگیز خانی یاسا نامہ (تعزیرات)۔ جو جہانگیری اور جہانبانی کے مراسم پر مشتمل ہے، کی بنیاد کے پختہ کرنے اور احکام کی تجدید کا فلک مطاع حکم۔ چاند کی طرح چلنے والے ایلچیوں کے ہاتھ۔ مشرق و مغرب کے اطراف اور جنوب و شمال کے علاقوں میں پہونچا دیا۔ اور عدل عام اور انصاف کامل کا جھنڈا۔ فلک الافلاک کے بلند قبہ پر بلند کر دیا اور بخشش اور رحم کی آیت (قرآن مجید کے پورے جملہ اور فقرے کو آیت کہتے ہیں) روشن ستارہ کے قلم سے سورج کے چہرہ کے ورق پر لکھ دی۔ ۵

تیرا عدل ملک کے لئے مضبوط اور نیک بخت بیٹے کی طرح ہے۔ تیرا ملک عدل کے
لئے نیک مہربان باپ کی طرح ہے۔ تیرے ہاتھ سے سوائے تیری تلوار کے کسی
نے مصیبت نہیں دیکھی۔ تیرے کام پر کسی چیز کو نقصان نہیں پہونچا سوائے تیرے خزانہ کے

(یعنے صرف خزانہ ہی ایسی چیز ہے جو روز بروز تیری بخشش کی وجہ سے نقصان میں رہتا ہے)
اس کے شامل اور کامل عدل کی تاثیر سے بھیڑیا رات دن گڈریئے کی طرح بھیڑوں کی گلہ بانی کرتا ہے۔ اور باز الفت رکھنے والے دوست کی طرح تیہو کے سینہ کو پیار اور ناز سے سہلاتا ہے۔ اس کے انصاف کی شہرت سن کر ظلم اور دشمنی عالم کے شہرستان سے سو منزل دور چلی گئی۔ اس کا عفو۔ جو بندگان کی لغزش کو معاف کر دینے والا ہے۔ دور اور نزدیک، ترک اور تاجیک کے جرائم کے آگے آجاتا ہے (یعنے جرائم کی سفارش کے لئے آگے بڑھ کر مجرموں کو بری کرا دیتا ہے) ایک ہی توجہ سے اس کی ہیئت کی شکل صورت کو ہیولی سے جدا کر دیتی۔ لہذا ایک ہی نظر سے اس کی رائے کی رویت اور مضبوطی فساد اور خلل کو جمہور کے امور سے زائل کر دیتی۔ اور ملک کی نئی دلہن کو لباس فاخرہ پہناتا۔ اس کی سیاست کا تیر لوگوں کے خصائل کے حوادث کو دفع کرنا اور زمانے کے ظلم کے اسباب کو

روکتا۔ اور متحرک ہوا جہان کی آزادی (بہاری) پنیوں کو نہ بکھیرتی اور اسکے عہد سلطنت میں ؎
کوئی زخمی نہ ہوا زمانے کے زخم سے۔ خواہ شریف تھا۔ خواہ کمینہ

لامحالہ ربع مسکون کے اطراف و اکناف سے، جنہوں نے اس کے مبارک نام کو سوائے نقدی کے سکے کے رخ کو نہ دیکھا تھا، اس کے عدل کے شکریہ کی شکر کو شیرینی کے بیان کے طور پر دل اور جان کا ساتھی بنادیا اور اوقات کی انگیٹھی کو روزافزوں سلطنت کی دعا اور ثنا کی دھونی (بخور) سے خوشبودار کر دیا۔ بہادر اور بزدل کا دل اس کے پادشاہانہ عنایات کی ہوا سے ایسا ہو گیا کہ بہشت اس کی طراوت کی یاد میں آب کوثر کو منہ میں لانا اور بخت و اقبال کا پودا جس کی جڑیں مضبوط اور محکم ہیں اور اس کی شاخیں آسمان میں "نشو و نما کی جوئبار سے اس حد تک سایہ گستر ہوا کہ طوبیٰ (بہشتی درخت) کے جمال کے چہرہ پر چمن بہشت میں وہ خوشی ہے اس کے لئے جس کو اس کے سایہ میں آرام ملا" کی حسرت کا سایہ پڑ گیا، چین و ماچین کے اطراف سے ہر وقت و ہر آن مصر اور شام او منتہی مغرب تک۔ تمام لوگ آباد ملک کی طرف متوجہ اور اس کے عطا او عدل کے فیض سے مالا مال ہو گئے۔ ؎

اس کے عدل سے ہو گیا سفید باز کلنگ کا جفت۔ اس کے امن سے کالا شیر
گیدڑ دوست ہو گیا۔ نہ یہ (باز) کھینچتا ہے اُس (کلنگ) کے ساتھ جنگل
ہوا میں۔ اور نہ وہ (شیر) دراز کرتا ہے زمین میں اس (گیدڑ) سے پنجے۔

اگرچہ اس علاقہ کے اطراف سے پادشاہ عادل تھا اُن کے پائدار اقبال کی سر سبز منزل اور فلک دار سلطنت کے مرکز تک ایک سال کی مسافت کا راستہ ہے (تاہم) اس کے فضائل، انتظام سلطنت، عدل، انصاف۔ ذکاوت، دانائی۔ صواب اندیشی اور ملک آرائی کا ذکر۔ اس علاقہ کے معتبر لوگوں، مشہور تاجروں اور معروف سیاحوں کے ہلال نما چہروں (چاند کی مانند) سے اس حد تک سننے میں آیا ہے کہ اُن قابل فخر خوبیوں کی ایک سطر اور مناقب و فضائل کا ایک معمولی جزو، قیصران روم، شاہان عجم چین کے خاقانان۔ عرب کے سرداران، یمن کے تبع (بادشاہ)، ہندوستان کے مہاراجگان۔ پادشاہان ساسان و آل بویہ اور سلجوق کے سلاطین کے آثار کو مٹا سکتا ہے۔ اور اُن فضائل (قاآنی) کا بیان جو طوالت کا باعث ہے۔ اِن اوراق کے بھر دینے کا موجب ہو سکتا ہے۔ لیکن "قلیل دلالت کرتا ہے کثیر پر" کے بموجب اس کی عادت کے بعض نشانات اور اس کی ذات کے بعض خصائل کو اجمال کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ تاکہ اُن سے اُس کی دلیری

سکے کمال اور بخت و اقبال کی کثرت پر دلیل لائی جا سکے ۔
اس کے تجربہ اور تدبر کی کے آثار میں سے ایک یہ ہے کہ وہ اہل فضل حکما اور عقلمندوں سے بہت مانوس تھا اور ان کو مرتبہ قریب عطا کرنے اور ان کی تعظیم و تکریم میں مبالغہ کرتا ۔ اور خط الجو رغانی کے خلاف نئی اصطلاحات (علامات خط مراد ہے) مقرر کر کے نئے خط (رسم الخط) کا استنباط کیا جس کی صورت دلپسند حسینوں کے خط ۔ آنکھوں کی حظ (لطف ، مزہ) اور ضمیر کے نور کی طرح تھی ۔ اسی خط سے اطراف ممالک میں شاہی فرمان بھیجے گئے اور اس کو اپنے عدل کے آوازہ کی مانند مشہور کر دیا ۔
اور چونکہ قانون عدالت کے استعمال اور طریق سیاست کے کمال پر طبعاً مجبور تھا (اسی لئے) اگرچہ اس کا انعام ، فیاضی اور عطا کی امداد یہ نہ وہ منقطع ہیں اور نہ کم کرتی ہیں" کا نقش رکھتی تھی ۔ وہ اسراف اور فضول خرچی پر معقول اعتراض کرتا اور سلطنت کے اعیان اور دربار کے مددگاران کے سامنے تقریر کرتا : کہ یہ کس طرح عقل کے مطابق ہے یا سخاوت کے قبیل سے شمار کیا جاتا ہے ایک شخص کو ہزار بالش (سونا یا چاندی کے) عطا کرنا اور دوسرے کو دست ناامیدی سے ، اس کا سینہ پیٹنے کے لئے دینا ۔ کیونکہ جو شخص ضرورت سے زیادہ بے جا خرچ کرتا ہے لامحالہ خرچ کرنے کے موقعہ پر ضروری اور جائز خرچ سے رک جاتا ہے"
اس حکم سے مقصود تنبیہ تھی اور کہا ۔ تا ان کی حالت اور اس کے لئے سوچے سمجھے جو دو احسان میں خرچ کرنے پر ۔ پھر اس بیان سے اس قاعدہ کی مضبوطی اور استواری کی یوں تاکید کرتے کہ پادشاہوں کا عام عدل اور کامل سیاست ہی نظام عالم کی جاذب ، قوام بنی آدم کا باعث ، عقل اور نقل کی رو سے پسندیدہ اور لائق اور موزوں ہے مانند نور کے آنکھ میں ۔ اور اگر عقلمند روشن رائے اس مطلب کی پیروی کرے تو اسے بداہت عقل سے معلوم ہو جائے گا کہ محض مالی اسباب سے (صرف) چند اشخاص کی رضا جوئی ممکن ہے اور اگر کسی کو خزانہ قارون ، پادشاہت سلیمانؑ اور نوحؑ کی عمر حاصل ہو تو اتنی مدت اور اس اقتدار کے مقابل لوگوں کے گروہوں میں سے حاجتمند اور امیدوار اس قدر ایک دوسرے کے پیچھے اور لگاتار ظاہر ہوں گے کہ ان میں سے اکثر نہ تسلی حاصل کرنے والے بلکہ پیاسے رہیں گے ۔ اور فرض محال کے طور پر اگر انعام کا فیضان اور احسان کی کثرت سب کو شامل ہو جائے تو بھی انسانی خواہشات کی تکمیل بہر حال میں محال اور مشکل اور دلوں کی رضامندی اور خوشنودی کا حصول غیر آسان ہوگا ۔
اور خلق کے نصیبوں کی تقسیم میں نظر کرنا چاہیئے کہ اگرچہ ازل میں جتنے اندازہ

کئے ہوئے اور اہلیت اور لیاقت کے موجب اور مصلحت کے مطابق مقرر ہیں (مگر) دولتمند خوشحال ابھی تک "انسان اپنے پروردگار کی نعمتوں کا کافر ہے" کا حلقہ بگوش ہے اور نادار جس کے پر نوچے ہوئے ہوں (یا تاریک دل) "اور قریب ہے کہ فقر کفر ہو جائے" کا پابند ہو جاتا ہے۔

البتہ عدل کے عام کرنے سے جو ملک اور دین کے منافع کا جامع اور حال اور انجام کے مصالح کو شامل ہے ایک ہی لحظہ میں ایک کلمہ سے جہان کے لئے "اور عدل سے قائم ہیں آسمان اور زمین" کی علامت اور نشانی۔ عرض کے میدان میں جلوہ گر ہو سکتی ہے اور پھر اچھا ذکر زمانہ والوں کے زمانہ اور آنے والوں کے عہد تک (ابد الآباد تک) لوگوں میں باقی اور ہمیشہ کے لئے چھوڑ سکتا ہے۔

اس کے ذکر جمیل کی کہانی اور بے شمار بہترین باتوں کے عام کرنے کی عجیب بات اس طرح بیان کرتے ہیں کہ کسی وقت اس کا ایک عزیز فرزند شکار کرتے اور گھوڑا دوڑاتے ہوئے چند افراد کے ساتھ لشکر سے علیحدہ اور جدا ہو گیا ہے

جب گھوڑا اور جسم دوڑتے دوڑتے تھک کر چور ہو گئے۔ تو اترنے اور منزل کرنے کی راہ طلب کی۔

ان کا گزر بیش بالیغ کے مضافات میں سے ایک گاؤں پر سے ہوا۔ شتر سواریوں کے آرام اور کوتل گھوڑوں کی آسودگی کی خاطر ایک لحظہ نزول فرمایا اور چشموں کے کنارے کے تنگ، وہ گھوڑا دوڑانے اور شکار کرنے کی وجہ سے (؟) اور نہیں بنایا ہم نے ان کو ایسا جسم کہ نہ کھائیں طعام "طعام کی خواہش کی آگ معدہ کے تنور میں بھڑک اٹھی تھی۔ حکم دیا کہ بطور مہمانی کے کھانے کیلئے ایک بکرا (یا بھیڑ) اور پینے کے لئے ایک مٹکا (شراب کا) وہاں کے باشندوں سے طلب کریں اور دیگر کسی چیز سے اس سے کم یا زیادہ کے ساتھ مطلب نہ رکھا۔ اتفاق سے دوسرے سال دو تین آدمی اسی گروہ کے جو شاہزادہ کی خدمت میں ہمراہ تھے۔ پھر اسی جگہ سے جو حقیقت میں مسافروں کی گذرگاہ اور منزل تھی۔ گذرے اور گوسفند اور شراب تازہ کھچی کا التماس کیا تو وہاں کے باشندے قاآن عادل کے دربار میں چلے جاتے ہیں اور پہلی مرتبہ نازل ہونے اور مہمانی طلب کرنے اور دوسری دفعہ اسی طائفہ کی واپسی اور غیر مقررہ رسم کو تازہ کرنے کی مفصل شرح بادشاہ کی خدمت میں پیش کی۔ یعنی اس کا اندیشہ ہے کہ زمانہ گذرنے پر ہمارے اوپر یہی رسم ہمیشہ رہیگی اور دوسرے اسی طریق پر ظلم چلا جائیگا (جاری رہیگا) ۔

روشن دل قاآن نے بیٹے کو طلب کیا اور سختی کی چین اور تیوری روشنی کے سورج کے ماتھے پر ڈالی اور درشتی کی زبان سے مواخذہ اور جواب طلبی کی۔ فرمایا کہ اس ناپسندیدہ قاعدہ کا بانی پہلے سے ہی تو ہوا ہے "اور ابتدا کرنے والا زیادہ ظالم اور اس کی پیروی کرنے والا زیادہ سلامتی والا ہوتا ہے" اگر بادشاہی کی نوبت تجھ تک پہنچے اور سلطنت کے کام الٰہی تقدیر سے تجھ سے متعلق ہوں تو ملک داری اور رعیت پروری کو اس طریق پر نگاہ رکھے گا؟ اب تو نے حکومت کے قانون کو بدل ڈالا ہے اور زبردستوں پر جو خدا تعالیٰ کی امانت ہیں خلاف معہود اور مقرر طریقہ کے تو نے بوجھ ڈالا ہے۔ جب تک تو اپنے رخ کو تین دفعہ بکت تحی کی راہ سے نافرمان (باغی) کے میدان جنگ کے مقابل نہ لے آئے اور صیقل کردہ تلوار کی چمک سے دل کے آئینہ کو اخلاق بد کے زنگ سے صیقل نہ کرے۔ تب تک ہمارے رخ کے اندر۔ کہ آئینہ سکندر اس کے بغیر نہیں ہے۔ نظر نہ ڈالنا (ہماری طرف نہ دیکھنا) شہزادہ نے استغفار اور طلب معافی کے مقام میں التزام کیا کہ باغی کی لڑائی کے ارادہ سے اقامت کے خیمے کو اکھیڑ ڈالیگا۔ قاآن عالی ہمت، عادل منش نے فرمایا کہ مظلوموں کو بخشش اور انعام دیا جائے اور اُن کے احوال کے امن میں رکھنے اور تکلیف کے تخفیف کرنے اور دل کی تسلی کے لئے ایک خط دیا۔ تو اُن لوگوں نے پادشاہ کے دربار کے کنارے کی مٹی کو۔ جو ہر با اقبال کا بوسہ گاہ بایہ تخت اور اقبال کی آرام گاہ ہے۔ آنکھوں کا سرمہ بنایا۔ اور پادشاہ عادل پرور کی دولت کے ہمیشہ رہنے کے ساتھ زبان کھولی (یعنی سلطنت کے ہمیشہ رہنے کی دعا کی) اور واپس چلے گئے۔

اس خاطر داری اور مہربانی کے اظہار سے اگر جہان کے اندر حاتم طائی کے ذکر کا صحیفہ لپیٹ کر رکھ دیا جائے تو کیا نقصان ہے۔ اور اس انصاف اور دادرسی سے اگر نوشیرواں کی روح شرمندگی کے گہرے پانی میں غرق ہو جائے تو کیا فائدہ ہے (یعنے پھر بھی برابر تو نہ ہوسکا) ؎ (از مؤلف)

اس کی نیلوفر مثال تلوار کی حفاظت سے (یا خوف سے) سوسن وہ زبانی نہیں کرسکتی۔ اس کے عہد سلطنت میں ہرگز نہیں پائی جاتی۔ سوائے پیمانۂ شراب کے دل گرانی۔ اس کے انصاف کی مدد سے باز اور شاہین کبیا کبک دری بھی ہم آشیانی کرتی ہے۔ عجب نہیں کہ اس کے دیوان عدل سے۔ بھیڑیا گڈریوں کی رسم اختیار کرلے۔

اس طریق اور نظم و نسق سے اطراف ممالک کو حفاظت اور انتظام سے منتظم رکھا

اور نیک نامی کا درخت زمانے کے باغ میں بلند ہو گیا اور پادشاہ چنگیز خاں کی طرح کہ ملک چین کے بعض علاقے اس نے فتح کئے ہوئے تھے اور جو کچھ اصول اور دار الخلافے تھے ابھی تک زائل نہ ہوئے تھے۔ پادشاہانہ ہمت (قاآن مراد ہے) اس تمام علاقہ کی فتح حاصل کرنے پر مقصور ہوئی۔ سنہ ۔۔۔ میں ڈیڑھ لاکھ لشکریوں کو جو جان کو میٹھا سمجھتے تھے روانہ فرمایا اور ان کے ساتھ اجون بکمش۔ ہوکتا کا بیٹا پایان اور علی بک بن یلواج کو بھیج دیا اور نہایت عجیب بات یہ ہوئی کہ جب پادشاہ نے پایان کو مقرر فرمایا تو اشارہ کیا کہ اس حالت میں بھی آخر کار چین پایان کے ہاتھ پر فتح ہوگا۔ جب وہ سپاہی ہندوستان کے آگے دیگر شہروں میں پہنچے تو خیمہ کے ساتھ خیمہ نصب ہو گیا۔ ٹیلے اور نشیب۔ میدان اور پشتے اس لشکر کی کثرت سے تنگ دل کے درد کی طرح روز بروز زیادتی میں ہوتا ہے موج زن ہو گئے۔ اتفاق سے سمندر کی طرف سے چند کشتیاں (جہاز) جو زمانے کے کینوں سے فارغ اور دہر کے حملوں کی گھاتوں سے بے پرواہ تھیں۔ غلہ ڈھونے کے لئے دار الخلافہ میں پہنچ گئیں اور نہیں ہے سلطنت مگر اتفاقات۔ پایان نے فرمایا اور جتنا ممکن تھا لشکری کشتیوں پر سوار ہو گئے۔ اور انہوں نے شہر کی راہ لی اور پایان خود لشکر سمیت خشک راستہ سے اس جگہ کا قصد کرنے والا ہوا۔ سواریاں اور کشتیاں جن کی لگام باد پایان ہے شمال اور جنوب کے شہسواروں اور تیز چلنے والا لشکر پایان کا آتش حرکت گھوڑوں کے سموں سے درمیانی فاصلہ کو پانی کے گھوڑے سمندر اور زمین کے میدان بسیط کو طے کرتے ہوئے مقصد تک پہنچ گئے۔

جس وقت آسمان کا سبزہ زار کھلنے اور باد صبا چلنے لگی تو حبش کے سیاہ لشکر طفیل روم کی جنگ سے دستکش ہو گئے اور دن کے یلغاریوں نے زنگی پہرہ رات کے خیمہ کو لوٹ ڈالا۔ اس وقت لشکر سمیت شہر خنزای (چین کا بہت بڑا شہر تھا) میں داخل ہو گئے۔

چین کے فغفور کا نام جوقون قا تھا۔ درباری سرداروں اور ارکان سلطنت کے ساتھ ششدر اور حیران اور اس لشکر کے ہجوم سے جو قضاء بد کی طرح بغیر ہراول اور محافظ دستہ کے دونوں طرف سے پہنچ گئے تھے۔ پریشان اور آزردہ ہو گئے سوائے تسلیم اور عاجزی کے کوئی جائے گریز نہیں رکھتے تھے اور اطاعت کی بجائے امن کی برکتوں سے یقین حاصل کرنا اور دوستی کی بجائے سے بجائے پناہ ڈھونڈنا۔ ان کو اپنی نجات اور خلاصی کے قریب تر معلوم ہوا اور رضا و رغبت سے مطیع اور رعیت اور اس کی فرمانبرداری کے سلسلہ میں منسلک ہو گئے۔

پایان عقلمند ہونے کے علاوہ زیرک اور دلیر تھا ان کو امن و امان کی خوشخبری

دی۔ لوگوں کے مال و جان کو لوٹنے اور برباد کرنے سے محفوظ اور نگاہ رکھا اور اس علاقہ کے لوگوں کے سینے میں تابعداری اور پیروی کا بیج بو دیا۔ تمام دل یقین، تابعداری، اخلاص اور اعتقاد کی خوبی پر قائم ہو گئے۔ پھر اس علاقہ کا قلعہ جس کو سینافو کہتے تھے۔ جو راستوں کی صعوبت، اور پناہ گاہوں کی مضبوطی سے مشہور۔ یکتا مردوں اور سخت جان بہادروں سے بھرپور۔ بے شمار خزائن اور ذخیروں سے معمور تھا اور پہاڑوں کی چوٹیاں جس کی بلندی سے شرم کے مارے دل پر پتھر رکھے ہوئے اور جس کے کنگرے ستارہ قرن الثور سے ٹکر کھاتے تھے اور جس کے رہنے والوں کے ہاتھ سبز باغ (آسمان) سے پروین کے خوشے چنتے تھے اس طرح کہ ؎

چنبر فلک کے آسیب سے اسکی بلندی میں۔ مرد پاسبان کنگروں پر خمیدہ ہو کر چلتا ہے۔

جو کبھی فتح نہ ہوا تھا۔ لشکر کو اس کے فتح کرنے کا حکم دیا۔ اس بلند قلعہ کے محافظوں نے جب چین کے دارالسلطنت کے فتح ہونے اور پایان کی لشکر کشی سے اطلاع پائی تو انکے سردار (لیڈر) نے جو بوڑھا زمانہ دیدہ۔ حادثات کی شیرینی اور تلخی چکھے ہوئے، اور راتوں اور دنوں کے گرم و سرد سہے ہوئے تھا۔ پیغام بھیجا کہ بچپن میں جب میرے قد کا نیا اگا ہوا پودا عمر کی جوئبار کے کنارے پر نزاکت اور لوچ۔ اور خوشی کا گلشن انس کی روح پرور ہوا سے تازہ خصائل رکھتا تھا اور "کر اور نہ کر" (امر و نہی) کی تکلیف سے اسے فراغت حاصل اور بے غمی کی چراگاہ میں اسے فراخی شامل تھی اور وہ عہد خوبیوں سے باتیں کرنے اور دل لبھانے والی گفتگو کا تھا نہ کہ زمانہ "گوشہ نشینی اور رنج کشی کا"، میں نے اپنے باپ سے سنا کہ اس قلعہ کی فتح پایان نامی شخص کے ہاتھ پر ہو گی۔ اور حفاظت روک تھام، کشتی گیری (پہلوانی) اور تیغ زنی مفید اور نافع نہ ہو گی۔ لہٰذا اب لشکر کشی کی ضرورت نہیں۔ ہم رعیت ہیں اور بہت مطیع۔ اور قلعہ اور جو کچھ اس میں ہے بغیر مقابلہ اور شمشیر زنی کی تکلیف کے آپ کا ملک الیمین (یعنی مقبوضہ دست راست) ہے۔ پیچھے سے انہوں نے دروازہ کھول دیا۔ اور قلعہ سے نشیب میں آ کر تمام خزائن اور دفائن اُن کے سپرد کر دیئے۔

بعض ممالک چین کا حال | اس جگہ اُن ممالک کے وسیع میدان، آبادی کی کثرت اور نعمتوں کے اقسام کی شرح کا ایک شمہ۔ جس کو روایت کرنے والے سوداگر اور معتبر مسافر بیان کرتے ہیں۔ ذکر کیا جاتا ہے :۔

خنزائی ممالک چین کا بڑا شہر ہے "مثل جنت کے جس کا عرض آسمان ہیں" اس کی طولانی وضع اس طرح ہے کہ: - اس کے محیط کی پیمائش چوبیں فرسنگ کے قریب ہے۔ اس کی سطح زمین پر پکی اینٹوں اور پتھر کے فرش ہیں اور مکانات اور مسکن لکڑی سے بلند کئے گئے اور خوبصورت تصاویر سے آرائش اور سجاوٹ کی ہوئی ہے - ابتدائے شہر سے لیکر انتہا تک تین چھتے (سہ منزلہ) مکانات ہیں - اس کے بڑے بازار کا طول تین فرسنگ بیان کرتے ہیں جو چونسٹھ (۶۴) چوک جن کی عمارت ملتی جلتی اور ہمشکل اور جن کے ستون موزون ہیں - پر مشتمل ہے - اور نمک کی آمدنی روزانہ سات سو بالش چاؤ ہے۔ اور ارباب حرفت کی اس قدر کثرت ہے کہ زنگریزی کی صنعت کے کاریگر بتیس ہزار[۳۲] شمار میں آئے - اسی پر قیاس رہنمائی کرتا ہے باقی پر - اور ستر تومان (سات لاکھ) لشکر اور ستر تومان رعیت کی تعداد کا غذات مردم شماری اور دفتروں کے اوراق میں درج ہے - اس کے علاوہ سات سو گرجے قلعوں کی مانند ہیں - اُن میں سے ہر ایک لا مذہب قسیسوں اور بے دین رہبانوں (گوشہ نشینوں) سے موجیں مارتا ہے - اور دیگر عملہ، محافظ، خادم اور بتوں کے پجاری گروہوں اور اُن قوموں کے ساتھ جو داخل شمارہ اور عرض نہیں ہیں - بیگار اور ٹیکس سے مستثنےٰ ہیں - اور لشکر میں سے چالیس ہزار نگہبان اور کوتوال (پولیس) ہیں - کہ جب سورج مغرب کے قیروان کے پیچھے منہ چھپا لیتا ہے - اور رات سیاہ چادر سر پر رکھ لیتی ہے اور عیار لوگ (چور) دلبران شب کے خیال کی طرح ظاہر ہو جاتے ہیں اور طرار معشوقوں کے طرہ کے مانند ساز باز کرتے ہیں تو پولیس کے گروہ کے گروہ راستوں، محلوں کے ناکوں اور گلی کوچوں کی گذرگاہوں اور کونوں میں اپنے اپنے مقررہ مواضع پر نہایت احتیاط سے بیٹھ جاتے ہیں "اور بیابا بھی نیند کو راحت" کا دامن آنکھ کی پتلی - جو مبارہ بچے ہیں (سیاہ) ملتحمہ پوشیدہ کے لباس میں کے رُخ پر نہیں ڈالتے (یعنے بیدار رہتے ہیں) اور شہر کے اندر تین سو ساٹھ جگہ پانی کے کناروں پر پل بنائے گئے ہیں - وہ پانی اُن نہروں کا ہے جو دریائے چین شاخ در شاخ ہو کر بہتی رہتی ہیں - اور کشتیوں اور دریا سے گذرنے والی چیزوں کے اقسام لوگوں کے حاجت کے مطابق اس قدر پانی پر چلتی ہیں جن کی تعداد فکر کے مہندسہ کی گنتی میں نہیں سماتی چہ جائیکہ عقد انامل (انگلیوں کی گرہوں کی گنتی) روزنامچہ اور محاسبوں کے حساب تک نوبت پہونچے - اور مختلف قبائل اور گروہوں کے سیاحوں اور مسافروں کی بھیڑ اور کثرت چہار جہت عالم کے اطراف سے - جو سوداگری اور پیش آنے والی

ضروریات کے لئے ایسے ملک میں آتے اور جمع ہوتے ہیں ۔ بداہت عقل اور اپنے نفس کے ملک سے معلوم ہوسکتی ہے یہ دارالملک کے اصل حالات کے مقدمات ہیں ۔

اور چار سو مشہور شہر وسیع میدانوں والے فراخ مقامات والے اس دارالملک کے توابع اور مضافات میں سے ہیں اس علاقہ کا مختصر سے مختصر شہر بغداد اور شیراز سے بھی بڑا ہے ۔ ان میں سے لنکین فیروزیتون اور چین کلاں کو خنزائی شناک کی طرح کہتے ہیں ۔ یعنے بڑا شہر بمرتبہ دیوان اعلےٰ ۔

اور عجیب بات جو دیکھنے والے بیان کرتے ہیں یہ ہے کہ باوجود اس قدر طول و عرض کے بموجب "اور معتدل زمین کا معیار ہے" کے تمام ممالک میں چوتھائی فرسنگ زمین بھی نہیں ملتی جو عمارت اور کاشت کاری کے قابل اور زراعت کے زیور سے بیکار پڑی ہوئی ہو ۔ بلکہ تمام کی تمام کاشت شدہ اور آباد ہے اور خوش حالی، جمعیت اور راحتیں اس علاقہ میں تائید آسمانی اور سلطنت قاآنی سے وارد رہتی ہیں ۔ ایسا عریض اور بسیط ملک کہ دنیا کے بادشاہ ابتدائے زمانہ آدم علیہ السلام سے لیکر وقت کے انتہا تک جس علاقہ کی یاد اور جس ملک کے تحفوں سے خوش ہوتے ہیں ۔ بغیر لڑائی کے بوجھ برداشت کرنے کے ممالک قاآنی سے ملحق ہوگیا ۔ اور بے خطا ارادہ سے چین کی بادشاہت کو فتح کرلیا اور جہان کے فتنہ وفساد پر محکم گرہ حسینوں کے زلفوں کی شکن کی مانند ڈال دی ۔ ؎

کمان کی ابرو کے ایک ہی شکن سے فتح کرلیا ۔ ایک حملہ کے ساتھ خطا سے ختن تک ۔

جب اس سلطنت کی قبا میں شکن ۔ (چین کا ملک مراد ہے ۔ کیونکہ چین بمعنے شکن ہے جو قبا کے لئے موزون ہے) بڑھ گیا (یعنے ملک چین کا اضافہ ہوا) اور فغفور (شاہ چین) نے سلطنت کی کلاہ کو ترک کردیا اور دنیا جہان کے خزانے اس کے قبضہ تصرف میں آگئے تو حکم ہوا کہ چاؤ (سکۂ چینی) جس کے ساتھ ملک چین کے معاملات کے دروازے کھلتے تھے (یعنے جو ملک چین میں رائج ہے) لے آئیں اور اس کے عوض خزانے سے سونا، جواہر اور ملبوسات عوض دے کر شہر میں منادی کردی کہ سلطنت قاآن کی سلطنت ہے اور چاؤ فغفور کا ۔ کچھ مدت کے بعد فرمایا کہ چاؤ جو ممالک قاآنی میں اس کے عدل اور سخاوت کی مانند جاری اور رائج ہے ۔ باہر نکال دیں (خارج کردیں) اور پھر منادی کردی کہ بادشاہت قاآن کی ہے اور

چاؤ بھی قاآن کا ہے۔ چاؤ قاآنی کو قبول کرنا اور فرمان شاہی کی تعمیل کے مقام میں بجا آوری ضروری ہے۔ اور ان کی اصطلاح میں بالشی چاؤ پچاس سیر ہے جس کی قیمت دس دینار ہے۔ اور بالشی زر نقرہ پانچسو مثقال ہیں۔ بالشی زر دو سو بالش چاؤ کے برابر ہیں جن کی معیار دو سو دینار ہیں۔ اسی تدریج اور ترتیب سے وہ علاقے تابع اور احکام سلطنت مقرر اور مخالف ہلاک ہو گئے۔

فتح جزیرہ مول چاوہ

جو فتوحات اس کے عہد سلطنت میں ہوئیں اُن میں سے ایک جزیرہ مول چاوہ کی فتح ہے۔ جو ہندوستان کے بلاد میں سے ہے ۶۹۱ھ میں۔ ایک بہادر لشکر جنگجو مقرر کر کے نیزوں اور بلند مراتب کے سامان اور آن بان کے ساتھ روانہ فرمایا۔ مسلسل اور متواتر چلنے اور سفر جاری رکھنے سے جب ساحل مقصود کے ساتھ کشتیوں کی سواریاں باندھ دیں تو تلوار کی دہشت سے۔ نہ اُن کے مکر و حیلہ سے۔ ایسا جزیرہ جس کا طول دو سو فرسنگ تھا۔ قبضہ ملکیت میں لے آئے۔ اور وہاں کے حاکم "سری رام" نے نادر اشیاء اور کثیر پیشکشوں اور ڈالیوں کے ساتھ دربار کی غلامی (یعنی حاضری دربار قاآن) کا عزم اور ارادہ کیا۔ راستہ ہی میں اس موضع اور علاقہ سے گذرنے کے اختیار کی طاقت نہ رہی۔ اس کے بعد اس کا بیٹا پایۂ تخت اعلےٰ سے جا ملا اور بے دریغ مہربانی اور خاص عنایت کے نصاب سے بہت سا حصہ پایا۔ اور باج و خراج کے ساتھ۔ جو زر اور مرواریدکی صورت میں مقرر فرمایا۔ اس علاقہ کو اُسی کے تصرف میں مسلم اور بحال رکھا۔ حقیقت وہ جگہ (جزیرہ مول چاوہ) ایک ساحل ہے سمندر کے کناروں میں سے۔ قدیم و جدید نادر اشیاء سے پُر اور خزانہ کی ہوئی اجناس، قابل فخر جواہر و عمدہ سامان اور بلند قدر متاع ہیں سے برگزیدہ اموال کی کثرت سے بیچوں کاریگری کی قدرت نمودار ہوتی ہے۔ اس علاقہ کے اطراف و جوانب عود و قرنفل کی خوشبو سے مہکتے اور گرد و نواح کے مواضعات طوطی کی زبان سے چہکتے ہیں۔

بنیاد دار الخلافہ طائشہ | دوسری بات یہ ہے کہ دوسرے شاہوں کے زمانہ میں سلطنت کا دار الخلافہ "خان بالیغ" تھا۔ جب قوبلائی قاآن نے سلطنت میں مزید اقتدار حاصل کیا تو اس کو باطل کر دیا۔ جس وقت کہ سورج نقطۂ شرف (انیسواں درجہ برج حمل) سے ملا ہوا تھا تو ایک شہر مربع تعمیر کرایا جس کا رقبہ سولہ مربع فرسنگ تھا۔ گویا یہ اعداد اس کی

ہمت عالی کے موافق نظر آتے ہیں اور اس کا نام "طاناو" رکھا۔ اور پیشہ ور اور کاریگر ہر جنس کے وہاں منتقل کرائے۔ اور تھوڑی مدت میں ہی لوگوں کی بھیڑ اور کثرت سے وہ جامع شہر بن گیا اور زیب و زینت کی وفرت سے جھلدار نور۔ اور اس شہر کے ایک کنارہ پر "قرشی" جس کے معنی ان کی زبان میں شاہی محل اور دربار سلطنت کے ہیں۔ بھی چار سو قدم لمبا اور چار سو قدم چوڑا لکڑیوں اور تختوں سے بنا کرایا۔ اور اس بہشت کی آبادی میں قبّے اور منظر جن کو دیکھ کر بیت المعمور کے بالاخانے (بیت المعمور کعبۂ ملائک) اور بلند چھت (آسمان) رشک کرتے ہیں۔ بلند کئے مضبوط ستون اور محکم چار دیواریاں اطراف اور کناروں سے۔ آرائش کی اقسام اور نمائش اور نزاکت کی انواع سے مزین ہو گئے۔ فرش زمین ہلکے رنگ کے سبز پتھروں سے فرش کئے ہوئے اور صنعت کی باریکی اور عمل کی مہارت سے مصور تماثیل (اشکال) اور پچیکاری کے نقوش ان پر ثابت اور نقش کئے ہوئے تھے۔ اور ارشمندس (نام حکیم) کی روح اقلیدس کی عجیب اور نازک شکلوں سے حیران اور مدہوش تھی۔ جالیوں کا سونے چاندی سے جالی دار ہونا۔ اور اس کے محلات کے کنگروں کے کنارے قمر کے منازل کی مانند طرفہ جبہہ اور زبرہ (منزل نہم - دہم اور یازدہم) کے۔ خلد بریں کو رشک دلانے والی سرزمین میں مشاہدہ کرتے تھے (یعنی کنگرے بہت بلند تھے) "اور ارم - ایسے ستون والی جس کی مثال شہروں میں نہیں پیدا کی گئی" کا نمونہ نظر آتا تھا۔ جس شخص نے اس مکان کے میدان کی وسعت اور اس عمارت کی پاکیزگی کی خوبی کو دیکھا (آگے جزا محذوف ہے۔ جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا کہ اس کی پھر کیا حالت ہوتی ہے)۔

جالیوں کا تحریر

ولی عہدی جمکین

اس طریق پر امور سلطنت اور اسباب برخورداری (فتح خلائق) چلتے رہے اور خاص و عام کی رائیں اور خواہشیں اتباع اور معاہدہ کے مطابق رہیں۔ اور جب اس کی عمر کی درازی گھٹا پٹانے والے عشرہ (وہ دس سال جو پچاس اور ساٹھ کے درمیان ہوتے ہیں) سے گذر گئی بلکہ ستر کا گلا گھونٹا گیا (یعنی ستر برس کو پہونچ گیا) تو اس نے چاہا کہ بڑے بیٹے جمکین نام کو اپنی زندگی میں نیابت کے منصب کا متصدی اول اور سلطنت کا ولی عہد بنائے۔ اس بارے میں امرا سے مشورہ کیا تاکہ اس کو ممالک کی حکومت میں حصہ دے۔ اور وہ سلطنت کے تخت پر قدم رکھے۔ ارکان دربار اور پیشکاران سلطنت نے عرض کیا کہ پادشاہ کشورکشا چنگیز خاں کے قانون اور عادات میں سے یہ قاعدہ ہرگز ہرگز مقرر نہیں تھا کہ باپ کے ہوتے بیٹا امور سلطنت کا ذمہ دار

ہو۔ ہم غلام ضمانت دیتے ہیں کہ ہم جمکین کے پادشاہ بننے پر قاآن کے بعد۔ تیغ۔
جب تک کہ عمر کے سر پر باطل ہونے کا خط نہ کھینچا جائے۔ منفق رہیں گے اور اس کے
احکام کے یقین اور تعمیل کے ساتھ موافق۔

جمکین کی وفات لیکن قادر کی اندازہ کی ہوئی تقدیر اس طرح تھی کہ ولی عہد۔ ولی بنانے
والے سے پہلے (یعنی جمکین قوبلائی سے پہلے) گذر ریگا۔ اور تاج و تخت کی ہوس اور
نازو بخت کی چراگاہوں میں ٹہلنے اور اکڑنے کے عوض قبر کا نیچے والا حصہ پایا۔

تیمور پسر جمکین کی ولی عہدی مددگاران سلطنت نے تیمور پسر جمکین پر تازہ اتفاق کیا جب
نوبت کوچ کی قاآن کے سر پر پہونچی اور اس دار فنا سے اُس عالم میں کہ وہ دار بقا
ہے ملنا چاہا تو اعیان دربار کو طلب کرکے کہا کہ "نفسانی قوتیں گر چکی ہیں اور سن کی درازی
کا ضعف بیماریوں اور دیگر عارضوں سے متفق ہو کر طاقتور ہو گیا ہے ضمہ اور کوچ کا وقت
مقررہ منازل پر قوانین الٰہی کی رو سے بہت قریب آگیا ہے۔ ضمیر کے سچ مانے ہوئے
خیال اور دل کی پوشیدہ باتوں کو کھول۔ اور رازہائے کا خلاصہ اندر (دل) کی تہوں سے
نکال پھینک۔ دینا چاہیئے۔ اگر تیمور کے شاہ بننے پر افراد کا اجتماع درست اور اس کی اتباع
کی لڑی میں اکٹھا ہونا محقق ہے تو یہی مراد اور مطلب ہے۔ ورنہ اتباع کے پیمانوں
کی گرہیں اگر بوجہ عدم اہلیت اور ناسزاواری کے کھلنا چاہیں تو اطراف ممالک کے مصالح
کی بنا پر اسطرح مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آج اس کی کیفیت ایک دوسرے کے سامنے بیان
کردی جائے تاکہ ہمارا شاہانہ دبدبہ اُس کو خالص شاہی املاک اور خاص اموال اور
جائداد سے اُسے راضی کرے اور وہ اس عہدہ اور ذمہ داری کا ہار گلے میں ڈالنے سے۔
جو بہت بڑا اور پُرخطر کام ہے۔ انکار کردیوے۔ ایسا نہ ہو کہ آج کے بعد تیمور سلطنت
کے طمع کے خیال میں شیطنت اور شرارت شروع کردیوے اور لشکر تابعداری کی رسن
اور موافقت کی قوت سے کنارہ کش ہو جائے اور اس حالت میں امور سلطنت پریشان
رہیں گے اور ان حالات کا تدارک پھر مشکل ہو جائیگا"۔ تمام شاہزادے اور اُمرا
غلامی کے مقام پر کھڑے ہو کر متفق ہوئے کہ تیمور امور سلطنت کے گلے میں ہار بنانے کی
استعداد اور اہلیت رکھتا ہے اور قاآن کے بعد گردنوں کا مالک اور قائم مقام ہے اور
اس نیت کی سچائی پر واقف ہے "وہ جس کے پاس علم الکتاب ہے"۔ ۵

اس سخن کی تقریر کو جو یہ غلام کہتا ہے۔ جانتا ہے خداوند تعالے بلکہ
پادشاہ (قوبلائی) بھی پہچانتا ہے۔

موتِ قاآن | ان حالات کے شروع شروع میں موت نے اچانک کمین کھول دی اور قدر کا تیر، قضا کی شست سے پھینکا ۔ اور تمام لشکر میں وہ سپر ۔ جو اس کو مانع ہوتی حق کی قسم ۔ نہ ملی ۔ بیت ۔ جب تیر قضا پہونچ جائے تو سپر بن ہیچ ہیں ۔ ۶۲۹ھ میں عادل قاآن مرگیا اور نیک نام اور افسانہ آنے والوں کے لئے ایک ہمیشہ رہنے والا دستور چھوڑ گیا ۔ سے

آ اور بتا کہ پرویز نے زمانہ سے کیا کھایا (نفع اٹھایا) ۔ جا اور پوچھ کہ کسریٰ نے زمانہ سے کیا لیا ۔ اگر وہ خزانہ رکھتا تھا تو دوسروں کے لئے چھوڑ گیا ۔ اور اگر اس نے ممالک ۔ فتح کئے تو دوسروں کے سپرد کر گیا ۔ یہ نہیں کہ جس کے پاس مال نہ ہو وہ عافیت سے نہ جئیگا ۔ اور نہ یہ کہ جو جہان کا مال رکھتا ہے بالآخر نہ مریگا ۔

ذکر جلوس تیمور قاآن

اگر اس ذکر کا لانا بحیثیت نسبت حال اور مرتبہ مقام کے باتو خاں کی خاں کے ذکر کی تاریخ میں مناسب تھا ۔ لیکن جب قوبلائی کے ایام کا خاتمہ اس کی سلطنت کے صبح کے فاتحہ سے قرب اور وصال رکھتا ہے ۔ خیال پیدا ہوا کہ اس سخن کا تعلق ٹوٹ نہ جائے اور اس گرہ کی لڑی بغیر بڑے موتی کے اجنبی معلوم ہوئی ۔ کیونکہ اصل اور فرع کا ایک دوسرے سے ملا رہنا زیادہ موزوں، اور جوہر کا محل عرض میں حلول کرنا بہت عمدہ ہے ۔ بیت ۔ ستارے ہیں برج میں اور موتی ہیں ڈبیا میں ۔

جشن تاجپوشی | اس کے بعد کہ قاآن نے حق کی آواز کو لبیک کہا ۔ جمکین کے تین بیٹے تھے ۔ کمبالہ ۔ ترمہ ۔ اور تامور ۔ پہلا (کمبلہ) کالی بیشے ہکلا تھا ۔ دوسرا (ترمہ) بیمار ۔ شہزادگان خورد و کلاں نے اوامر قاآنی کے التزام کے بموجب تامور (تیمور) کو سلطنت کے لئے اٹھایا اور ۶۹۴ھ کے آخری مہینوں میں رائے زنی کے چقماق سے آگ نکالنے کا مجمع عیش کے پیالوں کے کنارے تک پہنچ گیا ۔ اس وقت جو مانند جوانی کے فرحت افزائی ۔ اور اس زمانہ میں جو وصال معشوق کی رات کی طرح غم کو دور کرنے والا تھا ۔ (تمام مجمع نے) سلطنت کے تخت کو اپنے روشن اور چمکدار چہرہ سے عالی آفتاب کی مثل کر دیا ۔ سمند بصورت بارگاہ کا احاطہ عیش اور نشاط کے وفود کا مرکز بن گیا ۔ شاہزادگان نے باری باری سے زانوئے خدمت کو زمین پر ٹیکا اور آنے والے لوگوں نے مختلف زبانوں اور متفق دلوں سے دولت

روز افزوں کے لئے دعا کی۔

جب زمانہ فصل بہار کی تاثیر سے خوش و خرم اور شراب اپنے اندر کے موافق آمیزش اور ملاوٹ سے دور تھا۔ پیالہ جب اس بہشت آئین بزم کے انتظار میں دل میں خون رکھتا تھا (یعنے تمناؤں کے جہان دل میں رکھتا تھا) خاطر داری اور دلجوئی کی صراحی کے سرگوشی کے طور پر ہونٹ پر ہونٹ رکھے ہوئے۔ نے کی مانند لوگوں میں آنکھیں کھولے ہوئے اور چوری سننے کی بربط پر کان رکھے ہوئے تھا۔ تو حاضرین کو معلوم ہو گیا کہ ان کے راز اور سرگوشیاں یہ عمدہ رباعی ہے۔ رباعی:۔ اور ان کے راز و سرگوشی کیلئے یہ رباعی موزوں ہے

جب صبا نے گل کی بات بلبل سے بیان کی۔ تو بلبل نے خوشی سے نعرہ لگایا
اور غلغل کیا (شور مچایا)۔ مغنی نے جب ترانہ گایا صراحی نے فوراً۔ اس
کے اعادے (دو بارہ کہنے) کے لئے بدا، قل قل دی (پھر کہہ پھر کہہ)۔

رجوع بہ مہمات ملکی | جب عیش کی رغبت ختم ہو گئی اور بیہودگی او مسخراپن کے جھنڈے کا گوشہ چھپ گیا۔ تو تیمور قاآن نے مہمات مملکت کی ساخت اور تیاری کی طرف رخ کیا اور قاآن عادل کی رسومات کے تازہ کرنے کا۔ جو سراسر کامل عدل۔ رفاہ عام، ممالک کے مصالح اور قدیم و جدید کی حاجت برآری پر مشتمل تھیں۔ حکم شاہی جاری کیا۔ اور شاہزادگان، نوئینان اور امیروں کو جس طرح کہ ہر ایک ان میں سے ملک کی کسی طرف یا علیحدہ منزل پر مقرر تھا معین اور بحال رکھا۔ اور ہر ایک کو ان میں سے مرتبہ اور مقدار کے مطابق احکام، جھنڈا اور خلعت عطا فرمائی اور وہ سب شاہی لشکر کے مرکز سے۔ جو بلندیوں پر محیط اور جاری تھا۔ اپنے اپنے مقام اور منزلوں کی طرف چلے گئے۔ اس کے درباری امرا و لجائی جنگ سانگ، نرخاجنگ سانگ۔ پایان بنجان علاوی۔ عبداللہ بنجان سمرقندی۔ شمسی بنجان ایغور اور میر خواجہ بجین تھے۔ اور اب کہ سنہ ۶۹۸ھ ہے باپ دادوں کے طریقوں پر چلنے اور برگزیدہ اسلاف کے رسوم کو زندہ رکھنے کی خوشی کے قاعدے کو جو پادشاہان اور صاحب اقبال اولاد کے لئے پابند ذریعہ اور اچھا طریقہ ہو سکتا ہے۔ اختیار کر کے ممالک کو عدل اور انصاف سے پر اور رعایا اور لشکر کو سخاوت اور رعایت سے مطیع اور خوش رکھا۔ اور یہ نصیحت کتاب لکھنے کے وقت زبان حال نے لکھوائی ہے (از مصنف)

تیرے آباء نے ظلم سے انکار کیا۔ تیرے دادوں نے جہان کی زمینوں
کو روندا یا تابع کیا۔ اب کہ انہوں نے اپنی جگہ تجھے دے دی۔
چاہئے کہ تو ایسا بنے جیسے وہ تھے۔

واقعۂ بغداد

بغداد کا حال

احوال روزگار کے دفتروں کا مطالعہ کرنے والے اور اخبار کی کتابوں کے مضامین جاننے والے اچھوتے مضامین کا انکشاف کرنے والے اور برسوں اور مہینوں کی گردشوں کو دیکھنے والے۔ اللہ تعالیٰ اپنی وسیع رحمت سے ان کا متولی ہو۔ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ مدینۃ السلام (بغداد) خلفاء بنی عباس کے عہد سلطنت میں فلک کے خوف اور شدت سے ہمیشہ امن و امان کی پناہ میں رہا۔ اور جہان کے تمام بادشاہوں کے لئے قابل رشک تھا۔ اس کے مکانات اور محلات بلند آسمان کے ساتھ ہمراز۔ اور اس کے اطراف و اکناف، روضۂ رضوان کے ساتھ پاکیزگی اور تازگی میں شریک۔ اس کی فضا میں امن اور سلامتی کا پرندہ پرواز میں۔ اور الوانِ نعمت، راحتوں۔ نزاکت کی چیزوں کی اقسام اور بے تعداد ناز و نعمت کی چیزوں سے عقل حیرانی کے ساتھ دمساز تھی۔ ـــ

دجلہ کا کنارہ سیم تن حسینوں سے خلخ۔ اور درمیانی چوک ماہ رُخ معشوقوں سے
کشمیر بنے ہوئے تھے۔ (خلخ ترکستان کا حسن خیز شہر ہے۔ کشمیر ایک ولایت کا نام ہے)

مدرسے اور مکانات خاص بڑے بڑے علمائے بھرے رہتے تھے اور اُن ایام میں فتنہ کے ہاتھ بندھے اور پاؤں ٹوٹے ہوئے ہوتے تھے۔ اور نہیں تھا وقت بھاگنے کا۔ متفرق حرفتوں اور صنعتوں کے مالک کمال چستی کے ساتھ آگ کی چنگاریوں کا بہتے ہوئے پانی پر نقش باندھتے تھے اور صورت آرائی کی غیرت اور رشک سے آذری قلم (آذر نام بت فراش) کاغذ کے اوپر شرمندگی سے ٹوٹ جاتا تھا۔

درحقیقت اس کے دریائے فرات کا پانی ماءِ معین (بہشتی نہر) کے دل میں خون کی موجیں لگاتا۔ اور ذلت کی سلائی آب حیوان کے رخسارہ پر لگاتا تھا۔ اُس کے باغ فصل بہار میں پھولوں اور کلیوں سے بہشت عدن کے باغ تھے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں،، باغوں میں انگور کی بیلیں عاشق کی طرح بلند اور اونچے کھجوروں کے معشوقوں کی گردن میں ہاتھ ڈالے ہوئے۔ ترنج کی تخصیب پر انگور کے خم در خم زلف چھوٹے ہوئے انار نارنجی کے ساتھ غزل گوئی میں۔ بچ جنہیں نے ہمارے نارنج کو چنا آگ کو چنا مشغول با وہم میٹھی زبان سے عاشقوں کو دلدار کی آنکھوں اور لبوں سے خبر دیتا۔ اس کا میدان فردوس کے میدان سے جڑا ہوا اور ملا ہوا۔ اور دیہات اور مضافات کے اموال کا حاصل ایک سال میں تین ہزار تومان سے زیادہ آتا تھا۔

۶۹۶ھ میں کہ اس حکایت کا راوی (مصنف کتاب) اس عنبر نکہت زمین میں پہونچا تو عمارات۔ مکانات اور محلات کی کثرت اور دیہات اور شہر کی زینت اور ترتیب اگرچہ موجودہ وقت میں گذشتہ زمانے کا عشر عشیر (۱/۱۰۰ حصہ) بھی نہیں تھی تاہم بہ نسبت دیگر مشہور شہروں اور سلطنت کے بیشتر ملکوں کے سرسبزی اور راحت سے فردوس عدن اور لذات اور انس کا بے نظیر مجموعہ نظر آتا تھا۔ خلیفہ المستعصم باللہ ابو احمد عبداللہ بن المستنصر خلفاء بنی عباس کے زمرہ میں سے مزید تن آسانی۔ نعمتوں اور رفاہیت کی امداد۔ اور اموال، نفیس ذخیروں اور عمدہ قیمتی موتیوں اور جواہر کی کثرت کے ساتھ ممتاز، اور شوکت، عظمت، پندار اور تکبر سے مشہور اور مذکور تھا۔ کنگرے، بالاخانے، اور محلات دارالخلافہ کے۔ زحل کے ساتھ مقابلہ اور سماکین (سماک اعزل اور سماک رامح دو ستارے ہیں) سے نبرد آزمائی کرتے تھے۔ اور نہایت آراستگی کے ساتھ سنہری پوشاک اور جڑاؤ دار زیورات کے ساتھ اونچے تخت اور صف کشیدہ تکیے معلوم ہوتے ہیں جو خورنق (قصر نعمانی بن منذر در حیرہ) اور سدیر (مسند نعمان) کے لئے خجالت کو پیش کرتے ہیں۔ ہزار خوش خادم دربار کی ملازمت میں مشغول رہتے تھے۔ باوجودیکہ حرم کی چوکھٹ کی محرم رازی، دارالخلافہ کی حرمت اور عزت کی وجہ سے۔ نہ رکھتے تھے۔ اور کسی فرد کو شاہان جہان اور زمانے کے رؤسا، دیہات اور مضافات کے اشرافت اور زمانے کے اعیان میں سے امیرالمومنین کے دربار میں باریابی حاصل نہیں ہوسکتی تھی۔ بلکہ عزت اور بلندیوں کے قبوں کے سامنے شاہراہ پر ایک پتھر بمنزلہ حجراسود کے پڑا رہتا تھا اور ایک تھان سیاہ اطلس کا کھڑکی سے آستین کی مانند چھوٹا رہتا تھا۔ اطراف کے سلاطین اور بادشاہوں میں سے جو بھی سعادت کے محراب والی بارگاہ اور خلافت کے بلند آستانہ سے شرف حاصل کرنا چاہتا اس آستین (اطلس سیاہ کے تھان) کی حرم معظم (بیت اللہ شریف جو مکہ شریف میں ایک مسجد ہے) کی کسوت (غلاف) کے دامن کی طرح۔ زیارت کرتا۔ اور اس پتھر کو مانند معشوق کے گوشۂ چشم کے بوسہ دیکر واپس چلا جاتا۔

ایک عالم کی کہانی اتابک سعید مظفر الدین۔ اللہ تعالیٰ اس کی برہان کو روشن کرے۔ کے عہد میں مولینا قاضی القضاۃ المعظم مجد الدین بن اسماعیل فالی کو پیغام رسانی کی مد کے لئے جناب امام اور خلیفہ کی بارگاہ میں بھیجا گیا۔ جب اونچی منزل اور بلند دربار کے سامنے ہوا تو خدام نے پتھر کے چومنے اور عاجزی کرنے کے لئے اصرار کیا۔

زہد و تقویٰ کے کمال کی وجہ سے ایک پتھر کے سامنے جھکنا اور بوسہ کی شرائط کا نگاہ رکھنا نہایت مکروہ تھا۔ قرآن شریف اس کے پاس تھا اُس کو پتھر پر رکھ کر بوسہ کی رسم کو پورا کیا۔

شاہی سواری عید کی تقریب پر | عادت اور رسم اس طرح تھی کہ عیدوں کی تقریب میں خلیفۂ وقت سواری کا ارادہ کرتا تو ایسے گھوڑے پر جو براق صورت اور برق رفتار اور جس کی گردن سنہری طوق اور گردن بند سے مزین اور مطوق کی جاتی تھی اور ساز و زیورات میں مرصع اور ڈوبا ہوا ہوتا تھا۔ سوار ہوتے۔ اور ایک طیلسان (بڑا اور سیاہ رومال جو خطیب اور قاضی کندھوں پر ڈالتے ہیں) جو سیاہ رات کی طرح ہوتا تھا دربار کے روز چھوٹا رہتا (یا تو سابق کی طرح اس کے یہ معنے ہیں کہ لوگوں کے زیارت کے لئے ایک طیلسان چھوٹا رہتا یا اس کا مطلب یہ ہے کہ جب وہ باہر جاتے تو دربار تاریک اور بے رونق ہوجاتی اور اس کا دن رات سے بدل جاتا)۔ ایسے سرداروں۔ بڑے بڑے مشائخ زمان اور سپہر خلافت کے ستاروں کے گروہ کی معیت اور ہمراہی میں۔ جن کی زینت اور تجمل میں پیر فلک ستاروں کی دوربین نگاہ سے غور کرتا اور رضوان (داروغۂ جنت) حوروں کی خوشبو کے لئے اس گروہ کی سواریوں کے غبار سے غالیہ (خوشبو کی قسم) بطور قرض حاصل کرتا۔ ــہ (از مؤلف)

قضا نے اس کے گھوڑے کی سُم کی خاک سے بنایا۔ بہشتی حسینوں کی آنکھ کے لئے سرمہ۔

لوگوں کا شوق دیدار | معتبر لوگوں سے روایت کی گئی ہے کہ عام اور خاص لوگ کھڑکیاں (پنجرے)۔ بالاخانے اور مکانات جو اس گروہ کی گذرگاہ پر ہوتے تھے بطور کرایہ لیتے سیر اور نظارہ حاصل کرنے کے لئے۔ ایک دفعہ جانچ اور پڑتال کی گئی اور کرایہ کی آمدنی سے بغیر کسی جبر اور سختی کے تین ہزار دینار اونچے درجے کے تحریر میں آئے۔ ــہ (از مؤلف)

کیا سیر کرتا ہے اے وہ شخص کہ تیرا اپنا کام خود نظارہ ہے۔ جہان میں نہیں ہے سیر مگر دھوکہ اور فریب دینے والی ناخوشی۔

مقربان خلیفہ | المختصر خلیفہ مستعصم باللہ کی حشمت، بزرگی اور ہیبت اور عزت کا کمال اس سے بڑھ چڑھ کر تھا۔ کہ پورا اور مکمل بیان کرنے کی صورت میں اس کی شرح کی جاسکے۔ ان کے عہد میں ساٹھ ہزار سوار خوراک اور تنخواہ عزت والے دیوان

لا کیسے کہا؟ قیمتی

جھروکے

مقامات کی قیمت ... کے راستہ پر ... کے بالا ... سیر و تفریح ... لیتے تھے از فرہنگ ... [illegible]

اور کچہری سے بطور وظیفہ اور روزینہ پاتے تھے اور لشکر کا کماندار اور بہادر پہلوان سلیمان شاہ تھا جو اثیر الدین (شاعر) اُدمانی (ہمدان میں ایک گاؤں کا نام اُدمان ہے) کا ممدوح ہے اور پبلک کے تمام امور کا دارومدار دو مُہرداران صغیر و کبیر اور شرابی پر تھا۔ اور وزارت کے منصب کی باگ وزیر مؤید الدین محمد بن عبد الملک العلقمی کے سپرد تھی اور وہ (وزیر) بڑا فاضل تھا۔ نظم اور نثر کے دونوں کناروں کو نظم کرنے والا اور منقول اور معقول کے دونوں جھنڈوں کے گاڑنے والا تھا فطری سخاوت اور طبعی خوشحالی رکھتا تھا۔

مستعصم کی عیاشی مستعصم بدعت، راحت اور لہو و لعب کی باتوں سے لطف اُٹھانے کا۔ جو پادشاہوں کے مذاہب میں عین بدعت اور گمراہی ہے چہ جائیکہ خلیفہ اور امام بن الامام ہو جس کی تابعداری اور اطاعت فرض ہے تمام لوگوں پر۔ عادی تھا۔ اور ابن العلقمی احوال سلطنت میں۔ یعنے اوراد کرنے اور در آمد و بر آمد میں مستقل خود مختار اور رہنما تھا۔ لیکن خلافت کے دربار کے مقربان وزیر کی عزت اور احترام کو ملحوظ نہیں رکھتے تھے اور ادب کے قانون کے مطابق اس سے باتیں اور گفتگو نہیں کرتے تھے۔ اس لئے وہ (وزیر) پریشان اور آزردہ رہتا تھا۔

ابن العلقمی کی تبدیلی آخر الامر اس کے اعتقاد کا کھرا پن خلیفہ وقت کے ساتھ بدل گیا۔ اور زبردست وجہ اس کی نیت کی تبدیلی اور اخلاص کے گھاٹ کے میلا اور گدلا ہونے کی یہ تھی کہ خلیفہ کے بیٹے امیر ابو بکر نے اہل سنت کی امداد اور حمایت کی وجہ سے لشکر کا ایک دستہ بھیج کر کرخ کو تباہ کر دیا۔ بنی ہاشم کے بعض سرداروں کو قید کر دیا اور لڑکوں اور لڑکیوں کو رسوائی اور ذلت سے گھروں سے نکال باہر کیا۔ وزیر مذہب شیعہ کی اشاعت میں ساعی اور کوشاں تھا۔ اس حرکت سے متاثر اور رنجیدہ ہوا اور ایک خط بطور اظہار راز ہائے اندرونی کے سید تاج الدین محمد بن نصر الحسینی کی خدمت میں۔ جو اکابر سرداران زمانہ میں سے تھے۔ بھیجا۔ ان حادثات کے تیروں سے جو آسمان کی کمان سے گزرے اور ان وجوہات سے جو مذکور ہوئیں وزیر (ابن العلقمی) فراز و نشیب اور حیلہ و فریب کے گرد آیا تاکہ کسی طرح خلیفہ وقت اور اس کے اتباع کو ہلاکت کی شربت گھونٹ گھونٹ پلائے اور بغداد کی سلطنت چھین کر اُن کو انتقام اور بدلہ لینے کی تلوار سے سرزنش کرے۔

ہلاکوں کی اسماعیلیوں پر فتح اس اثناء میں پادشاہ ملک گیر ہلاکو خان ۶۵۴ھ میں

[Handwritten margin note:] حصہ پہلے لفظ "بدعت" یعنی "ب" بمعنے "بدعت" "یا" یعنی "ہے" اور لفظ "رفقت" بمعنے راحت دتق آ آتا ہے یعنی مستعصم آسانی و راحت اور لہو و لعب سے لطف اندوز ہونے کا عادی تھا۔ مترجم نے دونوں (بدعت) کو یکجا ... تائید میں ... شائق

ملحدوں (فرقہ اسمٰعیلیہ) - اللہ تعالیٰ اُن پر الگ الگ لعنت کرے - کے علاقہ کی فتح سے فارغ ہوا اور اُن کے منازل کی ویرانی اور قلعوں کا استیصال اور بیخ کنی۔ خصوصاً قلعہ الموت ”اور موت اس کے کنگروں پر سے جھانک رہی ہے“ توپوں اور فلاخنوں سے ”اور کر دیا اس نے اس کو ٹکڑے ٹکڑے اور ریزے ریزے“ حاصل ہوگئی اور صباحی ایک سو ستر سالہ سلطنت کا دن - اُس صبح کے وقت جب کہ دشمن کو پامال کرنے والے شاہی لشکر نے سورج کی مانند تلوار نکالی - زوال کو پہنچا - تو ایلچیوں کو اس نامدار فتح کی شہرت کی بشارت دینے والے فرمان کے ساتھ مشرق اور مغرب کے اطراف میں، یگانوں اور بیگانوں کے پاس روانہ فرمایا اور تمام لوگوں کے کانوں کو اس بشارت کے سننے اور اس حکم سے فائدہ اور لطف حاصل کرنے سے مشرف اور گوشوارہ دار بنایا - اور اس گمراہ اور گمراہ کرنے والی قوم اور ناپاک اور بے باک طائفہ کی بیخ کنی سے - جو طائفہ کہ ائمۂ اسلام کے ساتھ فخر کا دم مارتا تھا - بڑا احسان اور بڑی عنایت دنیائے جہان کے باشندوں پر ثابت کی مسلمانوں نے جو ممالک و اطراف میں اس فرقہ کے خنجر زنوں کے خوف سے اپنی عورتوں کی مانند پردوں میں چھپے رہتے تھے آرام کے ہاتھوں سے نیند اور خواب کے بستر بچھائے اور فراغت اور فراخی عیش کے تکیوں میں مقیم ہونے کی پیٹھ پھیر دی (یعنی فراغت اور عیش کے تکیے لگا دیئے)

مولانا نصیر الدین طوسی | مولانائے اعظم علماء اولین اور آخرین کا شارح نصیر الملت والدین طوسی - جو اللہ کا عارف، اللہ کا عالم، اللہ کی طرف دعوت دینے والا ہے اللہ تعالیٰ اس کی روح کو فردوس کے مکانات میں جگہ دے اور اس کو کمال خوشی کے ساتھ قدس کی روشنیوں سے مقام اُنس میں خاص کرے“ مدت دراز تک قہستان میں مقید تھا - جیسا کہ ناصری مخلوق کی سی خوشبو والے اخلاق (اخلاق ناصری کتاب) کے دیباچہ کے شروع میں - وہ کتاب حقیقت میں اخلاق نصیری ہے (یعنی نصیر الدین طوسی کی تالیف ہے) - اور ترجمہ کتاب الطہارۃ میں - جو استاد فاضل اور حکیم کامل ابو علی مسکویہ الخازن الرازی ”اللہ تعالیٰ اس کو اپنی مغفرۃ اور پناہ میں ڈھانپ لے“ کی تصنیف ہے - اس کی طرف اشارہ کیا اور کہا یہ قید کا باعث یہ تھا کہ علامہ طوسی نے ایک قصیدہ اپنی تصنیفات میں سے مستعصم باللہ کی خدمت میں بھیجا - ابن علقمی نے اس کی پشت پر ناصر الدین محتشم کی مجلس میں اظہار کیا کہ ”یہ مولانا

خبط لفظ قدرتی نقی“ مخبری

نصیر الدین نے اپنی خط و کتابت اور تحریرات دیوان عزیز کے ساتھ، اللہ تعالیٰ اس کو بزرگ کرے شروع کر دی ہے - اس کے انجام بد اور تکلیفات سے اُسے اندیشہ کرنا چاہئے" ناصر الدین متغیر ہوگیا اور اس کے بعد - جو کہ ایسے علامہ روزگار اور حکیم بزرگوار کو بزرگی، تعظیم، عزت اور بڑائی کی نظر سے دیکھتا تھا - اُن کو قید اور نظر بند کر دیا - اس وقت کہ جہان بدل گیا اور دشمنان دین ہلاک ہو گئے خلاصی اور رہائی پائی - اور کامیاب ایلخان کے حضور میں پہنچ کر مہربانی اور عنایت کے انواع و اقسام سے بہرہ یاب اور مختلف انعامات اور صلات سے مخصوص ہوا - اور حکم نافذ ہوا کہ شاہی لشکر میں شامل ہو جائے (یا لشکر کے ساتھ ہمیشہ رہے) - ایلخان مصالح ملکی کے سوانح اور مہمات سلطنت کے پیش آنے کے متعلق جس قسم کے سوالات کرتے، مولانا نصیر الدین اس کا جواب قانون حکومت اور تقاضائے مصلحت کے مطابق لائق شان اور عمدہ طور پر سمجھانے کی شکل میں بموجب ؎ لوگوں سے اُن کی عقلوں کے مطابق کلام کرو کے دیا کرتے - حتیٰ کہ دربار ایلخانی کی خدمت میں پوری وقعت اور بلند مقام حاصل کیا - ایلخان نے فرمایا کہ مقام قہستان سے خیمے اور سائبان کوچ کے ارادہ سے اُکھیڑلیں اور وہاں سے پختہ ارادہ اور ہوشیاری کے ساتھ خوش دل اور شاد روح ہو کر کشادہ روئی اور فراخدلی سے روانہ ہوا - اقبال کی سبزی اس کے دربار میں پاتا اور رخسار کی تازگی کی نصرت اس کی تلوار کے سبزہ زار میں مشاہدہ کرتا تھا حملہ - ہیبت - نفاذ حکم اور طاقت ایک سے ہزار گنا بڑھ گئی - اور دنیا کے بادشاہ اور سلطان اس کی سیاست کے رعب سے اپنی عمر کی شاخ پر بید کے پتوں کی طرح تیز اور سخت باد خزاں سے لرزاں تھے -

اگر قیصر، روم کے اندر تیرے غصے کی ہیبت ملاحظہ کرے - اور اگر خاقان چین میں تیرے نام کی شہرت سن پائے - تو ایک (قیصر روم) خنجر اور نیزے کی بجائے تیرے غصے کو اختیار کرے گا - اور دوسرا (خاقان) بجائے مہر اور دستخط کے تیرے نام کو قبول کرے گا -

ابن علقمی کی ہلاکو خاں سے رسائی ابن علقمی نے مخفی طور پر بے وفائی کی راہ سے فلک شکوہ بارگاہ (ایلخان ہلاکو خاں) میں ایلچی بھیجی اور ایلخان کے دل میں مملکت بغداد کی زینت، عبودیت کے اخلاص، اطاعت کے ظاہر کرنے اور خلیفہ زمان کی صورت کی برائی بیان کرنے کے بعد اظہار کیا ؎ کہ اگر بادشاہ اس علاقہ (مملکت بغداد) کی طرف ارادہ کی باگ پھیر دے تو بغیر اس کے کہ لشکر کی جائے قیام کی ترتیب اور صفوف کی آراستگی، اور بہادری کی ضرورت اور حاجت ہو چہ جائیکہ نیزہ زنی اور شمشیر زنی کی تکلیف تک نوبت پہنچے خلیفہ وقت مملکت بغداد حوالے کر دیگا -

اور اس بات کو معقول دلائل کے ساتھ پختہ اور محکم کر دیا۔

ہلاکو خاں کی نظر میں بغداد کا استحکام

ہولاکو خاں نے صرف اس پیغام پر اختیار نہ کیا اور نیز بغداد کی مضبوطی اور محکمی، اس کے لشکر کی کثرت اور اسلحہ اور سامان جنگ کی بہتات، ساتوں اقالیم میں کمال شہرت رکھتی تھی اور مکانات اور گلی کوچوں کا اتصال اور قربت اور محلات اور کھڑکیوں کی تنگیاں۔ ایسے ان گنت لشکر ایلخاں کے گذر اور جوار سے جس کے خدام اور گھوڑوں کے روندنے اور لشکر اور اونٹوں کی بھیڑ سے گیتی کے میدانوں کی وسعت تنگ نظر آتی تھی۔ استحکام اور روکاوٹ ظاہر کرتی تھیں۔ نیز پادشاہ جہان خاتم آخر الزمان اوکتائی قاآن نے ابتدائے جلوس میں دو دفعہ جورماغون کو شیطان اور دیووں جیسے مغلوں کے نڈر اور خونریز لشکر کے ساتھ خلیفہ الناصر الدین اللہ کے عہد میں بھیجا تھا (مستنصر نے) مخالفت اور لڑائی کے لئے مقابل ہوا اور جورماغون شکست کھا کر بھاگ گیا۔ اور واپس وطن چلا گیا۔) یہ خبریں ہلاکو خاں کے کانوں کی گہرائی میں جائے گیر اور ذہن کی تختیوں پر کندہ اور نقش ہو گئی تھیں۔

ابن علقمی کا عہد

پادشاہ نے ابن العلقمی کے قاصد کی خوب پرداخت کی اور اعتماد کی رسیوں کی مضبوطی اور موافقت کی بنیادوں کی پختگی کے بارہ میں مزید یقین طلب کیا تو وہ متواتر اور لگاتار، ایلچیوں اور معتبر لوگوں کے ذریعہ حضرت ایلخاں کی امداد اور خاطر اشرف کے اطمینان کو ثابت کرنے والے خطوط اور دلائل بھیجتا اور پیغام دیتا رہا کہ "میں (ابن العلقمی) لشکریوں کی جاگیروں کو اپنے وفا اور حسن عہد کی رسیوں کی طرح کاٹ ڈالوں گا۔ اور خلیفہ کے ساتھ طریق بغاوت اختیار کروں گا۔ چاہیئے، کہ بغیر سستی اور دیر کے ہما پیکر اور نصرت اثر جھنڈے دشمنوں کے دل کی طرح۔ اس طرف (مملکت بغداد) کے ارادہ سے جنبش اور حرکت کریں۔"

ہلاکو خاں کا طوسی سے مشورہ

ہلاکو خاں نے اس ارادہ کی پختگی اور اس سلطنت کے ملانے اور اضافہ کی خواہش کے بارے میں مولانا نصیر الدین کی رائے سے انکشاف اور احکام علم نجوم کی رو سے مشورہ حاصل کرنا چاہا۔ اس نے ستاروں کی جنتری، طالع کی سیر، نظر کی تحقیق اور سعود کے اتصالات کے مطالعہ کے بعد عرض کیا کہ "اس علاقہ کی فتح کسی مزید تکلیف کے برداشت کئے بغیر منصور لشکر کے ہاتھ پر میسر اور خلافت اور امامت کی مدت ختم ہو گی۔ اگر قضا و قدر کی صورت ان احکام کے موافق ہوئی تو پادشاہ کے برکات کا وہاں اثر ہو سکیگا۔"

(دوسرا نسخہ میں) (بغداد میں) ایک لاکھ جو بیس ہزار [illegible] [illegible] [illegible] اُردو ترجمہ [illegible] گیا

قضا و قدر کی شرط کی وجہ پاک ہے، منزہ ہے، دانا ہے "جانتا ہے آنکھوں کی چوری اور سینے کے مخفی رازوں کو" کیونکہ اس کے قدیم ملک کی سرائے میں اگر بصیرت والے علما ہیں تو باوجود فضیلت "اس نے پیدا کیا انسان کو اور سکھائی اس کو قوت بیانی" کے۔ استفسار اور استفتاء کے وقت جواب کے صفحے کے رخسارے پر واللہ اعلم بالصواب (بہتر اور صواب چیزوں کو اللہ تعالیٰ زیادہ جانتا ہے) کی خوشبو لگا دیتے ہیں۔ اور اگر عیسےٰ علیہ السلام کے معجزے والے طبیب ہیں جو کہ اجسام اور ارواح کی سلطنت کے مالک ہیں معالجات کے اثنا اور نسخے یا صفت دوا کے بیان کرنے کے بعد الشافی ھو (شفا دینے والا وہی ہے) کی شربت گلاب کو نعمت صحت کا باعث سمجھتے ہیں۔ اور اگر علم نجوم کے ماہر ہیں جو کہ میدان افلاک کے سیاح اور کرۂ خاک کے ممالک کے ہندسہ دان ہیں۔ تأمل کی سلائی سے اپنے احکام کے تختہ پر سوائے نقش والعلم عند اللہ الخ (اللہ کے پاس ہے علم اور اسی کے پاس ہیں غیب کی کنجیاں جن کو سوائے اس کے کوئی نہیں جانتا) کے حساب میں نہیں لاتے۔

ہلاکو خاں کی بغداد پر چڑھائی ہلاکو خاں نے مضبوط دل اور فراخ ضمیر سے لشکر کے حرکت کرنے اور کوچ کی تیاری کا حکم دیا۔ ہمدان سے خلیفہ کی خدمت میں ایلچی بھیجا۔ اور ان چہار میں سے ایک کی حاضری کے لئے استدعا کی۔ دویدار کوچک، شرابی، وزیر یا سلیمان شاہ۔ بارگاہ خلافت کے ارکان نے محی الدین بن جوزی کو بھیج دیا ایلخان سخت ناراض ہوا۔ سوغونجاق کو اربیل کے راستہ لشکر کے ساتھ روانہ کیا۔ کہ دجلہ کو عبور کر کے تاتجو کے ساتھ مل کر مغرب کی طرف سے بغداد کا قصد کرے۔ اور انکے پیچھے جھنڈا شاہی حرکت میں آیا۔

ابن العلقمی کی حیلہ گری اُدھر سے ابن العلقمی (وزیر) کو معلوم ہوا کہ مکر کے تیر مقصود کے نشانہ پر بیٹھ گئے ہیں تو دغا اور گمراہی کے شیطان کی فتنہ انگیزی کی رسیاں دراز کر کے کینے کی صندوق کا منہ کھول دیا پادشاہ (خلیفہ) کی خدمت میں عرض کیا کہ "آج کل اللہ تعالیٰ کے فضل اور احسان سے اطراف کے پادشاہ اور سلاطین کا گروہ کثیر امیرالمومنین کے اخلاص اور اطاعت کا داغ صدق اور یقین کے ماتھے پر روشن رکھتے ہیں۔ دیوان عزیز، اللہ تعالیٰ اس کو عزت کے ساتھ رکھے۔ کے جیش کی کثرت، مال کی فراخی، اور عمارت اور حکم کے نفاذ و اجرا کا آوازہ دائیں اور بائیں جانب سے۔ شمال اور پورب کی ہوا کے قاصد یا ڈاک پر صبح و شام سبقت حاصل کر گیا ہے۔ اس قدر

مال کا ہر سال لشکر کی تنخواہوں، جاگیروں کے ٹکڑوں اور سپاہیوں کے وظیفوں کی وجہ اور سبب سے خرچ کرنا، رائے محکم اور فکر دور بین کے تقاضا سے دور معلوم ہوتا ہے ۔ اگر امیر المومنین اجازت دیں تو لشکر کے سرداروں میں سے ہر ایک کو الگ طرفوں کے لئے مقرر کرکے کسی کام کے ساتھ منسوب کیا جائے (یعنی کوئی شغل اور کوئی کام اُن کے سپرد کیا جائے) تاکہ خزانہ کے اس مال کی بچت ہو جائے"۔

خلیفہ کا مکر میں پھنس جانا خلیفہ نے اس مشورہ کی مصلحت کو ۔ جو کہ جہان کے لئے مکمل شورش اور خلاف راستی و خلاف صداقت تھا ۔ مکلد وزیر کی رائے کے ساتھ متعلق کر دیا ۔ شعر۔

افسوس ہے اس پر جس کی غمخوارگی غم کرے ۔ اور خود خوش آوازوں کے سننے، موتیوں جیسی کنیزوں کے ساتھ جمع ہونے، خوبصورت بے ریش لڑکوں کے دیدار کرنے اور اقسام لہو کے ساتھ لذت حاصل کرنے میں مشغول ہو گیا ۔ سفید رنگ کی دوشیزہ عورتوں کے دانت چوسنے کی وجہ سے حدود ملک اور تلواروں کے ضبط میں توجہ نہ کی اور قول راست کے قبول کرنے میں مخالف کی پردہ سازی سے اعراض کر لیا ۔ بوجہ رائے کی کمزوری کے عاقبت اندیشی کی برکت نے اس کے روزگار سے کنارہ کر لیا اور بوڑھے آسمان نے پوشیدہ اور برانگیخت اپنے کام کے انجام میں کس کے لئے نہ کیا؟ (یعنی اس کا کام ہی یہی ہے) ؎

تیری ہمت کا "یوسف" وجود کے "مصر" کا عزیز ہے ۔ تو اُسے "زلیخا" کی
تہمت سے محفوظ رکھ ۔

لشکر کی تفریق ابن علقمی نے کلمۂ اتحاد کے تفریق کرنے، اُمرا کی جماعت کے پراگندہ کرنے اور لشکر کے متنفر کرنے میں بہت کوشش کی ۔ تھوڑے عرصہ میں اکثر لشکر اور افراد میں "قوم سبا" کی نعمتوں کی علیحدگی ظاہر ہو گئی ۔

ایک تمثیل اور معلوم رہے کہ بکھری ہوئی چیزوں کا پرونا اور متفرقات کو جمع کرنا تو صعوبت اور دشواری کی گرہ رکھتا ہے لیکن منتظم چیزوں کا بکھیرنا اور جمع کی ہوئی چیزوں میں تفریق کرنے کے لئے زیادہ کوشش کی ضرورت نہیں پڑتی ۔ مثلاً ایک شکاری کہ شکار کی راہ میں ہر حیلے سے جو طبیعت میں رکھتا ہے ۔ دانہ بکھیرتا ہے ۔ جال پھیلاتا ہے اور خود تاک لگانے کی جگہ بیٹھتا ہے تاکہ پرندے جال کے ادھر ادھر جمع ہو جائیں اور آرام پائیں ۔ پھر صرف اس بات سے کہ ایک کوا پر پھیلاتا ہے یا بے وقت آواز دیتا ہے ۔ دفعتاً دامگاہ سے اُڑ جاتے ہیں اور تمام کوششیں رائگاں اور ندامت اور پریشانی عام ہو جاتی ہے ۔

ہلاکوں خاں کی روانگی ہلاکوں خاں نے مقررہ میعاد اور معین انتظار کے موقعہ پر مسعود سلطے

اور بخت کی خوشخبری سے اپنے مرکز سے جنبش کی اور ایک لشکر اطراف ممالک سے فلک ایسی رکاب کی غلامی میں دریا کی طرح جوش مارتا اور ہلینگ کی طرح شور مچاتا ہوا روانہ ہوا۔ لشکر ایلخانی کے ارادہ کی آواز۔ جو کہ آسمانی عذاب اور مصیبت کی علامت تھی۔ بغداد میں پہونچ گئی ۔

پروردہ لوگوں کی نصائح مع مثالوں کے

وارث خلافت (خلیفہ) کے دربار کے مقربوں نے جو کہ ہاتھ کے لگائے ہوئے پودے اور مہربانی کے کسان کی کھیتی تھے مانند دواتی اور شرابی کے جناب امام کو اس غفلت سستی، کسل پن اور غیر ہوشیاری پر ملامت کی اور مبالغہ کے ساتھ بیان کیا۔ کہ جہان میں تاتاریوں کے لشکر کی سطوت اور غلبہ کی قوت منتشر اور پراگندہ ہے۔ اور بوڑھے اور جوانوں کے کانوں کے سوراخ اُن کے جہانگیری دبدبہ سے پُر آوازہ ہیں۔ اب انہوں نے اس علاقہ کے فتح کرنے کا ارادہ کیا ہوا ہے۔ اگر یہ خبر، تحقیق اور یہ گمان، یقین تک پہنچ جائے تو سوائے کثیر لشکر اور پوری تیاری کے مقابلہ کرنا طاقت کے نظام میں نہ ہوگا اور جب پانی سر سے گذر جائیگا پھر حیرت کے گرداب میں ہاتھ پاؤں مارنا سلامتی کے لئے مفید نہ ہوگا۔ اور دانا پرندہ جو ہوائی فضا سے پنجرے کے قید خانہ میں جا پڑتا ہے، جس قدر گشایش کے شگاف کی آرزو میں پنجرہ پر زیادہ سر ماریگا اور ہر لحظہ رویگا۔ اس کا رنج اور ابتلا بڑھ جائیگا۔ لہذا: مصلحت کے زیادہ نزدیک یہ بات ہے کہ امور مہمہ کی رعایت میں بے پروائی روا نہ رکھی جائے اور اپنے کام کے اطراف کو واقع اور موجود ہونے سے قبل اکٹھا کر لیا جائے۔ کیونکہ سلطنت کا قیام، دولت کا نظام، امن کا شمول، حال کی طراوت اور رعیت کی فارغ البالی اور خوشحالی۔ بغیر تیز تلوار، درست اندیشہ، صحیح رائے، پوری احتیاط اور کامل کوشش کے ممکن نہیں ہو سکتی۔ اور عاقل جس کی توفیق مددگار ہو، اور ہوشمند دانا جب قداحہ اور مقتدحہ (چقماق کی اوپر اور نیچے والی دو لکڑیاں یا پتھر) کی رگڑ اس کے کانوں کے سوراخ میں جائے گیر ہوتی ہے تو وہ بلند آگ کے پیدا ہونے کی فکر کرتا ہے۔ اور جب دور سے سراب کی صورت کو مشاہدہ کرتا ہے تو گہرے دریا کی چوڑائی اور گہرائی کو ایسی موجود کی صورت خیال کے سامنے لے آتا ہے۔ اور نادان بیوقوف اور بے کار سست جبتک آگ کے شعلوں کی لپٹ اس تک نہ پہنچے رہائی اور خلاص کے لئے کوئی چارہ نہیں تلاش کرتا۔ اور جب تک گہرے سمندر میں مینڈکوں کی طرح غوطے نہ کھائے گھاٹ اور ساحل کی آرزو اس کے دل پر نہیں گذرتی ۔ ان کے ہجوم اور حملہ سے پہلے مدافعت کے اسباب مہیا کرنے، پراگندہ لوگوں کے جمع کرنے اور عساکر کو اکٹھا کرنے کا۔ نواح اور مضافات

سے حکم دینا چاہیئے۔ اور وزیر کے قول پر بہت اعتماد نہ کیا جائے۔ بلکہ یقین جانئے کہ اس (وزیر) کا مقصد اجتماع کی پراگندگی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے تفرق کو کبھی نہ جمع کرے۔ خاص مشورت اور مقرر کی ہوئی صلاح ہے۔ اور راؤں کا اختلاف عدم نظام کو پیدا کرتا ہے۔ اپنے دل میں رکھے ہوئے ہے۔ اور اس سخت مصیبت اور سیاہ واقعہ کا انتظار کئے بیٹھا ہے "یہ پھیر دے اللہ تعالیٰ اُس (وزیر) کی طرف اُن (مصائب) کے مکر کو"۔ (انتہی)

نصیحت کا بے اثر ہونا جس قدر ناصحانِ مشفق نے ڈر اور خوف کی آگ کی تیزی سے ان دراز تر نصیحتوں کی مشورت، آل عمران کے درس سے، اس پر پڑھی۔ اور "لگائے ہم پر قل بُل گئی" کے شک کا ازالہ کر دیا اور آیت "نہ ڈالو اپنے ہاتھوں سے (اپنے آپ کو) ہلاکت میں" پھر پڑھی۔ مگر ازلی حکم کی ابتدا تقدیر کے ہتھوڑوں سے پست اندیشہ کی پُشت کو توڑ رہی تھی اور خلیفہ کی آنکھوں کو اپنے دوستوں کے مذاکرہ کے مضمون میں تامل کرنے سے اندھا کر دیا۔ خلیفہ نے غرور اور غفلت کے خواب میں آرام طلبی اور سرور کے بستر پر پہلو ڈالے اور کانوں کو نصیحت سے بہرہ بنائے ہوئے وزیر (ابن العلقمی) کے ساتھ مشورہ طلبی کا قرعہ ڈالنا اور اس کے بد انجام فریب کے دم کو جان سے خریدنا اختیار کر لیا۔

مثال ہے کہ پاسبان کا خواب۔ چور کا بیدار بخت ہوتا ہے خصوصاً جب چاند کی روشنی امداد کرے۔ اور طبیب کی لغزش اور سہو بیمار کے لئے دوسرا مرض بن جاتا ہے۔ تو کیونکر ہو گی یہ حالت شب ہجران میں۔ حیرت ہے کہ جب پردہ تقدیر سے کوئی مصیبت مظہر وجود میں آنا چاہتی ہے تو اس کے اسباب لامحالہ۔ ع۔ آسمان سے برستے اور زمین سے اُگتے ہیں۔ اور حسن تدبیر، مردم دانا کا طویل فکر، مددگاروں کی کثرت اور لشکر تو انا کا زور کوئی ایسی تاثیر نہیں کر سکتا۔

ابن العلقمی کا اُن کی رائے کو کمزور ثابت کرنا ابن العلقمی نے اس سخن کو بے وقعت اور بے زور بنا دیا اور انواع مکر سے ان کو غافل کر دیا اور کہا کہ "مغل لشکر کا مقابلہ بغداد کے ساتھ کس طرح میسر ہو گا۔ اگر عورتیں اور نابالغ بچے (بھی) مکانات کی چھتوں سے، پختہ اینٹوں کے ساتھ، مدافعت کے لئے اُٹھ کھڑے ہوں تو تمام (لشکر دشمن) کو محلات کی تنگ گلیوں اور کوچوں میں یہ جب تک کہ وہ خبر حاصل کرتے ہیں، ناچیز کر دیں"۔

ناز و نخوت اور غرور و کبر مستعصم کے مزاج پر غالب اور عقل اور درایت (سمجھ) کے حریف کا ہاتھ پھرا ہوا تھا۔ خلوت کی بساط میں اپنا رُخ حسینوں کے رُخ میں رکھ دیا۔ وزیر نیز فریب کے پیادوں کے ہنکانے اور حیلہ کی منصوبہ بازی کے گھڑنے میں مشغول

ہوگیا کہ کس طرح ملک اور دین کے مضبوط حصن اور قلعہ کا فرزین بند کھولے۔ اور کس وقت دانائی کے گھوڑے اور مکر کے ہاتھی سے اس (خلیفہ) کو شہ مات دیوے۔

پوشیدہ طور پر خلیفہ کے حالات اور بادشاہ کے منازل اور حرکت کی کیفیت کا علم حاصل کرتا اور جتلاتا رہا کہ ناگاہ خبر پہونچی کہ:۔

سوغونجاق۔ تایجو اور ایلخانی ہراول لشکر کا ایک گروہ مغربی طرف سے بغداد آپہنچے ہیں خلیفہ نے فتح الدین بن الکرو اور مجاہد الدین ایبک المستنصری الدویدار الصغیر کو دس ہزار سوار کے ساتھ اُن کی مدافعت کے لئے روانہ کیا۔

جب دونوں لشکروں میں۔ باہم اکٹھا ہو جانے کی وجہ سے۔ کام ٹکرا جانے اور تصادم کی حد تک پہونچ گیا۔ اور رو برو ہونا، ہل پڑنے اور ہجوم کرنے۔ اور مقابلہ قتال اور لڑائی سے بدل گیا تو پہلی دفعہ ہی مغل لشکر شکست کھا گیا۔

اور فتح الدین جو کہ جہاندیدہ مرد تھا اور زمانہ کے واقعات کی گرد اس کے سر پر بیٹھی ہوئی اور کافور ایسے دن اور عنبر کی سی رات والے زمانے نے اس کے عنبریں بالوں کو تجربوں کے کافور کی خوشبو سے بدل ڈالا تھا۔ نے کہا کہ: وہ اس مقام میں ثابت قدمی دکھانی چاہئے اور اُن کا تعاقب نہ کیا جائے" اور حالات کی اطلاع کے لئے ایک قاصد خلیفہ کی خدمت میں روانہ کیا۔ دوآتی۔ جو کہ جوانی کا نازجنون کے حد سے بڑھ جانے کے ساتھ جمع رکھتا تھا۔ نے اس رائے کو ایک قسم کے ٹلانے اور کمزوری پر محمول کیا۔ اور جواب دیا کہ وہ امیر المؤمنین کے احسان اور نعمتوں کے حقوق کا تو اس طرح بدلہ دیتا ہے کہ حضرت خلافت کے دشمنوں کی یک روزہ مدافعت میں سستی اور ملال ظاہر کرتا ہے۔ مصلحت اس میں ہے کہ فی الفور قبل اس کے کہ اُن کو کمک پہونچ جائے۔ ہم اُن کا تعاقب کریں اور خاطر کو اُن کے اندیشہ سے فارغ کریں"

فتح الدین دوآتی کی رائے کی سستی، نفس کی جہالت، خود رائی اور ہکواس بازی سے سخت غصے ہو گیا اور لشکر کو عذاب ناگہانی کے پیچھے دوڑنے (تعاقب کرنے) کی ترغیب دی اور دجیل کے مضافات میں ایک دوسرے سے ملاقات کا اتفاق ہوا۔ فوراً لڑائی کی صف برابر کی گئی۔ فتح الدین ایک گھوڑے پر سوار ہوا اور لوہے کے قفلوں سے اس گھوڑے کے اگلے اور پچھلے پاؤں میں بیڑیاں ڈالدیں تاکہ بھاگنے کا وسوسہ دل میں نہ کھٹکے اور خاطر کی باگ نہ موڑنے پائے۔

اس روز خوب ایک دوسرے پر حملہ کیا گیا اور جنگ کی بساط کو قائم پر (برابری پر)

کھڑا کر دیا۔ اور فریقین ایک دوسرے کے مقابل اتر پڑے، لشکر مغول نے رات کو دجلہ کا پانی بغداد کے لشکر پر کھول دیا۔ جب قضاۂ قدر کے بہشتیوں (یا پانی بھرنے والوں) نے رات کے تاریک چاہ سے آفتاب کے سنہری رسی والے ڈول کے ساتھ صبح کے پانی کو کھینچا اور سبزہ زار آسمان کو سیراب کیا تو لشکر بغداد نرگس کی طرح خواب سے اٹھے اور اپنے آپ کو نیلوفر کی کی طرح پانی میں ڈوبا ہوا پایا۔ ایک طرف سے گرد اٹھانے والا پانی مٹی کی وحشت دولت کی آگ پر چھینکتا تھا اور دوسری طرف سے صرصر اثر لشکر کے حملہ کی ہوا روشن اقبال کے پانی کو گدلا کرتی تھی یہاں تک کہ اکثر اس لشکر (بغداد) میں سے، کیا پانی کی کثرت اور غرقابی میں، کیا پانی کی مانند تلواروں کے زخم سے ہلاک ہوگئے۔ اور پانی با وجود اس سنگدلی کے تیز زبان کے ساتھ اُن جوانوں کے خصائل اور قد پر پڑھتا تھا۔ ع۔ شمشاد اور سمن کو اس طرح نہیں سیراب کرتے + فتح الدین اسی لڑائی میں شہید ہوگیا۔ اور بہت تھوڑے آدمیوں نے، جنہوں نے اس گرداب سے امان کا ساحل حاصل کیا، خون آشام تلوار کے رعب سے شام کی راہ اختیار کی۔

آخرکار دواتی تین آدمیوں کے ساتھ رہائی پاکر گمنام آدمیوں کی طرح بغداد آیا۔ اور خلیفہ کی خدمت میں اطلاع دی کہ سمندر کے خطر والے میدان جنگ اور جنگ کے اژدہا والے سمندر سے کل تین اور آدمیوں کے ساتھ بچ کر اب بغداد پہونچ گئے ہیں۔ روایت کرتے ہیں کہ خلیفہ نے مقام شکر میں تین دفعہ کہا ئے الحمد للہ علی سلامة مجاهد الدین (شکر ہے اللہ تعالیٰ کا مجاہدین کے بچ آنے پر) ۔

اور اسی طرح اس (خلیفہ) کی حماقت اور غفلت کی حکایت کرتے ہیں۔ کہ جب خبر پہونچی کہ ایلخانی لشکر کے نگہبان اور قراول کوہ حمرین کے نزدیک پہونچ گئے ہیں تو جواب دیا کہ :۔ وہاں سے کس طرح گذر سکیں گے ؟ عرض کیا گیا کہ ایسا لشکر جو اس علاقہ کی طرف متوجہ ہے دریا پر موج کی طرح گذرتا، پہاڑوں کی چوٹیوں پر عقاب کی مانند چلتا۔ سد سکندری کو مکڑی کا جالا کہتا اور لوہے کی زنجیروں کو سورج کی کرنیں جانتا ہے۔ اس کے گھوڑوں کے سُموں کے آگے بغیر غبار کے کیا اٹھے گا ؟ اور اس لشکر کے تیز رو گھوڑوں کے ٹاپوں سے سوائے چنگاریوں کے کیا اُڑے گا ؟ ۔ س

وہ شخص گردن مقصود میں اپنے ہاتھ حمائل کرتا ہے جو مصائب کے تیر پر کے سامنے سپر ہوسکتا ہے۔

ماہ ذی الحجہ ۶۵۴ھ میں جو عاشورا کی طرح لڑائی کا دن تھا روزی الحجہ قمری اسلامی سال

کا آخری مہینہ ہے جس میں حج کیا جاتا ہے اور بقر عید منائی جاتی ہے اور عاشورا اسلامی سال کے پہلے ماہ محرم کے دس دن جن میں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت واقع ہوئی ہے۔ سو ذی الحجہ لوگوں کی اصطلاح میں عید کا مہینہ اور محرم ماتم کہلاتا ہے) اور بغداد کے میدان، کربلا (جس میدان میں امام حسینؓ کی شہادت ہوئی) کی طرح بے چینی اور بلا کا محل۔ اور زبان حال "ویلا۔ ویلا" کر رہی تھی۔

جب صبح کا جہان افروز نور مشرق کے افق کے کنارے پر ظاہر ہوا اور زندگی کا اثر اور قوت حساسہ (حسیہ) نے حیوانات کے جسم میں حرکت کی توجہ توں کی غلامتوں اور فرشتوں کی شکل والا (رنگ کے فرشتے اعمال کے شیطان) اچانک تعقوبہ کی راہ سے عذاب اور سختی کے ساتھ، اور ضرب المثل ہے "جیسا بھروگے بھرے جاؤگے" اور دولت اقبال کے ہادی کے سہارے کے ساتھ پہونچ گیا اور دجلہ کے مشرقی جانب سے اُترے اور فوراً باشندگان کا سکون وقرار اور امن وامان کوچ اور صبر وخواب کا مادہ۔ خلیفہ اور اہالی شہر کی آنکھوں اور دلوں کے آس پاس سے دور ہو گیا اور نیند کا رُخ اور صحیح رائے محال کے پردہ میں چھپ گئی۔ لاچار اور مضطر ہو کر فرمایا کہ گلی اور کوچوں کو محکم کر دیا جائے اور فصیل اور قلعہ پر حاضر فوج کو تیار اور کمربستہ رکھا اور دواتیان، شرابی، سلیمان شاہ، دیگر معزز لشکری اور خاص غلاموں نے جماعت کی تکثیر کے لئے بغداد کی عام پبلک سے ایک بڑا گروہ مختلف اسلحہ کے ساتھ مدد کے لئے بھیجا۔

دوسرے دن جبکہ سنہری پروں والے عنقا (سورج) نے گول سبز آشیانہ (آسمان) سے پر مارے۔ اور روئے زمین، بعد اس کے کہ مسکین کے گھر کی مانند تاریک تھا کامیاب لوگوں کے دل کی طرح روشن ہوا۔ تو لشکر نے مبارک فال ایلخان کا عقاب پیکر جھنڈا قہر کی راہ سے فخر کی گردن کی طرح بلند کیا اور لڑائی کی آگ، جس کا ایندھن بغداد کی ہلاکت کی لکڑیاں تھا۔ بھڑک اٹھی۔ اور اندرون شہر کے لوگ بھی، جیسا کہ سمندر کو پاٹ دئے جانے کا ڈر دیتے ہیں، یا قوت بازو سے کوہ ثہلان کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہیں۔ یا سورج کو مٹی سے آلودہ کرتے ہیں۔ اور زلزلہ کو پاؤں کی ٹھوکر سے ٹھہراتے ہیں اور شعلہ برق کو آستین کے کنارے سے بجھاتے ہیں (یعنی محال کا مقابلہ کرتے ہیں)۔ کار حرب کے لئے تیار اور تیر اندازی، نیزہ زنی اور تلوار زنی کے آلات سے مستعد ہو گئے۔ تیر و پیکان کے پرندہ نے ٹیڑھے طلوع ہونے والے برج (کمان) سے اُڑنا اور عذاب کے عقاب نے قہر کے پنجے کھولنے شروع کئے۔ محاصرے

کے چتر کی بلندی سے استدائہ فلاخن اور توپوں نے فعل ظاہر سے حرکت نصب حاصل کی (یعنے توپیں نصب کی گئیں۔ عربی میں نصب دو زبروں کو کہتے ہیں یہ ایک حرکت ہے جو عام طور پر مفعول پر آتی ہے۔ اس کے لئے فعل ضروری ہے۔ تو توپیں مفعول فعل ظاہر حرکت نصب ہوئی) اور اعراب تقدیری کی طرح حالت نصب میں تابع جر (لشکر کشی) ہو گئیں (اعراب تقدیری وہ حرکت ہے جو ظاہر کر کے نہ پڑھی جائے) اور سوال مقدر کے جواب میں تیز تیروں کے سر کی باریک باتیں بحث جدال میں ڈالتے تھے۔ اس روز جب تک خورشید کا زریں لگام والا سمند (گھوڑا) تقدیر کے سوار کی ران کے نیچے سبز میدان (آسمان) کی سطح پر جولانی دکھاتا رہا - لڑائی قائم اور جنگ دائم رہی اور ہوائی یا آسمانی تیر، ناوک، چھوٹے چھوٹے تیرے اور منجنیق اور فلاخن کے پتھر دونوں طرف سے نیک لوگوں کی دعا کے قاصد کی طرح، اوپر چڑھتے۔ اور قضا کی سختیوں کی طرح اُترتے رہے تمام مخلوق اندر اور باہر شہر کے کچھ مقتول اور کئی زخمی ہو گئے۔

جب زمانہ کی مشاطہ نے رخ۔ شام کے بالوں کو ظلمت کا خضاب لگایا + تو ایلخان نے کہا کہ لڑائی سے ہاتھ روک لیں۔

پورے پچاس دن اس طریقے سے شہر بغداد محصور اور سختی اور عذاب کی امداد بے شمار رہی۔ چونکہ ابھی تک بہادری کے راہ کو طے کر رہے تھے حکم ہوا کہ پختہ اینٹوں کے۔ جو شہر کے باہر تھیں۔ بلند ٹیلے اور اونچے پشتے بنالیں۔ ایسے کہ بغداد کے گلی کوچوں اور معظم چیزوں کو اُن پر سے جھانکا جا سکے۔ اور منجنیقیں لگادیں۔ اور پتھر کے صدموں اور روغن نفط کی شیشیوں کے شعلوں سے تمام شہر، گرج کے ایسے نالہ و فریاد سے پُر اور برق کی طرح چمکنے لگا۔ تیروں کے اولے کمان کے بادلوں سے برسنے لگے۔ اہالیانِ شہر عاجزی اور ذلت سے پامال ہو گئے۔ کیا دریا ہے کہ بغداد کے اندر۔ کہکشاں کی ندی کی طرح جو بیچ آسمان کے جاری ہے۔ ایک طرف سے گھیرے ہوئے ہے اور فرار کی راہ بند کر رکھی ہے اور دوسری طرف سے بادشاہ کا آگ کے حملے والا لشکر۔ جو پُر امواج سمندر ہے۔ انتقام کے مقام میں کھڑا ہوا ہے۔

اس حالت میں مجدالدین محمد بن الحسن بن طاوس الحلی۔ سدیدالدین یوسف بن المطہر اور شمس الدین محمد بن العز نے ایک قاصد اور ایلچی کے ذریعہ ایک خط ہلاکو خان کی خدمت میں بھیجا۔ جو اس بات پر مشتمل تھا کہ ہم تابع، مطیع اور رعیت ہیں۔ (یعنے ہم نے اطاعت قبول کر لی) کیونکہ اپنے بزرگوں یعنے دوازدہ امامان (حضرت علی

امام حسنؑ، امام حسینؑ، امام زین العابدینؑ، امام محمد باقرؑ، امام جعفر صادقؑ، امام موسےٰ کاظمؑ، امام موسےٰ رضاؑ، امام محمد تقیؑ، امام علی نقیؑ، امام حسن عسکریؑ، اور امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سے خصوصاً امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب، دلیر، سخی، بہادر، آگے بڑھنے والے "دوست رکھ اس کو جو اُسے دوست رکھے۔ اور دشمن رکھ اُسے جو اس کے ساتھ دشمنی رکھے" کی دعا سے مخصوص، علم سے پُر۔ بالوں سے صاف چندیا والے، فصیح، بلیغ، فخر کے دامن کو کھینچنے والے، ذو الفقار (تلوار) کے رکھنے والے، بزرگیوں اور بخششوں کے پھیلانے کے ذمہ دار، نماز کے اندر انگوٹھی کی خیرات کرنے والے، بہادری اور علم کے قطب مدار۔ علم کے شہر کے دروازے، وسیع عطا کرنے والے، غلطی سے دور، سنگخوار (قطا) سے زیادہ ہوشیار، اور لوکشف الغطا الخ (اگر حجاب اٹھا دئے جائیں تو میرے یقین اور ایمان میں اضافہ نہ ہوگا) کے قائل سے ہمیں اس طرح معلوم ہوا ہے کہ "تم لوگ ہی اس علاقہ کے مالک بنو گے اور اس کا حاکم اور والی (خلیفہ) قبضۂ اقتدار میں مقبوض اور گردن کشی کے دہانہ سے مقلوب ہوگا"

ہلاکو خاں نہایت خوش اور بشاش ہو جاتا ہے اور خلعت خاص اور اُن کی حاضری کا حکم دیتا ہے اور تنکلہ اور علاؤ الدین نجمی کو نگہبانی کے لئے وہاں (حلہ) بھیج دیتا ہے۔ اور اس ذریعہ سے اہل حلہ سلامتی کا لباس پہنتے ہیں اور طاؤس (منقش) دوستی کا پیالہ پیتے ہیں۔

خلیفہ بدستور گھر لے دشمن، بیگانہ سے زیادہ دور دوست۔ پوشیدہ دشمنی اور ظاہرا دوست اور کام (لڑائی) کے سود و زیاں سے واقف (ابن العلقمی) سے اس واقعہ مشکل کی گرہ کشائی، اور اس ہولناک مصیبت کے تدارک کے بارے میں رائے صائب اور صحیح، دریافت کرتا ہے کہ اس درد کا کیا علاج ہے؟ اور اس مصیبت "جو کہ عام ہے اور خوش نہیں ہے" کی صفت رکھتی ہے۔ کے زمانہ میں مرد کے ہاتھ پاؤں پکڑنے والا کون ہے؟ (کون امداد کر سکتا ہے؟) یہ کہتا ہے اور رو دیتا ہے۔ ؎

میری آہ جو سحر کو آسمان کی چھت میں آگ لگا دیتی ہے۔ آفاق کو دل کے دھوئیں کی اطلاع دیتی ہے۔ میرا نالہ جو ہر وقت آنکھوں سے دامن کے کناروں میں بہتا رہتا ہے۔ فرات کے چڑھاؤ میں بطور قرضہ مدد دیتا ہے۔

وزیر نے تقریر کی کہ بے مغلوں کا لشکر انتہا نہیں رکھتا اور شہر میں لشکر (ہمارا) جس سے دشمن کو ہزیمت دی جا سکے نہیں ہے۔ غلاموں اور اس قدر مخلوق نے بے حد عاجزانہ

کوشش حرکت مذبوحی کی طرح دکھائی ہے ۔ آج کے بعد مدافعت ممکن نہ ہوگی ۔ اور
اُن کا غلبہ روز بروز بڑھتا جاتا ہے امداد اور اسباب انہیں زیادہ حاصل ہوتا جاتا ہے
اور اودھر اہالیان بغداد کا ثبات قدمی کے دامن کو مضبوط کرنا ہر لحظہ کم ہے ۔ اطراف
کی صلاحیت اور انجام کی سلامتی کی تدبیر یہ ہے کہ امیر المؤمنین بموجب "اترکوا الترك"
(ترکوں کو چھوڑ دو) کے ترکوں کی لڑائی ترک کردیں اور موافقت اور مصالحت کا سامان تیار
کریں ۔ اگرچہ وہ طریقۂ ماترکوکم (جب وہ تم کو چھوڑ دیں ۔ یہ شرط ہے) اختیار نہیں کرتے
کیونکہ وہ سخت رعب والے ہیں (مگر) دشمن غالب کے ساتھ تواضع اور عاجزی کا اظہار خردمندوں
کا کام ۔ اور حسن مدارات اور لطیفہ صلح ملک کے نام و ناموس اور دولت کی آبرو کے لئے
ہوشمندوں کا پیشہ ہے ۔ ۔ (مشوق سے)

میں نے کہا کہ تیرے خیال میں میرا نام ونشان چلا گیا ۔ اس نے جواب دیا کہ یہ
نام ونشان تیرا کب تھا ؟ ۔

صواب اور درست اس طرح ہے کہ خوشی اور رضامندی سے بغیر تردد وسستی کے امیر المؤمنین
بہت جلدی ہلاکو خاں کی خدمت میں چلا جائے کیونکہ ایلخانی حرکت کا باعث مال اور نفیس
اشیاء کی تحصیل کا طمع ہوسکتا ہے ۔ جب کہ خلیفہ (مال) مبذول رکھتا ہے (تو پھر لڑائی کی
ضرورت کیا ہے) اُنس اور الفت حاصل کرنے کے قواعد کی پختگی کے بعد حسن تدبیر سے
امداد اور قوت کی بنیاد کو سپہ پیمانہ اور قرابت سے مستحکم کردیں گے اور ایک دوسرے کی نصرت
اور امداد کے اسباب کی تمہید میں زیادتی اور کثرت دکھائیں گے تاکہ ہلاکو خاں کے خاندان
کی ایک لڑکی امیر المؤمنین کے خلف الصدق (شہزادہ) کے لئے نکاح کی رسی میں آ
جائے اور امامت کے سمندر کے سیپ سے ایک موتی اس (ہلاکو خاں) کے لڑکے
کے نکاح کے ہار میں بغیر کسی کوتاہی کے منسلک ہوجائے ۔ اور ان مقدمات سے دین
اور ملک کا میدان (دین خلیفہ کا ۔ ملک ہلاکو کا) شرکت باہمی کا نقش اختیار کریگا ۔ اور
سلطنت کی دولت اور خلافت کی قسمت ایک ہوجائیگی اور اس حال میں اتنے ہزار مسلمانوں کا
جان و مال محفوظ اور ناموں اور خلافت کی عظمت پادشاہ کامگار کی پشت پناہی سے
روز افزوں ہوجائے گی ۔" (وزیر کی تقریر ختم)

خوف و ڈر کا سیلاب خلیفہ کے دل میں اس طرح جاری تھا کہ حق اور باطل کی تمیز اور
صدق و کذب کا فرق اس پر مبہم ہوگیا ۔ جب یہ کلمات ظاہر اسباب کی موافقت اور وسائل
کے حصول کے فرض کرنے پر مصلحت کے موافق نظر آتے تھے تو (خلیفہ نے) اس جملہ (اگر

صلح ہوگئی تو حفاظت مال و جان یقینی ہے) میں نقیض شرط (صلح کے عکس) کے تصور کئے بغیر جزا کی صحت (حفاظت مال و جان) کا حکم (فیصلہ) سنا دیا (قضیہ، نقیض، مقدم، تالی، حکم، تصور، تصدیق وغیرہ علم منطق کی اصطلاحیں ہیں فلیرجع الیہ) اور دشمن (وزیر) کے فکر و اندیشہ کی تصدیق کر لی۔ (دشمن کے متعلق دو بالا باتوں کی پرا ...)

یہ ضروری ہے کہ ہر وہ کمزور عقل والا جو دشمن کے فریب میں فریفتہ ہو جائے تو بلا اور مصیبت اس کے سزاوار ہو جاتی ہے اور ہر وہ شخص جو ہوشیاری اور حفاظت کے پہلو کو مہمل اور بیکار کر دیتا ہے۔ لازماً آخر کار اپنے کئے سے غم زدہ، سوگوار، دل خستہ اور زخمی دل ہو جاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ جب مستعصم کی سلطنت اور دولت کا دن عباسیوں کا شعار (لباس جو کہ سیاہ رنگ کا ہوتا تھا) رکھتا تھا اور اس کی رائے ظاہر میں مخنثوں اور نکالیف کے رہنما کے تابع اور پیروکار اور ہیچا ہیچ زمانہ سے امداد اور کفایت کی طالب تھی۔ اسباب اور غیر موجود نتائج پر بھروسہ کرتے ہوئے نالپسندیدہ ذرائع سے مدد حاصل کرتے ہوئے عاقبت سے زحمی خوابگاہ پر راضی تھا۔ اس پر اعتماد کرتے اور مدد چاہتے ہوئے کہ صرف مالی اسباب سے ہمیشہ نصرت یافتہ اور مطلب پر قادر ہوگا اور یقین کرتے ہوئے اس امر پر کہ ابن العلقمی کے ارشاد (نیک امر) سے ہدایت پا بنو الا اور رشید۔ اور ایلخاں کے حملوں کی بدی اور گزند سے مانند ہارون علیہ السلام کے موسیٰ علیہ السلام کے اتباع سے محفوظ رہ جائیگا۔ تو بروز اتوار ۴ ماہ صفر ۶۵۵ھ ایسا دن جس میں منہ تھکتے اور چہرہ پر ہوائیاں تھیں۔ اور خاص آدمیوں کی ہلاکتوں کی چنگاریاں عام تھیں۔ ایسا دن جس کا شر ہر طرف پھیل رہا تھا۔ خلیفہ نے دونوں فرزندان ابو بکر، عبد الرحمن اور داناؤں کے بڑے گروہ، سلطنت کے خیرخواہاں، دربار کے مقربین، لشکر کے سرداران اور خاص غلاموں اور خادموں کے ہمراہ سوار ہونے کا ارادہ کرکے ایلخانی دربار کی طرف توجہ کی۔ اور ہٹو، بچو، کہتے ہوئے شہرستان عام کی سڑک یعنے بغداد کے گلی کوچوں سے باہر نکل گئے۔ جب نزدیک ربض کے جو ان کی لغت میں کر یاس سے عبارت ہے (بارگاہ، کیمپ) پہونچے تو مجمع کی کثرت کو اندر آنے سے روک دیا گیا۔ صرف خلیفہ اور اس کے دو شہزادوں کو دو تین خادموں کے ساتھ باریابی بخشی گئی۔ اور خیمہ میں جو ظرف زمان کی مانند وسیع تھا ٹھہرایا۔ سلیمان شاہ، دواتی، اور شرابی۔ چند خواص کے ساتھ یاسا۔ کے ساتھ مخصوص کئے گئے (بروئے حکم ایلخانی قتل کئے گئے)۔

صبح کے وقت جب کہ زلیخا کے ترنج (سورج) کو طبق افق کے کنارے پر رکھا گیا اور نور کی چمک کے شعبدہ باز ہاتھوں نے ستاروں کے مُہروں کو سیمابی مصلّے (آسمان) کے رُخ سے چنا تو ایلخان نے لشکر کو حکم دیا کہ لوٹ اور تاراج کی آگ بغداد اور جو کچھ اس میں ہے کے اندر لگا دیں - پہلے پہل انہوں نے قلعہ جو أجعلُ الخ (میں بنا دوں گا تمہارے اور اُن کے درمیان سترِ فاصل) کو پڑھتا تھا - اور خندق - جو فکر کی گہرائی کی طرح عمیق تھی - کو سڑک کی زمین کے ساتھ برابر کر ڈالا - بعد ازاں بھوکے شاہین کی مانند جو کبوتروں کے گلہ میں پڑتا ہے - یا ظالم بھیڑیا کی طرح جو بکریوں کے ریوڑ کو نہایت غنیمت شمار کرتا ہے - مطلق العنان اور بے لگام شہر میں پل پڑے - قتل اور خوف کی صبح کو قتل اور خونریزی کی کثرت اس حد تک پہنچی کہ مقتولوں کے خون کی ندی دریائے نیل کی طرح خون کے پانی سے بہ نکلی اور یھلِکُ الخ "وہ ہلاک کرتا ہے کھیتی کو اور نسل کو" بغداد کے اموال اور ذخیروں پر پڑھی گئی - خاص خزانوں اور دارالخلافہ حرم محترم کو لوٹ کی جھاڑو سے صاف کر دیا اور قہر کے ہتھوڑے سے اس کے کنگروں کو شرمساروں کے سر کی طرح اپنے آگے ڈال دیا - مکانات اور محلات شاہی جن کے ایوانات کی شرم سے بہشت بریں کے مکانات اور تخت قصور سے قصور دار تھے اور بڑے بڑے مکانات نزاکت کے زیور سے گلی کی مٹی کے برابر ہو گئے - اور انہوں نے زبان حال سے گویا یہ آیت و کم ترکوا الخ - کس قدر انہوں نے چھوڑے ہیں باغ، چشمے، کھیتیاں اور عزت والے ٹھکانے - پڑھ دی - ؎

پرویز جو دسترخوان پر زرین ترنج رکھتا تھا - اب خوان پر - زرین ترنج
کہاں ہے جا، آیت کم ترکوا پڑھ -

حادثات اور مصائب کے جاری ہونے کے قلم نے دیواروں کی سطحوں - اور آسمان نما چھتوں پر - ھذا منازل الخ - یہ مکانات رہنے والوں کی شرافت اور سرداری کی گواہی دیتے ہیں - نقش کر دی - فرش اور پردے سنہری اور جڑاؤ دالچیروں سے ٹکڑے ٹکڑے کر کے لے گئے - حرم بزرگ کی پردہ نشینوں کو کہ :- قطعہ -

اُن کے کنیزوں کے کانوں تک نہیں رسائی ہو سکتی کافور کی مانند سفید موتی کی
جب تک اپنے نام کو لالا (روشن نام غلام) نہ کرے - (یعنی جب تک
موتی غلامی کا دم نہ بھرے کنیزوں تک بھی نہیں پہنچ سکتا چہ جائیکہ پردہ نشینان
حرم محترم) اُن کے عزت کے حریم (حویلی) میں - مگر پوشیدگی سے بھی - چاند

اپنا گلگونہ ہاتھ گل رعنا کے منہ پر نہیں لگا سکتا - آفتاب نے ان کی حرم
سرائے میں آمد و رفت کی صورت نہ رکھی جب تک کہ اسماء کے واضع
(بنانے والے) نے اس کو مونث کے نام سے موسوم نہ کیا (آفتاب
کو عربی میں شمس کہتے ہیں اور شمس مؤنث استعمال ہوتا ہے) -
بتوں کی زلفوں کی مانند بالوں سے گھسیٹتے ہوئے گلی کوچوں میں لے آئے اور اُن میں سے
ہر ایک لشکر تاتار کے ایک دیو کے قبضہ میں تھی - اور روشن دن اُن عزت کی ماؤں اور
پاک دامنوں کے سامنے تاریک ہو گیا - ایک ہی لحظہ میں یوم قیامت کا زلزلہ اسلامی
کے شہر (بغداد) میں ظاہر ہو گیا - شعر خاقانی حذف ہو گیا ہے سہو ہے
اُس ملک نے جیسا کہ خاقانی شروانی کا شعر اس کے اوصاف کے لائق ہے -
(یہ بہشت ارم ہے اور جہان کے بہترین شہروں میں سے ہے - دوسرا کعبہ ہے اور
چھوٹا دارالسلام بہشت ہے) - اُس لشکر کے ذریعہ جو قہر کی آگ - بجلی کی علامتیں
اور صرصر کے شعلے رکھتا ہے - وکم قریۃ الخ - بہت سے گاؤں ہیں جن کو ہم نے ہلاک
کر دیا اور ہمارا عذاب اُن کے پاس رات کو آیا - کی صفت حاصل کی - خوشی کے محلات
اور تخت کی کینگاہوں کو خراب اور ویران کر دیا - وحشت کا جدائی والا کوا ہر ایک محل
پر فریاد کر رہا تھا - اور اُن تمام نعمتوں، اسباب، دوستوں اور سہیلیوں میں سے سوائے
اس مثال کے وما بالدار الخ - نہیں ہے گھر میں کوئی زندہ اور نہ ہے اس میں باریک
سی آواز بھی - کوئی نشان نہ رہا - جیسا کہ میر معزی نے کہا -

اُس خیمہ والے یار کے رخ سے محل کو خالی دیکھتا ہوں - اور اس سیاہ
سرو کی قد سے چمن کو خالی دیکھتا ہوں - رطل اور جام شراب کی بجائے
گورخروں نے قدم رکھے ہیں - چنگ، بانسری، اور نے کی جگہ کوّے اور
چیل کی آواز ہے -

الغرض طوالت کیا کی جائے - بغداد ویران ہو گیا اور دوسرے ممالک
اس کی نفیس اشیاء اور ذخیروں سے پُر ہو گئے - مغلوں نے سامانِ خانہ (فرنیچر)
اور سونے چاندی کے برتن جو پادشاہ کے بیت الشراب اور مطبخ (کچن) سے پائے
تھے اطراف میں جا کر لوٹ اور سیسے کی قیمت پر بیچ ڈالے - اور اس جنس کا شیراز میں
بہت بہت اتفاق ہوا ہے اور چند آدمی اس ذریعے (خرید اشیاء ارزاں قیمت پر)
سے فقر و فاقہ کے گڑھے سے نکل کر ثروت اور نعمت کی بلندی پر پہنچ گئے - لشکر کو

اس قدر نقدی، جنس از قسم اطلس، سیاہ ریشم، سرخ ریشم، دیبا (جس کا تانا بانا ریشم ہو) اور روم و مصر و چین سے لائے ہوئے قماش، عربی گھوڑے، مشہور خچر، رومی و آلانی اور ادر قبچاق کے غلام، اور ترک و ختا و بربر کی کنیزیں، حاصل ہوئیں سکہ جن کا مجموعہ اور میزان حساب کے وہم میں بھی نہیں آسکتا۔ اور سونے، قیمتی موتیوں، نفیس متاع، قماش اور فراش کی کثرت سے جو خلیفہ کے خزانہ، نوابوں، ارکان دربار، غنی اور دولت مندوں کے مکانات سے نکلے، زمین نے اخرجت الخ (نکال ڈالے زمین نے اپنے بھاری خزانے اور اموال) کی صورت اختیار کی۔ اور اس قدر مال کے تعجب سے یہ انسان نے کہہ دیا کہ اس زمین کو کیا ہوگیا ہے"۔

اور خلیفہ نے ایک حوض خالص پانی کے لئے تجویز کیا تھا اور جس کو آتش رنگ خالص سونے کے سکے سے مستنصر اور ناصر نے بھرپور کیا ہوا تھا اس کو بھی اٹھا کے لے گئے۔

قصۂ حوض — اور یہ قصہ مشہور ہے کہ جب خلیفہ الناصر الدین اللہ نے ارجعی (واپس جا) کی دعوت کو قبول کیا (یعنے مرگیا) تو وہ حوض سونے کے چھوڑ گیا۔ اس کے پوتے مستنصر (ابن ظاہر) نے ایک روز اپنے ایک نوکر کے ساتھ جو اس کا محرم راز تھا وہاں جا کر کہا کہ میں میعاد (موت) میں اس قدر مہلت چاہتا ہوں کہ اس تمام زر کے مدعم تو جہی کے ہاتھ کیا خرچ کر ڈالوں۔ خادم ہنس پڑا۔ مستنصر اس ترک ادب پر ناراض ہوا اور پوچھا ہنسی کا موجب کیا ہے؟ اس نے عرض کیا کہ "ایک روز میں آپ کے دادا کے ہمرکاب یہاں آیا ان دو حوضوں سے ایک ابھی کھرا ہوا تھا فرمایا "میری زندگی کی مدت اس قدر چاہیئے کہ اس کو تمام مال و زر سے بھر دوں"۔ ان دو آرزوں کے اختلاف (ایک بھرنے کی مہلت چاہتا تھا دوسرا خرچ کرنے کی) سے میں نے تعجب کیا ہے"۔ لیکن پھر مستنصر نے اس تمام زر کو اچھے مصارف میں خرچ کیا۔ اور سوائے نیک نام کے اس سے باقی کچھ نہ چھوڑا۔ اور اس کے اچھے علامات میں سے ایک "مدرسہ مستنصریہ" ہے۔ جو آج بالاتفاق تمام زمانے کا ام المدارس (تمام مدارس کی ماں اور اصل) ہے۔

مقصود اس کہانی سے یہ ہے کہ جب نوبت مستعصم تک پہنچی تو بخل اور دانگ دانگ جمع کرنے سے اس حوض کو پھر مالامال کر دیا تھا۔ آخر کار اپنی تصحیف (تجنیس خطی و تخلیطاً مصنع کی تصحیف مستنیع) کی طرح ضائع اور برباد ہوگیا۔ اور معتبر لوگوں سے روایت ہے کہ وہ (تاتاری) چار ہزار چارپائے، غنیمت اور مفت حاصل کئے ہوئے مال کے

بوجھ سے لادکر اپنے خیمہ گاہ میں لے گئے۔ کہاں گئے؟ وہ منقش لباس جن کو جمع کیا ہوا تھا صاحب لباس نے۔

نصیحت | کامل لوگ جانتے ہیں کہ دنیا میں نہ حاصل کرنا حاصل کئے ہوئے کے غم سے اچھا ہے اور نیستی کا غم ہستی کے پیچھے زیادہ دکھ دیتا ہے۔ زمانے کے ستم کی گہرائی ظاہر نہیں ہے۔ اور الٹی گردش کرنے والے آسمان کے ثور اور حمل (برجوں کے نام ہیں) کے کھیل بے انتہا ہیں "نہیں کوئی گردش اور نہیں کوئی طاقت مگر ساتھ اللہ تعالیٰ کے"

دو تین روز کے بعد خلیفۂ عہد نے صبح کی نماز ادا کرنے وقت نماز کی تحریمہ باندھکر (اللہ اکبر کہکر) اس آیت قل اللھم الخ۔ (کہدو اے اللہ! تو ملک کا مالک ہے۔ دیتا ہے ملک جسے چاہتا ہے اور چھین لیتا ہے جس سے چاہتا ہے۔ جس کو تو چاہتا ہے غالب کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے مغلوب کر دیتا ہے) سے شروع کیا۔ (یعنے نماز میں یہ آیت تلاوت کی) اور جب نماز سے فارغ ہوا تو دعا میں عاجزی اور زاری کی۔ اس حال کے دیکھنے والوں اور اس کلام کے سننے والوں نے نماز کی صورت جو مجموعہ یکجائی غلامی ہے اور آیت کا مطلب جو ایلخان اور خلیفہ کے حق میں واضح برہان ہے۔ ایلخان کے پیش کر دی۔ اگرچہ اس موقعہ پر روایات مختلف ہیں مگر انہوں نے کہا۔ کہ حکم نافذ ہو گیا کہ اس (خلیفہ) کو طعام سے روک دیں۔ جب خلیفہ سخت کمزور ہو گیا۔ موکلوں سے غذا طلب کی۔ یہ مطالب اور خواہش ایلخان کے سمع اشرف تک پہونچائی گئی۔ اُن کو فرمایا۔ "کہ اس عاشق کے رنگ والے (زرد) معشوق کی خصلت والے (بے وفا) محبوب چہرہ والے (جس کا چہرہ ہر ایک کو پیارا لگتا ہے) مبغوض خصلت والے حسد اور دشمنی کے سرمایہ اور بغض اور دوری کے مادہ (اشرفی مراد ہے) سے ایک تھال مالامال کر کے خلیفہ کے سامنے رکھیں" پھر انہوں نے خلیفہ سے کہا کہ بادشاہ روئے زمین کا اشارہ اس مطلب کی طرف ہے کہ اس تھال سے آپ تناول کریں۔ خلیفہ نے جواب دیا کہ سونا کس طرح کھایا جا سکتا ہے؟ ایلخان کشورکشائی ممالک کو روندنے والے نے بذریعہ ترجمان فرمایا کہ "جب معلوم ہے کہ سونا نہیں کھایا جا سکتا تو تم نے کیوں لشکر اور سلطنت کے اعیان پر اسکو تقسیم نہ کیا۔ تاکہ اپنی جان اور اس قدر خلائق کے عوض اور فدیہ میں ان کو شریک ہونے کا موقعہ نہ دیا۔ اور تاکہ موروثی سلطنت ایسے جان لیوا گھر ڈھانے والے لشکر کے تعرض اور دست اندازی سے۔ جو عذاب آسمانی کی شکل ہے محفوظ رہ جاتا" اس سخن میں جو حکمت کی چاشنی رکھتا ہے خلیفہ نے جواب کی طاقت

نہ رکھتے ہوئے دل سے ستاروں کی بھٹی کی طرح ٹھنڈا سانس لیا اور ستم دیدہ آنکھوں سے رخسارے کے کملائے ہوئے باغوں کو پانی دیا - یعنے - ؎

گریہ سے اگر سامان کا کام نہیں لیا جاسکتا تو - اس سے کم ہے ؟ کہ میری آبرو ہو جائے
(میرا منہ دھل جائے - یعنے اس سے تو کم نہیں) -

خلیفہ کے متعلق مشورہ | ایلخان نے اس (خلیفہ) کے مٹا دینے اور باقی رکھنے میں ملازمانِ دربار سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ "اہل اسلام اس کو خلیفۂ رسول، امام برحق اور اپنے اموال (جیہ باعث فرح اور کشائش ہوتے ہیں) اور جان کا حاکم جانتے ہیں، اگر وہ اس ورطہ سے خلاصی پا گیا تو خیال میں آتا ہے کہ اطراف سے بہت سا لشکر اس پر جمع ہو جائے اور از سرِ نو جمع آوری لشکر اور تیاری سامان کر دیوے اور پھر اس مہم کے تدارک کے لئے آسمان کی مانند رکاب اور لشکر کی تکلیف اور لکھو کھا رنج کی کلفت برداشت کرنے کی ضرورت پڑیگی عقلمند مرد اپنے اختیار سے فرصت کو فوت نہیں کرتا اور امکان کی طاقت واپسی کے خیال پر ہاتھ سے نہیں دیتا - جس زمین میں کہ کانٹے اور گھوکھرو بکھیر اگیا ہو - نیشکر اور گنے کی امید نہیں رکھتا - اور جس سینے کو کہ آزار سے خلش پہونچے اس سے وفا کی طمع نہیں کرتا - دشمن کی سزا کے لئے عدم کے تہ خانے سے کونسا محبس (قید خانہ) زیادہ اچھا ہوگا ؟ اور اس کی تنبیہ کے لئے فنا کے چابک کے صدمے سے کون سا موزون تازیانہ تصور میں آسکتا ہے"

خلیفہ کی موت | (اس مشورے کے بعد) بادشاہ نے اس کے قتل کر دینے کا فرمان نافذ کردیا تو لوگوں نے عرض کیا کہ خونریزہ اور جلاد کی تلوار کو مستعصم (خلیفہ بغداد) کے خون سے رنگین نہیں کرنا چاہئے - پس اس کو نمدے میں لپیٹ کر اس طریقہ سے اس کو ملا گیا کہ اعضاء اور اجزا ناچیز اور فانی ہو گئے اور امامت اور خلافت کی رونق اس صدمہ سے نیست اور نابود ہو گئی - اس کا جسم اور روح آسمان اور زمین کی بلندی اور پستی میں بھیج دئے گئے اور اس کی مدت سلطنت سترہ سال تھی -

القصہ بنی عباس کی خلافت کی بنیاد مٹ گئی اور امامت کا لباس کہنہ ہوگیا - ؎
ظلم اکیلا نہ ایسے شخص پر کیا گیا - اس پردہ میں اس کھیل سے بہت سے گذر گئے -

اور یہ رباعی بھی اسی مطلب میں کسی وقت مطابق حال منظم ہوئی اور چونکہ وجہ مناسبت مقرر ہو گئی لکھی گئی - رباعی - (از مؤلف)

زمانے کی بساط پر جب غم کی شطرنج کھیلی جاتی ہے - اور اس روح کی سواری
کو جہان سے دوڑ جانا ہے - تو اپنے ارادوں کو پورا کرنے میں جلدی کر کیونکہ

زمانے کی بدعہدی پہچانی ہوئی ہے۔
جب عباسیوں کی سلطنت کی شمع قہر کی آستین سے بجھائی گئی اور بخت کا دن پھر گیا۔ ابن العلقمی کو توقع ہوئی کہ اچھی کوششوں اور بڑی محنت کے محل میں اس کے حق میں پرورش اور تربیت کی امداد حضرت ایلخانی سے فائض ہوگی اور حکومت بغداد کے مصالح جب کہ لازماً نائب کی ضرورت پڑےگی اور وہ (ابن العلقمی) کثرت واقفیت اور بصیرت تمام سے عارض ہونے والے مطالب اور جاری ہونے والے پیش آمدہ واقعات کی اقسام وانواع سے مخصوص ہے۔ اس کے سپرد کئے جائیں گے۔ ہمت ایلخانی نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ فرمائی اور کہا کہ صلاحیت کی طمع اور اخلاص کی نظر اس سے اٹھ گئی ہے۔ (کیونکہ) جب اپنے آقائے نعمت کے ساتھ اس نے بداندیشی کی اور حقوق کے ضائع کرنے اور عہد کے توڑنے کو بمقابلہ اس کی تربیت اور احسانات کے روا رکھا ہے۔ تو ہمیں کسی کام کے لئے اُسے اختیار اور طاقت دینا موزون اور مناسب نہیں نظر آتا۔
اور چونکہ پہلا وہ شخص جو لشکر ایلخانی سے بغداد میں داخل ہوا "علی بہادر" تھا جس نے دروازہ حلب کو مسخر کیا تھا۔ اس کو انعام و خلعت عطا فرماکر بغداد کا داروغہ اور کوتوال بنا دیا۔ اور ابن عمران کو کہ مدت العمر جس کے دل میں کبھی آرزو بھی (حکومت کی) نہ ہوئی تھی۔ حکومت بغداد عطا کی گئی۔ کیونکہ محاصرے کے ایام اور ایلخان کی اقامت میں اُس نے پسندیدہ خدمات دکھائی تھیں اور لشکر کی، رسد کے ساتھ، یعقوبہ سے، مدد کی تھی اور اس کی صورت حال (مصنف کے) بغداد کے قیام کے وقت معتبر سال خوردہ لوگوں سے دریافت کی گئی اس کی حکایت کا عجیب وغریب ہونا جو زمانے کے نوادر اور عجائبات میں سے ہے اس طرح بیان کرتے ہیں :۔

حکایت ابن عمران | اور ذمہ داری راوی کی گردن پر ہے :۔ کہ
ابن عمران ذلیل لوگوں میں سے تھا۔ امید اور ناامیدی سے دور اور تھیلی اور پیالے کے اُٹھانے اور کھینچنے سے فارغ (مفلس اور قلاش تھا) یعقوبہ کے حاکم کی خدمت کرتا اور لکھنے کی قسم میں سفید کو سیاہ کر سکتا تھا (تھوڑا بہت لکھنا جانتا تھا) اتنا کہ سیاہ کاری اور سفید دستی کا نام اس پر استعمال کیا جا سکتا تھا (سیاہ کاری = کتابت۔ سفید دستی = افلاس) ایک سال پہلے۔ جبکہ گردش ایلخانی کے آفتاب کا چتر عراق کے علاقہ کی آبادی پر سایہ انداز ہوا۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ اس کا منوب (عامل یعقوبہ۔ منوب اُسے کہتے ہیں جس کا نائب ہو)۔ ایسی دوپہر کی آگ اور ظہر کی تکلیف میں، کہ خورشید کی تیزی حرارت سے

آتش پرست گرگٹ واحزنا (وائے غم) کہتا تھا اور سوزش کی تیزی سے صاف شراب نے صراحی کے حلق اور ساغر کے منہ میں ۔ تمہل (پگھلا ہوا تانبا) اور غسلین (گرم پانی یا پیپ) کا مزاج اختیار کیا ہوا تھا اور ہوا گرم کی تاثیر سے ۔ ع ۔ وبل مچھلی کے مسام پر اس کے فلس (چھلکے) نرم ہو گئے + تخت پر قیلولہ (خواب نیمروز) کے لئے راحت اور آرام کا فرش بچھا اور پاؤں ابن عمران کے پہلو میں رکھے ہوئے تھا کہ دفعتہً خواب کے لشکر کا ایک گروہ تیزی سے ابن عمران کے دماغ کے شہر پر حملہ آور ہوا اور اس کے ظاہری حواس کو بیکاری کے سر پنجہ سے موڑ دیا (روک دیا) حاکم یعقوبہ نے دریافت کیا کہ "ہاتھ کھینچ لینے کا باعث کیا ہے" جواب میں عرض کیا کہ "بموجب عادت نیند کا غلبہ ہے" اس نے سوال کا اعادہ کیا کہ "تو نے خواب میں کیا دیکھا" عرض کیا کہ "خیال کی حس میں اس طرح مشاہدہ میں آیا ہے کہ خلافت کی بساط لپیٹ دی گئی ہے اور مستعصم کی دولت کی ہدایت گمراہی سے بدل گئی ہے اور حکومت بغداد کی کنجیاں میرے قبضۂ ارادت میں آگئی ہیں چنانچہ لوگ میری اس بے استعدادی کے تصور سے اس بات کو بعید سمجھنے لگے اور مزاح و تمسخر کا رنگ ایسی حالت میں بہت سے لوگوں کی طبیعت پر غالب ہونے لگا" حاکم نے (یہ خواب سن کر) ابن عمران کے سینہ میں ایک لات رسید کردی اور اس کو تخت سے اوندھے منہ گرا دیا ۔

دگر شریف نوکرانے والے اور کینہ کی پرورش کرنے والے آسمان، اور ہنر کے دشمن، جاہل پرور روزگار سے اگر ایک پاؤں دبانے والا خادم سربلند اور گردن کش ہو جائے۔ اور بخت و دولت کے بازو کی مدد سے ایک پادشاہت اس کے قبضہ میں آجائے تو عاقل جانتا ہے کہ اعتراض کی انگلی ہرگز اس پر دراز نہیں کی جاسکتی۔ کیونکہ یہ شیوہ اس سے بعید اور عجیب نہیں ہے ۔

لیکن وہ دونوں (ابن عمران اور عامل) اس معاملہ کو پریشان خواب بلکہ کہی گنا ملامت کا مستحق خیال کرتے تھے اور اس کہانی کو نسیان کے طاق پر ڈال دیا ہوا تھا ۔

اس وقت جبکہ ایلخان بغداد کا محاصرہ کئے ہوئے تھا ابن عمران نے اپنا نام ایک تیر پر لکھا کہ "اگر پادشاہ، بندہ کی خلیفہ سے استدعا کرے تو ممکن ہے کہ پادشاہ کے لشکر کے کام آسکوں" اس تیر کو رگوں کی پلیدی والے ہاتھوں سے کمان میں لگایا اور فصیل کے اوپر سے لشکرگاہ کی طرف پھینک دیا ۔ کسی محافظ اور قراول نے پکڑ لیا اور حال بیان کیا ۔ تدبیر کا تیر مقصود کے نشانہ پر پڑا اور یہ سخن کشورکشای ایلخان کے دل میں جاگیر ہو گیا ۔ ایلچی بھیج کر ابن عمران کو طلب کیا ۔ چونکہ کسی حال میں بھی اس جیسے آدمی کا وجود تنگی اور جھگڑے

کا محل نہ تھا اتفاق سے سب نے کہدیا کہ - ع - پرانی زنبیل بغداد سے نہ لو + اس کو باہر بھیج دیا گیا - اُسنے پادشاہ کی خدمت میں جاکر عرض کیا کہ "اگر حکم صادر ہو تو میں ادنیٰ غلام پادشاہ کے لشکر کی رسد سے جس قدر کہ ضرورت ہو مدد کروں" اگرچہ یہ سخن سچائی سے دور اور از قبیل محال نظر آتا تھا اس کو اجازت اور پروانگی دے دی گئی -

وہ (ابن عمران) زمین کی اندر کی ڈھیریوں پر جو غلّے کے پوشیدہ رکھنے کی جگہیں تھیں - یعقوبیہ اور حوالی کے اندر اُن کی اطلاع اور علم رکھتا تھا - کہتے ہیں کہ پچاس روز بموجب مقرر حکم شاہی اور اپنے قلم کے حوالہ کے لشکر کو رسد بہم پہونچائی - اور اگر عبرت کی آنکھوں سے دیکھا جائے تو بلا خلاف یہی صورت ایلخاں کے اقبال کو تمام کرنے والی اور خلیفہ کی ذلت کا خاتمہ ہوئی -

تو جب بغداد (دشمن کے ہاتھوں) فتح ہو گیا تو اس خدمت کے حق اور صلہ میں ابن عمران کو تحائف اور حکومت بغداد سرفراز کیا گیا اور حکم ہوا کہ ابن العلقمی اس (ابن عمران یا ئمال؟) کا ملازم اور نوکر رہے -

ابن العلقمی اپنے کئے سے سخت نادم اور شرمسار - اور مایوسی اور رسوائی کا مصاحب اور دوست ہوا - باوجود اس کے مثل - ابن العلقمی کی ذلت اور اہانت میں مبالغہ کرتے تھے چند ایام ناکامی میں جد سر دھوڑ دھوپ کرتا اور حسیتی دکھاتا اور اطراف کے وسیلہ کے دامن سے تعلق بناتا - مکر اور فریب کا پودا اس جنس کا پھل دیتا اور شر اور فساد کی بنیاد اس وجہ پر لوگوں میں مشہور ہو جاتی -

داناؤں نے سچ کہا ہے کہ پانچ گروہ پر اعتبار نہیں کرنا چاہئے (۱) زخم یافتہ دندہ (۲) ظالم پادشاہ - (۳) خاکساری کی عادت والا دشمن - (۴) وہ عورت جو وفاداری اور ثابت قدمی کا اظہار کرے (۵) وہ چغل خور جو دوسروں کے عیبوں کے ساتھ، اپنی مصلحت اور فائدے کے لئے زبان کھولے -

بعد ازاں کئی سال تک، دیواروں کی سطحوں، گھروں، مدارس اور سراؤں کے دروازوں کے تختوں پر مختلف قلموں اور متفق عقائد سے لوگ لکھتے رہے - لعن الخ - اللہ لعنت کرے اس شخص کو جو نہ لعنت کرے ابن العلقمی کو - کہتے ہیں کہ اس شیعہ کے کسی دوست نے (ابن العلقمی شیعی تھا) لفظ لا (در لا یلعن - نہ لعنت کرے کی بجائے لعنت کرے - یعنے اللہ لعنت کرے اس کو جو لعنت کرے ابن العلقمی کو) ان کلمات سے کھرچ دیا تو اُسے ستر بید (تازیانہ) کی سزا دی گئی -

مغلوں کے اندر ایک اچھا طریقہ اور پسندیدہ عادت ہے کہ ہرگز چغلخور اور سخن چین پر اعتبار نہیں کرتے اور بھروسہ اور اعتماد کی نظر سے اُسے نہیں دیکھتے اور اگر کبھی بوجہ حصول نفع یا گوشمالی دشمن چغلخور کی تربیت اور مدد کرتے اور اس کے سخن کو سنتے ہیں تو جونہی کہ وہ مہلت پوری ہو جاتی اور وہ مقصود اسکی چغلخوری کے ضمن میں حاصل ہو جاتا ہے اس کو استنجے کے ڈھیلوں کی مانند پلیدی میں استعمال کرنے کے بعد ناپاک سمجھتے اور اس کے سخن کو بیہودہ قرار دیتے ہیں "مثل شیطان کے جب وہ آدمی سے کہتا ہے کفر کو جب وہ کفر کرتا ہے تو یہ کہتا ہے کہ میں تجھ سے بری ہوں" اور اس کے بعد اس کے قول اور قلم کا اگرچہ صداقت سے ملا ہوا ہو کوئی وزن نہیں رہتا۔ تو کس طرح (اعتبار ہو) جب کہ اغراض فاسدہ اقسام اور مختلف جھوٹ اور کذب "اس نے بہتان اور کھلا گناہ برداشت کیا ہے" (اٹھایا ہے یا ارتکاب کیا ہے) ظاہر ہوں۔ اور یہ بات شریعت کے بہت قریب ہے۔ اس طرح کہ جب کوئی شخص قابل جرح وقدح (خلاف شرع امور کا مرتکب) ہو جائے۔ اس کی گواہی شرعاً نہیں سنی جاتی۔

۔ (اب پھر کہانی بغداد کی طرف متوجہ ہوا ہے۔ درمیان میں چند واقعات بیان کر دئے ہیں)۔

لشکر ایلخانی کی یلغار چالیس روز تک ایلخانی لشکر قتل، لوٹ، سختی، شدت۔ مکانات اور گلی کوچوں کی ویرانی اور اموال کے نکالنے میں مصروف رہا۔ پادشاہ نے باقی لوگوں کی جان پر رحم کیا اور لشکر کو قتل سے روک دیا اور امیر اور کوتوال مقرر کر دئے۔

قصہ صفی الدین عبد المومن اور صفی الدین عبد المؤمن، جو فنون آداب میں زیادہ توجہ دینے سے فیثاغورس ثانی۔ دو تاروں اور تین تاروں کا مفسر اور فن موسیقی کے مٹے ہوئے نشانات کا زندہ کرنے والا تھا۔ اور جس نے متقدمین کی تصنیفات کو ترک کر دیا اور موسیقی کے بارہ پردوں کے اصول پر (رہاوی حسینی۔ راست۔ حجاز۔ بزرگ۔ کوچک۔ عراق۔ صفاہان۔ نوا۔ عشاق۔ زنگلہ اور بوسلیک) چند شعبے بڑھائے اور سلف کی تصنیفات کی قدموں کی لغزشیں پھر ظاہر کیں۔ اور عمل (گانے) کی صورت میں جب حیران کرنے والے الحان کے ساتھ اپنے عمل کئے ہوئے اور بنائے ہوئے دیوان میں سے کوئی غزل گاتا تو سچ یہ ہے کہ ابو نصر فارابی کے بسائط (مفرد نغموں) پر جو اس صنعت والے لوگوں کا مرجع اور جائے بازگشت ہے۔ اعتراض کرتا تھا۔ اور جس وقت کہ مضراب (جس سے کہ سارنگی وغیرہ کو بجایا جاتا ہے) کی مشاطہ سے اوتار کے پیچدار زلفوں کو ٹھیک کرتا تو باربد (خسرو پرویز کا قوال) کی طبیعت سرنگی کے گیسوی کی طرح پاؤں میں جا پڑتی۔

دعاجزی کرتی) بربط کی مانند گوشمالی کھاتی۔ دف کی طرح کانوں میں حلقۂ غلامی ڈالتی اور بانسری کی صورت ٹکٹکی لگائے دیکھتی رہ جاتی ہے۔ اور نسبتوں اور تالیف کے علم کے انکشاف کے وقت اس کے مطلق حکم سے افلاطوں کی روح وجد میں آجاتی اور اصول کے بیان کرنے میں خفیف اول سے لے کر ثقیل ثانی تک خفیف اول وثانی وثقیل وغیرہ نظم عروض شعر کی اصطلاحات ہیں۔ اُدھر رجوع کیا جائے) فرق نہ رکھتا تھا۔ اور اس کی تقریر کے بقیہ ذوق اور لطف سے آسمان آواز بن جاتا اور بغیر رقص اور سُرتال کے اپنی موزون ہیئت پر حرکت اور چکر میں آجاتا تھا۔

اِن مصائب اور سختیوں کے درمیان میں بادشاہ کے سریر سلطنت کی خدمت میں دوڑا اور دن کے شروع سے سورج کے غروب ہونے تک فلک شکوہ بارگاہ کے باہر کھڑے ہو کر بربط بجاتا رہا اور کسی فرد بشر نے اس پر نظر نہ ڈالی۔ جب اس کا حال عرض کیا گیا تو ایلخان نے اس کی بربط سے اس کی زیادہ اچھی پرورش کی اور مضراب سازی کے صلہ میں دس ہزار دینار بغداد سے وظیفہ کے طور پر بموجب رسم کے سالیانہ مقرر فرمایا اور سالہا سال اس پر اور اس کی اولاد پر وہ مہربانی عام رہی۔

جب جہان کا مال جمع اور دشمن (خلیفہ) تباہ ہو گیا۔ مکانات، منازل اور جو کچھ اُن میں تھا۔ کو اکھیڑا۔ لوٹا۔ اور جلا دیا گیا اور کام موافق مطلب بن گیا تو بادشاہ کے حکم سے مولانا اعظم نصیر الدین نے۔ اللہ تعالیٰ اس کی روح کو راحت نصیب کرے۔ فتح نامہ۔ جو حکمت کی روح بلاغت کے جسم میں زندہ رکھتا ہے۔ مختصر ترین عبارت اور عاجز کرنے والے اشارے ہیں۔ جو ایسی نامدار فتح کے اعلان سخت رعب اور مزید اقتدار کے اظہار، مختلف شہروں کے باشندوں کے پہلوؤں کو لرزانے اور اقطار کے حاکموں اور والیوں کو خوف دلانے اور استظہار کی شوکت سے ڈرانے پر شامل تھا۔ ملک شام میں بھیج دیا۔ بلاد حلب سے ایک خط اُن کے جواب میں رد کرنے کے لئے۔ صادر کیا گیا جو کہ خبر دینے والا نہا دل کے ثابت رہنے، اعتقاد کی پختگی اور قتل اور جہاد کے وعدہ کی دھمکی پر اور مبنی تھا اور پر ظاہر دشمنی، عداوت باہمی اور مخالفت اور دوری کو دائمی رکھنے کے۔ جب با اقتدار بادشاہ کے دربار میں یہ جواب (حلب والوں کا) پہونچا تو غصے کی آگ بھڑک اُٹھی اور تسلی اور سکون کی آبرو مٹی پر گر گئی۔ چاہا کہ اس علاقہ کی ہستی کی خرمن، فنا کی ہوا کو دیدے (ان فقرات میں عناصر اربعہ۔ آگ۔ پانی، مٹی اور ہوا کے یکجا لانے کا التزام کیا گیا)

تو "کیدبوقا"، کو تیس ہزار لشکر کے ساتھ، کہ یہ بیت مصنف کا کہا ہوا اس کے مطابق ہے۔
س ۵ وہ ایسا لشکر ہے کہ جب ننگی کرتا ہے اپنے قہر کی تلوار۔ تو ہو جاتا ہے ظالم
زمانہ مانند تائب (توبہ کرنے والے) کے۔
مانند اٹل قضا کے اترنے میں اور مانند سیل عزم کے تیزی میں، علاقہ شام کے فتح کرنے کے لئے روانہ کیا اور خود شام کی اس مخالفت سے عیب اور عار اُن کے رخسارہ کے حال پر ہمیشہ رہی۔ جیسا کہ اس ذکر کے بعد لکھا جاتا ہے۔

استخلاص حلب اور شامیوں کے ذکر کا تتمہ

حکم شاہی سے شاہزادہ یشمت بڑے بھاری لشکر کے ساتھ حلب کے فتح کرنے اور میافارقین کے ویران کرنے کے لئے جوش میں آیا اور پادشاہ، ملک کامل سے جو سلطنت میافارقین کا مالک تھا نہایت غصے تھا اور فرمایا کہ سطوت کے طوفان کا اس علاقہ میں ایک سیلاب باندھ دیں اور پادشاہانہ ہیبت کی بجلیوں میں سے ایک برق اُن کو دکھائیں اور ہستی کی پوشاک رہنے والوں سے اتار لیں۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ محاصرہ بغداد کے زمانہ میں خلیفہ نے اس (ملک کامل) سے لشکر کی مدد اور کمک طلب کی تھی اس نے لشکر آراستہ کر کے اسلام کی مدد کے لئے بھیج دیا۔ جب موضع لشاریہ میں پہنچے جو راستوں کے علیحدہ ہونے کی جگہ اور دو مختلف طرفوں کا ذریعہ ہے خلیفہ کی خبر مرگ اور بغداد کے فتح ہو چکنے کا حال سن لیا، وہاں سے چھوٹی اور بڑی جھنڈیوں کو ادب کے جھنڈے کی مانند اس عہد میں اوندھا کر کے مٹی کو افسوس کی راہ سے حسرت کی آنکھوں پر پھینکتے ہوئے واپس ہوئے۔ شاہزادہ نے بموجب فرمان پادشاہ کے میافارقین کی راہ سے لشکر کشی کی۔ ملک کامل نے معلوم کیا کہ عاجزی کے خانہ میں پھنس جانے کے اندر رہن (گروی) کی شرط پر خوشی کی داد دینا دھوکہ اور نادانی ہے۔ نہ کہ جُوا۔ اور تریاق اکبر کے بھروسہ پر زہریلے سانپوں کی زہروں کا امتحان کرنا جنون ہے نہ کہ طبابت۔ خزانوں اور خاص غلاموں کے ساتھ۔ قلعہ انکلیک اور ریحانیہ میں جو مضبوط قلعے اور وافر ذخیروں سے امداد دئے گئے تھے پناہ لی۔ لیکن نواحی اور اعمال میں جو کہ گذرگاہ میں لشکر یشمت کے واقع ہوئے جو کچھ بھی امکان میں آیا۔ باشندوں کے قتل۔ مساکن اور مواطن کے ویران اور خراب کرنے اور منازل کے لوٹنے سے عمل میں لایا گیا۔ اور مانند بجلی کے کھیتوں کے اندر۔ گرگ کے ریوڑ میں۔ سیل کے، مکانات میں۔ اور آگ کے جنگل میں۔ انہوں نے آثار دکھائے تو پھر وہاں سے "حلب" کا ارادہ کیا اور شہر کے احاطہ

میں نزول فرمایا۔ اور خوف وہراس کے لشکر باشندوں کے محل خفا (دل) میں حلول کر گئے اور فائدہ مندی اور نصیبہ وری کی امداد جلدی سے کوچ کر گئی۔ وہاں کے اہالیان نے مجبوراً اطاعت کا دروازہ بند کر دیا اور زبان کے قلعے سے تیر کھولے رکھے۔ افسوس کہ مچھر تیز اور تند ہوا کے ساتھ مقابلہ کی تاب کب لا سکتا ہے؟ اور تپانچہ، تلوار اور تیر کے ساتھ کس طرح مقابلہ کر سکتا ہے۔

بعد اس کے کہ انہوں نے (لشکریان بشمت) چند روز کوشش کی بالآخر شہر کو قہر اور جبر سے لے لیا۔ مغلوں نے شہر میں خونریزی کی، خوفناک قتل کا ارتکاب کیا اور تباہی، لوٹ مار غلام بنانے اور قید کرنے میں، جو ان کی مقررہ عادت ہے، مشغول ہو گئے۔ مسلمانوں کی عزت والی خواتین جو ابن جلا (سورج) کے شعاع بلکہ اپنے سایہ کی سیاہی سے چہرہ اور رخسارہ کے لئے ندامت اور خوف کا پیرایہ باندھتی تھیں۔ اب آفتاب کی طرح ہر دری اور ہرجائی ہو گئیں (یعنے جابجا اور دربدر ماری پھرتیں) اور سایہ کی مانند سرکش دیو اور شیطانوں کے پیچھے پیچھے چلتی تھیں۔ پاک دامن عورتوں کو جو حضرت سارہ کی خصلت والی (حضرت سارہ زوجہ حضرت ابراہیم علیہ السلام)، عصامی (نام زن صاحب نعمان) کی عصمت والی۔ اور آسیہ (زوجہ فرعون) کے نمونہ والی تھیں۔ شرابخوری کی مجلس پیالہ ہائے شراب کے لینے اور دینے میں اٹھاتے اور بٹھاتے تھے۔ بہت سی چاند صورت لڑکیاں تھیں جو لونڈیاں ہو گئیں اور آزاد پردہ نشین عورتیں تھیں جو بھائی اور خاوندں کے سامنے رسوائی کے میدان میں لائی گئیں۔

خلاصہ اس قدر غنیمت مغلوں کے ہاتھ آئی کہ ہتھیار، جواہر، نرم کپڑوں اور کثیر نفیس چیزوں کی کثرت سے میزان اعتبار میں ان کا وزن دو قیراط بھی نہیں سمجھتے تھے۔ اس قدر خزانہ، جو زر و سیم کی تھیلیوں، بے نظیر موتی اور جواہر کی لڑیوں اور لعل آبدار، سبز زبرجد، سرخ رنگ عقیق اور خالص یاقوت کے ٹکڑوں سے پر تھا۔ شاہزادہ کے خزانچیوں کے دست تصرف میں آیا کہ وہم کے محل و دیوار اس سے مرصع ہو گئے، اس خزانہ کے ضبط اور حفاظت کے لئے باپ کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا۔

جب قتل، لوگوں کے غلام بنانے، شہر اور دیہات کے ویران کرنے اور غنیمتوں کے خاموش اشیاء (زر و جواہر) اور چوپایوں سے۔ حاصل کرنے کا کام انتہا کو پہونچ گیا۔ جھنڈے کے اٹھانے اور لشکر کے انتقال کا ارادہ قیام اور وقوف پر غالب ہو گیا۔ جب کہ منزلوں کے سفر کو طے کر چکے اور زمین کے اعضا اور پسلیوں کی، گھوڑوں کی سموں کی ٹھوکر سے۔

آواز ساتویں آسمان تک پہونچ گئی تو شاہزادہ نے باپ کے تخت کی خدمت میں ٹہل کر خزانہ پیش کیا تو پسندیدہ مقام اور بڑا رتبہ حاصل کیا اور سلطان احمد کے زمانہ تک اُس خزانہ کا بقایا موجود رہا۔ اور ارغون خان کے زمانہ میں دریا کی پیدائش کا ایک دُرِ یتیم جو مریم کے بیٹے کی طرح (پاک) تھا۔ کلاہ کے قبہ میں مرصع کئے ہوئے تھا۔ اور اس کی زوجہ دو مثقال اور چار دانگ (سوا تولہ) زمانہ بطور اشارے کے کہتا تھا کہ کوئی شخص دریا سے نہیں کہتا کہ یہ دُرِ یتیم تو کہاں سے لایا ہے؟ (اور حضرت مریم سے تو اس کے پسر عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق دریافت کیا گیا) اس کی زینت اور خوبی کو شیخ الاسلام جمال الدین کے پیش کیا گیا۔ یعنے کیا اس کا نظیر اور جفت تلاش کیا جاسکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ یہ حلب کے خزانہ کا ہے۔

اِدھر دوسری طرف سے جب کیدبوقا لشکر کے ساتھ روانہ ہوا تو سطوت کی شہرت کے منتشر ہونے اور لشکر ایلخانی کے ہجوم سے شام کے علاقے تھوروں کے دل کی طرح بے صبر ہوگئے اہالیان دمشق نے اس وقت متواتر طور پر اس جہاں آشوب لشکر کے داخل ہونے اور پیش قدمی کی خبر معلوم کی ہوئی تھی اور ان شہروں کی ویرانگی۔ جو اس کی نظیر تھے کو حالات کے جاری ہونے کا عمدہ ذریعہ اور اپنے اعمال کے تمسک کا دستہ اور قبضہ بنایا اور ملک ناصر کے حکم سے اُس علاقہ کے اکثر باشندے اُمراء لشکری اور مال اور طاقت والے حدود مصر کی طرف چلے گئے اور (ملک ناصر) وادی رمل میں۔ جو درمیان سرحد شام اور مصر کے حائل اور واقع ہے، دریائے نیل سے پرے، مانند دراز رستہ کے۔ ملتجی اور اور پناہ گیر ہوا، اور ہمت ایک دوسرے کی مدد اور استقلال پر منحصر اور موقوف رکھی۔ اور ملک ناصر الدین۔ ملک اشرف کا پوتا تھا جس کی رباعیات، فارسی اوزان کے ڈھلے ہوئے ہونے اور لطف اور سلاست کی صنعت میں، ایسی ہیں کہ وہ خیال کی سیر گاہ پر ملتی اور ضرب الامثال کی جگہ جاری ہوتی ہیں اگرچہ وہ بے مثال اور بے نظیر ہیں۔

دمشق کے باقی لوگوں نے جب جدل اور لڑائی کی طاقت اور مقابلہ کا موقعہ نہ دیکھا تو بڑے بوڑھے اور مشہور و معروف لوگ، چھوٹی جھنڈیوں، جھنڈا اور رحمت نامہ قدیم کے مصحف یعنے عزت والے پادشاہ (خدا) کے کلام کے ساتھ اتباع کی رسومات کا استقبال اور ملاقات کی اور سختیوں کے غلبوں اور رعب کے جوش سے ہدیہ رسانی اور صلح کے طریقہ کے التزام سے بچاؤ حاصل کرکے عاجزی کی پیشانیوں کو اطاعت کی زمین پر رکھ دیا۔ اور مقام فرمانبرداری اور تسلیم میں شہر اُن کے سپرد کر دیا۔ کیدبوقا مع لشکر کے شہر کے

اندر داخل ہوا اور قلعہ کو قبضۂ تصرف اور تسخیر کی صورت میں لایا۔

جب سات ماہ تک قبۃ الاسلام دمشق کے ممالک کا میدان، غلبہ کی جھنڈیوں کا مرکز اور اس کے حشم محتشم کا خیمہ گاہ رہا تو سلطان مظفر نے جو ان دنوں قاہرہ (مصر) کا فرمانروا تھا کیدبوقا کے نکالنے کے ارادہ سے بارہ ہزار سوار کے ساتھ، جن میں سے ہر ایک مقابلہ کے بازو کا کنگن، بہادری کی چوٹی کا خود (لوہے کی ٹوپی) قلب شکنی کے سینے کی حمائل اور صفدری خونریز تلوار تھا۔ متوجہ ہوا۔ کیدبوقا نے جب معلوم کیا کہ سلطان مظفر ادھر کا قصد رکھتا ہے اور نشتر کو اپنا قانون اور پیشہ بنائے ہوئے مکر کے نشتر سے ان (کیدبوقا اور اس کے لشکر) کی زندگی کی شریانوں کو فصد کرنا چاہتے ہیں، تو اس نے موجودہ خزانہ کو بیوی اور بچوں کے ساتھ قلعہ دمشق میں بھیج دیا۔ اور خود لشکر کے ساتھ اُن کے مقابلہ کے لئے آگے بڑھا اور بیابان کی سرحد پر اتر پڑا۔ مصریوں (سلطان مظفر اور اس کے لشکر) نے فیصلہ اور اتفاق کیا تھا کہ "رمل سے آگے صرف دو روز کا راستہ جائیں اور اچانک واپس مڑ جائیں اور سفید کپڑوں کی، بموجب آئین لشکر تتار کے، جھنڈیاں ظاہر کریں۔ اور جب یہ نشان ظاہر ہو جائے تو شام کے لشکری بھی مکانوں اور گھاتوں سے حرکت میں آجائیں اور لشکر مغل کی پوری سرکوبی اور تباہی۔ اس نام سے کہ جب تک جہان ہے قائم رہے۔ کریں"۔ اس عہد اور قرارداد سے لشکر مصر وادی رمل سے آگے چلا گیا۔ اور شام کے لشکری مدد کی گھات اور انتظار اور آزمائش کی وعدہ گاہ میں عزم اور ہوشیاری سے اٹھ کھڑے ہوئے۔ اور لشکر مغول غرور اور عیش کی راہ سے جنگلوں اور مرغزاروں کے میدان میں خیموں کی رسیاں دراز کئے ہوئے خالص شراب کے پیالے چڑھاتے سواریوں اور گھوڑیوں کو قدم اٹھاتے ہوئے آمادہ اور تیار چھوڑ دیا۔ اور پسندیدہ راگ کی آواز میں مصروف، بے غم تھے پہرہ اور حفاظت سے۔ اور غافل تھے قہر اور رعب کی نازل ہونے والی بلاؤں سے۔

اس وقت جبکہ وہ اللہ کے گروہ کے لشکر کی فتح اور بادشاہ کے لشکر کی سختی اور بہتری کا کفیل تھا۔ مصریوں کی سفید جھنڈیاں ظاہر ہوئیں۔ مغلوں نے بیگانہ کا خیال نہ کیا اور اپنی جگہ پر مقیم رہے۔ یہاں تک کہ آس پاس سے لشکروں کی صفیں، جوش و خروش کے ساتھ مانند احاطہ کرنے والے دائرہ کے ایک دوسرے کے ساتھ مل گئیں اور اچانک ایک ہی دفعہ سب نے حملہ کر دیا۔ ان میں جو خواب میں مست اور بعض شراب کے پیالوں کے لینے دینے میں مشغول تھے ایک ایک گروہ نے مختلف گوشوں سے تیار ہو کر اسلحہ سے آراستہ لڑائی کے لئے رخ کیا جیسے پتنگا اپنے آپ کو شمع کے شعلہ پر مارتا ہے، ناچیز ہو گئے۔ بہادروں

(لشکر مصر) نے نیزہ زنی - تلوار زنی - تیر اندازی، مشق، پھاڑنے اور زخمی کرنے میں ہاتھ
بڑھائے - جیسا ایک نیزے کا الف پہلوانوں کی ہتھیلی سے نونِ تثنیہ کی مانند اضافت میں
گر گیا تو تمام دلیروں نے تیر کو ہمزہ کی طرح کمان کے نون تاکید کے ساتھ بار کے ابرو
اور ہمزہ کی مانند ایک دوسرے میں ملا دیا (یعنی نیزہ بازی کے بعد تیر افگنی شروع کر دی)
فوراً گزرنے والی تلواریں روحوں کے استقبال کے لئے جاتیں اور سینہ کے مصادر کو (لازمی
ہیں) پھاڑ کی طرح اور صحیح نشانہ والے تیروں سے مشتق بنا دیتی (یعنی چیر ڈالتیں) اور دلوں
کے دو اندرونی اجوف (کھوکھلا) کر دیتیں (اس عبارت میں عربی گرامر کی بہت سی مصطلحات لایا
ہے - نون تثنیہ، الف واحد، نون کا اضافت کے وقت ساقط ہو جانا، ماضی مستقبل، مصادر،
مشتق، معتل، مثال، صحیح اور اجوف - ان کی تفصیل کی لئے عربی گرامر کی کتابوں کی
طرف رجوع کرنا چاہئے) مصری تلواروں کے خطیب اور لکچراروں نے مقتولوں کے کندھوں
کے منبروں پر (کندھوں کو منبر بنا کر) یہ آیت اللّٰھم الخ - اے اللہ قتل کر دے اہل کتاب
میں سے ان کافروں کو جو جھٹلاتے ہیں تیرے پیغمبروں کو اور روکتے ہیں لوگوں کو تیری راہ سے
اور بنا رکھے ہیں تیرے ہوتے ہوئے دوسرے معبودوں کو - پڑھنا شروع کر دی -

آخر کار کیدبوقا تمام لشکر سمیت ان سرداروں کے گرزوں کے زخم اور اس پلنگ کے
آشام اسلحہ اور شیروں کی طرح ذلیل کرنے والے لشکر کی تلواروں کی شمشیر زنی سے لڑائی
کے میدان کی بساط پر ہلاکت کا نشانہ ہو گئے - یا اللہ تو مصیبت سے بچا ہوم مگر چند زخمی
بچ اس سخت لڑائی اور بربادی کی خبر ہلاکو خاں کی خدمت میں لائے - ھ

ہر وقت شکر کے لقمے نہیں نگلے جاتے کبھی صاف شراب پی جاتی ہے کبھی تلچھٹ

اس تاریخ سے پھر مسلمانوں کے لشکر کی دھاک (تحقیق) اور شامیوں کی کمال دلیری
پوری شجاعت اور شدت، مضبوطی اور ان کی لطیف حیلہ گری اور ثبات قدمی لڑائی کے میدان
اور جنگ کے مقام میں مغلوں کو معلوم ہو گئی -

پھر ملک مظفر نے حکم دیا اور خزانہ جو قلعہ میں تھا اور کیدبوقا کے زن و فرزند کے
قبضہ تصرف اور گرفتاری کی قید میں لایا اور تمام محافظین اور نگہبانان قلعہ کو اطاعت اور
عاجزی کی لڑی میں پرو دیا - اور کفار کو بغیر اس کے کہ مصری تلوار کو پگھلے ہوئے عقیق
سے (خون سے) جس کا مجری گردنوں کی رگیں ہیں - ملوث کرتا - عدم کے ویرانہ میں
بھیج دیا اور ان کو قلعہ کے اوپر کی طرف سے نشیب میں پھینک دیا -

اس واقعہ سے پہلے دمشق، حلب اور دیار شام کے ملحقہ مواضعات ملک مصری

شمار سے باہر تھے، جب ملک مظفر کے حال کا دیباچہ اس فتح کے نقوش سے مزین ہو گیا فرمایا کہ یہ علاقے جو آبدار تلوار کے زخم سے، کفار کے قبضہ سے، نکل چکے ہیں چاہیئے کہ ملک مصر سے ملا دئے جائیں۔

اس مہربان (خدا) نے جس کی مہربانیاں، لطف اور نعمتوں کے اقسام، منتوں کے طریقے اور بخل کی سنت سے بری ہیں۔ ایک چاشت (اول روز) کی کوشش سے ملک شام، جو سورج کی گردش میں (تمام ملک میں) کمال شہرت رکھتا تھا۔ ملک مظفر کو عنایت کر دیا۔

ذکر استخلاص میردین

ان حالات کے درمیان "شماغر نوئین" آسمان کے مرتبہ والے ایلخان کے شاہی حکم سے بہت بڑے لشکر کے ساتھ "میردین" اور اس حدود کی استخلاص کے لئے نامزد ہوا۔ اس وقت پادشاہ ملک سعید تھا اور اپنے بیٹے ملک مظفر کو قید و بند میں رکھتا تھا۔ چونکہ وہاں کا قلعہ آسمان کی چوٹی کے ساتھ بلندی میں ہمرازی، اور سد سکندری کے ساتھ مضبوطی اور محکمی میں شرکت رکھتا تھا۔ اس پختگی اور حفاظت کے لئے مدد اور طاقت بڑھا دی۔ اور مدافعت اور جنگ کے اسباب مہیا کر لئے۔ شماغر نے لشکر کے ساتھ خیموں کے لگانے اور قیام کی جگہ اختیار کی اور وہ (شماغر) ایک امیر تھا ترک بہادروں میں کمال مردانگی اور شہسواری میں ممتاز۔ اور باوجود اس کے کہ اس کے تیر پیس سو جیبانی گز کے فاصلے تک پہونچ جاتے تھے، قلعہ کی نصف بلندی سے واپس ہو جاتے تھے۔ پس سپیک قتغامی اور تسغور بطور ایلچی کے "میردین" کے پاس گئے اور پادشاہ کی زبان سے انہوں نے کہا (یعنی پادشاہ کا پیغام دیا) کہ یہ مشرق اور مغرب کے ملک جو اس لشکر کی مدت خروج میں فتح ہو گئے اور ہلاکت اور تباہی کے اسباب [illegible] لئے تیار ہوئے۔ قناعت کرنے والے و اعتبار اور شفیق ناصح [illegible] کرنے والے ہیں۔ اگر اہل قلعہ سرکشی پر اصرار کریں گے اور اٹھے کئے ہوئے پتھروں (قلعہ) کی حفاظت میں پناہ حاصل کریں گے اور غرور کی ہوا کو اپنے دماغ میں راہ دیں گے تو انجام میں اس کا ثمرہ ملک کی ویرانی اور مال و جان کا ضائع ہونا ہوگا اگر اطاعت اور انقیاد کو قبول کریں گے تو اس قدر مسلمانوں کا سامان، مال اور زن و فرزند امن کے قلعہ اور امان کی حفاظت میں رہیں گے۔ بیچ۔ ان دونوں باتوں سے جو پسند ہو اختیار کرو

سلطان سعید کا اندرون مخالفت کے دھماکوں کی دھمکی اور ہیبت کی بجلیوں کی چمک سے متزلزل اور مضطرب ہوگیا، ایلچیوں کی تسلی اور پرورش کرکے نفرت (کینہ) کی گرہ کو کھول اور دشمنی کا دروازہ بند کرکے اطاعت کی راہ میں داخل ہوگیا۔

جب اس (سلطان سعید) نے پادشاہ کے دربار میں مختلف تحفوں اور قسما قسم کے ہدایت کے ساتھ شرف حاصل کیا تو اس کو سات وزیروں سمیت۔ جو اس کی پادشاہت کے آسمان کے تدبیر اور مشورہ کے وقت، بمنزلہ سات سیاروں کے۔ اور دشمنوں کے زمانے کے لئے اُن کے مکروں کے دفع کرنے کو سات روشن انگارے تھے قتل کردیا گیا۔ پھر ملک مظفر کو قید خانہ سے خوشی کے اُنس خانہ میں پہونچایا گیا اور باپ کا قائمقام اور باج وخراج کا التزام کرنے والا ہوا۔ اور آخر عمر تک پسندیدہ خدمات کے ساتھ مبارک خاندان کی خدمت میں مقیم رہا۔ اور میر دین کی کوتوالی بھی اُن ایلچیوں پر جن کا نام پہلے بیان ہوچکا ہے (سیوک، قتغتای اور تنغوبر) مقرر کی گئی۔

اُن اسباب کا بیان جن سے ہلاکو خان اور برکہ اغول کے درمیان وحشت پیدا ہوگئی

اس وقت کہ بادشاہ جہانگیر چنگیز خان، دنیا کے ممالک اور پادشاہوں پر قادر اور مالک ہوگیا اور اطراف اکناف کو چار بیٹوں (۱) توشی (۲) جغتای (۳) اوکتای اور (۴) تولو پر تقسیم اور منازل اور جاگیروں کو دنیا کے چاروں اطراف میں معین کردیا جس طرح کہ اُس کے عقل کے روزنامہ کے مناسب اور اس کی بے انتہا ذکاوت کی صوابدید تھا اور نواحی اور بلاد کی تفصیلات تاریخ جہاں کشائی میں لکھی اور ذکر کی گئی ہے۔

جغتائی کے منازل کے میدان الیغور کے قلعوں کی حدود سے سمرقند و بخارا کی حدود تک مقرر اور مقام مالوف ہوئے۔ اور دائماً المالیغ کے قریب رہتا تھا۔ اور اوکتائی چونکہ باپ کے مبارک زمانے میں ولی عہد سلطنت ہونا چاہتا تھا۔ نیز حدود ایمیل وقوباق کو تخت گاہ خانیت اور پادشاہت کی ناف تھا (یعنی وسط) مقام رکھا۔ اور تولو کی جاگیر اور منازل اوکتای کے ساتھ ملی ہوئی اور اس کے پڑوس میں تھی۔ اور اطراف قیالیق، خوارزم، اقصی سقسین اور بلغار سے دربند و باکویہ

کی سرحد تک، طول میں بڑے بیٹے توشی کے نام سے مقرر کر دیا۔ اور ماوراء دربند جس کو "مُرقبق" کہتے ہیں۔ ہمیشہ سردسیر مقام اور اس کے منتشر لشکر کے جمع کرنے کی چھاؤنی ہو گیا۔ اور کبھی اران تک دوڑ جاتا تھا اور کہتا تھا کہ اران اور آذربیجان بھی اس کے ممالک اور منازل میں داخل ہیں۔ اس وجہ سے جھگڑے کے اسباب اور باہم دشمنی کی امداد نے دونوں طرف سے تعاقب کیا۔

موسم سرما ۶۶۲ھ میں جب تقدیر کے زرگر نے "روودربند" کو خالص چاندی کی مانند کیا ہوا (برف سے سفید) سرما کے پوستین کاٹنے والے نے ٹیلوں اور گڑھوں کے طول و عرض کے مطابق قاقمی لباس (سفید رنگ) کاٹا ہوا۔ اور نہر کے اوپر کی سطح ایک نیزہ کی مقدار ٹھوس پتھر کے اجزا کی طرح بنی ہوئی تھی۔ برکہ اغول کے حکم سے مغلوں کا لشکر، جو دیووں اور غولوں سے زیادہ ناپاک اور بارش کے قطرات سے بہت زیادہ تھا، اس ٹھٹھرے ہوئے پانی سے آگ اور ہوا کی مانند گزر گیا اور لشکر اور گھوڑوں کی چاکا چاک اور ہنہناہٹ سے زمین رعد کے خروش کے کھٹکے اور بجلی کی چمک اور برق سے پُر ہو گئی۔ غصہ کی آگ روشن کئے ہوئے آب کور کے کنارے تک آ گئے۔

ہلاکوں خاں نے شر کی چنگاریوں کے دفع کرنے کے لئے آراستہ لشکر کے ساتھ ان کا استقبال کیا۔ لڑائی اور جنگ کے بعد اُن کو شکست دیدی۔ اور اسی طرح لشکر کشی کر کے دربند و باکویہ میں پھر لڑائی کا میدان گرم کر دیا (جنگ چھڑ گئی) اور جنگ نے قدم پھیلائے اور لشکر "برکہ" میں سے چھوٹا اور بڑا کوئی زندہ نہ رہا۔ یہاں تک کہ تمام لوگ قتل ہو گئے۔ اور باقی نے مغلوب ہو کر شکست کی باگ راستہ کو دیدی۔ ہلاکوں خاں نے لشکر کو واپس پھرنے کی اجازت نہ دی۔ یہاں تک کہ اس پانی کو جو یخ بستہ تھا بے تحاشا عبور کیا۔ اسی طرح روز بروز باغیوں کی منازل لشکر ایلخانی کے قبضہ میں آتی گئیں۔ جب ملک کے میدان میں شاہزادہ نے نزول فرمایا تو برکہ اغول کے۔ اپنے لشکر کے ہٹ جانے اور ٹوٹ جانے۔ اور دشمن کو تاڑنے والے پادشاہ کے غلبہ اور تسلط سے۔ غصہ کی آگ بھڑکی ہوئی تھی۔ حکم فرمایا کہ تمام لشکر ہر دس میں سے آٹھ (۸/۱۰ یعنے اسی فیصدی) آدمی سوار اور مقابلہ اور قتال کے مرتکب ہو جائیں۔ اچانک لشکر ایلخانی کے سر پر پہونچ گئے اور صلح اور ہمدردی کی راہ کو بند کر دیا۔ اور ظلم کے ہاتھ کو کھول دیا حتیٰ کہ اپنے علاقہ کے میدان کو بیگانوں کی تعدی اور غلبہ کی آمیزش سے صاف اور پاک کر دیا۔ ان کو ہٹا کر چند منزل پیچھے سے تعاقب کیا۔

(ایک روز) جب کہ بادشاہ دشمن سوز اپنے اقبال کی چھاؤنی میں ٹہل رہا تھا حکم دیا کہ برکہ اغول کے تاجر جو تبریز میں تجارت اور معاملہ میں مشغول اور بے حد و اندازہ مال رکھتے ہیں سب کو ہلاک اور قتل کر دیا جائے اور جو مال حاصل ہو وہ خزانہ میں جمع کر دیا جائے۔ اُن کے ختم ہو جانے کے بعد مال امانت داروں کے پاس رہا۔ برکہ اغول نے بطور بدلہ اور انتقام کے ہولاکو خان کے خلاف کے تاجروں کو قتل کر دیا اور وہی سلوک ان کے ساتھ برتا۔ در آمد برآمد، کی راہ اور سوداگروں کی آمد و رفت جیب ہنرمندوں کے کام کی طرح ایک دم بند ہو گئی تو فتنہ کے شیطان زمانے کے شیشہ سے کود پڑے۔

اور اسی اثنائے میں قوبلائے قاآن نے ایلچی بھیجا اور بخارا کی مردم شماری کو تازہ کر دیا سولہ ہزار کی تعداد میں سے جو صرف بخارا میں شمار ہوتے تھے پانچ ہزار کا باتو کے ساتھ تعلق تھا اور تین ہزار کا قوتی بگی مادر ہلاکو خان سے اور باقی آٹھ ہزار الغ قول، یعنے بڑے غلام کے نام سے مشہور تھے تاکہ چنگیز خان کی اولاد میں سے جو شخص سریر سلطنت پر متمکن ہو اُس کو خاص طور پر حکم دے۔ باتو کے ان پانچ ہزار تمام کے تمام کو صحرا کی طرف نکال دیا گیا اور سفید تلواروں کی زبان سے جو سُرخ موت کی قاصد ہیں، موت کا پیغام ان کو سنایا گیا اور اُن کے مال اور زن و فرزند میں سے کسی کو بھی باقی نہ چھوڑا گیا۔

اور چونکہ یہ قاعدہ ہے کہ محبت موروثی ہے اور دشمنی بھی موروثی، عقل کی نظر میں محکم ہے۔ برکہ اغول کے گذر جانے کے بعد اس کا بیٹا منگو تیمور قائمقام ہوا اور آباقا خان کے ساتھ مخالفت قدیم کی بساط بچھادی اور ان دونوں کے درمیان چند دفعہ حملہ کرنے کا اتفاق بھی ہوا اور ایک دفعہ تیس ہزار سوار تلوار مارنے والے اور نیزہ زن آباقا خان کے والیس اور بخ بستہ پانی پر علیحدہ کیے وقت قتل اور ہلاک ہو گئے اور تمام غرق ہو گئے اور زندگی کے ایام کے حاصل کو تختہ تیغ پر منقش کر دیا۔

اس کے بعد جب آباقا خان کو ان کی دلیری اور لشکر کی کثرت معلوم ہو گئی تو دربند کے اس طرف ایک دیوار بنا دی گئی جس کو سیبا، کہتے تھے تاکہ اس جہان آشوب لشکر کی مداخلت اور لڑائی محال اور مشکل ہو جائے۔ اور یہ دشمنی دائم اور قائم رہی۔ اور پہلو تہی اور جانبین کا ایک دوسرے سے بچ کے رہنا برقرار رہا کینجا تو خان کے عہد سلطنت تک۔ جب تقتای منگو تیمور کی سلطنت کا وارث ہوا تو متواتر خط و کتابت اور ایلچیوں کے پے در پے بھیجنے سے تاجروں اور سوداگروں کی راہ کھل گئی اور سیاحوں اور مسافروں کے امن اور سلامتی کے اسباب مہیا ہو گئے اور مملکت اران، اونٹوں، غلاموں، گھوڑوں

اور بھیڑ بکریوں کی کثرت سے موجیں مارنے لگی اور اس اطراف کے عمدہ سامان و متاع نے چند سالہ بندش کے بعد وسعت کی صورت حاصل کی -

ذکر رصد مراغہ

جب پادشاہ کشورکشا ہلاکو خان نے بغداد، اعمال موصل اور دیار بکر کے کام کو تلوار کے قاطع حکم سے فیصلہ تک پہنچا دیا اور وہ علاقے صاف ہو گئے اور سرحد سلطنت روم کوشش کی راہ، بخت کے یمن و برکت اور پادشاہانہ ہمت کی جلالت سے فتح اور محفوظ ہو گئی اور گذرگاہوں کے اطراف اور ممالک کے اکناف کو ہیبت کامل کے نگہبانوں اور مکمل سیاست کے محافظوں کے سپرد کر دیا اور لشکر ہر ایک سرحد میں مقرر اور متعین کر دئیے اور ان امور سے فراغت حاصل کر لی تو مولانا سلطان الحکماء المحققین نصیر الملت والدین الطوسی (علامہ نصیر الدین طوسی) نے اللہ تعالیٰ اس کے درجے بلند کرے اور اسے قیامت کے دن حجت دکھائے تخت سلطنت کی خدمت میں (پادشاہ کے حضور) عرض کیا کہ "اگر غیب دان ایلخان کی رائے میں صواب اور صحیح نظر آوے تو وہ احکام علم نجوم کی تجدید اور مسلسل رصدوں کی تحقیق کے لئے ایک رصد (یعنی ٹیلے پر دو مکان بالمقابل ایک دوسرے کے شرقاً غرباً چار سو گز لمبے اور سو گز اونچے بنائے جاتے ہیں وہاں بیٹھ کر ستاروں کے حالات معلوم کرتے ہیں) بنانا اور ایک زیچ (قانون علم نجوم) استخراج کرنا چاہتا ہے اور فکر دوربین اور رائے ہندسہ کشائی کی صوابدید سے ایلخان کی احتیاط کے لئے مہینوں اور برسوں کے پیش آنے والے واقعات اور حادثات اور خاص و عام کے گھیرنے والے احکام سے اطلاع اور علم ضروری معلوم کرتا ہے اور جس سے کہ وہ ستارے کی سیر مطالع کی تقویم اور سالہائے پرکاریہ (گردش کرنے والے) کی وجوہ بیان کریگا۔ اور دقائق اور تائل میں غور کرنے کے بعد جن سے عطایا کبریٰ، صغریٰ اور وسطیٰ منسوب ہیں اور کواکب پادشاہ کے وجوہ حظوظ حدود اور مثلثات، شرف، خداوندیت، کدخدا اور ہیلاج کے پھر دریافت کرنے کے بعد درازی عمر نفس کا حال، ملک کے باقی رہنے اور وسعت خاندان اور نسل کے بڑھنے اور اس کی حقیقت کو ظاہر کرے گا"

یہ سخن ایلخانی مزاج کے موافق اور زیادہ قابل پسند اور لائق اعتنا ہو گیا اور تمام ممالک بسیطہ کے اوقاف کا متولی ہونا اس کی نظر صحیح کے حوالہ کر دیا (یعنے اسے متولی اوقاف ممالک بنا دیا) اور حکم دیا کہ جس قدر مال، کہ عمارت کی ضرورت، مصالح کی حاجت

اور اس کے اسباب کے لئے کافی ہو۔ خزانہ اور علاقہ سے دے دیا جائے اور شاہی فرمان سے مؤید الدین عرضی دمشق سے اور نجم الدین کاتب صاحب منطق قزوین سے، فخر الدین مراغی موصل سے اور فخر الدین اخلاطی تفلیس سے بلائے گئے۔ اور مراغہ میں شمالی طرف سے بلند ٹیلے کی چوٹی پر ایک رصد خانہ کمال آراستگی سے تعمیر کرنا شروع کیا گیا اور یہ ۶۵۷ھ میں ہوا۔ اور فن نجوم میں ہوشیاری اور عقلمندی اور علم ہیئت اور ریاضی اور کواکب کی رصد کے معلوم کرنے کی باریکیوں کے اقسام (اس میں) قائم کئے اور افلاک کی تمثالات کی تصویروں، تدویرات، حوامل، فرضی اور وہمی دائرے اور جنتریوں کی اصطرلاب کی معرفت منقش اور تحقیق کر دیں۔ اور قمری منازل اور بروج دوازدہ گانہ کے مراتب اس ہیئت پر بنائے گئے کہ ہر روز طلوع کے وقت سورج کا پرتو قبہ بالائی کے سوراخ سے آستانہ کی سطح پر پڑتا اور وسط آفتاب کی حرکت کے دقیقے اور درجے اور سر چہار موسم اور فصلوں میں بلندی کی کیفیت اور گھڑی اور گھنٹوں کی مقدار معلوم ہو جاتی تھی اور کرۂ زمین کی شکل نہایت دقت نظر سے تیار کی۔ اور ربع مسکون کا حصہ ساتوں اقالیم پر طول ایام، عرض بلاد، قطب شمالی کا ارتفاع اور بلندی مختلف مواضعات میں، شہروں کے نام اور صورت وضع اور جزیروں اور دریاؤں کی شکلیں روشن اور واضح کر دیں۔ اس طرح کہ گویا ممالک اور مسالک کی کتاب اس کے کناروں کے نسخے سے جمع کی جا سکتی ہے اور اس (محقق نصیر الدین طوسی) نے ایک زیج خانی پادشاہ کے نام پر تصنیف کی اور چند جدولیں اور حسابی نکتے جو متقدمین مانند کوشیار، فاخر، علائی اور شاہی وغیرہ کی زیجوں میں موجود نہ تھے، بڑھا دئے۔ لیکن طالع سال کے نکالنے میں زیج خانی سے، بہ نسبت متقدمین کی زیجوں کے استخراج حساب کے فرق ظاہر ہوتا ہے۔ جس کا سبب یہ ہے کہ آفتاب کی بلندی ملک یزدجرد اثیم سے پہلے ۱۸ دقیقے اور ۳۱ ثانیہ تھی اور آج کل تبانی، کوشیار اور دوسرے لوگوں کی زیجوں میں ۲۸ دقیقے اور ۴۳ ثانیہ شمار کرتے ہیں اور زیج خانی میں ۲۸ دقیقے اور ۲ ثانیہ۔ اس طرح کہ ۴۰ ثانیے کم کر دئے ہیں۔ یعنے رصد کے مطالعہ سے اس طرح معلوم ہوا۔ بلا شک طالع کے نکالنے کے عمل میں چار درجوں کا فرق پڑتا ہے (کتاب میں برج غلط ہے)۔ کیونکہ وسط آفتاب کی حرکت دن رات کی حرکت میں ایک درجہ ہے تخمیناً۔

مگر ابھی اس رصد کی عمارت تمام نہ ہوئی تھی کہ مقررہ میعاد (موت) نے کمین گاہ سے نشانہ لگایا اور ہلاکو خان کو ۶۶۳ھ میں تودۂ فانی کی مٹی کا گڑھا تخت خانی کی بلندی کے عوض ملا۔ مغلوں کے آئین کے مطابق ایک دخمہ (قبر) بنایا گیا اور سونا اور

کثیر جواہر وہاں گرائے گئے اور چند روشن چہرہ لڑکیاں ستاروں کی طرح زیور اور پوشاک کے ساتھ اور تاج اور کلغی اس کے ساتھ دخمہ میں رکھ دی گئیں۔ تاکہ تاریکی کی وحشت تنہائی کی دہشت، خوابگاہ اور مقام کی تنگی اور عذاب اور دکھ کی جلن سے محفوظ رہ جائے۔ اور خواجہ نصیر الدین طوسیؒ نے (مصنف زیج خانی) اس کی تاریخ وفات کے بیان میں کہا ہے۔ ؎

جب ہلاکو مراغہ سے سرد سیر مقام میں گیا۔ تو موت کی تقدیر نے اس کی عمر کو آخر ختم کر دیا۔ سال ۶۶۳ھ رات اتوار کی جو کہ ربیع الآخر کی انیسویں رات تھی۔

کہاں گیا وہ رعب وخوف اور جباری کا کمال، مزید دبدبہ اور کامیابی، ملکوں کو فتح کرنے والے لشکر کی حشمت اور آسمان کے ساتھ گھسنے والے کلاہ کا گوشہ نخوت، کہ آسمانی قضا کے درمیان آجاتا اور خدائی تقدیر کو مانع آتا۔ یا اس قدر خزانے اور دفینے فدیہ کے طور پر درمیان میں رکھ دیتا اور ایک ساعت تاخیر اور مہلت حاصل کرتا۔ ؎

تیغ جہانگیر اور گرز قلعہ کشاہی کے زخموں سے جہان میرے تابع ہو گیا جیسا کہ تن بدن رائے کا تابع ہے۔ ایک ہاتھ کھولنے اور دراز کرنے سے میں نے بہت سے قلعے فتح کئے۔ اور بہت سپاہ کو ہزیمت اور شکست دی ایک پاؤں کے چلانے سے۔ (لیکن) جب موت نے حملہ بول دیا تو کوئی چیز مفید اور نافع نہ ہوئی بقا صرف خدا کے لئے ہے اور ملک بھی خدا کا ملک ہے۔

جلوس آباقاخان عادل

جب سوگواری اور تعزیت کی مدت ختم ہو گئی اور عادت کے مطابق متواتر کئی دن اس کی روح کے پیچھے آش (خوراک) پہنچ چکے تو کار سلطنت کو کسی ایک لڑکے کے سپرد کرنے کے بارے میں صلاح اور مشورہ کیا گیا۔ وہ (ہلاکو خاں بارہ بیٹے، جن میں سے ہر ایک جہاندار، برج اور حصن شاہی میں سیارہ اور خراماں سرو تھا۔ رکھتا تھا۔ اباقا، یشمت، تبسین، منگو تیمور، یوزدار، قنغرتای، اجای، تکشین، نکودار، چونکب، ییسودار، اور بارہواں چومغار۔ اور حکم ازل کے حاکم (خدائے تعالیٰ) نے عدل کی انگوٹھی اور فیصلہ کرنے کی تلوار اباقا کے یمین اور یسار والے دائیں اور بائیں ہاتھ کے ساتھ ملائی ہوئی تھی۔ اور ملک داری کی نشانیاں اور بخت کے علامات اس کے مبارک ماتھے سے جھلکتی تھیں۔

ارغون آقا نے اولجای خاتون، دیگر خواتین، شہزادگان اور نوئینان کے ساتھ مل کر احکام چنگیز خانی کے یاد دلانے پر مبالغہ کیا اور انہوں نے اس کے بعد ایک ایلچی حضرت قاآن میں واقعہ کی اطلاع اور سلطنت کی مصلحت کے جتلانے کے لئے روانہ کر دیا اور مل کر اقرار کیا اور ہم داستان ہو گئے کہ سب فلک کو تابع رکھنے والے آباقا کے قضا کی طرح جاری ہونے والے اوامر کے توابع اور نواہی (مناہی) کی پیروی کریں گے۔

پھر تبدیل خطابا اور تنبیہ احکام منجمان ۶۶۳ھ کے وسط میں آباقا نے اس ساعت میں جو اپنے طالع کی مناسب اور اس زمانے میں جس میں آرزوؤں کے پورا ہونے کا وعدہ دیا گیا تھا۔ فلک فرسا پاؤں کو سلطنت، اقبال کے تکیہ گاہ اور غم کے گھٹانے اور خوشی بڑھانے والے تخت کے ہاتھ پر رکھا۔ عقل کل خوشبو دینے کی صفت اور کشائش لانے والی ثنا سے زبان کھولے ہوئے پڑھتا تھا کہ ؎

عقل فعال کے تقاضا سے جو کچھ ظاہر ہوتا ہے۔ تیرے دل کے خبر دینے والے اس کے راز سے آگاہ ہوں۔ صاحب جدی (زحل) اگر تیرے قصر کی پاسبانی نہ کرے۔ تو وہ جو دلو کی منزل رکھتا ہے اس کا مسکن چاہ میں ہو۔ مشتری اگر تیری تخت کے سمندر میں حوت کی طرح وطن نہ بنائے۔ تو ہر دم اس کی قوس کا تیر بدخواہ کے دل پر رہے۔ ترک آسمان (مریخ) اگر تیرے دشمن کا خون حمل کی طرح نہ گرائے۔ تو عقرب کی زہر آلود نیش اچانک اس کے دل پر لگے۔ آفتاب اگر اسد کی طرح تیرے دشمنوں کا دشمن ہے۔ تو ابد تک چوتھے آسمان کی تخت گاہ کا پادشاہ ہو۔ زہرہ اگر تیرے دوستوں کے ساتھ میزان کی طرح صادق ہے۔ تو اس کے ثور کے خوف سے شیر فلک روباہ بن جائے۔ تیر اگر جوزا کی طرح تیری خدمت کی کمر باندھے۔ تو اس کا خوشہ مسیح اللہ کا توشہ راہ ہو۔ اگر قمر کج روی کا ارادہ کرے خرچنگ (سرطان) کی طرح۔ تو آسمان کے راستہ میں جب چلے گمراہ ہو جائے۔ راس اگر تیرے پاؤں کو بوسہ دے۔ تو وہ بلندی پر مشتری ہو جائے۔ اور اگر ذنب تیرا مطیع ہو جائے، خدا کرے اس کا مرتبہ اس کی طرح ہو جائے۔

تمام شہزادوں نے باری باری سے پٹکا گردن میں ڈال کر سات دفعہ سورج کے سامنے گھٹنے ٹیکے اور حق کے کام کو فردوس بریں کی طرح، خوش چشم حوروں کی مانند بیگمات کے جمال سے آراستہ کیا۔ اس جوہر سیال کے ساقی، جس کی صفت ترجمہ اشعار

ذیل میں ہے) ۔ ؎

ایسی شراب جو زیادہ صاف ہے عقل کے نور سے دماغ میں جس کے پیالے کی
صفت سے روح کا جسم دیکھیگا ۔ جب وہ شراب پیالہ میں ڈالی جاتی ہے تو اس
کے اثر سے ۔ آنکھ کا میدان (آنکھ کا ڈھیلا) ارغوان (سرخ) اور عقل کا منظور نظر
ہو جاتا ہے ۔

(ساقی) چھوٹے پیالے، ساغر اور سونے چاندی کے طاس (لوگوں میں) تقسیم کر رہے تھے ۔ اور خوش آواز مطرب، اور بلبل نوا گانے والی عورتیں، زبان سلطنت سے (یعنی سلطنت کی طرف سے) اس غزل پر جو بحر ہزج سے تعلق رکھتی ہے نغمہ سرائی کر رہی تھیں ۔ ؎

میدانِ وفا میں میرا یار اس طرح آیا جیسا کہ میں چاہتا ہوں ۔ دیوان محبت
سے میرا کام اس طرح ظاہر ہوا جیسا کہ میں چاہتا ہوں ۔ دفتر فال سے میری
امید اس طرح بر آئی جیسا کہ میں چاہتا ہوں ۔ قرعۂ نقش سے میرا اقبال اس طرح
نکلا جیسا کہ میں چاہتا ہوں ۔

اور یہ ملمع رباعی (جس کا ایک بیت عربی دوسرا فارسی ہو) جو بلبل کی گفتار اور گل کے دیدار سے خوش تر اور دلکشا تر ہے، راست قولی (اچھی سُر) سے اس کے تاریخ کی ہوئی تھی (یعنے اس کے ساتھ اس کو گا رہے تھے) ۔ رباعی ۔

گلاب میرے محبوبوں کی کنپٹیوں کی طرح خوشبو دیتا ہے ۔ اور بلبل باغ میں گلاب
پر بیٹھا چہچہا رہا ہے ۔ دوست کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے خوش صبح کے وقت گویا
ہے ۔ مطرب اور شراب تا کہ میں شراب صبح گاہی کی داد دوں ۔

چند روز شراب کے پیالوں کے تسلسل، اور گل اندام حسینوں کے اشارے سے عیش و عشرت کے شہباز کو مراد کے جال میں پھنساتے رہے اور حصول مطلب کے دن کو انس اور الفت کی رات سے ملاتے رہے اور جب دیدار رنگ چہرہ شراب کی تاثیر سے سرخ ہو جاتا اور دماغ کے پردوں میں شراب کی خوشی کی تیزی اپنا جوہر دکھاتی ۔ تو انجمن ثریا کے انتظام والی، بنات النعش (ستارے) کی طرح متفرق ہو جاتا شروع کردیتی ۔ اور پھر اس وقت جب کہ صبح کا سنہری پروں والا مرغ پھیلاتا اور صبح کی رسم کے مطابق آواز نکالتا تو دولت کے کام کی رونق اور عیش و خوشی کی بیداری کے لئے

؎ ساقی کا پنجہ صراحی کے مرغ کو دام میں گرفتار کر لیتا تھا کیونکہ صبح کی آنکھ سے
دلوں کا دانہ گردی میں پڑ جاتا تھا ۔ صبح تمام روح تھی شراب کی طرح شراب

تمام صاف تھی صبح کی طرح ۔ جرعہ زمین کو بوسہ دینے والا ہوگیا اور زمین جرعہ سے مست ۔

اسی طریق سے راتوں اور دنوں کے طول کو مراد اور مقصد میں گذارتے تھے ۔ اُس جشن کے حسن کی موافقت سے مجلس بہاریں ندی کے کنارے گل لالہ بھی لبِ تریں کا پیالہ بادل کے بہتے ہوئے آنسو سے پھیرتا اور سوسن زمین کے باشندوں کو نوروز جہاں افروز کی بشارت دیتی تھی ۔ گل مجسمہ منہ بنا ہوا ، نرگس تمام کی تمام آنکھ ۔ اور سنبل اور بنفشہ یار کے گیسوی اور زلف کی غیرت اور رشک سے غصے اور پیچ و تاب میں تھے ۔ زمین اور پہاڑوں کے اطراف ، سبزہ و ریاحین سے کارخانۂ ششتری (ششتہ جہاں قالین بنتے ہیں) کو ظاہر کرتے اور خانۂ آذری کو شرمندہ کرتے ۔ نالایوں کا شیریں پانی بہشتی نہر کی سطح اس کی حکایت کرتا اور باغ اور بستاں کی تازگی اور ارزانی فردوس کے باغوں کی طرف رہنمائی کرتی ۔ فاختہ تجنیس اور تسجیع سے کاتب کے کہے ہوئے شعر کو خوش گا رہی تھی ۔ ؎

رعد (گرج) کے غلغل سے پہاڑ بھر گئے ۔ نرگس اور لالہ سے ندی پُر ہوگئی ۔ لالہ سے زیب ، نرگس سے فریب سنبل سے شباب اور گلنار سے زینت (ظاہر ہوتی ہے) ۔
بادِ صبا کی مشاطہ کبھی زلف بنفشہ کو تاب دیتی تھی اور (کبھی) ارغوانی اُبٹن ٹہنیوں کی نئی دلہن کے چہرہ پر کرتی تھی اور نرگس مخمور مستانہ ۔ ؎
تاکہ پادشاہِ عدل کا سہ لیوے ۔ اپنی چوٹی پر خالص سونے کا ساغر رکھے ہوئے تھی ۔

اسی طرح عیش اور جشن کا کام انتہا تک پہنچ گیا اور لہو اور خوشی کے اسباب کا انجام نہایت ملال تک پہونچا (یعنے اس کام کے ختم ہونے کا انجام ملال تھا اور ابھی اس کا ختم موزون نہیں تھا) تو ایلخانی ، دریا کے تخت والے داہنے ہاتھ کی سمت نے شاہزادوں کو شاہانہ احسانات اور خسروانہ عطیات سے مخصوص فرمایا اور نوئینوں کی ۔ مانند ارغون آقا ۔ الکان ۔ و بایدر شکتور ۔ بیرغان اغول ۔ امیر سالنسر اور شیرامون پسر جرماغون کے ۔ اور دیگر دس ہزار فوج ، ہزار فوج ، سینکڑہ اور دس سپاہیوں تک کے امیروں کی ۔ مناسب حال اور مناسب مراتب پرورش کی ۔ اور کام اور مرتبہ ہر ایک کا جیسا کہ مقرر جانتا تھا اور جو غایت تک جس کے درپے اور محل ظہور میں تھے مقرر اور مسلم رکھا ۔

اور ایلچی جو عقاب کی مانند نشیب و فراز پر اُڑنے والے اور برق کی طرح چلنے اور گذر جانے والے تھے ۔ روانہ فرمائے ان احکام کے ساتھ جو متضمن تھے بخشایش کی خوشخبری کو اور کفیل تھے مزید احسان اور بخشش کے ۔ اور اطراف روم ، بغداد ، موصل اور دیار

کی حدود پر لشکر اور فوج متعین کی ۔ اور اپنے چھوٹے بھائی تبشین کو خراسان میں اپنا قائم مقام بنایا ۔ اور ملکی انتظام ، رونق سلطنت کی حفاظت ، خانیت کے رعب کی زیادتی اور انصاف وعدل کے کمال پر اس حد تک مبالغہ کیا کہ ۔ ~~

اس طریقہ اور انصاف اور اس رزم (میدان جنگ) اور بزم ۔ اس عقلمندی اور عزم اور اس رائے اور یقین کی ۔

خانان سلف اور کامیاب پادشاہوں سے حکایت نہیں کرتے ۔ اور بہت تھوڑے دنوں میں لوگوں کو امن دلانے اور راحت اور امان کی نعمت پھیلانے سے ۔ ~~

جہان بہشت کی طرح آراستہ ہوگیا ۔ رنگ اور خوشبو سے پُر اور مال سے معمور ۔

اس کے عہد سلطنت میں جس نے اس کے عدل اور آرام کے روزنامہ کی تاریخ اور بذل اور شادی کے رازنامہ کا عنوان ظاہر کیا ہے ۔ چار شخص ہمعصر تھے چار فضیلتوں اور بلندیوں میں مشہور ۔ ~~ ۔ ہر ایک ، تن کے لئے صفت میں اور جان تھی (مختلف صفات کے مالک تھے) ۔ ایک مولانا اعظم نصیر الدین طوسی جو حکمت ، علوم ریاضی اور اخلاق کے کمال میں ۔ ~~ ۔ ارسطالیس ، بطلیموس اور افلاطون یونانی سے + آگے گذر گیا ۔ دوسرا صاحب دیوان وزیر شمس الدین جیسا جس کے محکم رائے اور سنہری پیشانی والے وزارت کے دفتر پر لکھا ۔ ~~

(کہ گویا کہ وہ اس وزارت میں انتہا ہے بلکہ نشانی ۔ اور گویا کہ وہ اس فن میں موجد ہے بلکہ معجز)

تیسرا فن موسیقی اور نغمہ کا عیسیٰ نفس (مسیحا کے دم والا) اور تاروں اور الحان کی تفسیر میں جادو بیان صفی الدین عبدالمومن ارموی جیسا ۔ کہ جب تک جہان رہیگا ۔ زبانوں کے بلبل زمانوں کے باغوں پر اس کے تصنیف کردہ اشعار اور غزلوں کو سُر تال سے گاتے رہینگے ۔ چوتھا خط نویس (کاتب) جمال یاقوت جیسا ۔ کہ ۔ ~~ ۔ کاغذوں کی زمین میں جو تبنگی کا نت کرتا ہے (مصرع بالا) اس (کی انگلیوں) کے پوروں کی صفت کو زیب دیتا ہے ۔

سوغونجاق نوئین کو ممالک کی حکومت اور نیابت عطا کی اور خاص طور پر مہمات بغداد اور فارس کا انتظام اس کے اہتمام میں رکھا اور انصاف یہ ہے کہ وہ عاقل اور عادل امیر تھا اور مصالح کے ضبط اور کامیاب امور کے ربط میں ایسی بنیاد رکھی کہ جس کا ذکر زمانے کے گزرنے سے خاموش نہیں ہوگا اور زمانے کے مصائب کا ہاتھ اس کے کنارہ اور اطراف تک راہ نہیں پائے گا ۔

اور ممالک کی صاحب دیوانی کا منصب ہولاکو خاں کے دستور کے مطابق صاحب عادل شمس الدین محمد بن صاحب الدیوان بہاؤ الدین محمد الجوینیؒ اللہ تعالیٰ روشن کرے اُن کی قبروں کو اور روشن کرے ان کی پیشانیوں کو ؒ کے سپرد کیا اور وہ باپ دادا سے خراسان کے بلند گردن بزرگوں، عزت اور عظمت والے لوگوں اور مشہور اکابر میں سے تھا۔ اُن کے دولت یار خاندان کی شرافت کی جڑوں کی بہادری اور جلال کی بیرونی جڑوں کی اصالت اور عزت والی رگ کی شرافت اور بزرگ اصل کی پاکیزگی، جو کہ آرزوؤں کی جائے حفظ، اقبال کی جائے نزول، فضیلتوں کی منزل، فضل کی خوبیوں کی چراگاہ، علوم کے بدائع کی آرامگاہ، حسنِ اخلاق کا گھاٹ۔ اصول کی پاکیزگی کا چشمہ، اصحاب شجاعت کی جائے فراغ اور عطا چاہنے والوں کے دروازوں کی کھٹکھٹانے کی جگہ تھی۔ جہان کے لئے مثل مشہور اور نورِ آفتاب کی طرح مطلع خراسان سے دنیا کے اطراف میں روشن اور پھیلی ہوئی ہے۔

اور درحقیقت اس (شمس الدین) نے ہلاکو خاں کے عہد سلطنت میں، جو کہ مغلوں کے غلبہ کی آگ کے بھڑکنے اور بیگانوں کے غلبہ کی صبح کے ظاہر ہونے کا وقت تھا، پیغمبروں کے سردار (حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم) کے دین کے قواعد کی حفاظت، شر کے اسباب کے ازالہ اور بیضۂ اسلام کی حمایت میں یدِ بیضا (روشن ہاتھ، اعجاز موسوی) دکھایا۔ اور جب تخت سلطنت آباقا خاں کے مرتبہ سے مزین ہوا تو اس نے تحائف، عادت اور امید سے بڑھ کر عطا کئے۔ اور مریخ آثار تلوار کی نیابت (وزارت) بدستور اس (شمس الدین) کے گوہر نثار اور عطارد کی علامت والے بے چین (یعنے کام سے کبھی نہ فارغ ہونے والے) قلم پر بحال رکھی اور زبان وزارت محرر (کاتب و مصنف کتاب) کی املا سے حسن تکریر (ایک لفظ کو مکرر لا کر ہر جگہ الگ معنے مراد لینا) کی صنعت میں گنتی تھی۔ ؎

منصب (وزارت) سے اگر سب لوگوں کا رتبہ اور درجہ بڑھ جاتا ہے۔

تو تو ایسا ہے کہ تیرے منصب نے تیری مرتبہ ذاتی سے رتبہ حاصل کیا ہے۔

(تجھ نے وزارت سے مرتبہ نہیں پایا بلکہ وزارت نے تجھ سے مرتبہ اور شرف حاصل کیا ہے)

عزم ثابت، رائے صائب، سعی بلند اور اقبال مددگار کے ساتھ مہمات ملکی کے سرانجام اور احوال کے خلل کے تدارک میں شروع ہو گیا اور مملکت کے امیروں اور مراتب کو رعیت سے لے کر گڈریوں تک اہلیت کے مقدار اور استحقاق کے مطابق ثابت اور قائم رکھا۔ ؎

آصف (بن برخیا وزیر سلیمان علیہ السلام) اگر اس ملک کو اس طرح ضبط کرتا جیسا

کہ اس نے ۔ تو کیوں گم کرتا سلیمان علیہ السلام مدت تک انگشتری ۔

اُس کی بارگاہ خراسان، بغداد، عراق، شام، روم اور آرمینیہ کے بزرگان، ملوک اور پادشاہوں کا ملجا اور جائے پناہ تھی اور اس کی سخاوت کے صحیفوں کی اشاعت کے زمانے میں حاتم (طائی مشہور سخی) کا فسانہ دفتری کتابوں کو لپیٹ دینے کی طرح ہو گیا۔ اطراف کے گردن کشوں اور ممالک کے شاہان میں سے جو کوئی بھی اس کے ساتھ مخالفت کا دم بھرتا اور اطاعت کا قدم تابعداری کی سڑک سے پھیر لیتا تو ابدی سعادت اور سرمدی دولت اس کو ہلاکت کے سمندر میں غرق، اور تباہی کے شعلوں سے جلا دیتی اور یہ آیت "سنستدرجھم الخ - ہم ان کو آہستہ آہستہ پکڑیں گے اس طرح سے کہ اُن کو معلوم بھی نہ ہوگا ۔ اس کے حال پر نازل ہوتی ۔

تمام ممالک ایلخانی میں بڑھنے والے املاک کی جاگیروں اور اموال خاصہ کے لئے ایک الگ کارکن جو کفایت کار اور معتمد ہوتا ۔ مقرر فرمایا تاکہ احسان، انعام اور مختلف صِلات اور صدقات کے دروازے کھولے رکھیں ۔

اور ۶۹۳ھ میں جو کیخاتو کا عہد سلطنت تھا ۔ مال خاص کے حسابات کے دفتر میں سے ایک اطلاع ہاتھ لگی کہ صاحبی کے املاک کی ایک سال آمدنی تین سو ساٹھ تومان تھی ۔

اور باوجود اس بزرگی کے اہل علم و فضل کی عزت اور تعظیم میں اس حد تک مبالغہ کیا کہ اس کی تربیت کی صبا کے چلنے کے ساتھ گلزار علوم سے آرزوؤں کے غنچے کھل گئے اور اس کے اقبال کے شیریں پانی کی آبیاری سے فضیلتوں کا پودا جڑیں مضبوط کر کے سایہ گستر ہو گیا ۔ ہنر کی مردہ ہڈیاں زندگی کی منزل میں ٹہلنے لگیں اور کرم کے اثاثہ کی متفرق چیزوں نے جو مغربی عنقا کی مانند "اس کا اسم سنا جاتا ہے اور جسم دکھائی نہیں دیتا" کی صفت رکھتا ہے ۔ جلوہ کے میدان میں ظہور کیا ۔ دانائی کے ستارے نے اس کی ذات کی برکت سے بلندی کا درجہ اختیار کیا ۔ اسکی رائوں کا چمک۔ ار سورج دلوں کی آراستگی اور زینت کے لئے ماشطہ کا کام دینے لگا ۔ اُس کا ہما جیسا سایہ جہان والوں کی آسائش کا ذریعہ بنا ۔ اس کی نعمتیں اور انعام، منت اور احسان کی آلائش سے منزہ تھے، فضیلت والوں کو رذیلوں، حکیم کو جاہل اور شریف کا کمینے سے امتیاز ۔ جس کی آج کل امید نہیں ۔ ظاہر ہو گیا تھا اور آداب و فضائل کے لئے رونق، جو اس وقت روح کے مچلنے کا موجب ہے اور اس سے ایک رمق (آخری دم) بھی نہیں

رہی - حاصل تھی - الف جیسا قلم (سیدھا) نون والقلم (قرآن کریم کی ایک صورت کا نام ہے) کی طرح جہان کے لئے باعث برکت و یمن ہوا - دوات کی سیاہی نے یہ حکم دیا کہ سیاہی زیادہ نفع مند ہے سونے سے اور زیادہ لائق زینت ہے زیادہ لائق ہے عالم اور دانشمند کے) لیا - ارباب ہنر کے سخن (شاعری) کو - جو اس زمانے میں غم کی گرہ کا سبب اور منہ کی قید میں مقید ہے - فوقیت کے تخت پر متمکن کیا - شعر کو - جو کہ جَو کی مانند - بے قیمتی کے ترخ کی خصلت رکھتا ہے - شعریٰ (ستارہ مشہور) کی مانند شہرت کے آسمان پر چمکا دیا - اور نثر کا کام - جو کہ آج اڑتے ہوئے ذروں کی طرح ہے - نثرہ (منزل قمر) سے آگے گذار دیا - اس کی طبع کی لطافت کے سامنے آسمان اجرام آڑ آجانے والے کثیف مادے تھے اور آب حیات اس کے قلم کے چھینٹوں کے شرم سے کدورت کی طرف مائل تھا - آداب کی کثرت اور درایت اور سمجھ کی پونجی کے مقابل میکال کا دل کند ہو گیا - اس کے الفاظ کی سلاست سے کتابت کے ڈھالنے میں ذوالکفایتین (ایک کاتب کا لقب ہے) دو ٹکوں سے کم (یعنے ناپاک لاشئ اور ناچیز ہے) - اس کا کلام بغیر بھرتی کے خود بخود نمکین اور مزہ دار ہے - اور اس کے اشارہ میں تصریح اور صراحت کی لطافت، معانی کی سیاقت نکتے اور باریکیاں - تمام، فضیلت کی قوت سے نادر اور عجیب، اور اس کی عبارت کا چمن استعاروں کی نزاکت میں اور پاکی سے ہر موسم سے بہار تھا - یا اس کا فصل الخطاب (خطاب فاصل بین الحق والباطل) ہمہ تن ابوالفضل بدیع ہمدانی ہے - اس کی دلفریب تضمینات، عقل کے نقوش کی طرح نگین جان میں جائے گیر، اور الفاظ کی ترکیبوں کی صورتیں معانی کے ودیعت رکھنے اور لطائف کے ایجاد کرنے سے جان پذیر ہیں -

اگرچہ سورج کے لئے بینہ (دلائل اور گواہ) قائم کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی - چاہا (مصنف نے) کہ یہ کتاب (وصاف) اس صاحب قران (شمس الدین) کے دُرفشاں قلم سے نکلے ہوئے الفاظ اور مسطروں کے نتائج سے خالی نہ رہے (کہتے ہیں) کہ اس وقت کہ روم کے ممالک اور مصالح کے ضبط کرنے کے لئے وہ سردار اس علاقہ کی طرف ارادہ کی باگ موڑے ہوئے تھا کہ ایک روز آشنائے مجلس میں ایسی بزم کی جو اغیار کے غبار سے خالی اور انس کے لباس سے ملبوس ہو - بیان کے پیالوں سے جرعہ کشی کی رغبت ظاہر کی اور اس جیسی حالت میں موزوں ہے پڑھنا اس گفتگو کا جو شیریں پانی اور حلال جادو کی طرح ہے - نظم -

کبھی یہ بات آتی ہے کہ بلبل - چمن میں گاتا ہے باشور و غلغل - زبان عقل

سے کہتا ہے گُل گُل سنو شیشے سے بھی آواز قُل قُل - تو سمجھو عمر اب یوں جا رہی ہے ٭ ہیں باغ اور راغ میں بھی سرو آزاد - گل و بلبل سے برگ و ساز دلشاد ہیں غنچے سر بسر رازوں سے آباد - ہو کیوں نہ چشم نرگس بھی بفریاد - یہی اک بادہ خواری کا دھنی ہے ٭ باغ بہشت عدن کی طرح موجود ہیں - سرو قدِ یار کی طرح لہلہاتا ہے - اُنس ہے صبح کے وقت شمال - اور اچھی خوشبو والی بادِ شمال سے - گُل عاشقوں کے سر سے نثار ہو رہے ہیں ٭ سوسن نے صفت کے لئے زبان کھولی ہے - شمشاد پاؤں پر کھڑا ہے (تعظیم کے لئے) سنبل نے بالوں کے سر کو تاب دیا ہے - اور اس حرکم نے جو غنچہ بکر بیٹا ہے دیکھ صبا اس کی پردہ دار ہے ٭ ابر آذاری (بہاری) نے گلاب برسایا - یا عطار کے گھر نے عنبر کی دھونی دی - یا تاتار کا بار (مشک) کھل گیا - یا دلدار نے بالوں میں کنگھا کیا - یا تو بہار کی نسیم کی خوشبو ہے ٭ اے دل فضول خیال میں خاموش نہ بیٹھ - مکر نہ خرید فریب نہ بیچ - مقلدوں کی تقلید کی طرف کان نہ لگا - یار کے ساتھ بیٹھ اور شراب پی - کیونکہ تیری عمر کا حاصل یہ دو کام ہیں ٭ گُل آیا اور گیا موسم خزاں - اور نہ حاصل شدہ چیز سے کچھ غم نہ کھا اور افسوس نہ کر - چڑھا پیالہ اور شراب کی بوتل - چنگ رباب، بربط اور نے کے ساتھ - کیونکہ یہ آب و ہوا تیرے موافق ہے ٭ ہر چمن میں لالہ زاری ہے - ہر فاختہ سے نالہ و زاری ہے - پھولوں پر ابر کی ژالہ باری ہے - تیرا ہاتھ ہو اور پیالہ کی گردش - کیونکہ اسباب خوشی کے بیشمار ہیں ٭ زاہد نے سچ ہے کہ توبہ توڑ ڈالی - معشوق اور شراب کے پاس بیٹھا ہے - کہتا ہے، آخرکار جب مست ہو گیا - کہ تو بھی فرصت کو ہاتھ سے نہ دے - کیونکہ یہ جہان فانی ہے ٭ مرغ شب کی طرح سحر کے وقت جاگ - سارنگی کے نالہ کی طرح نالہ نہ کر عقل کے ساتھ جہالت کی رو سے نہ لڑ - ساغر عیش میں انگور کا خون (شراب) ڈال - کیونکہ یہ شراب کا خوشگوار وقت ہے ٭ گردوں کی تلوار سے زخمی ہو گیا - خواہ شریف تھا خواہ کمینہ - اس کی مستی خمار بادہ سے مقرون ہے - کیونکہ اس اُلٹے جہان میں - جہاں بھی گل ہے تو خار کا جفت ہے ٭ اے ساقی دل غم سے خراب ہو گیا - اے ساقی سورج نے رُخ دکھایا ہے - ہاں ہاں ساقی! لا پیالہ، لا شراب - فصل گل میں اور شباب میں اے ساقی - دیوانہ

ہے وہ جو اس وقت ہوشیار ہے ٭ سبزہ حسینوں کے سبزہ کی طرح اُگا ہے۔ کیسا
خوش ہے وہ دل جس نے خوش عیش طلب کیا۔ یاد کر کہ عمر کا عہد سست ہو گیا ہے۔ اور
آج کہ نیری باری ہے۔ گل اور پریوں کی یادگار ہے ٭ زمانہ رنگ اور نقش سے
پر ہو گیا۔ بلبل ترانہ گا رہا ہے۔ شراب صاف اور نتھری ہوئی ہو۔ اے بے خبر
لوگو! اسی حال میں۔ ندی کے کنارے کا وقت ہے ٭ عشق ہے، صبح کا وقت،
اور روشن پیالہ۔ شمع ہے، شراب ہے اور باغ کا گوشہ۔ اے مطرب میری خاطر
سے۔ راست (مقام موسیقی) کے پردہ میں یہ غزل گا۔ ایسا شعر جو شاہ پسند موتی
کی طرح ہے ٭ دل تیرے غم میں بیقرار ہے۔ اور شادی و عیش سے ایک کنارے
پر ہے۔ (اے معشوق) آنکھ نے تیرے جیسا یار نہیں دیکھا۔ تیرے رخ بغیر آنکھ
اشکبار ہے۔ نہیں نہیں میں نے غلط کہا (اشکبار نہیں) خود آنکھ برس رہی ہے ٭
تیرے شوق کے اسباب مت پوچھ۔ اور خون کے آنسو گوشۂ چشم سے جاری ہیں۔ میری
روح کو گزند پہونچا ہے اور تو ورم کرنے والا ہے۔ میں مر گیا ہوں جدائی کی تلوار سے۔
اور وہ عشق اب تک قائم ہے ٭ اے ہوا تو اگرچہ کمزور ہے۔ خدمت میں شاہ سخن کے
(شمس الدین) ۔ چاہئے کہ تو کسی نتیجہ اور حاصل تک پہونچاوے۔ شرف (تخلص
مصنف وصاف) کی مخمس جو عقل کے کانوں میں گوشوار کی طرح ہے ٭ وزیر
ہے اللہ کا تائید یافتہ کامیاب۔ مخدوم، کریم، فضل پرور۔ جہان کا انتظام
کرنے والا رائے روشن سے۔ سخاوت میں فیاض ہے کہ ساتوں اقالیم۔ اس کے
دائیں ہاتھ کی برکت سے مالا مال ہیں ٭ ہمیشہ دوستوں کے مطلب میں رہے۔ دولت
اور عزت میں جاوداں رہے۔ نصرت اور فتح کے ساتھ ہمعنان رہے۔ اس کا فرمان
قضا کی طرح جاری رہے۔ جب تک کہ آسمان کے جرم (وجود) کیلئے قیام ہے ٭

ایسی مجلس میں چاندی کے رخسار والے اور یاقوت لب ساقی، خالص نتھری ہوئی شراب، بلوریں
ہاتھوں پر رکھے ہوئے اور خوش الحان مطربوں نے زہرہ (مغنی فلک) کے تیسرے آسمان
کے اُفق سے گوشۂ چادر کو پکڑے ہوئے کشاں کشاں حلقہ کیا ہوا۔ ناگاہ گانے والوں میں سے
ایک نے خوش آواز، دلکش ادا، دلربا نغمہ اور جاں فزا زمزمہ سے صد ناز و ادا سے زہیر کے
کے اشعار میں سے گانے شروع کئے۔ ؎

اے وہ شخص جس کے ساتھ ناز کر رہی ہے شراب۔ کیا اچھی ہیں یہ ادائیں۔
اس بیت کے حسن اور ناز و ادا نے صاحب (شمس الدین) کے کرشمہ نما دل کو لوٹ

لیا۔ فوراً باوجود کام کی کثرت کے، اقتدار اور پیروی کی راہ سے اُسی وزن اور قافیہ کے آخری حرف (ردیف) پر۔ ع۔ قلم اور کاغذ اٹھا فرفر لکھا جو کہ بہتے پانی سے زیادہ شیریں اور باد شمال سے زیادہ لطیف تھا۔ ے (یہ قصیدہ عربی میں لکھا جس کے ۴۳ شعر ہیں۔ اُن میں سے ایک شعر کتاب میں دیا ہوا ہے جس کا ترجمہ کیا جاتا ہے)

عشق سب سے زیادہ قریب وسیلہ ہے (معشوق تک پہونچنے کا)۔ اور آنسو
سائل کا ذریعہ ہیں (حصول سوال کے لئے)۔

چونکہ بارہا صاحب علاؤ الدین (برادر شمس الدین) نے فرمایا ہوا تھا کہ دل اس بھائی کے اشعار کے مطالعہ کی طرف متعلق اور لٹکا رہتا ہے اور نیز صاحبی (شمس الدین) کے کانوں میں یہ بات پہونچی ہوئی تھی کہ صفی الدین عبد المؤمن اور بغداد کے بعض فضلائے نے علاؤ الدین کے دربار میں بیان کیا ہے کہ ہر چند صاحب شمس الدین کے روشن شعر لطافت میں آبحیات کی آبرو بھی گرا دیتے ہیں مگر عجمیت کی بے فصاحتی رکھتے ہیں لہذا صاحب اپنے تصنیف کردہ اشعار کے ایک قطعہ میں یہ بیت صفی الدین کی سرزنش کے لئے لایا ہے ے

تو نے میرے شعر کو عجمی کہا اور ضعیف بنا دیا۔ اے وہ کہ شعر اور شاعری سے جاہل ہے۔

یہ قصیدہ وہاں بھیج دیا اور عنوان خطاب پر یہ دو بیت لکھ دیئے۔ ے

اے وہ شخص جس کے صرف بعض صفات سے کل حُسن ہے۔ اور بھلائی جس کی نیت پر موقوف ہے۔ ترک کر دے متنبی احمد کے شامیات (وہ قصائد جو شام میں کہے گئے) اور میوہ چینی کر اپنے بھائی کی ٹہنی سے روم کے گلابوں کی۔

اسی طرح صاحبی کی بلند ہمتوں کی برکت، پسندیدہ خصائل کی خوبی، کمال بلاغت اور کثرت درایت سے تمام عالم نے علم اور عدل کے زیور سے زینت حاصل کی۔ اور ظلم، شر اور فساد کا خیال، مفسدوں کے دماغ سے بالکل زائل ہو گیا۔ کئی سالوں کے خونبہا کی بکریاں بھیڑیوں سے طلب کیں اور تیہو، باز اور شاہین سے عشق بازی کی نظر رکھتا۔ اور اسی ذریعہ سے بادشاہ (آباقا خان) کا ذکر جمیل، زمانے کے سیاہ سپید وفا پر پہنچ گئی کے خط کے ساتھ لکھ دیئے۔

جب مسند وزارت اس (شمس الدین) کے دانش پرور وجود سے مشرف ہوئی تو شاہی حکم سے ملک بغداد اور مضافات، جو خلافت کا مرکز اور تخت امامت کا مستقر تھا۔ صاحب علاؤ الدین کے سپرد کر دئے گئے۔ گویا کمان اس کے بنانے والے کو دی گئی اور تاربین کا تیل (راونٹ کی) خارش کی جگہ پر رکھا گیا۔ (یہ کام نہایت موزوں ہوا) اور اس نے دستور کے مطابق احسان کی ہتھیلی کے پھیلانے ظلم اور ستم کے روکنے فضل

کی بنیادوں کے پختہ کرنے، علم کے مراسم کو نیا کرنے اور اہل علم کی پرورش میں وہ آثار دکھائے کہ بانِ مراتب کے میدان میں متقدمین اور متاخرین سے گوئے سبقت لے گیا۔ بغداد جو مستعصم کے واقعہ سے تباہ اور ویران ہو گیا تھا اور کام کرنے والوں اور کام کے حال کے ماتھے پر خلل اور فساد کا نشان لگا ہوا تھا اور اہالیان خوشحالی سے دور جا پڑے تھے بہت تھوڑے زمانہ میں اس کے عدل اور شفقت کے معمار سے آباد اور باشندوں کا دل تازہ نعمت سے خرم اور شاد ہو گیا۔ اور خیرات عام کے اعداد و شمار اور کامل نیکیوں کی امداد سے ایک یہ تھی کہ:-

نجف کی زمین میں ایک نہر کھدوائی اور لاکھ سرخ اشرفی وہاں صرف کی۔ تاکہ دریائے فرات کا پانی جو زنانِ حسین کے لعاب دہن کی چاشنی اور آب حیات کی نہر کی مٹھاس رکھتا ہے، مشہد کوفہ (نجف) میں، اللہ تعالیٰ اُس کے ساکنین کی روح کو خوش رکھے، لائے اور وہ اراضی (زمین) جو عمارتوں سے خالی اور پاکیزگی و نزاہت کے علامات سے عاری تھی۔ لہلہاتے درختوں اور بہتی ہوئی نہروں سے مزین اور آراستہ ہو گئی۔ اور بیابانوں اور جنگلوں کی مٹی نے بجائے خاردار درختوں اور خود رو گھاس کے، گلاب، لالہ اور سمن اُگائے۔ کوّے اور چیلوں کی کائیں کائیں اور بُری آواز کی بجائے فاختہ اور قمریوں کے دلفریب، موزون نغمے اور سحر خواں بلبل کے چہچہانے کے ترنم۔ باقی اور ہمیشہ رہے۔

جب یہ نہر ملت اور ملک کے کام اور مطلب کے مطابق لایا تو سابق بادشاہوں اور گذشتہ خلفا کی آبرو۔ جنہوں نے اس آرزو میں جہان کے خزانے برباد کر ڈالے اور لوگوں کے اموال کو حسرت اور افسوس کی مٹی میں ضائع کر دیا۔ گر گئی۔ (کتاب میں ریختند کے بجائے ریخت، جس کا فاعل "آبرو" ہے چاہئے)

اور تاج الدین علی بن الامیر الدلقندی کو۔ جو اس زمانہ کے فضلا میں سے تھا اور بارگاہ صاحبی سے مردہ زمین کے زندہ کرنے اور بوسیدہ ہڈیوں کے جلانے پر مامور تھا (علاؤ الدین نے) ایک رسالہ کے لکھنے کا۔ اس بڑی نیکی کے ظاہر کرنے، اس اجر کثیر کے جاری کرنے، خوبیوں کے ہمیشہ رہنے اور فضائل کے تا ابد قائم رکھنے کے بارے میں۔ منشی (مصنف) اور فرمانے والا (بیان کرنے والا اور لکھنے والا) بنایا جس کے الفاظ دریائے فرات کے پانی کی طرح بلکہ کہاں ہے فرات؟ اس کو ایسا شراب کے مقابلہ میں۔ اور اس کے معانی، عبیر اور عنبر وار سمجھتے ہیں جنت کے باغوں کو۔ رسالہ کے ختم کرنے پر ساداتِ فضلاء۔ اکابر اور بلیغ لوگوں کے ایک گروہ نے شہادت کے طور پر اس

کے آخر میں اپنے خط کے ساتھ نقلیں اور شرحیں لکھی ہیں ۔ اور چونکہ ماہر بلیغ لوگوں کی تصنیفات اور فصیح ساحر بیان آدمیوں کی کتابوں کے صفحے اس کی شرح کے لئے موزوں ہیں اسی مقدار پر اکتفا کیا گیا، اور خود اس بارے میں اطناب کی ضرورت اور تطویل کی حاجت، مصلحت کے موافق نہ تھی ۔ ؎

دورہ تھا کہ یہ زمانہ حکم قضا کی مجلس میں ۔ آسمان اور ستارے کی زبان سے لفظ اَشھدُ (میں گواہی دیتا ہوں) زبان پر لاوے ۔

ذکر خواجہ بہاؤالدین اور خواجہ ہارون پسران صاحب شمس الدین

صاحب شمس الدین کی نجیب اولاد اور شریف لڑکے، خواجہ بہاؤالدین محمد اور خواجہ شرف الدین ہارون تھے ۔ بلکہ بارش کے قطرے، شیر کے بچے، سمندر کی جھاگ، چاند کی کرنیں، روشن چراغ کا نور ۔ اور کھلی ہوئی صبح کی سحر تھے ۔ نیز اول عمر کے ابتدا اور بچپن کے بابا، کہنے کے زمانہ میں کرم کے خصائل کی نشانیاں، اور بچہ شیر شیر ہوتا ہے اور ہلال چاند کی علامات ہر ایک کے مبارک ماتھے میں ظاہر اور روشن، اور چھوٹے بڑے کے لئے حقیقت ۔ ؎

ہمارے چھوٹے، فضائل میں، ہمارے بڑے ہیں ۔ اور ہمارے پیچھے آنے والے، خوبیوں میں، پہلے ہیں ۔

واضح اور درخشاں تھی ۔

دونوں بھائی اس وجہ کہ ۔ ع ۔ اس ہنر مند سے بیٹے ہنر کیوں نہ ہوں ؟ + اور جو اپنے باپ کے مثل ہوا اس نے کوئی ظلم نہیں کیا، اور ایک چیز کی فرع اس کی اصل پتہ دیتی ہے ۔ تو اس علوم کے احکام اور فضائل نفسانی کی صورتوں کے ثابت رکھنے میں جس کے حصول سے حقیقت انسانی صحیح ہوتی ہے ۔ علم حاصل کرنے کی گھڑدوڑ کے میدان میں اکٹھے دوڑ رہے تھے ۔ مگر خواجہ ہارون سبقت لے گیا ۔ اور فنون آداب میں ماہر اور متبحر ہوگیا ۔ اس کی تیزی ذہن قضایا (جملے) کے نتیجے نکالنے میں آنکھ کو چندھیا دینے والی بجلی کی طرح، اور لطافت طبعی، صفائی کے مقابلہ میں، شفافت ہوا کے میدان جنگ کو توڑ دینے والی، اس کی نظم و نثر اہل زمانہ کے لئے افسانہ اور تلمیح و ترشیح کی خوبی آشنا اور بیگانہ کے لئے ترانہ ہو گئی تھی ۔

اس نے آداب کے دامن سے تمسک کرنے کے باوجود علم موسیقی کے سیکھنے میں

رغبت دکھائی اور صفی الدین عبدالمومن رات دن کا ملازم ہوگیا اور رسالہ "شرفی" اس (بہاؤ الدین) کے القاب سے مزین، نسب (دو سُروں کی درمیانی نسبت)، تالیف (دو پردوں کا ملا دینا) اور تحقیق ابعاد (وقفے) کی معرفت میں جدولوں (نقشے اور دائرے) پر مبنی کرکے تصنیف کیا۔ اور وہ استاد کے ارشاد کے مطابق اس علم (موسیقی) کا بلند پرواز شہباز اور اس فن کی شاخوں کا خوش الحان بلبل ثابت ہوا۔

خواجہ بہاؤ الدین نے ابتداء نشو ونما میں جہانگشائے (آباقاخان) کے فرمان شاہی کے مطابق "صفاہان" "تومانات عراق" اور "یزد" کی حکومت کا ہار گلے میں ڈالا اور علوم کے جمع کرنے اور ثمرۂ فضل کے چننے میں۔ اگرچہ وہ بالکل چھوڑنے والا نہ تھا۔ کسی قدر سستی نے راہ پایا۔ اور کہا گیا ہے کہ علم اپنا بعض حصہ تجھے نہیں دیگا جب تک تو اپنا تمام اُسے نہ دے۔ اصلی مہمات کے جاری کرنے، احکام ملکی کے نافذ کرنے۔ طاقت کے اظہار اور رعب ودبدبہ کے اعلان کے لئے اس قدر کوشش کی کہ سلف (اگلے بادشاہان) کی حکایت کو منسوخ کردیا۔ اُس کے رعب کی ہیبت سے شیر بیشہ نے اپنا جسم روبہ بازی (مکاری، لومڑی کی صفت) کو دیا ہوا تھا۔ اور اس کے عذاب کے خوف سے اطراف کے بادشاہان اور زمانہ کے اکابر نے غنودگی کے خیالات میں ہلاکت کی صورت مشاہدہ کی ہوئی تھی۔

چونکہ اہل صفاہان پیدائش سے ہی ارواح شریرہ کے ساتھ مناسبت رکھتے تھے لہذا کلی طور پر عفو اور درگذر کا دروازہ بند کردیا اور ہمت کی پیٹھ شفقت اور مرحمت کے دوست پر کردی۔ اگر کوئی ایک سخن بھی ارادہ کے ناموافق سُن پاتا۔ چہ جائیکہ جرم صغیرہ ہوں یا کبیرہ، تو جان کو برباد بلکہ تمام خاندان کا ستیاناس کردیتا۔ اسی طرح چند ہزار آدمی، مختلف اقسام، خونریزی، عذاب دینا، ہاتھ پاؤں کاٹنا، پانی میں ڈبونا، آگ میں جلانا اور مدت قید کے بڑھا دینے کے ساتھ آبادئی حیات کی وسعت سے موت کے تہ خانہ کی وحشت سے جاملے۔

ارکان سلطنت، نائبان دیوان، صدور اور اعیان کے گروہ، تمام خدام اور مقربان بارگاہ اور اہل صفاہان سب کے سب۔ رات کو جب کہ نیند کے حصول کے لئے بستر بچھاتے تھے شمع کے شعلہ کی مانند اپنے وجود کے سر پر کانپتے رہتے تھے۔ کہ دوسرے روز اس کے قہر کے حلقہ سے کیوں کر رہائی حاصل کریں گے۔

سبحان اللہ! النفس النافی اس صنعت پر فطرتاً مجبور ہے کہ اس کی قوت غضبی نے

جوکہ مظہر ہے غلبہ اور انتقام کے چلانے اور مصادرہ ہے سخت گرفت اور حملہ کرنے کا۔ اس حد تک نفس ناطقہ کو خادم بنایا ہوا ہے کہ عقل کی تنبیہات، شرع کے موانع اور عرف کی رسومات سے تنبیہ حاصل نہیں کرتا اور نہیں رُکتا۔ اور جس قدر کہ نصائح اور وعظ سنتا ہے اور لوگ سفارش اور زاری زیادہ کرتے ہیں سنگدلی، عناد، غصہ کی زیادتی اور لڑائی زیادہ مضبوط ہو جاتی ہے۔ اسی وجہ سے کہ اس نے خون کے گرانے، بقیہ جانوں کو فنا کرنے اور بخشائش اور رحم کی کمی میں حد درجہ افراط (زیادتی) کر دیا۔ اہالی صفاہان نے خود بخود۔ محلہ بہ محلہ۔ مکابرہ اور جنگ میں تلواروں اور چھریوں سے ایک ہی چشم زدن میں سینکڑوں جانوں کو ہلاک کر دیا۔ اور راتوں کو بدمعاشوں، رندوں اور چوروں کی وجہ سے بازاروں میں گذرنے کی طاقت حقیقت میں نہ کہ مجاز کے طور پر مفقود تھی۔ اور امن و امان کی نعمت سب لوگوں پر مکدر اور ملاوٹ شدہ تھی۔ بہت تھوڑے عرصہ میں ایسے تابع امر اور فرمانبرداری کے پکے ہو گئے کہ کاشتکار، دہقان اور کھیتی باڑی کرنے والے، رات کے وقت، زراعت کے اسباب، زمین کھودنے کے اوزار، تخم اور کام کرنے والے جانوروں کو جنگل میں اس کی زائد از حد سیاست اور سطوت کے وکیل کے سپرد کر دیا کرتے اور اگر کوئی شخص اتفاقاً مخفی طور پر ان میں سے بعض چیزوں کو گھر میں لاتا تو دوسرے روز بیچارے کی زندگی کی کھیتی، فنا کی درانتی سے کاٹ دی جاتی۔ اسی طرح محلوں کی حفاظت، رئیسوں اور سپہ سالاروں کے سپرد کر دی ہوئی تھی۔ اور حکم دیا ہوا تھا کہ بازاری اور دوکاندار لوگ بھی راتوں کو اپنی دوکانیں مختلف متاع اور کھانے پینے کی اقسام کے ساتھ (کھلی ہوئی) چھوڑ جایا کریں بغیر کسی چوکیدار اور محافظ کے، اور خود گھروں کو چلے جایا کریں۔ اور کسی فرد بشر کو اس کی طاقت نہ تھی کہ کھانے پینے کی ادنےٰ چیزوں میں چہ جائیکہ نفیس لباس ہوں تصرف اور دراندازی کرے۔

معتبر بزرگوں سے سننے میں آیا ہے کہ ان دنوں "اور رات کو دیکھو جب تاریک ہو جاتی ہے" کی سیاہی میں ایک گروہ چوکیداروں کا بطور حراست اور پہرہ گشت لگا رہا تھا کہ ان میں سے ایک کا گذر حلوائی کی دوکان سے ہوا اور ایک ڈلی (مٹھائی کی) وہاں سے اٹھالی اور دو درہم چاندی کے جو کہ اتنی قیمت تھی۔ دکان کے ایک گوشہ میں رکھ دی۔ دوسرے روز جب سورج کی ٹکیہ کو افق کے تنور کے کنارے پر لاسکے مالک دوکان نے نہ فروخت کی ہوئی مٹھائی کے عوض جب چاندی کے درہم دیکھے اگرچہ نرخ کی رو سے زیادہ قیمت اس کے ہاتھ لگی ہوئی تھی تو چھپانے کا سامان اور ثابت

رہنے کی طاقت اپنے اندر نہ پائی ۔ اور سیماب کی طرح بے چینی میں درگاہ میں پہونچا۔ اور چاندی خدام کو دکھا کر صورت حال عرض کی، فوراً فرمایا کہ اس شخص کو جس نے یہ حرکت کی ہے اوجھری کی طرح الگنی (قصائی جس پر گوشت لٹکا کر بیچتے ہیں) سے لٹکا دیں ۔ سو

(از مؤلف) آدمیوں کو بے تامل بھیڑ بکریوں کی طرح ذبح کر دیا ۔ دفع نظر بد کے لئے

سچ ہے ۔ کہ سپند جلایا جاتا ہے ۔

کہتے ہیں کہ اس کا ایک غلام تھا نیک بے نام، نہایت محرم راز اور جہینہ اخبار تھا (جہینہ اور حسین دو دوست تھے، جہینہ نے کسی طرح حسین کو قتل کر ڈالا، حسین کی بہن اپنے بھائی کا قاتل دریافت کرتی رہی ایک روز جہینہ کا وہاں گذر ہوا تو اس نے صاف کہہ دیا کہ حسین کی خبر میرے پاس ہے، تب سے جہینہ سے صداقت کی ضرب المثل ہو گئی) ایک رات اس کو بھیجا کہ بازاروں میں جائے اور نہایت احتیاط کرے کہ وہ گروہ جو گلی کوچوں اور محلات کی حفاظت کے لئے مقرر ہیں، ہوشیاری کے طریقہ پر چلتے ہیں یا بیداری کی شرط کو ترک کر رکھا ہے؟ ان میں سے کون غافل اور بیدار ہے؟ اور کون ہے جو غافل اور بیدار نہیں ہے؟ اطراف میں گشت لگانے اور دریافت سڑک کی کنہ (حقیقت) تک پہونچنے کے بعد اس نے عرض کیا کہ میں نے فلاں شخص کو دیکھا ہے پہرہ داروں کے مقدم اور افسروں میں سے ہے ۔ کام کا مستعد، دل کا بیدار اور ہوشیار، جس کے عزم کا جاسوس اندیشہ کے چور کو نقب کے دروازے پر مضبوط پکڑ لیتا اور اس کی ہوشیاری کا نگہبان، پوشیدہ سراول سے پہلی گھات میں دوچار ہو جاتا ہے ۔ اور میں نے ایک اور شخص کو دیکھا کہ پہرہ کی جگہ بیٹھا ہوا ہے لیکن نیند کے لشکر نے اس کے دماغ کے شہر کے دروازے اور بام کو گھیرا ہوا ہے اور خواب اس کی عقل کو سوائے قوت متخیلہ کے مقررہ کاموں سے معزول اور بیکار کر دیا ہے ۔ اور تیسرا تو حفاظت کے مقام سے غائب اور عتاب کرنے والے زمانے کی سزا کا مستحق تھا۔

دوسرے روز جب کہ سورج کی کرنوں کے نقب لگانے والے نے صبح کی کھڑکی سے نقب لگایا اور سیاروں کے چوکیدار اور ہوشیاری کے مغرب والے مکان میں گھس گئے ۔ حکم فرمایا کہ ان تینوں میں سے ہر ایک کو اکتیس (۳۱) سیار کی سزا پیش کی جائے شیخ جمال الدین نے بیان کیا کہ اس وقت حاضر تھا ۔ ان کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر یہ دونوں لوجہ غیر حاضری اور بے پرواہی کے مستحق عذاب ہیں تو اس کی (پہرہ دار) بھی نقل کی رو سے کوئی وجہ ہونی چاہئے ۔ ہاں البتہ وہ شخص جو کہ حالات پر محیط اور اپنے کام میں احتیاط برتنے والا تھا اور آرام کے پہلو کو زمین پر نہیں لگاتا تھا کیوں مہربانی اور نوازش کے حقوق کا

مستحق نہیں ہو سکتا۔ کیا اس لئے کہ اپنے کو ارباب جرم کے زمرہ میں ملا یا ہؤا تھا؟۔
جواب میں کہا "کہ ان کی سزا کا سبب تو یہ غفلت اور بے پرواہی ہے لیکن اس شخص کا مواخذہ جس نے مراسم حفاظت کو قائم کیا ہوا ہے اس وجہ سے ہوا کہ جب نیک پے" (غلام) رات کی تاریکی میں چوری چھپے اس کے سر پر گیا تو از راہ غفلت اس کو (اس نے) مواخذہ نہ کیا اور حال کی تفتیش اور خیر دریافت نہ کی کہ اس وقت باہر نکلنے کا باعث کس مصلحت پر ہؤا؟"

ایک دن کا ذکر ہے کہ آپ نے سواری کا ارادہ کیا ہوا تھا ایسے رعب اور ہیبت میں کہ زمانہ کے پادشاہوں کو میسر نہ تھی تو کسی شخص نے اس کی زینت اور شان و شوکت میں عام لوگوں کی عادت کے مطابق جو حکام کی شوکت دیکھنے کے حریص ہوتے ہیں۔ ایک نظر ڈالی۔ تو اس بیچارے کی طرف متوجہ ہو کر اُسے اپنے پاس بلا کر سوال کیا کہ کس چیز کو تو دیکھتا ہے؟۔ اُس بے گناہ کی زبان سختی کی گرہ سے بند ہو گئی۔ غصے ہو کر فرمایا کہ اس کی جہان کو دیکھنے والی آنکھیں خنجر کی نوک سے ڈھیلے کے طبقہ سے نکال دیں۔

یہ اعجوبہ مشہور ہے کہ اس کے عزیز فرزندوں میں سے ایک چھوٹا سا بچہ اس کی بغل میں تھا۔ ناگاہ بموجب بچوں کی حرکت کے اس کی انگلیوں کے پورے باپ کی داڑھی سے چھو گئے سختی کے ساتھ تمام [illegible] کر کے حکم دیا کہ اس کو انگلی سے لٹکایا جائے (یعنی دار پر کھینچا جائے) بڑے امامان۔ پادشاہان اور سلطنت کے ارکان میں سے کسی کو سفارش کی جرأت اور روکنے کی طاقت نہ تھی۔ اس لڑکے کو ایک چادر میں باندھ کر اس کی قسم کے سچا کرنے کے لئے انگلی پر لٹکا دیا گیا۔ صفاہانیوں نے جب اس کی نرمی، رحمت، شفقت اور محبت کی یہ جنس اس کے فرزند دلبند کے حق میں مشاہدہ کی تو ان کی زندگی کا چہرہ خاک آلود اور عیش کا چشمہ گدلا ہو گیا۔

اس کے عذاب، بُرے قتل، دلیری اور جبر کے اقسام محرر (مصنف) کو ملال اور اُداسی تک پہونچا دیتے ہیں۔ لیکن تامل کرنے والوں کے وعظ اور نصیحت حاصل کرنے اور عبرت دلانے کے لئے یہ چند سطریں لکھی گئیں تاکہ عقلمند وَلَوْ كُنْتَ ("اور اگر آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوتے درشت زبان اور سنگدل، تو لوگ آپؐ کے آس پڑوس سے دور بھاگ گئے" یہ آیت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے شان میں قرآن کریم میں نازل ہوئی) کی حکمت میں نظر اور غور کریں اور من لا یرحم لا یرحم ("جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا" (یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے جس کو حدیث کہتے ہیں) کے فرمان کے راز کو اندیشہ کرے۔ آدمی جو اللہ تعالیٰ کی عمارت ہے، کے بنیاد ڈھانے پر جب تک جہاں اور امکان کی طاقت ہو جلدی نہ کرے۔ کیونکہ ایسی [illegible] مٹانا جس کا تدارک اور تلافی طاقت کے امکان میں نہ آسکے، انسانی

سے بغیر تاخیر اور فکر کے حکمت اور حکومت کے تقاضا سے نہیں ہے۔

بزرگان صفاہان سے ایک عجیب روائت کی گئی ہے کہ اس کی وفات کے بعد ایک دفعہ اہالی صفاہان میں ایک جھگڑا قائم ہو کر لڑائی تک نوبت پہونچ گئی۔ مقتولوں کا شمار کیا گیا۔ اور ستر آدمی اس سے زیادہ جو خواجہ بہاؤالدین کے عہد حکومت میں زندہ لوگوں کی صحبت سے جدا ہو گئے تھے۔ مقتول ہو گئے۔ فرمایا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے "جیسے تم ہو گے ویسا تم پر والی اور حاکم بنایا جائے گا"

اس میں شک نہیں کہ فوری عذاب اور سزا کا عوام الناس کے پیش کرنا جو آنے والے خوف (قیامت اور آخرت) کے وعدے سے پرہیز اور احتراز کرتے ہیں۔ عقل کے نزدیک دین اور دولت کے حال کے حسن اور مصلحت کا موجب ہے۔ اور یہ قاعدہ کہ "جس چیز سے بادشاہ روکتا ہے اکثر ہے اس سے کہ قرآن روکتا ہے" اس کی تصدیق کرتا ہے۔ لیکن اس کی بھی مقرر حد اور مشروط شرط ہونی چاہیے۔ کیونکہ زیادتی اور کمی اس بارے میں عقلمندوں کی رائے کے خلاف ہے اور اچھے امور درمیانے ہوتے ہیں۔

اگرچہ غلبہ اور انتقام کے شیوہ میں حد سے زیادہ مبالغہ سے کام لیتا تھا۔ اس کے کئی گنا طریقہ بذل اور سخاوت کا التزام کرتا۔ اور انعامات اور عطیات کی امداد کی بالخصوص اہل علم پر فیض رسانی کرتا۔ اور علما کے شان کی جلالت اور قدر کی تعظیم میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتا۔ اس نے اپنے اوقات کو تقسیم کیا ہوا اور بانٹا ہوا تھا۔ جب دربار کے آستانہ سے فارغ ہوتا تو اہل علم بھائیوں سے گفتگو اچھی ہے حسینوں کے ساتھ چشمک زنی سے" کی بساط بچھاتا اور راحت لینے کے لئے ایک لحظہ اہل فضل دوستوں سے شراب کے پیالوں کی جرعہ کشی سے انس حاصل کرتا۔ اور باقی اوقات کو مہمات ملکی کے پورا کرنے میں مصروف اور حالات کے کھولنے اور لوگوں کے مختلف طبقات کے عقائد معلوم کرنے پر موقوف رکھتا اور کچھ حصہ رات کا حرم اور نیند کی لذت کا حصہ ہوتا۔ اور شاہانہ محلات اور مکانات، سیرگاہوں اور تفریح گاہوں کی تعمیر میں۔ کہ فردوس عدن کے باغ چراگاہیں۔ چھپر کھٹ اور تخت چین کے رشک سے شرمندہ ہوتے تھے۔ مشغول ہو گیا۔

اور باوجود اس کے کہ بلند ہی مدارج پر غلو حاصل کرنے، عجب و عزت کے کندھوں پر سوار ہونے، قوانین لذات کے مکمل کرنے اور ناز و نعمت کے فنوں میں زیادتی کرنے میں اس حد تک پہونچا ہوا تھا۔ (مگر) چونکہ اس کا بھائی خواجہ ہارون آداب کے طریقوں فضائل کی صورتوں، اور علم و حکمت میں اس سے بڑھ گیا تھا۔ اس کے ساتھ ایک طرح کی

رئیس اور حسد کرتا تھا۔

مضمون فضیلت علم

مالِ ذخائر، مرتبہ اور مجازی منصب جو کہ زوال اور انتقال سے پائمال ہوتے رہتے ہیں، فضائل ذاتی کے مقابلہ میں جن سے اُولیٰ (دنیا) اور آخری (آخرت) میں نفس حقیقی طور پر زندہ رہتا ہے کیا مقابلہ کر سکتا ہے؟ مال حظوظ اور لذات جسمانی کا مادہ ہے اور علم قوت روحانی کا مددگار۔ پس جس قدر روح کو جسم پر فضیلت کا درجہ ہوگا علم کو بھی مال پر اسی قدر زیادتی حاصل ہوگی۔ مال، غالب اور زیردستوں کے تعرض، چوروں کی طمع اور خرچ کی کثرت سے آفات اور خوف کا شکار رہتا ہے۔ اور علم، ہر قصد کرنے والے کی لوٹ اور چھین سے محفوظ اور سالم رہتا ہے۔ اور پھیلانے، خرچ کرنے اور افادہ کے پیالے بھر کر دینے اور پلانے سے زیادہ اور دُگنا ہو جاتا ہے۔ مال علم کے ساتھ کب مقابلہ کی طاقت رکھتا ہے؟۔ مال، ایک مادہ ہے جس کو مٹی اور اژدہی کے پیٹ میں، ضائع ہونے کے ڈر سے امانت رکھتے ہیں اور علم ایک صورت ہے جو عقل فعال کے نتیجہ سے روح کی تختی پر نقش کی گئی ہے۔

اِن مقدمات کی بنا پر اگر اُسے کسی قسم کا حسد یا رشک تھا تو یہ بات بعید نہیں نظر آتی۔ اس دعوے کی تحقیق کے لئے فضلاء عصر کے بعض اکابر نے زبانی بیان کیا کہ انہوں نے بغداد میں دفع ملال کے لئے چاہا کہ گلگوں کمیت (شراب) کو میدان نیش میں، خلوت کے اندر چکر دیں (یعنے خلوت خانہ میں شراب کا دور جاری کریں) اور ایک لحظہ ابلق گردوں کے حوادث اور اغیار کے ازدحام کی بھیڑ سے کنارہ ڈھونڈیں۔ منوچہری کے چہرہ والے، انوری ہیئت والے۔ اور مسعود طالع آفتاب کے طلوع ہونے کے قبل، ارزقی آسمان کے قبہ پر فردوسی شکل حسینوں اور لطیف عنصر جیسے پیالوں کی حاضر کرنے کی رخصت دی گئی۔ دونوں بھائی فرقدین کی طرح سپہر آئین مجلس میں چند محرم رازوں کے ساتھ اہل کرم اور فضل اور آداب کے ہمجولیوں کے ساتھ۔ —؎

ماننذ بحتری، اصمعی، جاحظ اور صابی کے۔ جن میں سے ہر ایک شعر ادب فضل اور ترسل میں مشہور ہے۔

بیٹھ گئے۔ ایسی جگہ جو دمیۃ القصر کے عجائبات کی طرح لطائف سے آراستہ، ایسی سیرگاہ جو حدیقۃ الحدائق کے باغ کے خوش آیندہ پھولوں سے مزین جس کی شراب سلسبیل کی نہر سے زیادہ میٹھی اور صاحب جلیل کی منظومات سے زیادہ نفیس اور جس کی خوشبو دارچینی سے پاکیزہ تر باد شمال سے اور عمدہ تر اس شخص کے قول سے جس نے کہا۔ —؎

اس کی نسیم کی خوشبو سے جو نیند لاتی ہے۔ اگر سو جائے مخمور اس میں تو اسے
افاقہ ہو جائے۔

معشوقوں کا چہرہ متنبی کی بدریات سے زیادہ دلکشا، ساقیوں کی زلفیں معری کی درعیات سے زیادہ پیچیدہ۔ سارنگی کا خلاقہ۔ داؤد نبی کے مزامیر کو رشک دلانے والا، راگ و رنگ کی آواز صفی کی مقولات۔ گانے والوں کا گانا صابی کے رسائل، اور ناچنے والوں کا ترانہ فارابی کے معمولات۔ خرمن گل کی بجائے گانے والی عورتیں۔ بلبل کی خوش الحانی کے عوض سرودوں کی سُریں، ظریفوں کی چھیڑ خانیاں، راغب کے محاضرات کی طرح پسندیدہ حریفوں کی خوش گپیاں غذائے روح قوت القلوب کی طرح۔ مے پرستوں کا فیض جان بخش اشاروں سے حد کمال تک پہونچا ہوا۔ سرمستوں کے سرود اثیر کی غزلیات سے بلند فلک تک ملے ہوئے۔ اور خاقانی کی دلپذیر ملمع نظم ارباب ہوش کے کانوں میں جائے گیر ہو گئی تھی۔ ؎

۱۔ اور جب پرندے صبح کے لئے گائیں تو نمکین عطا کے دینے والے کی دعوت
قبول کر۔ (نمکین عطا = شراب یا نمکین باتیں) ہوا خندہ سے پر اور شیریں ہے
لا تلخ صراحی کا گریہ (یا صراحی کا تلخ گریہ = مراد شراب)

۲۔ گرا دے اس شراب کے فضلے کیونکہ زمین بے زینت ہے وہ اُسے زینت
دیں گے منقش کپڑوں اور حمائل سے۔ صبح کی قبا کے لئے مشکیں زرہ مارہ
مسلح ترکوں کی زلفوں کی خوشبو سے۔

تمام لوگوں کے کان عود ساز کے نغمہ میں غرق۔ دماغ اگر (عود) جلانے والی بخور کو سونگھنے والے اور زبان اس دل آویز قول کو بار بار کہنے والی تھی ؎

اے یار سرنگی بجانے والے، اے محبوب عود (اگر) جلانے والے۔ ایک عود
(سرنگی) کو بجا۔ اور دوسرے عود (اگر) کو جلا۔

اس مجلس میں مولانا صفی الدین عبد المؤمن اُنس کے بار کا ذریعہ تھا۔ جب خواجہ ہارون کے اندر شراب کی خوش اور مست کرنے کی طاقت نے تاثیر کی تو اس نے خیش کے زیادہ چاہتے، بے تکلفی اور خوشی کے حاصل ہونے کی راہ سے کہا "اگر صفی الدین ہمیں اپنے دسترخوان فضائل سے نوالہ دیوے اور طبع لطیف کے شیریں پانی سے تھوڑا اسا دیا لیس خوردہ) عطا کرے اور ایک لحظہ اس مستسقی کی شکل والے ہمہ تن پیٹ (طنبورہ) کی نبض دبائے (اُسے بجائے) تو کیا ہوگا" خواجہ بہاؤ الدین نے بطور مواخذہ کے

کہا " کہ مولانا صفی الدین ایسے لوگوں کے ساتھ کس طرح خالی نام سے خطاب کرنے ہیں تو کفایت کرتا ہے ؟" پھر اس نے اصحاب مجلس کی طرف رخ کرکے تقریر کی پانی کی طرح جس طرح کہ ہارون دل میں رکھتا تھا۔ کہ

"چونکہ میں صاحب دیوان کا خلف صدق (فرزند) ہوں اور شرف خلافت کی سیپ کا موتی میرے نکاح کی لڑی میں منسلک ہے اور میرے بیٹے کا نام مامون ہے اور خود اس بغداد کا حاکم ہوں۔ جو خلفاء کی عزت اور بے حد و بے شمار فضائل کی قرار گاہ ہے پس اگر بموجب عادت خلفاء کے میں آن کو صفی الدین (بغیر لقب مولانا وغیرہ کے) کرکے پکاروں تو عجیب اور بعید نہیں ہے "

خواجہ ہارون باوجود اس کے کہ بلند مرتبی کی خصلت، درستی اور جھگڑا ابھائی کی طرف سے جانتا تھا جواب میں اس طریق سے، جو آداب کے فنون کا جامع اور لطائف کے اصناف کو شامل تھا۔ کہا " اگرچہ خواجہ اسی طرح فرماتا ہے۔ چونکہ یہ معانی صورت کے مطابق اور حال کے موافق ہیں اور وہ جو کہ زبان اشرف پر جاری ہوا ہے تمام حاصل ہے۔ عذر کی طاقت نہیں ہے "

القصہ جب اس کا کام ایلخانی عنایت کے ذریعہ سے جلال کی چوٹی تک پہنچ گیا اور اس کی خیرہ کشی اور ملوک عراق کی بیخ کنی اور قلع قمع میں حد سے گذر جانے نادر کہانیاں بادشاہ کی رائے پر ظاہر ہوگئیں تو اس نے اس کو کمال مردانگی اور دلیری) کی کثرت پر محمول کیا۔ ع ۔ اور رضامندی کی آنکھ ہر عیب سے مندھی ہوتی ہے +

باپ کی نصیحت بہاؤ الدین کو | اور جس قدر کہ صاحب دیوان (شمس الدین) فرزند (بہاؤ الدین) کی جوانی اور جان پر شفقت اور دلسوزی کی راہ سے اس جرأت اور آبرو ریزی سے منع کرتا (جو وہ صفاہانیوں کے ساتھ برتتا اور عمل میں لاتا) اور عقلمندانہ دلائل اور مقبلانہ مثالوں سے ظاہر کرتا کہ ضرور اس طرح کے بے گناہ قتل کا برا نتیجہ ظاہر ہونے کی توقع ہے۔ اس کے سلسلۂ بہادری کی تحریک کا باعث اور غضب کی آگ کے بھڑک اٹھنے کا سبب بنتا۔

انجام کار روزگار نے اپنے جوہر کے خطبوں کے واپس لینے اور ہر خوبیات کو پھیر لینے میں ظاہر کیا۔ اور راز۔ ع ۔ اسباب مختلف ہیں اور بیماری ایک ہے + فاش کر دیا مختلف امراض کے عارضے اور متضاد بیماریوں کی مختلف اقسام نے رخ دکھایا اور طبیعت کے بادشاہ نے جو الٰہی قویٰ میں سے ایک قوت ہے جس کا کام مناسب اور نامناسب میں تمیز کرنا ہے جو کہ جسم کی سلطنت کا مالک ہے، مواد کی درستی، مزاج کی تعدیل اور ربط اعضا

سے عاجز ہو گیا اور روح حیوانی۔ جو قوائے جسمانی کے لائق ہے۔ نے سستی اختیار کی۔ ابھی اس کی زندگی کے ایام نے تینتیس (۳۳) سال کی گرہ نہیں لی تھی، اس کی جوانی کی رات نے بڑھاپے کی صبح کا اثر نہیں پایا تھا۔ اور اس کے کوے کے پَر (سیاہ بال) جو اصل پوش (سفید) نہیں ہوئے تھے کہ (زمانے نے) اس کی عمر مقارر کے روزنامچہ کو میزان (خاتمہ) تک پہونچا دیا۔ اور اس کے اس قدر فخر او تکبر میں سے سوائے حسرت اور ندامت کے کچھ باقی نہ رہا۔ ؎

فریاد ہے اس رنج بنانے والی اور راحت کو جلانے والی آفت سے۔ فریاد ہے اس جہان کو شکار کرنے والی ستم پرور گردش سے۔ کس قدر صورتیں جنہیں عمر کے ساتھ اس نے منقش کیا۔ کھرچ ڈالیں۔ کتنے گوہر جن کو کئی سال پرورش کیا۔ توڑ ڈالے۔

ایک اہل عصر نے اس کی تاریخ وفات ان دو تین بیتوں میں درج کی ہے۔ ؎

(ہائے) صاحب آفاق بہاؤالدین کا چلے جانا جس کے ایوان کا پہرہ دار زحل اور دربان قمر تھا۔ اس جہان سے جہان باقی کی طرف چل بسا۔ سنیچر کی رات سترہ ماہ شعبان کو۔ سال چھ سو کے اوپر ستر اور اس پر آٹھ زیادہ (۶۷۸ھ) شہر اصفہان میں جو اس سے خوش اور آباد تھا۔

صاحب دیوان (شمس الدین) درد کی غرقابی میں پڑ گیا اور بڑھاپے کے سمن برگ کو سُرخ رنگ آنسو کے قطرات سے پانی دیتا اور اپنے خاطر زاد (تصنیف کردہ اشعار) سے یہ شعر پڑھتا رہتا تھا۔ ؎

اے فرزند محترم۔ اے وہ کہ تیرا اغلام آسمان تھا۔ اے وہ کہ تیرا ایک بال زمانے کے بازار کی رونق تھا۔ تو باپ کی قوت اور طاقت تھا۔ اس لئے باپ کی پیٹھ کبڑی ہو گئی۔ حسینوں کے ابرو کی مانند تیرے رُخ کے بغیر۔

اگرچہ اور بال بچے بھی رکھتا تھا جن میں سے ہر ایک بلندیوں کے آسمان کا روشن چاند۔ اور فضائل کے چمن کا لہلہاتا سرو تھا مگر زندگی میں عمدہ مدد اور پشت پناہی اور بعد از مرگ، مرتبہ اور نیابت کے جمع کرنے کا مستعد صرف اُسی کو جانتا تھا۔

ذکر شاہزادہ قیدو اور اسکی سلطنت کے بعض احوال کا بیان اور براق کا بلاد مشرقی پر حملہ

قیدو، اوکتائی قاآن (پسر چنگیز خاں) کا پوتا تھا اور اس کا باپ غازی اغول تھا۔

وہ پادشاہزادہ عقلمند، عادل، کامیاب، دولتیار، ہمت بلند اور اس کی دوربین عقل، جدال اور نزاع سے دور بھٹی اور سچ فرمایا ہے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے "اصل اپنی طرف کھینچتا ہے" حتیٰ
جب سلطنت کی نوبت قوبلائی قاآن تک پہونچی اور آریغ کی حرکتیں اور آلغو کی شرارتیں برابر جاری تھیں تو حکم دیا کہ ایک لشکر ویرسون (بسیار) دریائے جیحون کے کنارے تک جائے اور تمام شہزادوں کو جو ہر وقت استبداد (ضد، ظلم اور ہٹ) کی صورت، تخیل کے کارخانے میں نقش کرتے اور اس کے ذریعہ سے غرور میں رہتے ہیں۔ درمیان سے اٹھادیں (قتل کردیں)۔ چنانچہ قوبلائے قاآن کے ایلچی بغیر کسی روک ٹوک اور اندیشہ کے پادشاہزادہ ہلاکوں خان کے پاس آنے جانے لگے۔ قیدو کو اس بات کا علم ہوگیا، مخالفت اور نااتفاقی کا دم لگایا اور قدم لڑائی اور کھلی دشمنی میں رکھا اور اس دلیل سے تمسک اور حجت پکڑی کہ پادشاہ کشورکشای چنگیز خان نے یاسا نامۂ بزرگ میں۔ جو مشتمل ہے قانون، رسوم ملک گیری اور تمام احوال جہانگیری کے دستور پر۔ جو حکایت کرتا ہے تقدیم اور تاخیر امور کے اوقات سے اور ہدایت کرتا ہے جمہور کی کمی اور زیادتی کی علامات کی۔ ظاہر، روشن، واضح اور معین کرکے فرمایا ہے کہ جب تک اوکتائی قاآن کی نسل سے شیر خوار لڑکا بھی زندگی کے دائرہ میں ہو، بیٹوں اور پوتوں میں سے وہی تاج اور رایت شاہی کی وراثت کا مستحق اور احکام و نواہی کے قیام کا والی ہوگا۔" ان وجوہات کی بنا پر اکثر شاہزادے اور لشکر جرار اس کی حمایت کے جھنڈے تلے جمع ہوگئے اور حدود تلاس، کنجک، اترار، کاشغر اور بلاد ماوراء النہر پر قبضہ کرلیا۔ اور مغلوں کے اندر اس کی شجاعت اور اس کے لشکر کی زیادتی انتقام، کی ضرب المثل بیان کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں "جس پادشاہ کا کہ لشکر متفق اور دلاور قیدو کے لشکر کی طرح اور سیاست اور عدل قوبلائی قاآن کی مانند اور عمدہ نسل کے گھوڑے قبچاق کے گھوڑوں جیسے ہوں۔ اس کی سلطنت زوال نہیں قبول کرتی۔"

اور اس تخیل کی تصدیق اور تحقیق یہاں سے متعین اور ظاہر ہوتی ہے کہ مدتوں اس کے لشکر اور لشکر قاآن کے درمیان دشمنی اور لڑائی قایم رہی اور چند دفعہ لشکر بسیار زمانہ دراز تک اس کی طرف چھ ماہ کے راستہ تک اتر گئے اس طرح کہ لشکر قاآنی نے ارزن جس کو توکی (چینہ) کہتے ہیں جنگلوں میں بودیا اور بادل کے سینچنے والوں نے بارش کے پانی کے چھینٹوں سے سیراب کیا اور آفتاب کی کرنوں سے تربیت حاصل کرکے یہاں تک کہ اس کے پک جانے کے زمانے تک، کہ اس کی مدت چالیس دن کم و بیش

بیان کرتے ہیں، جانوروں کا چارہ اور خوراک اُسے بنایا۔ باوجود اس قدر مشقتوں کے برداشت کرنے اور اتنے راہ اور منازل طے کرنے کے جو کہ حسینوں کے ہجر کی رات کی طرح لمبی اور طویل تھیں۔ جنگ کے روز شکست کھا کر منتشر اور اُن کی کوششیں رائگاں گئیں۔

اور ایک دفعہ لمغان پسر قوبلای نے بھی ۶۶۱ھ میں اپنی کمان سے لشکر کشی کی، اس کو مقید کر لیا۔ اور اس کے لشکر کی کثرت اس کی مددگار نہ ہوئی۔ پس اس کے قتل پر باوجود قدرت کے جلد بازی نہ کی۔ اور اس کو منگو تیمور کے پاس بھیج دیا۔ قبچاق کی طرف "قوبلای قاآن" یہ حال سن کر سخت پریشان ہوا اور اس کے دل کا آئینہ ہر وقت اس کے لشکر کی تلوار کی نمی سے امتحان کے زنگار سے بھرا رہتا۔

آخر منگو تیمور نے لمغان کو صحیح سلامت لائق آئین کے ساتھ قوبلای قاآن کی خدمت میں بھیج دیا اور اس کو اس دربار میں قرب حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا۔

مقصود یہ ہے کہ تمام اوقات میں کامیابی "قیدو" کو ہوتی اور جب کبھی اُسے فتح حاصل ہوتی۔ اس علاقہ کو اپنے قبضہ میں رکھتا، اسی طرح فتح کرتے کرتے سرحد خان بالیغ تک کا علاقہ۔ عزم ثابت اور مکمل کوشش سے مسخر کر لیا۔

اُس کے لشکر کی صفت میں یہ کلمات تحریر کے مناسب ہیں اور کاتب ابھی تک دہشت اور شرمندگی بلکہ حیرانی اور تقصیر کے محل میں ہے "اُن کے نزدیک قتال، اقبال۔ فاقہ، دولت، تلوار بخشش۔ نیزہ، خوشبو اور تکلیف و ہلاکت، فائدہ ہے۔ شوق رکھتے ہیں تلواروں کی کھٹ کھٹ کا۔ اُس عاشق کی طرح جو پیاسا ہے میخواری اور وصال کا۔ دوست رکھتے ہیں دلیروں کی لڑائی کو اظہار خصومت میں اُس عاشق کی طرح جو چوستا ہے معشوق کے لعاب دہن کو ہونٹ پر ہونٹ رکھ کر" نیزوں کی انیوں کی نوک کو ملیح حسینوں کے رخ کا بوسہ سمجھتے ہیں اور دلیر مردوں کی چیخ پکار کو سیم تن، گانے والی، سرود بجانے والی، حسین، ناچنے والی اور کھیلنے والی عورتوں کا گانا خیال کرتے ہیں۔ جیسا کہ میں (مصنف) نے کہا ہے۔ ~~

اُن کے نزدیک جب لڑائی کا نقارہ بجتا ہے تو۔ زخم، رحم۔ ڈھال، ترس۔ رعب اور بأس، پاس اور حفاظت۔ اور سختی، بوسہ ہے۔

باوجود اس شجاعت اور دلیری کے ہرگز لڑائی اور مقابلہ کے قصد میں ابتدا کرنیوالا نہ ہوتا مگر جب لشکر قاآنی اس کے قصد سے حرکت کرتا۔ اس وقت اپنی سلطنت کی نافت سے مدافعت کرنے کے لئے اُن کا استقبال دا آگے بڑھ کر سامنا کرتا۔ اور یہ طریقہ عقل کی رو سے نہایت اچھا اور پسندیدہ ہے اور شرع اسلامی کی زبان بھی حملہ کرنے والے

کے مقابلہ کی قائل ہے۔
لاشک۔ اس کے لشکر سے نصرت اور فتح کا گروہ ملاقات کیا کرتا اور اس کی طاقت اور قدرت بلند چوٹی پر چڑھ گئی۔ اس کی باگ کی حرکت سے ہوا دولت کے ساتھ متحرک ہو ہوتی اور اس کے رکاب کے سکون سے بلا کی آگ ساکن ہوتی۔
جس وقت کہ "آلغو" کی ناگزیر حالت ہوگئی (مر گیا) اور "مبارک شاہ" نے اس کی جگہ لے لی جیسا کہ اس کا بیان آگے آئے گا۔ تو "براق" ابا سمار، اور مومن، "جو چغتائی کے پوتے تھے اور ان کا باپ ایسان توا" تھا حدود چغتائیاں میں جاگیر معین رکھتے تھے براق نے اس حادثہ کے سنتے ہی لشکر کشی کی اور مبارک شاہ نے ملک ماوراء النہر سے پیچھے پھر کر اپنے آپ کو امور سلطنت کا متصرف بنا دیا۔ اور "اوزکند" میں ۶۶۳ھ کے شروع میں تخت پر بیٹھا۔ اور آلغو اور سمرقند کے خزانوں کو اپنی ملکیت میں لے آیا۔ ؎
بہت سے لوگ خزانے رکھ جاتے ہیں اور دوسرے لے لیتے ہیں کیسی قدر کوششیں دکھاتے ہیں اور آخر مر جاتے ہیں۔ کسی شخص نے سلطنت ورثہ میں نہیں لی۔ مگر قوت بازو کے زخم اور دلیری سے لیتے ہیں۔
جب "قیدو" احوال کے تغیر اور امور کے انقلاب اور لشکر قاآنی کے قصد کی وجہ سے تلاس اور کنجک سے حرکت میں آیا تو "براق" ڈر گیا کہ ایسا نہ ہو کہ وہ (قیدو) بخارا اور سمرقند کا قصد کرے اور یہ ملک اس (براق) کے قبضہ سے نکال لے۔ اس اندیشہ سے سبقت کر کے قیدو کی طرف چڑھائی کر دی۔ آب خجند کے مقام پر جنگ کی آگ جلائی اور حملوں کی ہوا اس قدر چلی کہ مٹی کے اجزا اور ذرات بے آرام ہو گئے۔ ؎
تیر کی ترنگ (آواز) اور شمشیر کی چاکا چاک تھے۔ پھاڑ ڈالا ہاتھی کا مغز اور شیر کا پتہ۔
پس لشکر قیدو نے مل کر حملہ کر دیا ایسا کہ باشکوہ پہاڑ کا دل اس کی ہیبت سے ذرے کی طرح ہوا میں سبکسار ہو جاتا۔
براق نے شکست اور ہزیمت پر ارادہ وابستہ رکھا۔ اور واپس بخارا چلا گیا۔ اور مانند گوہر کے سخت پتھر میں پناہ لی۔ اور ترتیب جنگ اور تیاری سامان جنگ کو نئے سرے سے شروع کر دیا اور اس پر قرار داد رکھی کہ چونکہ روز قیامت سے خبر نہیں رکھتا تھا، اہالی اور ساکنان شہر سے مردم شماری کا حساب اور ٹیکس وغیرہ (نکالنے) کو شروع کر دیا۔

اور طائیغو اور یوشا کے پاس ایلچی (یا پیغام) بھیجا کہ سمرقند اور بخارا کے لوگ اگر اپنی بقا اور بیوی بچوں کی سلامتی چاہتے ہیں تو تن تنہا شہر سے باہر نکل جائیں۔ تاکہ لشکر جو بے سامان ہو گیا ہے اندر داخل ہو جائے اور جو کچھ چھوڑ گئے ہیں وہ لوٹ لے۔ اور کوچ کے کندھوں پر سوار ہونے کی طرف رغبت کریں۔ وہ لوگ بڑے بڑوں اور بزرگوں کو ساتھ لے کر سفارش کے لئے آئے اور پھر مقرر کر دیا کہ ہر ایک قبیلہ اور کارخانہ کی تفصیل اور فہرست پیش کریں اور بالش زر خزانہ میں داخل کریں۔ تاکہ مصالح لشکر اور اُن کی ضروریات میں صرف کیا جائے پھر اہل حرفت کو دن رات ہتھیاروں کے بنانے اور آلات حرب کی درستی میں مشغول کر دیا۔ اس ارادہ سے کہ دوسری دفعہ اپنے کو پھر آزمائے اور میدان تدارک میں جولانی دکھائے۔ ع۔ کہ بخت کس کا ہے؟ اور کس کو دوست رکھتا ہے؟

اگر آرزو کا مٹکا جستجو کے کنارے سے درست نکل آیا اور نیک نامی کی آبرو قائم رہی تو فھو المراد۔ (بہتر) ورنہ اگر اُلٹی گردش کرنے والے طشت (آسمان) کی گردش سے نام و ننگ کا تھال بدبختی کی چھت سے نحوست کے پتھر پر آ جائے تو کسی دوسری طرف کو نکل جائے اور چیونٹی کی طرح (جو تھالی میں ہو) سرگردانی کو بطور پیشہ اختیار کرے۔ اور دستہ دار تھال کی مانند خود کو زمانہ کے رنج کا حلقہ کانوں میں ڈالے ہوئے خیرہ گوش (بے باک) بنائے کہ اچانک قبچاق اغول" پانچ سواروں کے ساتھ، قیدو کے دربار سے ایلچی کے طور پر پہونچ کر پیغام لایا کہ "براق پھر خود رائی کے راستہ کو طے کرتا ہے اور کاموں کے انجام کو نہیں دیکھتا۔ اور ہمارے لشکر کے ساتھ از سر نو مقابلہ کرنے کے ارادہ پر آپ کو اور سمرقند و بخارا کے باشندوں کو عذاب اور کدورت میں ڈال رکھا ہے۔ آزمودہ چیز کو آزمانا حرص و زیادتی پر ضد دکھانا اور ہٹ کرنا صاحب دولت اور ہوشمندوں کا کام نہیں ہے ۔

تو کس قدر شوریدہ دل اور بیہودہ رائے ہے ۔ کہ آزمودہ کو ہمیشہ آزماتا ہے

چنگیز خاں نے صرف اس لئے خطرات کی سواری اور اطراف کا بوجھ برداشت کیا اور صبح کے جھنڈے کی مانند آفاق میں شہرت حاصل کی اور آفتاب کی مانند جہانگیری میں تیغ زنی اختیار کی اور آباد زمین کے چنے ہوئے علاقے قبضہ تصرف میں لایا ۔ کہ ہم فرزندوں نے جتنی مدت تک کہ زمین میں مہارت حاصل کی ہے، سلامتی، خوش خوئی، خوش حالی اور تن آسانی سے زندگی بسر کریں اور گذرے ہوئے اور نا حاصل کئے ہوئے کا غم ۔ کہ وہ ایسا اندوہ ہے جس کا چشمہ بڑھنے والا ہے اور ایسی بلا ہے جس کی محنت افزوں ہے بموجب ۔ ۔ ۔ ۔

جس نے جہان کا غم کھایا کب زندگی سے پھل کھائیگا؟ - جا تو جہان کا غم نہ
کھا تاکہ زندگی سے پھل کھائے - آ - تا جہان کو بدی اور برائی کے سپرد
نہ کریں - تمام کوشش کے ساتھ نیکی کا ہاتھ پکڑیں -

مصلحت صلح میں ہے اور ایک دوسرے کے کینہ کے مقابل - جو اتفاق کا حکم رکھتا ہے - معاف کرنا - اور سلامتی کے چنبر سے سر باہر نہ نکالنا - تاکہ مل کر جانوروں کی چراگاہیں اور لشکر کی منازل مقرر کریں اور بے فائدہ دھوڑ دھوپ اور لڑائی جھگڑا درمیان سے اٹھ جائے ۔" (ختم ہو گیا پیغام قیدو کا بنام براق کے بذریعہ قبچاق اغول)

قبچاق اغول نے پیغام سنا دیا - طائغو، مسعود بیگ اور تجیس کا بخت مددگار، عقل رہبر، دانائی کی آنکھ مصلحت بین اور ہوش کے کان نصیحت سننے والے تھے - نے ان کلمات (پیغام) کو جو عقل کے کانوں کی بالی، اقبال کے بازو کے تعویذ - اور دولت کی دائیں ہاتھ کی انگوٹھی کے لائق ہیں - لیت کیا اور کہا کہ محض اندیشۂ صواب اور تدبیر درست کا خلاصہ یہی ہے اور اس پر کچھ زیادہ نہیں ہے - اس قرار پر بنیاد اور اس بنیاد پر یہ قرار پایا کہ فی الحال ماوراء النہر سے مسمی لینا ترک کر دیں اور شہزادوں کے درمیان کسی قدر گفتگو کے بعد ملاقات ہو جائے اور لڑائی اور دست درازی کے عوض مہربانی اور لطف آ جائے اور صفائی کی گرہ بندھ جائے - اور سالیانہ حوالجات کے حسابات پر سرے سے (کلیۃً) خلاصی یا صفائی کا نسخہ لکھ دیں - پس انہوں نے دشت قتوان، حوالی رباط ابو محمد کے اندر ایک جشن بزرگ ترتیب دیا اور گانے والوں نے چنگ اور چغانہ پر نوا اور عشاق کے پردہ کو جو ان کی مقررہ آواز ہے - بجایا - غم اور رنج کی سواری کو دور کرتے ہوئے سرود کی خوشی اور طرب سے کانوں میں جگہ دی - درغمی (دور غم والی) شراب کو بے غمی سے (شراب کی تعریف میں کہتا ہے) ؎

جو عقل کا معیار، خواب کا علاج، منہ کی چمک - درد کا درمان، جسم کی راحت
جان کی غذا - طبع کی طاقت، نطق کا آلہ، خون کی صفائی - غم کا دافع
دل کی شفا، روح کی راحت - سخاوت کا اصل، مروتی کی عنصر، حسن
کی ذات، تواضع کی آنکھ، لطف کا جسم اور بیان کا سر ہے -

ہائے ہوئے میں غٹاغٹ چڑھایا -

اس طرح دونوں لشکر جو ہمیشہ ایک دوسرے کے مقابل "آرشی تیر" "چاچی کمان" میں کھینچتے رہے - حفاظت تمام سے بڑے پیالوں کو فوراً پی گئے - اور اشاروں اور

صراحت سے مصنف کی انشاء سے اس غزل میں قول مؤلف اور تحریر کرتا تھا۔ ؎
اسے ترک، باوقار (یا بھاری پیالے والے) سبک روح (شراب) تو کیا
رکھتا ہے۔ اگر بھاری ہے خواہ سبک یہ پیمانہ مجھے دے۔
اگرچہ قبل ازیں منافقت اور مخالفت کی وجہ سے دونوں طرف سے کینہ کی تلوار چلتی رہی
مگر اس وقت۔ ؎
تمام منہ پھول تھے ہنسی کے، عمدگی کی وجہ سے اور تمام دل جسم تھے دو مغزے
بادام کی طرح۔

ایک دوسرے کے سامنے بیٹھ کر شراب کے پیمانوں کو گردش دی شہزادوں نے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر انگور کا خون پیا۔ اور ایک دوسرے کے ساتھ لباس تبدیل کرکے مل کر باتیں کیں اور زمین کی سطح کو شراب کے پس ماندہ گھونٹ سے عاشق کے چہرہ کی طرح اشک آلود کردیا۔ پختہ میثاق اور پکے وعدوں کے ساتھ طرفین سے یہ بات محکم ہوگئی کہ کینہ اور اختلاف سے دور رہیں گے۔ اور اتفاق اور اتحاد سے ایک دوسرے کی پشت پناہ اور مددگار۔ کینہ کی گرہوں کے کھل جانے اور نفرت کی گرد کے نیست و نابود ہوجانے کے بعد قرار پایا کہ شاہزادوں میں سے ہر ایک، مقررہ قبیلوں اور خاص کارخانوں سے جو بخارا اور سمرقند میں رکھتا ہے۔ قناعت کرے اور لشکر براق کی منزل سردیوں اور گرمیوں کے آرام کے لئے مقرر کی گئی۔ اور قیدو نے اپنے لشکر کو بخارا کے اس طرف جگہ دی۔ چنانچہ وہ خط فاصل ہوگئے درمیان بخارا اور براقیان کے ۔۔۔ اس وجہ سے لشکر براق تنگ عیش تھا اور مبادی صلح میں بھی ناراض تھا۔ قریب زمانہ میں ایک لشکر منگو تیمور کی طرف سے نازل ہوا۔ لشکر قیدو نے ان کی مدافعت کے لئے اپنی منزل سے حرکت کی۔ براق نے اپنی آرزوؤں کا میدان خالی پایا اور پھر بخارا میں آداخل ہوا اور ۶۶۷ھ میں مسعود بیگ کو ایلچی کے طور پر آباقاخاں کی خدمت میں بھیجا اور دوستی اور مصالحت کا اظہار کیا۔ اور اس کی غرض پیغام رسانی اور خط و کتابت سے یہ تھی کہ لشکر کی تعداد اور راستے کی کیفیت کی احتیاط رکھے اور خیال میں پھٹتا ہوا اور دل میں مقرر کیا ہوا تھا کہ اس علاقہ (آباقاخاں) کا قصد کرے گا بہتری کی امید کے ساتھ۔

مسعود بیگ اپنے نام کی طرح مسعود شگون۔ اپنے عقیدہ کی طرح درست عزم اور مقبلوں کے ستارے کی طرح قوی دل کے ساتھ دریائے جیحون سے گذر گیا۔ اور جس منزل میں پہنچا احتیاط کی طرف کو نگاہ رکھتے ہوئے دو گھوڑے ایک معتمد کے ساتھ

وہاں رکھتا اور اس کی نگہداشت اور ہوشیاری کے طریقہ کو ملازم کرنے میں مبالغہ کیا۔ جب ایسے صاحب دولت روشن دل (مسعود بیگ) کے پہونچ جانے کا آوازہ پہنچا تو اُمراء اور صاحب دیوان شمس الدین اس کے ورود کے اعزاز اور تشریف آوری کی تعظیم کے لئے استقبال کے شرائط اور مہمان نوازی کے رسومات بجا لائے۔ صاحب دیوان اگرچہ علم اور فضیلت کی سواری پر سوار تھا مگر میدان معالی کے شہسوار (مسعود بیگ) کے سامنے پیادہ پا ہونا ضروری سمجھا۔ اگرچہ مکارم کی باگ کے مالکوں نے اس کو علی الاطلاق لیا (یعنی سادہ ملاقات کی، مگر) اس (صاحب دیوان) نے اس نے رکاب کی طرح پا بوسی کی رسم ادا کی۔ تو مسعود بیگ نے حقارت اور نفرت کی راہ سے کہا کہ صاحب دیوان تو ہے پر تیرا نام تیرے نشان سے زیادہ اچھا ہے۔ (ع) تیرا معیدی کو سننا اچھا ہے اس سے کہ تو اس کو دیکھے۔

صاحب دیوان اپنے آپ کو اس طرح خیال کرتا تھا کہ اگر آصف بن برخیا (وزیر سلیمان علیہ السلام) اس کے مقابل ہو یا ملاقات کرے تو انصاف کی رو سے اس کی اوصاف خوانی اور ثنا بیانی کو بے خود زبان پر لائے۔ لیکن اس حال نے (مسعود بیگ کی بے پرواہی اور کج خلقی ظاہر کرتے ہیں) سوائے شرمندگی آمیز تواضع اور غیرت انگیز برداشت کے کوئی راہ نہ دیکھی اور اس کا جواب سینہ کے خزانہ میں سر مہر (محفوظ) رکھا۔ تا اس وقت کہ اُسے ایلخانی نصرت یاب لشکر کے روانہ کرنے کا موقعہ ملا۔ اور غیرت کی آگ سے اس علاقہ کی مٹی کو غارت اور برباد کی ہوا دے دی۔ اور یہاں اس قصہ کے بیان کرنے کا مقام نہیں ہے۔

مسعود بیگ آباقاخان کی خدمت میں پہونچا تو مرحبا، خوش آمدید، مہربانی اور کثیر انعامات حاصل کئے۔ اور اس نے بھی اس اشارت دو کنجیج حکیم اور اُسے کوئی وصیت نہ کرو کو پیغام کے ادا کرنے میں عمدہ عبارت، لائق اشارے، تشبیب جس میں خلل کا کوئی عیب نہ ہو اور سحر حلال سے دلپذیر تر مخلص (گریز) کے ساتھ۔ ؎

ایسا نظم کیا الفاظ کو کہ اُسے شراب حرام کہا گیا۔ ایسے عمدہ معنے بیان
کئے کہ اس کو جادو نے حلال خیال کیا گیا۔

درمیان دو رنگ رات اور دن کی موافقت کے قاعدہ کی تمہید میں رنگ یکرنگی ملا دیا اور اُن الفاظ کی ترکیب سے جو آب رواں کی مانند تھے نقش مقصود کھڑا کر دیا۔ چنانچہ اس در نثار کلام کے لئے نثرہ اور ثریا کا ہار اور پٹکے کا کنارہ جوزا سے ٹوٹ گیا۔

آباقاخاں نے فرمایا کہ سُرخ شراب کے پیالوں کی گردش اور صاف شراب کے پیمانوں کی باری باری چلنے سے اس کو حسینوں کی آنکھوں کی طرح مست کر دیں۔ پیغام ادا کرنے اور انعام اور تحائف کے ساتھ مخصوص ہونے کے بعد۔ جواب کو بھی موافقت اور مصالحت کے پردہ سے بموجب "۔ اور ہم نے اُن سے سلوک کیا جیسا کہ انہوں نے کیا" کے۔ اور اس کا خوش ہونا پیغام کے ابتدا میں معلوم کیا۔ تیسرے روز حال کے چہرے میں غور کرنے سے کسی قدر تغیر اور تبدیلی مشاہدہ کی اور بدگمانی کا اثر اپنے حق میں دیکھا۔ واپس جانے کی اجازت طلب کی۔ آباقاخاں نے اُسے واپس جانے کا حکم دے دیا اور وہ بے توقف بارگاہ سے باہر آگیا اور اس نے اُو پر سے

ایسے گھوڑے کے جو ایک ہی حملے میں پاؤں کے نیچے لاتا ہے۔ میدان، اگرچہ
امید کی درازی اُسے حاصل ہو۔ زمین کو شوق کی طرح طے کرتا ہے اور ہوس
کی طرح فراخ رو ہے۔ جوانی کی طرح جلد گذرنے والا اور روح کی طرح قیمتی ہے

عزیمت کے پاؤں جو ہزار دفعہ زحل کی چوٹی پر رکھے ہوئے تھا گذار دیئے (سوار ہو گیا)۔

اور امرا (آباقاخاں) کو اس کے چلے جانے سے فوراً ندامت حاصل ہوئی اور انہوں نے معلوم کیا کہ وہ پیٹھ دکھا گیا ہے اس طرح کہ پھر اس کا منہ نہیں دیکھا جا سکتا اور یقینی طور پر وہ باطل خیال سے پھر ہاتھ نہیں آتا۔ ع۔ (از مولف) وہ تیر جو کمان کے قبضہ سے باہر نکل جائے۔

ایلچی کو اس کے تعاقب میں روانہ کیا کہ جہاں کہیں بھی اُسے مل جائے واپس لائے منزل بمنزل ڈاک کے آسودہ کھڑے ہوئے گھوڑے اور مرد (مسعود بیگ) زیرک اور تجربہ کار۔ لیا موقعہ تھا تاخیر اور دیری کا۔ اس طرح چلایا کہ صرف چار دن رات میں دریائے جیحوں کے کنارے تک پہونچ دریا کو عبور کر گیا۔ جب براق کی خدمت میں پہونچا۔ تو مشاہدہ کئے ہوئے حالات بیان کئے اور اس کا جوش اُٹھنے اور رخصت ہونے میں اس جانب (براق) زیادہ مقبول ہوا۔ ع۔ تیرا خیال یہ تھا کہ اس کے کام کا حکم بدی پر محمول ہوا ہے + (براق نے) قیدو کے پاس ایلچی بھیجا کہ چراگاہ کے میدان کی تنگی کی وجہ سے جو منزل مقرر کی گئی ہے لشکر کا گذارہ نہیں ہو سکتا تھا اور مجبور ہو کر پھر بخارا کی طرف انتقال کیا گیا ہے۔ اب جو آباقاخاں بہت چوڑی سلطنت رکھتا ہے۔ اگر قیدو اس کو مصلحت سمجھے تو ایک لشکر کے ساتھ مدد کرے۔ تاکہ میں دریا سے ہوا کی طرح گذروں اور اپنی آگ کو اس خاک میں فروغ دوں۔ اور اس سلطنت کا ایک حصہ

اپنے قبضہ میں کروں "

یہ پیغام قیدو کے ارادہ اور رائے کے مطابق پڑا اور وافق الخ " موافق ہوا شن، طبقہ کے "پڑھا - کیونکہ داناؤں نے کہا ہے کہ نیک بخت وہ شخص ہے جو مقصود کا شکار دوسرے کی کمند سے پکڑے - اور دانا وہ ہے جو بیگانوں کی تلوار سے اپنے دشمن کی گردن مارے - (قیدو) چاہتا تھا کہ اس کے زخم پر پھایا لگایا جائے - اور اس کی سلطنت کی کدو کی بیل کو جو بہت جلد پروان چڑھ رہی تھی آباقا خاں کے قہر کی بادِ صرصر سے ناچیز کردے - اور جہان اس کے ظلم - بدخوئی - جفا اور سنگدلی سے آسودہ ہوجائے — لہذا -

جواب میں بہت دلجوئی اور دلسوزی ظاہر کی - اور اس ارادے کی پختگی اور اس رائے کی درستی پر مبالغہ کیا اور فرمان بھیجا کہ شہزادگان احمد پوری، نیک پے اغول اور بالغو اپنے لشکر کے ساتھ اس (براق) کی امداد اور موافقت کے لئے دریائے پنج آب اور ترمذ کے پتن سے عبور کریں اور جیاد، مبارک شاہ اور قپچاق - براق کے ساتھ مل کر دریائے جیحون کے گذر سے دریا پار کریں - اور کوکا جو بزرگ اور بانیال خیوہ سے جو خوارزم کا گذر ہے اور کوکا چو کو چاک - منک کشلاغ کے گذر سے آئیں - اور ایک جگہ اکٹھے ہو کر براق کے جھنڈے کے اہتمام میں رہیں تاکہ یہ ارادہ پختہ ہوجائے -

جب ایلچی واپس گیا تو براق، لشکر کی فراہمی اور سامان جنگ کی مہیائی میں مصروف ہو ہوگیا پہلے پہل یہ حکم ہوا کہ کوئی شخص آختہ گھوڑے پر سوار نہ ہو اور جس قدر اس قسم کے گھوڑے ملیں لشکر کے لئے لے لئے جائیں - اور لشکری ہر ایک گھوڑے کی خوراک روزانہ سات من (من ۱/۴ سیر) جو اور گندم دیں تاکہ موٹے ہوجائیں - اسی حکم کے ذریعے قحط تمام پیدا ہوگیا - اور جس قدر گائیں اس علاقہ میں ملیں حکم دیا کہ ان کو ذبح کیا جائے اور ان کی کھالوں سے سپریں بنائی جائیں - (یہ سچ ہے کہ بوڑھی گایوں کی کھالوں سے جو سپر بناتے ہیں وہ زمانے کے حوادثات کے تیر کو اچھی طرح روک سکتی ہیں -

ان وجوہات سے مخلوقات ناکامی کی تنگیوں میں پڑ گئی اور کسی کو دم مارنے کی طاقت نہ تھی - اور صرف اس پر اکتفا نہ کیا بلکہ لشکر کی ضروریات اور ان کی رسد کے مہیا کرنے کے لئے حکم دیا " کہ بخارا اور سمرقند کو لوٹ لیں " پھر مسعود بیگ نے جو رحمت آسمانی کا مسعود پیادہ تھا اس کو منع کیا اور کہا کہ " ولایت موجود کا جو بادشاہ کے تصرف کے قبضہ میں ہے - ویران کرنا - اس ولایت موہوم کے حاصل کرنے کے تصور میں جو

اس کے قبضہ ملکیت سے خارج ہے - دانائی اور عقل کے تقاضا کے خلاف ہے
اور اس قدر رعایت کرنی چاہئے کہ اگر یہ کام رکاوٹ کی گرہ میں پڑ جائے اور واپسی
ضروری ہو جائے تو بخارا کے لوگ پادشاہ کے لشکر کی مہمانی اور پیش کش کے لئے
مدد دیں" براق نے جب سخن حق سنا اور کوئی جواب نہ رکھتا تھا غصے ہو کر مسعود بیگ کو
ساٹھ بید کی سزا کا حکم دیا - لیکن ہاتھ لوٹ مار سے کھینچ لیا - اور وہ (مسعود بیگ) "افضل
جہاد ظالم سلطان کے پاس کلمۂ حق ہے" کے درجہ پر فائز ہو گیا -
شہزادوں میں سے جو قیدو کے شاہی حکم سے براق کی ہمراہی کے لئے مقرر کئے
گئے تھے - جبادر - مبارک شاہ - قپچاق اغول اس کی خدمت میں پہونچ گئے اور اس
کے ساتھ مل گئے - اور امرا یاساور بزرگ، یاساور کوچک اور مرغاول اور جلاتائی
نے بھی یہی راستہ اختیار کیا - مگر دوسرے شاہزادوں نے خلاف کیا (اس کی ہمراہی
سے رہ گئے) براق نے لاکھ سوار مہیا کئے - اور ۶۶۸ھ میں دریائے جیحون کو عبور کر کے
خراسان آ گیا اور حد بدخشان، کشم، شبورغان - طالقان بندہ، مروچق اور مروشاہجان
سے لیکر نیشاپور کے قریب تک کا علاقہ مسخر کر لیا - اور شعرائے زمانہ میں سے کسی نے اس
کے حق میں کہا ہے - ؎

اُن بالوں سے جو تو نے پیٹھ پر ڈالے ہوئے ہیں - اُنھی سے تو بیشک
جیحوں کو لے گیا -

(مصنف کہتا ہے) اس ذکر کے اثنائے تحریر میں حاضرین میں سے کسی نے یہ بیت پڑھا
میں نے جواب میں کہا کہ نظم کے اس سیاق سے معنے حاصل نہیں ہوتے - وہ راوی
و شاعر کی آفت ہے جو راویوں سے ہے "کے قبیل سے تھا بلکہ یا ایک اشارے کی
خوبی اور الفاظ کا ربط اس وجہ سے بہتر نظر آتا ہے - ؎

اس وجہ سے تو جیحون کو بے شک حاصل کر لیگا - کیونکہ وہ بال تو نے
پیٹھ پر ڈال رکھے ہیں -

ان حالات کے درمیان شاہزادہ قپچاق اور جلایرتاسے کے درمیان کچھ گفتگو
ہوئی قپچاق رنجیدہ ہو گیا - اور موافقت کی رسی جو کہ پکی اور مستحکم تھی ٹوٹ گئی - اور کٹھ
جس پر سب لوگوں کا مدار رکھتا تھا - (سب کا رخ اس کی امداد پر تھا) دکھائی - اور
اپنے لشکر کے ساتھ واپس لوٹا - راستہ میں جہاں کہیں پہونچتا غارت اور لوٹ مار
کا ہاتھ کھول دیتا اور بخارا کو بھی اس چاشنی (لوٹ) سے محروم نہ رکھا -

القصہ براق نے مملکت ایلخانی (آباقاخاں) کے صاف کرنے کی ہوس میں آرزو کے میدان کو طول وعرض دیا (لمبا چوڑا کیا) اور چمکدار تلوار کے ساتھ جیسا کہ بجلی بادلوں کے اجزا کے پردوں میں سرایت کئے ہوئے ہوتی ہے۔ شاہزادہ تبسین کے لشکر پر چڑھ دوڑا اور اُن کو ہانکنے اور عناد کے بعد۔ مانند ستاروں کے جو آسمان کے ایک سوار (سورج) کی تلوار سے متفرق ہو جاتے ہیں شکست دیدی۔

ابتدائے حملہ میں گورگان ایلچی کو اپنے بھائی نکودار اغول کے پاس جو آباقاخان کے دربار میں ملازم تھا۔ بھیجا تھا۔ اس بات کی اطلاع دینے کے لئے کہ ہم (براق) ایسے لشکر کے ساتھ جو موجیں مارنے میں اتھاہ (بہت گہرے) سمندر کی مانند ہے۔ ملک آباقا کو پڑاؤ (سیرگاہ یا چھاونی) بنانے کے ارادہ سے دریائے جیحون سے عبور کریں گے اور اس علاقہ کو لشکر کی چھاونی بنائیں گے۔ چاہئے کہ تم زمانے سے آگاہ اور لڑائی کے منتظر رہو۔ خط کو توبرہ کے اندر پوشیدہ کر دیا گیا۔

جب ایلچی نے براق کا پیغام پہونچایا تو پیچھے سے یہ خبر بھی پہونچ گئی کہ براق دریائے جیحون کو عبور کر چکا ہے اور بادشاہی لشکر کے ساتھ گتھم گتھا ہو گئے ہیں بلکہ بہت سرمٹی میں مل گئے ہیں اور شاہزادہ تبسین نے ہرات میں مقام کیا اور ایلخانی لشکر کی امداد اور جھنڈے کے اُٹھنے کی خواہش ظاہر کی۔ پادشاہ بھی مستعد حرب اور لڑائی کی آگ کو جلاتے ہوئے حدود آذربیجان اور عراق میں آیا اور لیتمت کو کثیر لشکر اور بے انتہا سامان کے ساتھ بطور مقدمہ کے تبسین کے پاس پہلے لشکر کی مدد کے لئے روانہ فرمایا اور فراہمی لشکر کے لئے آباد ممالک کے اطراف سے ایلچی۔ مانند پانی کے بادل سے اور آگ کے سخت پتھروں سے بھیجے گئے۔ (جدا ہو گئے) اس اثنا میں نکودار جان بوجھ کر (بقول علامہ شادان "خوف سے"۔ میں نے "جان بوجھ کر" اس لئے ترجمہ کیا ہے کہ پہلے نکودار کو اطلاع مل گئی تھی) اپنے لشکر سمیت بھاگ کر گرجستان کی راہ چلا گیا۔ اور زمانہ کی خو بھی عادت ہے (بھاگ جانے کی)

آباقاخان نے چاہا کہ پہلے اس (نکودار) کے حال کا تدارک اور انتظام کیا جائے تاکہ اس کی سرکشی کی نافرمانی متعدی امراض کی طرح دوسرے شاہزادوں میں سرایت نہ کر جائے۔ شیرامون نوئین کو اس قدر لشکر کے ساتھ جو تیار اور موجود تھے [illegible] پیچھے جیسا کہ ٹوٹنے والے ستارے شیطانوں کے پیچھے چلتے ہیں بھیج دیا۔ لیکن اس کے فریقین کی ملاقات نے ہاتھ دیا (ملاقات ہو گئی)۔

ایک شور اٹھا دونوں فوجوں سے - اور میدان جنگ کی طرف چلے گئے -
مقابلہ اور جنگ نے طول کھینچا اور حملہ طوالت تک پہونچ گیا - سکزی بہادر نے امراء نکودار
میں سے حملہ کر دیا اور قریب پانچ سو آدمیوں کے شیر اموں کے لشکر میں سے تیز تلواروں
کے میان میں گئے (قتل ہوگئے اور تلواریں اُن سے گذر گئیں) - پھر ایلخانی لشکر اس
حملہ اور مقابلہ میں کامیاب اور فتح مند ہو گیا اور توفیق ربانی کی مدد سے متواتر حملوں میں
سکزی بہادر کو قتل کر دیا - اور اس لشکر (نکودار) کی تمام فوج ہلاکت کے گڑھوں
میں کھینچ دی گئی - اور چند گرفتار ہو کر قید کر دئے گئے - نکودار ثبات اور قرار کا سامان
نہ دیکھ کر ایک ہزار سوار کے ساتھ گرجستان کے اندر چلا گیا اور داؤد ملک کا - پناہ چاہنے
اور امن حاصل کرنے کے لئے دروازہ کھٹکھٹایا اور اپنی لڑکی اس کو (نکاح میں) دیدی
تاکہ شاید رشتہ داری اور اس کی پشت پناہی سے مخالفت کی بدی اور تکلیف سے محفوظ
رہے - فوج گرجستان کی اصل کی دشمنی اور اعتقاد کی بدی (بدنیتی) حرکت میں آئی - انہوں
نے ارادہ کیا کہ نکودار کو ہلاک کر ڈالیں - اُسے اُن کے مکر کی ناپاکی کی اطلاع مل گئی
توفیق کے تلقین کرنے والے کی نصیحت سے "آگ نہ کہ عار - موت نہ کہ ذلیل دنیا"
پڑھا - اور عقاب کے شہپروں کے ساتھ رات کی تاریکیوں میں جو کوے کے رنگ کی
مانند ہے اور ضرب المثل ہے کہ "رات چھپا دیتی ہے مصیبت کو" خود کو باہر (گرجستان کے)
پھینک دیا اور ایلچی (آباقاخاں کے) دربار میں بھیج دیا اور عذر کی جگہ استغفار
کی زبان سے ایلخان کی چشم پوشی اور معافی کو وسیلہ بنایا - جب حاضری دربار کا شرف
حاصل کیا تو آباقاخان نے اس کی پرورش کی اور انعامات عطا کئے - خاطر داری اور
دلجوئی کی آستین کے ساتھ رعب، ہراس، خوف اور مایوسی کی گرد اس کے حال کی
پیشانی سے دور کر دی - اذیت کی تبدیلی اور اطاعت کی رسی سے نکل جانے کی بابت
سوال کیا - (نکودار نے) عرض کیا (جواب میں) کہ "عراق کا خط جو مشتمل تھا گمراہ کرنے
ورغلانے اور جادۂ وفا اور اخلاص سے منحرف کرنے پر - آیا - اگرچہ مجھ غلام کی عقیدت
اس کا انکار کرتی تھی مگر ایلدر بہادر اور کوکاجی نے مجھے اس ارادہ پر رغبت دلائی
ماجرا کی کیفیت جیسا کہ واقع ہوا عرض کر دی ہے اگر شوق کے جلدی بجھا دینے اور اونچی
نافرمانی اور عصیان کے مقابلہ میں سپاہیوں کی شفق رنگ تلوار کو شہ رگ کے چند قطروں
کے ساتھ رنگنے کا حکم دیں - شعر - تو ہم ہیں سر، جلاد ہے تلوار - حکم تیرا ہے اور اگر
بندہ پرور پادشاہ کی مہربانی آیت "غیر المغضوب" (غصہ نہیں کیا گیا) پڑھے اور زندہ

رکھنے کی سراپا کے ساتھ بندہ کی اس وحشت کا تدارک نیک غلامی میں دیدے تو یہ گناہ کو جلانے والی معافی سے ۔ جو ہر مجرم کی شفاعت کرنے والی اور ہر داد خواہ کی محرم راز ہے بعید نہیں ہے ۔ ؎

عقل کو شراب تباہ کر دیتی ہے اور آنکھ کو نیند ۔ گناہ کو معافی دھو دیتی ہے اور کپڑے کو پانی ۔

اس عبارت کو سننے سے جس کا ترجمہ یہ کلمات (بالا) تھے ۔ پادشاہانہ مہربانیوں کے اسباب اور خسروانہ عنایات کے وجوہات حرکت میں آئے اور مزید مہربانی ۔ اس عفو کے بعد جو قدرت میں تھا ۔ مبذول کی ۔ یہ ضروری ہے کہ عذر کی خوبی اور بات کی لطافت لغزشوں کے معاف کرنے میں بڑی تاثیر رکھتی ہے ۔

دیگر فریب دینے والے امیروں کو جو شہزادہ کے ساتھ اور دام فریب و مکر اس کے راستہ میں بچھائے تھے تلوار بے دریغ گذار دئے (قتل کر دئے) اور نکودار کی طبیعت کے مصور نے جس کی مانند کسی صورت کو تتار چنگل ، قتقل ، قرنغ اور قی سے نہیں بنایا تھا ۔ کو قرامیشی نوئین سپرد کر دی ۔ (یعنے سلاح خانہ کی داروغگی عطا کی ۔)

جب یہ کام پورا ہو گیا اور یہ مہم طے ہو گئی تو پورے یقین ۔ مکمل غور و خوض ، قاطع حکم ، پختہ تدبیر ، بوڑھی رائے اور جوان بخت کے ساتھ براق کے انگاروں کے بجھانے ، متحرک شر کے ساکن کرنے اور اس کے عارض ہونے والے نقصان کے دفع کرنے کے لئے پچاس ہزار لشکر کے ساتھ بلاد مشرقی کا ارادہ فرمایا ۔ اتبائی نوئین کو تو داؤن بہادر کے ساتھ بطور ہراول کے آگے بھیج دیا اور یزدار قنغراتائی اُجای تکشی ، نکودار ، اور ہولاجو شاہزادگان اور ارغون آقا ، ارغسون ، ماز وق احمد ، کوچیک ، تیمور ، الیناق ، منکسار ، عبداللہ پسر تولاک باورچی اور اراچو امرا کے جھنڈے مبارک فال اور ہمایوں شگون پر حرکت میں آئے ۔

جب خراسان کی بساط نے لشکر ایلخانی کے گھوڑوں کے سموں سے محیط فلک کے میدان پر سرفرازی کی (یعنے گرد اڑ کر آسمان پر پہونچ گئی) اور اس حدود کے لشکر جمع ہو گئے تو بارگاہ ایلخانی (آباقا خان) میں اطلاع پہونچی کہ براق اور تیشت کے درمیان بغیر نیکی کے (بری طرح) بڑی لڑائی ہوئی ۔ اور لشکر ایلخانی کو ایک سال کے عرصہ میں ۔ کہ براق نے وہاں اقامت کی تھی بہت پریشانی اور تکلیف ہوئی ۔

براق کے دو بہادر امیر تھے۔ کہ بہادری کی گٹھڑی کا منہ اور سپاہ صفدری کی پشت (مدد) اس زمانے میں انہی کو جانتے تھے۔ ایک کا نام "جلار تاے" تھا جس کی کمان یقین کے ساتھ نہ کہ گمان اور شک کے ساتھ۔ چرخ فلک کی طرح کسی انسان سے مغلوب نہیں ہوئی اور دوسرے کو "مرغاول" کہتے تھے جو حصول شجاعت، فرزانگی، کمال بہادری اور مردانگی کے ساتھ "یائے کا علم" یعنے بارش کے پتھر کا علم خوب جانتا تھا اور اس نے دعویٰ کیا ہوا تھا کہ اسپ قنغز کو قنغرالانک میں باندھوں گا اور اسپ آلا کو الاطاق میں چھوڑدونگا۔ ورنہ ان کے آسودہ کرنے اور تھکاوٹ دور کرنے کے لئے۔ لگام کو اُن کے سر سے نہ کھولونگا اور زین کا نمدہ خشک نہ کرونگا اور پوربہا (نام شاعر) نے اس بیت کے ساتھ اس قصیدہ میں سے جو صاحب شمس الدین کی مدح میں نظم کیا تھا۔ اسی کو مراد لیا ہے۔ ~

تیرے فراق کے مرغاول نے ملک میں صبر کیا ہے۔ تو لشکر براق کیساتھ لوٹ میں برابر ہے۔

آباقاخاں لشکر کو ہرات کی طرف لے گیا اور مقام آب سیاہ میں لڑائی کی آگ کو بلند کیا۔ ~

جب کوہ کے سر پر سورج نے تلوار ماری تو یاقوت کی مانند دنیا کا منہ سفید ہوگیا۔

اور جب سبز تخت والے بادشاہ نے جڑاؤ دار تاج کے ایک کونہ کو ظاہر کیا اور روشنی کے سلاح داروں کی تلوار کے ڈر سے ستاروں کا گروہ پردہ کی امن گاہ میں بھاگ گئے تو آباقاخاں افراسیاب کی ہمت والے نے چونکہ جمشید کے رعب اور فریدوں کے دبدبہ والا تھا اور لشکر، تہمتن کے دل والا اور رستم کی طاقت والا۔ زمین کو بھی لشکر کے تعرض اور گھوڑوں کی ٹھوکر سے لوہے کے جسم والا بنادیا۔

دوسری طرف سے براق بھی قوی دل، مکمل رعب اور کثیر شوکت کے ساتھ اس لشکر کے درمیان جس نے اپنا منہ سوائے صیقل شدہ تلواروں کے کسی چیز میں دیکھا تھا اور جس نے اپنے ابرو کی مانند ہمیشہ کمان کشی کی عادت کی ہوئی تھی۔ بیٹھ گیا اور فتنہ کی گرد آسمان کی بلندی تک اٹھ کھڑی ہوئی۔ صفوں کے برابر کرنے اور لشکر کی آراستگی کے بعد، قلب (لشکر کا درمیانہ حصہ) میمنہ (دایاں حصہ لشکر کا) میسرہ (بایاں حصہ لشکر کا) جناح (اگلا حصہ لشکر کا) اور ساقہ (پچھلا حصہ لشکر کا) کو دلاور

جنگجوؤں اور کینہ ور بہادروں سے مزین کردیا اور فریقین کے دل میں عاشقوں کے دل کی طرح وداع کے دن کے خوف سے ؎

چیتے اور شیر حرکت کرتے تھے جھنڈے کے ہلال پر - اور تن قیمتی
کپڑے تھے اور روح شمالی ہوا

میدان جنگ کو دشمنی کے ہاتھوں کھول دیا اور تلواروں کے قبضہ کو روک لیا - اور زمانہ درمیان میں لاکھ آنکھ سے نظارہ میں محو تھا (بلکہ نظارہ بنا ہوا تھا) ؎

کہ کس کے اقبال کی آگ اوپر چڑھتی ہے - اور کس کی تلوار کا قبضہ خون سے
آلودہ ہوتا ہے -

دونوں لشکروں کے بہادروں نے آتش سیر گھوڑوں پر زمین کو تلوار کے چشمہ کے پانی سے سیراب کردیا - جب جنگ کی چکی پھرنے لگی اور نیزہ زنی اور شمشیر زنی کے پیالے لبالب بھر گئے تو آسمان نے مٹی آلودہ تاریک چادر اوڑھ لی اور زمین نیزوں کی چمک سے آسمان کی طرح چمکدار ستاروں سے مرصع ہوگئی - ؎

سواروں کی گرد سے اُس چوڑے فراخ بیابان میں - زمین چھ ہوگئی
(ساتویں گرد ہو کر اڑ گئی) اور آسمان آٹھ (آٹھویں گرد آسمان بن گئی) -

تلوار نے گردنوں کے ساتھ سرزنش کی زبان دراز کی ہوئی اور سپر نے سخت منہ سامنے کیا - کمان کے ابرو نے ایک کرشمہ سے گوشۂ چشم سے یار کے غمزہ کی طرح خون ریز ناوک روانہ کیا - جو سرکہ "گرز" اور "گوپال" کے دعوے سے ملزم نہ بنتا - آبدار تلوار قاطع حکم کے ساتھ اس کو فیصلہ تک پہنچا دیتی - اور اس کی عمر کے تمسک کو خون کے ساتھ رجسٹری کردیتی - کہ اچانک براق جلار تاے کے ساتھ میمنہ کی طرف سے اندر چلا آیا اور صدمول کی طاقت سے میسرہ کو جو بالمقابل تھا اور ارغون آقا اور تیکتور کے، دس ہزار سوار کے ساتھ - سپرد تھا - لے لیا اور منتشر کردیا - جیسا کہ بادصبا گلاب کے پودے پر چلتی ہے اور اس کی واپسی میسر نہیں ہوتی - ان کو بھی زخم لگائے اور وہاں سے باہر نکل گیا تاکہ علم کو چھین لے - اور علم ارغون آقا کے پاس تھا اور وہ آنکھ رہا تھا - چنانکہ ان متراوف حملوں اور پے درپے لڑائیوں کی ہوا آگے گذر گئی - قریب تھا کہ براقی مراد اور کامیابی کی گوی، بہادری کے ڈنڈے سے مقصود کے کوچہ تک پہنچا دیں - کہ سنتائی نوئین پیادہ ہو کر کرسی پر بیٹھ گیا اور کہا کہ جو شخص کہ آج لڑائی کے میدان میں ثابت قدمی اور استقلال کے پاؤں پھیلا دیگا (ثابت اور مستقل رہیگا) میں اُسے کیا کہوں! اس

کو خدا جانتا ہے اور چنگیز خاں کی روح ۔ ہم یہاں جان کو ہار دیں اور دشمن پر حملہ کر دیں
اور پورا بہا کا ہے یہ شعر ـــ

تیرے عشق کے حملہ کی میں تاب لایا ہوں اور بس ۔ جیسے جنگ یراق میں
تمام امیروں سے سنتائی نوئین ۔

اس سخن (تقریر) سے لشکر کو سکون قلب حاصل ہوا اور پھر حملہ کر دیا ۔ نرمی لڑائی
کے ساتھ بدل گئی ۔ بار دیگر مقابلہ اور قتال کا عزم کیا اور بذات خود حملہ کرنے اور لڑائی
میں درازی کرنے کی طرف رُخ کیا ۔ تیر اولوں کی طرح جو بادلوں کی چھلنیوں سے گرتے
ہیں ۔ چلنے لگے آباقا خان نے ، بہادران لشکر کے ساتھ جو تاریک غبار میں نیزہ کے پھلوں
کے ساتھ سیر و تفریح کر رہے تھے اور تیروں کے ساتھ جو موت کے قاصد تھے ہم راز
ہو کر کہتا تھا ـــ

گویا کہ موت کے گھاٹ میں اترتے ہیں پیاس سے ۔ یا سونگھتے ہیں نیزوں
سے ریحان کو ۔

میدان میں لڑائی کو گرم کیا اور دشمن کا کام خوار ہو گیا ـــ

ایسے وقت میں کہ شیر نہیں طاقت رکھتا حملہ کی ۔ اس میں اور نہ بھیڑیا کسی حیلہ کی

گویا کہ مختار (عثمان نام شاعر غزنی ہمعصر حکیم سنائی) نے ایلخانی تعریف میں ان دو بیتوں
کو نظم کی پوشاک پہنائی ہے ـــ

اس کے زخم کے خوف سے پناہ چاہنے والے اس کے آگے ۔ جنگ کے روز
سیمرغ، چیتا، شیر اور اژدہا، سانپ ۔ (سیمرغ) چھپائے ہوئے آنکھوں
کو جنگل میں، (چیتا) بٹھائے ہوئے بچہ کی گردن پر ۔ (شیر) رکھے ہوئے پتہ کو
چوٹی پر ، اور اژدہا لئے ہوئے مُہرہ دانتوں میں ۔

آخرکار انہوں نے مرغاول کو جو حملہ کا شیر اور انتقام کی تلوار تھا ۔ اور اسپ قنغر کو
قنغر الانک میں باندھا چاہتا تھا ۔ کمان کے تیر سے زندگی کی سواری سے اُتار دیا ۔
اور ہلاکت کے پیالہ کی چاشنی چکھائی ۔ جلار تائے کو بھی چونکہ اس کا لو کرتھا اور دشمن
کی سپاہ کا پشت پناہ " اور پہونچ گیا اس کا پانی گڑھے میں " دوزخ میں اس کو بخواب
کیا گیا ۔ اور بہت سے یراقی لڑائی کے میدان میں موت کا نشانہ ہو گئے ۔ یراق نے
لا ینفعکم الفرار (نہیں نفع دیگا تمہیں بھاگنا مگر تھوڑا) کی شاہراہ کو غایت
غنیمت اور خلاصۂ مقصود شمار کیا گیا ۔

اس وقت مغربی اشرقی (سورج) نے غروب کی تھیلی میں چھپنا چاہا۔ اور روپہلی ستارے نیلگوں مصلّے کے رخ پر آشکارا ہوئے۔ عاجزی سے پشت دکھائی اور اس لشکر کے حملوں کی دستبرد سے اکھڑے پاؤں، اشک حسرت گرانے والی آنکھوں اور آتش غیرت میں پگھلے دل کے ساتھ دریائے جیحون پر سے گرد کی طرح گذر گیا۔ تینو اور خیمے اپنی چھتوں کے بل گرے ہوئے، غصب کی غنیمت اور سلب (لوٹ چھین) کا داؤں یالقمہ ہوگئے پادشاہ کامیاب ہوگیا۔ انواع غنیمت سے ہاتھ دراز کئے ہوئے اور باز کی طرح تیہو کے شکار میں دوڑتے ہوئے اور دشمن ذلت و رسوائی کے بیابان اور خواری کے گڑھے میں سرگردان تھا۔ پادشاہ نے قرار سابق کے مطابق تبسین کو عمدہ لشکر کے ساتھ خراسان میں معین فرمایا اور خود اردوئے خاص (شاہی کیمپ یا قلعہ) کی توجہ کے ارادے سے، فتح اور ظفر دائیں اور بائیں بازو۔ ل پر دوڑتی ہوئی اور زبان لنصرت ؎

اس کے رکاب کے نیچے دیکھ کہ آفتاب حلقہ بگوش ہے۔ اس کی باگ کے
سامنے دیکھ کہ روزگار سائیس ہے۔

باگ اٹھائی۔

جب مبارک طالع کے دبدبہ اور دولت روزافزوں کے شکوہ کے ساتھ عزت اور جلال کے مرکز میں نزول فرمایا۔ علاقہ کے ساکنوں کے کان اس فتح نامدار کی بشارتوں سے آراستہ کردئے اور حسب دستور عدل اور انصاف کے جھنڈے کو جو دوام پادشاہت کا موجب ہوسکتا ہے بلند کیا۔ ؎

دنیا میں فتنہ کب پاؤں سے بیٹھتا، اگر تیری تلوار اسے نہ کہتی کہ اٹھ (بیٹھ جا)

براق وہاں سے تقریباً پانچ ہزار سوار کے ساتھ بہت قلق اور اضطراب اور کام کی پریشانی میں - بیع - دارزمولت) گویا کہ وہ اس معشوق کے مشکیں (بکھرے ہوئے) بال ہیں + پھر بخارا گیا شکست کے علامات اس کے حالات پر ظاہر اور محنت اور بدبختی کے وفد کثیر اور متواتر۔ باوجود اس کے کہ زمانہ سے کامیابی نہ دیکھی۔ اس کو مرض فالج نے - ہم اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں - بوجہ گر جانے کے جس کا لڑائی کے میدان میں اتفاق ہوا تھا - منہ دکھایا - حرکت کرنے والی قوتیں، پٹھوں اور اعضا کے حرکت دلانے سے جن کے ساتھ حرکت ارادی متعلق ہے۔ باز رہ گئیں چنانچہ چوبی پالکی اس کی خاص سواری بن گئی - بیع - غنیمتوں کی بجائے عمر نے عصا ہاتھ میں دے دیا + پھر اس (براق) نے دعویٰ کیا کہ میں نے اسلام کے ہار کو گلے میں ڈال لیا ہے (مسلمان

ہو گیا ہوں") اور اس کا سلطان غیاث الدین لقب رکھا گیا۔

(براق نے) ایلچی قیدو کی خدمت میں بھیجا اور پادشاہزادوں کے بھاگ جانے وعدہ خلافی، لشکر کے منتشر ہونے اور پریشان حالی کی اُسے اطلاع دی۔ قیدو نے جواب میں گناہ اُسی پر رکھا اور قصور اس کا قرار دیا اور فرمایا کہ شہزادوں کا جو گروہ آیا رنجیدہ خاطر ہو کر واپس گیا ہے اگر کوئی اور آیا ہوتا تو بھی یہی صورت تھی۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ اس (براق سلطان غیاث الدین) نے اپنے سخن کو بدل دیا ہے اور اس یورت (منزل) کے ساتھ جو ہم نے اتفاق کر کے مقرر کی تھی وہ راضی نہیں ہوا یہاں تک کہ تمام لشکر کو اپنے ناموس اور رونق ملک کی طرح خود کامی سے برباد کر دیا۔ "جیسا کہ گدھے نے دو سینگ طلب کئے تو کان بھی ضائع کر بیٹھا"۔ اس جواب کے ساتھ شاہی فرمان بھیج دیا۔ اور اس کی رسد اور چراگاہ لشکر مقرر کر کے کہا کہ یہ ایام سرما بخارا میں رہے۔ بڑے جشن کے وقت جو ہم چھوٹے بڑے اکٹھے ہونگے تو اس کے کام کا انتظام کیا جائے گا۔

براق نے وہ سرما بخارا میں گذارا اور ہر طرف سے لشکر اس کے پاس جمع ہوتا رہا چنانچہ تیس ہزار لشکر اکٹھا ہو گیا اور موجودہ خزانے لے لئے۔ اور پالکی میں بیٹھ کر لشکر سمیت سیستان کی طرف چلا گیا اور چاہا کہ اُن شہزادوں سے جنہوں نے بلاد مشرق کے ارادہ اور عزم میں قصور کیا ہے اور اس کی خدمت سے پیچھے رہ گئے ہیں انتقام لے۔ اس خیال سے اس نے "براق تیبکچی" کو روانہ فرمایا کہ "احمد بوری" کو دربار میں حاضر کرے اور "براق تیبکچی" کی زبان سے نکلا کہ اگر وہ سرکشی کرے اور لڑائی کی ضرورت پڑے اور جنگ میں قتل ہو جائے تو کیا ہوگا؟ براق نے فرمایا کہ وہ اس کا راستہ ہے (یعنی قتل ہو جائے تو اچھا ہے۔ یا تمہارے اختیار ہے کوئی ہرج نہیں) ۔

اسی طرح یاسا در بزرگ "نیک پے اغول" کے حاضر لانے کے لئے تیار ہو گیا۔ اتفاقاً براق تیبکچی شکار گاہ میں احمد بوری کو مل گیا اور اس کے ساتھ تھوڑے آدمی تھے جب اُسے معلوم ہو گیا تو براق کی خدمت میں حاضر ہونے سے تاخیر کی اور اپنے خیمہ گاہ کی طرف روانہ ہو گیا۔ براق تیبکچی نے پیچھے سے تعاقب کیا اور اس میں مبالغہ کیا اور احمد نے ایک تیر اس کی طرف پھینکا۔ براق تیبکچی نے بھی جواب میں تیر کھولا تو وہ احمد بوری قتل گاہ میں آ کر اپنی جگہ ٹھنڈا ہو گیا۔ (مر گیا) ۔ شعر ۔ (از مؤلف)

اے گرم رو آسمان، تمام سردی، گرمی تجھ سے ہے ۔

اور دوسری طرف یاسادر بزرگ۔ نیک پے اغول کے پاس پہونچا۔ اُسے معلوم ہو گیا کہ براق کا خیال کیا ہے؟۔ اور اس کا ضمیر مطلق پیچیدہ ہے۔ یاسادر بزرگ بخارا میں پہلے نیک پے اغول کے ساتھ خدمت موکد رکھتا تھا (اس کا خادم تھا) شہزادہ نے اپنے گذشتہ حقوق نعمت کو مغلوں کی رسم اور عادت کے مطابق اس عبارت کے ضمن میں بیان کیا کہ "تو اتنی مدت ہمارے موٹے اختہ گھوڑوں پر بیٹھتا (سوار ہوتا)، رنگا رنگ کے لباس پہنتا اور شراب کے پیالے ہمارے ہاتھوں سے پیتا رہا۔ شاید اُن حقوق کے مکافات اور بدلہ کے لئے تو آج آیا ہے تاکہ ہمیں ہلاکت کے اژدہا کے منہ میں ڈالدے"۔ اس نے انکار کیا اور کہا ۔ ع ۔ "تو قسم چاہتا ہے تو قسم ہے خدا کی اور اس کے دیدار کی + کہ سوائے حاضر کرنے کے مجھے کسی مکر اور کسی مکروہ (ناگوار بات) کی اطلاع اور علم نہیں ہے اور اس کا رد اور قبول کرنا شاہزادہ کے ارادہ پر موقوف ہے"۔ وہ اس کہانی کے بیان کرنے میں تھا (ابھی کر رہا تھا) کہ احمد بوری کا ایک نوکر واقعہ کے وقوع کی کیفیت کی خبر دینے کے لئے پہونچ گیا تو نیک پے اغول کو براق کا ارادہ اچھی طرح معلوم ہو گیا۔ اور اس کی خدمت میں نہ گیا۔ تمام شاہزادے اس کے انتقام کے ارادہ سے مطلع ہو کر اس سے متنفر ہو گئے اور دونوں یاسادر (بزرگ اور کوچک) باقی اُمراء سے متفق ہو گئے اور اس (براق) کو سب نے ترک کر دیا اور قیدو کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہو گئے۔ تمام لشکریوں نے ہتھیار گردن میں ڈال لئے (حمائل کر لئے) اور براق کے جبر، دلیری، ظلم اور بے باکی سے فریاد کی قیدو نے ان کی پرورش کی اور منزل مقرر کی۔

براق رونق کو کام سے دور اور خوشدلی کو سینہ کے میدان سے مہجور دیکھ کر آخر کار اپنی بیگم توکای اور خادموں کے ساتھ ۔ ع ۔ (از مولف) گردش چرخ سے دم سادھے ہوئے (خاموش) + قیدو کی خدمت میں پہونچا۔ لشکر، اس کام کی طرح جو ہاتھ سے نکل گیا ہو۔ بخت، پریشان زمانہ کی طرح۔ اور اس کی مژگاں کی نوک نے آنسو کی زبان سے یہ بیت (بلکہ مصرع) صنعت تردید (صرف یا کے ساتھ دو یا زائد چیزوں کا بیان کرنا) میں جب کہ انہوں نے اس کو تردید چہرہ کے بیاض (سفید کاغذ) پر سرخی سے لکھا (خون کے آنسو روتا تھا) ۔ ع ۔ زمانہ نہایت آشفتہ اور پریشان ہے یا تیرے زلف ہیں (اس کی طرح) یا میرا کام ہے +

قیدو کا دل اس کے ناواجب فعلوں سے ملول ہو گیا تھا اور معاقی اور چشم پوشی

کی باگ اس کے اختیار میں نہ تھی۔ اس کے چھوڑ دینے کی عقل سے اجازت نہ پائی کیونکہ ایک دفعہ آیت والعافین الخ "لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں" کو، اگرچہ اس کے معنے سے بے خبر تھا۔ عمل میں لاچکا تھا۔ نیز داناؤں نے کہا ہے کہ آزمودہ کو آزمانا غضبناک شیر کی پیشانی کو انس کی توقع سے کھجلانا، اور دشمن کو قید سے رہائی کا موقع دینا دیوانوں کا کام ہے۔

آخرکار اس کو شربت (زہر) پلائی گئی جس سے اس کی عمر کا پیالہ بغیر شراب (روح) کے ہو گیا۔ اور اس کے اقبال کا پانی سراب (چٹیل میدان، جہاں ریت کے ذرے پانی نظر آتے ہیں) کا نمونہ۔ اور اس کے زمانہ کا حاصل مصنف کا کہا ہوا یہ شعر ہے اس کتاب میں۔ ؎

براق کا اقبال بجلی کی چمک تھا۔ مٹ گیا جب اسے آنکھوں نے دیکھا۔

اور یہ واقعہ ۶۶۸ھ میں ہوا۔ اور اس کی مدت سلطنت چھ سال تھی۔ شیخ نے کیا اچھا کہا اور کیا اچھا سوچا کہ انجام زوال ہے "اور سلطنت ہمیشہ رہیگی (صرف) اس بادشاہ کے لئے جو بلند اور برتر ہے"

اس ذکر کا بقیہ حال

براق کے چار بیٹے تھے۔ بیکتمور، توابور، تاہو اور لاداہی۔ اس کے بعد الغو کے بیٹے چوبا اور قیان، لشکر کے ساتھ ان سے مل گئے۔ اور چونکہ اس حال کے درمیان براقی رباعی مزید فیہ (چار سے زیادہ، چھ ہو گئے) اور مطابقت کے اسباب سے بنا مضاعف (دو حرف ایک جنس کے۔ ایک شد سے ایک آواز سے پڑھے جاتے ہیں) کی طرح مدغم (مل گئے) ہو گئے تھے۔ اتفاق سے (مل کر) "قیدو" کے ساتھ مخالفت شروع کر دی۔ اور خجند کی سرحد سے بخارا تک ویران کرنے اور عذاب دینے کے لئے ہاتھ دراز کر دئے۔ بلاد ماوراء النہر جسے مدت کے بعد بوجہ پراگندہ لوگوں کے اکٹھا ہونے اور گھر سے نکلے ہوئے لوگوں کے مل جانے کے، علاقہ کی آبادی اور باشندگان کے آرام کرنے کی امید حاصل ہو گئی تھی۔ پھر ساکن اور رہنے والوں سے خالی ہو گیا۔ اور مدتوں تک وہ علاقہ، فریقین کی کشمکش اور دو لشکروں کی کشمکش کے درمیان امن، خوشدلی، فراغت، اور آسودگی سے۔ جو تمدن اور آبادی کو تقاضا کرتے ہیں مہجور رہا۔ اور چند دفعہ ان کے درمیان لڑائی ہوئی اور ہر بار نصرت کی ہوشیاری کی وجہ سے قیدو کا لشکر فتحمند ہوا اور مخالف شکست کھا گئے۔

تا سنہ ۶۷۱ھ میں صاحب دیوان نے آباقا خاں کی خدمت میں عرض کیا کہ قیدو اور دیگر شہزادوں کے درمیان بوجہ بلاد ماوراء النہر کے جدال اور لڑائی کا میدان بچھا ہوا ہے جو شخص بھی وہاں قدرت اور استعداد پاتا ہے اپنے دماغ میں محال خیالات کو (دل میں) جگہ دیئے ہوئے ہوتا ہے۔ مصلحت اس میں ہے کہ لشکر بھیجا جائے اور وہ علاقہ ویرانی کے پیشکش کیا جائے (ویران کر دیا جائے) تاکہ یہ فائدہ مانع درمیان سے اُٹھ جائے۔ حکم نافذ ہوا کہ نیاک پے بہادر، جارود اور آقبک ترکمان - بخارا - اور اسی قدر لشکر یوسف، قرغدای اور چنتیمور کے بیٹوں جومرغدای اور ایلایوقا اُمرا کے اہتمام میں۔ خوارزم جائیں اور ایک ہی دفعہ اس علاقہ کی عمارتوں کے نشانات بھی مٹا ڈالیں۔ مثل مشہور ہے کہ گرگ کو چیرنا پھاڑنا نہ سکھایا جائے - مع - تو مردہ لڑکے کی ماں کو رونا اور زاری نہ سکھا -

فرمان شاہی کے حسب الحکم ایسا لاتعداد لشکر روانہ ہو گیا کہ لشکر مغول کے آوازہ پہنچتے ہی مسعود بیگ بھاگ گیا - اور ارباب بخارا اور سمرقند کے بہت سے لوگ وطن چھوڑ کر اطراف میں چلے گئے - اور بہت سے لوگ تھے جو وطن کے خیال کو سوائے خواب کے نہ دیکھتے تھے اور "یاد جوئے مولیان" میں یہ خط لکھتے تھے کہ ؎

اے میرے وطن اگر زمانہ سابق نے مجھے تجھ سے کھو دیا - تو چاہیئے کہ عیش کرے
اور خوش رہے تیرے ساکن کا دل -

پسران چنتیمور لشکر کے ساتھ خوارزم گئے اور کرکانج جو دارالسلطنت تھا - خیوہ اور فراقس میں قتل تمام اور بے حد لوٹ مار کر دی -

اور دوسری طرف سے نیاک پے بہادر مع لشکر سات رجب سال مذکور (۶۷۱ھ) میں بخارا آیا اور سات دن قتل عام کیا اس طرح کہ دس ہزار آدمی نے زمین کے پیٹ میں منزل آباد بنائی - اور سوائے مارنے، چھیننے، قتل کرنے، غارت کرنے، بیخ و بن سے اُکھاڑنے اور جلانے کے اور کوئی شغل نہ رکھا - سبحان اللہ (اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے) گویا کہ یہ جواب تھا مسعود بیگ کے اس استہزا کا (جو) صاحب دیوان کی ملاقات کے وقت (کیا تھا)۔

القصہ وہ مدرسہ - کہ اس (مسعود بیگ) کا ایجاد کردہ تھا اور بسیط، آباد، جہان میں اس جیسا مدرسہ، کمال آراستگی کے ساتھ کوئی بیان نہیں کرتا - اور قریب ہزار طالب علم کے اس کے گوشوں میں علم کی تحصیل اور نفس کی تکمیل میں مشغول تھے۔ آگ کی نذر کر دیا گیا اور غم سے ملا ہوا اس کا دھواں بلند آسمان تک پہونچا دیا اور فردوسی کے کہنے سے یہ شعر گا رہا ؎

(آتش) وہاں تک سخن پہونچا دیتی ہے - کہ پرانے گھر (صدیوں کے آباد) ویران کر دیتی ہے

جب قتل اور غارت سے فارغ ہو گئے۔ پچاس ہزار شریف عورتیں، کنواری لڑکیاں اور بچے جو لطیف دیدار، خوش گفتار، خوش رفتار، معشوق کی طرح آراستہ، دل بیقرار کو پریشان کرنے والے اور بازار اور روزگار کا فتنہ تھے۔ غلام بنا کر دریائے جیحون تک لے گئے پھر جوبا اور قبان (پسران آلغو) لشکر کے ساتھ پیچھے پہونچ گئے اور اُن قیدیوں کے نصف کی مقدار کو واپس لے کر بخارا پہونچا دیا۔

ماوراءالنہر کے باشندوں نے اس قصہ اور لوٹ کو آقبک ترکمان کے ورغلانے اور مکر و فریب کا نتیجہ قرار دیا۔ اور آقبک ایک بدگمان، غضبناک اور یک چشم ترکمان تھا کاش اس کی دونوں آنکھیں برابر ہوتیں۔ جو ظلم اور بے راہ روی کی آگ جلانے کا حریص، اور شر اور فساد کی تند ہواؤں کے حرکت دلانے پر راغب تھا۔ اس کا مولد (جائے پیدائش) بخارا کے دیہاتوں میں سے تھا۔

اور اللہ تعالیٰ کے قضا اور حکم سے بخارا جو کئی سال تک مثل باطل کی طرح مہمل اور ویران رہا۔ اور ان ایام میں خوش حالی کی ہوا نے متوطنوں کے دماغ تک پہونچنا اور آرام کا گھونٹ اُن نامرادوں کے تالو میں پہونچنے لگا کہ اس ظالم (آقبک ترکمان) کی نفس کی کمینگی سے تاریک گھر کی طرح ہو گیا۔ اگرچہ امداد اور جائز حمایت دین میں سے ہے اور حب وطن ایمان سے۔ (مگر صرف) شریف رگ اور اصیل اصل، اپنے ہم قوم اور ہم عصروں کے حق میں اس قسم (حمایت اور امداد) کی کوششیں کرتا ہے۔ ؎

فرزند عاق (نافرمان) باپ کی ڈاڑھی پکڑ لیتا ہے شروع سے۔ اور بے بہرہ نسل ماں پر ہاتھ صاف کرتی ہے پہلے۔

داناؤں نے سچ کہا ہے کہ تین گروہوں کی دوڑ دھوپ مطلوب کی تحصیل میں امید محال کا درجہ رکھتی ہے۔ اور عمر کا خرچ کرنا تلاش کرنے والے پر وبال بن جاتا ہے (۱) پہلا وہ بیوقوف جو شور زمین میں تخم پاشی کرے اور پھل پکنے سے مدد کا خواستگار ہو۔ (۲) دوسرا وہ ناسعادت مند (بدبخت) جو ذخیرہ کرنے اور مال جمع کرنے کا حرص غالب رکھتا ہے اور خود دوستوں کو اس کے منافع سے محروم رکھتا ہے۔ (۳) تیسرا وہ ناداں جو بد اصل، بدگہر، کمینہ آدمی سے وفا کی توقع رکھتا، حقوق کی ادائیگی کا خیال باندھتا، اور حسن جزا کی توقع کرتا ہے۔ ؎

بد اصل سے بھلائی کی امید رکھنا۔ آنکھوں میں مٹی بھرنا ہے۔

سنہ ۶۹۴ھ میں جوبا اور قبان (پسران آلغو) اور برافی (جار وں بھائی) پھر آئے اور لوٹ مار اور غصے کی آگ جلائی۔ مارتے، قتل کرتے، لوٹتے اور جلاتے رہے۔ یہاں تک کہ

ایک دینار سونے کا اور ½ ۱ سیر غلہ بھی جو متوطنوں کے پاس باقی معلوم کرتے۔ زجر، شکنجہ قتل اور عذاب سے چھین لیتے۔ چنانچہ کچھ بھی باقی نہ چھوڑا۔ کھانے، بچھونے، سازوسامان میں سے۔ اور مثال ہے کہ "جو غالب ہوتا ہے وہ چھین لیتا ہے"۔ متواتر سات سال تک وہ علاقہ باشندوں سے خالی رہا اور اطراف و دیہات جانوروں کے اقسام سے عاری۔ اور یہی حال تھا کہ

قیدو نے حکم دیا اور مسعود بیگ پسر یلواج جس کا طالع اور انجام اپنے اور باپ کے نام کی طرح مسعود اور محمود۔ اور جس کی کوششیں اور علامات ملند مراتب اور معالم کی منصب کی بیں روزگار کی پیشانی پر مسطور تھے۔ بخارا اور سمرقند کیا اور اطراف سے منتشر لوگوں کو خاطرداری کرکے جمع کیا اور ان کے حالات کے چشموں کو زمانے کے مصائب کی آمیزشوں سے صاف اور ستھرا کردیا۔ اور وہ منازل مبارک اور میدان جو یہ صفت رکھتے تھے۔ (ت)۔ اے منازل دلوں میں تمہاری جگہ ہے۔ کیا تم ویران ہوگئیں؟ اور وہ (دل) تم سے آباد ہیں) تھوڑی مدت میں ترک اور تاجیک کا مقام، اور دور نزدیک کے طوائف کا مقصد ہوگئے اور روز بروز نصیبہ وری اور فتحمندی کی امداد نے تعاقب کیا اور راحت اور شادابی کے افراد نے رعیت پروری اور مال اندوزی کو لگاتار دکھادیا۔ اور یہ حال ہے کہ ابتک ماوراء النہر کی منازل، اس کی چراگاہیں اور اس کا میدان، فردوس کا باغ ہے۔ سغد سمرقند (شہر اور علاقہ کا نام ہے) مبارک فال اور نیک ستارے سے مشہور ہوگیا۔ اور زنانِ حسین کا لعاب دہن اور آب حیات کا پانی اس کے جیحون سے کمتر شمار میں آیا۔ لوگوں کے گروہ در گروہ وہاں اکٹھے اور اس کے باشندے مختلف ناز و نعمت کی اشیاء سے تمتع (نفع) حاصل کرنے والے۔ زمین شکر سخن، الفاظ کی مٹھاس سے قندریز۔ اور اس کی معطر ہوا زلف جاناں کی طرح باد صبا کے ساتھ جان سے لگی ہوئی۔ ؎

سمرقند کی بزم گہ کے سرو قد حسین۔ یارب! یہ کیسے خورشید کے رخ اور زہرہ کی شکل والے ہیں۔ عاشق کے قتل کرنے والے، ساغر چڑھانے والے اور چابک صفت ہیں۔ روپہلی بغل والے، فرماں بردار، اور خوش اخلاق ہیں۔ جب ہونٹ کھولتے ہیں کیا عجیب ہے کہ دل لے لیتے ہیں۔ جب رخ دکھاتے ہیں تو کیا خوب ہے کہ وہ ہیں۔

اور بخارا جب تک ہے علماء کے گروہ کا مجمع، لطائف کے شیریں پانی کا منبع، کمال بلاغت کے تلاش کرنے کی جگہ اور فصاحت کی پوشاک کا کارخانہ رہا۔ اہل تلوار

اور اہل قلم رعب اور تیزی سے رہے - اور گوشوارے اور پروے والی عورتیں فصاحت
اور خوبصورتی کے ساتھ رہیں -

حکایت امیر نصر سامانی | اور یہ حکایت تواریخ میں لکھی گئی ہے اور تلاش کرنے والوں کے سامنے
مشہور ہے کہ :- جب امیر نصر بن احمد سامانی - اللہ تعالیٰ اس کی قبر کو سیراب کرے -
خراسان کی منزلوں میں آیا تو میدان کی وسعت، علاقہ کی پاکیزگی، کھلے مکانات اور
رہنے کے قابل سیرگاہوں کو نہایت پسند کیا اور وہاں کی آب و ہوا سے راحت حاصل کرنے
والا اور حاجت کا طلبگار ہوا - گرما، خریف اور سرما میں وہاں اقامت کی - جدائی کی مدت
کے بڑھ جانے سے وزراء، دوستوں، امیروں اور لشکریوں کے دل کی ملال اور تھکان
بڑھ گئی اور طبیعتوں کا میلان، دل پسند بخارا اور فردوس آرا میدانوں کی طرف غالب
ہوگیا - یاران قدیم کے شوق کے ہاتھ نے روح کے گریبان کو مروڑا - اور ساقی محبت نے
تمام لوگوں کو آنکھوں کے آنسو سے شراب خالص پلائی - رات کی سیاہی میں شمع کی
مانند گداز میں رہے - اور صبح کی تباشیر پھٹنے کے وقت باد صبا کے ساتھ شریک راز
اور کاتب (مصنف) کے دل کے ساتھ ہم آواز - ~~

صبح جب کہ روح کا قافلہ گذرتا ہے - ہر ہوا جو فلاں کے کوچہ سے گذرتی ہے
گویا کہ اُنس کی نسیم قدس کے باغ سے - حوران بہشتی کے زلفوں سے گذرتی ہے -

گویا کہ وطن کے شوق کے خط کو اُن کے دل کے کلمات سے جمع کیا ہوا ہے اور اُن مجبوروں
کے فراقی شعروں سے رعد اور رباب نے خروش اور نالہ کو حاصل کیا ہوا تھا "جریانی کانی"
کے شعر خبر لینے اور دینے کی آرزو میں موافق ہو گئے - ~~

اگر صبح کی دوستان قدیم کے پاس میرا سلام پہونچادے اور وہاں سے جواب
پھر لائے - شوق سے میرے جگر میں آگ ہے جسے بجھائے اور مجھ خستہ کے
کام کے منہ پر رونق لائے - اس تکلیف کی رات کی سیاہی کو میری آنکھ کے
سامنے سے دور لے جائے اور سورج کی خبر لائے - لے جائے دوستوں کی
مجلس میں میری فغاں اور نالہ اور وہاں سے چنگ اور رباب کی نوازش لائے

مخفی طور پر اتفاق کر کے "رودکی" شاعر کے پاس جو سلطان کا خاص مدح کرنے والا تھا استغاثہ
لے گئے اور عاجزی کی :- کہ شعر کی انشا سے بادشاہ کے ارادہ کے سلسلہ کو حرکت دے"
اور اس شرط پر پانچ ہزار دینار کو انہوں نے قبول کیا اور اس کے ادا کرنے کے خراسان میں
ہی ذمہ دار رہے - رودکی نے اس قصیدہ کو تصنیف کیا اور بادشاہ کے دربار میں خوش

الحانی سے پڑھا نہ ۔ ؎

یادِ بوئے مولیان" آرہی ہے ۔ یارِ مہربان کی خوشبو آرہی ہے ۔ جیحوں کی ریت
اور اس کی وہ سختیاں ۔ میرے پاؤں میں ریشمی کپڑا آرہا ہے ۔

کہتے ہیں کہ سلطان (نصر بن احمد) بغیر تیاری اسباب کوچ کے ان شعروں کے پڑھے جانے کی مجلس سے اٹھ کھڑا ہوا ایک اکیلے پیراہن کے ساتھ ۔ اس طرح کہ جامہ داروں (داروغہ سامان) نے موزے اور شلوار خاص ایک فرسنگ طے کر جانے کے بعد پادشاہ کے پاس پہونچائی ۔ اور اس لئے کہ ان شعروں کے الفاظ لغت عرب سے معرّا شوق اور خوشی کو ملانے والے اور سہولت معنی اور مطلب کی وضاحت پر مبنی تھے طبیعتوں کو موافق اور مناسب معلوم ہوئے ۔

چونکہ اکثر تعریفی قصائد اور مذمت کی ہجویہ نظمیں ارباب عصر کی ۔ تقلید کے باب سے شمار ہیں ۔ اس ذکر کے لکھنے کی حالت میں بعض دوستوں نے اس کے جواب کے لئے مجھ سے التماس اور مقابلہ کے لئے خواہش ظاہر کی ۔ بموجب حکم کیا ہوا معذور ہے " کے یہ ابیات اگرچہ فضائل کے مقامات سے عاری ہیں ۔ صاحب دیوان ممالک شمس الدین جوینی کی مدح میں نظم کئے گئے چونکہ اس صاحب قِران کی زندگی کے زمانہ میں ان بدائع کا مؤلف (مصنف کتاب) اس کے دربار میں حاضری کی سعادت سے محروم رہا ۔ یہ قصیدہ اس کی روح پر ۔ کیونکہ مومن دونوں جہان میں زندہ ہے ۔ پڑھتا ہے ۔ اس امید سے کہ تمیز کرنیوالا ان دونوں قصیدوں کے درمیان ۔ نقاد طبع والا، روشن دل اور صاحب علم ہوگا بس کافی ہے ۔ (نظم)

کستوری بکھیرنے والی ہوا چل رہی ہے ۔ پھول کی خوشبو جان کا پیوند ہو رہی ہے صبح کے وقت مشک بید کی ہوا ۔ خوشبو اور کستوری سے زیادہ خوش آرہی ہے پھول کی آگ سے لے وہ کہ اس کی مٹی تازہ ہو ۔ جہان کے منہ پر رونق آرہی ہے ۔ گل بنوں کے کانوں اور ہاتھوں کے لئے شبنم موتیوں کی مانند آرہی ہے ۔ مرغ بانسری بجاتا ہے اور سرو ناز ۔ اس کی آواز سے ناچ رہا ہے بنفشہ اور گل لالے سے باغ کی طرف کارواں کے کارواں آرہے ہیں ۔ (خوشبو دار درخت) بان کی ہوا اور پھولوں کی خوشبو خوشی میں ۔ میری کشتی کی بادبان بن رہی ہے ۔ لالہ کی روشنی سے ہر رات کو شام کے وقت باغ آسمان کی طرح جب ستارے ہوں نظر آرہا ہے اور روشن ستارے کی چمک سے صبح کے وقت آسمان باغ کی طرح نظر آرہا ہے (جب اس میں گل لالے ہوں) مغز جان آسودہ حال ہے ۔ شاید معشوق کے زلفوں کی خوشبو آرہی ہے ۔ خوشی کی آنکھ جھپک رہی ہے ۔ یا اللہ

شاید میرا وہ نامہ بان یار آرہا ہے گیتی کی جیب عنبرین ہو گئی کیونکہ وہ معشوق
میرے پاس دامن گھسیٹتے ہوئے آرہا ہے ۔ صبر میری نیند کی طرح میرے پہلو
سے بھاگتا ہے ۔ اور آنسو بن بلائے جاری ہو رہے ہیں ۔ میں شمع کی مانند
جلتا ہوں اور اس کی یاد مجھے شعلۂ آتش کی طرح زبان پر آرہی ہے ۔
اگر میری امید یار سے روا نہیں ہوتی ۔ تو میرے آنسو فی الفور جاری ہو
جاتے ہیں ۔ اس کی محبت وزیر ممالک (شمس الدین) کی مدح کی طرح روح و
رواں کی راحت ہو رہی ہے ۔ وہ شخص کہ جس کے نام کے مقابل جو کہتا جادو
رہے ۔ دشمن کا نام بے نشان ہو رہا ہے ۔ وہ شخص جس کے موتی لٹانیوالے
ہاتھوں سے ۔ دریا اور کان کے لئے آفت ظاہر ہو رہی ہے ۔ اس کے رحم
اور سخاوت کی پناہ میں ایک جہان ۔ بوڑھے ہوں کہ جوان آرہا ہے ۔ اس
کا بیدار بخت دوستوں کے مطلب کے لئے ۔ کام جو اور کامران ہو رہا ہے
یہ سخن ہے جس کی آرزو سے بہشت ۔ کے منہ میں آب کوثر آرہا ہے ۔ اگر تو نے
سن لیا ہے کہ رودکی نے کیا کہا ہے ۔ یاد جوئے مولیاں " آرہی ہے ۔
اس بھرتی کلام سے مقصود اگرچہ وہ بوزنیہ کی بھرتی (علاوہ کے اندر میوہ جات کی بھرتی)
کی مانند ہے یہ ہے کہ آج کل بلاد ماوراء النہر، بہشت کی نزہت اور پاکیزگی سے بہرہ رکھتے
زمانے کی ذلتوں سے بچے ہوئے اور قہر کے عارض ہونے سے مامون ہیں اور پادشاہزادہ
قیدو کے قبضہ تلے ہیں ۔ اور اُن کے باشندگان اس کی قید میں پابند ۔ صبا کی ہوا بغیر
اس کے عدل کے اجازت نامہ کے غنچہ کے رُخ پر نہیں چلتی اور بلبل اس کی سزا کے خار
کے خوف سے گل کے عشق کا خیال (دل میں) نہیں پکاتا ۔

ذکر ملک شمس الدین محمد بن کرت

وہ ایک بزرگ ہمت صاحب شجاعت تھا اور آداب کے فنوں میں کامل مہارت اور
مشق رکھتا تھا ۔ اس کا باپ "کرت" سلاطین غور کے عہد میں امیر سپہ سالاروں کی شمار میں
گنا جاتا تھا ۔ بخت والے نصیب اور غیر معدود رعب کے ساتھ ۔ اور نسبت قرابت کی رکھتا
تھا سلطان شہاب الدین سے ۔ جو ہمت کے سر کو سلطان محمد خوارزم شاہ کے سامنے
نیچا نہیں کرتا تھا ۔
منگو قاآن کے ابتدار جلوس میں جب اس کے اور اولاد چغتائی کے درمیان

منافرت کے اسباب لگاتار پیدا ہو گئے اور دشمنی اور بعد کی رسیاں گرہ در گرہ ہو گئیں تو یاسون منگو۔ جو کہ چغاتا ے کا صلبی بیٹا تھا۔ لڑائی کے ارادہ سے (منگو قاآن کے ساتھ) لشکر فراہم کرنے لگا۔ منگو قاآن نے اس لشکر کو بھیجا جو جنگ کی شمشیر زنی کی آواز کو سرود کی آواز سمجھتے۔ لوہے کو ریشم اور فولاد کو دیبا شمار کرتے تھے۔ جنہوں نے پیکان کے اولوں کے آگے، غنچہ کی مانند آنکھ کو سپر بنایا اور سر کو مغفر کے آگے نرگس کی طرح تاج سے آراستہ کیا ہوا تھا تاکہ اس سے پہلے کہ دشمن شام کا کھانا کھائے اُن پر چاشت کے خون پینے والے ہو جائیں۔ چنانچہ کثیر خونریزی اور ہلاکت جانی کے بعد یاسون منگو" کو گرفتار کر کے باتوں کے پاس بھیج دیا۔

ان دنوں ملک شمس الدین بن کرت قید تھا۔ منگو قاآن کی بادشاہت کے میدان کو دشمنوں کے ازدحام سے خالی پایا تو بادشاہ کی خدمت میں دوڑا۔ وہ فرمان جو ملک گیر بادشاہ چنگیز خاں کے عہد میں نافذ ہوا تھا۔ عرض کر کے ظاہر کیا "کہ ہم نے شروع عروج میں ترغیب کے باعث اور ڈر کے واسطہ کے بغیر چنگیز خاں اور اس کے مبارک خاندان کو اخلاص کی راہ سے جانے کی اجازت دے دی تھی۔ اور اطاعت کے آستان پر سر رکھ دیا تھا اور یہ علاقہ اور شہر غور جس کی اسم جنس "سیستان" ہے ہمارا سمجھا گیا تھا۔ اگر قاآن اس حکم کو مقرر (برقرار) رکھے تو شرائط کے تازہ کرنے کے ساتھ نہایت تابعداری اور بندگی کو ملحوظ رکھا جائے گا۔" منگو قاآن نے اس کی عادات میں رشد اور بزرگی کی علامات کو بھانپ لیا اور انہی احکامات کے تقاضا پر حکم جاری کرنے کے لئے شاہی قربان اور شمشیر کے سرو الاحدث اغنایت کیا۔ ہرات، نیمروز اور چند دیگر قصبے اس علاقہ کے اس پر اضافہ کئے۔ اور وہ تمام انعامات کے ساتھ امیر ارغون کی خدمت میں پہونچا۔ اور زبانی فصاحت۔ بیان کی شیرینی، چست عادات اور عمدہ خصائل کے ساتھ اس کے دل کو شکار کر لیا اور اپنے بارہ میں عنایت کرنے کے بند میں اس کو پابند کر لیا (یعنے ارغون کو اپنے اوپر مہربان کرنے میں پابند کر لیا) امیر ارغون نے دریائے سندھ کے کنارے تک کا علاقہ بطور اجارہ اور ٹھیکہ کے اس کے اہتمام کی نظر بیں کر دیا۔ اور اقبال مندانہ تربیتیں کیں۔

ان اسباب سے اس کا نام شہرت کی بلندی اور طاقت اور قدرت کی چوٹی تک پہونچ گیا۔ اور امور ملک کا ضبط اور مصالح ملکی کا نظم اس طور پر اختیار کیا۔ کہ قاآن کی نظروں میں حسن قبولیت اور رضامندی سے ہمقران ہو گیا۔ اور کیکاتا

اور قصدار کے اطراف کو بھی تابع کر لیا۔ اور سرحد دہلی تک تمام راستوں کو رہزنوں سے پُرامن اور مطمئن کر دیا۔ بلند مراتب کے آوازہ کی اشاعت، فضیلتوں کے صحیفوں کے پھیلانے اور آیات شجاعت اور سخاوت کے مشہور کرنے میں عمدہ کوششیں دکھائیں۔ اور روشن شعر جو اس کی طبع کا نتیجہ تھے اطراف میں صبح اور شام کی ہواؤں کے دامن سے متعلق ہو گئے۔

اس وقت کہ پادشاہ کامگار ہلاکو خاں تیسری اور چوتھی اقلیم کے اکثر حصہ پر غالب اور قابض ہو گیا۔ کسی سبب اور رب الارباب کی تقدیر سے وہ (شمس الدین بن کرت) سرکش اور متوحش ہو گیا۔ تو اس نے ۶۵۸ھ میں ایک لشکر اس کے مادہ عصیان کے روکنے کے لئے نامزد اور متعین کیا جن کا افسر تغور تھا۔ اور نہایت غصے سے حکم دیا کہ اعضائے شمس الدین کی کھال کو گھاس سے بھر کر دربار میں بھیج دیں۔ جب اس کو احکام کے مضمون اور لشکر کی تیاری سے اطلاع ملی۔ اس بیت کو ایک تیر پر لکھ کر ایلخان کے پایہ تخت کو بھیج دیا۔ ؎

اگر کابل کی طرف لگام موڑ دوں۔ تو تغور کا بدلہ تغر سے لوں (تغر شاہی محلات) ۔

اس کے بعد حدود سیستان میں اس لشکر کے ساتھ لڑائی کی باگ کو کھول دیا۔ اور جانبین سے حملہ کے پاؤں موت کے مقام میں رکھے گئے۔ صلح جدال سے بدل گئی۔ آخر کار تغور کو ہلاک کر دیا گیا اور وہ معاملہ جو شمس الدین سے دل میں رکھتا تھا خود اس کے حق میں پیش آیا۔

جب اس حال پر کافی مدت گذر گئی تو پھر "شلوین" کی مرغزار میں جو حدود ہرات میں ہے ایلخانی لشکر کے ساتھ لڑائی اور حملہ ہو گیا اور اس کے بعد خط و کتابت اور ایلچی وغیرہ بھیجے گئے اور پادشاہ دولت یار کی مہربانی سے مدد حاصل کر کے اُن کا ایل (رعیت) اور مطیع ہو گیا۔ انعامات اور تحائف کی نظر سے دیکھا گیا اور مشہور خدمات اور قابل تاثیر معاملات پادشاہ کی خدمت میں کئی دفعہ ظاہر کئے۔

اور جنگ برکہ اغول میں حدود دربند باکویہ میں فلک فرسا ایلخان کا ملازم رکاب تھا۔ تو اس کو اس کی دلاوری اور بہادری معلوم ہوئی اور تخت سلطنت پر بیٹھ کر اس کے اخلاص اور دلیری کے متعلق سخن ہلایا۔

اور بیان کرتے ہیں کہ جب ملک سیستان کو قتل کر کے ہلاکو خاں کی خدمت میں آیا تو (ہلاکو خان نے) اس سے مواخذہ فرمایا کہ کیوں بغیر حکم شاہی کے نیمروز (سیستان) کے پیشوا کو تو نے قتل کر دیا اور اس کے جوانی کے دن کو اس پر شب خوش کر دیا۔ تو اس نے بغیر تاخیر اور جھجک کے جواب دیا کہ اس کا سبب یہ ہے تا کہ پادشاہ، دشمن مال، یہی سوال اپنے بندہ کے متعلق (بصورت بندہ کے قتل ہو جانے کے) اس سے نہ کرے "اچھا مددگار ہے حاضر جواب"

یہ جواب - جو پانی کی طرح جاری تھا - اور اختصار اور جامعیت کے فنون کو حاوی - ایلخان کو بہت پسند آیا اور بے انتہا مہربانی مبذول کی -

جب نوبت سلطنت آباقاخاں تک پہونچی تو جلد بازی سے دربار کی طرف سے پیچھے رہ گیا (یعنے وہاں نہ گیا) اور اس مثال کہ "میں نہ آؤں گا تیرے پاس جب تک کہ نالہ کریں مردہ بچے والی اونٹنیاں، اور جب تک کہ تاریک رہے رات" کے ساتھ مثال بیان کرکے یہ رباعی اس نیک نیتی سے جو رکھتا تھا صاحب دیوان (شمس الدین جوینی) کے پاس بھیجدی

ترکوں کے پادشاہ کے پاس ایسا کون کہدیگا کہ نیمروز سیستان (رستم) کا وطن ہے جس کی شمشیر اور گرز گاؤ سر کی ہیبت سے ابھی تک افراسیاب کا گھر ویران ہے -

صاحب دیوان نے اس کے پہلو کو نرم کرنے اور اس کے دل کو مائل کرنے کے لئے یہ خط جس سے لطافت کا پانی ٹپکتا اور جس سے فضیلتوں کی بنیاد راسخ اور محکم ہے - بھیجدیا -

خط شمس الدین جوینی "اے ملک شمس الدین محمد کرت تو ہی ملک کا فارغ ہے - کہ فرشتے کی طرح مکمل جان اور روح ہے - وہ رنج کہ تیرے ہجر سے میرے دل پر پہونچا ہے - اس کی کنہ تک انس اور جن کا وہم نہیں پہونچ سکتا - سچ ہے کہ تیری باریک بین روشن رائے، کے اس طرح لائق ہے کہ تو جب یہ شوق نامہ پڑھے تو گھوڑے کے ساتھ، ارادہ کی آگ کو بھڑکائے، اور ہوشیاری کے پانی سے غبار کو جو موجود ہے بجھائے -

جب سپہر بے مہر اور روزگار جفا پیشہ کی عادت یہ ہے کہ مطلوب اور محبوب کو حجاب میں روکے رکھتا ہے اور دل و جان کے مقصود کو آسانی سے ظاہر نہیں ہونے دیتا، یہیں جو حیلہ اور کوشش اولاد آدم کریں رنج اور تکلیف زیادہ ہوتی ہے اور آرزو اور تمنا کے جمع کرنے میں جس چیز کے ساتھ وسیلہ ڈھونڈھتے ہیں وہ محرومی اور انقطاع کا مادہ بن جاتی ہے - اس غرض کا مطلب یا اس دعوی کی تصدیق یہ ہے کہ کئی سال گذر گئے ہیں کہ روح کے کان اور کان کی روح ملک اسلام کے مخدوم، ایران کے پادشاہ اور خشکی و تری کے خسرو شمس الحق والدین (محمد بن کرت) کی سخاوت کا آوازہ، روزگار اس کے امر و نہی کے تابع اور فلک کی گردش اس کے موافق ہو (کانوں کا) گوشوارہ اور (روح کی) راحت ہوا - بندہ ادنی (شمس الدین) محمد بن محمد جوینی کی خواہش ہوئی کہ آنکھوں کو دل کی بصیرت کی مانند کرے - (جس طرح دل میں یہ باتیں ذہن نشین کی ہوئی ہیں آنکھوں سے بھی دیکھ لوں) اور جب قریب

تھا کہ یہ مطلب برآئے اور زمانہ ایک قدم پیچھے ہٹ جائے ۔ تو غائب سے تاخیر نے منہ دکھایا ایسا کہ باعث افسوس اور کمزور دل اور ہوش سے دور جان کی حیرت کا سبب بن گیا "ہر لعیں محروم ہوتا ہے" مثل معلوم ہے ۔ اس سعادت (ملاقات) سے رہ گیا ۔ ؎

اس لاجوردی ہوئی چھت (آسمان) پر ایک فرشتہ ہے ۔ جو عاشقوں کی آرزو
کے آگے دیوار کھینچ دیتا ہے ۔

ان چند ایام میں فرزند زادہ محمد کے قاصد اُدھر سے (آپ کی طرف سے) پہونچے اور مبارک دربار اور میمون جناب کی خوش کرنے والی خبریں لائے ۔ نفس مسیح کی خاصیت رکھتی تھیں جن کے مژدہ سے دل مردہ زندہ ہوگیا ۔ حضرت عالی (آباقاخان) سے احتراز اور اجتناب کے بارے میں منشی کے قلم سے کسی قدر شمہ بیان کیا گیا ہے (یعنے آپ نے کسی قدر اجتناب اور احتراز کا اظہار کیا ہے) تو دلیری اور گستاخی کرکے عرض کرتا ہوں کہ کنارہ کشی اور وہم کی راہ کو بند کرکے اس دربار کا قصد ، ہوشیار کرنے والے موجب سے پختہ اور محکم کریں ۔"

تو اس (شمس الدین کرت) نے صاحبی کے (مذکورہ بالا خط) کے جواب میں یہ خط لکھا :-

جواب از شمس الدین کرت | چونکہ زمانہ رات دن لگاتار اس کوشش میں رہتا ہے کہ کسی فرد بشر کو دل کی مراد تک نہ پہونچنے دے اور ہر اندیشہ کو جس کا وہ دلدادہ ہے ۔ تغیر اور تبادل کر دے ۔ لہذا سعی اور جہد بیکار اور کامیاب اور کوشش اور کوشش نافع اور فائدہ مند نہیں ہے کئی سال گذرتے ہیں کہ نماز ، روزہ ، دعاؤں اور گداگری کی استمداد سے خواہش کی ہوئی ہے کہ پھر عزیز صاحب اعظم ، وزیر عادل و مکرم ، بابرکت رائے اور قدم والے شمس الدولہ والدین کی ملاقات کروں اور نئے اور پرانے غم کا اظہار کروں ۔ مگر ؎

میرے دشمن کے ساتھ وہ جیب بہت بیٹھا ۔ تو مجھے پھر دوست کے ساتھ بیٹھنا
نہیں چاہیئے ۔ اس شہد سے پرہیز کر جس میں زہر ملی ہوئی ہو ۔ اس شہد کی
مکھی سے بھاگ جو سانپ پر بیٹھے ۔

جوانی کے آغاز اور سالوں اور برسوں کی اول جوانی سے جانبین میں اتحاد اور محبت کے تعلقات اور دوستی کے طریقے پختہ اور اتحاد کی بنیاد محکم اور مضبوط اور بیگانگی کے زہریلے اثرات سے محفوظ ہے ۔ اور قبلہ حق کی طرف سے منہ کئے ہوئے ہے (یعنی دونوں کی جانبین حق اور صداقت پر مبنی ہے) ۔ اور اُس طرف (شمس الدین صاحبی) سے ہر روز ایک نہ ایک خط صادر اور ظاہر ہوتا ہے اور وہ تتار ۔ کفار اور فاجر لوگوں کی طرف مجھے

دعوت دیتا ہے - شع - میں آپ یہ پسند نہیں کرتا کہ تو ایسی بات کو پسند کرے + اور عقل سلیم کی راہ سے نہ کہ شریعت مطہرہ نبوی اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اور اخبار کے تقاضا سے - رباعی -

یہ بہتر ہے کہ سر مستد کنارے کو اختیار کرے - یا قلعہ کے گوشہ کو اپنا حصار بنائے - شراب پیتا رہے اور حسینوں کے لبوں کو بوسہ دے - تاکہ پریشان جہان آرام حاصل کرے -

ان چند ایام میں ہی فرزند محمد خدمت میں پہونچیگا - جو کچھ صواب اور درست ہوگا اتمام تک پہونچائیگا - انشاء اللہ تعالیٰ -

اور عجیب بات ہے ملک شمس الدین کرت باوجود عقل و شجاعت، عمدہ عادات اور دلیری کے اس کمال کے عجمیوں کی شراب پینے کی طرف تعرض کرتا تھا (خمر الاعاجم - بھنگ) اور اس کی بہت سی رباعیاں ہیں اس کی مدح اور ترجیح میں شراب پر - جبران کرنے اور تعجب میں ڈالنے کے لئے یہ بیت لکھے جاتے ہیں - کیونکہ تحسین مستقبح (قبیح چیز کو اچھا جاننا اور بیان کرنا) کی صنعت کی قبیل میں سے ہیں - رباعی -

شراب پلانے والا اگر غنی بھی ہو تو ننگا ہو جاتا ہے - اور اس کے ناز سے جہان پرشور ہو جاتا ہے - لعل کی ڈبیہ (منہ) میں اس زمرد (بھنگ) سے ڈالتا ہوں - تاکہ میرے غم کے سانپ کی آنکھیں اندھی ہو جائیں - رباعی -

جس وقت میں سبز (بھنگ) سے خوش ہوتا ہوں - افلاک کے سبز گھوڑے کے لائق بن جاتا ہوں - سبز خطوں (معشوقوں) کے ساتھ سبز (بھنگ) پیتا ہوں سبزہ میں - اس سے پہلے کہ سبزہ کی طرح مٹی میں مل جاؤں -

(مصنف کہتا ہے) کہ اس مضمون کے بیان کرتے وقت دعوی کا رخ اسکی شرح اور بیان کے ساتھ (بھنگ کی شرح) شاہ (آباقاآن) کی تلوار کی طرح دشمن سلطنت کے خون سے سرخ ہو جائے - اور جاہل لوگ - سیاہ روے سبزہ (منہ کالی بھنگ) سے سیر ہو جائیں (اس کے پینے سے باز آجائیں) یہ رباعی لکھی اور بیان کی گئی - رباعی -

سرخ گلاب کے ساتھ وہ سرخ شراب، اے سرخ رخسارے والے - تاکہ خوشی کا چہرہ سرخ ہو جائے - جلدی لے آ - منہ زرد نہ کر سبزی (بھنگ) کے ساتھ نیلگوں آسمان سے - اگرچہ سپید سیاہ (راتیں) سفید (دن) ہو جائیں -

چونکہ اس (شمس الدین کرت) کے اور ملک ضیاء الدین کابل کے درمیان دشمنی

نفرت اور دشمنی بڑے درجہ تک پہونچی ہوئی تھی ملک ضیاء الدین نے یہ رباعی اس کے پاس بھیجی۔ رباعی۔

غوری بچہ کابل کے کینہ کے لئے اٹھ کر میرے جیسے آدمی کے مقابل سخن آرائی کرنا چاہتا ہے۔ تو سورج (شمس) ہے اور میں روشنی (ضیاء) اور تمام لوگ جانتے ہیں۔ کہ سورج کا لانا آسمان پر روشنی کے لئے ہوتا ہے۔

ملک شمس الدین نے اس کے رد میں یہ جواب دیا۔ رباعی۔

اے وہ کہ اپنے سے بے خبر ہے دائیں بائیں نگاہ کر۔ میرے جیسے کے ساتھ تیری دشمنی کیوں پیدا ہوئی۔ میں سورج ہوں اور تو روشنی اور سب لوگ جانتے ہیں کہ سورج ہی سے ہے جو کچھ کہ دنیا میں روشن ہے۔

اس کے بعد آباقاخاں کے خادموں میں شامل ہوگیا اور مدت تک دریا مقدار اور آسمان کے آستانہ والی بارگاہ کا ملازم رہا۔ جب سیستان واپس آیا تو پادشاہ کی بندگی اطاعت اور شاہی احکام کی تعمیل میں حد سے بڑھ گیا۔ یہاں تک کہ غرور کی اس غار سے (دنیا سے) سرور اور خوشی کی سرائے (آخرت) میں پہونچ گیا (مرگیا)۔

سلاطین مصر کا حال

سات ولایتوں کی وسیع سلطنتوں میں سے آج کل مصر اور شام کا علاقہ ہے جو پیغمبر عربی (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس کی روح پر افضل رحمتیں اور پاکیزہ تحفے نازل ہوں۔ کے ملک شریف چھوڑنے کے زمانہ سے چھ سو کچھ اوپر نوے سال (۶۹۰ سے کچھ اوپر سن ہجری) کے بعد تک۔ دین پروری اور حسن اعتقاد کی جد وجہد کی سڑک پر ثابت قدم اور صادق دم ہیں اور اس حکم ان اللہ اشتری الخ (اللہ تعالیٰ نے خرید لی ہیں مومنوں سے اُن کی جانیں اور مال۔ اس کے ساتھ کہ ان کے لئے جنت ہے وہ لڑیں اللہ کی راہ میں۔ ماریں اور مارے اور مار ڈالے جائیں) کو دین کے نگین کا نقش اور یقین کی نئی دلہن کا لباس بنایا اور ولا تطع (الآیۃ) (اور نہ اطاعت کر کافروں اور منافقوں کی) کی دوستی اور محبت کا بیج دل کی صاف زمین میں بویا اور ایمان کے پاک درخت سے اِنَّ الذین الآیہ (جو لوگ اللہ کو مانتے اور تمام بھلائیوں کو عمل میں لاتے ہیں اُن کے لئے جنات الفردوس سرائیں ہونگی) کا ثمر چنا ہے۔ اور انہوں نے لا یستوی القاعدون الآیہ (وہ لوگ جو سست ہیں مومنوں میں سے

جن کو کوئی عذر بھی نہیں - اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان اور مال سے (تن من، دھن) سے جدوجہد کرتے رہتے ہیں - برابر نہیں ہیں - بلکہ اللہ تعالیٰ جدوجہد کرنے والوں کو سست لوگوں پر کئی درجہ فضیلت دیتا ہے) کی طواف گاہ کا طواف کر کے جان اور مال کو دین کے مددگاروں کی امداد، سرکشوں کے گروہ کی گوشمالی، اور حق کے فرقوں کو باطل سے فرق کرنے کے لئے "تاکہ تمیز کر دے اللہ تعالیٰ پاک کی ناپاک اور کامیاب کی بے نصیب سے" بربادی اور ہلاکت کے میدان میں لانا پسندیدہ طریقہ جانتا اور اسلام کے انڈے کی حفاظت اور ایمان کے قلعہ کی حمایت کو بحکم "مدد کرو ایک دوسرے کی نیکی اور تقویٰ پر" کے یقینی ادا کی ہوئی پہچانتا ہے -

لاجرم یہ ملک مصر اور شام اس فضیلت (امداد دین اور قتل کفار و مرتدین) میں تمام بلاد اسلام پر فوقیت کی طاقت رکھتے اور شرف کی فضیلت حاصل کئے ہوئے ہیں - بلادِ شامی کا روضۃ الاسلام (اسلام کا باغ) دمشق ہے جو تمام لوگوں کے اتفاق سے جنات اربعہ (چار بہشت) سے ایک ہے - اس کی زمین کا دامن پاکیزگی سے حضرت مریمؑ کے آستین کی طرح اور اس کے پائمال سنگریزے لطافت میں سمندر کے بیٹے (موتی) کی مانند ہیں - اس کے غوطہ (غوطہ دمشق) کے درخت طوبیٰ کی نازک شاخوں سے متصل، اور اس کی نہروں کے چشمے، حوض کوثر کے قطرات سے جمع کئے ہوئے ہیں - اور فرمایا ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے "اگر آسمان میں بہشت ہے تو وہ دمشق کے عین اوپر کی سمت میں ہے - اور اگر زمین پر ہے تو وہ خود دمشق ہے" اس کی جامع (مسجد) جو دوسرا کعبہ اور بہشتی تخت کا قبہ ہے دو ہزار پیغمبروں کے جمع ہونے کی جگہ ہے (با نقطۂ نبوت بتقدیم الباء علی النون - یعنے طالب علم لڑکے) اور اس کے صداقت کے نوجوان جوانمرد اور اہل مروت کے سر دفتر ہیں - باشندگان کے عقائد کی گرہیں پادشاہ لایزالی (خدا تعالیٰ) کے اخلاص کے موتیوں کے ساتھ منظم ہو کر قتال اور جہاد پر شرائع محمدی کے شعار کو بلند کرنے کے لئے لازمی طور پر قائم ہیں -

۵۶۵ھ کے آخر میں صلاح الدین یوسف بن ایوب - اس نور الدین شیر کوہ کا بھتیجا، جو مالک شام معین الدین محمود بن زنگی بن اقسنقر کے مقربان خاص کے معزز افراد میں سے تھا - اسباب قضا کے مطابق اور قدر کے اسباب کے موافق، ملک مصر پر غالب اور قابض ہو گیا - اور العاضد بن اللہ ابو محمد عبید اللہ بن یوسف بن حافظ - جو کہ ابو تمیم معد ملقب بہ مستنصر کی مردود اصل اور مذموم فرع والی نسل

میں سے تھا۔ اور حسن صباح نے جس کے عہد میں دعوئے الحاد کیا اور جس کے دو بیٹوں نزار اور مستعلے کے ذریعہ بدبخت اور الحاد کی طرف، دعوت دینے والے۔ اور ثمرہ کے نفع نہ دینے والی شاخوں میں تقسیم ہوگئے۔ ایک اسماعیلی معروف بہ نزادیہ یعنی عراق، شام، قومش اور خراسان کے ملحد اور دوسرا طائفہ مستعلیوں کا۔ جو اسماعیل مصر کے نام سے مشہور تھے۔ اس (سلطان صلاح الدین) کی سلطنت کے ابتداء ایام میں گذر گیا (یعنے العاضد لدین اللہ مر گیا) اور صلاح الدین نے اس کی اولاد اور رشتہ داروں کو تلوار پر سے گذار دیا اور اس کے وجود کا پودا۔ جو اس دین متین کے اُگنے کی جگہوں (کھیتوں۔ کیاریوں) میں زہریلی گھاس (بچھناک) کا مرتبہ رکھتا تھا۔ پورے طور پر جڑ سے اُکھیڑ ڈالا گیا۔

صلاح الدین حکومت اور استقلال میں کمال کی چوٹی اور جلال کی بلندی پر پہنچ گیا پھر امامت کی دعوت کی خلفاء بنی عباس کے نسب واروں کے پاس منتشر کی گئی اور محرم ۵۶۷ھ کے پہلے جمعہ میں خطبہ اور سکہ خلیفہ الناصر الدین اللہ (صحیح المستضی باللہ والدالناصر الدین اللہ ہے کیونکہ المستضی کی حکومت ۵۶۶ھ میں تھی اور اس کے مرنے کے بعد الناصر ۵۷۵ھ میں تخت سلطنت پر بیٹھا) کے نام پر اس ملک کے تمام علاقے کے منبروں کے کندھوں پر مزین اور مروج کردیا۔

اور وہ منتظر جہاد، مجاہد، کامگار اور دین دار تھا اور بے شمار خزانہ اور لاانتہا لشکر اُسے حاصل اور اٹھارہ ہزار نوجوان تلوار کے دھنی اور نیزہ گذار اس کے قبضۂ ملکیت میں متعلق تھے۔ باوجود سلطنت کی اس فراخی کے شجاعت، سخاوت کے ساتھ جنت، اور دلیری، سیاست سے ملی ہوئی۔ اس کے نفس میں موجود تھی۔ کفار کے ساتھ جہاد کرنے میں ابداء بنفسك (تو اپنی ذات سے شروع کر۔ یعنے خود اٹھ کھڑا ہو) کہتا اور پاؤں میدان جنگ میں رکھتا۔

اور اٹھارہ لڑکوں میں سے جو تاج اور تخت سلطنت کے مستحق تھے۔ ہر ایک کو سلطنت کے اطراف میں سے الگ الگ کسی نہ کسی طرف میں مقرر اور متعین فرما دیا اور جب اس کی عمر کا سورج خاتمہ کے غروب کو پہنچا۔ تو وہ سلطنت اُسی طرح اس کی اولاد کے قبضہ میں رہی۔ یہاں تک کہ زمانہ کے پے در پے رات دن کے باری باری آنے کے ساتھ سلطنت کی نوبت ملک صالح تک۔ جو اس (صلاح الدین) کے نواسوں کی اولاد میں سے تھا۔ پہونچ گئی۔ اور سلاطین سلف کے دستور کے

مطابق حج کی سبیل کے سامان مہیا کرنے اور بیت اللہ (کعبہ) کے قافلوں کی ترتیب میں مبالغہ کے ساتھ حکم دیا اور جہادوں اور کفار کی لڑائیوں کی رسومات اور علامات کے پیش کرنے میں پورے طور پر غور و خوض کیا اور ملک کی دلہن کو چونکہ وہ مقصود تھی۔ پیرانہ سالی کے ساتھ مزین کیا۔

جب اس (صالح) کی عمر اور سلطنت کا حاصل انجام تک پہونچ گیا۔ غلاموں نے کفران نعمت کے اظہار کو اختیار کیا اور ایک دوسرے کے ساتھ مل گئے۔ اور ایک غلام ترکمانی جس کا نام قنبر تھا۔ مطلب اور نام کا طلبگار۔ مصر اور شام کی سلطنت کا مالک ہو گیا۔ اس کو ملک مظفر کہنے لگے اس کے اوامر و نواہی کی لوگوں نے خوب اطاعت اور فرمانبرداری کی اس تاریخ سے پھر اُن ممالک کی سلطنت کا کاروبار غلاموں کے سپرد ہوا۔ اور جو شخص غالب ہوتا ہے چھین اور لوٹ لیتا ہے" کا طریقہ اُن میں ظاہر ہو گیا اور ہر ایک زمانے کا کوئی ساتھی اور صاحب ہوتا ہے۔ جس وقت کہ افراد کا اتفاق کسی ایک پر ہو جاتا اُسی کو بادشاہ بنا دیتے اور سلطنت کے تخت پر بٹھا دیتے اور ہمارے اس زمانے تک یہی قاعدہ جاری اور ساری ہے۔

اُس علاقہ کے بادشاہ صفت استقلال میں۔ جو ملکداری اور سلطنت گیری کی قوی شرط اور مضبوط رکن ہے۔ تنہا اور یکتا ہیں۔ (ابیات از مؤلف)

جس کو کہ بخت اور اتفاق تخت شاہی پر بٹھاتا ہے۔ پہلے پہل قضا اور تقدیر اُسے معزولی کا پروانہ سناتی ہے۔ آسمان نے اس کے لئے ایک حلقہ تیار رکھا ہے۔ ہر ایک اُن میں سے ایک دوسرے کے پیچھے باہر نکل جاتا ہے۔

بغداد کے واقعہ کے بعد منگو قاآن کے فرمان اور بادشاہ زادہ ہلاکو خان کے اشارے سے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ کیدبوقا نے شامات (علاقہ شام) کی طرف لشکر کشی کی اور ملک مظفر اور اس کے لشکر کے ہاتھوں سے دیکھا جو کچھ کہ دیکھا۔ ملک مظفر نے اگرچہ اپنے نام کی طرح دولت کی قرارگاہ اور خوشی کے مرکز کی طرف باگ موڑی۔ لیکن زمانہ نے رکاب کی طرح امداد نہ کی اور قضا نے باگ کی مانند دستگیری نہ دکھائی۔ بندق دار نے جو ایک غلام صالح (صالح کا غلام) قبچاقی النسل تھا اُس پر خروج (اس کے برخلاف حملہ) کر دیا۔ اُس بادشاہ نے جس کی مکمل مہربانی کا درزی مستحقوں کے قیمتی قد پر رشک کے عطیہ کی پوشاک راست کرتا ہے اور جس کی قدرت کا ہاتھ صاحب دولت لوگوں کی ہمت کی کھوپڑی پر سرفرازی

کی عزت کا کلاہ رکھتا ہے۔ بندق دار کو یہ طاقت دی کہ اُس نے زمرد کے جسم والی ایجاد کے گرانے والے (خونریزم) اور عقیق کی چمک والی تلوار سے اس کی روح کو ارکان کے بدخشاں کی کان سے باہر نکال دیا۔ اور مالک لایزالی کے پادشاہ جس کی شان بلند ہے کے خزانہ میں بھیج دیا۔ بندق دار پیادہ کی مانند ملک مصر کی سرزمین پر فائق اور اور غالب اور منصب شاہی کے لائق ہو گیا۔ اور ملک طاہر کے لقب سے ملقب ہوا۔ اور ذمہ دار عدل، عام دلیری، تمام تائید، قوی رائے، ثابت عزم، اور بلند ہمت کے ساتھ مہمات ملکی کی تنظیم اور کامیابی کے مصالح کی تکمیل میں شروع ہو گیا۔ اس کی تلوار نے روانی اور تیزی میں فتنہ کے ہاتھ کو کاٹ دیا اور اس کے قلم نے زیرکی میں تلوار کے گوہر کی رونق کو گرا دیا۔ پھر ممالک روم کے صاف کرنے (فتح کرنے) کی ہوس اس کا باعث اور رغبت دلانے والی ہوئی کہ توریہ اور پوشیدگی کے لباس میں جاسوس کی طرح دو تین آدمیوں کے ساتھ اپنے خواص میں روم چلا گیا اور راستوں اور سڑکوں کی احتیاط اور لشکر کی دیکھ بھال اور امتحان کر کے واپس ہوا۔ جب سکون کے خیمہ گاہ اور سلطنت کے روح کے خوش کرنے والے سراپردہ میں پہونچا تو آباقاخان کے پاس ایک ایلچی بھیجا اور بذریعہ سفارت (قلم) (یہاں سے قلم کے صفات بیان کرتا ہے۔ از آخر صـ۱۸۲ کتاب وصاف تا ختم صـ۱۸۳ چیز بدست نباشد، تک) ایک مارپیکر اور مرغ منقار کے کہ جب صریر (آواز قلم) کی صفیر شروع کرتا ہے تو اہل کمال کے دلوں کے طاؤس جلوہ نشاط میں آجاتے ہیں (یعنے وجد کرنے اور ناچنے لگ جاتے ہیں) اور نشیمن قدس کے طوطی شکر کے شکر شکن ہو جاتے ہیں ایک غواص کے جو ایک ہی غوطہ سے سیاہ رنگ کے سمت رمیں سے (دوات میں سے) ہزار ہا قیمتی اور پاک موتی باہر لاتا ہے۔ بغیر کان کے اوہام کے خطرات کے کلمات سنتا ہے اور بغیر طول کے اچھوتے معانی کے بدیہی جواب زبان پر لاتا ہے۔ اور بذریعہ وساطت طیاش خو اور پرخاش جو کے کہ اگرچہ تیزی سے اس کی سرزنش کرتے اور اس کے پہلو سے اس کی تراش واجب جانتے ہیں۔ (مگر اللہ تعالیٰ کی قدرت سے جری القلب اور تیز زبان ہوتا ہے۔ الف صورت والے کے جس نے کاف "کن" کی طرح ازل سے ہی نون (دوات) کے ساتھ اُلفت رکھی ہے۔ ذوالنون مصری کی شکل والے کے جو وحدت کے نقطہ کی تاثیر سے الف کی طرح لسان صافی اور سچائی کا پیشہ رکھتا ہے۔ تعجب (ایلچی بھی کیا ہی) پیش کیے جو خطیب کی طرح انگلیوں کے تین پاؤں والے منبر پر سیاہ طیلسان (رومال خطیب) ڈالے ہوئے

ہوتا ہے۔ واسطی نسل والے کے جو شروع بچپن سے شیروں کے جنگل میں نشو ونما حاصل کئے ہوئے ہے۔ مصری نسب والے کے کہ جب تک وہ زندہ رہتا ہے زنگی اور رومی کے باہم ملنے اور جنبت ہونے اور صبح (روم) اور شام (زنگی) کی رنگ آمیزی کے لئے (کاغذ اور سیاہی کی تشبیہ ہے) آمدوشد کی مشقت برداشت کرتا رہتا ہے۔ صاحب خط (تحریر اور ڈاڑھی کو بھی خط کہتے ہیں) کے مردوں کے بلوغ کے زمانہ سے قبل۔ کہ بلیغ سخن، بالغ جیسا کہ تو دیکھتا ہے بر ملا اس کی املا سے تعلیم اور تعلم کا سبق پڑھتے ہیں۔ صفرا مزاج والے کے بنی الاصفر (رومی لوگ) ہیں سے جس کے بیمار ہونے کی صحت کے لئے، قدرے زردی، منہ کی کڑواہٹ اور بدن کی لاغری گواہ ہے۔ دوڑے والے مجنوں اور سودائی سر والے کے جس کی کثرت کلامی اور بیہودہ گوئی کو اس (مجنون) پر روشن دلیل اور ظاہر برہان جانتے ہیں۔ دوڑنے والے، چھوٹے چھوٹے قدم چلنے والے کے جو ایک ساعت میں بلکہ ایک پلک جھپکنے میں قیروان مغرب (دوات) سے بلاد برف (کاغذ) کے خطہ میں چلا جاتا ہے۔ ایک نو عمر کے جس کا اٹھنا کم عمری کے آغاز اور نشو کے ابتدا میں بھی بڑھاپے کی منزل کے مقیموں کی طرح بغیر ہاتھ کی مدد کے نہیں ہوتا۔ (یہاں قلم کے صفات ختم کر کے آگے قلم موصوف کو ظاہر کرتا ہے) یعنی قلم (کی وساطت کے ذریعہ) اس ذکر پر مشتمل ایک عریضہ پردۂ فکر سے آشکارا کیا۔ (لکھا) کہ "ہم نے بذات خود روم کی سیر کو پورا کر لیا ہے اور　｜ مضمون خط ظاہر بنام ملک روم

اس بلاد کے مقامات اور مکانات ہمارے قدم کی بزرگیوں کی منزل اور ہماری آنکھوں کی شعاعوں کی پڑنے کی جگہ ہو گئے۔ (یعنے اپنے قدموں سے وہاں چلے اور آنکھوں سے دیکھا)۔ اور اس کی دلیل کہ یہ خبریں سچائی کے ساتھ تعلق رکھتی ہیں۔ یہ ہے کہ　｜ واقعہ تناول طعام

اس باورچی کی فلاں دکان میں جس کے نانخورش اور شوربا وغیرہ کی تعریف شماخ کا قطعہ راشئے (جس کے اخیر میں حرف راء آیا ہے) کر سکتا ہے۔ میں نے اپنی انگوٹھی ایک طعام کی مقدار میں رہن کر دی تھی۔ کیونکہ تیر اندازوں کی رسم ہے نشانہ لگانے کی جگہ پر انگوٹھی رکھ دینا۔ اُمید ہے کہ بادشاہ اس کے پہونچانے اور واپس کرنے کا اس طرف حکم دے گا۔ تاکہ اس احسان کے سبب انگوٹھی کی طرح جان کے نگین کو سلیمان مملکت ایلخان کے اخلاص کے نقوش سے آراستہ رکھوں۔ ع۔ (از مؤلف) اور مطیع تیرے دونوں ہاتھ یا کا مانند انگوٹھیوں کے۔ ہو جاؤں"۔

آباقاخاں نے اس حکایت کے سننے اور بندق وار کے واقعہ اور کمال دلیری کے استدلال پر تعجب اور عظیم سمجھنے کے مقام میں منہ پر ہاتھ رکھا اور حال کے ہاتھ کو فکر

کی انگلیوں سے کھجلانا شروع کیا - اور ایلچی کو ماجرا کی اطلاع کے لئے پروانہ (شاہ روم کی خدمت میں بھیج دیا - جب سوال کی خوبی اور مطالبہ کی شرط کی رعایت کی گئی (یعنے دریافت کیا گیا) تو واقعہ مطابق بیان خط کے ظاہر ہوا -

ملک مصر کے پادشاہ کی انگوٹھی اقلیم خانیت کے تاجدار (آباقاخاں) کے تخت کی خدمت میں جو زمانہ کے سرکشوں کی گردن کو اپنی غلامی کے طوق سے طوق دار سمجھتا ہے لائے اور پھر اس نے مصر میں بھیج دی - زمانے کے بادشاہ اس کے احوال کے اخبار اور دلیری کے دستور (بندق دار کی دلیری اور حالات) سے کانپ گئے اور دوسروں کے فضائل اور خوبیوں کے مجموعہ پر مذمت کا نقش رکھا -

اس حال پر کوئی زیادہ زمانہ نہ گذرنے پایا تھا کہ پروانہ (سلطان) روم نے چونکہ وہ آباقاخاں کا اتنا معتقد اور اس کی نیت، اخلاص کی لڑی میں منعقد نہ تھی، بندق دار کے ساتھ خط و کتابت شروع کر دی اور نفاق کے سینہ کی ہڈیوں کو مکر اور فریب کے ہاروں سے زینت دی اور اس کو مملکت روم کے فتح کرنے کی ترغیب، حرص، رغبت اور انگیخت دی - اور ظاہر کیا کہ "مغلوں کے مظالم سے اس کا دل ملال کے دائروں کا مرکز اور ندامت کے لشکر کی منزل ہے - اگر بندق دار کی رائے صواب اس طرف مصلحت سمجھے اور وہ ادھر باگ پھیرنے والا ہو تو ممالک روم کو - جو دولت کے مطیع رکھنے والے پادشاہوں کا مقصد ہے - بغیر درازی مدت اور انتظار اور تکلیف کے برداشت کرنے کے تسلیم کر دیگا"

بندق دار نے اپنی مشہور [illegible] کے [illegible] اظہار کی بنا پر لشکر کے روانہ ہونے اور اسباب کی تیاری کا پروانہ (حکم) دے دیا خوشی اور تیاری کے ارادہ پر سواری کی رکاب میں پاؤں رکھے اور ملک گیری کے گھوڑے کی باگ کو حرکت دی -

منزلوں کو نہایت سرعت سے طے کرنے کے بعد دیار روم کے مضافات کو لشکر کے دائرہ کا مرکز بنایا - پروانہ (شاہ روم) کو خوف (آباقاخاں) کے اسباب اور اس کے ڈر اور ہول یا ترس کے باعث نے اس بات پر مجبور کیا کہ ممالک روم کی سرزمین کو خالی چھوڑ کر بھاگ گیا اور حسن عہد اور میثاق کے ہار کو بے وفائی کی انگلی کے سرے سے توڑ ڈالا - بندق دار اُن تمام علاقوں پر جس قدر ایلخانیوں (مغلوں) کے قبضہ میں تھے غالب ہو گیا - تمام طول و عرض میں - اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے -

"روم مغلوب ہو گئے بہت قریب کی زمین میں" چند ماہ اس نے اقامت اور رہائش کی پھر بے شمار غنیمتوں اور مشکور کوششوں کے ساتھ مصر کی طرف جو اصلی دار الملک تھا توجہ فرمائی۔

پس تمام خطوط پروانہ (شاہ روم) کے جو معاہدات اور غلیظ الفاظ میں اس (روم کی لشکر کشی) سے عبارت اور مرادر کھتے تھے آباقاخاں کی خدمت میں (بندق دار نے) بھیج دئیے۔

جب ایلخان نے اس حادثہ سے جو دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کا سبب اور غضب اندرونی کا باعث تھا۔ خبر پائی تو خشمناک شیر اور پڑیا توڑنے والے چیتے کی مانند قلق اور اضطراب میں موجودہ لشکر کے ساتھ روم کی طرف (پروانہ کے مقابلہ کے لئے) متوجہ ہوا۔ اور پروانہ (شاہ روم) کے اقبال اور عمر کی شمع کو جس نے لشکر مصر کی صلح سے پادشاہ (آباقاخاں) کی اطاعت کی پرواہ نہ رکھی تھی۔ قہر کی آستین کے کنارے سے بجھا دیا اور روم کے پیشوا (پروانہ) کو مصر کی ریاست کے مالک (بندق دار) کے ورغلانے اور مل جانے کے جرم میں سلطنت کی دوڑ دھوپ کے اندر۔ ابرو کے ایک ہی شکن اور دل سے تلوار ہندی پر گذار دیا۔ اور کینہ کے زنگ کو دل کے آئینہ سے صاف کر دیا۔

اور ۶۷۶ھ میں ایک لشکر شام کے علاقہ کی طرف مقرر فرمایا کہ صبح کی طرح کینہ کی تلوار ننگی کریں اور مخالفوں کی دولت کے دن کو زوال تک پہونچا دیں۔ چونکہ ایلخان (آباقاخاں) فتح و حصین کی قدرت والے اور خاقان کی سمت والے نے مصر کی شاہی بندق دار کو عطا کر رکھی ہے ممکن ہے کہ وہ روم کی قیصری کی طلب کا خیال بھی دماغ کے محل کے حجرہ کی دیوار سے نکال اور مٹا دے۔

اور اسباب تخت خانیت کے لشکر نے پہلے پہل جو کینہ کا ہاتھ کھولا۔ قلعہ بیرہ کا محاصرہ کرلیا اور وہ اگرچہ مضبوط جائے پناہ اور باشندوں کی بے شمار ذخیروں سے امداد حاصل کرنے کی پختہ بنیاد تھا۔ اور قریب آگیا کہ لڑائی کی حرفت کے ماہرین یعنی مغل غلبہ کے مہرہ (گوٹ) کو تدبیر کی بساط پر ششدر (حیران جو کہیں نہ نکل سکے) کئے ہوئے مقابلہ کئے ہوئے ہیں فتح کی داد جیت لیں اور مگر قلعہ (جس کو کسی نے ہاتھ نہ لگایا ہو یا فتح نہ کیا ہو) کو بغیر اشرفیوں کے حق مہر کے پستان (نیزے) کے سرخ ڈنڈے سے پھاڑ ڈالیں۔ تو بیرہ کے باشندے بدحال ہو گئے۔ صورت حال اور ہر دل

اطلاع حالی از بیرہ بخدمت بندق دار

کی کمک طلب کرنے کی اطلاع کے لئے عرصۂ ہوا کے سیاحوں یعنے پرندوں کے رہنما پرِ اور بازو والے پیغام رسانوں کو حماۃ اور حمص کی طرف چھوڑ دیا گیا۔ اور وہاں سے قاہرہ تک چونکہ پرندوں کی کابکیں اور اس شغل کے ذمہ دار اور محافظ موضع بموضع قریب تھے۔ یہی اسی قسم کے قاصدوں کو بھیجنا ضروری خیال کیا گیا۔

حکایت کرتے ہیں کہ جب زر پیکر سیمرغ (سورج) نصف النہار کے آشیانہ تک پہونچا (یعنے دوپہر ہوئی) تو وہ اُڑنے والا قاصد خط لئے ہوئے پاؤں کی حرکت سے ہوا کے عرض کے فاصلہ کو طے کئے ہوئے مصر کی مانوس کابک میں پہونچ گیا۔ تو ملت کی چوٹی کا شہباز بندق دار جب برج ذکاوت کے کبوتر (قلعہ دار قلعہ بیرہ) کی چٹھی کے مضمون پر مطلع ہوا۔ تو فوراً جواب لکھنے کے لئے حکم دیا کہ:-

"قلعہ بیرہ کے محافظ دل کو سکون اور خاطر کو ڈھارس دیں کہ ہماری سلطنت کے جھنڈے کی صبح ساتویں دن کی فجر کے وقت بیرہ کے مضافات پر طلوع ہوگی، اور اگر اس وعدے میں بغیر زحمت کے خلاف واقع ہو جائے تو اُن کو قلعہ کے (دشمن کو) سپرد کر دینے کی رخصت دی جاتی ہے۔ والسلام"

پھر اس (بندق دار) نے بارہ ہزار سواروں کا حکم دیا کہ وہ سفر اور لڑائی کی تیاری کر کے حرکت کریں اور خود سات غلاموں کے ساتھ ڈاک کے گھوڑوں پر بڑی تیزی اور شتابی سے روانہ ہو پڑا۔ دیکھنے والے بیان کرتے ہیں کہ قاہرہ سے قلعہ بیرہ تک ستائیس جگہ ڈاک چوکی بندھی ہوئی تھی۔ اگرچہ آسمان اول کے راستوں کا طے کرنے والا (یعنے چاند) ایک مہینے میں اٹھائیس منزلیں طے کرتا ہے (مگر) آسمان کی بلندی والا بادشاہ صرف چار دن کی قلیل مدت میں ستائیس چوکیوں کو آسمان رفتار گھوڑوں کے پاؤں سے قطع کرتے ہوئے قلعہ بیرہ میں پہونچ گیا۔ اور دو سو سوار نواحی حما سے شاہ (بندق دار) کی خدمت میں مل گئے۔

اس (بندق دار) نے چاہا کہ قلعہ کے باشندوں کو شاہی سواروں کے ورود سے اطلاع دے اور اُن کے چہرہ کو جو مغلوں کی نیلوفر پیکر تلوار کے پرتو سے مینتھی اور زعفران کی کیاریاں نظر آرہے تھے۔ نشاط اور خوشی کے شگوفہ سے گلابی رنگ والا بنائے اور تسکین کی آستین سے خوف اور بزدلی کا غبار جو اُن کے ماتھوں اور پیشانیوں پر بیٹھا ہوا ہے دور کر دے۔

جب آسمان کی سبز رنگ بلند مسند کو ستاروں کے بادشاہ (سورج) کے نور بخشن

وجود کے ساتھ آرائش اور زینت دی گئی ۔ تو (بندق دار نے) قلعہ کے عین سامنے دریائے فرات کی پرلی طرف، جو کہ دونوں فریق کے درمیان حائل تھا ایک ٹیلہ پر سلطنت (مصر) کا نشان ظاہر کیا ۔ قلعہ کے باشندوں نے خوشی اور نشاط کا شور آسمان تک پہونچا دیا اور لوہے کی بانسری (قرنا) کو جو دشمنوں کے لئے ہیبت کا نفخہ صور (قیامت کے دن صور یعنے قرنا پھونکا جائیگا) اور دوستوں کے لئے مسرّت کے جشن کی لپیٹ تھا۔ پھونکا گیا ۔

مغلوں کا لشکر اُن کی حرکت اور خوشی سے ۔ اگرچہ اس کے اسباب سے ناواقف اور بے خبر تھے ۔ تردد اور شک کے مقام میں ساکن ہوگئے (یعنے تردد میں پڑگئے) ۔

تیرہ روز کے بعد لشکر مصری ۔ جو فخر کے مقام میں گردن بلند رکھتا تھا ۔ پہونچا ۔ لشکر کے لئے چونکہ دریائے فرات سے کشتیوں کے بغیر عبور کرنا مشکل تھا ۔ بندق دار نے حکم دیا کہ تیس ہزار جانور جن کی پیدائش کا معین والی الابل کیف خلقت (اور اونٹ کی طرف دیکھو کہ اس کی پیدائش کیونکر ہوتی ہے) ہے ۔ ایک ہی دفعہ دریا میں ڈال دیں ۔ اور اُن عجیب ہیئت والے اور بادلوں کی سی ہیبت والے اونٹوں پر سے شیر کی خصلت والا مصری لشکر گذر جائے " پہلے پہل خود اپنا گھوڑا پانی میں ڈال دیا اور تمام لشکر کو دائیں بائیں حکم دے دیا ۔ آگ کی طرح دریا میں گھس پڑے اور بڑی آسانی سے گذر گئے اور سعدی کا شعر (ذیل) اس دریا کے عبور کے بارے میں جو سمندر کی طرح پانی کی کثرت رکھتا ہے موافق حال اور اُن کے قول کا ورد اور وظیفہ بن گیا ۔ ؎

جیحوں کا پانی باوجود اس قدر گہرائی کے ۔ ہمارے گھوڑوں کو کمر تک آتا ہے ۔

مغلوں نے جب مصریوں کی کمال جرأت مشاہدہ کی اور اس موج حرکت لشکر کو دریا کے اوپر دیکھا ۔ مجبوراً اُن کو اقامت پر کوچ اختیار کرنا پڑا ۔ اور مقابلے کے مہرے کو ارادے کی بساط کے رُخ سے اُٹھالیا اور چل پڑے ۔ باوجود اس کے کہ مغلوں کے لشکر کا شمار مصریوں سے کئی گنا (زیادہ) تھا ۔ بندق دار نے لشکر کے ساتھ اُن کا تعاقب کیا اور اُن کے پسماندگان سے چند مویشی، پالان اور بار (سامان) غنیمت ہاتھ لگے ۔ اور یہ کہانی اس کی بہادری کے علامات سے زمانہ کے روزنامچہ پر یادگار رہے گی ۔

بعد اس کے کہ تین پانچ سال اس عاریتی سرائے میں تخت کی بلندی پر گذارے اور پے سنج خزانے قبضہ میں رکھے ۔ اجل (موت) کے تقاضا کرنے والے نے

"الرحیل" (کوچ کرو) کی آواز دے دی۔ آخرکار اس کے جسم کو گنج باد آورد (خسرو پرویز کے آٹھ خزانوں میں سے ایک کا نام گنج بادآورد تھا) کی طرح مٹی کے سپرد کیا گیا
اس تنگنائی کا حاصل سوائے حادثات اور مصائب کے کیا ہے؟۔ اے تنگ حوصلہ والے تنگنائے خاک (دنیا) کو کیا کرے گا۔
جب اس کی روح کے میزبان نے۔ جو جسم کے مہمان خانہ میں گوشہ گزین تھا۔ دعوت خانہ علیین کی طرف میلان کیا تو قضا اور قدر کے منشیوں نے سلطنت کے خط شاہی کو اس کے بیٹے ملک سعید کے نام سے مزین بہ تخط کر دیا اور اس کی چوٹی اور قدمگاہ تاج سلطنت اور تخت شاہی کے لائق کر دیا۔ وہ وراثت کے استحقاق کے بموجب زین للناس الخ (زینت دی گئی ہے لوگوں کے لئے محبت، مرغوب چیزوں (مثلاً عورتوں، بچوں، سونے چاندی کے ڈھیروں، داغدار گھوڑوں، مویشیوں اور کھیتوں کی) کی سلطنت کا مالک ہو گیا۔ دن اور رات کی ساعتوں کے موافق (چوبیس ساعتیں ہیں) چوبیس ماہ چودہ سال کی مدت کا زمانہ ہے۔ اطراف کی بساط اور ملک کے درمیانی حصوں کو سطوت کے تازیانے، عدل کے ستونوں کے نصب کرنے اور انصاف کی کتابوں کے لکھنے کے ذریعے۔ احاطہ کئے ہوئے اور محفوظ رکھا۔ آخرکار زمانہ نے مہلت نہ دی کہ آرزوں کے پاؤں سے اقبال کی بساط کو طے کرے اور فتح کے ہاتھوں امیدوں کا دامن پکڑے مجازی ملک اور سلطنت کو ناچار ترک کرتا ہوا آخرت کی راہ چلا گیا۔

اگر سو سال رہے یا سو ہزار سال۔ یہی ہے دن اور یہی ہے کام۔
اس کے بعد سلطنت اور پادشاہی اس علاقہ کی سیف الدین قلاؤن عرف الفی پر مقرر ہوئی اور قلم تقدیر سے دولتیاری اور سلطنت کا روزنامہ اس کے نام سے لکھا گیا۔ اس کی قدرت کی وسعت اور سیاست کے رعب کا ذکر جہان میں مشہور ہو گیا اور امیروں اور لشکروں کے دل اور خواہشات ناخوشی اور خوشی میں اس کے تابع ہو گئے۔
۶۷۹ھ میں لڑائی کے ارادہ سے عرب کے دلیر اور بہادروں (لشکر الفی) کے ساتھ مبارک عہد پادشاہ آباقاخان کے لشکر نے خروج کیا۔ لشکر ایلخانی (آباقاخان) کا سپہ سالار تمغور نوئین اور تو داون بہادر تھے اور صحرا آبلستان میں اقامت کے خیموں کو رسیوں سے باندھا اور نیزہ زنی اور شمشیر زنی کے اسباب کو مرتب کیا گیا۔ مصری لشکر نے ان پر قضاء بد کی طرح ۔ جو رد کرنے کے قابل نہیں ہوتی حملہ کر دیا

اور لشکروں کے اجتماع اور صفوں کے گتھم گتھا ہو جانے کے وقت - جب کہ تلوار زن حسین روح کو خطبہ (پیغام نکاح) دے رہی تھی اور نیزہ عمر کے دفتر کو قلم زن (غلط) کر رہا تھا - (یہ ہوا کہ) ؎

گھوڑوں کی آواز اور سیاہ کی گرد سے - روشنائی ہو گئی سورج اور چاند سے
ستارہ نیزہ تھا اور سورج تلوار - لوہے کی زمین تھی اور گرد کا بادل -

ان دو جان توڑ لشکروں کے مکابرہ (یعنے سختی جھیلنے) جنگ آزمائی کرنے ایک دوسرے کو پچھاڑنے، ہانکنے، جولانی دینے اور حملہ کرنے کے بعد اسلامیوں کے لشکر (الغی) نے - چونکہ ان کا قلب اور ساقہ (لشکر کا پچھلا حصہ) ایسے لشکر سے جن کو تم نے نہیں دیکھا گھرا ہوا تھا اور اولئک علی ھدی الخ (وہی لوگ ہدایت پر ہیں اور وہی کامیاب ہیں) کے خطاب سے مخصوص تھا - حملہ کر دیا - اس طرح کہ مضبوط پہاڑوں نے آواز کی زبان سے نالہ و فریاد شروع کر دی اور انہوں نے کہا اے ہمارے رب ڈال تو ہم پر صبر اور ثابت رکھ ہمارے پاؤں اور مدد دے ہمیں کافر لوگوں پر۔ میدان جنگ مقتولوں کے خون سے دریائے جیحون بن گیا اور انہوں نے مغل امیروں کو اکثر لشکر کے ساتھ کاٹ کے رکھ دیا - اور ان کے ہتھیار اور سواریاں بطور غنیمت ان کے ہاتھ آئیں اور غزا (غازی ہونا) کا درجہ حاصل کر کے فتح مند اور خوش واپس ہوئے -

اور پھر ۶۸۰ھ میں آباقاآن نے اپنے بھائی منگو تیمور کو امراء - ایاجی، الاغین، النیاق اور تیس ہزار لشکر کے ساتھ جو مریخ کے زہرہ کو آتش بار تلوار کے رخ سے پانی کر دیتے تھے اور ذنب فلک (منحوس ستارہ) ان کے تیز سر والے تیروں کے ذنابہ کے ساتھ برابر اور مقابل ہونے کا دعویٰ رکھتا تھا - ان (مصریوں) کے مقابلہ اور لڑائی کے لئے بھیجا تاکہ مصر کی سلطنت کو فتح کریں اور اطاعت کا نقش با شندگان کے ماتھے پر لگائیں -

الفی (سیف الدین قلاؤن شاہ مصر) سینکڑوں اور ہزاروں آدمیوں کے ساتھ حمص کے بیرون لشکر ایلخانی سے جا ملا - جب کہ کام گفتگو کی دال اور قاف (دقیق کھلمٹانا، باہم گفتگو کرنا) سے لڑائی کے قیام اور وقوف تک پہنچ گیا تو ملاپ کے تنور نے منہ کھولا اور لڑائی کا شعلہ بلند ہونے لگا - شور و غوغا فلک اعلیٰ تک جا پہنچا - ؎

تیغ، گرز، طبل جنگ اور گرد سے ۔ زمین سیاہ ہوگئی اور آسمان لاجوردی ۔ روشن
آنکھ نے گھوڑے کی لگام کو نہ دیکھا ۔ آسمان اور ستارے نے نیزہ کو نہ دیکھا ۔

میدان جنگ کے اندر سروں کے پیالے پھرنے والے گیند کی طرح ، اور اُن کے
چوگان (ڈنڈے یا بلّے) گھوڑوں کے سم تھے اور جنگ کا صحرا مقتولوں کے خون سے
گہرا دریا اور تیرنے والے (اس میں) بغیر سر کے بدن نظر آتے تھے ۔ ۵
گرز خود اور زرہوں پر اس طرح برس رہے تھے ۔ جیسے باد خزاں بید سے
پتے برساتی ہے ۔

تیروں کے رشق ، نیزوں کی مشق اور ہندی اصل تلوار کے فرق سے مردان جنگ
کے لئے عجوبے حد و حساب ۵
کمان ہاتھ میں ، پٹکا کمر میں اور زرہ تن پر (لگائے ہوئے تھے) ۔ زرہ
پھٹ گئی ۔ ٹوٹی کمان اور ٹوٹ گئی کمر ۔

کہ اچانک منگو تیمور کے لشکر سے الیناق اور ریاجی جو میمنہ کے حامی تھے اہل مصر کے
میسرہ پر ۔ جو دشمن کے شر اور تکلیف کے برداشت کرنے کو مانند ہاتھ کی انگلی کے موافق
اور سم پشت سمجھتے تھے (یہ صفت اہل مصر کی ہے) تلواروں سے سانپ کی زبان کی
طرح نکلی ہوئی ۔ اور گرزوں سے جو ہاتھی کی سونڈ کی طرح بلند تھے ۔ بے حجاب قضا
کی طرح ۔ بے ہراس موت کی مانند ، جوش و خروش والی رعد کی صورت اور موجیں
مارنے والے دریا کی شکل ۔ گھوڑوں کے ساتھ جو تیز ہوا کی مانند تھے اور اونٹوں کے
ساتھ جو اونچے پہاڑ کی طرح تھے حملہ کر دیا (یعنی الیناق اور ریاجی نے اہل مصر کے
میسرہ پر تلواروں ، گرزوں ، گھوڑوں ، اور اونٹوں سے حملہ کر دیا) تاکہ میدان
جنگ کے دسترخوان پر ان (مصریوں) سے قبل اس کے کہ جوش میں آئے لشکر ،
قتل کی چاشت (صبح کا کھانا) کو ترتیب سے رکھیں ۔

جونہی کہ سورج کی کرنوں کی تلوار سے صبح کا سر کٹ گیا ، مصریوں کا میسرہ
متفرق اور شکست کھا گیا ۔ قریب کہ مصری اور شامی لشکر کی رونق جو کہ بلند قدر تھے
دور اور اس لڑائی سے اللہ کے گروہ (مصری اور شامی) کی شکست درست ہو جائے
(اس وقت) ملائکہ ارضی (زمین کے فرشتے ، نیک لوگ) نے زمین پر گر کر سجدہ اور
زاری کرتے ہوئے خدائے الٰہ مسلمانوں کے لشکر کو فتح دے اور نہ فتح دے کسی کو
اُن پر" کی آواز ملاء اعلیٰ (آسمان کے رہنے والوں) کے کانوں تک پہونچا دی

تو ارحم الراحمین (زیادہ مہربان خدا) کے فرمان سے چونکہ حکم "میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی" کا پہلے ہو چکا تھا مصیبت کا عقاب اعداء دین کے سر پر پرواز میں آیا اور مسلمانوں کی بے مثل ہمت کے ہما نے کامیابی اور رستگاری کے بازو پھیلائے۔ باحشمت شام کے بابرکت میمنہ سے ایک جماعت نے عرب کے حامیوں اور تیر اندازوں میں سے جو (قبیلہ) قارہ (مشہور تیر انداز قبیلہ ہے) کو ملامت کے تیر کا نشانہ بناتے تھے (یعنے قبیلہ قارہ ان کے مقابلہ میں قابل ملامت تھا) بے پرواہ مغول کے قلب پر یکبارگی (اکٹھے ہوکر) حملہ کر دیا۔ ربّ لاتذر الایہ (اے میرے رب نہ چھوڑ زمین پر کافروں میں سے کوئی رہنے والا) کی دعا مقبولیت سے مقترن ہو گئی۔ اور دین ہدایت (اسلام) کے دروازے کی فتح ظاہر ہو گئی۔

لشکر منگو تیمور ہلاکت کے اندیشہ میں جا پڑے اور شہزادے نے ایک حصہ لشکر کے ساتھ رعب اور خوف سے فرار کی راہ اختیار کی۔ اچانک منگو تیمور کو ایک تیر لگا جس کے سوفار (فانی) کی زبان نے موعود میعاد (موت) کو اس پر رواں (بغیر ہجوں کے) پڑھ دیا۔ (یعنے وہ ایک تیر کے لگنے سے نشانہ موت ہو گیا)۔

باقی شام کے دلیر اور مصر کے مرد جو حملوں پر مُصر تھے اور اعداء دین کے لئے متفرق گھاتوں کے پیٹ سے چونکہ ظاہر ہونے کا وقت تھا۔ ایسے گھوڑوں پر۔ ؎

(جو) صرصر کی دوڑ والے، فولاد کی رگوں والے، صاعقہ انگیز۔ آسمان کے بدن والے، دیو کے دل والے اور پہاڑ کے تحمل والے تھے۔

سوار ہو کر باہر نکلے اور مطلب۔ ؎ عزت والی جگہ دنیا میں گھوڑے کی زین ہے ظاہر ہو کر ہندی تلوار سے حملہ کر دیا۔ اور لوہے سے آگ کرانے لگ گئے۔

اور تمام لشکر کو اس میدان میں تلواروں کا نشانہ بنا دیا اور وحشی جانوروں اور گدھوں کو ان صحراؤں میں ان (ایلخانیوں) مقتولوں کے خون اور گوشت سے سالہا سال جشن اور خوشی حاصل ہوئی "ہم نے ان پر ہلاکت بھیجی اور نہ تھا ان کا کوئی مددگار کیا لوگ باطل کو مانتے اور حق سے منہ پھیرتے ہیں (اچھا) تو عنقریب معلوم کر لیں گے ظالم لوگ کہ وہ کونسا پہلو اور کیا کروٹ بدلتے ہیں؟"

باقی حالات اس ملک کے مجمل طور پر اپنی جگہ بیان کئے جائیں گے اللہ تعالے کی مدد اور قوت سے اس کی نعمت کے شمول اور منت کی کثرت سے۔

اس فکر کے پورا کرنے کا مقام جو پہلے گذر گیا ہے اور اسکی روش کے متعلقات کی شرح

جب خواجہ بہاؤ الدین فرزند صاحب دیوان (شمس الدین جوینی اور برادر شرف الدین ہارون) اس دھوکے اور غرور کی سرائے سے خوشی کے باغات (بہشت) میں دوڑ گیا۔ تو بہت تھوڑی مدت میں جس طرح کہ موتیوں کی لڑی کھل جاتی اور دانے ایک دوسرے کے پیچھے گرنا شروع ہو جاتے ہیں ضعف اور کمزوری کے آثار نے دولت صاحبی کے لئے متواتر اور پیاپے منہ دکھایا اور مصائب اور واقعات کے اعداد ایک دوسرے کے پیچھے پہونچ گئے بلا شک، بے نمک فلک کا شہد اور ناہموار زمانے کی عادت کا معمول سوائے اشراف کے آزار پہونچانے اور دکھ دینے اور اشرار کی پرورش کرنے، رذیلوں کے خوشحال رکھنے اور فاضل لوگوں کے مکدر (تنگدل اور میلا) کرنے کے اور کیا ہے۔ اس ناپائدار عہد سبز باغ کے نیچے۔ گل کا غنچہ کس شخص کے ہاتھ میں دیا کہ پھر اسے انکار کے کانٹوں میں نہ رکھا ہو۔ اور کامیابی کے شراب کا گھونٹ کسی امیدوار کے تالو میں کب ڈالتے ہیں کہ صبح کے وقت اسے دردِ سر اور حوادث کے خمار سے مبتلا نہ کیا ہو۔ کس روز کسی صاحب دولت کی سعادت کا آفتاب مشرق مراد کے افق سے بلندی کے دائروں پر خط استوا تک پہونچا کہ فلکی گردشوں نے اس کو پستی کے دائروں پر غروب کے نشیب میں نہ چھپا دیا ہو۔ یا کس وقت کسی صاحب کمال کی امیدوں کے پودے نے نشو کی جوئبار کے کنارے طراوت اور تازگی حاصل کی کہ بہت جلد ادبار کی پچھوا ہوا اور ذلت کے بگولوں کے ساتھ پژمردگی اور خشک ہونے کے قابل نہ ہوا ہو۔ ے

جب تک میں ہوں امید کے باغ کی جوئبار پر۔ میں نے کوئی پودا سرسبز اور تازہ
نہیں پایا۔ روشن کرنے والے سورج اور روشنی حاصل کرنیوالے چاند کو مٹ جانے
(مہینہ کی آخری تین راتوں کو محاق کہتے ہیں) اور زوال کے عیب کے بغیر
میں نے نہیں پایا۔

مجدالملک کی مخالفت پہلا خلل اور فساد جو اس واقعہ کے متصل ہوا مجدالملک کی مخالفت تھی اور وہ ایک شریف آدمی تھا اس کی جائے پیدائش اور اس کا اصل "یزد" تھا۔ مال اور طاقت کے فرزندان میں سے تھا۔ جاہ و حشمت والا، علو اور رفعت کی چوٹی پر چڑھنے والا حال کے برگشتہ ہونے اور نیز ان کی تنگی (تنگدستی) سے زمانے سے مغلوب اور راتوں کے حوادث سے پامال ہو گیا اور صاحبی کے خاندانوں اور دولت خواہوں کے اعداد میں شمار ہو گیا

اور آنجناب (صاحبی) کے سخاوت کے حرم میں - جو آرزوؤں کا کعبہ، اقبال کا قبلہ، فضیلتوں
کی شعاعوں کے گرنے کی جگہ، اور عزت اور جلال کے وفدوں کی چراگاہ تھا - پناہ حاصل
کی۔ اس نے اُسے مناسب حال کاموں پر مقرر فرمایا۔

اس کے بعد عقیدت کی تبدیلی، بیہودگی اور مکر حال کے چہرہ میں (اس صاحبی نے)
تاڑ کر اعتماد اور اعتبار کا معیار کم کر دیا اور اس کی طرف دلی توجہ کم کر دی۔

بارہا اس نے (مجد الملک نے) صاحبی کی بے دریغ مہربانیوں سے جو خلائق کے
رزق کا ذریعہ اور ہلاک کرنے والی چیزوں سے بچنے کا سبب تھیں - توسل (وسیلہ پکڑنا) ڈھونڈا
اور سفارشی بنایا اور عاجزی کا اظہار کیا کامیابی کا دروازہ نہ کھلا اور اُن مہربانیوں کے
باغات سے اس کی آرزوؤں کے اُنس کی خوشبو نہ پہونچی - پریشان ستارے، خفتے میں
آئے ہوئے بخت، نامددگار فلک اور آشفتہ زمانے کے ساتھ (سرگوشی میں کہا - ؎
اگر مجھے کہا جائے کہ صبر کر تو میں کہوں گا - کہ نہیں ہے صبر اس شخص کے لئے جس نے زمانے
کے ایام سے اس حالت میں صبح کی کہ وہ اُسے تکلیف کے ساتھ قتل کرتا ہے) نہ طاقت
تھی کہ اقامت کا امکان تصور میں آتا نہ قدرت تھی خرچ اور گھوڑے کی کہ سفر اور ہجرت کو
اختیار کرتا - نیز ہمت کی کمینگی اور قصد کی خست کے ساتھ سر بھی نہیں جھکا سکتا تھا کیونکہ
عادت کو چھوڑنا اور مانوس اور بالطبع پسندیدہ چیز سے علیحدہ ہونا - آزردہ اور تکلیف دہ
ہوتا ہے - مجبوراً لیت اور لعل کے ساتھ، اور نہیں بے پرواہ کرتی حادثے کے ظاہر ہونے
سے تمنا اور لیت، دن کو رات کے ساتھ ملا کر امرا کے ساتھ آنا جانا رکھا اور اُن کے ساتھ
معرفت کے تعلقات مضبوط کئے ہوئے ہمیشہ ملک اور مال کے حالات کی جستجو میں رہتا اور عمل
متصدی گری سے بہرہ یاب تھا - آخرکار رشتہ ناامید ہو گیا اور لوگوں نے کہا ہے - ؎
ایک ناامید دلیر ہوتا ہے دوسرا چہرہ تیار + دل کو اپنے ہلاک ہونے پر خوش رکھتا ہے۔
؎ مجھے اس پر نہ لے آ (مجبور نہ کر) کہ ایک ہی دفعہ عاجزی سے جان دیدوں۔
وجب تو عزم کرتا ہے تو اللہ پر توکل کر، کہ اس کوشش کے دامنوں سے مضبوط پکڑا
اور جو بھاگتا اس سے جس کی طاقت نہ ہو کا کمر بستہ ضرورت سال کی کمر پر باندھا اور
پاؤں سے دریا کا قریب پہنچنے کے قابل نتائج رکھتا ہے کے دریا میں رکھ دئیے۔
سنہ ۶۹۲ھ میں بعض امرا کو چین کے باطن میں صاحب (شمس الدین) کی مخالفت
اور انکار معلوم کیا اُسے اپنے کھولے [illegible] کا دروازہ [illegible] والا بنایا - [illegible]
کو غنیمت سمجھا اور [illegible] اور دست درازی کا [illegible] ہو گیا [illegible] اس کی [illegible]

عائد اور رجوع ہونا چاہتا تھا۔ اس کو حضرت (آباقاخان) کے دربار میں لے گئے۔ لطیف مکاری کی حقیقت، اچھی تقریر اور اچھے بیان کے ساتھ اُسے پادشاہی اور بادشاہوں کی خدمت کے آداب اور اُن کے طریقے اور ادائگی سخن کو اچھی طور پر جانتے ہوئے عرض کیا کہ "صاحب دیوان نے اتنی مدت، جو اس عظیم کام کی طرف منسوب اور بڑی مہموں میں شروع کرنے کے وسائل میں دست اندازی کرتا رہا ہے۔ ہرگز ہرگز ممالک کے مال کو سچائی سے نہیں بیان کیا اور پادشاہ کے تمام ممالک کو اپنی خاص جائداد بنائے ہوئے اطراف کی ہر طرف میں ایک ایک دیوان مشغول اور مقرر ہے۔"

اور اسی طرح ایک داستان علاؤ الدین کی چغلی میں بڑھا چڑھا کر پھر شروع کی۔ اور تشبیب (تمہید قصیدہ جس میں اپنی جوانی اور مصائب کا ذکر ہوتا ہے) کی سواری کی باگ کو اس تخلص (گریز جہاں شاعر مصائب سے بچنے کے لئے کوئی ممدوح ڈھونڈتا ہے اور اس سے التجا کرتا ہے) کی راہ پر لائے کہ "خواجہ بہاؤ الدین نے حکومت عراق کی مدت میں حقوق اور فوائض اور دیوانی (مالی) ضروریات سے چھ ہزار تومان دیہات سے وصول کر لئے ہیں اور ایک دینار اس آمدنی میں سے خزانہ اور لشکر منصور کے کام پر نہیں صرف ہوا۔" مقدمہ "جو سنتا ہے خیال کرتا ہے" کا معلوم ہے اور زمانے کے سرکہ اور شراب کا ذوق محسوس ہے۔

باری تعالیٰ نے اس خیال کو قبولیت کے ساتھ ایلخان کے دل میں جگہ دی اور اس کا گوہر تقریر چونکہ تعلق سونے کے ساتھ بنائے ہوئے تھا ہر چند عقل کی نظر میں ایک کھوٹا سکہ نظر آتا تھا مگر پادشاہ کے گوش ہوش اس کے ساتھ بالی دار ہو گئے۔ (یعنے بادشاہ نے اُسے اچھی طرح سُنا) گلزار سعادت سے ہوائے چلنا شروع کیا ایلخان نے پرورش اور مہربانی، طمع اور امید سے زیادہ ارزانی کی اور اپنے ہاتھ سے پیالہ دیا اور خاص عزت عنایت کی نیز اسی مجلس میں تمام ممالک کے متعلق باتیں پوچھیں، اس نے پادشاہ کے مزاج کے موافق دلپذیر تقریر ادا کی۔ حکم شاہی نافذ ہو گیا کہ اُسے ممالک کا مشرف (نگہبان میر منشی) اور آڈیٹر مقرر کیا جائے۔ اور حساب احسابات کی پڑتال کرے اور خیانت کے گمان کے مواقع اور اموال کی کمی وصول کی تفصیلیں ظاہر کرے۔ اور کوئی فرد شاہزادوں بیگمات اور اُمرا میں سے روک ٹوک کے لئے سامنے نہ آئیں (اسے نہ روکیں)۔

اور ان احکام پر تبیر کے سر والا حصہ لگا دیا جو کبھی کسی سلطان اور بادشاہ کو نہ دیا گیا تھا۔ بادشاہ کا اعتقاد صاحب (شمس الدین) سے متغیر ہو گیا۔ نوابوں اور

تبریز کے وکلا کے حاضر کرنے کے لئے ایلچی اور قاصدوں نے تیزی اور جلدی کی باگ پھیر دی۔

صاحب کو سخت دشمن کے مکر کی بارش کے تیر کی۔ جو کہ پہلی دفعہ ہی عیب کے ایسے کھولا یا چھوڑا گیا نشانۂ مقصود پر جا بیٹھا تھا۔ خبر ملی۔ پریشانی اور ندامت جو اصرار اور عناد کی جڑ دان (توام) ہیں اس کے نفس پر غالب ہوگئی اور حکما کا فکر زادہ "کہ لجاج اور اصرار موجودہ وقت میں کمترین چیز ہے اور مستقبل میں زیادہ نقصان دہ ہے" مناسب حال اور معاملہ ہوگیا۔

یہ حکایت مشہور ہے کہ خلیفہ ہارون رشید ایک دن سلطنت کی ملکہ اور اپنی دولت کی بیگم یعنی زبیدہ کے ساتھ شطرنج کی بازی میں فتح و رنج اور جال کو خوش کر رہا تھا۔ داؤں کی شرط یہ تھی کہ غالب کا حکم مغلوب پر نافذ اور جاری ہوگا اور جو کچھ کہ فرمائش ہو (مغلوب کو) اس کا پورا کرنا لازم اور ضروری ہے۔ پہلے ہاتھ ہارون کو جیت ہوئی تو زبیدہ کو حکم دیا کہ پیرہن اور وہ پوشاک جو پاؤں پر حاوی ہے اتار کر ہارون کی آنکھوں کے سامنے کھڑی ہو جائے۔ زبیدہ نے ہر چند معافی مانگی کوئی فائدہ نہ ہوا۔ مجبوراً حکم کی تعمیل بموجب شرط کے کی گئی۔

دوسری بار زبیدہ غالب آگئی اور کہا کہ "التماس یہ ہے کہ فائزہ حبشن کے ساتھ جو ادنیٰ لونڈی ہے جمع ہوں"۔ ہارون اس کی بدصورتی اور زشت روئی سے نفرت رکھتا تھا۔ سفارش کی کہ اس التماس کی بجائے جواہر نفیس اور آبدار یاقوت میں سے جس قدر آرزو کے حوصلہ میں سما سکے اٹھا لیں۔ زبیدہ نے کہا کہ "اگر تمام خزانے عنایت کئے جائیں اور ملک میں حصہ اور شرکت عطا ہو۔ قبول نہ ہوگا۔ اس شرط کے مطابق جو بیان کی گئی ہے قائم ہونا ضروری ہے اور ٹالنے اور بچنے کی جگہ قبول کے قابل نہیں ہے"

جونہی کہ ہارون سفارش کا دروازہ زیادہ کھٹکھٹاتا "زبیدہ" مبالغہ کو تیز کرتے اور لجاج اور اصرار کرنے میں جو دلوں کو کینہ پر برانگیختہ کرتا اور لڑائی کا نتیجہ دیتا ہے۔ زیادہ ہوتی جاتی تھی۔ بالآخر ہارون، فائزہ کے ساتھ جمع ہوا۔ تقدیر الٰہی سے اس کے پشت کے قارورہ سے چند قطرات، جو جوتے ہضم کے فضلے سے اس کے مستعد ہو جاتے ہیں۔ کہ نوع کی حفاظت کے لئے ایک اور وجود کا مبدء بن جاتے ہیں۔ (فائزہ کے) رحم کی گہرائی میں پہونچ گئے۔ اور قوت ماسکہ نے ان کی محافظت میں قیام کیا۔ دانا۔ ثم خلقنا النطفۃ الایہ (پھر ہم نے نطفہ سے خون بستہ بنایا اور خون بستہ کو لوتھڑا بنایا اور

لونڈے کی ہڈیاں بنائیں پھر ہڈیوں کو گوشت پہنایا) نے اجرام علوی کی تاثیرات کے ذریعہ اس کو انشاء کے مرتبہ میں دوسری پیدائش تک پہونچا دیا۔ برکت والا ہے اللہ جو بہترین خالق ہے" فائزہ کے وضع حمل کی میعاد اور زمان نفاس کے وقت مامون مبارک انفاس عدم کی تنگنا سے وجود کی فضا میں آ گیا۔ (یعنے مامون الرشید پیدا ہوا۔)

جب مامون شیر خواری کی پستی سے تمیز کی بلندی تک پہونچا شرافت کے دلائل اور دلیری کے فضائل اس کے حرکات اور سکنات سے ظاہر ہوئے۔ ایک روز ایک شخص کو جو نبوت کا مدعی تھا خلیفہ کے دربار میں لے آئے اس نے دعویٰ باطل پر اصرار کیا (یعنے کہا کہ وہ ضرور نبی ہے)۔ اس کو عذاب کے تازیانوں میں کھینچ کر رعب کے تازیانہ سے گوشمالی کی گئی۔ جب تازیانہ کی ایک ضرب اور چوٹ لگتی چیخنا شور کرنا اور دراز واویلا کرنا شروع کر دیتا۔

مامون نے جو بھائیوں کے رشتہ اور صف میں گمنام جگہ اور پست مقام میں کھڑا ہوا تھا۔ مدعی نبوت سے کہا کہ "صبر کر جیسا کہ اولو العزم پیغمبروں نے صبر کیا ہے" ہارون اس کی تیزیٔ ذکاء۔ زیرکی، جودت فکر اور پختگی سے حیران رہ گیا۔ اور پدری شفقت جوش میں آئی اور کہا کہ "سچ فرمایا ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہماری اولاد ہمارے جگر ہیں" اس کے بعد روز بروز محبت اور تربیت اس کے حق میں بڑھتی گئی یہاں تک کہ مامون کل علوم میں اپنے بھائیوں پر فوقیت لے گیا۔ اور شاہانہ آداب اور رسوم کے ساتھ شہسواری اور سپہ داری میں تمام بھائیوں پر غالب ہو گیا۔

جب ہارون نے دعوت حق کو لبیک کہا (یعنے مر گیا) تو زبیدہ نے چاہا کہ اس کا بیٹا محمد امین مسند خلافت پر باپ کا جانشین ہو "تو کچھ ارادہ کرتا ہے اور میں کچھ ارادہ کرتا ہوں اور ہوتا وہی ہے جو میں چاہتا ہوں"

بھائیوں کے درمیان کئی دفعہ لڑائی ہوئی اور تاریخ دولتین میں ان حالات کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔ جب محمد امین قتل ہو گیا۔ اور اس کی خلافت کی دعا کے لئے فرشتوں نے بحکم "جس شخص کی آمین اس کی آمین کے موافق ہو جائے" آمین نہ کہی تو زبیدہ نے ٹھنڈے سانس باد خزاں کی طرح گرم جگر سے نکالے اور کہا:-

"نہیں سکھایا تجھے اس دن پر مگر میرے لجاج اور اصرار پر قائم ہونے نے تیرے باپ کے ساتھ" (یعنے اگر شطرنج کی بازی جیتنے کے روز لجاج اور ضد فائزہ کے ساتھ

جمع ہونے میں نہ کرتی تو نہ ماموں پیدا ہوتا اور نہ یہ روز بد قتل پسر امین کی صورت میں دیکھنا نصیب ہوتا ہے۔

اس حکایت کی نظم اور ترتیب سے شک کا پردہ آنکھوں کے سامنے سے اٹھ گیا کہ دشمنی اور لجاج (ضد) چھوٹی چھوٹی باتوں میں بڑی ناکامیوں کا نتیجہ دکھانے والی اور عظیم دشمنوں کی دشمنی کا باعث اور موجب ہے اور حادثات کے واقع ہو جانے اور واقعات کے حادث ہونے کے بعد افسوس کرنے سے تکلیف اور رنج میں زیادتی ہوگی اور حسرت اور تنگی قضا اور قدر کے مصائب کے بعد بے فائدہ اور بے سود ہے بغدادیوں کی مثال ہے کہ بات سے بات پیدا کر۔ (اب پھر اصل کی طرف رجوع کرتا ہے) مجد الملک کا کام ایک ہی لحظہ میں جو عنایت ایلخانی کے آفتاب کا پرتو اس پر پڑا شبنم کی مانند خاک سے ثریا تک پہونچ گیا۔ ے

اپنی مہربانی کو جس ذرہ سے تو ملائے تو وہ ذرہ (کیا) ہزار خورشید سے اچھا نہ ہوگا؟ (استفہام انکاری ہے)۔

بے ریش پری صورت، سنہری کمر والے اور چاندی کے رخسارے والوں کو عربی نسل کوہ پیکر گھوڑوں پر سوار کر دیا اور چالیس قبوں اور کلس کا خیمہ اور بارگاہ مشتری اطلس کی بلند کر دی۔ ے

زمانے کی مجھے یہ حالت پسند آئی۔ کہ بھلائی، برائی، بدی، نیکی میں نے گذر جانے والی دیکھی۔ اس نیلگوں کاغذ (آسمان) پر سورج کے قلم سے لپیٹ کر سونے کے پانی سے لکھا ہوا اس نے دیکھا کہ اے وہ شخص جو دونوں کی دولت سے تقویت پا گیا ہے۔ مغرور نہ ہو کہ تجھ سے پہلے بڑے میں نے دیکھے اس کی درگاہ میں بحکم [illegible] اور اژدہام کی صورت [illegible] تھی

صاحب دیوان نے تحیر کے دامن اور حال نے تحیر پر دہشت کی گرد [illegible] ہوئی حضرت (اباقاخان) کی خدمت میں دوڑا۔ پادشاہ نے سوا فتوہ فرمایا کہ سالہا سال ہمارے نیک باپ کی خدمت میں آپ کو اختیار دئے گئے تھے اور اس عرصہ میں کہ تخت سلطنت ہمارے مبارک جلوس کے ساتھ مزین اور مانوس ہوا ہے ہم نے حسب دستور تیرا مالوف اور مقرر منصب بحال کر دیا اور تمام مال اور خزانے کو تیرے قلم کے ماتحت ہم نے سپرد کر دیا۔ آج مجد الملک اس طرح بیان کرتا ہے کہ حوالے پادشاہانہ عنایات کے حقوق کو ضائع کرنا اور کفران نعمت کے ارتکاب پر آمادہ

ہونا تونے کس طرح جائز رکھا ہے"

صاحبی (شمس الدین) کے ضمیر نے جو عقل کل کا رہبر، آسمانی رازوں کا کاشف۔ اور غیب کی بلندیوں پہ پہنچنے والا تھا۔ معلوم کر لیا کہ دشمن اور مخالف کو جھوٹا اور بے سر غلط کہنا پادشاہ کے عتاب اور ملامت کے موقع پر موافق مصلحت اور مناسب صواب نہیں ہے۔ اور خلاصی اور گریز کے چہرہ کو سوائے سچائی اور اخلاص کی روزن (دریچہ) کے نہیں مشاہدہ کیا جا سکتا۔ ؎

جہان کہ بات کرنا تنگ ہو جائے۔ تو سوائے پاک یزداں کے کسی کی پناہ میں نہ جا۔

سعادت کے تلقین کرنے والے کی تلقین، مرشد عقل کی امداد اور اسباب ہدایت کی موافقت سے خدمت کے مقام میں فراخ دل اور فصیح زبان ہو کر عرض کیا کہ سر اور مال اور تن اور جان اور تمام کنبہ خان (اباقا خان) کی جان پر فدا ہو۔ بلاشک ایسی انتہا نعمتوں اور احسانات روئے زمین کے بادشاہ کا کچھ شکر ادا کیا جا سکتا ہے۔ ؎

میں شکر کس طرح کروں کہ میں خود سب کچھ تیری نعمت ہوں۔ نعمت کس طرح اپنی زبان سے شکر ادا کرے۔

ضرور اس مدت میں بندہ، بھائی اور میرے فرزند حضرت کی فائض نعمت سے لیتے دیتے کھاتے اور اڑاتے رہے اور کسی قدر شہزادوں، خواتین اور امراء کی خدمت میں بھی خرچ کیا اور ایک حصہ، نظام تواتق کے صدقات میں دولت روز افزوں کے استقلال اور دوام کے لئے مقرر ہوا۔ آج جو کچھ بندہ کے تصرف اور قبضہ میں ہے۔ سامان اور مزروعہ زمین میں سے دیہات اور مضافات میں، خزانہ اور اسباب میں سے اور ویران زمینات غلام اور جانوروں میں سے (سب سے) کچھ بادشاہ کے انعام کے دستر خوان کا فضلہ اور نعمتوں کے دریا میں سے قلیل حصہ ہے۔ جس طرح حکم ہو جس وقت مصلحت ہو جس کے لئے اشارہ نافذ ہو۔ ایثار کے طریقہ پر رضامندی کی ظاہر کر کے سپرد کی جائے گی۔ اور کسی وجہ سے کسی حال میں توقف اور تاخیر جائز نہ سمجھی گی اور جب تک عمر سے کچھ مہلت مقدر ہے اور زندگی کے ساغر میں جرعہ باقی ہے۔ ایک ہی قبا کمر پر باندھے ہوئے، زبان کے خامہ کو کھولے ہوئے اور گدھے کا تنگ کستے ہوئے کوچ در کوچ رکاب کی ملازمت کروں گا۔ مصرع۔ وہ "تو" بھی تیرا اور وہ "ہم" بھی تیرا۔

[illegible] کی سپاس داری کو تحسین، شعر الصدق اور الفصاحت پر مشتمل، سابقہ خدمات کو یاد دلانے والا اور لطیف شعروں کے شیریں کو سنانے والا جیسے صاحب (شمس الدین) کی زبان سے نکلا تو [illegible] شیریں زبان ساقی کی طرح پہونچا تو عنایت کی ہوا [illegible] کے غلبہ کی [illegible] کھل گیا [illegible] اور

چشم پوشی کے پانی سے اغیار کے سخن کو دل کے صفحے سے محو فرما دیا ۔ اور الطاف کی امداد تمام
کے حق میں تازہ کر دی ۔ زبان اشرف سے فرمان دیا کہ تیرے گناہ جو تجھ سے یا نہیں تجھ سے ہوئے
معاف کر دئے اور قدیم خدمت پر رحم کیا گیا ہے اور شغل معہود (معلوم ملازمت) بحال رکھا جاتا
ہے ۔ چاہئے کہ کوشش اور استقلال کے ساتھ شرح صدر اور بشاشت دل کی رو سے باقاعدہ
کام کو سرانجام دیں ۔"

"صاحب" نے یہ وصیت کیا چڑیا اور اس کی چونچ ، بے مثل مہربانی والے اور انتہا کی سخی
ہمت والے بادشاہ کے سامنے ہدہد کی طرح بندگی کا سجدہ بار بار کیا اور حضرت خاقانی سے
قمری کی مانند جان بخشی کی منت کے طوق سے طوق دار ہو گیا ۔ فوراً ایلچیوں کو قیدی کبوتروں
کی طرح جو جال کی تنگنا سے خلاصی پاتے ہیں یا شاہین کی طرح جو ہوا کی بلندیوں سے
شکار کی طرف جھپٹا مارتی ہے ۔ اطراف ممالک میں بھیج دیا ۔ اور ایک خط جو بیٹے والا حضرت
کی مہربانیوں کی حرکت سے ۔ اپنے بھائی صاحب علاؤ الدین کی خدمت میں لکھا وہ خود
پادشاہ کی خدمت میں عزم کے پاؤں پر تھا (یعنی سفر کا ارادہ کئے ہوئے تھا) جواب میں یہ
بیت لکھا ۔ (یہ عربی میں ہے)

چغلخوروں کا قول کس طرح اثر کرے ۔ تیری آبرو شریف پر قربان جاؤں ۔ اور ان
کی چغلیاں تیرے بلند مرتبے میں ۔ مانند بچھوؤں کے ڈنک کے ہیں پتھر میں ۔

اور "صاحب" کی انشاء سے "بشارت نامہ" کا اتفاق ہوا جس کا افتتاح اور آغاز
اس آیت سے مزین اور اس بیت کو متضمن تھا ۔ (آیت کا ترجمہ ہے ۔ "کاش میری قوم کو
معلوم ہوتا کہ میرے رب نے مجھے معاف کر دیا ہے اور مجھے عزت والے لوگوں سے بنا دیا ہے"
(رب سے مراد اس نے آبا قاآن لیا ہے) (بیت کا ترجمہ ہے) ۔

آج اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میرا دل فارغ ہے دشمن سے ۔ کیونکہ میرے تنگ
دل میں دوست کے سوا کوئی نہیں سماتا ۔

پادشاہی مہربانیوں ۔ الطاف اور نامتناہی انعام کی بارش کے بیان کرنے کے بعد ان
کے درمیان ایلخان کامیاب بہار کے الفاظ کا ترجمہ اس طریقے سے بیان [illegible]
لگئے ہیں کہ ہماری عنایت کے بدل جانے کی خبروں کے تواتر سے ہولناک اور خوف کی
لذت تیرے اوپر مشتبہ اور مکدر ہو گئی ہے ۔ اب اس جگہ سے میری خدمت میں [illegible] ہو کر
پھر گیا اور آج رات فارغ دل اور بے سینے ہاتھ اور پاؤں خود کشی کی راہ سے
عمر [illegible] ڈال کر بیداری سو گیا ۔ اور دیر سے اٹھا

اگرچہ موجودہ حال میں عنایت ایلخانی کے معالجہ سے "صاحب" کے مادہ خوف کے جوش کو سکون سا حاصل ہو گیا اور سخت گیری اور غصہ سے خلاصی پاکر موروث اور حاصل کئے ہوئے منصب پر قوی پشت ہو گیا۔ مگر "مجد الملک" چغلی میں کوشاں اور اس کے دودمان کے ارادہ (ایذا کے ارادہ) پر۔ جو مسلمانوں کی امان اور انصاف کا موجب تھے مستعد رہا۔ ایلخان اور اشراف ممالک کے قرب کے شرف کے ذریعہ سے اطراف عالم کے لئے محسود اور قابل رشک بن گیا اور تمام نواحی اور اطراف میں قابل پڑتال حسابات کے رفع کے لئے بار کھینچنے کے ساتھ نواب مقرر کئے۔ اور احکام میں جو حضرت کے دیوان سے صادر ہوتے تھے۔ پہلے صاحب دیوان دائیں طرف۔ اور آسانی اور مالداری مقرون تھی اس کے دائیں ہاتھ سے۔ نشان کرتا تھا۔ اور مجد الملک۔ بائیں طرف۔ مشرف ممالک بلکاسی کو اس طرح لکھتا تھا کہ لفظ بلکاسی کی یا کا دم خط باطل کی طرح صاحب کے نام اور نشان پر کھینچتا تھا۔ (ذیل کی صورت مطلب فہمی کے لئے ملاحظہ ہو۔)

دستخط بادشاہ

دستخط مشرف	دستخط صاحب
مجد الملک مشرف ممالک بلکاسی	شمس الدین

لاجرم ضعیف اور حقیر سمجھنا خصوصاً شریف دودمان اور قدیمی خاندان کا۔ ناکامی کا نتیجہ ظاہر کرنے والا اور دوست اور دشمن کے استہزاء کا باعث ہوتا ہے اور یہ رباعی مجد الملک نے انشاء کی:۔

میں تیرے غم کے سمندر میں غوطہ کھانا چاہتا ہوں۔ یا غرق ہو جاؤں گا یا موتی باہر لاؤں گا۔ تیری دشمنی اور مخالفت ضرور قوی کرنا چاہتا ہوں۔ یا سرخ رو ہونگا یا گردن سرخ کرونگا (قتل ہو جاؤنگا)۔

صاحب دیوان نے اس کے رد میں یہ رباعی کہی:۔

نالش اور فریاد چونکہ بادشاہ کے برخلاف نہیں چاہئے کرنا۔ تو ضروری ہے زمانہ کا غصہ کھانا۔ یہ کام جس میں تو نے قدم رکھا ہے۔ اس سے منہ بھی سرخ کریگا اور گردن بھی۔

"صاحب" قوت نفس اور ہمت کی طاقت کے ساتھ حضرت کی خدمت کی ملازمت سے علیحدہ اور کنارہ کش نہ ہوتا تھا اور عاجزی اور شرمندگی کے علامات کو اگر ان کا محل اور موقعہ تھا اپنے میں راہ نہ دیتا۔

حکایت کرتے ہیں کہ ایک روز (آباقاخان نے) "صاحب" کو بلوایا تاکہ پایۂ تخت میں "مجدالملک" کے ساتھ کسی بات میں جو سمع اشرف تک پہونچائی گئی تھی روبرو کرے۔ عادت کے مطابق دونوں نے ایک دوسرے کے مقابل زانو جھکائے۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ "صاحب" اس (مجدالملک) سے زیادہ نیچے زانو جھکائے (یعنے نیچے بیٹھے) دشمن معاند کے سامنے بادشاہ کی نامہربانی کے ساقی کے ہاتھوں اس ناخوشگوار جام کو چڑھا گیا — اسی طرح بیان کرتے ہیں کہ اثنائے جشن میں جس کے بزم کی مجلس، بہشت کی طرح غم کو دور کرنے والی اور اس کی خالص شراب آب حیات کی مانند زندگی بڑھانے والی تھی۔ ؎

چنگ کا گانا اور نائے کی آواز سے پرستوں کے دل کو اپنی جگہ سے لے جاتی تھی

"صاحب" نے تین دفعہ "ایلخان" کی خدمت میں پیالہ پیش کیا اور اس کے قبول کرنے سے (اس نے) انکار اور روگردانی کی۔ چوتھی دفعہ نہایت دلیری سے دشمن کی دفع شماتت کے لئے گھٹنے جھکا کر جام شراب پیش کی۔ تو بادشاہ نے اس گوشت سے جس کے حرام ہونے کا ظاہر حکم کتاب مجید (قرآن شریف) میں محقق اور ثابت ہے چھری کی نوک سے ایک ٹکڑا دیا تو (صاحب) زمین کو بوسہ دے کر اسے نگل گیا۔ اس کے بعد ایلخان نے جام پی کر تمام امراء سے فرمایا کہ نہایت دلیر آدمی ہے جس قدر ہم نے پیالہ کے قبول کرنے سے روگردانی اور اعراض فرمایا اس نے اس کے پیش کرنے پر زیادتی کی۔ باایں خیال یہ تھا کہ اگر ٹکڑے (بوٹی سور) کو رد کریگا اس چھری کی نوک سے اس کی آنکھوں کو ڈھیلے سے بوٹی کی طرح نکال دونگا۔

صاحب ان مقدمات اور ایلخانی کراہیت کے باوجود صبر پر مداومت کرتا اور کینہ فلک کی سختی کے ساتھ دشمنی بڑھاتا رہا (یعنے اس کی سختی کی پرواہ نہیں کرتا رہا)۔

جب ربیع الاول سنہ ۶۸۰ھ کا چاند گردوں کی بسیط پیشانی پر دلدار کے کماندار کے ابرو کی طرح دیکھا گیا تو "صاحب علاؤ الدین" بغداد سے آیا اور آسمان شکوہ بارگاہ کی حاضری کا شرف حاصل کیا تحفہ تحائف کے پیش کرنے اور مجلس اور تعظیم کی ترتیب سے فارغ ہو کر سونے کا خزانہ جو ساتھ لایا تھا سپرد کیا۔ اس کے بعد توفیر اموال کی علت سے دیگر خزانہ پیش کیا (یعنے دیگر خزانہ پیش کرتے وقت کہا کہ ٹیکس سے بابت اور زیادتی) البتہ فاسدوں کا گروہ فساد کاری میں مشغول، اور ایلخانی طمع کی آگ ان کے دروغ کی ہوا سے بھڑکی ہوئی اور مشتعل تھی۔ تمام ممالک، خراسان، شیراز، کرمان، عراقین، روم، آذربیجان، دیار بکر، موصل اور میافارقین سے چغلخور اس کام کے لئے آئے ہوئے

تھے اور خوف و خطر اور ہول اور دہشت کا سیلاب دلوں میں جاری تھا۔ بادشاہان اور منصب داران، صورت کی قباحت اور دشمنی کے لئے کمربستہ اور زبان کھولے ہوئے تھے۔
ایک حماقت ہے دور کیا تجھ سے خوف کو علم نے۔ اور گمراہی ہے جس میں نفع
اور ہدایت ہے۔
اور بعض حالات کا ذکر اپنی جگہ مطالعہ کرنے والوں کی سمجھ میں آجائیگا انشاء اللہ تعالیٰ
"مجد الملک" نے تازہ عرض کیا کہ بارہ سال کا عرصہ ہوگیا ہے کہ عراق عرب کے دیہات خوزستان اور اس کے مضافات بطور اجارہ کے "خواجہ علاؤ الدین" کے ذمہ اور سپرد کئے گئے تھے ہر سال بیس تومان زر توفیر کے طور پر لیتا ہے اور کچھ مال جمع کرکے زمین کے نیچے دفن کردیتا ہے۔ بعض منتظم اور نواب "جو صاحب دیوانی" کی نعمتوں سے سیر اور اس کے احسانات کے پروردہ تھے اور ان کو جھگڑے کے دور کرنے کیلئے مقرر کیا ہوا اور امین بنایا ہوا تھا۔ انہوں نے بے حیائی کی پٹی ناشکری کے ماتھے پر باندھلی اور بدفطری دشمن کے نابودہ (الزامات) کی تصدیق کردی۔ اور اس فرمان سے کہ نہ ملاؤ حق کو باطل کے ساتھ، اور نہ چھپاؤ حق کو اور تم جانتے ہوئے ان کو دلگی حاصل نہ ہوئی۔
حقیقت حال (فرض کیجئے) یہ تھی کہ مبلغ مذکورہ توفیر کے نام پر حاصل کئے ہونگے زائد اخراجات، بادشاہزادوں، خواتین، محصل امراء اور ایلچیوں کے توقعات اور نذرانے اور بادشاہوں کے تحائف کی مد کی رسم جو عظیم الشان کاموں کے پیش آنے اور اموال دیوانی کے اجارہ کا تتمہ ہوتے ہیں۔ خاص کر ایسے ملک میں، ایسے صاحبی کی نسبت از روئے قیاس معلوم ہوسکتا ہے کہ کوئی کتنا ہوگا۔ اور بقایا اعمال کے مال کی آمدنی حاصل ہونے کی امید سے سوا ہے جن کا میزان کتابوں کے دفاتر میں آوے اور حیلہ کے ساتھ مل جائے اور یہی راہ اکثر تامل کرنے والوں کی رائے سے معلوم ہوتا ہے۔
اور ان دلائل کی روشنی میں سال گذشتہ توفیر کے نام سے تمام مال خزانہ میں پہنچا ہوا تھا اور ان کے مقابلہ اور عوض مزید بقایاؤں کے ساتھ خصوصیت حاصل کی ہوئی تھی۔ چونکہ اس وقت فلک نے تنگ خو سے کج خلقی اور زمانہ بہانہ جوئی کے جھگڑے کو آنکھوں سے دیکھا اور تنگی کا کام قیمتی شکل سے زیادہ رواج پائے ہوئے تھا۔ نیک، برخوردل، بد، خوشدل اور منتظم کئے ہوئے۔ دولت نے خبیث جو چغلخور کا آغاز کیا ہوا اور فتنہ نے بیرا الحاح کرنے والے چغلخور کے کام کے دامن کو پکڑا ہوا تھا۔ اس نے اندیشہ کیا کہ بغیر اس کے کہ کینوں کے جھگڑے اور گفتگو اور حاسدوں کے مقابلہ اور معاونت سے

پریشان ہوں آبروے سلیم کی سلامتی کے لئے نا حاصل کئے ہوئے ٹیکس کا قبول کرنا اور مان لینا پوری عزت سے اور زائد آمدنی اس وجہ تعین میں خرچ کرنا کفایت کے نام ہو گی۔ کیونکہ ان ایک دو سالوں میں کثیر تغیرات اور علاقہ کی نزاکت کی وجہ سے جو نقدی اور روپیہ قرضہ اور خاص جائداد سے حاصل کیا گیا تھا رعایا کے خاطر کی رفاہیت اور کام اور کام کرنے والوں کی تخفیف کے لئے صرف کر دئیے۔ اور جب کہ خزانہ کو مال کی ضرورت ہے جواب میں بہت اونیت کے عذر اور حساب کے پیش کرنے اور علیت حساب اور جمع میزان کا موقعہ نہیں ہے اس خزانہ کو بھی سبب ملاقات بنانا چاہئے اور دل کو اندیشہ سے فارغ کرنا چاہئے۔

مخالف گروہ نے کہا کہ وہ (علاؤ الدین) اگر زائد آمدنی کو اس ٹیکس کے کام پہنچائیگا تو اس پر کوئی بوجھ نہ پڑیگا۔ شاہ کے سامنے رقعہ تقریر کے نرخ پر ایک اور پیادہ چلا دیا اور منصوبہ اور تجویز بنائی کہ ۶۹۹ھ میں ایک جماعت نے حسابوں کی جانچ اور پڑتال کر کے دو سو پچاس تومان باقی نکالے تھے اور اس وقت تک اس رقم میں سے کوئی چیز خزانہ میں نہیں پہونچی اور وہ مال بعینہ اُن کے ذمہ ہے اور باقی۔

اور یہ بات بھی اس تاریخ میں بادشاہ۔ جو کہ غیب کے حالات کا جاسوس اور ممالک اسرار کا ناموس ہے۔ کی رائے پر واضح ہو گیا کہ بقایا، علاقہ کے تحصیلداروں سے متعلق ہے اور اس کی تکمیل ممکنات کے دائرہ سے خارج ہے اور اگر اس قسم کی کوئی گفتگو چل پڑے تو سوائے علاقہ کی ویرانی اور رعایا کی جدائی کے کوئی صورت نہیں نظر آتی۔ اس معاملہ کو بادشاہ نے چھوڑ دیا۔ اور اس بوجھ کا کارنامہ لپیٹ دیا۔ اور صاحب علاؤ الدین پر شاہانہ نوازش فرما کر واپس اس علاقہ کی جگہ پر جانے کا حکم دیا گیا۔ قصہ کو تاہ کرنا ہے لیا۔ چغلخوروں کے منہ سے بادشاہ کے دماغ میں روپے کی کمائی چہرہ کے نقش کی کہانی اور عالم ملک میں جب کوئی آنے والی چیز پردۂ قضا سے ظہور کی فضا میں آنا چاہتی ہے تو اس کے اسباب سلسلہ وار ایک دوسرے سے ہاتھ ملاتے ہیں اور حسن تدبیر اور روشن عقل اس موقعہ پر بھی نسبت رکھتی ہے۔ جیسا کہ شعلۂ آتش کو لے سے ملا دیتے ہیں کوہ الوند کے ساتھ قوت بازو سے کوشش کر لے۔ دریا کو پاٹ دیتے اور بند کر دینے کا ڈر دیتے اور سورج اور چاند کو نیچے اتار لانے کی دھمکی دیتے ہیں۔ (لیکن موقعہ پر تدبیر قضا کے مقابلہ میں بیکار جاتی ہے)۔

دوسرا باعث یہ تھی اور ہر کے اصل ان معاملات پر لشکر فتح یاب کو مال کی ضرورت

تھی کیونکہ ان دونوں حدود مصر سے اطلاع پہونچی تھی کہ الفی اور اشنقر سنقو ر ایلخان
عالم کے ساتھ جنگ کرنے کا عزم صمیم رکھتے ہیں اور شاہزادہ منکو تیمور کو جیسا کہ پہلے بیان ہو
چکا ہے لشکر جرار کے ساتھ اُن کے لئے مقرر کر دیا تھا اور اس جیسا لشکر مشرقی بلاد کی
طرف پادشاہ زادہ ارغون کے ساتھ بھی روانہ کیا تھا اور حدود دربند باکو یہ سے طریقہ
احتیاط کو اختیار کرنے کے لئے استمداد کی ہوئی تھی اور یہ بھی ایک زائد کام ہو گیا تھا۔

اور اس اثنا میں نصرت پیکر جھنڈے بغداد کے سرسبز مقام کی توجہ کرنے کے
ارادہ پر اربیل اور موصل کی راہ سے کوچ کرتے ہیں اور صاحب علاؤ الدین" کو ڈاک
چوکیوں کی ترتیب اور سامان رسد کی تدبیر اور انتظام کے لئے پہلے بھیجدیا۔ بادشاہ
نے اس گرد و نواح میں چند روز گھوڑ دوڑانے اور شکار کرنے کی تفریح کے لئے ایک
گاؤں کے کنارہ پر جس کو "دیرا سپیر" کہتے ہیں "رحبۃ الشام" کے علاقہ میں سے - نزول
فرمایا اور لشکر نے مغول کی رسم کے مطابق نرغہ کیا۔ (یعنے شکاری جانوروں کو گھیر لیا)
جب تمام وحشی جانوروں کی قسمیں جوش خروش کے ساتھ جمع ہو گئیں - اور اُن پر نرغہ کی
امداد تنگ آ گئی - ایلخان نے بذات خود چند خواص اور امراء کے ساتھ گھوڑا دوڑا
دیا (نرغہ میں) اور "بہرام گور" کی روح اس گھوڑ دوڑ اور شکار گرانے پر آفرین کرتی تھی۔

وحشی جانور حیرت سے سوفار کی مانند منہ کھولے ہوئے تھا - جب پادشاہ
نے زبان خنجر کو تیر سے گنگ کر دیا تھا - تو جب اسد (برج) میں پہونچے
سنبلہ کی مانند نیزہ کھینچ - سیدھے الف کی ضرب سے تو نے اُسے
سین اور دال بنا دیا - اس کی ضرب کی تشریف وحشیوں کے انواع کیلئے
شکر کی تعلیم دیتی تھی اس تیر کے دیا ہونے کے وقت -

ایک لحظہ شکاری شیر (بہادروں) وحشیوں سے مشغول رہے اور پہاڑ کے برابر ایک
دوسرے پر گرا کر رکھ دیئے -

شکار کے کام سے فارغ ہو کر یکم رجب کو سنجار کے راستہ بغداد کا عزم کیا -
وجیہ الملک نے راستے ہی میں صاحب علاؤ الدین کے جدا ہونے کے دن باقی داستان ایلخان کو یاد دلائی
اور امرا کا ایک گروہ صاحب علاؤ الدین کی تحقیق تمام معاملہ کو واضح کرنے کیلئے اور اپنا مدعا حاصل کرنے کیلئے بابل
سے بھیجا [illegible] تمام اس کی تحقیق [illegible] اور وہ (طالب) صاحب (علاؤ الدین) کے پاس پہنچا اور فرمان
سنایا - اس نے معلوم کیا کہ یہ معاملہ کسی شخص [illegible] کا [illegible] ہے اور [illegible] ان کا
کام بغیر سستی کے ہے - سوائے آرزوں کے [illegible] ہوئے اور مردوں کی [illegible]

نزدیک ہونے کے کچھ نہیں ہے۔ قضا کے ساتھ راضی ہو کر۔ اور اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا
ان کے ہمراہ بغداد چلا گیا۔ اور تمام مخلوق کی اس حادثہ سے آسمان پر فریادیں جاتی تھیں
اس کو مالوف اور مقررہ جگہ (یا اپنے مسکن میں) بند کر دیا گیا۔

پہلے پہل جو کچھ تصرف میں رکھتا تھا سونے سے قلعی تک، خالص سونے سے پیتل تک
موتیوں کے دانوں سے جو مبارک چمکدار ستاروں کی طرح تھے، رذیلوں منکوں اور منحوس
فال ٹھیکروں تک، ریشمی خوش منظر فراش سے بے شمار ٹاٹ اور چٹائیوں تک، قدیم و جدید
ادنیٰ چیز سے عمدہ چیزوں تک۔ سنہری اور منقش برتنوں سے پھٹے پرانے گھر کے سامان تک
کپڑوں کے تھانوں سے دروازوں کے پردوں تک۔ کمینے لوگوں کی آنکھوں سے دور
خوبصورت نیک کنیزوں سے لیکر اصطبل اور گوندے کے نوکروں تک۔ نقارخانہ سے
بگل اور طبل، گھوڑے اور گدھے سے ردّی اور عمدہ، گھوڑوں اور خچروں سے ارزاں اور
قیمتی۔ اونٹنی اور اونٹ، مینا اور بترہ۔

جو شخص مینے اور بترہ پر نظر رکھتا ہے کمینگی سے وہ مانند چیکڑے کے بیل کے (نظر آتے) ہیں

چونکہ غرض آبرو کے جوہر کی حفاظت تھی نہ کہ مال کی۔ وہ (تمام جس کی تفصیل مذکور ہو چکی ہے)
پیش کرنے کی صف میں حاضر کیا اور ٹھوکر دینہ برکت و حسہ اللہ آبرو کے بجائے میرے مال ہیں
کی ہمت بلند کی راہ سے چونکہ کام ہاتھ سے جا رہا تھا۔ تمام حاصل کئے ہوئے مال پر نفیس
تھا خواہ خسیس۔ لگائی۔ کھرا سونا، مفقود کا نشان، سرمایہ سراب ضائع۔ مال برباد
اور املاک موجب ملال ہو گئے۔

سامان کی تفصیل، فرینہ کے تمرکات اور موروثی اور حاصل کردہ بلاد عرب و عجم کے
املاک کے کاغذات سپرد کر دئے۔ نہیں کوئی معبود باقی سوائے اللہ کے۔ ملو الست
کا ہے کی جائداد اور ملکیت کی تختی کو ہر اس چیز سے جس پر چیز کا نام صادق آتا ہے دھو
ڈالا۔ جیسا کہ رسائل "تسلیۃ الاخوان" میں۔ جو اسی صاحب قران کی تصنیف ہے
اس کی مکمل شرح درج ہے۔

اگر جہان کا زمانے میں صرف یہی عیب ہوتا کہ اس کی نعمت اور راحت۔ بعد اس کے
کہ عمر اور زندگی طلب اور تکلیف میں صرف کر دیتا ہے۔ کو بقا اور دوام نہیں ہے تو
واجب تھا کہ عقلمند آدمی اس پر دل نہ لگاتا اور اس کے بے فائدہ حاصل کرنے کے
لئے اس قدر دوڑ دھوپ اور جستجو نہ کرتا۔

اس ذکر کے لکھنے کے دوران میں حاضرین میں سے کسی نے یہ دو بیت علامہ سعدیؒ

سکے پڑھ دو شنبے ۔ (

اگر عقلمند کمینوں سے جفا دیکھے ۔ چاہیئے کہ اپنے دل کو رنجیدہ نہ کرے اور غصہ نہ ہووے
یا گوہر پتھر اگر سونے کے پیالہ کو توڑ دے ۔ تو پتھر کی قیمت نہیں بڑھتی اور سونا
کم نہیں ہوتا (قیمت میں) ۔

ان وحشتناک خبروں کے تواتر سے اس کے بھائی صاحب دیوان نے جو رکاب اعلیٰ
کی خدمت میں ملازم تھا کوئی وجہ قرار، ثبات قدمی اور تاخیر کی نہ دیکھی ۔ اجازت حاصل
کرکے بغداد آگیا اور اس وجہ سے کہ ایلخانی غصے کے شعلے اور قہر کی آندھیاں، سکون اور
آرام قبول کرلیں ۔ مال کے حاصل کرنے اور وجوہات کے رواج دینے میں دشمنوں سے کئی
گنا زیادہ کوشش و جہد کمائی ۔ اپنے خاص گھر اور بال بچوں سے جواہر جڑاؤ دار اور سونے
چاندی کے برتنوں سے جو کچھ تھا باہر لے آیا اور دوالیوں اور وکیلوں سے قرض دام کرکے
بموجب طاقت کے نقد اور جنس کی صورت میں لایا ۔ اور اس کے ساتھ ملا دیا ۔
دشمنوں کے گروہ نقد اور جنس سے جو کچھ پیش کرنے کے لائق جانتے تھے اٹھا کر منزل
دحیل میں بادشاہ کی خدمت میں لے گئے (کہ یہ مال صاحب لایا ہے) چونکہ بادشاہ کو
اس سے کئی گنا کی توقع تھی اور وہ مقدار تصور کی ہوئی رقم کا سواں (۱/۱۰۰) حصہ بھی نہ
تھی ۔ اس کی کچھ قدر نہ ہوئی اور صاحب دیوان کا حال اس طور پیش ہوا کہ نرمی اور
میل سے مشہور ہو گیا ۔ اور اس کی عطا اور امداد کا خلاصہ خاص احوال میں سے ایلخان
کی ناراضگی کا موجب ہو گیا ۔ قضا نے کام کیا اور جو کچھ ہونا تھا ہو گیا ۔ اور کوشش اور
دوڑ دھوپ رائیگاں گئی ۔

اس وقت اس قطعہ کا اتفاق ہوا تھا (یعنی یہ قطعہ تصنیف کیا گیا) قطعہ (از مولف)
آسمان اور اس کے مدار کی تقسیم دیکھ کہ جب تک میں ہوں ۔ کئی سال تو مجھے غم
دے اور کئی گھڑیاں خوشی ۔ میرا سرمایہ علم، ہنر اور حکمت ہے ۔ کیا فائدہ؟
کیونکہ اس سرمایہ سے مجھے جو ملے گا اور حاصل ہوگا وہ نقصان ہے ۔ کسی تن
آسانی کی حاصل کرنے کی امید ممکن نہیں ۔ میری تمام کوششیں رائیگاں گئیں
کس قدر بربادی ہے ۔ اس واسطے کہ فلک مجھے بے ہنروں کی طرح رکھتا ہے
کہاں ہے وہ؟ کہ اس کے آگے میری سفارشیں کرے ۔ مستعد (آدمی) سے
تمام کامیابیاں روک دی گئی ہیں ۔ تمام طاقتیں سفلہ اور کمینہ لوگوں کو دی گئی
ہیں ۔ زمانے کی عادت کو معلوم کرنے کے بعد، اس وقت ۔ میں اپنے نفس

کی نافرمانی کروں گا اگر اس نے زمانے کی اطاعت کی ۔

حکم شاہی نافذ ہوا کہ طغاچار یرغوجی، دشمنوں کے ایک گروہ کے ساتھ وہ جن کے اعمال ضائع ہوگئے بغداد جائے ۔ اور از سر نو مواخذہ اور سختی شروع کریں ۔ آشنا و بیگانہ ہمسایہ اور گھر کے دروازوں سے کنیزوں، دفینوں اور قیمتی جواہر کی کیفیت اور حالت جو خالص میں مشہور ہے ۔ دریافت کرنا شروع کی ۔ یکے بعد دیگرے مہمان سرائے اور مقبرہ کہ اس کا تعمیر کرایا ہوا اور وہ اس کی عزیز اولاد ۔ اور کبنہ کا مدفن تھا ۔ میں گئے اور پورے مبالغہ کو قبریں کھودنے ۔ تلاشی لینے، بنیادیں گرادینے اور جھاڑو دینے میں عمل میں لایا گیا ۔ اور چونکہ سب میں کچھ بھی نہ تھا تمام کو کچھ بھی نہ ملا ۔

آخر کار اس کو مالوفہ گھر سے کہ عزت اور دولت کے آنس کی جگہ، راحت کے وفود کی جائے امن، خوشی کے پودوں کی لگانے کی جگہ اور حشمت اور اقبال کی منزل تھی ۔ باہر لائے ۔ اسی گردن کو ۔ جو گردش فلک کے آگے سر نہیں جھکاتی تھی اور دنیا کے گردن کشوں کی گردنیں (رقاب) اسکی نعمتوں اور احسانات سے طوق دار تھیں ۔ دل کے کھوٹ سے ذلت کی زنجیروں میں جکڑ دیا ۔ اور اُن ہاتھوں میں ۔ جو زبردستی کی راہ سے زمانے کے کانوں کو غلامی کے گوشوارے سے گوشوارہ دار کرتے تھے ۔ عذاب کی ہتھکڑیاں کنگن کی طرح پہنائی گئیں ۔ اور فضیلت اور علو مرتبہ کی انگلیوں کے آشوب زدہ ہی تھی ۔

اگرچہ اعضا بہ ظاہر میں غم کی زنجیروں نظر آ رہی تھیں اور صبر اور قرار سے دل شوریدہ دار کے ملک سے چھٹے ہوئے تھے ۔ مگر اعضا کی سلطنت کا بادشاہ (دل) ثبات (استقلال) کے تخت پر مطمئن اور متمکن تھا ۔ اور خاطر کا میدان صبر کی امداد سے جو نصرت الٰہی کا پیش خیمہ اور عمدہ اجر کا موجب ہے ۔ بھرا ہوا تھا ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ صرف صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بغیر حساب کے دیا جائیگا ۔ ؎

میں نے اپنی مصلحت اس پر چھوڑ دی ہے ۔ اگر ذبح کرے خواہ زندہ کرے وہ جانے

اور چونکہ ارباب غرض کی نظر صرف مالی نقصان پر تھی ایلچی کو اپنے ساتھ ملا لیا اور ملک بغداد کی حکومت اس سے قبول کرائی گئی ۔ زنجیریں اُتار دی گئی اور اس کے عوض دو شاخہ لکڑی حمائل کی طرح اس کی گردن میں ڈال دی گئی ۔ عروس کی مانند سر اور قدو اس کے معانقہ اور گلے ڈالنے کے لئے دونوں ہاتھ اس فرزانہ کی گردن میں حمائل کئے گئے اور اسی روز قفس کے آراستہ ۔ رضی الدین نیشاپوری کے کہنے سے ، لکڑی زبان سے خود گانا شروع کر دیا ۔ ؎

مجھ دل شکستہ کے ہاتھ ، ایک دن رات تک ۔ خیال کر کہ میرا خون ہے ۔ میری
گردن میں ڈال ۔

یہ قطعہ اس حالت میں بھائی کے پاس بھیجا :-

حسن آپ پر جانیں قربان اور نثار ہوں ۔ نوجوان کا قول ۔ جس کو لوگوں نے
ہلاکت اور خطرے میں ڈال دیا ہے ۔ میں شکوہ کرتا ہوں اپنے رب اور منعم
کے دربار میں ۔ زمانے کے ظلم کا جو غیرت ناک امور لاتا ہے ۔ میری آرزو
تھی معانقہ کرنا یار یک کمر معشوقوں کا ۔ سرو قد کی طرح ۔ نہ تھی وہ شاخ لکڑی
میرے مطلب میں ۔

دشمن اس خط پر مطلع ہو گئے ایک دوسرے سے کہا کہ اگر اسے قوت مال نہ ہوتی تو طبیعت
اس حال میں جو زندہ رہنے اور خلاصی کے درجہ تک ترقی کرنے سے مایوس ہے ۔ کس طرح
معانی کی تصنیف سے مانوس ہوتی ۔ یا نظم اور نثر سے موافقت کرتی ۔ اور قوت ذاتی کس
طرح سختیوں کے جھیلنے اور تکالیف کے برداشت کرنے کے باوجود جن کے صدمہ سے
پہاڑ بھوسے کی طرح ہو گئے ہیں ۔ جس کو ہوائیں اڑا لے جاتی ہیں ۔ وفا کرتی ۔

ان نادانوں نے جہالت اور بے عقلی کی غلطی میں معرفت کا سررشتہ گم کیا ہوا تھا ۔ ؎
دنیا کا کام جو تو نے اپنے اوپر مشکل کر دیا ہے ۔ اگر تو اسے اپنے اوپر آسان
کرے تو آسان ہو جائے گا ۔

ایک مشفق نے اسے (علاؤ الدین) چغلخوروں کے مشورہ سے مطلع کر دیا ۔ جواب میں یہ دو بیت
آب شیریں ، حلال جادو اور احباب کے ناز و ادا کے کرشمہ کی طرح لکھے ۔ ؎
میں نے تیر مارا دشمنوں کو کہ میں نہیں نرمی کرتا ذلت اور فروتنی کے ساتھ
گردش اور حادثات زمانہ کے لئے ، بے شک یہ عجیب بات ہے ۔ اور کیونکر
پرواہ کروں میں حوادث کی ، اور بات یہ ہے کہ ۔ میرے اوپر محافظ نگہبان
کا پہرہ دار ہے ۔

بغداد کے باشندے ، بغداد کے کیا بلکہ تمام لوگ ممالک کے اندر آقا اور غلام تک
انصاف کی رو سے صاحب علاؤ الدین کے ساتھ اس دل شکن رنج اور دشمنوں کے تیر
کی سپر کے شریک اور غمزدہ تھے ۔

ایلخان نے بیلاق (گرم سیر) کی توجہ کے ارادہ کے لئے فرمایا کہ لشکر کوچ کرے
اور بلند جھنڈے اٹھا لئے جائیں ۔ اور ہوا جھنڈے کی پیچ دار زلفوں کی خوشبو

سے زمانہ کے مشام کو عنبرو الابنا رہی تھی اور فرش بچھانے والی باد صبا منزل بمنزل، قدم بقدم، رنگا رنگ فرش ڈالتی جاتی تھی کبھی نوروزی رعد آگے سے نقارہ بجاتی اور کبھی چمکدار بجلی سپاہیوں کی تلوار کی طرح روشنی کا خاص عکس ڈالتی اور خوشی کا جھنڈا لشکر پیچ کا، ہر طرف سے بلند تھا۔

گمراہ جماعت اور رذیل فرقے نے چونکہ غرور کے عجائب کے اختراع کرنے، خالص جھوٹ کے گھڑنے اور بے معنی دعوے سے جو ایک بھی سچائی کا زیور نہیں رکھتا تھا بلکہ سب نے جھوٹ بولا اس کے متعلق جس کو انہوں نے علم سے احاطہ نہیں کیا تھا سوائے مالی خسارہ اور مزاحمت حال کے کچھ نہ دیکھا۔ ہر شیاد مکر اور فریب کا رنگ ظاہر کیا، بوڑھے، جوان، نیک و بد اور غریب و امیر سے کسی کو نہ پایا کہ اس کی تعدی اور ظلم کی حکایت بیان کرے اور شکائت سنائے اور رشوت لینے دینے کے طور پر جہاں طلب کیا اور چاہا ایک چیز سے بھی اس کو ملزم نہ پایا۔ اور زائد اخراجات کے خطاب اور عوارضات کے عوض کے باعث جیسا کہ دیوانی اور دفتری امور کے لواحق میں سے ہوتا ہے۔ اس کی آبرو کو ملوث نہ کر سکے۔ تو خوف کے سیلاب نے اُن کے ناپاک دل کو گھیر لیا اور اضطراب اور کانپ جانے نے اُن کے ظاہر کو متغیر کر دیا۔ اور ظاہر سزا اور برے قصد کے مقابل، برے افعال اور بد اعمال کی جزا کے منتظر ہو گئے اور اس فکر میں مکر کے اقسام کو از سر نو گھڑنا اور اسباب حیلہ گری کو استعمال میں لانا اختیار کر لیا۔ روز بروز مکر اور فریب کے زور سے حرص کے زیور میں اوپر نیچے بہتان محض بناتے اور گھڑتے رہتے تھے کہ پھر کسی کھیل اور تجویز سے افسانہ کی گرہ کو گول مول بنا دیں۔

آرائے (صحیح رائے) کی آگ نکالنے (یا تیر اندازی) اور خواہشات کے مشورہ لینے سے یہ فریب کا مہرہ غرض کی بساط پر پڑا کہ اس کو بلاد شاہی کی خط و کتابت سے ملزم اور نافرمانی کی نشانی سے داغدار اور منقش کر دیں۔ ایک گمنام یہودی کو دستیاب کیا گیا اور کاغذ کے ٹکڑوں پر رنگدار خطوط، زعفران اور شنگرف سے باقی طلسمات جادو اور نیرنگی اشکال کی طرح کھینچ گئے۔ مطلب یہ تھا کہ یہ خطوط اُن کو اس کے کپڑوں کے اندر تفتیش کے وقت ملے ہیں۔ اور وہ تین گمنام غریب جو امیروں اور کوتوالوں کے اتفاق سے غرب کے مشائخ اور متقدم لوگوں کے پاس ہر وقت بھیجے جاتے تھے حاضر لائے۔ تا کہ ڈرائے۔ رغبت دینے اور عذاب اور امید سے انکی باتوں کی تصدیق کرنے والے، باطل امور کو حق کہنے والے، کھوٹے سکے کو رواج دینے والے اور باطل

لفظ کو اٹھانے والے ہیں۔

اور حال یہ تھا کہ سال مذکور کے شروع میں (سلطان سیف الدین قلاؤن المعروف) الفی اور مصری امراء کے درمیان مخالفت شروع ہو گئی اور سنقر اشقر، امراء ترکمن بحری کی ایک فوج کے ساتھ مصلحت کی جانب کو مدنظر رکھ کر کنارہ کر گئے۔ اور عیسیٰ ابن مہنا جو اعراب شام اور اس علاقہ کے امراء میں سے تھا سے اس کے ساتھ موافقت کا دم مارا اور دوستی کے اسباب پختہ کر لئے۔ اور الفی دمشق میں آن (سنقر اور عیسیٰ) کی تیغ زنی اور تیر اندازی کے ذریعے تشفی حاصل کرنے کے لئے لڑائی کے لئے مستعد اور فتنوں کی غبار انگیزی کو روکنے کے درپے ہو گیا۔ ان حالات کے اثنا میں خبر پہونچی کہ بحری ترکوں کا ایک دستہ لشکر مصری کی ایک ٹکر سے شکست کھا کر عانہ اور حدیثہ کے آس پڑوس پہونچ گئے ہیں ہوشیاری اور احتیاط کی رو سے دریافت حال اور بچاؤں کے لئے (صاحب علاؤ الدین نے) ایک ایلچی کوتوال شہر اور امراء کے اتفاق سے بھیجا ہوا تھا۔ اور سنقر اشقر اور عیسیٰ بن مہنا کو بندگی حضرت (آباقا خان) کی موافقت پر ترغیب دی تھی اور مخالفت سے ڈر اور نصرت ضروری معلوم کرائی تھی۔

اتفاق سے الفی سے ان کی شکست ایلچی کے پہونچنے کے ساتھ اکٹھی ہو گئی۔ اس پیغام سے انہوں نے خوشی کا اظہار کیا اور اس نامے سے اور اور بڑھ گئی۔ عیسیٰ نے اپنے بھائی کو ایلچی کے ہمراہ بغداد بھیج دیا۔ صاحب علاؤ الدین نے اس کو بھی حضرت کی خدمت میں روانہ کر دیا۔ اور صورت حال سے مطلع کیا۔ ایلخان نے سنقر اشقر کے حق میں پرورش اور مہربانی فرمائی۔ اور عیسیٰ کے بھائی کو عزت دی اور زر اور غلہ بغداد پر حوالے کیا۔ (یعنے زر اور غلہ اسے بغداد سے ملیگا)

اور اسی زمانہ میں منگو تیمور (شاہزادہ) ایک لشکر بے انتہا بارش کے قطروں کی طرح اور پہاڑ کو ہلا دینے والے سیلاب کی مانند کنارہ فرات پر لے گیا ہوا تھا۔ شامیوں کے قصد سے اس نے بھی اس کی خدمت میں قاصد بھیجا اور اطاعت اور تابعداری کا اظہار کیا۔ سلطان مصر دین کے پاس بھی یہی خط و کتابت چلی ان میں سے ہر ایک نے اپنے مقام سے کیفیت حال سے آباقا خان کو مطلع کیا اور حکم بلیغ ہو گیا کہ منگو تیمور لشکر کو واپس لائے اور ان (شامیوں) کے قصد سے ترک کیا جائے مگر دوسری طرف سے "بایدو اغول" نے شام کے ملک میں لشکر کشی کی ہوئی تھی اور تمام خلق کو قتل کر رہا تھا۔

اس شرح او تفصیل سے مطلب یہ ہے کہ اُن (دشمنان علاؤ الدین) کے اندیشہ کا خلاصہ ایک باعث محال اور کاذب خیال تھا۔

اس خیال سے ایلچان کے پیچھے گئے اور فریب گھڑ کر اور ازسرنو ایک غلطی میں ڈالنے والی بات بنا کر عرض کیا۔ اس امید پر کہ مال کے محصل (حاصل کرنیوالے) چونکہ حال کے مضبوط کرنے والے اور کام کو چلانے والے ہیں۔ اس تہمت اور نسبت سے جو سچائی سے کوئی نسبت نہیں رکھتی۔ نامکمل اور ادھوری دریافت اور تحقیق کریں گے۔

ایلچان نے فراست کی نظر سے۔ کہ جام جہاں نما ہے اس کی تیز رائے کا عکس ہے۔ فضول فصلوں والے احوال کے دیباچہ سے افترا کی آیت پڑھ لی۔ اور ذکاوت کی انگلیوں سے کجی کی گنڈیاں (دیکھیں) اس کے گناہوں کے کثیر رازوں سے کھول لیں۔ "صاحب علاؤ الدین" کے حاضر لانے حکم ہوا اور ایلچی بھیجا کہ سریر دولت کی خدمت میں ہمیشہ مضبوط ستونوں والا رہے۔ گھنگٹ کا کھل جانا بخوبی ہو جائے۔

وہ جب بغداد آیا تو فریب گھڑنے والوں کے ذریعہ جن کو وہ محل اعتماد جانتے تھے۔ بعض نے فرار کو پختہ طور پر اختیار کیا ہوا تھا۔ اور جو باقی رہ گئے تھے زور اور جھوٹ کی شہادت سے منتشر تھے۔ دشمنوں اور مخالفوں کو اندیشہ ہوا کہ اگر اسے (صاحب علاؤ الدین کو) رہا اور خالی چھوڑ دیں گے تو کوئی فرد بشر ان (مخالفوں) کی امداد میں رغبت نہ کرے گا۔ بے حد امید دلانے اور بے انتہا آرزو دلانے سے انہوں نے ایلچی کو فریب دیا اور اس کو حیلہ اور فریب کا مددگار اور اپنے حال کا مختار بنایا اور "صاحب" اسی طرح زنجیروں کے سپرد کیا گیا ۔۔۔ (از مؤلف)

آسمان کے دورے ناکامی کا تسلسل۔ ہر حال میں، عجیب نہیں ہے اور ان دو مسئلوں (تسلسل ناکامی، دور آسمان) کے محال ہونے میں کسی کو سوال کی طاقت نہیں ہے۔

محافظت الٰہی پر توکل کر کے مقام تسلیم میں الحمد للہ ما قضی الخ (سب تعریف ہے اللہ تعالیٰ کی اس پر جو اس نے فیصلہ کیا اور خیر اور بھلائی ہے اس میں جو وہ فیصلہ کرے۔ جو اللہ نے چاہا ہوا۔ اور جو نہ چاہا نہ ہوا۔) کو زبان کا وظیفہ اور بیان کی تسبیح بنایا۔ اور رضا کے روزنامچہ کو جو مراتب نفس میں سے بلند تر مرتبہ ہے اذا المریکت الخ (جب نہ ہو وہ جس کا تو ارادہ کرتا ہے تو ارادہ کر تو اس کا جو آگے ہووے) کے ذکر سے

لکھ دیا اور اس کا مضبوط حوصلہ اور سنجیدہ فکر یہ بیت پڑھتے تھے ۔ ؎

اگر آسمان اپنی جگہ سے پھرتا ہے تو تو نہ پھر ۔ اور اگر زمانہ تیرے ساتھ موافقت
نہیں کرتا ۔ تو تو زمانہ سے موافقت کر ۔

کہ جلدی غم کے کھل جانے اور دور ہو جانے کا سبب ظاہر ہوگا ۔ اور اس ایسے نشیب میں کہ دشمن کی کامیابی کا گڑھا اسی سے مراد ہے کامیابی کی بلندی حاصل ہوگی ۔

ہر دانا غور کرنے والا جو اس میں غور کرنا ضروری جانتا ہے اس پر ظاہر ہوگا کہ کوئی بھلائی اور برائی ، نفع اور نقصان بندہ کے فعل اور ارادہ سے متعلق نہیں ہے اور تمام معاملات قادر مطلق کی تقدیر اور اندازے سے ہیں اور دنیا کے کام اسی کے ارادہ سے لٹکے ہوئے ہیں پس ابتلا کے مقام میں تمام دشواریاں اس پر آسان ہو جاتی ہیں ۔ اور توکل اور رضا کی برکت سے مزید نعمت اور احسان کا مستحق ہو جاتا ہے ۔

اور یہی اس صورت حال کے مقدمات تھے شروع میں اور انجام میں ۔ اور اللہ کی تعریف ہے ابتدا اور آخر میں ۔

وہ گروہ جنہوں نے لہو اور لغو باتوں کو اختیار کیا ہوا تھا ۔ بادشاہ کے جھنڈے کے پیچھے جلدی کرنے اور سبقت کرنے میں سستی اور غفلت دکھا رہا تھا ۔ اور تاخیر کرنے اور رک جانے کا توجہ اندیشہ کے رقعہ پر ڈالتے تھے ۔ ادنیٰ اور کمینہ لوگوں کو خفیہ طور پر مختلف کناروں سے لاکر اپنے قبضہ میں کرتے ۔ تاکہ ان کو اپنی آیات (گھڑے ہوئے منصوبے) کا پیروکار بنائیں ۔ اور ان روایات کو جھوٹے قول کے ساتھ عنعنہ (مسلسل عن کے لفظ سے مثلاً عن فلاں عن فلاں تاکہ سلسلہ روایت مکمل ہو جائے) تک پہونچا دیں ۔ اور وہ خبر واحد کے درجے ، غیر منقول حدیثیں (کہانیاں) اسناد جو کہ نہیں ہے مگر جھوٹ گھڑا ہوا ، کے ساتھ مسلسل کردیں ۔ (اس موقعہ پر قرآن اور حدیث کی اصطلاحات سے کام لیا ہے ۔ مثلاً آیات ، روایات ، عنعنہ ، احادیث ، ماثور ، اسناد ، آحاد وغیرہ) اللہ تعالیٰ نے فرمایا ؛ اسی طرح ہم نے بنائے ہر ایک پیغمبر کے دشمن کھلے اور پوشیدہ شیطان جو ایک دوسرے کی وحی کرتے ہیں جھوٹی باتوں کی دھوکہ کی غرض سے ؛؛

انہوں نے بغداد میں اپنے جیسا کوئی جھوٹ گھڑنے والا نہ پایا جب ایک ماہ کامل اس فکر کے میدان میں جولانی دکھائی ایلچیوں کی ایک جماعت کے ساتھ صاحب علاؤ الدین کو ہتھکڑیاں وغیرہ لگا کر آباقا خاں کی خدمت میں ارادہ کیا ۔

اور اس دوزخ صورت سفر میں خواجہ بہاؤ الدین علی بن عیسےٰ اربیلی اور

نورالدین عبدالرحمٰن تستری جو صاحبی کی دولت کے احسان مند اور نعمت کے پروردہ تھے اور کوچ اور مقام میں، ذلت اور سلامتی میں اُس (صاحب) کی نشاط آثار مجلس اور فلک سای رکاب میں طواف کرنے والے اور ہم صحبت تھے۔

باوجود اس کے کہ وہ اپنے سینے کے اندر بند نالہ و زاری کی طرح تھے (یعنی بےبس تھے) مانند آنسو کے آنکھوں کے اندر روانہ ہو پڑے (بھرا ہوا چل پڑے) اور اگرچہ اسباب گفتگو باہمی، قربت اور نزدیکی، اُنس اور ہم نشینی کے حاصل نہیں ہو سکتے تھے۔ خطوط اور شعر بازی سے سینے کے درد والے کی آہ اور مصیبت زدہ کے غم کو دو زبان قلم کی زبان پر جو غماز اور خطیر رو کی صورت رکھتی ہے گذارتے رہے اور اسی تاثیر سے دشمن کی خوشی کے رنج اور مسافری کی تکلیف کو سختی اور مصیبت میں اپنے اوپر آسان کرتے رہے۔

اور یہی حال رہا یہاں تک کہ سواریوں کی پشت پر مرحلوں اور منزلوں کو اسدآباد کے گھاٹی کے قریب پہونچا دیا۔ ایلچیوں کو دیکھا کہ تیر کی طرح جو شست سے نکلا ہوا ہو چلنے اور باز کی مانند نشیب و فراز میں اُڑتے جا رہے ہیں۔ بلوانے اور پوچھنے پر حال کے قرینے سے معلوم ہوا کہ ہمدان میں پادشاہ کو ایسی مشکل حالت نے جس کے واقع اور حادث ہونے سے خلافت اور صیانت میں پادشاہ، غلام، زبردست اور زیردست برابر ہیں۔ منہ دکھایا ہے۔ اور تمام راستے اُن کی عادت مقررہ کے مطابق ہنرمندوں کے کام کی طرح، بند۔ اور اس وجہ سے تمام لوگوں کے کام محبوبوں کے زلف کی طرح پریشان ہو گئے ہیں۔ صاحب کو پادشاہ کے دربار میں لے جانے سے انہوں (ایلچیوں) نے منع کر دیا۔

حیلہ گری کی پٹی کے باندھنے والوں اور خیالی منصوبے کے گھڑنے والوں نے ایلچی سے کہا کہ دوسرے پادشاہ کے جلوس کے وقت تک اُسے (صاحب کو) رہا کرنا، ذکاوت اور دانائی کا تقاضا نہیں ہے۔ اس سخن سے باوجود فلاح کی صبح کے علامات کے نمودار کی تاریک رات میں رہ گیا۔ اور زنجیروں کی قید اور حاسدوں کے سخت مکر کے ساتھ موافقت کی۔

بھلائی اور برائی کے ابتدا اور انتہا کے لئے عالم مجازی میں مقدار معین اور وقت مقرر ہے بلاشک اور تمام امور رہن کئے گئے ہیں اپنے اوقات پر اور ہر میعاد کے لئے ایک تحریر ہے۔ مٹاتا ہے اللہ جسے چاہتا ہے اور ثابت رکھتا ہے جس کو چاہتا ہے اور اُسی کے پاس ہے اُم الکتاب۔

آباقاخان کا حال اس طرح تھا کہ ہمدان میں شراب پینے کی وجہ سے مزاج اعتدال کی سمت سے منحرف ہو گیا اور ضعف نے طاقت پکڑنا شروع کی اور طبیعت نے ایلچیوں سے موافقت نہ کی۔ لامحالہ مرض بڑھتا گیا۔ ایک روز کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک کوا

کر دلیل ہوتا ہے جدائی کے کوّے کی، بادشاہ کی نظر کے سامنے بیٹھ کر کائیں کر رہا تھا۔
کسی شاعر نے جدائی میں ایک قصیدہ کہا جس میں مرثیہ کہا ہے بادشاہ کا قاف کی
ردیف پر بنا کیا گیا ہے قصیدہ ابتلا پر، سالم ہے۔ اقواء، اکفاء اور اضراب سے
(تو بادشاہ نے) کہا کہ سیاہ غلام (موت) مجھے طلب کرتا ہے۔ اس کی کائیں کائیں سے
کراہیت رکھتے ہوئے فرمایا کہ اسے اڑا دیا جائے۔ جب کوا اڑ گیا۔ دل پر غشی نے حملہ
کیا اور اسی غشی میں اس کی روح جسم کے پنجرے سے پرواز کر گئی اور یہ واقعہ بیس ماہ ذی الحجہ
۶۸۰ھ میں ہوا۔ اور اس کی مدت سلطنت۔ کہ سیاست اور عدل کے بازار کی رونق
سوائے اس کے خیال میں نہیں آتی۔ سترہ سال تھی۔ ے

اس کے نیچے انہوں نے تخت زر رکھا دیبائے زرد اور سنہری پٹکے سے۔ اسکے
شہسوار بدن کو آراستہ کیا۔ گل، مشک اور کافور چاہتے تھے۔

چند روز اپنی رسم کے مطابق مقام مصیبت اور لباس سوگواری میں رہے۔ ماہ رخ پیچیدہ
زلف بیگمات نے ے

اکھاڑے بال، چھیلے منہ۔ زبان شاہ شاہ کہتی اور روح شاہ ڈھونڈتی پیر کیسۂ شوق
کے سر ہو گئے دھوئیں اور مٹی سے پُر۔ تمام آنکھیں خون سے پُر اور تمام کپڑے چاک چاک

اور اس واقعہ کی تاریخ کے لئے ایک ہمعصر نے یہ بیت دیباچۂ دل کا عنوان بنائے۔ ے

آباقا خاں جس کے عدل کے انصاف سے۔ جہان بہشت عدن کی طرح خوش تھا۔
سنہ ہجری سے ۶۸۰ اور بیس تھی۔ ماہ ذی الحجہ کی نہ زیادہ اور نہ کم۔ کہ دار البقا
کو چلا گیا وقت صبح۔ اس دار فنا سے، اور اللہ زیادہ جانتا ہے۔

جلوس سلطان احمد بر تخت سلطنت

"مراغہ" کے قیام کے زمانہ میں جب ملک کے حالات نے خلل پذیر ہونا شروع کیا۔
تو بادشاہ کی تعیین کے لئے مشورہ اور مصلحت کے لئے اکٹھے ہوئے۔ اور استخارہ (طلب خیر)
کا قرعہ پھرایا گیا۔ بڑے اور چھوٹے اور امرا نے جو حاضر تھے۔ ایک سخن اور ایک زبان ہو کر
قرار دیا (پاس کیا) کہ بھائیوں میں سے نکودار خاں بادشاہ بنے۔ اور وہ چونکہ اسلام
کے ہار کو پہنے ہوئے تھا۔ اُسے (نکودار خاں کو) "سلطان احمد" کہتے تھے۔ اسی مشورہ
پر تمام کی رائے ایک ہو گئی اور یہ قرار دیا کہ دوسرے شاہزادوں اور امیروں کے جمع کرنے
کی خواہش سے اُڑنے والے ایلچی عقاب کے بازو سے روانہ ہو جائیں اور "الاطاق" میں

ایک جشن منائیں ۔ اور احکام اور جھنڈوں کی وہاں تجدید اور احکام سلطنت کی حدبندی کریں
اِن کے اختتام کے بعد سبزہ غمزدوں کے دل کی طرح اپنی جگہ سے اُٹھا ہوا تھا۔
اور کوہ اور دشت کے اطراف کو فرشِ مینائی سے آراستہ کیا ہوا ۔ ہم زمان لوگوں کو
کاتب (مصنف) کی غزل وردِ زبان ہو گئی ۔ ؎

بادِ نسیم سے عنبر کی خوشبو آرہی ہے ۔ شاید کہ کوچہ دلبر سے چلی ہے ۔ چمن کی بو بھی
حسینوں کی زلفوں کی طرح ۔ دل اور جان کا مغز معطر ہو گیا۔ لالہ نے پیالہ اُٹھایا
یعنے ۔ سُرخ شراب کا وقت آگیا ۔ نرگس تخت گاہ کی طرف بادشاہ کی مانند
چوٹی پر تاج رکھے ہوئے آئی ۔ یہاں تک کہ صبا نے پھول سے کہا کہ تو خوبصورت
ہے ۔ وہ بھی پسندیدہ خندہ سے پیش آیا ۔ بلبل کی بانسری کے گانے کی آواز
سارنگی کے مضراب سے بہت اچھی ہے ۔ دہانِ یار کے رشک سے غنچہ
صبح کے وقت ٹھنڈے سانس لے رہا ہے ۔ ہوا کی لطافت سے باغ کا
مزاج ۔ غزل کی مانند زیادہ اونچا ہو گیا ہے ۔

دور دراز ممالک سے شاہزادے ، بیگمات ، اُمراء اور بادشاہ اس ستاروں کی سی انجمن
میں جمع ہوئے اور جشن منایا کہ اس زینت اور ترتیب سے کبھی اتفاق نہ ہوا تھا ۔ نشاط اور طرب
کی بنیاد ، عدل کے فرش کی طرح بچھ گئی ۔ اور دروازے کھولنے کی خوشخبری دینے والوں
نے اس نداء (پکار) کی سعادت سے

بڑھ گیا ہے زمانہ حسن اور خوشی میں ۔ جب کہ اسلام کی تائید کی سلطنت احمد نے ۔
محیطِ خاک سے مرکزِ افلاک تک پہونچا دی ۔ (سلطان) احمد ہانتہ کے تائید یافتہ اور بادشاہ
عادل دل نے بلندی اور بختیاری کی قبا کندھے میں ڈال لی (پہن لی) اور اقبال کے نتیجہ
والا تاج مبارک چوٹی پر رکھا ۔ اتوار کے دِن ۱۳ ربیع الاول ۶۸۱ھ کو تخت سلطنت پر
جلوہ افروز ہوا ۔

شاہزادوں نے خوشی کی راہ سے ٹوپیاں اُٹھائیں اور خوشی کے پاؤں سے زمین کو پیپیر
کیا (ناچے اور کودے) دولت روز افزوں کی دعا کی رسومات اور مبارک جلوس کی تہنیت
کے شرائط قائم کرکے گانے والوں نے باربد (قوال) کی نوا کو داؤدی خوش الحانی میں
مینائے آسمانی کی چھت پر پہونچا دیا ۔ بیگمات اور کنواری عورتیں باغ نوبہار اور صد ہزار
نگار کی طرح آراستہ اور زلفوں کا بنفشہ ہر ایک کے کانوں میں غمازی سے یہ شعر پڑھتا ۔ ؎

اے نازنین ترک ! کہ دل افروز اور چاند کی شکل رکھتا ہے ۔ تو پیارا دلربا ہے اور خوب

معشوق ہے۔ زلف تیرے رخسار پر مشک کی مانند ہیں سمن پر۔ پسینہ تیرے خط رخسار سے پر مانند قطرے کے ہے گل پر۔ کنگلک کا پھول حسد کے ہاتھوں کپڑے

چاک کر رہا ہے۔ جب اس نے تیرے اوپر دیکھی زینت اور زرکش پیشوازہ کی۔
چاند کی ٹوپی گر گئی جب تو نے رکھی۔ سرخ کلاہ سرخ رنگ چہرہ پر۔

اس بہشت آثار بزم کی موافقت میں بارش کے قطروں کے موتی، سنجاب پوش بادلوں کی تاروں سے گرتے تھے اور باد شمال کا پیراہن ماہ رخ حسینوں کی زلفوں کی طرح عنبر اور مشک پھیلاتا تھا۔ بارش کے قطروں نے غنچوں کی تجدید کے لئے انظر الی آثار رحمۃ اللہ الخ (اللہ تعالیٰ کی رحمت کے آثار کو دیکھو کس طرح زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مرنے کے بعد) کے بستر ٹیلوں اور وادیوں میں بچھا دئے۔ اور پرندوں نے مختلف زبانوں سے، من یھدی اللہ الخ (جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت کرتا ہے اُسے کوئی گمراہ نہیں کرسکتا۔ اور جسے وہ گمراہ کرتا ہے اُسے کوئی ہدایت نہیں کرتا) کی آیات قرآنی سے گواہی دی۔ جہان میں شر اور شور کے بعد، خوشی اور جشن ظاہر ہوئے۔ اور کاموں کے ہار ٹوٹ جانے کے بعد پھر پروئے گئے۔

دین محمدی (اسلام) نے دولت احمدی (سلطنت احمد) سے تازگی اور سرسبزی حاصل کی۔ زمانہ کے سانس، سلطان کی ثنا کے پھیل جانے سے خوشبودار ہوگئے۔ اور زمانے کے خیمے اس کی تعریفوں کے طنابوں کے دراز کرنے سے باندھے گئے۔ منبروں کے تخت اس کے القاب فاخرہ کے ذکر سے شاخ گلبن کی طرح شگفتہ ہوگئے اور سکہ کا چہرہ اس کے نام کے نقش سے "تروتازہ، اپنے رب کی طرف دیکھنے والا" کی صفت حاصل کئے ہوئے تھا۔

جب شاہزادے نیاز اور آداب بجالانے اور پیالہ لینے سے فارغ ہوگئے۔ تو باری باری سے ہر ایک نے خدمات کی رسومات کو آگے بڑھا کر لیا۔ سب سے پہلے جود اور احسان کی بارش، دور اور قریب کی تمناؤں کے کھیت پر برسائی۔ اور تمام لوگوں کو انعامات کثیر خلعت ہائے فاخرہ اور غرض عنایت کیں اور مخلوق کو کامل احسانات مہربانیوں اور الطاف کے سجل یعنی پٹوں اور قبالوں میں سے بڑا حصہ مہیا کر دیا۔

تخت پر کامیاب اور خوش ہو کر بیٹھا۔ پرانے خزانوں کے دروازے کھول دئے۔ حکم دیا کہ نقد، زر، جواہرات، بالش (سکہ کی قسم ہے یا نوٹ) اور جڑاؤ دار اشیاء پرانی ہوں یا نئی جو اپنے نیک بزرگوں اور آقا آباقا خان سے بچ رہے تھے اور جو قلعہ کے خزانہ اور دیگر اطراف میں مہیا پڑے ہیں۔ لے آئیں اور بھائیوں، اولاد، چچاؤں،

بیگمات، بہو بیٹیوں، بہنوں، امرا دس ہزاری، ہزارہ، صد اور دس تک اور فوجی لوگوں پر تقسیم کر دیں اور خزانوں سے سوائے اس اچھی بات اور اپنی دولت کی دعائے خیر کے کوئی ذخیرہ نہ چھوڑا۔ ؎

ہو گیا جہان کا نفع تیرا ہاتھ، کیونکہ وہ ہاتھ ایک کان ہے اور نہ صرف کان ہے بلکہ کان کو لٹا دینے والا ہے۔ ہو گئی دنیا کی مصلحت تیری محبت، کیونکہ وہ محبت جان ہے اور نہ صرف جان ہے بلکہ جان کو بڑھانے والی ہے۔

خاص و عام کا دل انعام کے دانہ سے کامیابی کے حال اور اپنے مقصد کی قید میں لایا۔ اور اس عطا، بخشائش اور خزانوں اور دفینوں کے بکھیر سمجھنے سے اس کی شاہانہ عنایات کی علامات اور نقوش زمانے کے دفاتر کے صفحوں پر نقش کر دئے گئے۔ اور اطراف ممالک میں احکام روانہ کئے، جو بشارت دینے والے تھے سخاوت اور جہان نوازی کے ہاتھ کے فراخ ہونے اور جور و ستم کے روکنے کی اور متضمن تھے ارکان عدل کے پختہ ہونے اور مہربانی کی عمارت کے مضبوط ہونے پر۔

اور کار مملکت میں شروع ہونے سے پہلے بغیر کسی یاد دہانی کے ایک ایلچی بھیجا اور "صاحب علاؤ الدین" کو، جو زمانہ کی قید میں تھا اور بے پرواہ فلک کے تیروں سے زخمی تھا جس کا کام کثرت نامرادی سے پیچیدہ اور بگڑا ہوا اور دشمنوں کے مکر اور فریبوں سے زمانہ کا مظلوم تھا۔ رہائی دی اور ظاہری اور معنوی قیدوں سے اُسے باہر نکالا۔ اس کا ناراض بخت، صلح کرتا ہوا واپس آیا اور اقبال، جو دشمن ہو گیا تھا۔ استقبال کرتے ہوئے کہتا اور غنچہ کی طرح کھال میں ہنستا۔ ؎

یہی وہ شخص ہے امیدیں جس کے انتظار میں تھیں، چاہئے کہ لوگ پوری کریں اللہ تعالیٰ کی منتیں۔

کسی وقت طبع نے ان ابیات کے خوب کہنے میں سخاوت کی تھی جو اس موقعہ سے مناسبت رکھتے ہیں (مصنف کی طبع مراد ہے) ؎

تاریک رات چلی گئی، صبح کے آثار ظاہر ہوئے۔ میرے غم کے قفل نے صبح کے آغاز سے کنجی پائی۔ امید کی کھیتی لطف کی شبنم سے کھل گئی۔ شادی کی ٹہنی پر دوسری دفعہ باد صبا چلی۔ عمر کی کشتی جو بحر فنا میں غرق ہو رہی تھی باد موافق ایسی آئی کہ کنارے کے نزدیک پہونچ گئی۔ دشمنوں کا رنگ اور بدرنگی تمام مثال کے طور پر۔ ایک ہوا مخنث جو کسی نے شیشہ کے پیٹ میں پھونک دی

دل نے اگر ظلم کے کانٹے دیکھے تو خدا کا احسان ہے۔ کہ گلستانِ امید سے بھی
ایک مراد کا پھول چنا۔ پیالے میں معطر شراب ڈال اور یاد نہ کر۔ اگر میری
دونوں آنکھوں سے خون کے قطرے گرے۔ میری ہتھیلی پر آج غم انجام جام نہیں
ہے۔ کیا ہوا اگر کل میرے دل نے حادثے کے ہاتھوں درد چکھا۔ اگر آسمان
نے عمداً دو تین دن کوتاہی کی ہے۔ تو میرے بخت نے آج تلافیٔ مافات کی ہے۔
اس سے کینہ دور ہو گیا۔ اپنی زندگی خوش گذار دے فکر کا مغز کم چلا۔ کیونکہ زمانے
سے وفا کی بو کسی نے نہیں سونگھی۔

بحکم "عنقریب اُن کے وصف کی اُن کو سزا ملے گی" کے مجد الملک کو گرفتار کرکے انہی زنجیروں
سے مقید اور صاحب کے اعوان کے سپرد کیا گیا۔ کینہ کی زنجیروں اور ہتھکڑیوں کے وقت
قل هو القادر الخ (کہ وہ قادر ہے اس پر کہ بھیجے تم پر عذاب) کا شور اُس کے کانوں میں
بغیر کوشش کے زمانہ نے ڈال دیا۔ اور لوہے کی قید غدر کی وجہ سے نہ بلکہ بے وفائی
کی راہ سے اس کے پاؤں میں، جو نہایت سزاوار تھی۔ پڑ گئی۔ اور دو شاخہ لکڑی نے
از روئے ثقل اور خود بینی کی امید سے نہ کہ دل کی آرزو اور محبت کی راہ سے دونوں ہاتھ
اس کی گردن میں تنگ کر دئے اور جس قدر تیغ کو سرزنش کرتے (دشمنی کرتے) قرب اور وصال
زیادہ حاصل کرتی اور کہتی کہ "سر کو اس کے کام کے مطابق اور بار کو اس کے سر پر رکھونگی"!
آخر عمر تک اس سے دور نہ ہوئی۔ اُس کے وجود کے اجزا پر صورت فی سلسلة الخ (زنجیروں
میں جن کا ناپ ستر ہاتھ ہوگا) کی ظاہر ہوئی۔ اپنے بُرے افعال اور غیر صاف اعمال کے ہاتھوں
چند روز عذاب کی قید میں رہا۔

صاحب علاؤ الدین نے شرافت ذاتی کے کمال اور فطری طبیعت کی خوبی سے چاہا کہ
طاقت اور اختیار کے زمانہ میں معافی کی خلعت، جو افضل الخصائل اور بلند ترین مرتبۂ فضیلت
ہے۔ اُسے عطا کرے اور نفس قدسی کے نتائج سے، قیس بن احنف، کے حلم کی کہانی کو
منسوخ کردے۔ مگر تمام مخلصوں، خادموں اور مددگاروں نے ملامت کی زبان دراز
کی۔ اور حقیقت بھی اسی طرح تھی جو آخر مشاہدہ سے گذری کہ بمقابلہ اس آستان دولت
آشیان کے احسان اور بڑی بخشائشوں کے۔ اس کے نفس کے جوہر کی خاصیت کس
طرح ظاہر ہوئی اور اُس حال میں حق اور مخلوق کی طرف کی، بال بھر بھی رعایت نہ کی۔
آج جبکہ رب حافر حفرة الخ (بسا اوقات گڑھا کھودنے والا اس میں گر جاتا ہے)
کے گرد پھر رہا ہے اور اپنے ہاتھ کے لگائے درخت سے جڑ کا پھل توڑ رہا ہے۔ نقل سلیم

کب روا رکھتی ہے کہ عادی حلم کی اجازت سے اُس مظلوم صورت ظالم کو تو رہائی دیتا ہے۔ اور پھر ایک دنیا کو اُس کے تجاوز اور ظلم کے ہاتھوں میں گرفتار کرتا ہے۔ حکما نے اجازت نہیں دی؟ کہ دشمن کے قتل پر جلدی کرنی چاہیئے۔ اور جب تک اُس کے مکر اور فریب سے بچنے کا امکان اور دفع کی طاقت ہو اُس طریقہ کو لازم کرنا چاہیئے۔ مگر چونکہ وہ محقق طور پر جانتے ہیں کہ اگر اُسے فرصت اور طاقت ہو گی تو لامحالہ سوائے اکھیڑنے اور توڑنے کے راضی نہ ہو گا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ فرصت کو ضائع نہ کرنا اور روئے زمین اور دل کی سطح کو اُس کے مہلک اندیشہ اور ناپاک عقیدہ سے پاک کرنا اور چند روز جو عمر میں وسعت اور میعاد میں تاخیر ہو اُسے شادی کی صبح سے پیوند اور فتوح زندگانی کا سرمایہ سمجھنا چاہیئے ہے

ایک گھونٹ پانی کا بدسگال آدمی کے (مرنے کے) بعد۔ ستر سال کی زندگانی سے خوشتر ہے۔

اور اس حالت میں بہت سے لوگ مغلوں اور مسلمانوں میں سے منتظر تلوار اور خنجر سے مسلح کھڑے تھے کہ کس وقت حکم ہوتا ہے (قتل مجد الملک کا) کہ اچانک صاحبی کے مددگار اُسے باہر لے آئے اور ایک ہی چشم زدن میں قربانی کے ذبیحہ کی طرح۔ کہ لوگ اس کے اعضاء اور اجزا کے ٹکڑے ٹکڑے کرنے اور چمڑے اور پٹھوں کے اُتارنے اور چھیننے پر حریص تھے۔ عضو عضو اور پارہ پارہ کر دیا۔ اور اس کے خون کو شراب کے خون کی طرح ایک دم پی گئے۔ اور اس کے اعصاب کو آگ پر بھون کر کھا گئے۔

ضروری طور پر چغلی کا سرانجام اور سخاوت کی جڑ اور صاحب کرم خاندان کیساتھ حسد کرنے کا نتیجہ اسی طرح ہوا کرتا ہے۔

اس کے بعد اُس کے ایک ایک عضو کو ممالک کی مختلف طرفوں میں بھیج دیا۔ چونکہ شر کا سر بغداد میں ظاہر ہوا تھا اور ارباب ثروت (مالدار) میں زبان رکھی ہوئی تھی (یعنے گالیاں دیتا تھا) اس لئے اس کے سر کو وہاں (بغداد) بھیج دیا گیا۔

کہتے ہیں کہ ایک شخص نے سو دینار دئے اور اس کی زبان کو کاٹ کر تبریز لے گیا۔ اگر (مجد الملک) زبان کے سر کی (نوک کی) حفاظت کرتا تو انجام کار سر کا نقصان نہ کرتا (یعنے یوں نہ مارا جاتا) ہے

اگر تیری زبان راز دار ہوتی۔ تلوار کو تیرے سر پر کیا کام ہوتا۔ اگر تیرا دل فضول کی جستجو میں نہ رہتا۔ تو تو سر کی جگہ دار (سولی) نہ ہوتی۔

اُس کے پاؤں شیراز بھیجے گئے۔ یعنے ابھی تک چغلی کا قدم وہاں نہیں رکھا تھا۔ اور چونکہ

وہ دست برد کرتا اور ہاتھوں کو پاؤں سے بے ادبی کرنے میں جدا نہیں کرتا تھا اُس کے ہاتھ قاصدوں کے ہمراہ عراق پہونچائے گئے۔

اسی حال کے متعلق بہاؤ الدین جاجی کا ہے یہ شعر ؎

چاہتا تھا کہ وہ آسمان تک ہاتھ پہونچائے (اس کی رسائی آسمان تک ہو جائے)
اُس کا ہاتھ نہ پہونچا (رسائی نہ ہوئی) لیکن اس کا ہاتھ پہونچ گیا (کٹ کر آسمان تک پہونچ گیا)۔

صاحب علاؤ الدین کو بموجب فرمان یاایہا الذین امنوا الخ (اے ایمان والو یاد کرو اللہ تعالےٰ کی نعمت اور احسان کو جو تم پر کیا گیا جب ایک قوم نے ارادہ کیا کہ تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں تو روک دئے اللہ تعالےٰ نے اُن کے ہاتھ تم سے) کے شکریہ کا حق اور حق تعالےٰ کا شکریہ لازم اور فرض ہو گیا اور یہ رباعی کہ صورت حال کو ظاہر کرتی ہے ایک ہم عصر نے بنائی (جس میں مجد الملک کو خطاب کیا گیا ہے) ؎

تو دو تین دن تک وقت کا سردار ہوا۔ ملک مال اور عزت کو ڈھونڈنے والا
بنا۔ تیرے اعضا کو ہر ایک کو ایک ولایت نے لیا۔ خلاصہ یہ کہ تو ایک
ہفتہ میں جہانگیر ہو گیا۔

افسوس! آدمی کا بچہ جو پانچ روزہ حقیر مال کے حاصل کرنے کے سبب اپنے نفس کو اُس جہان کا ایندھن بناتا اور اس جہان (دنیا) میں غیر حاصل چیز کے درد میں مبتلا ہو کر بدنامی کا ذخیرہ اور ناکامی کا نتیجہ جمع کرتا ہے ؎ (از مؤلف)

میں نے مانا کہ تو پہونچ گیا وہاں جس کو تو طلب کرتا ہے میں نے مانا کہ ہو گیا
تو اس طرح جیسا کہ تو چاہتا ہے۔ (یہ) نہیں؟ کہ جس نے کمال حاصل کیا
اُس کے پیچھے نقصان ہوا نہیں؟ کہ جو کچھ چرخ مینا نے دیا پھر واپس لے لیا۔

؎ کب اس سرزمین میں سر نچا کرتا ہے؟ ہر وہ شخص جو سرداری کا خیال رکھتا ہے
جو شخص سوائے دوست کے کچھ نہیں پہچانتا۔ جو شخص سوائے یار کے کسی چیز کو نہیں شمار
کرتا۔ اپنا نام درمیان سے نکال لیتا ہے۔ اپنا مطلب زمانے سے اٹھا لیتا ہے۔

شاہی حکم سے حکومت بغداد بدستور صاحب علاؤ الدین کے سپرد کی گئی۔ اور معمول سے زیادہ سلطان احمد نے اس کو تحائف دئے اور خاص خلعت اور جھنڈا دیا اور زمانہ نے اپنے کئے سے معافی مانگی۔

اگرچہ صاحب کے دل میں گوشہ نشینی کی نیت موجیں مارتی تھی اور نچا چاہتا تھا کہ

پھر اس بڑے کام اور گہرے دریا (حکومت بغداد) میں داخل ہو اور ظالم زمانہ کی جزا اور کمینہ شوم مرتبہ اور مال کی محبت کے بدلہ دینے کے لئے فراغت (علیحدگی اور گوشہ نشینی) کے زمانہ میں باطل لذتوں اور راحتوں کے حقیر سمجھنے سے پیش قدمی کرے۔ مگر جو بادشاہ۔ باوجود اس کے کہ تھوڑا عرصہ ہوا ہے کہ وہ تخت سلطنت پر متمکن ہوا ہے۔ بغیر سفارش کے ذرائع اور چاہنے والے کے اس قدر شاہانہ الطاف اور خسروانہ رحمتیں مبذول کرتا ہے اور جو اس کے (علاؤ الدین) دو خوفناک چیزوں شماتت دشمن اور ہلاکت جان سے رہا کرتا ہے اور مخالف خصم اور حاسد دشمن کو ہر اس چیز کے ساتھ جو اس (دشمن) نے اس (علاؤ الدین) کے مال سے لوٹی اور چھینی ہوئی تھی عرصہ حکومت میں حاصل کر کے اس کے سپرد کرتا ہے کس طرح اس کے سخن کا رد اور حکم کو روکنا عقل اور شرع کے مذہب میں رخصت اور اجازت دیا ہوا ہو سکتا ہے ؟ ۔

ان وجوہات سے عہدہ کو گلے میں ڈالئے اور اس کے ذمہ دار بننے سے اجتناب نہیں کر سکتا اور خود رسم قدیم، زمانہ دراز کی علت اور خو گر عادت ہے کہ اس زمین کا پیدا شدہ آدمی اور اسا محل ہوا کا حاصل (یعنے انسان) تکلیف کے وقت ایام دولت کے یاد کرنے سے طبیعت کو جوش دیتے ہیں (پریشانی کا اظہار کرتے ہیں) اور خوشی کی رات میں غم کو بھلا دیتے ہیں نہ اور بے شک دنیا کا کام جب تک کہ دنیا ہے۔ بے ثبات، بے قرار، زود گذر نے والا اور ناپائدار ہوتا ہے ۔

خوش ہے مرد ہمت، ابراہیم ادہم کی صورت کہ اس بیوفا دولہن کو زفاف (پہلی رات جب دولہن اور دولہا اکٹھے ہوتے ہیں) کی پہلی رات میں ہی یک دلی اور اطمینان کی راہ سے نہ کہ دورنگی اور منافقت سے تین طلاقیں چادر کے کونے میں باندھ دیں اور آشیانہ قناعت کے ایک کونے میں جو فراغت کا گنج خانہ ہے خوش اور آزاد بیٹھ گیا۔ اب پھر قلم کا قدم عادت کے طور پر مقصود کے راہ راست پر رکھتے ہیں (یعنے اب پھر اصل مطلب سلطان احمد کے حالات پر متوجہ ہوتا ہوں)

سلطان (احمد) نے مہمات ملکی کے تیار کرنے اور مصالح سلطنت کے نافذ کرنے کی طرف توجہ کی، نیابت کی راہ سو غو نجاق او غلن کے سپرد کر دی، (آئمہ نائب سلطنت تھا) یام اور منصب صاحب دیوانی پر بدستور صاحب علاؤ الدین کو مقرر فرمایا اور امور ممالک کے بندوبست کو اس کی محکم رائے اور مضبوط فکر کے ساتھ وابستہ رکھا۔ لاجرم ملک اور ملت کی رونق قدر ہا بڑھ گئی اور شہزادوں اور لوگوں کو دینی کوششوں کی خوبی اور تدبیر کی برکت سے آرام اور آباد کر دیا اور لوگوں کو فریدوں کے عدل کی کہانی فراموش ہو گئی۔ اور دین محمدی (اسلام) کا باغ۔ عدل احمدی (سلطان احمد) کی ہواؤں سے روز بروز خوش اور تازہ ہوتا جاتا تھا۔ اور اسلامیوں کے قاعدہ پر لفظ یہ لیچ کی بجائے فرمان اور ایلچی کی بجائے رسول استعمال کرنے لگے ۔

اور ایلخان (سلطان احمد) شراب پینے سے اعراض اور انکار کرتا تھا اور کبھی کبھی شراب
بو کی طرف تعرض اور توجہ کرتا۔

اور شیخ کمال الدین عبد الرحمٰن الرافعی کو سابقہ واقفیت کے ذریعہ انعامات عطا کئے اور
قرب کا رتبہ اُسے ملا۔ اور شیخ الاسلامی اور ممالک کے اوقاف کا، آب جیحوں سے حدود مصر
تک، متولی ہونا اُس کے نظر اہتمام میں کر دیا۔ اور حکم ہوا کہ تمام اوقاف کے مال وقف کرنے
والوں کی شرط کے مطابق نواب شیخ کمال الدین، ائمہ کبار اور علمار نامدار کی حاضری اور
آگاہی کے ساتھ استحقاق کی جگہ تک پہونچا دیں (حق پر خرچ کریں) اور تنخواہیں، وظیفے اور
روزینے، یہود اور نصاریٰ کے طبیبوں اور منجموں کے جو حکام کے تعصب سے دفتر کے کاغذات
میں ہمیشہ درج ہوتے رہے ہیں۔ ساقط کر کے (اوقاف سے بند کر کے) ملک کے مالیہ سے بطور
عوض دے دیں۔ اور حاجیوں کے قافلوں کے سامان مہیا کرنے اور بیت اللہ کے راستہ کی
ضروریات کو ترتیب دینے میں پوری تاکید کے ساتھ احکام نافذ ہوئے۔ اور اس طرح مقرر
ہو گیا کہ ہر دو عزت والے حرمین (مکہ شریف اور مدینہ منورہ) اللہ تعالےٰ اُن کے شرف کو
زیادہ کرے۔ کے اوقاف کی آمدنی جمع کر کے سالانہ حاجیوں کی روانگی کے وقت بغداد بھیج
دیں تاکہ صاحب علاؤ الدین اس کو کعبہ کے خادموں اور عزت والے گھر (بیت اللہ شریف)
کے خزانچیوں تک پہونچا دے اور بے نام بتوں کے مقامات، اور مندر اور نصاریٰ
کے گرجوں کو اہل اسلام کی عبادتگاہیں اور مسجدیں بنا دیں۔ اور ان دینی اور مذہبی ضروری
مہموں کے لئے حضرت کے مقربوں اور خواص میں سے ایک طرف کو ایک ایک روانہ فرمایا اور
اہل علم اور منصبیوں کی خوشامد اور زاہد، متقی، مشائخ، صوفیہ اور فقرا کی تعظیم ہزار گنا بڑھ گئی
اور شیخ کمال الدین عبد الرحمٰن رات دن بادشاہ کے ساتھ رہنے لگا۔

(شمس الدین) صاحب دیوان، نے پایہ تخت میں شروع ہونے کے آغاز اور داخل ہونے
کی ابتدا میں عرض کیا کہ ہر سال اسی تومان سونا خواتین اور شہزادوں کی خوراک اور فتح مند لشکر
کی رسد کی ضروریات پر خرچ ہوتا ہے اور اکثر رقم خواجہ فخر الدین ایداجی کے خاص کاموں پر لگ
جاتی ہے اگر حکم شاہی ہو تو میں امسال اپنے خاص مال سے اس مہم اور ضرورت کو پورا کروں۔
بادشاہ کو یہ بات پسند آئی اور شاہی فرمان نافذ ہو گیا کہ خواجہ فخر الدین ایداجی خوراک کے
کام میں دخل نہ دیوے۔

صاحب نے اس سال خوراک کے مصالح کو واجبی طور پر چلایا اور بیان کیا کہ چالیس
تومان زر سے زیادہ خرچ نہ ہوا۔ اس حد تک کہ جو کچھ اُن کے قبضہ میں ہوتا تھا تلف اور

ضائع سونے کا نشانہ بن جاتا (یعنے زر کو ضائع کیا کرتا تھا خواجہ فخرالدین ایداجی - ورنہ اس قدر خرچ ممکن نہیں تھا) -

اور صاحب (شمس الدین) کی وحشت کا باعث، خواجہ فخرالدین کے ساتھ، یہ تھا کہ سلطان احمد نے ابتداءِ جلوس میں سابقہ خدمات اور قریبی تعلقات کی بنا پر جو خواجہ کو پادشاہ کی خدمت میں حاصل تھے - حکم فرمایا کہ وہ (خواجہ) صاحب دیوان بنے، کمال انصاف سے یہ عذر کیا کہ میری تدبیر کا کمربند کلی مصالح کے احاطہ کرنے سے قاصر ہے اور آفتاب کے ہوتے ہوئے بیوہ عورتوں کے چراغ سے روشنی حاصل کرنا دانائی کا مقتضا نہیں ہے - اگر بادشاہ مہربانی فرمائے تو اُسی پرانے طریقہ اور مانوس حال سے جس کے ساتھ میں اچھے آقا (آباقاخان) کے وقت میں مشہور تھا، اختیار دیا جاؤں اور اوامر و نواہی کی تعمیل کے لئے کمر باندھوں" سلطان نے اس کا استعفا پسند کر کے آخرکار آش بزرگ (خوراک بیگمات وغیرہ) کا کام جو ہولنا گھمر اور بے کنارہ دریا تھا - کمال کفایت سے اس کے سپرد کر دیا -

اس وجہ سے جو گذری "صاحب" کے دل میں اس کے لئے کدورت اور تغیر پیدا ہو گیا اور سوائے اس تدبیر کے جو روح القدس کے رہنما کو موزون اور مناسب ہے، مصالح آش کے چلانے کے التزام سے اپنے خاص اموال سے صرف اس کے مقابلہ کی خاطر اُسے کسی اندیشے نے منہ نہ دکھایا (یعنی اُسے صرف یہی تدبیر سوجھی جو قائد روح القدس کے لئے موزون ہے اور کوئی فکر یا اندیشہ اُسے خیال میں نہ آیا) -

اور ۶۹۳ھ میں کہ اِن سطروں کے لکھنے والے کا اُس طرف کے سفر کے ارادہ کا اتفاق ہوا اُس یگانہ (فخرالدین ایداجی) کی خدمت میں سعادت حاصل کر کے انواع و اقسام کی مہربانیاں حاصل کیں - ایک مصور شخص اور بلند مراتب کے ایک عالم کی صورت میں ہمت کے تخت میں فرمانبردار نفس والا، اس کا محاورہ جاری پانی کی طرح روح کی افزائش کرنے والا اور لطف طبعی مانند شراب کے جوہر کے خوشی بڑھانے والا، دری (فارسی) صنعت کرنے اور ڈھالنے میں اس کی نظم چشمہ کے پانی سے زیادہ میٹھی اور لطافت کی پوشاک میں گل اور نسرین سے زیادہ خوبصورت - ۵

ہاتھ کا سخی، دل کا عادل ہے، ایسا کہ اس کی قیمت میں - بخل اور ظلم سے کوئی حصہ نہیں آیا، مگر - شراب کا پیالہ ساقی کو خالی ہاتھ سے دیتا ہے (یہ اس کا بخل ہے) - تلوار سے قلم کو سرزنش کرتا ہے جو کہ خطا نہیں کرتی (یہ اس کا ظلم ہے)
جس وقت کہ آنکھیں اس کے چہرے سے شرمگین ہوئیں بغیر تعلق خدمت اور وسیلہ معرفت کے

جو بزرگتر مہربانیوں کی جاذب اور اختلاط اور انبساط کا باعث ہوتی ہیں ۔ دلجوئی کی امداد پے درپے شروع ہوگئی ۔ اور طبیعت کی حرکت سے فضائل کے حاصل کرنے میں استعداد کے مطابق رغبت صادق اور میلان کامل ظاہر کیا (محرر کتاب نے ظاہر کیا) اور اس وجہ کہ ہرگز پریس جانے کے گدھے پر سوار ہونے، وطن اور ہمسفروں کی جدائی کی تکلیفوں اور دشوار بوجھوں (سفروں) کے برداشت کرنے کا اتفاق نہیں ہوا تھا کبھی ہجر کے ایام کی درازی اور احباب اور وطن کی جدائی کی سوزش سے اس بیت سے

کس سے ہو مشغولیت نہ اپنے لوگ ہیں نہ وطن ۔ نہ ہمنشین، نہ پیالہ اور نہ بال بچے ۔
بہانہ ہوئی اور وقت گذاری کرتا ۔

جب ملاقات حاصل ہوتی تو وہ (خواجہ فخر الدین) کشادہ روئی اور تیز زبانی میں مشاغل اور موانع کی کثرت اور ہجوم کے باوجود لطف طبع کی بساط کو فراخ کر دیتے (بچھا دیتے) اور اس کے ساتھ اچھی گفتگو، تعلق خاطر کے اظہار، مشاعرہ، اور گذران کی عمدگی سے ہجر اور جدائی کی وحشت زائل ہوجاتی ۔ اور آرزوؤں کے پورا کرنے اور ضروری معاملات کے قضا کرنے میں دم اور قدم (گفتار اور رفتار) سے مہربانی کرتے اور تکلیف سہتے ۔ اور چونکہ زبان عقدۃ لاینطلق" (وہ نہیں بولتا) کا عذر رکھتی ہے اُن اخلاق اور لطف گستری کے شمائل (خوشبو) کے مقابلہ میں میں کہتا ہے

اے وہ کہ تو جہان میں "نادر" ہے اور بندہ تیرے شہر کا مسافر ہے ۔ تجھ جیسے "عجیب" سے کیسے ہوگی رسم "غریب" (فقیر) پروری کی ۔

اور جب اس کی دولتمندی کے میدان کی فراخی، جو اس کی علو ہمت اور سخاوت کے میدان کے موافق اور لائق نہ تھی، مشاہدہ میں آئی ۔ دل پر خیال گذرا کہ ایسا اللہ تعالیٰ کا تائید یافتہ شخص جو تیس سال کے عرصہ تک گردوں غلام بادشاہوں کی ملازمت میں نظر عنایت سے دیکھا جاتا رہا اور اُن کے جلیل القدر کاموں کا ذمہ وار رہا اگر آفتاب کی مانند سونے اور دنیا کے حاصل کرنے پر نظر رکھتا یا شگوفہ کی طرح سامان چاندی کی طرف میلان تو اُسے جہان کے خزانے حاصل ہوتے ۔ مگر ہیہات (نہیں ہرگز نہیں) یہ مرد توفیق دیا ہوا عقلمند، روشن روح، جس کے فکر کی آنکھ بصیرت کے روشن سرمہ سے روشن ہوتی ہے ۔ کب رنگدار مٹی سے بچوں کی طرح مانوس بلکہ متوجہ ہوتا ہے اور اس جہان کی جاہ و حشمت اور فانی تودہ کی مٹی (دنیا) کے بولنے والوں اور نہ بولنے والوں (جانور، روپیہ پیسہ وغیرہ) سے، ذکر باقی کا حصول، جس کے بغیر دوسری زندگی کی حقیقت کچھ نہیں ہے، اختیار

نہیں کرتا - ؟

اور اب حال اور صورت کی زبان بغیر تکلیف قال (ظاہری زبان اور بتلانے) کے عادل گواہ ہے کہ طبعی سخاوت کے مشاہدے اور اصلی کرم کے نتیجہ کے ذریعے سے صحبت کے تھوڑے عرصہ میں بعد اس کے کہ وہ اس آستانہ غرور (دنیا) سے خوشی کی منزل (بہشت) میں پہونچ گیا ہے اور اس کے ناز و نعمت اور عذاب کا کوئی نشان باقی نہیں رہا۔ صرف قلم کے چلنے سے وہ تختہ کاغذ کے صفحہ پر سیاہی کے لعاب کے قطرہ کی مدد سے کس طرح مطالعہ کرنے والے اس کے ذکر جمیل کو اس غرض سے ؎

نوجوان کی یاد اس کی دوسری زندگی ہے اور اس کی حاجت ۔ وہ ہے
جو اس نے کھا پی لیا اور عیش کی زیادتی محض شغل ہے ۔

پڑھتے ہیں (یعنے نوجوان کا ذکر خیر۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی یاد دوسری زندگی ہے) اس تشبیب (قصیدہ کے شروع میں تکالیف کا اظہار کرکے پھر معشوق یا محبوب کی طرف گریز کرتے ہیں) کی لمبائی سے مقصد یہ ہے کہ ایک روز ایک جماعت اس علاقہ کے اہل فضل اور مشہور لوگوں کی جو خدمت میں طواف کرنے والے اور محرم راز تھے مجلس اُنس میں حاضر ہوئے اور ایک لحظہ غیر کی جولانی کو بند رکھا ۔ اس اثنا میں حکایت جو شروع ہوئی تو ذکر شمس الدین صاحبی" اللہ تعالےٰ اس پر اپنی رحمت کی ٹونٹیاں کھول دے ۔ جو اخبار کی پوشاک کا نقش اور کہانیوں کے ہاروں کا بڑا موتی ہے ۔ کا شروع ہوا۔ اس تعلیق (کتاب) کے منشی (مصنف) نے اس وحشت، جو صاحبی کے روشن دل کو اس (خواجہ فخرالدین) کے ساتھ حاصل تھی ۔ اور پہلے اس کے متعلق اشارہ ہو چکا ہے ۔ کے اسباب سے دریافت کیا اور تعجب کیا ۔ سخت اور پختہ قسموں کے ساتھ شک کا پردہ بصیرت کے سامنے سے اُٹھا دیا اور بیان کیا کہ اس صاحب قران کی خدمت کے ساتھ خصوصیت کا کوئی داغ اور دشمنی کا کوئی عیب نہ تھا ۔ مگر ہر چند کہ میں محبت کے کعبہ کے گرد طواف کرتا اور قبلۂ اخلاص کی طرف منہ کرتا ۔ صاحبی کے دل کو زیادہ نفرت والا پاتا اور اعراض اور تنگیٔ دل زیادہ مشاہدہ میں آتی ۔ اور باوجود اس کے کہ اس کی مہربانی اور اپنے حال کی صلاحیت کو مشکل کی گرہ میں پاتا ۔ اور عنایت، الفت باہمی، رعایت اور تلطف ہونے سے ناامید ہو گیا ۔ دیگر، دولت کا بدخواہ اور اس کے مرتبہ کا قاصد نہیں ہوں اور روبرو اور پس پشت مراسم خدمت اور مبالغہ صفت میں زیادتی کرتا ہوں ۔

اور دلیل اس پر آتش بزرگ کے کام سے اجتناب کے زمانے میں جب مجھے

معرض مؤاخذہ میں لے آئے تھے یہ دو تین بیت جو زیور فارسی میں حقیقۃً خلل سے خالی ہیں اور لطف طبع کے چشمے اس کے الفاظ سے جاری ہیں نے انشا (تصنیف) کئے اور اسکی خدمت میں بھیج دئے ؂

ہمیں ناامید نہ کر کیونکہ ناامید۔ تمام لوگوں کو ذلیل آنکھوں سے دیکھتا ہے
نہیں ڈرتا اور تمام چیزوں کی فکر کرتا ہے۔ سوتا ہے اور بہت خواب دیکھتا ہے سنتا
ہے اگر مرد غافل فرصت کے وقت۔ دل کو نگاہ رکھے اور کام کو دیکھے۔

ان مطالب نے "صاحب" کے کانوں میں تاثیر نہ کی اور یہ قطعہ (ذیل) غریب ترکیب اور لطیف تمثیل کے ساتھ رحمت نامۂ آسمانی (قرآن کریم) کی آیت سے، جو مشتمل ہے لطیف دھمکیوں اور جرائم کے اعتراف اور اقرار پر۔ انشا کا ساختی (لکھا گیا) اور انشاد (شعر پڑھنا) کا مرہون ہوا۔ (قطعہ)۔

"لو ترجی" پڑھا ہے مجرموں نے تیرے سامنے۔ تیرے عفو کی ہمت نے بڑائی
کی وجہ سے۔ از راہِ مہربانی آیت "و لکن" کو۔ نہیں پڑھا۔ کیا خوب رحیم اور
کریم ہے۔ تعظیم کے لئے اور اس معنی کے عکس اور خلاف۔ میں نے ایک نکتہ
حاصل کیا ہے در یتیم کی طرح۔ تو کریم ہے اور تو نے کریم کام کیا ہے۔ سچ تو یہ
ہے کہ سیب دو ٹکڑے کیا گیا ہے۔

عذر اور مقام استغفار میں قیام کرنے کے اس قدر تعلقات اور اسباب کے باوجود "صاحبی" کی نفرت کی گرہوں سے ایک گرہ بھی ڈھیلی اور سست نہ ہوئی اور کسی وجہ سے غلام کے تدارک کے خیال میں نہ پڑا۔ بلکہ دیگر اسباب کا مرہون ہو گیا۔"

جب یہ حکایت ہو چکی حاضرین میں سے جو واقف حال تھے کسی نے شہادت طلب کی ہر ایک نے ایک داستان موافق اس طریقہ کے او مناسب اس طرز کے بیان تک پہونچائی۔

افسانہ کے دفاتر لکھنے اور احوال زمانہ کے عجائبات بیان کرنے کے بعد پھر اصل بات کی طرف آتے ہیں (یعنی پھر سلطنت سلطان احمد کے حالات لکھتے ہیں)۔

سلطان احمد قواعد عدل اور انصاف کے بچھانے اور ابواب ظلم اور تنگی کو مسمار کرنے میں نہایت مبالغہ کرتا تھا۔ "صاحب دیوان" نے بیان کیا کہ "چونکہ سلیم الاعتقاد بادشاہ اسلام کے جھنڈوں کو بلند کرنے اور دین محمدی، اس کے صاحب پر صلوٰۃ اور سلام ہوں، کے جاری کرنے کی نشانی کے جتلانے میں سچی رغبت اور صاف نیت رکھتا تھا۔ بلاد مصر اور شام کے بادشاہوں کے ساتھ موافقت کا اظہار اور مطابقت کا اعلان اختیار کرنا شروع کیا تاکہ

مخالفت کی تلوار طرفین (دونوں طرف) سے غلاف میں چلی جائے اور تاجروں اور مسافروں کی آنے جانے کی راہ بغیر کسی شک کے کھل جائے۔ اور تشویش میں ڈالنے والے مادے اور جھگڑا پیدا کرنے والے اصول ایک ہی دفعہ منقطع اور جڑ سے اکھڑ جائیں۔ اور اگر کسی مصیبت کے دفع کرنے کے لئے امداد کی ضرورت پڑے تو بموجب طریقہ میں اتحاد اور مسلک یقین کے پکڑنے کے پشت پناہی، اور مددگاری میں کوشش کے قدم سے ساعی ہوں۔ اور متابعت اور اطاعت کی شرائط کی رعائت کریں اور بوجہ اختلاط کے آوازے کے مشہور ہونے اور ایک دوسرے کے شریک ہونے کے ذکر کے پھیل جانے سے اہل اسلام کے دل مطیع اور نافرمان شہروں اور اطاعت کرنے والے اور سرکش علاقوں میں بادشاہ کی غلامی کی طرف۔ اللہ تعالےٰ زیادہ کرے اس کو محبت اور مسرت میں۔ مائل ہو جائیں۔

چونکہ یہ بات خالص مصلحت کو متضمن اور ملک و ملت کے بڑھنے اور رونق کا موجب تھی لہذا حکم نافذ ہوا اور شیخ کمال الدین عبدالرحمٰن کو ایلچی گری اور سفارت پر مقرر کیا جو بشارت دے بادشاہ کے مذہب اسلام میں داخل ہونے اور خطۂ یقین کی راہ لینے پر خوش ہونے کی اور یاد دلائے دو کے درمیان اصلاح کرنے اور نفرت اور عیب کے طریقے سے بعید رہنے کی۔

آدمی بھیجنے اور خط و کتابت کرنے کے بعد بڑے قاضی قطب الدین شیرازی اور اتابک پہلوان کو ایک خط بھیجا۔

جب ایلچیوں کے آنے جانے سے طرفین کے درمیان مطابقت کے راستے کھل گئے تو شاہزادے اور امراء سلطان کی موافقت اور اشتراک سے بادشاہان مصر کے ساتھ اور اُن کے درمیان دوستی اور صداقت کے شروع ہو جانے سے فکرمند اور خائف اور مسلمانوں اور اسلام کی قوت ظہور سے اپنے اوپر پیچ و تاب میں پڑ گئے۔

اور سلطان احمد کے جلوس کے وقت شاہزادہ ارغون نے دوسرے شاہزادوں سے مل کر آقا (بڑے بھائی) کے خان ہونے پر معاہدہ اور پیمان کیا ہوا تھا۔ اس کے بعد وہ سغورلوق کے ارادہ سے چلا گیا امراء کے ایک گروہ کے بھڑکانے سے اُس کے دل میں تغیر کا غبار پیدا اور مخالفت کی علامات ظاہر ہو گئیں۔ اسباب مقابلہ کی تیاری اور مخالفت کے ابواب میں مشغولی کے خیال میں بادشاہانہ فکر کرنے لگا۔ طغاچار کو دمامہ اور جھنڈا دیا اور امیر تومان (دس ہزاری) کر دیا اور قراوناس (ترک قبیلہ) کا لشکر جو جن مانس کی شکل میں نہ کہ آدمی۔ اور مغلوں کے اندر ان سے زیادہ نڈر کوئی نہیں ہوتا۔ اسکے

اہتمام اور گنتی کے شمارہ میں آ گئے۔

اس کی نیت کے تغیر اور اعتقاد کے تبدیلی کی کہانی بادشاہ کی خدمت میں عرض کی گئی تو الیناق جو لشکر گرج کا سپہ سالار اور شجاعت اور بہادری میں مشہور تھا پیغام رسانی کے لئے مقرر ہوا اور امتحان کے لئے حکم اس (ارغون) کے حاضر لانے کا نافذ ہوا۔

(الیناق) جب شاہزادہ (ارغون) کی خدمت میں پہونچا۔ شاہنشاہی مہربانی اور الطاف نے اس (الیناق) کے بے وفا اعتقاد دل کو جس سے ثابت رہنے کی امید کبریت احمر اور اکسیر اعظم کی طرح مفقود ہے۔ عزت دینے کے زیورات اور احسان کے بار گراں سے مقید کر دیا۔ (یعنی شہزادہ ارغون نے بے شمار عنایات اس الیناق پر مبذول کیں) الیناق نے اللہ تعالے کے عطایا، جس کے طوق سے مومن اور مشرک کی ہمت کی گردن طوق دار ہے۔ کی قسم کھائی اور یکتا دلی اور اخلاص پر شاہزادہ کی موافقت اور غلامی میں مضبوط عہد کو تحقیق بنایا۔

جب (الیناق) سریر سلطنت کی خدمت میں واپس آیا۔ بادشاہ کے دربار کی طرف ارغون کے توجہ کے بارے میں عذر، جو شہزدہ دلیران سے بھی زیادہ بیمار تھا۔ بیان کیا "صاحب دیوان" کو صلح باہمی (مابین الیناق و شہزادہ ارغون) کے ماجرا کی اطلاع مل گئی تھی۔ تقریر کی پریشانی اور اس کی حرکات کے متزلزل ہونے سے صلح اور موافقت کی نشانی پانی کی طرح ظاہر ہو رہی تھی۔ اور خود ظاہری شکل اور صورت ہیئات باطنی اور زبان، پوشیدہ حالات کی ترجمان اور بیان کرنے والی ہوتی ہے۔

صاحب نے بادشاہ کی خدمت میں مقدمات کی تمہید کے بعد عرض کر کے "سلطان" کی لڑکی "کوچک" نام کی شادی کر دینے سے "الیناق" کو بزرگ بنا دیا اور اس کی پرورش اور مہربانی اور اس کے مکان اور مرتبہ کے بلند کرنے کا شاہی حکم نافذ ہو گیا۔

اس حسن تدبیر سے مخالفت کی جڑ اس (الیناق) کے سینہ سے اکھیڑ دی گئی اور وحشت اور نفرت کا مادہ اس حکیمانہ علاج سے دفع ہو گیا۔

کچھ دنوں بعد شہزادہ "ارغون" نے "تودشی" کو سلطنت کے سراپردہ میں بھیجا اس بات کی خبر دینے جو سنی گئی کہ "مجد الملک" کی داروغگی اور حکومت ایلخان (آباقاخاں) کے مخصوص کی آگ کے شعلے اور بخت کے ستارہ کے واپس ہونے کے وقت "صاحب دیوان" نے اقرار اور شہادت دی تھی کہ وہ جو کچھ کہ ملکیت میں رکھتا ہے، نقد اور جنس، سامان اور اراضی سب پادشاہ کا ہے اور بغیر حکم بغیر تاخیر اور تردد کے لے لیں اور سپرد کر دیگا (لہذا) اب بارگاہ سلطنت سے یہ التماس ہے کہ اس کو

دوشی کے ہمراہ اس جگہ بھیجا جائے تاکہ وہ بات دریافت کی جائے اور وہ مصلحت فیصلہ تک پہنچ جائے نیز اس (صاحب) نے چند سال تک ہمارے نیک باپ کے ملک میں تصرف کیا اور دخل دیا ہے، اور ہرگز کوئی حساب جو مملکت کے جمع اور خرچ پر شامل ہو پیش نہیں کیا۔ اُس کا بھی جواب دلوائے اور حساب پاک کرے۔"

ان پیغامات کے بھیجنے کا سبب صرف طمع مالی نہ تھا کیونکہ جس وقت آباقاخاں کا واقعہ شائع ہوا (یعنے اس کی وفات کی خبر مشہور ہوئی) اس طریقہ پر جو بیان کیا جاتا ہے اکثر لوگوں نے غلبۂ گمان کی راہ سے کہا کہ صاحب دیوان نے اپنے بھائی (صاحب علاؤالدین) کی رہائی اور اس خیال سے کہ مجدالملک جب اس کام سے فارغ ہو جائے گا تو اس (صاحب دیوان) سے حساب کے پیش کرنے کے درپے ہوگا۔ بعض خواص اور امراء دربار سے موافقت اور صلاح کی کہ بادشاہ آباقاخاں کو زہر قاتل پلا دیں اور اپنے بھائی منگو تیمور کی وفات کو بھی چونکہ اس کے قریب قریب واقع ہوئی تھی اسی روائت سے منسوب کر دیا۔

یہ غلطی شاہزادہ (ارغون) کے دل میں مضبوط ہو کر دوسرے اسباب وحشت کے ساتھ مل گئی تھی۔ سلطان معلوم کر لیا کہ مطلب کی حقیقت کیا ہے؟ اور یہ التماس ایک زہر ہے شربت گلاب میں ملی ہوئی، خونریز تلوار ہے ریشمی کپڑے میں پوشیدہ، اور نا پسندیدہ صورت ہے جو دلکش لباس اور منقش پوشاکوں میں جلوہ دے رہی ہے۔

(سلطان نے) اس کو جواب دیا کہ تمام ملکی اور مالی بڑی مہمات صاحب، دیوان کے زیر اہتمام اور ذمہ ہیں اگر وہ غیر حاضر ہو جائے تو ضروریات خلل اور بیکاری کے معرض میں جا پڑینگی اور دیوان سلطنت میں ایسا شخص جو اس کے قائمقام ہو سکے اور امور کے چلانے کی ذمہ داری کرے کوئی نہیں (لہٰذا) اس کو کس طرح بھیجا جا سکتا ہے؟" قاصد اور پیغام کی طرف سلطان نے توجہ نہ فرمائی اور سوالات (متعلقہ صاحب) پر کوئی غور نہ کیا۔

جوشی تخن تمام کر کے جوش تمام اور نا خوش پیغام کے ساتھ واپس ہوا۔ یہ ٹال دینا (یا قاصد کو دور کر دینا) تذریت کا ضمیمہ ہو گیا، اور دشمنی خیال یا پردہ بطون سے عمل یا ظہور کے مقام تک پہونچ گئی۔ نا موافقت کے سر و دپر مخالفت کے پردہ کی سُر بہت اونچی ہو گئی بلکہ کام پردہ پوشی سے گذر گیا۔

ان حالات کے اثنا میں فضائل کا آفاق غلا" (بلندی) سے جدا ہو گیا (یعنے صاحب علاؤ الدین فوت ہو گیا۔) اور زمانہ نے اپنی عطا اور بخشش میں رجوع کیا جیسا کہ شاعر نے نظم کیا ہے۔

کام جمالک میں تھا، صاحب دیوان، علاؤ الدولت و الدین زمین اور زمان کا صاحب
۶۸۱ھ سنیچر کی رات، چوتھی ذی الحجہ کی صبح کے وقت "اران" میں ـــ
اس وحشت آباد دنیا سے جنت سرائے عقبے میں خراماں پہونچ گیا، اور بلند مراتب کے
ایک جہان کو اپنے ساتھ خاک کے دل میں امانت رکھ دیا۔ ؎ ۔ اسے زمین تو کیا جانتی
ہے کہ کس چیز کو تو نے قبول کیا ہے ؟ ـــ
فضل کی آنکھ خون کے آنسو روتی اور زمانہ حسرت کے ناخن سے آرزوؤں کا چہرہ
چھیلتا تھا۔ ـــ

دل بحر سے آنکھوں کے دریا میں غرق ہو گئے ہیں۔ روح مرغ بسمل کی طرح
خون میں تڑپ رہے ہیں۔ تو جانتا ہے سبب ؟ کہ کیا ہے ؟ اور کیوں فریاد کی
آہ کو۔ قبۂ خضرا کے طاق کی چوٹی پر لے گئے ہیں۔ آسمان وزارت کا چودھویں
کا چاند غروب ہو گیا۔ ایک سرو مانند مراتب کے باغ سے کاٹ لیا گیا۔

صاحب دیوان (شمس الدین) سوگواری کے مقام میں بیٹھ گیا اور چہرے کی سرا کے
صحن کو خون آلود آنسوؤں کے سیلاب سے دھو ڈالا۔ کھانے کی عادت پر نیند سے جدا ہو گیا۔
دیئے کھانے کی طرح خواب کو ترک کر دیا) اور یہ موزون اور سزاوار تھا اور شمع کی طرح رخ
زرد پر آنسو گراتے اور صبح کی مانند دم سرد کے ساتھ کپڑے پھاڑتے ہوئے یہ جان گداز بیت
بار بار پڑھتا تھا ـــ

"گویا کہ میں اور وہ (علاؤ الدین) اکٹھی دو شمعیں تھے۔ ایک شمع گل ہو گئی اور
دوسری جل رہی ہے"

چونکہ وقت جنگ کی ترتیب اور لڑائی کے عزم کا تھا نہ کہ سوگواری اور نوحہ کا موسم،
سلطان نے اس کو خلعت خاص دیگر اقسام اقسام کے تحائف تسلی خاطر کے لئے مبذول فرمائے
پھر امور کی تلافی جوش کرنے والے مادے کے روکنے، اور فتنہ کے موج زن سمندر کے تسکین
دینے میں جو زمین اور آسمان سے اُٹھا ہوا تھا مشغول ہو گیا۔
"ارغون" نے فرمان اطراف میں بھیجا کہ صاحب علاؤ الدین کی جائداد ایلچیوں اور نائبوں
کو دے دیں اور اس کے (مقرر کئے ہوئے) وکیلوں (تحصیلداروں) کو مالیات کے قبضہ
اور تکمیل میں شروع ہونے سے روک رکھیں۔ اور اسی مصلحت سے بولا قاموز کو عراق روانہ
کر دیا۔ اور اس وجہ سے کہ وہ (ارغون) بذات خود اس نواح میں تھا اور اہل عراق خوف
رکھتے تھے۔ طاقت کے جبر سے بعض کو اپنے قبضہ میں کر لیا (بعض مال یا بعض لوگ مراد

ہیں) اور اختلاف کے ذرائع اور دشمنی کے وسائل نے خیالات اور اسباب کے مطابق سلسلہ وار ہاتھ ملایا۔ ہاتھ ملانا کیسا کہ جہان کے کام کو درہم برہم کر دیا۔ کینہ کے پودے نے اپنی جڑ ثریٰ تک اور شاخ ثریا تک پہونچا دی۔ اور کئی دفعہ شاہزادوں کے اجتماع کے وقت حاضر لانے کے لئے جلسہ یا جشن میں ایلچیوں نے متواتر اور پے در پے جلد بازی اور چستی دکھائی مگر سلامتی اور صلح کی راہ سے دوری بڑھتی گئی اور صرف لڑائی اور دشمنی کی راہ ہی پر چلے۔

جب (یہاں سے شرط شروع ہوتی ہے اس کی جزا دو تین صفحوں کے بعد آ گئی۔ اور وہ اس سے شروع ہوگی کہ ارغون نے بغداد کی توجہ کا عزم مصمم کر لیا) تقدیر کے صراف نے گردشوں اور پرکھنے کی دوکان کی قطار پر فصلوں کے پھیرنے کے لئے درست مغربی (سورج) کو میزان فلک (برج کا نام ہے) پر لے گئے اور زمانہ کی ترازو پر پلڑا رات۔ اور رات جب بڑھ جاتی ہے تو دن کمی میں بڑھ جاتا ہے + جھک گیا۔ وکیل روزگار نے عاریت دئے ہوئے سبز کپڑوں کا۔ جو درختوں نے ربیع کے کسوت خانہ سے عاریت لئے تھے فصل اور موسم کے تجدد کے ہاتھوں سے مطالبہ کیا۔ خزاں کے درزی نے گرد آلود بسیط خانہ (زمین) میں شاخوں کے پتوں سے سرخ اور زرد کپڑے (پتے خزاں میں سرخ اور زرد ہو جاتے ہیں) عروس چمن کے کندھوں پر ڈالے (پہنائے) اور نامیہ (نشو و نما کرنے والی قوت) کی روح نبات (سبزی) کی لڑکیوں کی تربیت سے عاجز آ گئی۔ تولید کرنیوالی (بچہ جننے والی) قوت نے رانڈ گھر کا راستہ لیا ؎

باغ کی ماں نے سانڈ بننا اختیار کیا اور جننا چھوڑ دیا۔ وہ کیا کرے؟ نامیہ نامرد ہے اور طبیعت رانڈ ہے۔

اور سعد سلمان کا مبارک سخن (شعر) وقت اور زمانے کے موافق ہو گیا ؎

جب باغ بڈھا ہو گیا اس کا "راز" چھپ گیا۔ جیسا کہ وہ راز ظاہر کرتا تھا جب کہ وہ جوان تھا۔ ہاں جوان اور بڈھا بھی اسی طرح ہوتے ہیں۔ بچے اپنے راز کو دکھاتا ہے اور وہ چھپاتا ہے۔ باغ میں گل، لالہ اور سمن کی بجائے اب ترنج، نرگس اور نارنگیاں ہیں۔ اگر گل ارغوان باغ سے چلا گیا تو کچھ خوف نہیں۔ تو (شراب) ارغوانی لا کہ گل ارغوان کی یاد دیں۔

زمانے کا میزبان چلنے والی ہوا سے انگوروں کی بیت جیسے خزاں کے لشکر کے لئے از سر نو ایک سامان لگانے کا مہیا کر رہا ہے اور چہچہانے والے بلبل کی یا قمری پر نوائے ؎ پتوں کے گرانے والی کو (خزاں) سے جال میں گرانا چاہتے۔ پیالے میں خوشہ

کہ اس سے طرب اور خوشی کا ساز و سامان مہیا ہو سکتا ہے۔
گا رہی ہے۔ باغبان صحن چمن میں درخت گل ارغوان اور سمن کے نیچے سے رہائش کا سامان اٹھا کر سرو سایہ افگن کے قریب لگا دیا۔
اور جب سبزہ اور گل کی خنکی اور یاسمن اور سنبل کی بہجت اور طراوت کے دن، دوستان سہل کے عہد اور زنان حسین کے وصال کی مانند بے ثبات نظر آتے تھے۔ ؎

تیرے وصال کی رات عجیب جلدی گذرنے والی ہے، شاید۔ تیری شب وصل نسبت رکھتی ہے جوانی کے روز کے ساتھ۔

عہد اور وفا کے شکریہ کا ذکر قوت متخیلہ کے ورق پر رکھ کر قمریوں اور کبوتروں کے دلنواز گانے اور بلبلوں کے زمزمہ اور چہچہانے کے عوض، باغ کی مجلس میں۔ زاغ کی آواز اور بے گانے کوے کی کائیں کائیں رہ گئی۔ اور اہل زمانہ تعجب کی آنکھوں سے دیکھتے۔ اور زمانہ حال کی زبان طعنہ مارتی ہوئی۔ کہتے تھے کہ اے آسمان! کب تک حالات کی ان تبدیلیوں کے ساتھ، اور اے روزگار! کس قدر اس گردش تلخ بے حد سے۔ ان دائمی حرکات سے تو کیا چاہتا ہے؟ اور ان تغیرات پر کیا بنیاد رکھتا ہے؟۔ ؎

کب تک؟ اے آسمان جہان کے گرد پھرتا رہیگا۔ دن اور رات اِدھر اور اُدھر پھرتا رہتا ہے۔ مٹی آدم بن گئی اور آدمی مٹی ہو گئے۔ تیرے دور ہیں۔ اور تو اسی طرح گردش کرتا ہے۔

نہ تو بہار کی نسیم اور باغوں کی فراخی اور تازگی۔ زمانہ گرما کی زہریلی لو سے محفوظ رہتی ہے۔ اور نہ گرما کے باغ کے برگ و بار حریف خریف کی ترکتاز (حملہ) سے امان حاصل کرتے ہیں۔ اور نہ خزاں کے خزانہ خانہ کے رنگدار ریشمی ملبوسات سرما کے صدمہ کی لوٹ اور چھینے سے سلامتی دیکھتے ہیں۔ اچھا کیا ہے تو نے (شاباش) اے کہ تیری جان پر فدا ہو جاؤں۔ ؎

برسات پرسوں تھی اور کل گرمی کا دن۔ آج خزاں ہے اور کل ہوگی سردی۔

اس عرصہ میں جلالی[1] بارہ مہینوں کے مجموعہ اور زمانے کی تاثیرات کی شرح کے لئے زمرۂ بشر کے واسطے مؤلف کی آتش کی تیزی والی طبع کے فارسی پانی سے جو دشمنوں کے لئے آتش پارسی (باد فرنگ) کی طرح جلانے والی اور دوستوں کے لئے نسیم عراقی کی مانند موافق۔ یہ کلمات تالیف کئے گئے۔ نظم۔

فروردین سے جو اعتدال کا موسم ہے۔ جہان نئی دلہن کی مانند خوبصورت ہے۔
اردی بہشت مہینہ کی تاثیر سے۔ جانوں میں روح بہشتی پہونچ جاتی ہے۔ ماہ خرداد

---

[1] یہ جلالی مہینے حیدرآباد دکن میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ آذر۔ دے۔ بہمن۔ اسفندار۔ فروردین۔ اردی بہشت۔ خورداد۔ تیر۔ مرداد شہریور۔ مہر۔ اور بارھواں ماہ آبان ہے۔ ۱۲۔ من المترجم۔

نے ہمیں خرمی دی ہے۔ نشو عالم کے کمال کو آباد کر دیا ہے۔ ماہ تیر میں خورشید کا اوج ہوتا ہے۔ جس سے رخسار امید چمک جاتا ہے۔ مرداد سے بے حد فریاد ہے با خور کی۔ اپنے سایہ میں اچھی طرح چلا کا م حور کے ساتھ۔ شہریور میں تجھے سہیل نظر آئیگا۔ چمکتا ہوا مانند پیشانی معشوق کے۔ ماہ مہر میں خزاں کی نوبت آجاتی ہے۔ چلنے والی ہوا انگوروں کے پتے لے جاتی ہے۔ جب نجومی ماہ آبان آجائے۔ تو معشوق طلب کر جو مانند چکدار چاند کے ہو۔ آذر میں تجھے زمستان سے مژدہ ملیگا۔ حجرہ سے شبستان کی طرف انتقال کر۔ جب آجائے سرد ہوا اور ماہ دے کا دل۔ تو بھی شتا کا الٹا لفظ (آتش) اور پیالہ طلب کر جب ماہ بہمن میں زمین چاندی کی طرح ہو جائے۔ شراب پیالہ میں ہو جیسے روح ہے بدن میں۔ اسفندار کے مہینہ میں پھر آگ پڑتی ہے۔ اور نہیں ہے سردی کے لئے مانند آگ اور شراب کے۔ جب آجائے پنجہ چوری کیا ہوا، بغیر جلدی کے چراپنی عیش سے حصہ عمر کے لئے۔

تواریخون نے (یہاں سے جز شروع ہوتی ہے) توجہ بغداد کا ارادہ مصمم اور پختہ کر لیا اور مدینۃ السلام (بغداد) کے نائبوں کو انتقام کی چاشنی چکھائی۔ (یعنے ان سے انتقام لیا) موجودہ خزانہ لے لیا اور سالہائے گذشتہ کے بقایا کے علت میں رقم مقرر کرکے حاصل کرنے کی کوشش کی تفتیش بخشی، لوٹا تا مور اور طغا چار نے مصالح کے مہیا کرنے اور ضروری امور کے حالات میں غور کرنے کے لئے پوری کوشش کی۔ جب مال کے حاصل کرنے سے فارغ ہو گئے تو ۱۸۹؁ھ میں لشکر کے ساتھ بلاد مشرقی کا ارادہ کیا۔ اس تدبیر میں کہ کسی طرح موروثی تختگاہ دشمن دولت کے قبضہ سے باہر کرے۔ اور دشمن کے بخت کی آنکھیں خون سے پُر کرے۔ دن کو رات کے ساتھ ملاتا ہے عنقریب اللہ تعالیٰ فتح دیگا یا اور کوئی بات اپنی طرف سے ظاہر کرے گا۔

چونکہ ملک گیری کا اندیشہ بغیر امداد مردوں اور موافقت مال کے محال نظر آتا ہے ان اسباب کے حاصل کرنے میں جو حصول مطلوب کی طرف پہونچاتے ہیں ہمت صرف کر دی۔

صاحب معظم وجیہ الدین

ان باتوں کے اثنا میں امیر علی بتکچی اور منشیوں کی ایک جماعت نے بعض امراء کے سکھانے سے شاہزادہ کی خدمت میں بیان کیا کہ صاحب معظم وجیہ الدین زنگی فریومدی ابن صاحب سعید عز الدین طاہر۔

طاہر وہ پاک ذات ہے کہ اسے آسمان کہتا ہے۔ طاہر کا سینہ گوہر ہے اور صاحب

ٰ گرمی کے ساتھ سخت دن ۱۲ سلہ برف باری ہے ۱۲ سلہ تین سو ساٹھ سے اوپر کے پانچ دن ۱۲

طاہر نسب ہے"
(جو بزرگیوں، طاقتوں اور بلند مراتب کی گٹھڑی کا منہ اور ملوک، بزرگ لوگ اور اعلےٰ مراتب اشخاص کی چوٹی کا تاج تھا جس کی آبرو شریف کی پاکیزگی، آسمان کی ترکیب کی مانند عیب سے محفوظ اور جس کے بلند قدر کی بزرگی، چہرۂ آفتاب کی طرح تکلف کی چھائیوں سے مامون تھی) اعمال خراسان اور اس کے مضافات کی حکومت کے عرصے میں ہر سال کئی تومان اپنے خاص کاموں میں خرچ کرتا رہا ہے اور اقسام اقسام کے جھوٹ اور بہتان فریب کے زیور میں تنہائی میں ظاہر کئے۔

شہزادہ نے اس کے گرفتار کرنے اور سپرد کرنے کا حکم دیا۔ چونکہ طاہر نسب والا روشن اعمال والا، پاک اصل والا، اور بلند مرتبہ آدمی ہرگز ذلت اور خست میں اپنے جسم کو نہیں ڈالتا اور مصیبتوں کی موجوں کے جوش مارنے اور مصیبت کی فوجوں کے سامنے آجانے کے وقت ذلت اور گھبراہٹ کی علامات اپنے سے نہیں دکھاتا۔ اور جب کہ میلی گذران کے کیچڑ میں پڑتا ہے اور بلا کی راہ گذر پر مضطرب حاصل ہوتا ہے، تو صبر اور برداشت کے مضبوط عروہ (دستہ) میں مضبوطی اور قابو کرنے کا ہاتھ مارتا ہے اور زمانے کی گردشوں کے تیر کے لئے بچانے والی سپر ثابت قدمی اور استقرار کی پیش کرتا ہے اور حیرانی اور پریشانی کی طرف کو جو پریشانی کا مادہ اور دوست اور دشمن کی تشنیع اور ملامت کا باعث ہوتی ہے چھوڑ دیتا ہے۔

خواجہ وجیہ الدین نے اس مصیبت کے روکنے میں، جو ناموافق زمانہ کا منصوبہ اور گردش کرنے والے آسمان کا کھیل تھا، فریاد اور استغاثہ کو دل میں راہ نہ دیا اور بیگمات اور امرائے التجا نہ کی۔ ع

جب نیاز کا کو توال تیرے ہاتھ سے وظیفہ خواہ ہے۔ تو مکین، کا ڈر نہ کر اور طغیان، سے پناہ نہ مانگ۔ دل کو مشکل کی طرح گلے میں نہ ڈال کر، تن کو پیالہ کی طرح کمر بند میان پر نہ طلب کر۔ اگر دونوں (قوتیں) جاتی رہیں تو کرنے کی طاقت نہ جائے۔ اس سے گلہ نہ کر۔ تلاش کر اس سے امداد نہ مانگ۔

مگر دولت (وجیہ الدین) کے خیر خواہوں اور مددگاروں نے جو وہ لوگ تھے عدم تواضع، عدم التجا، اور کسی سے امداد نہ طلب کرنے پر درشتانہ عتاب کئے اور رنجشیں کیں اور شفاعت اور ملاپ میں مبالغہ کیا۔ ان کی پاس خاطر کے لئے مولانا (؟) "طوفان قہستانی" کو ایک خط لکھا اور اس قطعہ کو جو مطلب کو متضمن ہے بیان کیا۔ قطعہ:

کس طرح گردشِ فلک پیر کی جوانی از سرِ نو رکھوں - میری مشک (جوانی) کافور (بڑھاپا) ہوگئی اور میرا ارغوان (سرخ چہرہ) ملیحی (زرد) ہوگیا - میری آہ بادِ خزاں کی طرح سرد ہے یہ عجیب نہیں جب کہ بہارِ عمر کی بہار کو تاریک ایام نے لے لیا - ماہ قہر اور تیر میرے ساتھ سخت بدمہر ہوگئے - اے مسلمانو! فریاد ہے ماہ قہر اور تیر کے ظلم سے - میری تیر کی طرح سیدھی قد چاچی کمان ہوگئی ہے اس لئے کہ یار دور پھینکتا ہے ہمیں اپنے نزدیک سے تیر کی مانند آسمان نے مجھے حادثات سے گوشمالی دی مانند رباب کے - لاجرم چنگ کی طرح میری رگوں سے فریاد نکلتی ہے - جو کچھ میرے ساتھ زمانے نے کیا ہے وہ بہت کے ساتھ کیا ہے - صبح کے وقت میں امیر تھا اور رات کو قیدی - میں کل صاحب اعظم وجیہ الدین تھا - ملک کا فرماں روا اور بادشاہ عالم کا وزیر - روز رنج کے دفع کرنے کے لئے زر کے خزانے رکھے ہوئے تھے - (اب) میرا رنج زر نے بڑھا دیا اور زر میری دستگیر نہ ہوئی - اوروں کے مال پر بھروسہ ہرگز کسی نے میری طرح نہیں کیا - میرا مال سانپ کی طرح ہوگیا اور میں مانند سانپ پکڑنے والے کے - میں عزیز مصر کی طرح تھا اب سی کی طرح ذلیل ہوگیا ہوں مجھ سے اور دورِ فلک سے اگر تو عقل رکھتا ہے تو نصیحت حاصل کر - تو نے دولت سے سر اونچا کیا ہے مہربانی کر کے امداد کر - تجھے خدا تعالیٰ نے توفیق دی ہے گرے ہوؤں کا ہاتھ پکڑ - یہ وہی دہر ہے جس نے لشکروں والے بادشاہ سے تاج چھینا - یہ وہی چرخ ہے جس نے نوشیرواں سے تخت لیا -

اس (طوغان قہستانی) نے جواب میں یہ بیت لکھے -

سالہا جمشید کا جام تیرے ہاتھ میں رہا جب تو نے نہ پیا تو کوئی کیا کرے - تو جیتا گیا ہوتا اور تیرا نقش آیا ہوا تھا جب تو ٹیڑھا (ٹیڑھی طرح) ہار گیا کوئی کیا کرے تیرے پاس گوہرِ شب چراغ تھا لیکن جب تو نے خود پھینک دیا کوئی کیا کرے - رہوار گھوڑا (تیرے پاس) تھا اور میدان خوش - جب تو نے برا دوڑایا کوئی کیا کرے -

خلاصہ اس مطالبہ اور جواب میں کہا کہ بادشاہ (ارغون) حکم فرماتے - کہ امراء دربار کے روبرو، حساب کی واقفیت رکھنے والے منشی، میری پڑتال اور حاصل کئے ہوئے مال (آمدنی) کو دریافت کریں - اگر کوئی چیز ملاوٹ، رشوت یا غلطی اور اصول

اموال کے معطل کرنے کے طور پر جیسا کہ والیان اطراف کی عادت ہے، اس طرف عائد ہو جائے تو ہر ایک دینار کے عوض ہزار دینار دوں۔ ورنہ بادشاہ کی رائے پر جو غیب کی صورتوں کے جمال کا آئینہ اور زمانے کے رازوں کے دفاتر کا طلیعہ ہے۔ ارباب غرض کی فریب بازی اور اصحاب طمع کا مکر روشن ہو جائے گا۔ اور جیسا کہ بادشاہانہ بے مثل ہمت تقاضا کرے ان کے اعمال ناپاک اور بد افعالیوں کی سزا کا حکم دیوے"

اگرچہ دربار کے متعلقین اور شاہزادہ کی سلطنت کے خدام، علم الیقین سے جانتے تھے کہ اگر دیوان کے عطارد کی رائے والے محاسب، جو آزمائش اور امتحان کے قانون کے منشی اور امور تجربہ کے ناظر تھے۔ دن کی سفیدی اور رات کی سیاہی میں اذکار کے روزنامچہ کو نقل کرتے اور حساب کی تحقیق، سرنامہ لکھنے، تعلیق اور تحریر میں مشغول رہتے۔ ممکن نہ تھا کہ اس کے معاملات کے مقابلہ میں مجمل یا تفصیل وار کوئی حرف ظاہر ہوتا (غلطی ظاہر ہوتی) کیونکہ محاسب عقل نے اس پر "لا یجہی" (نہیں جاری ہوتا) کا قلم چلایا۔ اور اس کی منضبطی کے کمال اور ذکاوت کے مجموعہ کے میزان سے ہمیشہ منہ رکھتا ہے

مگر ارغون، زر (پیسہ) چاہتا تھا نہ کہ جواب قانون صواب کے مطابق۔ زر کے عوض قیمتی سخن کی قدر نہیں رکھتا تھا۔ اور موتیوں اور نادر یاقوتوں کا طالب۔ یواقیت المواقیت (نام کتاب) اور درۃ القصر (نام کتاب) کی حمائل کے موتیوں کو کیا کرتا۔

قوام الدین بخاری، بولوخان کے ساتھ شیراز سے کیا گئے ہوئے، "ارغون" کی خدمت میں پہونچ گئے تھے اور مملکت شیراز کو شاہزادہ کی نظر میں رونق دے کر بے محل پڑ گئی۔ ان کو (شاہزادہ ارغون نے) تحائف عطا کئے اور قوام الدین بخاری کو اپنے دربار میں محاسبی کا منصب عطا کیا۔

ان اوقات کے درمیان اس کو امرا نے خواجہ وجیہ الدین کے پاس بھیجا۔ اس نے بیان کیا کہ ایلخان (ارغون) نے مال میں طمع زیادہ کیا ہوا ہے اور شفقت اور مہربانی کا مادہ کم ہے۔ منشیوں کی تعیین اور پرتال پر رغبت، ایک بہانہ ہے مراد اور مقصود تک پہونچنے کا۔ ایسی آبرو کی پاکیزگی اور شریف اصل کی حفاظت کے لئے اس طرح زیادہ لائق اور مناسب ہے کہ اس روپیہ پر مصالحت کی جائے اور رواداری اور درگذر کو طلب کیا جائے اور خوشنودی اور خوشی کے معاملے کے لئے "اطراح و افراح" (مال پھینکنے اور خوش رہو) پر کار بند ہونا چاہیئے۔ اور حکایت صاحب علاؤ الدین کی۔ کہ یہ تقریر اور گفتگو ایک نقد ہے اسی ٹکسال پر ڈھالا گیا۔ اور بے شک ہے اسی تانبے اور پانے سے

بچی ہوئی۔ ایک تلچھٹ ہے اُسی شراب کے مٹکے سے۔ اور ایک قطرہ ہے اُسی سیلاب سے۔
پھر آفتاب پر تو دل کی یاد میں لائی جاتی ہے۔

سفیروں کی آمد و رفت اور ناصحوں اور خیر خواہوں کے تردد کے بعد اس پر فیصلہ ہوا کہ پانچ سو تومان خزانہ میں ادا کئے جائیں۔ تین سو تومان نقد اور دو سو تومان کے مویشی، غلہ، قیمتی لباس اور سامان۔

صاحب وجیہ الدین کے ایک معتبر نائب نے اس وقت نفس کے ردی جوہر کو ظاہر کیا اور سانپ کی طرح چغلی کی زبان کو باہر نکال کر کہا کہ "اس (وجیہ الدین) نے ایک خط (فہرست) جو مشتمل تھا عمدہ ذخیروں اور نفیس جواہروں کے ذکر پر ان چند ایام میں اپنے ایک خاص آدمی کے ہمراہ "طوس" میں بھیج دیا ہے کہ بطور امانت کے فلاں معتمد کے پاس پہونچا دے۔" فوراً انہوں نے ایلچی کو اس مہم (ضروری کام) کے لئے روانہ کر دیا۔ موضع معین میں ایلچی کی۔ اس پیغام کے پہونچانے والے اور اٹھانے والے سے ملاقات ہوئی۔ اُس نے فہرست (یا خط) لے لی۔ اور فوراً واپس ہوا۔

جب خزانے، نقدی اور دفینوں کی کثرت پر اطلاع حاصل ہو گئی تو مقرر کرنے اور قبول کرنے کے تقاضا سے کہ وہ دو سو تومان کے مویشی اور جنس دے گا۔ اعراض اور انکار فرمایا۔ مجبوراً پانچ سو تومان کی ادائیگی کا ذمہ دار ہو گیا۔ دیکھنے والے بیان کرتے ہیں کہ ایک ہی دن میں قریب تین ہزار من خالص سونا وزن کیا اور رکھا گیا اور تقاضا کے لئے تیار ہوا اور اشیاء اور کپڑے، فیروزہ کوہ ہرو، ہرات کے خزانہ اور دیگر خزانوں سے نکال کر لے گئے۔ اور جاگیروں کی آمدنی، ضروریات ملکی اور اخراجات میں خرچ ہو گئی۔ سوائے اس کے کہ اُن کے فوت اور ضائع ہو جانے پر اُس نے حسرت اور ندامت کا اظہار کیا۔

نصیحت متعلق دنیا | دنیا دنیا کے بازار میں خوش ہے وہ بزرگ ہمت جو سوائے تجرید (قطع تعلق دنیوی) کی پوشش کے نہ خریدے اور زیادہ حاصل کرنے کی نظر سے کہ حرص۔ آدمی کے لئے دنیا میں زیادتی، نقصان ہے + اُس کے نقصان ہی کے متاع میں نہ دیکھے، اور دل اُس کے فانی ہو جانے والے مال پر نہ رکھے اور جان نازنین پر محنت اور مشقت کے چاروں دروازے نہ کھولے "دنیا کی محبت ہر گناہ کی جڑ ہے" کا دانہ سینہ کی زمین میں نہ بکھیرے اور یہ سونا لوٹ لینا تیرے دین کو اُس کے تعلق سے خوش ہو کر نہ رہے۔ تاہم اول مال کے حاصل کرنے تگا پو سے اور اندیشہ سے فارغ ہو گیا اور آخر میں زوال کی حسرت اور ندامت سے، جو زوال اور مال کے وجود کو لازم ہے، خلاصی اور رہائی حاصل کی۔

"صاحب الدیوان شمس الدین" اس چشم زخم (نظر بد یا نقصان) کے سننے سے، جو کہ چہرۂ اقبال کے لئے فساد کا فال تھا۔ غمگین ہوا کیونکہ آپس میں رشتہ داری کی نسبت اور ہمسایانہ کا تعلق پختہ اور مؤکد۔ اور اختلاط باہمی کے تعلق کے ذرائع، وابستہ اور گانٹھے ہوئے تھے۔ اس حال میں ایلچی بھیجے اور خط اشرف سے تسلی نامہ لکھا اور ظاہر کیا کہ وہ (شمس الدین) اُس (وجیہ الدین) کے ساتھ شرکت رکھتا ہے اور صبح و شام نیز اس جانگداز غم اور پیچیدہ کام میں شریک اور حصہ دار ہے۔ ع۔ درد میں وہ شخص شامل ہوتا ہے جو درد رکھتا ہے +

جب شاہزادہ کی غرض اس مال سے حاصل ہو گئی تو اُسے (وجیہ الدین) عزت دیکر رہا کر دیا اور پھر زیر دستی اعمال خراسان کی حکومت اس کے گلے کا ہار بنادی گئی۔

مغلوں کی طبیعت اور طینت میں یہ طریقہ نہایت بُرا اور بے خردی سے مشہور ہے کہ نواب اور وزیر اُن کے عذاب اور خطاب کے صدمہ سے سلامتی نہیں دیکھتے۔ اور پچاس سالہ حقوق خدمات کا انجام بد انجامی تک پہونچ جاتا ہے اور اچھی خدمات کتنی مفسد کے برانگیختہ کرنے اور حاسد کے ملامت کرنے سے بالکل نسیاً منسیاً ہو جاتی ہیں۔ ع۔ ایسا کھیل ہے بسم اللہ۔ کون ہے جس کو رغبت ہو؟

اللہ بزرگ اور بلند ابواب قناعت کو۔ جو فراغت دنیا اور سعادت آخرت کا موجب ہے، سب لوگوں کے حال پر کھولے رکھے اور تمام لوگوں کی بصیرت کی آنکھ کو جناب ربوبیت کی معرفت کے سرمہ سے سرگین بنائے۔ تاکہ ان ناپائدار دنیوی آرائشوں میں ہمت کے سر کو نیچا نہ کریں اور ہاتھ اس بے نظام حقیر مال سے اٹھالیں " اور اسی سے ہے توفیق اور ہدایت، سیدھی راہ کی "

ذکر حادثہ قتغرا تائی اور اس کے ملک کی ابتدا سے حالات کیساتھ

مختلف اسباب کے سبب نتیجے کی نسبت عالم ملک کے اندر جذب کر لینے والے حادثات اور لازم ہو جانے والے نتائج کے ساتھ علام قدیم کے علم میں معلوم اور قدیر حکیم کی حکمت کے اندازہ میں ہو سکتی ہے۔ اور واقعہ کے وقوع اور حادثہ کے ظاہر ہو جانے کے بعد عقلوں اور نفسوں کو، تجربہ، قیاس، دلیل، اندازہ کے آلہ اور حواس کے مطابق مشکلات کا حل، قضا و قدر کی دشواریوں کا انکشاف اور نفع و نقصان کے موجبات میں تمیز کرنا مقرر اور متصور ہوتا ہے۔

چونکہ سلطان احمد اسلام اور مسلمانوں کی رونق بڑھ جانے میں مبالغہ کرتا شہزادوں اور امیروں کے عقائد اور رائیں متغیر ہونا شروع اور اس کے عذاب اور وبال کے خوف سے خفیہ ایک دوسرے کے ساتھ مشورہ کرنے لگے۔ ۶۸۱ھ کے ابتدا میں (سلطان نے) قنغرتائی کو بڑے لشکر کے ساتھ روم کی سرحد اور اس علاقہ کے نافرمان اور باغیوں کی روک تھام کے لئے بھیجا ہوا تھا۔ ناصواب اندیشہ کے شیطان نے اس کے دماغ میں وسواس کا انڈا رکھا۔ اور سلطنت کے سودا نے اختیار اور نگہداشت کی باگ ذکاوت کے ہاتھ سے چھین لی۔ بعض امراء نے مخالفت پر اتفاق کر لیا اور ایک مکر سوچ لیا گیا تھا کہ سلطان کو اٹھا دے اور خود سلطنت کے تخت پر بیٹھ جائے۔ اس ارادہ کے پورا کرنے اور اس مصلحت کے نافذ کرنے کے لئے لشکر کی طرف چلا گیا اور منتظر اور کمربستہ تھا کہ کسی وقت کینہ کی کمان کھینچے اور مکر کی گھات کو کھولے۔

غرائب کے پیدا کرنے والے اور مرغوب چیزوں کے عطا کرنے والے جس کی نعمتیں بڑی ہیں۔ کی توفیق نے نہ چاہا کہ تاریکی نور پر غالب اور کفر ایمان پر بلند ہو جائے۔ دائرہ اتفاق کے محرم رازوں اور مشورہ پھوٹ کے زمرہ میں سے ایک نے فساد کے گروہ کے شر کا راز بادشاہ کی خدمت میں کھول دیا اور حیلہ گری کی کیفیت حقیقی بھائی کے قصد اور باہمی جنگ کے وقت کا راز کہہ سنایا۔ تہمت زدہ گروہ کو اور جن میں سے وہ تھے جو اختیار کرتے بیہودہ سخن کو، جو مبہم عقیدہ کو دولت اور ملت کے امور پر مارنا چاہتے تھے۔ کو گرفتار کر کے حاضر کیا گیا اور ان کو بڑے مواخذہ کے مقام میں سوال اور جواب بلکہ سختی اور عذاب کے مقام میں لے آئے۔ ہر ایک نے دل کے پوشیدہ راز اور رازوں کی پوشیدگیاں مکمل طور صحرا پر رکھ کر بیان کر کے کاتب (مصنف) کے قول سے کہا۔ ؎

تیرا عدل، نفع اور نقصان کی جزا دیتا ہے۔ تیرا عفو حقیقی ہے نہ کہ مجازی
اگر سر گرا لے قدموں میں (یعنے قتل کر دے) تو وہ اس کی جگہ ہے۔ اگر تو معاف کرے تو یہ بندہ نوازی ہو گی۔

انہوں نے اختلاف کے راستوں کی بے راہی اور تنگ کرنے اور گناہ کے اکتساب کا اعتراف کیا (سلطان نے) جب غدر اور خیانت کے دلائل اپنے بھائی کے اور جو سختی اور نرمی کے وقت اور دولت اور دبدبہ کے زمانہ میں پشت پناہ اور امداد کی کمر کا سہارا تھا۔ راست پائے تو حکم دیا کہ وہ اس کی کمر کو دلیران پست کے زلفوں کے منہ کی طرح توڑ دیں اور شادی اقتاجی، اور تمام جماعت (امراء) بزرگ کی جنہوں نے

اس راہ میں راہبری اور اس کام میں امداد کی تھی۔ انتقام کی تلوار کا لقمہ ہو گئے۔ (یعنے قنغرتائے کو قتل کر دیا گیا اور شادی اتاجی اور دیگر امرائے مشورہ کو بھی)۔

اس حال کے ظاہر ہونے اور اس فعل کے معلوم ہو جانے کے بعد سلطان احمد کے مواد اتحاد کلی طور پر منقطع ہو گئے اور ہلاک کرنے والی چیزوں اور باقی امراء سے بچاؤ اور حفاظت سزاوار ہو گئی۔

اور عجیب ہے کہ یہی حال حقیقت میں امرائے مقتول کے غدر اور مکر کے طریقہ کا سبب مکر و فریب کی روش کا باعث اور اُن کے خوار اور ذلیل ہونے کا موجب ہو گیا۔ اس کے بعد بیچوں تک یہ ضرب المثل ہے۔ قوم پڑ گئی خراوند کی اوجھری میں + قایم ہو گئی ہے اور تبدیل گیا ان کے درمیان شریر حال کی صورت ہو گئی۔ جیسا کہ تمام خانان کے جلوس کے دوران اور طاری ہونے والے احوال کے اثبات کے اثنا میں تامل کرنیوالوں کو معلوم ہو جائے گا۔

شہزادہ ارغون کی سلطان احمد کیلئے اظہار بدی اور لڑائی

تائید اور سعادت بے چونی (بے چوں۔ بے مثل یعنے خدائے تعالےٰ) کے ورغلانے والا اور "ارغون" گردون فرسا ہمت کے تقاضا کرنے والا رخصت شدہ تھا کہ وہ (ارغون) اپنے مقصد تک پہونچ جانے کے بارے میں طلب اور اجتہاد سے ایک لحظہ سست اور غافل ہو جائے۔ بزرگ منش، عالی پرواز باز جس کا نشیمن بلند پہاڑوں کی چوٹیوں کے اوپر کے حصہ اور مضبوط پتھروں کے قلعہ کے قبہ پر مناسب ہو سکتا ہے۔ کب جغد (بوم) ویرانہ نشین کے گھر میں ہمت کا سر نیچا کرتا ہے؟۔ اور غضبناک شیر جن کے شکار کا پس خوردہ شیر کے بچوں اور اُن کے امثال کا جائے طمع اور مد نظر بنا ہوتا ہے اور مناسب ہو کس طرح بھیڑیوں اور کتوں کے کھائے ہوئے کے بقایا سے اپنی چاشت (غذائے صبح) کا سامان کر سکتے ہیں؟۔

ملک کی بیگم (خود ملک مراد ہے جس کو بیگم سے تشبیہ دی گئی ہے) کی صورت اور خیال اس کے دل سے دور نہ ہوا، اور اسی نالی اور بلند آرزو میں شام کی سیاہی کو صبح کی سفیدی تک پہونچا دیتا تھا۔ (رات دن ایک کر دیتا تھا) بموجب قول تہامی کے ۔

میں خوش ہوتا اور حرکت کرتا ہوں معشوقہ کے وصل کی تمنا کے وقت خوشی سے
اور بہت سی آرزوئیں ہیں جو زیادہ میٹھی ہوتی ہیں کامیابی (وصال) سے

جب سلطنت موروث اور متوقع بادشاہت میں سے خراسان کو قدر و قیمت کی سبیل سے نہ لیا تو بہانہ کے لئے ایلچی بھیجا اور تومانات عراق اور شیراز جو اکثر خاص اموال سے خصوصیت رکھتا ہے۔ کا التماس اور سوال درمیان میں ڈال دیا اور اس بیت کے اشارے کی انگلی ؎

عنقریب لیلےٰ کو معلوم ہو جائے گا کہ کون سا قرض اس نے قرض لیا ہے

اور کونسا قرض خواہ تقاضا کے وقت اس کا قرض خواہ ہے۔

سے دھوکہ کا سرپوش غرض کے تھال کے سر سے اٹھا دیا۔ خلاصہ یہ کہ چونکہ نیک باپ کا تخت سلطنت استحقاق اور اتفاق پبلک کی رو سے سلطانی تکیہ گاہ اور مسند کے لئے مناسب ہے، تو ضروری ہے ہمیں بھی ایک علاقہ چاہئے کہ لشکر کے مصالح۔ جو خیال میں ہیں۔ وہاں سے تیار اور مہیا کئے جائیں۔ اب التماس کے مقابلہ میں اگر قبولیت کے آثار مشاہدہ میں آئیں۔ اور جو کچھ کہ خالصات اموال سے تعلق رکھتا ہے عنایت ہو جائے تو البتہ درمیان بڑے اور چھوٹے بھائی کے ہمراہی اور پیروی کا طریقہ چلتا رہیگا اور صداقت اور موافقت کا گھاٹ پینے کے استعمال میں لایا جاتا رہیگا۔ والا (ورنہ التماس کی عدم منظوری کی صورت میں) اگر اس سوال کے پورا کرنے سے انکار اور غفلت برتی جائے گی تو جنگ کے لئے تیاری کریں اور صلح اور نرمی کو ترک کر دیں کیونکہ آج کے بعد سریر مملکت اور تاج سلطنت کے عوض۔ ؎

میرا تخت زین ہوگی اور تاج خود۔ قبا زرہ اور دل موت پر رکھا ہوا۔

سلطان نے جب یہ سخت پیغام اور درخواست، جو وحشت کا باعث تھی معلوم کی، فرمایا ؎

اور میرے پاس جواب ہے اگر میں چاہتا تو کہہ دیتا۔ اور اگر میں اُسے کہتا

تو صلح کے لئے کوئی جگہ نہ چھوڑتا۔

ایک جواب اسی قسم کا اختصار کے طور پر فرمایا کہ "مقر منزل اور اس کا مالوف ملک خراسان کے میدان میں اور ہم نے از روئے شفقت اور اہتمام کے اس کے حال پر مقرر کئے ہیں۔ اور اگر وہ خواہش رکھتا ہے کہ ہم ایک اور طرف، اطراف میں سے اُس پر اضافہ کریں۔ اُسے جشن میں حاضر ہونا چاہئے جیسا کہ رائے روشن۔ کہ صبح۔ ایک ذرہ اُس کے نور کا آفتاب ہے + صواب اور درست دیکھے گی، خواہشات کے درخت طوبےٰ کے سونگھنے اور آرار کی چقماق سے آگ نکالنے کے بعد مہربانی اور عنایت سے دریغ نہ کریں گے اور اگر حسب دستور گمراہی کی راہ کو طے کریگا اور اطاعت کا نقش یک دلی کی تختی سے دھو ڈالے گا تو ہم حکم دیں گے کہ ایک موج سمندر کی۔ یعنے ایک فوج لشکر منصور میں سے جن کے عزائم اور ارادوں کی عنان کش نصرت ازلی اور اُن کی ہدایت کا پیشرو سعادت

کلی ہے۔ اُدھر آئیں اور ارغون کو اس لشکر کے ساتھ جن کے وجود سے وہ مغرور ہیں ہے۔ گرفتار کر کے ہمارے کیوان رفعت پایہ تخت میں لے آئیں اور وہ مثال لَاُمِدَّنَّ الخ (میں بڑھاؤنگا تیرے رنج کو اور بھگاؤں گا تیرے غصہ کو) مشاہدہ کرے۔" اس لطیف جواب اور سخت دھمکی کے ساتھ ایلچی کو واپس کیا اور صلاح اور اصلاح کی امید دامن کی مانند پاؤں میں پڑ گئی۔ اور کام کی تلافی آستین کی طرح ہاتھ سے گذر گئی (اختیار سے باہر ہو گئی)۔

سلطان نے پہلے پہل ۶۸۳ھ کے آخر میں امراء (قبیلہ) قراؤناس کو مواخذہ فرمایا اور بغداد میں ایلچی بھیجا اور شہزادہ ارغون کے امراء اور نوابوں، طغا چار، جاغر، طولاوای ایچی، اباجے پسر ستائے نوئین جوشی اور جنتاتو کو شکنجہ کیسے ہوئے اور بلیات کے انواع میں محصور کر دیا۔ اور مستظروں (تماشوں) کے دل کی مانند قید میں ڈال دیا۔

اور اس اثناء میں کیجاتو اغول" نے تماجی اقتاجی اور تھوڑی سی فوج کے ساتھ دغاباز فلک اور حریف زمانہ بے وفا کے خوف سے اقامت کے مہرہ کو چن دیا (یعنے سفر اختیار کیا) اور رات دن کے دونوں پانسوں اور قمار باز روزگار کے زخم سے خراسان کی طویل راہ اختیار کی۔ اور حکم شاہی سے جو فقر ایلچی کو اتابک یوسف شاہ لر کے پاس بھیج دیا۔ کہ تمام لشکر سے تیار اور آمادہ ہو کر ان حدود کی حفاظت کرے اور فراہمی لشکر کے وقت اور امداد کے موقعہ پر تجمند لشکر اپنی جگہ سے حرکت میں آوے۔ اور صاحب دیوان رات دن لشکر کی ضروریات کے مہیا کرنے میں، دور اور نزدیک، ترک اور تاجیک سے مشغول رہا۔ اور آفتاب صفت رائے کی درستی سے دور اور نزدیک کے رہنے والوں کو مطیع اور معتقد بنا کر آلات حرب کی تیاری اور ہتھیاروں کے اسباب کو ترتیب دیتا رہا۔ پس لشکر کی روانگی کا حکم نافذ ہو گیا۔ ارباب جنگ، جلدی میں تھے، ہر ایک شخص نے اپنی جگہ سے لڑائی کے سامان کے مہیا کرنے کا انتظام کیا۔

اور مقدمہ میں سچ لاجو شاہزادہ، یاسار اغول اور الیناق جس کا نام رکھا گیا تھا لشکر منصور کی رہنمائی اور سپہ سالاری سے۔ اور مشہور تھا صفدری (بہادری) اور جمہور کی عمدہ پشت پناہی سے۔ ارغون ہنکتا، تارین احمد اور اشتغان کے ساتھ آہستہ آہستہ خراسان کی طرف متوجہ ہوئے، جیسا کہ میں نے (مصنف) ان کی صفت میں کہا ہے۔ ؎

ترک جو شیر کی طرح لڑائی میں جوش دکھاتے ہیں۔ صلح میں نرمی اور مدارات کی کوشش کرتے ہیں۔ کبھی جنگ کی صف میں تیغ کی طرح زہر ہیں۔ کبھی مجلس کے ہاتھوں ساغر نوش (رشید) کی مانند ہیں۔

اُدھر شہزادہ ارغون جب ایلچی کے واپس ہونے سے سلطان کے دل کے مضمون پر مطلع ہوا۔ اور پیچھے کھینچا تو بھاگ کر، مددگاروں اور یاروں کے مواخذہ کی خبر کے ساتھ پہونچ گیا۔ معلوم کیا کہ پانی سر سے اس طرح کہ۔ ج۔ کام لب خشک اور دیدۂ تر سے گذر گیا۔ جنگ و جدال کے سامان کے مکمل کرنے، آلات قتال کے حاصل کرنے، مصالح لشکر کے مہیا کرنے اور ہر امیر اور شجاع کی پرورش کرنے سے فارغ ہو چکا تو بعض نے سپالاروں اور قراوناس سے عرض کیا کہ اگر ہم مقدمہ لشکر اور پیشرو بنائے جائیں تو ذمہ دار ہوتے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ "ہم ایک تومان لشکر ہی دس تومان (لشکر دشمن) کا مقابلہ کرینگے"۔ چونکہ ان کے تمام لوگ حاضر نہ تھے باقیوں کے حاضر کرنے لئے مکانوں اور منزلوں سے ایلچی روانہ کئے کہ بغیر تاخیر اور انکار کے ہر ایک شخص مقام معلوم سے جھنڈوں کے پیچھے، فتح اور نصرت کی طرح جلدی کرے۔ کیونکہ زمانہ توقف اور انتظار کو برداشت نہیں کرتا۔

پس بولاتاسور، جورغدای اور بولوغان کو نوکر رکھ کر ایک ہزار خاص فوجیوں کے ساتھ بطریق مقدمہ کے پہلے روانہ کردیا اور خود نجومیوں کے کہنے کے مطابق صفر ۶۸۳ھ کی یکم کو جو مخالفان سلطنت کی عمر کا خاتمہ تھا، امراء اماکاجی، نقای یارغوچی، تاوتای۔ قازوان پسر قتلغ بوقا۔ بایتمش قوشچی۔ سرطاق، آلغو، اولاد اے، قدغان اغمان اور چار ہزار سوار جنگجو کی مقدار کے ساتھ حرکت کی۔

جب گھوڑوں کے متواتر سفر کرنے سے نواحی دامغان، ان کی آنکھوں کی شعاعوں کے گرنے کی جگہ ہو گیا۔ تو ان کو خبر ملی کہ "الیناق" نے ولایت رے کی طرف جاکر مکانات، باشندے اور اسباب جلادیئے، قتل کر ڈالے اور لوٹ لیئے۔ اور سرائے لار کو کہ ارغون کی جاگیر تھی ویران کرکے پس تمام مال و اسباب کو غارت کرکے آذربیجان بھیج دیا۔ اور وہ اس دلیری اور جرأت سے فارغ دل اور آزاد ہے (یعنی اس نے فارغ اور آزاد ہو کر دلیری کی ہے)۔ اس خبر نے ارغون کے غصہ کی آگ کو کینہ و رسودا پر بھڑکا دیا۔ (یا سودا کی تہ میں لگا دیا)۔ زخم خوردہ شیر کی طرح اضطراب میں آکر قسم اٹھائی کہ اس ظلم اور گناہ کے بدلہ میں گھوڑوں کو آرام نہ دوں گا۔ جب تک کہ بغیر رحم کے کینہ کش، گزند پہنچانے والی تلوار کے زخم سے سرائے کی بربادی کی سزا اس کے زمانے کی بغل میں نہ رکھوں۔

وہاں سے لشکر کے پہونچنے کا انتظار نہ کرکے رات کو رات اور دن کو دن نہ کہا۔ اور دو منزلوں کو ایک منزل میں طے کیا یہاں تک کہ صحرائے آق خواجہ، میں دونوں لشکروں

کی ملاقات اور فریقین کا مقابلہ ہوگیا۔ دونوں طرف سے لڑائی کا رُخ کیا گیا۔ جس وقت کہ
زنگار فام مغفر (خود، زرہ) کی گردش سے ؎

نکالی سورج نے سنہری تلوار۔ ٹکڑے کردیا چاند کو جو نقرئی سپر کی طرح تھا۔
لڑائی کی صف آراستہ کی گئی ۔

ارغون کی طرف سے بولاتا مور اور اماکاجی میمنہ میں تھے، بولوغان میسرہ میں۔ اور
تاوتائے قلب میں اس کے مرکز اقبال کی طرح ثابت اور قائم تھا۔ اور "سلطان" کی طرف
سے ہولاجو شاہزادہ قلب میں ساکن تھا اور یاسار اغول، میسرہ کا محافظ، اور الیناق لشکر
کا سپہ سالار اور فتح کا پیرو کار میمنہ میں کھڑا ہوا تھا۔ کہ ناگاہ بہادروں کے دل جوش میں
آگئے۔ اور ہر طرف سوار جولانی میں، مجلس رزم کے لئے جنگ کی سر تیز ہوگئی۔ نیزوں
کی مضراب شرائین (رگوں) کی تاروں کو پردۂ حجازی (نام نوا) کو شور میں لاتی تھی۔ اور
خنجروں اور تلواروں کی چاکاچاک ہلکی ہوخواہ بھاری۔ اصول ضربی (تال کے اصول)
دکھاتی تھی۔ اور ڈھول (دمامۂ جنگ) کی آواز پر عمدہ نسل کے یالدار گھوڑے جو تیز دوڑنے
والے ہیں سانس کو، اور جلانے والے ہیں اپنے سموں سے آگ کو" کی صفت رکھتے ہیں
ناچنے اور پاؤں بجانے میں لگ گئے۔ قضا کے ساقی، سر کے پیالوں (کھوپریوں) میں
ہلاکت اور موت کے ذائقہ والی شراب کو گردش دے رہے تھے، تلواروں کے پانی کے
دانت والے حریف شاہ رگ کے خون سے چہرہ کو سرخ کرتے تھے۔ اور جیسا کہ فردوسی نے کہا ہے ہر
گوشہ سے دلاوری اور ہر ایک طرف کمان وری جنگ کے صحرا میں (یہ حالت ظاہر کر رہی تھی
کرشمہ ایک کمان کو کھینچتا تھا ظلم سے۔ تو کہتا ہے کہ خورشید رخصت ہوگیا (یعنی اُسے
ظاہر ہونے کی رخصت نہ ملی) ۔ کیمخت کی کا ایک (تیرکش) کا منہ کھول دیا۔
اس میں جس قدر مرغ تھے اُڑ گئے۔ ہوا تیر پر زنبوروں سے بھر گئی جو
نیزے کے جسم والے اور آہنی نشتر والے تھے۔ پہلوانوں سے جس کا بھی وہاں
گذر ہوا۔ اس کا کمان اس فراخ دشت میں اس طرح تھا۔ کہ گدھ اور عقاب
دوڑے۔ اور ایک دوسرے کے پروں میں پر ملا دیئے۔
جب کمان کے بادل نے تیروں کی بارش کی تو عجیب نہیں اگر خنجر کے سبزہ زار سے گل اور لالہ
کھلنے لگیں۔ ؎

تیروں کے فولاد اور عقاب کے پر سے۔ آفتاب کے تیر کے آگے سپر کئے ہوئے تھے۔
(آفتاب کے تیر سے بچنے کے لئے تیروں کی سپر بنائی ہوئی تھی) ۔

ارغون، سیاوش (پسر کیکاؤس) کی شکل والا اور تہمتن (رستم) کے بدن والا کوہ پیکر گھوڑے پر۔ جس کی چستی سے گردوں (فلک) کا خوش خرام سمند گھڑا عاجزی کی بچھاڑی سے بندھا ہوا نظر آتا ہے۔ ؎

ایسا جہان نورد ہے کہ اگر آج اسے تو کھڑا کرے۔ تو تجھے ایسے جہان میں پہنچا دے
جس میں فردا (کل) ہے۔

سوار تھا۔ بیچ۔ گویا کہ اس کی زین میں چاند (خوبصورتی سے) اور شیر (شجاعت سے) ہے اور میدان کے مرکز میں چونکہ جگر کی باری تھی۔ فلک ہزار چشم اس نیزہ گذاری، میدان داری اور خنجر گذاری پر اخلاص سے آیت وَاِنْ یَکَادُ الخ (دفع نظر بد کے لئے یہ آیت پڑھتے ہیں) پڑھتا تھا۔ اور سوفار کی زبان تیر کی طرح یہ سخن راست چلاتی تھی۔ ؎

بادشاہ نے فیل تن گھوڑے پر پلنگ کا منہ توڑ دیا۔ شیر فلک (برج اسد)
کیا کہتا ہے کہ تو اُسے پیادہ نہ خیال کرے۔

جس وقت کہ (ارغون) کمان چاچی کو ابروئے بتاں کی مانند خم میں ڈالتا تھا چاند قوس میں آجاتا۔ اور جب آگ کے کام والی اور بجلی گرانے والی تلوار دشمنوں کے سر پر راست کرتا تو زمانہ کہتا ؎

میں نے اُسے تشبیہ دی۔ اس حال میں کہ تلوار اس کے ہاتھ میں ہے چودھویں
کے چاند کے ساتھ جب وہ بجلی سے کھیلتا ہو۔

اگرچہ ارغون کا لشکر، سلطانی لشکر کے درمیان گویا کہ ایک قطرہ تھا اور دریائے محیط (سمندر) یا ذرہ بہ نسبت اجرام بسیط کے۔ مگر شہزادہ پانچ سو سواروں کی قلیل مقدار کے ساتھ۔ شکاری تیسر کی مانند، جو ہرنوں کے گلے کو غنیمت سمجھتا ہے۔ یا باز کے جو تیہو کے جمگھٹ کو چونچ دار پنجوں سے شکار کرتا ہے۔ ایک لحظہ قلب پر، ایک گھڑی اطراف پر جان توڑ حملے کرتا، قتل کرتا اور لوٹ مار کرتا رہا اور سر ٹھوکر اور حملہ سے سروں کو گیند کی طرح مٹی میں پھینک دیتا۔

لڑائی کا تنور گرم ہو گیا اور بہادروں کے دماغوں کے خول سودا کے دھوئیں اور غصے کی آگ سے بھرپور ہو گئے۔ ؎

اس خونناب میں ترکوں نے بند کر دئے، ترکی نائے کی آواز سے ترکوں کے گلے۔
سر بریدہ سرداروں کی موت سے۔ زمین نے جیب اور آسمان نے دامن پھاڑ ڈالے
سرخ ریشم، جھنڈیوں نے کھول دئے۔ ایک جنگل آگ میں پڑ گیا۔

کہ ناگہاں "الیناق" نے میمنہ سے (ارغون کے) میسرہ پر چھاپہ مارا۔ پہلے حملہ میں، اور صبر پہلے صدمہ کے وقت ہوتا ہے۔ "بولوغان" شکست کھا گیا اور اس کے ثبات اور استقلال کی سد سوراخ سوراخ ہو گئی۔ اس نے وہاں سے اپنا سر اور لشکرگاہ سلطانی کا راستہ لیا۔ یولاتامور نے بھی اماکاجی کے ساتھ اپنے میمنہ سے مقابل طرف پر حملہ کر دیا، یاسار اغول نے سامان اور لشکر کے ساتھ فرار کی باگ موڑ دی۔ یولاتامور قزوین کے قریب تک اس کے تعاقب میں گیا، جب اس کو نہ پایا۔ اس کی بیوی اور بچوں کو نکال (یعنی گرفتار کیا) اور دیہ "گرگان" کو مانند بھیڑیوں کے گوسفندوں کو۔ تباہ کر دیا۔ طرفین سے سخت قتل اور برا غذاب ظاہر ہوا۔ اور ہر دیہ اور ولایت، جو اُن کے گذرگاہ پر پڑی، غارت کا اثر اس علاقہ سے مٹ گیا۔ اور ابھی تک وہ علاقہ سابق حالت پر نہیں پہونچا۔ جب دونوں لشکر ایک دوسرے سے گڈمڈ ہو گئے۔ شعر۔ اُس گیرودار اور اُس پکڑ دھکڑ میں + ارغون تھوڑی سی فوج کے ساتھ قلب لشکر سے جدا ہو گیا۔ شعر۔ عجیب بات ہے کہ تیری شہد میں زہر مرکب ہو گئی ہے + توقف اور ٹھہرنے کا موقعہ نہ دیکھا، فیروزکوہ کی راہ سے روانہ ہو پڑا اور تعداد اس لشکر کی جو شہزادہ کے ہمرکاب تھے، تین سو تک نہیں پہونچی تھی (یعنی ۳۰۰ سے بھی کم تھی) خیال کیا کہ لشکر قراوناس سے مل جائے اور دوبارہ لڑائی کے از سر نو شروع کرنے اور مقابلہ کی تیاری کے لئے حکم دے اور بقایا لشکر چونکہ شہزادہ کے حال سے بے خبر تھا سب کا سب متفرق ہو گیا۔ فریقین نے لڑائی کا بستر لپیٹ دیا اور جنگ سے دست کش ہو گئے۔

جب آفتاب کے سنہری پروں والے سیمرغ نے آشیانہ مغرب کا عزم کیا اور رات کے کوے نے سیاہ بازوؤں کو وادیوں اور پہاڑوں کے اطراف پر بچھا دیا تو مشہور ہو گیا کہ ارغون ظاہر نہیں ہے۔ اتفاقاً لشکر قراوناس کا پہونچ گیا۔ جب شہزادہ کی حالت سے اطلاع پائی تو واپس چلے گئے۔ اور راہ بے راہی میں، جو اُن کی عادت ہے شروع کر کے بے دردی، خونریزی اور بے انتہا لوٹ مار کا ہاتھ دراز کر دیا اور دامغان اور حوالی کو، غارت کی آگ لگا دی، جہان زلزلہ اور خروش میں پڑ گیا، اور ان دو لشکروں کے ٹکرانے سے دلوں میں ولولہ اور جوش پیدا ہو گیا۔

ارغون نہایت جلدی سے لشکر کے ساتھ وحشیوں کی مانند جا رہا تھا اس طرح کہ اترنے کا وقت کھانا اور پکانے کی فرصت بھی نہ تھی۔ کہ راستہ میں سلطان کی طرف سے ایک ایلچی نے پہونچ کر پیغام دیا کہ ہم نے الیناق کو نہیں کہا تھا کہ ارغون کے ساتھ جنگ میں جولانی دکھائے (بلکہ) حکم یہ تھا اس طرح تھا کہ ارغون بارگاہ سلطنت میں

حاضر آوے تاکہ اِدھر اُدھر کی باتوں کے بعد اُنس اور ہمدردی کی مجلس میں ایک لحظہ شراب کے پیالے سے ہم پیالہ ہونے اور دوستی کے طریق پر خوشی حاصل کی جائے ۔ مناسب ہے کہ ارغون پہلو تہی اور نفرت کی راہ کو بند اور دوستی اور حصول قرب کی گرہ کو استوار رکھے۔ اور توہمات کے پیش آنے اور خطرات کی آمیزشوں کی طرف توجہ نہ کرے اور صاف اعتقاد اور پورے خلوص کے ساتھ دربار میں توجہ کرے"

اس جنس سے چند چاپلوسانہ باتیں اور عقلمندانہ غلطی میں ڈالنے والے سخن ظاہر کئے۔ ارغون نے قتلغشاہ نوئین اور لکزی گورگان کو سلطان کی خدمت میں بھیج دیا تاکہ اسی قسم کے ایک پیمانہ کو جواب میں بھی گردش دے ۔ اور عذر کی تمہید کرے ۔ لکزی نے رازگوئی میں، صورت حال، گروہوں کے متفرق ہونے۔ شاہزادہ کے لشکر کی قلت اور کثرت خوف کے مارے بیان کردی اور کہا کہ" اگر ارغون کے کام کا تدارک اس وقت مہمل رہا (نہ کیا گیا) تو لشکر قراؤناس جب اس کے ساتھ مل جائیگا اس فرصت کی صورت پھر آئینہ مثال آسمان میں مشاہدہ نہیں کی جاسکتی ۔ جلدی کریں کہ نازک مہمات، توقف نہیں کرتی اور ملکی مہمات تاخیر قبول نہیں کرتی ۔

اور عقلمندوں نے کہا ہے :- زمانہ کی ناآمدہ تکلیفات سے بچنا کم آزاری اور لطیفہ حیلوں سے ہاتھ دیتا ہے ، اور نقد وقت کی تازہ روئی اور خوش خوئی سے ملاقات کرنا سلامتی کے زیادہ نزدیک نظر آتی ہے مگر روز گزشتہ کو واپس نہیں لایا جاسکتا اور شست سے نکلا ہوا تیر زیادہ قبضۂ امکان میں نہیں آتا ۔ غلاموں پر لوازمات خیر خواہی کا ادا کرنا، نصیحت کے رسومات کو پیش کرنا اور اس چیز کا جتلا دینا جو مخدوم کے دل کی فراغت پر بار ہو جائے ۔ مقرر اور ضروری ہے ۔

شہنشاہ کا صائب (صحیح) اندیشہ گرم روی میں بادل کی طرح ہوتا ہے ۔ اس کو حاصل کرلے ۔ کیونکہ معاذ اللہ۔ اگر وہ فوت ہو جائے گا تو افسوس ہوگا۔

قدرت کے فوت ہو جانے کے بعد افسوس اور حسرت فائدہ مند نہیں پڑتی اور فکر کی دوڑ دھوپ کامیاب نہیں ہوتی" تو سلطان بارہ ہزار تومان لشکر کے ساتھ ۔

سوار گرز کو گرانے والے شیر کو پکڑنے والے جوش مارنے والے زرہ، تلوار اور تیر کے ساتھ ۔

حرکت میں آیا "خیل بزرگ" میں لشکر کو ترتیب دی گئی اور لشکر اس سامان، آراستگی، شان شوکت اور پیراستگی کے ساتھ کسی تاریخ میں مطالعہ نہیں کیا گیا ۔ اور جس طرف کہ ان

کا گذر ہوتا تھا ظلم اور غارتوں کا ہاتھ دراز کرتے اور مخلوق کو تکلیفوں اور عذاب کے گرداب میں لے آتے خصوصاً دامغان اور اس کے نواحی میں آیت سَنُعَذِّبُهُمْ مَرَّتَيْنِ (ہم عنقریب ان کو دو دفعہ عذاب دیں گے) ان بیچاروں پر پڑھی گئی - اور جو کچھ کہ پہلے حملہ سے باقی چھوڑ گئے تھے لوٹ لے گئے -

علاقہ کے رہنے والوں اور کثیر رعایا نے سلطان کے عبور کے وقت دادخواہی، انتقام چاہنا، فریاد اور استغاثہ کیا اور فریاد وما کان ربك الاية (تیرا رب شہروں کو ظلم سے ہلاک نہیں کرتا اس حال میں کہ اس کے لوگ اصلاح کرنے والے ہوں) کی ظاہر کی -

سلطان نے اس مصلحت کا رجوع صاحب دیوان کی طرف فرمایا، اس نے عرض کیا کہ "لشکر کو ایسے حال میں اس ایسی حرکتوں سے منع نہیں کیا جا سکتا تاکہ دل شکستہ نہ ہو جائیں کیونکہ شکاری پرندے اگرچہ شکار کے لیے سکھائے ہوئے اور اس بارے میں مشق حاصل کئے ہوئے ہوتے ہیں (مگر) ان کو بالی (گوشت کی غذا) دینے سے چارہ نہیں ہوتا" اور یہ خیال صاحب دیوان کا مبارک ثابت نہ ہؤا اور جلدی ملک اور سلطنت کو فنا کا نقصان پہنچا۔

سلطان نے راستہ میں شہزادہ طغا تاموور اور بوقا کو بھیجا۔ اور وہ پہنچا تو اغول کو منزل "کبود جامہ" میں سلطان کے کیمپ میں لے آئے اور دوسری طرف الیناق نے جب معلوم کیا کہ ارغون لشکر سے جدا ہو کر واپس پھرا ہے - اپنے زرین سوار شیروں کے ایک تومان لشکر کے ساتھ - جو آتش برزین (آتشکدہ) کی طرح جوش مارتے تھے - پیچھے سے روانہ ہو پڑا۔ کیونکہ جدائی کے وقت اس شیطان (الیناق) نے بادشاہ سے پختہ وعدہ کیا تھا کہ میں غلام "ارغون" کو سدرہ کی بلندی والے تخت میں حاضر کرونگا -

ارغون خوجان تک چلا گیا متفرق لشکر کا کوئی نشان نہ دیکھا اور دائمی گھوڑا دوڑانے اور تیزی کرنے سے اکثر سوار اختیار اور صبر سے پیچھے رہ گئے تھے - پس قلعہ کلات میں باوجود اس کے کہ کسی قسم کی حفاظت کی اس سے توقع نہیں رکھتا تھا - پناہ لی - اور وہ ایک قلعہ ہے رود خانہ کا سر ہیں، سرخس، ابیورد اور طوس کے درمیان واقع ہے - حفاظت سے دور اور اس کی بہت سی عمارتیں مٹی ہوئی ہیں - اور ابو نصر محمد بن عبد الجبار العتبی نے "کتاب یمینی" میں اس قلعہ کے صفات کے متعلق اس طرح بیان کیا ہے "اور وہ ایسا قلعہ ہے جس کے بلند میدانوں میں ہوائیں چھپ جاتی ہیں اور آنکھیں پھسل جاتی ہیں اس کی چوٹیوں اور گھاٹیوں کے ڈر سے"

ارغون ایک سو آدمی کی (قلیل) مقدار کے ساتھ - زمرۂ مصاحبان اور باقی خدام

میں سے۔ وہاں رہ گیا۔ فکر دل پر غلبہ حاصل کئے ہوئے اور صبر اور تاخیر نے ہاتھ پھیرے ہوئے کہ خود اس بے فائدہ کام کا انجام کس طرح ہوگا ؟ اور کہاں ؟ اور کب ؟ اور آخری دواغ دینا ہے پھر امید کے میدان کی رسیوں کو وسیع کرتا اور اپنے دل میں کہتا کہ ممکن ہے کہ ایک دن۔ ؎

اس کی رحمت سے کام اچھے ہو جائیں۔ اور مطیع ہو جائے میرا زمانہ خوشی سے
یا ناخوشی سے۔

الیناق تین دن کے بعد وہاں پہونچا۔ اتفاقاً شہزادہ قلعہ سے نیچے آیا ہوا تھا۔ لکزی گورگان کے کام کی دریافت کرنے کے لئے۔ کیونکہ افواہاً یہ بات مشہور ہو گئی تھی کہ وہ (لکزی) ہندو تیکچی سے مل کر زمانہ کے پار ہو گئے ہیں اور بلغان خاتون کے کیمپ کا جو محبوب ترین بیگم تھی۔ قصد دائمی رکھتے ہیں۔

الیناق شہزادہ کی خدمت میں آیا اور طریقۂ ادب کے لازم کرنے کے لئے ایک نقرہ گھوڑا پیشکش کیا اور ایک دوسرے کے ساتھ قلعہ میں چلے گئے اور ہر قسم کی باتیں کیں۔ الیناق نصیحت اور تحریص کے رنگ میں اطاعت کی راہ چلنے پر مشغول رہا۔ شاہزادہ نے بلا کے مہمان رات کو آنے والے (راستہ چلنے والے) دیکھے اور امراء اور لشکر کو دیگر اسباب خوش دلی کی طرح متفرق پایا تو سوائے تسلیم کے کوئی راہ اور خارج از توکل کوئی پناہ نہ پائی۔ الیناق کے ساتھ قلعہ سے نیچے آیا اور مکار اور فریبی آسمان کی گردش پر راضی ہو کر مقام غوجان میں شاہی کیمپ میں پہونچا۔ اس (ارغون) کو بائیں جانب سے لے آئے اور اس نے کمر میان سے کھولی۔ اور آسمان، مصنف کے خاطر زادہ سے (تصنیف کردہ شعر) پڑھتا تھا۔ ؎

جب کہ اس نے کمر کھولی خورشید جوزا سے باہر آگیا۔ چاند برج عقرب
میں آگیا کیونکہ رخ پر زلفیں ہیں۔

سلطان (احمد) ایسے مکان میں جس کی گول اور مسطح شکل گردش کرنے والے فلک کے برابر اور خلد بریں کی مانند تھی اور آفتاب سلطنت کی حامل اور مجمع کی اصطلاح میں اُسے خرگاہ کہتے تھے تخت سلطنت پر بیٹھا ہوا اور حسن انجام کے پانی سے غموں کے نقش سینہ کی تختی سے دھوئے ہوئے اپنے دل کے خطرات کے چلے جانے اور خوشیوں اور مسرتوں کے آنے سے مرحبا اور خوشامد کئے ہوئے، انتقام کا غرور اور تکبر کا ناز، جو فرصت کے وقت رذائل نفسانی اور قوت شہوانی کے ردی ہو جانے کے تقاضا

سے ہوتا ہے۔ کام میں آیا۔ حکم دیا کہ داخل ہونے اور اجازت طلب کرنے کا امکان آرزؤں کے میدان کی طرح ارغون پر تنگ کردیں اور اس کو دو آفتابوں کے مقابلہ میں روک رکھا۔ ایک آسمانی آفتاب جس کی دوپہر کی تیزی کی تاثیر سے آسمان آتش فشانی کرتا ہے اور دوسرا تکلیف اور رنج کا آفتاب جس نے زندگی کی نعمت اور عمر اور جوانی سے نفع اٹھانے کو، وقت زوال کے سایہ کی مانند ناچیز کردیا۔ (سلطان) بے خبر تھا اس سے کہ تقدیر کا فراش ہر غالب کو ذلت دینے والا اور ہر ذلیل کو غالب کرنے والا، دولت کے گھنے سایہ کا سراپردہ (خیمہ) ارغون اور اس کے مبارک خاندان کے لئے کھڑا کردے گا۔ اور حوادث روزگار کے ہاتھ جہانبانی (سلطنت) کی بنیادیں عہد سلطانی میں ڈھیر ہو جائیں گی۔ جیسا کہ قرح انبیق (بھبکا عرق کھینچنے کا آلہ) میں تازہ گلاب سے عرق گلاب ٹپکتا ہے۔ شاہزادہ کے پھول جیسے رخسار سے پسینہ ٹپکا۔ اور پیاس سے زبان چاک ہوگئی۔ غم کی وجہ سے دل منتشر ہوگیا اور کرہ خاک پر گرا۔ اس کی بہن طغان نہایت شفقت اور ہمدردی سے اٹھی اور اس کے آگے آئی تاکہ ایک لحظہ اپنے جسم کے سایہ سے سورج کی گرمی کو اس کے چہرے اور سایہ کے پروردہ تازہ پھول سے چھپائے۔

کچھ عرصہ کے بعد اولجتان خاتون (زوجہ ارغون) کو شاہی خیمہ میں اجازت دی گئی۔ اس کی آؤ بھگت کی اور پیالہ شراب دیا چونکہ مقصود کے شکار کو مطلب کے دام میں لا چکی تھی اور آرزؤں اور خواہشات کے شاہین کو مرادوں اور مقاصد کی بلندی پر کامیاب پایا تو شکرہ خاص کے اڑانے اور کھلانے کے لئے ناز کرتی ہوئی دامن کھینچتی ہوئی باہر آئی اس کے روشن تاج کی چوٹی کی چمک رشک کی راہ سے زحل کی کلاہ کو مٹی میں ڈالتی تھی۔ اور اس کے مروارید گرانے والے قبا اور پیشواز کے شگون سے آنکھوں اور زرکش سورج اور چاند پارہ کی طرح ہو گئے تھے کیمپ کے حوالی میں ایک لحظہ جا نور ڈال دیا۔ جب خیمہ میں واپس آئی تو ارغون کو آواز دی وہ اندر داخل ہوا اور گھٹنے جھکائے اور خدمت کے رسومات، جیسے کہ ان کا طریقہ تھا۔ ادا کئے۔ سلطان نے اس کو بغل میں لے لیا۔ دونوں نے لعل گوں رخسارے کے صفحوں کو (ایک نے) رحمت اور (دوسرے نے) نجات کے آنسو کے دُر اور موتیوں سے مرصع کردیا۔ پس سلطنت کی زبان نے خوشخبری دی کہ خراسان بموجب قاعدہ اور دستور آباقاخاں کے ارغون پر بخشش کیا جاتا ہے اور خواہشات اور امیدوں کو پورا کرنے کے قلم سے عنایات کے دفتر پر نقش کردیا۔ اور دونوں جانب سے مشارکت اور حصہ داری کے نقش کے سامان تیار کئے گئے اور دشمنی کے شہر اور مخالفت

کے منصوبہ کا ترک کرنا اختیار کیا۔

فوراً ایک اکیلا خیمہ مقرر ہوا۔ ارغون الحاصل لشکر کی مدد سے اس روز کہ غضب خداوندی کی صورت رکھتا تھا مایوس اور آتش صورت دل کے غم سے مانوس ہو گیا تھا۔ خود اور بولوغان خاتون اس وحشت اور دہشت کے مقام میں ساکن ہو گئے۔ بوقا کے بھائی آروق نے چار ہزار لشکر کے ساتھ، ستاروں کی طرح جو آسمان کے خیمہ کے گرد رہتے ہیں۔ اطراف کو گھیر لیا۔ دوسرے روز جس وقت کہ خورشید جمشید کی طرح سبز تخت (آسمان) پر ظاہر ہوا۔ سلطان تودی خاتون کے وصال اور ملاقات کے لئے چلا گیا کیونکہ اس کا دل اس کی طرف، جوہر کی طرح مرکز اصلی کی طرف، مائل تھا۔ الناق کو مقرر فرمایا کہ سلطانی جھنڈے کے کوچ کرنے کے بعد ارغون کی زندگی کے کیمپ کو کوچ دیکر ہلاکت کی منزل میں پہونچا دے اور خود اس لئے کہ تودی خاتون کے وصال کے نورس درخت سے بہجت اور خوشی کا پھل چنے۔ نہایت جلدی میں چلا گیا۔ اور شغل بلبل کے نغمہ والی، کاتب (مصنف) کے طبع زادہ (بیت) سے کہتی تھی۔ ؎

طراوت نہ دیگی باغبان کی کوشش ہرگز جب کہ قبضہ کرے تیرے گلستان
کے اطراف پر دے (ماہ خزان)۔

(اس شعر میں لفظ تودے، تودے خاتون کے نام کی طرف ایہام ڈالتا ہے) اور سلطان نے سبز رنگ تلوار کے عوض عقیق رنگ ساغر لے لیا۔ اور وصال زنان کو تیغ چلانے والوں کے حملوں کا نعم البدل (اچھا معاوضہ) پہچانتا۔ کنیزوں فلکیوں کو گھوڑوں کی پشت پر ترجیح دی اور نازک اندام عورتوں کے دانتوں اور لبوں کے جو سینے کے بالائی اطراف کی حدود کی جنگ سے غافل رہ گیا۔ نشہ دینے والی شہد کے پینے کی خاطر جان کی شراب کو بچھوؤں کے ڈنک کے آگے قربان کر دیا اور کنواری اور میانہ سال عورتوں کی ہوس میں مددگاروں کے انکار کو بالکل بھلا دیا۔ گانے بجانے کے آلات اور عود سارنگی نے مشاہیر لشکر پر ترجیح پائی۔ نازک کمر گوری عورتوں کے رخساروں کی دید بازی میں باریک اور سفید تلواروں کی دھار اور تیزی کا خطرہ ناچیز خیال کیا۔ بہادران جنگ کے شور و غوغا کو دسن کر لیغا (لیغا نام شہر) کی گوری رنگت والے دلبروں کی طرف مائل ہو گیا، تیزوں اور تلواروں کے ستاروں کو میدان جنگ میں نہ دیکھ کر گوشواروں اور بالیوں کے گراں قیمت کی بزم کے ایوان میں توقع رکھی۔ خلوت سرائے مقصود میں تخت سلطنت کے ایک گوشہ پر ؎

سلطنت کی عروس وہ شخص بغل میں مضبوطی سے لیتا ہے، جو آب دار
شمشیر کے ہونٹوں پر بوسہ دے۔

سبکی اور بے عقلی کی راہ سے جب (سلطان احمد نے) خوابگاہ کی نرمی میں سونا اور آرام کرنا چاہا عیش کی سڑکوں پر ایک لحظہ چلنے کے لئے بادشاہوں، بندگان اور اس قدر لشکر اور جیش کو ترک کر بیٹھا کیونکہ مطلب اور مقصد کے جام میں مست، دلآرام کے خیال میں سرکش زمانہ کی گردش سے فارغ اور اس ملامت کے دکھ دینے سے بے خبر کہ

تو نے جال بچھایا اور دشمن کو جال میں پھنسایا۔ اُسے قتل کر لے باک ہو کر جلدی
اور نہ ضائع کر نام کی آبرو۔

ارغون کے لئے سلطنت کی طاقت اور قدرت اور زندگی کی نعمت تقدیر میں تھی۔ سلطان نے تلوار اپنے وقت میں نہ چلائی اور "الوقت سیف" (وقت خود ایک تلوار ہے) نہ پڑھا اور فرصت کے حاصل کرنے اور قدرت اور اختیار کے زمانہ کو غنیمت شمار کرنے میں عزیمت اور ارادہ کا قدم اس راستہ میں "کہ نہ خرچ کر اپنے کام کو مگر اس قدرت میں" نہ رکھا تو لاجرم دشمن کمات کے اندر سے نکلا اور یوم تبدل الخ "جس دن کہ بدل جائیگی زمین دوسری زمین سے" ظاہر ہو گیا۔ بوقا نے اپنے بھائی آروق کی امداد سے جو دربار سلطان احمد میں قرب کا مرتبہ اور تمام اختیار حاصل رکھتا تھا۔ اور شہرت حاصل کئے ہوئے اور مقرر مرتبہ سے آگے بڑھا ہوا تھا۔ شاہزادوں اور بعض امراء کے ساتھ مشورہ کیا کہ وہ سلطان احمد چنگیز خان کے خاندان کو ذلیل بلکہ جڑ سے اکھیڑنا چاہتا ہے اور مسلمانوں کو صاحب دیوان کی تعلیم سے عزت والا اور مقدم رکھتا ہے اور مغلوں کی شکست کے لئے لشکر گرج کو الیناق کے اہتمام میں مقرر کر کے اس کو مدد اور قوت کی فضیلت اور زیادتی سے تمام امرا اور اشرافوں سے بڑھایا ہوا ہے۔ صاحب عقل و خرد جب دشمن کے تغیر عقیدہ کا نشان حال کی پیشانی میں بموجب "ان کی علامت ان کے چہروں میں ہے" کے آنکھوں سے دیکھے فوراً اپنے کام کے اطراف کو فراہم کرے اور سمیٹے اور اُس (دشمن) شر کے دفع کرنے اور وجود کے مٹا دینے میں متوجہ ہو جائے اور اس کو تاریخ سعادت کا روزنامہ اور توفیق اور ہدایت کا وقت شمار کرے کیونکہ اگر غفلت اور بے کاری کی طرف مائل ہوگا اور تذبذب اور حیرانی کے گرد پھرے گا۔ تو کام ہاتھوں سے مانند تیر کے شست سے نکل جائے گا اور پانی کے سر سے، جونہی کہ فرصت سامنے سے گذر جائے گی (موقعہ چلا جائیگا) بے شک وہ اپنے خون میں کوشش کر رہا ہوگا اور اس جہان اور اس جہان میں معذور اور اسکی سعی مشکور نہ ہوگی

لہٰذا جماعت اور لشکر کی مصلحت یہ ہے کہ "بولاچو" کو سلطنت پر بٹھادیں۔ اور احمد کو تخت سلطانی سے ہٹادیں اور یہ تجویز ارغون کے چھوڑ دینے سے وابستہ ہے۔" تمام حاضرین کو یہ (مشورہ اور) صلاح صحیح معلوم ہوئی۔ سب نے وعدہ کیا کہ جب زمانہ گناہگاروں کے دل کی طرح سیاہ ہوگا (رات ہوگی) اور دن کا لشکر بغیر سامان اور سپاہ کے دلیئے دن ختم ہوگا) تو یہ ارادہ پورا کیا جائے گا۔ ہر ایک اپنے مقام سے موعودہ وقت کا منتظر اور وعدہ کی ساعت کا امیدوار تھا۔ ~

جب بلند آسمان نے پوت (گھونگھے) کا تاج کیا۔ (آسمان) لاجورد پر ستارے پھیل گئے۔

فلک کے شہسوار نے ساز و سامان والے زرد رنگ کے گھوڑے سورج کو میدان آسمان سے باہر دوڑدی اور شام کو موتیوں سے مزین لگام ڈال کر بنات النعش قطب شمالی کے گرد پھیر رہے تھے اور فرقدان (دو ستارے) چوکیدار کی طرح حوادث لیالی پر آنکھیں لگائے ہوئے، خوش ہونے والی زہرہ نے ستارہ بلندی کی بزم کو ترک کیا ہوا۔ تیغ زن بہرام (مریخ) نے گوشہ خنجر پکڑا ہوا۔ دبیر کے تیر نے قلم پھینکا ہوا تھا۔ اور جب مشتری قوس کا طالب تھا اور زحل بڈھے اور مغرور سر والے کا ڈول (دلو برج ہے) خاک کے رہنے والوں کی زندگی کے کنوئیں میں پڑا ہوا اپنے سے کہتا تھا۔ شیخ۔ لیکن تو اپنا ڈول ڈولوں میں ڈال دے + ~ (از مؤلف)

چاند ڈوبا ہے، ثریا گولیوں کی طرح۔ تقدیر ایک چالاک شعبدہ باز (مداری) ہے۔ گویا کہ ستاروں کی لڑکیاں چنگی کے خاندان سے متعلق تھیں جو سترھویں پردہ (آسمان) کے پیچھے نظارہ کے لئے کھڑی ہوئی ہیں۔ (خلاصہ جب رات ہوگئی) تو ناگاہ بوقا شاہزادہ (ارغون) کے خیمہ میں آیا اور خیمہ کے دامن کو شرم اور حجاب کے پردہ کی طرح اٹھادیا۔

اس بہانہ اور عذر سے کہ اسے شاہی حکم (سلطان احمد کے حکم) سے کسی مصلحت کے لئے انہوں نے بھیجا ہے۔ ارغون وحشت کی خوابگاہ سے گھبرا کر اٹھا۔ اندرونی وساوس دوڑ دھوپ میں آ گئے کہ (شاید) اسی لحظہ میں مسودہ اور داغ سے روزنجوانی کے دماغ کی تلچھٹ اس سانس سے ~ (از مؤلف)

ارغون کے جدا ہونے کا کوئی سبب اور باعث ہوتا ہے۔ بتاتا ہے۔ بوقا ارغون کا ہاتھ پکڑ کر باہر نکلا۔ شہزادے سے تہنیت ادا کی اور نصرت دکھانے لگا۔ پس (اس بوقا نے) مشورہ کی ترتیب کن فیکون (تقدیر) کے امر کا

معاملہ۔ شبخون مارنے کے ارادہ کو پورا کرنے اور ہولاجو کے سلطنت کے امیدوار بننے کے
کے قریب کو بیان کر دیا (ارغون نے) کہا کہ بولوغان کے ساتھ مشورہ کر کے چلیں گے۔
بوقا مانع ہوا اور کہا کہ عورتوں کی رائے ایسے مقام میں مصلحت بین اور صواب دان نہیں
ہوتی۔ ایسا نہ ہو کہ تمام بنے بنائے کام مٹ جائیں۔ اور فرصت کا موقعہ جاتا ہے۔ اکٹھے
چل پڑے۔ ٹیلے کے پیچھے، گھوڑے زین کئے ہوئے عزم کے دہانہ سے لگام دئے ہوئے
اور ہوشیاری کے تنگ سے تنگ کسے ہوئے تیار کھڑے تھے۔ تلوار کی طرح دشمنوں کے
خون کے پیاسے اس بیت سے تشبیہ کرتے تھے (یعنی یہ بیت اُن کی مثال تھا) ؎

یہ گھوڑے، اولاد اور نسل ہیں غراب، وجیہ، لاحق۔ اور اعوج کی جس نے
مشہور کر دیا نسبت دئے ہوئے کی نسبت کو۔

آگ کی مانند، بادپا گھوڑوں پر سوار ہو گئے، اور دشمن کے ناموس کے پانی کو مٹی پر گرا دیا
آروق اور ہولاجو نے خفیہ طور پر یاسار اغول کے سر پر حملہ کر دیا۔ اور اس کو چند خواص
کے ساتھ مست سویا ہوا پایا اور زندگی کے دفتر سے ان کا نام محو کر دیا۔ ارغون اور بوقا
نے الیناق کی منزل کا عزم کیا جو زیادہ سخت دشمن اور نہایت تیز نیش تھا۔ وہ (الیناق)
سرکشی کا بھڑ و مچھر کے ڈنگ کے اندیشہ سے مچھر دانی میں ناز کا پہلو آرام کے بستر پر لگائے
ہوئے تھا۔ تلواروں کے ساتھ اندر گھس گئے اور اس کو مچھر دانی کے ساتھ ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔
بعض چوکیداروں نے تیر کے لئے ہاتھ کھول دئے، بوقا نے آواز دی کہ "آج تک ہم احمد
کے حکم اور قانون کو مانتے رہے اور تابعداری کی گردن اطاعت کی رسی پر رکھی۔ اب ہولاجو
کے قانون اور حکم سے ہم نے الیناق کو قتل کیا ہے۔" انہوں نے ہتھیار ڈال دئے۔ اور
خدمت میں گھٹنے عاجزی کی زمین پر ٹیک دئے۔ روز اکبر کی گھبراہٹ اور دہشت (قیامت)
اس رات کو مشاہدہ کی گئی اور شور اور زلزلے مکانوں میں پڑ گئے۔ ؎

تو جب تک انگوٹھی کو پھیرتا ہے۔ جہان کی حکومت بدل جائے گی۔

اُسی رات کو ماما (نام شخصے) واقعہ سخت کے درمیان سے تاریکیوں کے دامن سے
تمسک کرتے ہوئے فرار کے گھوڑے پر سوار ہوا اور احمد کے پیچھے ہوا کی طرح جو گرد اڑاتی
ہے تیز دوڑ رہا تھا احمد اسفرائن سے چار فرسنگ بلکہ تخت اور ملک کے تاج پر واپس آنے
کے امکان کی سرحد سے ہزار فرسنگ گذر گیا تھا اور اس کے سر پر قضا نے لکھا تھا کہ ؎

اے غفلت کی رات میں آرام کرنے والے! جاگ۔ کہ صبح روشن ہو گئی ہے
اس کے پردوں کے پیچھے۔

ماما۔ اس حال میں کہ قرار کے جذب کرنے والی قوت اور زندگی کے قابو کرنے والی طاقت ضبط کے امکان سے خارج تھی - پہونچ گیا - اپنے بھاگنے کا حادثہ، ارغون کا رہا ہو جانا شبخون کا حال، اور مددگاروں کے قتل کا قصہ بیان کیا اور اس دعوے کی گواہی میں حسرت کے آنسوؤں کا سیلاب دونوں آنکھوں سے منہ پر جاری کیا - اس وحشتناک خبر اور تشویشناک پیغام سے سلطان کا دل بلا کے قلق میں بغیر رمق (آخری دم) کے ہو گیا اور روح غم کے ہیجان کی تنگی میں پریشان - اگرچہ احمد ان نہ پھرنے کے وسائل کے ساتھ سواریوں، لشکر، خزانہ اور ذخیروں سے لاینصرف (وہ نہیں پھرتا اور واپس نہیں ہوتا) کی صورت رکھتا تھا (مگر) مجبوراً پھرنا (منصرف) اختیار کیا (منع صرف، منصرف علم نحو عربی کی اصطلاحیں ہیں) مخالفوں کی سلطنت کے جھنڈے ابتدا میں بلند ہو گئے (ابتدا - رفع یہ بھی نحو عربی کی اصطلاحیں ہیں) حلقہ نما آسمان کے فیصلہ اور قہری حکم سے پچھلے پاؤں واپس ہونا اختیار کیا - اور قنغر الان میں واپس آیا - خوف اور ناکامی دل پر غالب تھی اور حیرت اور تنگی کے لشکر نے صبر کی خیمہ گاہ کو لوٹ لیا تھا - باطنی تردد نے اس کی ظاہری حالت کو پریشان کیا ہوا اور اس کے دل کا اضطراب اندر کے بستر میں آگ بچھائے ہوئے تھا - وہاں سے اپنی ماں قوتی خاتون، کے کیمپ کے ارادہ سے سراب، کی طرف مڑ گیا اور وہ جھوٹی خواہشات مانند سراب اور چٹیل زمین کے جس کو گمان کرتا ہے پیاسا آدمی پانی - حتیٰ کہ جب اس کے پاس پہنچ جاتا ہے اسے کچھ نہیں پاتا" اس کو دھوکہ دے رہی تھیں - راستہ میں امیر لشکر کے رہنما اور اطراف کے ملوک، تخلف (ساتھ چھوڑنا - پیچھے رہ جانا) ڈھونڈتے اور منزل منزل پر اس سے باز رہ جاتے تھے اور خواہشات نے اختلاف کی صورت اختیار کی (یعنی خواہشات مختلف ہو گئیں) ـــ

ہر منزل میں کامیابی سے دور رہ گیا - ناکامیابی سے آیت لکھی ہوئی پڑھتا ہوا (کسلہ بقیعۃ الخ)

صاحب دیوان بھی واپسی کے وقت خادموں، لشکر، سواروں، چاکروں، سواریوں اور گھوڑوں سے جدا ہو کر ایک کوتل گھوڑا لے جانے والے (سائیس) کے ساتھ خاجرم پہونچ گیا - بعض خواجگان شیراز نے جو خراسان میں ارغون کی خدمت میں ہمیشہ رہتے تھے اور لشکر کی شکست اور لڑائی کے بعد چونکہ کام دوسرا دیکھا اور مصیبتیں آمادہ و تیار ہوا کا سلسلہ توڑ کر احمد کے کیمپ کی طرف آئے - اس فتنہ کے موج مارنے اور اس آگ کے بھڑک اٹھنے سے ذلت کے صحراؤں اور دہشت کے بیابانوں میں (تیز چلتے ہوئے دوڑتے) خاجرم میں جا پڑے - صاحب دیوان نے ان سے ایک دو خچر لئے - اور حقیقت میں جہاں کی

کام سر بسر تمسخر ہے اور کھیل۔ مجازی ملمع دار چیزوں میں مغرور اور ہمیشہ رسوائیوں کے چار میخہ (عذاب) میں مبتلا رہتا ہے۔

چونکہ حریف بخت (دونوں کا) بے سامان تھا اور اس نے مخالف کے قول کے نغمہ کو تیز کیا ہوا تھا عراق کے پردہ کی طرف تیاری کرنا زیادہ مناسب نظر آیا۔

(دونوں نے) اصفہان کا ارادہ کیا اس وقت کہ حمائل فلک سے صبح کی تلوار تاریک رات کے سر پر راست کی گئی (یعنی صبح کے وقت اصفہان کی طرف چلے گئے)

اور ارغون نے اسی رات جو کہ دشمن پر فتح حاصل کرنے کی وجہ سے جنگ بدر کا دن تھا اور دوستوں کی مدد سے شب قدر تھی چونکہ دشمن کا کام پورا کر لیا اور دل کینہ کے مواد سے فارغ ہو گیا۔ رات کو تمام رات اپنے بخت کی طرح بیدار رہا جب صبح کا چہرہ زلف شب کے شکن سے چمکنا شروع ہوا اور کافور کی کرنیں (دستنبو) عنبر کے شماروں (ستاروں) سے سبز چرخ کے اطراف پر گرنے لگیں۔ شہزادے اور امراء خدمت میں آئے اور زندگی کی نعمت سلطنت، اور دشمنان سلطنت کے مقہور ہونے کی۔ امید کے قطع ہو جانے کے بعد۔ مبارکباد دی ۔ ؎

کس قدر خوش ہوگا کہ انتظار کے بعد۔ امید کو پہونچ گیا ہے امید والا۔

یوقا نے۔ کہ اللہ تعالے کے حکم کے بعد جس نے جان اور سلطنت کا احسان ارغون پر ثابت کیا تھا۔ بوسہ کو اونٹ پر ؎

ہولناک شتر، تیز دوڑانے والا، کم کھانے والا، بہت چلنے والا۔ جو ہرنوں سے سبقت لے گیا قدم چلنے اور تیز دوڑنے میں۔

(سوار کر کے) سغور لوق کی طرف روانہ کر دیا تا کہ لشکرگاہ ناس کو اطلاع دے اور احمد کی راہ کا خیال رکھیں اور الغش قونچی کو قونچیوں کے پاس بھیجا اور کہا کہ راہ میں احمد کے نوکروں کی تلوار سے دریغ نہ کریں (یعنی ان پر تلوار استعمال کریں) اور جہاں کہیں ٹکر ہو جائے علی الاعلان کہہ دیں کہ ارغون پچاس ہزار لشکر کے ساتھ ابھی پہونچا جاتا ہے۔

اس مصلحت کے جاری کرنے کے بعد شہزادہ (ارغون) نے خود بھی صید مطلوب کے شکار اور دشمن مغلوب سے قصاص لینے کے ارادہ پر حرکت کی جیسا کہ اس ذکر میں بیان کیا جاتا ہے۔

ان خبروں کے پھیلنے سے تمام لشکر نے ؎ وہ پراگندہ ہو گئے تتر بتر ہو کر کی ہمت اختیار کی۔ قیامت بزرگ دنیا میں واقعہ ہو گئی اور اس ہول اور دہشت کی سختی اور اس خوف

اور گھبراہٹ کی برائی جہان کے ختم ہونے تک دیہات اور شہروں میں افسانہ ہوگئی۔ سونے چاندی کے سکے، جڑاؤ دار برتن اور پیرہنیاں اور ریشمی گٹھریوں کی گٹھڑیاں مانند ڈھیلوں اور تنکوں کے مٹی پر پڑی ہوئی، غایت رغب اور خوف سے اُدھر توجہ نہیں کرتے تھے۔ کنواری عورتیں، جو بہشت پریں کو شرمانے والی اور خوش چشم حوریں تھیں۔ روشن اور چمکدار موتیوں کو، جو اُن کے دانتوں کی لڑیوں کو رشک دلانے والے تھے۔ کانوں اور گردن سے۔ آنسوؤں کے قطروں کی طرح جو آنکھوں سے جاری تھے۔ اُتار پھینکتی تھیں۔ اور پیادہ پا دائیں اور بائیں دوڑتی تھیں اور پست زمین اور گڑھوں میں گھستی تھیں اور موت کے خوف سے یہ وہ دن کہ نہ نفع دیگا مال اور نہ اولاد۔ موافق حالت بوڑھے اور جوان کے ہوگیا ہے

عجب سے جہان نے لوٹ مار کی رسم رکھی ہے۔ ایسی لوٹ مار ہرگز یاد نہ رکھتا ہوگا۔

سوغونجاق نے شاہی سامان، خزانہ اور بوجھ بار کے ساتھ "مسلمی" کی راہ لی اور سنگریزوں اور مٹی کے اجزا سے سنتا تھا۔ ج۔ کہ تیری طرف ہدایت کا راستہ غیر مسلم ہے + ارادہ رکھتا تھا کہ پیچھے سے دریا کے راستہ جائے (یا سراب نام مقام کے راستہ سے نکل جائے) اور راہ میں ناگہاں طاہجو قوشچی اور کتبوغا ایک فوج کے ساتھ اُسے مل گئے اور سامان پر ٹوٹ پڑے طرفین سے جنگ چھڑ گئی۔ ناگاہ شست قضا سے ایک تیر آلغو قوشچی کے بھائی مقتل کے لگا اور وہیں ٹھنڈا ہوگیا اور سوغونجاق کی سواری کو بھی تیر لگے۔ خزانہ کو واپس لے کر "مسلمی" میں اس کی حفاظت کے لئے انہوں نے قیام کیا۔

سلطان احمد جب ماں کے کیمپ میں پہونچا کام کے عجیب ہونے اور زمانہ کے حادثہ سے، جو ناگہاں ایسا فتنہ کھڑا کرتا اور اچانک اس طرح کی رنگ آمیزی کرتا ہے، خبر دی۔ قوتی خاتون نے کہا مصلحت ہے اس جگہ رہنا اور اُمرا کو جو ملازم ہیں اپنے ساتھ مطابق اور موافق کرنا۔ اور آنکھ پر رکھنا (انتظار کرنا) اس بوقلموں زمانے پر۔ ج۔ کہ آسمان خود پردہ سے کیا ظاہر کرتا ہے

اور اس حال میں واقعہ کی کیفیت ہر شخص پر مشتبہ تھی اور گمانوں کے غلبہ اور توہمات کے اختلاف کے بموجب ظاہر اور پوشیدہ ہر شخص ایک بات کہتا تھا۔

دوسرے روز جب صبح صادق کے سپیدہ کے چشمہ نے خورشید کے چشمہ سے پھوٹ نکلنے کے آثار دکھائے اور سطح زمین کو چینی آئینہ کی مانند چمک کی صیقل سے صاف کردیا تو قرانقائی اور قیشکتور حسب دستور بادشاہ کی خدمت میں آئے اور انہوں نے بادشاہ کے تعجیل کے بارہ پر پہونچنے سے (اس قدر جلدی پہونچنے سے) بغیر ترتیب لشکر اور اسباب سلطنت کی زینت کے سوال کیا۔ سلطان نے کہا کہ ارغون کو گرفتار کرکے ہم نے سپرد کردیا (جیل میں ڈال دیا) ہے ہم آئے ہیں کہ لشکر

کے لئے رسد اور سامان مہیا کریں۔ افسوس ہے
چوڑے منہ والے معترض نے ایسا نہیں کاٹا۔ کہ یہ عقل کی سوئی اُسے سی سکے۔
ناتیان، جو خیمہ کے باہر بیٹھا ہوا تھا اور ان مشوروں کو چوری چھپے سن رہا تھا۔ نے آواز دی کہ معاملہ اس طرح نہیں ہے۔ چھ پسر اور ساٹھ امیر ارغون کے ساتھ موافقت اور امداد کی گرہ باندھ چکے ہیں اور احمد کی اطاعت کے چہرہ کو غدر اور انکار کے خدشہ سے چھپا دیا ہے اور وہ (احمد) بھاگ کر آیا ہے۔ اگر ملک کا بقا، دولت کی ترقی، امور کا انتظام اور لشکر کے حال کی استقامت منظور ہے تو اس کی حفاظت کرنی چاہیئے (نظر بند کر لینا چاہیئے)۔ کس قدر عجیب ہے کہ عالم خاکی کے باد پیما اور زمانہ ظالم کے صورت پرست ہر لحظہ شاخ بید کی طرح کانپتے اور ہر گھڑی شمع کی طرح اپنے اوپر پگھلتے رہتے ہیں۔

جب دھوکہ کا پردہ ظاہری اور باطنی بینائی سے کھل گیا اور حال کے قرینے، لشکر کے متفرق ہونے، دلوں کے اضطراب اور ظاہر کی پریشانی سے خصوصاً ان مطالب کی خبر دینے لگے تو وہ (قرانقائی اور تکیشکتور) خیمہ سے باہر آئے اور سلطان کے مکان کے کناروں کی حفاظت کر لی (اس کا محاصرہ کر لیا) خود بہت جلدی قرا وناس، بودہ کی اطلاع میں حرکت میں آ کر ہر ایک جگہ کو غارت اور برباد کرتے ہوئے وہاں پہونچ گئے۔ پہونچنا ہی تھا اور کیمپ پر حملہ کرنا ہی۔ (دیکھتے دیکھتے کیسا حملہ کر دیا) درندوں اور کفتاروں کی طرح جو ناگہاں ہرنوں اور سفید شکم ہرنیوں پر حملہ کرتے ہیں۔ وہ جانوروں کی سیرت والے شیر کی مانند خیمہ کے آہوؤں اور جوذر کی آنکھوں والی خیموں میں بند عورتوں پر ٹوٹ پڑے اور لباس اور پوشاک اُتار کر لوٹ لیا اور تمام فرش، بچھونے، سونا، چاندی، کپڑے اور منقش لباس جو کچھ کیمپ میں ملا چھین لیا (اُٹھا لیا)۔ قوتی بیگم کے زیورات کانوں اور گردن سے جدا اور جوتی پاؤں سے اتار لی۔ اور جو کچھ ناپاکی اور بے باکی ممکن تھی عمل میں لائی گئی۔

مغلوں کا دستور ہے کہ تنگی اور تکلیف میں جو کچھ ہو عورتیں اور لڑکیاں تعرض کرنے اور مطالبہ کرنے سے محفوظ رہتی ہیں اور ان کو کوئی دکھ نہیں پہنچاتے۔ مگر اس حال میں مغلوں کے شیطان ضبط کے شیشہ سے ایسے باہر آئے کہ کسی لاحول کے کہنے سے دشمنی خوردہ نہ ہوئے۔ اور فتنہ کی گرد و غبار زمین اور زمان سے اوپر چڑھ گئی کہ اس کو۔ ضج۔ دو سو سال کی بارش نہ بٹھا سکی +

آخر کار سلطان (احمد) کو گرفتار کر کے اور کپڑے اتار کر خیمہ میں نظر بند کر دیا۔ اور ارغون نے جب سلطان کے کام کے در پے ہونے کے لئے چڑھائی کا ارادہ کیا تو لشکر مجروحوں سے تنگی اور عاجزی رکھتا تھا اور گلے اطراف میں گئے ہوئے تھے اور اسباب اور سواریوں کے حاصل کرنے کا انتظار اور اس میں تاخیر کرنا مطلوب کے کھوئے جانے کا موجب نظر آتا تھا۔ کل تین سو سواروں کے ساتھ

چونکہ وہ یقین رکھتا تھا فتح کے دلیروں کی یاری اور مدد پر اور فتح اور تائید کے وعدوں کے پورا ہونے پر۔ آسمان کی تیزی والی باگ ہلائی۔

اتابک یوسف شاہ لر اور سید عماد الدین ابو العلی خدمت سلطان سے اس کی ابتدا شکست میں رجوع کر کے شرف باریابی (ارغون کی خدمت میں) حاصل کر کے اس حال میں آسمان کو لگنے والے رکاب کے ملازم ہو گئے۔ ہر ایک ایک سائیس کے ساتھ۔

اور بوقا نے سید عماد الدین کی تربیت کی تھی اور اس کی تربیت سے پسندیدہ مرتبہ حاصل کیا اور اس کا ذکر اپنی جگہ لکھا جائیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

جب ارغون قسلمی کے نزدیک پہونچا۔ ؎

ہر طرف سے لشکر اس پر جمع ہو گیا۔ ایک بہادر لشکر جنگ جو۔

قرانقائے اور شیکتور لشکر قراؤ ناس کے ساتھ سلطان کو قید کر کے لا رہے تھے۔ اور اس کے سامنے آ گئے۔ مغلوں کا آئین اور دستور ہے۔ گھڑ دوڑ کے درمیان اور شرط اور تیر اندازی کے اثنا میں کہ جب غالب اور فتح مند ہوتے ہیں۔ ہاتھ پھیلانا اور لفظ "مرلو" کہنا جس وقت کہ ارغون کی نظر دشمن پر پڑی اور اس کو اس حال میں دیکھا۔ امرا کے ساتھ خوشی اور خصومت کی راہ سے مرلو کہا۔ وہیں شراب کا دور چلا اور دشمن غالب، متکبر کی قید سے جس کے شر کی چنگاری تمام اس کے سر کی طرف عائد ہوتی ہے اور ایک لحظہ میں مالک، غلام۔ خوش اور آزاد، قیدی۔ اور اطاعت کرنے والا سردار ہو گیا ہے۔ (چھوٹنے کی) ایک دوسرے کو مبارکباد کہی۔

ثابت ہو گیا کہ زمانوں کے بدلنے اور روزگار کی تبدیلی سے یہ حال بغیر کسی ملمع سازی کے معتبر ہوتا ہے۔ شاید کہ عقلمند اس کو اختیار کے تجربوں کا دستور اور احوال کی آزمائش کا معیار بنائیں۔ کیونکہ متقدمین کی تاریخوں اور سلف کی تصنیفات میں جو نظم اور نثر میں ترتیب اور تصنیف کی گئی ہیں ایسا حادثہ جو دیکھا گیا ہے حدوث اور ظہور کے مکان میں نہیں آیا۔ اور اسی طریق پہ کوئی داستان آحاد اور تواتر سے (ایک آدمی کی روایت آحاد اور بہت آدمیوں کی روایت متواتر کہلاتی ہے) روایت نہیں کی گئی۔ نہیں ہی اس کی مثال پچھلے لوگوں نے اور نہ دیکھی پہلے لوگوں نے۔ ؎ (از مترجم)

ایسے ملکی عجائبات سالہا و دراز سے نہ زمانے کے کانوں نے سنے نہ زمانے کی آنکھوں نے دیکھے۔

ارغون چونکہ لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ الخ (مومن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا) کے تادیب خانہ سے ادب اور تعلیم پائے ہوئے تھا اور آنکھوں سے دیکھ چکا تھا کہ سلطان کی غفلت کس طرح اس کی ناکامی کا پھل دینے والی ہوئی۔ اس کے تاخیر کرنے اور مہلت دینے میں کیونکر غفلت

زمانہ سے اگر اپنا مطلب تو نے حاصل کیا۔ سورج پر اگر اپنا نام لکھا مگر ساسانیوں
اور کیانیوں کی بادشاہت تک پہنچا۔ اگر ساسانیوں کے خزانے تیرے قبضہ میں ہیں
اور اگر جہان تیرا تابع ہو گیا۔ اور اگر جباری سے آسمان تک بلند کر لیا جھنڈا کیا
فائدہ؟ اس کی عاقبت میں تو ختم ہو جائے گا اور دوسروں کے سپرد کر جائے گا
افسوس! اس کے آخر میں تو گذر جائے گا اور گذارہ جائے گا۔

جلوس ارغون خان

جب دشمن سلطنت کا کام ہو چکا اور دل کو وسوسوں اور تشنلوں سے ہلکا اور آسودہ
کر لیا بادشاہانہ ارادوں کے جاری کرنے کے لئے کہ اقبالمند یاروں کی دولت کے آثار اور بلند
بخت والوں کے فضائل اس کے سوا نہیں۔ خانیت کے پختہ کرنے میں جلدی کی اس سے
قبل کہ فاسد خیال اور حیلہ اور فریب کے اسباب ہمسروں اور ہم زمانوں کے دماغ کے
پردوں اور دل کے نقطہ کے اندر طاقت حاصل کریں۔ اور بے شرمی اور دلیری کی قوت
اتباع اور اطاعت کے ہاتھ کو پھیرے۔ اور اگرچہ بعض شاہزادوں کی غیر حاضری کی وجہ
سے مطابقت آراء اور اتفاق جس سے اجماع کی صحت پذیر ہوتا ہے۔ نے ہاتھ نہ دیا۔
(مگر) اولجتائی، ققتئی خاتون اور امرا بوقا، شیکتور اور طغاچار نے اتفاق کر کے ارغون کی خانی
(سلطنت) پر دلی محبت کی راہ سے حسد کرنے والے اور نافرمانوں کی ناک کو خاک آلودہ
کرنے پر (یعنی اُن کے برخلاف) معاہدہ کیا اور جمادی الاول ۶۸۳ھ کے ساتویں روز مقام
قاسون میں۔ جو واقع ہے درمیان ہشت الرود اور قربان شیرا کے۔ جو اُن کی گرم سیر مشہور منزل
ہے۔ روز افزوں دولت کے تخت پر۔ بے شک (اللہ تعالیٰ) کے ارادہ کے سبب متمکن ہوا اور
سرکش آسمان اُس کے احکام اور نواہی کا پابند اور اقرار کرنے والا۔ فرخندگی اور بخت
کا تاج سر پر رکھا۔ زمانہ کہتا تھا (از مؤلف) - نظم - میں اس کو ایک بال کے برابر بھی چاند
سے فرق نہیں کرونگا + سے

آسمان اس کے پایہ تخت کے مقابل زمین کو ساکن اور قائم نہیں کہتا۔
زمین اس کے تاج کے گوشہ کے مقابل آسمان کو بلند نہیں کہتی۔

شہزادوں اور خواتین نے یاقوت رنگ شراب، کہربا (زرد) رنگ پیالوں میں ڈال کر
تلوار صفت ہتھیلیوں پر رکھے اور ساز بجانے والے، جو عالم روح کے دلنواز ہیں۔ وہ نغمہ
کہ تعریف وہ نغمہ ایک روحانی نطق ہے" اس پر صادق آتی ہے۔ گانا بجانا لوگوں کے لئے

سبب ہو جاتا ہے۔ محبت کا۔ کی نسبت موافق حال ہوتی ہے۔ اہل مجلس کے کانوں میں سناتے (یا اہل مجلس کو سرود کے ذریعے سناتے) تھے۔ اور جہان نیز فلک شکوہ بارگاہ کی طرح خوش و خرم تھا۔ اور روئے زمین ارم کے سبزہ زار اور چراگاہ کی غیرت بنی ہوئی تھی۔ اعتدال ہوا کی تاثیر سے خوشی کا جمرہ (یعنی بخارعن۔ سے زمین میں نشوونما کی قوت پیدا ہوتی ہے) پڑا ہوا تھا۔ اور سرمست نرگس نے سرو آزاد کے پاؤں پر سر رکھا ہوا اور پوری شوخ چشمی کے ساتھ ایک گوشہ سے خورادشوں پر آنکھ لگائے ہوئے۔ اور باغ کے اطراف میں حوا بیٹھے ہوئے اور زبان کو اس نصیحت سے آب رواں کی طرح پھیرتے ہوئے کہ ۔

صحن باغ میں سوائے سرو کے (کسی کے) پیچھے نہ بیٹھ۔ اپنے سامنے بجز
سرو قد یار کے (کسی کو) نہ بٹھا۔

نامیہ کی مشاطہ نے شاخساروں کو نئی دلہنوں کی طرح سر لگایا (زینت دی) اور مشک بیز نسیم کے چلنے سے جوہر ان کے گریبان کی طرح چوکا۔ ندی کے کنارے خط کے سبزے نے سر نکالا اور شگوفے کھلے ہیں ۔

پھر کیسی ہوائی اور حسن ہے جہان کے لئے۔ اور یہ حال کہ نیا ہو گیا ہے
زمین اور آسمان کے لئے۔

شاخ کی انگلی دانتوں میں لی۔ بلبل فاختہ کے رشک سے شور مچانے لگا جیسا کہ صراحی ساغر کے منہ لگانے قلقل میں۔ درختوں نے فراخی نفس کا پانی پیا اور زمین نے تازگی کی شراب چکھی گویا کہ ربیع کے نقاش نے جاری ندی کے رخسارے پر جادوگری کے قلم سے کاتب (مصنف) کی دلاویز پیاری غزل کا نقش باندھا ہوا تھا ۔

اب چلنے لگی ہے باد بہاری پیالے اٹھا شراب سے بھر۔ باغ کی طرف سے صبح کے وقت سن بلبلوں کی خوش الحانی اور قمریوں کا گانا چنگ دار نغموں اور جام شراب سے اچھی کیا جاتا ہے، اے ساقی کیا رکھتا ہے۔ اے زمین کے صحن تو خوبی کی جان ہے۔ یا باغ بہشت ہے یا چہرۂ محبوب ہے۔ وصبا سے باغ حسینو کے گریبان کی طرح ہو گیا۔ عنبر تر سے پر یا مشک داری۔ اس کے رخساروں اور زلفوں سے یہی حاصل ہے۔ سوسنوں کا دیکھنا اور خوشبوؤں کا سونگھنا۔

صبح کے وقت قمری، دور قمر کے غمزدوں کو اس تحسین دار رباعی سے مانوس کرتی ہے ۔

اے دل تو کیوں ملامت کے سامنے سپر تنگ اندیشہ کی راہ کو پامال کے سپرد کریگا۔ کیونکہ عقل اور احساس کے بازوؤں سے اڑیگا۔ پی (شراب) کہ جوانی ختم

ہوتی جاتی ہے۔
برساتی بادلوں نے گلزار کے خیمہ پر سائبان رکھا ہوا ہے۔ اور اطراف دنیا کے لیے لطف اور خوشی سے کچھ باقی نہیں چھوڑا۔ ایسے موسم میں چند دن خوشی جمع کرتے اور عیش حاصل کرتے رہے اور سرور اور فرط خوشی میں ۔ ؎

کبھی بربط بجاتے کبھی طنبور۔ کبھی مست ہوتے کبھی مخمور۔ کبھی ساغر
چلاتے کبھی چوگاں۔ کبھی تالیاں بجاتے کبھی نغمہ گاتے۔ جہاں بے غم نہیں
ہوتا صبح اور شام۔ اس ولایت میں ایک لمحہ کا غم نہیں ہوتا کبھی ہرن
بھگاتے تھے پہاڑ سے۔ کبھی دل سے غم کو خلاصی دیتے تھے۔

اس صفت پر اس زمانے میں حسینوں کے رخ اور زلفوں کی طرح خوش، رات دن کے ساتھ ملاتے اور سرودوں اور حسینوں کے ساتھ ارغوانی شراب پیتے رہے۔

پس ایلخان نے مہمات کے تیار کرنے، بکھری فوج کے منظم کرنے، اطراف کے مائل کرنے اور اپنوں اور بیگانوں کے نرم کرنے کی طرف توجہ کی سب سے پہلے اُن مہربانیوں کے مقابلہ میں۔ جو قیوم قدیر (اللہ تعالےٰ) کے سرا پردہ سے کلی مایوسی، پورے خوف مددگاروں کے نہ ہونے ۔ لشکر اور سامان کی قلت۔ زمانہ کی کمی اور کوتاہی اور مدد کے کم ہونے کے بعد۔ فائض اور نازل ہوئیں۔ فاتح عالم نے عظیم دریائے جیحوں کے کنارہ سے بلاد مصر کی حدود تک۔ ایلچیوں کے ذریعہ جو مہربانی کے بازو کھول دینے پر متضمن، خوف کے اسباب کو قطع کرنے پر شامل۔ عدل کے نیک نشانوں کے پھیلانے سے آگاہ کرنے والا اور انصاف اور رحمت کے پیالوں کے دور چلنے سے خبر دینے والا تھا، بھیجا۔

اور وہ طائفہ جنہوں نے لشکر کے جدا ہو جانے کے وقت قابل اطاعت حکم کی تعمیل کی تھی (یا آقا کے حکم کی تعمیل کی تھی) جو آسمان دوران رکاب کے ملازم رہے۔ مردانگی کے میدان میں چلنے کے اندر استقلال اور صبر کا محکم قدم رکھا۔ وفا اور ننگ کی پیشانی کو غلامی کے حسن عہد کے چہرہ پر اقبال کے ماتھے کی طرح آستانہ خدمت پر رکھا۔ اور بادشاہ ولی نعمت کے حقوق کا سررشتہ ہاتھ سے نہ دیا تھا۔ ہر ایک کو بلند مرتبہ اور بے مثل درجہ عطا کیا اور آرزو کے انتہا اور رفعت کے بلند مراتب تک پہونچا دیا۔ بہت سے گدڑیئے جو تاجدار اور بادشاہ بن گئے۔ اور بہت سے گداگر تھے جو امیر اور فرمانروا ہو گئے بیشک شاہی خدمتگاروں کے وعدوں کی حفاظت اور مشفق دوستوں کے احوال کی دیکھ بھال مہربانیوں کے لوازم اور زمانے کے مکر کی تکلیف برداشت کرنے کے بعد۔ واجب اور

ضروری ہے ہر وجہ سے - شیخ - بزرگ اور شریف جب آسانی میں پہونچتے ہیں تو یاد کرتے ہیں اس مصرع کے تضمین کرنے (یعنے اس مطلب کے ضمن میں لانے) کے وقت دوستوں میں سے ایک حاضر تھا - نظم عربی اور نثر فارسی کو ملانے کی خوبی پر، موقع تضمین کی لطافت اور مثال کے مرتبہ کی بلندی کے ساتھ مبالغہ اور خوبی کے شیوہ سے تعریف کی - یہ بیت دوسرا سابق مطلب کے موافق تضمین اور شمول مطلب کے طریقہ میں معہود خاطر (دل کو معلوم ہے) مصرع کے نصف سے التزام کیا (تصنیف کر دیا) سے

اے وہ شخص کہ تجھ پر ہر طرح سے خدا کا لطف و کرم ہے - فکر کی تختی سے
انّ الکریم اذا الخ پڑھ -

اور چونکہ ابھی سلطنت کا کام پوری طرح منتظم نہ ہوا تھا جشن کو ملتوی رکھا گیا اور نیز پہلی دفعہ ہی خمار ایلچی کو صاحب دیوان کے طلب کرنے کے لئے - مائل کرنے اور حاضر کرنے کے حکم کے ساتھ بھیجا اور اس مصلحت کے لئے اتابک یوسف شاہ لر اور ملک امام الدین قزوینی کو پیچھے سے روانہ کر دیا اور اس کی شرح اس ذکر کے آخر میں بیان کی جائے گی - اگر اللہ غالب نے چاہا -

مبارک جلوس کے وقت شاہزادوں میں سے ہولاجو، جوشکب، کنشو، بایدو اغول اور کینجاتو ابھی نہ پہنچے تھے اور بعض جو شاہراہ عقل سے دور اور جریف سعادت سے مہجور تھے - خیال میں رکھتے تھے کہ ابتدا وعدہ کے موافق ہولاجو خاں کا مشورہ کرتے (ہولاجو خاں کو بادشاہ بناتے) اس وجہ سے خواہشات کا اختلاف ظاہر اور یہ ذکر زبانوں پر جاری ہو گیا -

جب سلطنت کے تخت نے ارغون کی بادشاہت کے دبدبہ اور بلندی کے پایہ سے زینت حاصل کی - بڑے اور چھوٹے کے پاس ایلچی بھیجے اور لطف آمیز پیغام دئے تاکہ ان کو مائل کر لے اور ہولاجو کی طرف ایک چتر جو سایہ ہما کا دبدبہ اور خورشید عالم آرا کا نور رکھتا تھا اقسام معذرت کے ساتھ روانہ کیا - اور کمال دل نمودگی اس عبارت کی لڑی میں درج کی (اور وہ یہ ہے) کہ جب ہم یہاں پہنچے خواتین بزرگ اور امرا اور نوئین نے چونکہ قانون شاہی کے راستہ اور طریق کو جانتے تھے مجبور کیا کہ باپ کی جگہ کی حفاظت کر، ممالک اور لشکر کے مصالح کو جان اور ملک موروثی کو حوادثات سے صاف کر - اس وجہ سے اس کے گلے میں ڈالنے سے کنارہ کشی نہیں ہو سکتا تھا چاہئے کہ ہولاجو آقا دل کو نقصان دہ خطرات اور روکنے والے وساوس سے فارغ رکھے - کیونکہ ملک اور سلطنت اشتراک کا حکم رکھتے ہیں اور آپ کو اتفاق اور مدد سے، دشمنی اور تضاد سے دور رہ کر

رونق مملکت کے بڑھانے، لشکر کے زیادہ کرنے اور یاسا بزرگ کے احکام کی ہمیشگی کے لئے سعی اور پوری کوشش دکھانی چاہیے" (خط کی عبارت ختم ہو گئی) -

جب ایلچی ہولاجو خاں کی خدمت میں پہونچا تو اس (ہولاجو) نے کہا کہ ارغون کیسا تحفہ مضائقہ کب روا ہو سکتا ہے ؟

پس قربان شیرا کا عزم کیا ارغسون اور جوشکب کے گھر کی طرف (ہمدان میں)۔ (ارغون) گھر سے باہر نکلا دو تین دفعہ ان کے جلدی کرنے اور استدعا کے ساتھ، آسمان پایہ دولت کے سریر کی خدمت میں ایلچی آتے جاتے رہے تھے۔ اور سفقت کرنے اور تابعداری کرنے سے سست بیٹھ گئے تھے۔ اور خیال انگیز اندیشوں سے دور۔ ارغون کامیاب بادشاہ تھا۔ اور اس کے نفس میں کمال سیاست اور سیت فطری طور پر رکھی تھی۔ اس کنارہ کشی پر چشم پوشی سلطنت اور اقتدار کے مذہب میں قابل خطرہ سمجھی۔ ایک لشکر جرار کو ان پر نامزد فرمایا۔

جب انہوں نے اس لشکر کے روانہ کرنے اور غصہ کی آندھی کی حرکتوں کی خبر سن لی۔ عاقبت کی بدی اور مخالفت کی نحوست سے ڈر گئے۔ اور ہر ایک نے اپنے کیمپ سے دربار کی طرف جلدی کی اور باریابی کا شرف، انواع لطف سے خصوصیت اور انعامات حاصل کئے۔

ارغون نے ان کی دل کی تسکین اور خوشی کے حصول کے لئے اس ذات کی۔ جو ۵

چاند زحل اور سورج نکالنے والی ہے۔ دبدبہ تاج اور تخت کا نقش کرنے والی ہے۔

سوگند یاد کی۔ (خدا کی حلف اٹھائی)۔ کہ ان کی جانب کو (اُن کو) بزرگی کی راہ سے ہمیشہ مہربانیوں سے مشمول اور احسانات سے بغل میں رکھا جائیگا۔ ہر ایک کو کلاہ اور ٹپکا دیا۔ انہوں نے بھی اطاعت اور یقین کی راہ کو روانہ کیا ہوا اس کی بادشاہی کی دلیل دی اور دلوں کے انتشار کے مواد منقطع ہو گئے۔ جیسا کہ لشکر کے سوار ہونے سے نجات اور تلوار کے کھینچنے سے خلاصی -

ایلخان سغورلوق، سے صائن، آیا۔ اور اللہ ہی حامی اور محافظ ہے۔ امراء سے جو لوگ احمد کے ساتھ مزید اطاعت کے لئے مشہور تھے مانند لوکا، تینای، ابکان پسر شیرا مون اور ہولاجو، کو قوال تبریز کے الگ الگ سیاست میں سوال کیا گیا اور ان پر حجت پکڑی گئی اور یاسا کا شرف انہوں نے حاصل کیا (یعنے قتل ہو گئے) واللہ اعلم

موضع دیگر در عین تفرقہ لشکر احمد

جب وجوہ اور اعیان نے مصلحت بینی کے لئے خود کو مصیبت کے مگرمچھ کے منہ اور حلق سے خلاصی دی (اور زبان سے نذار و خرواأثمہ اور رو ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر پڑے) ارباب

ہوش کے کانوں میں پہونچ گئی اور حادثہ عناد کی پیشانی کا سخت پیچیدہ ہوگیا۔ جیسا کہ پہلے ثابت کیا گیا ہے۔ تمام مخلوق نے دائیں اور بائیں سے فرار کے پاؤں اٹھائے اور ناخن کے سرے کے برابر بھی ٹھہرنے کا موقع نہیں تھا۔ صاحب دیوان نے فراق کا عزم کیا۔ اصفہان کے باشندے ماجرا کی صورت حال اور حیلہ گر زمانہ کے واقعہ کی کیفیت سے بے خبر تھے۔ ملوک۔ امراء، اکابر قاضی اور تمام گروہ استقبال کی خدمت کے لئے باہر نکلے اور لائق خدمات سے جو لیے سلطان نشان صاحب اور صاحب بیان سلطان کی خدمت میں دستور ہوتا ہے، بزرگی کے مراسم سے مہمان نوازی میں اور تحفوں اور مہمانی کے لوازمات سے۔ ملاقات کی۔ اور (صاحب نے) دل میں یہ خیال رکھا تھا کہ شیراز جا کر سمندر کی راہ سے باہر نکل جائے۔ اور اپنے آپ کو بلاد ہندوستان میں پھینک دے۔ پھر مغلوں کے قہر کے دبدبہ سے اندیشہ کیا اور دل میں کہا: اپنی جان کو اس گہرے سمندر سے نجات کے کنارے پر ڈالنا اور بیوی، بچوں، متعلقین، نا بود گم شدہ، لوگوں اور ان کے اتباع غصے کے خطرے دینے کی جگہ اور عذاب کے کیچڑ میں چھوڑ دینا۔ پست ہمتی عقل اور تقاضائے کا اختیار کیا ہوا نہ ہوگا۔ نیز تیس سال مرتبہ کے کمال، قدر کی بلندی اور کامیابی کے جوش سے گذارے ہیں اور اب بڑھاپے کی صبح صادق کی چمک نے جوانی کی رات کی سیاہی کو شکست دی ہوئی اور عمر کے تیر نے ساٹھ سال کی گرہ اختیار کی ہوئی ہے۔ اگر سست عہد آسمان بے وفائی جو اس کی عادت ہے۔ شروع کرنا چاہئے تو تدبیر کا صواب دیکھنا اور روشنی کرنے والی رائے کی روشنی کب نفع دے گی۔ مصلحت یہ ہے کہ توکل کے دامن میں ہاتھ مضبوطی سے ڈال کر اور مضبوط رسی سے پکڑ کر متوجہ بندگی ہو جاؤں (ان کے پاس چلا جاؤں) اگر تیس سال سے اوپر کی خدمات اور اتنی مدت تک آباء اور ابنا کی خدمت میں اعمار گذارنے کے حقوق کے تقاضا پر بادشاہانہ عنایات حرکت میں آجائیں اور کامل مہربانی سے نا کردہ گناہ معافی کے مقابل کر دے تو۔ مشک سے خوشبو اور سورج سے روشنی کچھ عجیب نہیں ہے۔ ورنہ ضرور ہے کہ میں اس قدر مخلوق کو عذاب کی جھاڑی سے رہائی دینے والا ہوں گا (یعنی میری جان جانے سے لوگ عذاب سے خلاصی پا جائیں گے)۔

اس نیت سے حیرانگی (جو مختلف دلائل کے تعارض (مقابل ہونے، ٹکرا جانے) سے پیدا ہوئی تھی) رفع ہوگئی اور خوف اور ہراس کی آگ بجھ گئی۔ آیت و افوض امری الایۃ (میں سپرد کرتا ہوں اپنا کام اللہ کی طرف بے شک اللہ تعالیٰ بندوں کو دیکھنے والا ہے) زبان پر گذاری اور آسمان مثال کیمپ شاہی کی خدمت کی طرف روانہ ہوگیا۔ راستے میں امیر حاجی فرمان شاہی کے ساتھ جو نفرت کی امداد کو دور کرنے اور لغزشوں کے انداد کو معاف کرنے پر شامل اور مہربانی کی بنیادوں کے

بچھا دیئے اور عنایت واحسان کی گرہوں کے پختہ کرنے سے جبر دینے والا تھا۔ صاحب کو مل گیا! وہ حکم سنوا دیا۔ فوراً فراغ حالی نے رخ دکھایا اور اپنی تصنیف سے ایک بشارت نامہ حکام عراق کے پاس بھیجا اور مسرت اور شتابی کے بازوؤں پر پروانہ ہوگیا۔ جب بادشاہ کے شرف سے عزت حاصل کی۔ دربار سے پرورش اور عزت پائی اور (ارغون نے) وعدہ فرمایا کہ صاحب دیوانی کا منصب بدستور عنایت کیا جاتا ہے چاہئے کہ بوقا سے مل کر مہمات ملکی اور آنے والے واقعات کے چلانے اور جاری رکھنے کے لئے انتظام اور قیام کرے۔ صاحب نے بارگاہ کی زمین کو بوسہ کے نقشوں سے منقش کر دیا اور زبان حیوان تحت سزاوار تاج وتخت بادشاہ کی سلطنت اور عمر کے ہمیشہ جاری رہنے کے لئے کھول کر اپنی عزت کے خیمہ گاہ میں واپس آیا۔ لوگوں نے اس کی زندگی کی نعمت کے لئے سپاس داری (شکریہ) کے رسومات اور لوازمات ادا کئے اور منتیں اور خیراتیں پوری کیں۔

ایک ہفتہ کے بعد بوقا نے جب دیکھا کہ صاحب دیوان بدستور منصب معلوم کا مصاحب اور مباشر ہوا چاہتا ہے بادشاہ کو اس کے زندہ رکھنے پر ملامتیں کیں اور تاکید کی کہ اس کے مکر کو ظاہر اور قہر کی جانب کو چھوڑ دینے سے انکار کرے۔ پھر کہا اس شخص سے جو ایلخان (ارغون) کے نیک باپ کے ساتھ اس قدر سابقہ پرورش اور تربیت کے باوجود بداندیشی کرتا ہے نیک بندگی کی توقع کس طرح رکھی جا سکتی ہے۔ بادشاہ کی سلطنت کی پائداری اور صاحب دیوان کا فنا ایک دوسرے کو لازم ہیں۔ ایلخان ابھی اختلاف عقائد وخیالات سے متردد رائے تھا، باوجود اس کے کہ بارہا ظاہر اور پوشیدہ طور پر یہ بات عام افواہ سے کانوں تک پہونچی ہوئی تھی اور سلطان (احمد) کے زمانہ میں صاحب کی کوششیں لشکر کے اسباب کی ترتیب میں ان ناخوشیوں کی وجہ بن گئیں اور یہ اُن تغیرات کے علاوہ ایک تغیر ہوگیا۔ چونکہ اس حال میں موافق صلاح کار اور شفیق مخلص سے ایسا مبالغہ ہوا حکم شاہی نافذ ہوا کہ امراء سیاست قدآغای و اوکتای دریافت کریں اور غور تک معاملہ کو پہونچائیں۔ صاحب کو سیاست کے مقام میں لائے اور ان کے آئین پر جب جلادوں نے اس کے ہاتھوں کو باندھا۔ ترک اور تاجیک (عام اور خاص) کے طائفوں سے فریاد نکلی کہ کیوں مخلوق کے رزق کا دروازہ بند کر رہے ہیں۔ (صاحب نے) بہتانوں کے کھڑا کرنے اور باطل باتوں کے ڈالنے کے جواب میں کہا: "کہ مجھ بندہ کی تقصیرات اور برائیوں کے بارے میں جو کچھ غرض مند لوگوں نے بادشاہ کے کانوں تک پہنچایا ہے بادشاہ کے عفو کی امید پر ایک کی بجائے میں سو کا اقرار اور اعتراف کرتا ہوں۔ لیکن اس خیانت اور تہمت کی نسبت سے ولی نعمت کے قصد کی مجھے خبر نہیں (ان الزامات سے میں نے ولی نعمت کے خلاف کبھی کچھ نہیں کیا) ۔۔۔

نہ زبان پر میں نے گزارا نہ دل پر۔ نہ عقیدہ میں تجدید ہ کہ یہ ہرگز آیا ہے۔
کام دل کی ہوشیاری اور زبان کی فصاحت سے متعلق نہ تھا۔ ع۔ قضا کے حکم کے مقابلہ
میں مسیحا کا دم کیا کرتا ہے + حکم ہوا کہ فضائل اور معالی کی بنیاد کو ویران اور جود و مکارم کے
سرچشمہ کو چٹیل میدان بنادیں۔ موضع مونیہ میں اسہر کے پاس سانپ کی زہر والا بانلوار قہر
کا جلاد صاحب کو سیاست گاہ میں حاضر لایا اختر کی آنکھ سے شفق کا خون برستا تھا۔ عطارد
کی زبان فریاد کرتی ہوئی۔ اور زہرہ بال نوچتی ہوئی گاتی تھی۔ ؎

نیلوفری تلوار آخر کیا کرے گی اس کے تن پر۔ جس کو نیلوفر کی خوشبو سے
بھی ملال ہوتا تھا۔

اس نے معلوم کیا کہ خلاصی کی راہ نہیں ہے اور جب تک اس کی جان، جو فضیلت
کا نقیہ اور بادشاہ کا مطلوب ہے۔ تلف کے نشانہ میں نہیں آتی۔ بہانہ باقی ہے، فریاد کی
کہ ایک لحظہ اُسے امان دی جائے۔ اور وہیں غسل اور وضو کیا۔ اور قرآن کریم سے، جسے ساتھ
رکھتا تھا۔ فال لی پس وصیت نامہ فرزندوں کو اور یہ رقعہ فاضل تبریز کو لکھا۔ کہ جب
میں نے قرآن کریم سے فال لی تو یہ آیت نکلی۔ ان الذین قالوا ربنا اللہ (الایہ) جن لوگوں
نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے۔ اور اس پر مستقیم ہو گئے نازل ہوتے ہیں اُن پر فرشتے کہ نہ خوف
کرو نہ غمگین ہو اور خوشی مناؤ اس بہشت اُسے جس کا تم کو وعدہ دیا گیا تھا) باری تعالےٰ
جب اپنے بندہ کو اس فانی جہان میں اچھا رکھتا ہے اور کوئی مطلب اس سے دریغ نہیں
رکھتا۔ تو چاہتا ہے کہ اسی جہان میں جہان باقی کی بشارت بھی اُسے پہونچائے اور جب
یہی حال ہے تو مولانا محی الدین، مولانا افضل الدین، مولانا شمس الدین، مولانا ہمام الدین
اور بڑے مشائخ کو۔ کہ ہر ایک کا ذکر طوالت کا موجب بنیگا اور محل اور موقع برداشت
نہیں کرتا۔ بشارت پہونچانا ضروری نظر آیا تاکہ سب کو معلوم ہو جائے کہ ہم تعلقات
قطع کر کے روانہ ہو گئے وہ نیز دعائے خیر سے مدد کریں۔"

جب تحریر سے فارغ ہو گیا۔ مقام تسلیم میں زبان پر چلا یا۔ ؎
"جو کچھ تجھ سے آئے اے جاناں! میرے دل پر۔ اچھا اور خوش ہے
خواہ شفا ہو خواہ دکھ"

نماز عصر کے وقت بروز سوموار چہارم شعبان ۶۸۳ھ کو جیسا کہ ان بیتوں کے ناظم
نے اس حال کا ذکر تاریخ کی لڑی میں اس طریقہ سے بیان کیا ہے۔ ؎
ملک کا سورج، مشرق اور مغرب کا صاحب دیوان۔ وہ شخص جس کا زمانہ

جاکر اور آسمان مرید ہوگیا تھا۔ سال خ میں جب ج ف کے ساتھ مل جائے۔ اس کے
بعد کہ اس کی عمر کی مدت کا زمانہ لمبا ہو گیا تھا۔ نماز عصر کے وقت عدو و اہر میں
سوموار کے دن شعبان کی چوتھی کو شہید ہو گیا۔

(نوٹ:۔ خ + ج + ف کے مجموعہ کے اعداد بحساب ابجد ۶۸۳ ہوتے ہیں اور وہی سال شہادت کا ہے)

خیال فاسد کے سودا میں اس کی روشن پیشانی کو جو صبح سعادت کا سورج تھا تلوار کے سبز
چشمہ سے گرد آلود زمین کی سطح پر شفق کے سرخ چہرہ کی مانند کر دیا۔ اور ایسے صاحب کی جس کی مثل کے انجام
سے مادر گیتی کے رحم ہمیشہ تک عقیم اور لاولد رہیں گے تلوار کی گواہی سے گواہی حاصل کیلئے (شہید کر دیا گیا)

ے وہ ایک گوہر تھا جس کو گردوں نے نادانی سے توڑ ڈالا۔ گوہری (جوہری) کہاں ہے؟
کہ اس گوہر شکن پر رو دیتا۔ آگ اور پانی اگر جانتے کہ دنیا سے کیا چلا گیا۔ تو آگ غم
سے خون ہو جاتی اور پانی غم سے روتا رہتا۔

اور یہ دو بیت کہ ایک فاضل عصر کے طبع زاد ہیں صورۃً و معنیً مراعاۃ نظیر کی صنعت میں اس کے حق میں
بے نظیر وارد ہوئے۔ ے

شمس کے جانے سے شفق کا خون ٹپکا۔ چاند نے منہ نوچ دیا اور زہرہ نے زلف کاٹ ڈالے
رات نے سیاہ لباس کیا اس ماتم میں اور صبح نے ٹھنڈی سانس لی اور گریبان پھاڑ ڈالا

اس ہولناک واقعہ اور مشکل مصیبت کی خبر اطراف ممالک میں جہاں جہاں پہونچی خاص ہوں
یا عام سب فریاد کرنے اور زار و زار رونے کے حلیف اور دوست ہو گئے اور بڑوں اور چھوٹوں نے آنکھ
کی پتلی کی باسلیق (رگ) کھولدی۔ شیراز باوجودیکہ ہرگز صاحبی کی تشریف آوری کی برکت سے مشرف
نہ ہوا تھا، کے لوگ اس کی خیرات جاریہ کے ذریعہ جو نیک و بد اور امیر و فقیر کو پہنچتی تھی شکستہ دل
اور پریشان حال ہو گئے اور نالہ اور افسوس کے جفت ہو گئے۔ ے

فریاد ہے اے آسمان کمینہ! کہاں ہے عالی فطرت صاحب جو کہ قربان کرتا تھا اپنے
حق کی آنکھ کو خون دل سے۔ ملکوں کا صاحب، دین اور دولت کا شمس، وہ جو تھا
دولت کا منہ اس کی رائے روشن کے نور سے با فروغ۔ مسند اگر اس کے تکیہ کے بغیر سر
بلند کرے، اس کے بعد حشو (لغو) ہوگا اس کا مطلب، درمیان سے اسے خارج
کر دے۔ اور اگر قلم اس کے ہاتھ کے بغیر چاہے کہ دُر فشاں ہو تو مناسب ہے کہ قاطع
تلوار کے ہاتھوں اسے سرزنش حاصل ہو۔

صاحب دیوان کے واقعہ کے بعد (شہادت کے بعد) اس کے تمام ممالک کو خالصہ ممالک کے
میزان میں لے آئے اور اس خیرات کی بنیاد کو منہدم اور اس کی نیکیوں کے نشانات کو کالعدم کر دیا۔ ع۔

کون سی نعمت ہے جس کو زمانہ میلا نہیں کرتا۔
اس کی اولاد یعنی، فرج اللہ اور مسعود اتابک کو جو بزرگیوں کے آسمان کے ستارے اور بہادری اور جلالت کے باغ کے نورستہ پودے تھے۔ باپ کے پیچھے بھیج دیا اور ان بیگناہ بچوں پر رحم نہ کیا۔ (یعنے اُن کو بھی قتل کر دیا گیا۔ وائے افسوس)۔
اور اس حال پر جب ایک مدت گذر گئی آروق نے خواجہ ہارون کو قتل کر دیا۔ کیونکہ مجد الدین اثیر جو اکابر زمانہ سے نعمت اور ثروت سے موصوف اور معروف تھا اور دلیری اور بزرگی میں مذکور اور مشہور نے آروق کی عقلی کی کمان کو زِہ کیا ہوا تھا کہ بغداد کے دیہات سے مال کی آمدنی خاص ضروریات پر خرچ کی جاتی ہے اس وہم پر کہ خواجہ ہارون اس کے ساتھ اس معاملہ میں ہمراز ہے اور خود اگلی مخالفت اور دشمنی کی باتیں اور لاحق ہونے والے عناد اور کھلی دشمنی درمیان میں چھپی ہوئی تھی بغیر حکم شاہی کے دونوں کو تلوار سے گذار دیا۔ شعر۔ یعنے کٹے ہوئے سر سے آواز نہیں آتی۔
صاحب اور اس کی اولاد کی قبریں چرنداب تبریز میں ہیں ۶۹۲ھ کے مہینوں میں ان خبروں کا ناقل (مصنف) وہاں پہونچا۔ زیارت کے لئے ایک ساعت اس روح انگیز مقام اور سعادت بخش موضع میں راحت حاصل کی۔ دونوں بھائی (شمس الدین اور علاؤ الدین) سات بیٹوں کے ساتھ بعض نے شہادت کے درجہ کو دنیاوی سعادت کے ساتھ جمع کیا ہوا۔ اور بعض لاکھوں افسوس کے ساتھ مصاحبت زمانہ سے۔ جو اُن کا ادنےٰ چاکر تھا۔ ابد کے اُنس اور حوران فردوسی کی مجاورت کی طرف مائل ہو گئے۔ ان کے القاب اور اسماء بعد اس کے کہ فرمانوں کے صفحوں پر منقش ہوتے تھے۔ مقبروں کی تختیوں پر نقش کئے گئے تھے۔ اور آیات قرآنی میں سے ہر ایک قبر کی تختی کے دیباچہ پر ایک آیت اُن کے مراتب کے مناسب لکھی ہوئی تھی اُن زیارت گاہوں اور قبروں کے مشاہدہ نے غیرت کی رگوں کی قد تیڑھی ہو گئی اور چہرہ پر آنسو آنکھوں سے جاری تھے۔ اُن قبروں کی ہیبت اور شکوہ (رعب) عبرت حاصل کرنے کی آنکھیں صدر کے مرتبہ اور مسند کا پتہ دیتا تھا اور اس کا سبب یہ تھا کہ ان کے زندگی کے زمانہ میں خدمت کے حاصل کرنے کی سعادت سے (مصنف) بموجب۔ شعر۔ ایسا نہیں ہے کہ جس چیز کی تمنا کرے انسان اس کا اتفاق ہو جائے + محروم رہا تھا اور ناکامی کے داغ سے مشہور۔ دل جو حسرت کی آگ سے جوش میں تھا۔ زمانہ کی خصلت اور عادت سے تعجب کرتا تھا۔
چونکہ محکمہ ازل کے قاضی نے دائمی اور اٹل حکم سے اندازہ کیا ہوا تھا کہ تھوڑی مدت میں خراسان کی بساط تمام سرداروں اور رئیسوں سے خالی ہو گی۔ نیز اس اثناء میں مزاج ایلخانی (ارغون خان کا مزاج) ارکان دربار کے برانگیختہ کرنے سے خواجہ وجیہ الدین سے متغیر ہو گیا

اور اس کو ماخوذ کر لیا ۔ یہ دو بیت موافق حال کہے گئے ۔ ؎

ہم نے خوب کیا دیکھا ہے اس کوزہ پشت آسمان سے ۔ یا تکلیف میں ڈالے رکھا
یا بے گناہ قتل کر دیا جب دو رنگ اور منافق جہان کی عاقبت فنا ہے ۔ تو خواہ
زشت اور خوب ہو خواہ نرم یا درشت ۔

اس (خواجہ وجیہ الدین) نے معلوم کر لیا کہ اس دفعہ رہائی ناممکن ہے ۔ ہر چند امرا اور ارکان دربار کی خدمت میں عاجزی نامے لکھے کوئی فائدہ نہ کیا ۔ ابتدا میں اس خط کے جو طوغان قہستانی کے پاس بھیجا تھا اور تواضع اور سفارش چاہنے میں مبالغہ کیا تھا اور اپنے نام کو "ضعیف داعی وجیہ عاصی" لکھا تھا ۔ یہ فارسی بیت لکھا ۔ ؎

اے جاناں تیرا غم ہجر ہر بار سخت ہوتا ہے ۔ مجھ دل خستہ پر رحم کر کہ یہ کام بوجھ ہے
بالآخر اس کی جان کو تلوار سے آشیانہ سفلی سے بلندی کی انس گاہ تک پہونچا دیا
اعمال دیوانی کا استعمال اور اس جہان کے شغلوں سے ملا رہنا بد انجامی تک پہونچا دیتا ہے
اور دولت پنجروزہ کو انتقال اور ارتحال کی جلدی واجبی اور فرض ہے ۔ ؎

حرص دنیا سانپ ہے اس کے پیچھے نہ لگ ۔ تو جانتا ہے کہ مار گیر (سپیرا)
کی عاقبت کیا ہوتی ہے ۔ اگر تو چاہتا ہے خوش زندگی اور کام مراد پر ہووے
توفیق کے ساتھ موافقت کر اور کاروبار کم لے ۔ زمانہ کی طرح کوئی شخص
آدمی کی نصیحت نہیں لیتا ۔ اگر تو چاہتا ہے کہ نصیحت حاصل کرے تو زمانے
سے حاصل کر ۔

ابوالکمال ترجمہ انشائے ابوالفضل دفتر اول و سوم معہ فرہنگ از پروفیسر نسیم امروہی ۸ر

حدیقۂ ارم جس میں امیدواران امتحان منشی فاضل کیلئے مسائل علم بیان - بدیع - معانی - عروض - موازنہ و تنقید آسان اردو میں بیان کئے گئے ہیں - از مولانا عبدالحمید خاں ارشد مولوی فاضل منشی فاضل - ادیب فاضل . . . ۱۲ار

قصائد قاآنی ردیف ا - ب - بہ تصحیح پروفیسر شادان بلگرامی داخل نصاب امتحان منشی فاضل ۸ر

غزلیات نظیری معہ حالات . . عمہ

رباعیات ابوسعید ابوالخیر معہ ترجمہ و شرح اردو از مولانا محمود الحسن صاحب مولوی فاضل و منشی فاضل . . . عمہ

ہمایوں نامہ گلبدن بیگم معہ ترجمہ اردو از سید محمد عبداللہ ایم اے داخل نصاب امتحان منشی فاضل و منشی کامل الٰہ آباد ۱۲ار

نور البلاغت بہترین اردو خلاصہ حدائق البلاغت از محمود الحسن صاحب گلشن رامپوری منشی فاضل و منشی کامل داخل امتحان منشی فاضل و منشی کامل الہ آباد . . . ۱۲ر

پیمانہ بہترین خلاصہ پیمانۂ عجب النبی از گلشن شادانی رامپوری منشی فاضل داخل نصاب امتحان منشی فاضل ۱۲ر

عمدۃ الرسالہ ترجمہ چہار مقالہ از مولانا محمود الحسن مولوی فاضل و منشی فاضل ۸ر

ریاض شادانی فرہنگ قصائد قاآنی از حضرت شادان بلگرامی ۸ر

حیات ہمایوں خلاصہ اردو ہمایوں نامہ گلبدن بیگم جعفری کشمیری رامپوری منشی فاضل داخل نصاب امتحان منشی فاضل منشی کامل الٰہ آباد ۴ر

جواہر اخلاق بہترین خلاصہ اردو اخلاق جلالی از بسمل بلگرامی بہ نظر ثانی حضرت شادان بلگرامی داخل امتحان منشی فاضل کامل الٰہ آباد ۱۲ار

مفتاح الحقیقت یعنی بہترین اردو خلاصہ کشف المحجوب معہ حالات مصنف از حضرت ثاقب رامپوری منشی کامل و منشی فاضل داخل نصاب امتحان منشی فاضل ۱۰ار

بحر العروض معہ نقشہ زحافات از منشی کنھیا لال دہلوی داخل نصاب امتحان پروفیشنسی ان اردو ۵ر

پنج گنج حالی از حضرت حالی پانی پتی یہ کتاب خواجہ الطاف حسین حالی کی پانچ نظموں کا مجموعہ ہے ۴ر

گلدستۂ محسن کاکوروی از حضرت محسن کاکوروی کا بہترین انتخاب کلام ہے - داخل نصاب امتحان پروفیشنسی ان اردو ہے - ۵ر

اشراق الفوائد خلاصہ مصباح القواعد از حضرت ثاقب رامپوری داخل نصاب امتحان پروفیشنسی و ہائی پروفیشنسی ان اردو پنجاب یونیورسٹی ۸ر

خلاصہ بہترین موازنہ انیس و دبیر از حضرت [illegible] فاضل داخل نصاب امتحان پروفیشنسی ان اردو و منشی الہ آباد ۸ر

اردو کے سعدی کامل معہ شرح محاورات و فرہنگ الفاظ از حکیم نصیر الدین فیروز طغرائی . . . . . عہ

مسدس حالی معہ ضمیمہ و عرض حال و فرہنگ و حالات مصنف از خواجہ حالی پانی پتی داخل نصاب امتحان ہائی پروفیشنسی ان اردو پنجاب یونیورسٹی و منظور شدہ برائے سکول لائبریریز . . . ۱۴ر

خلاصہ آبحیات آزاد از آغا بیدار منشی فاضل داخل امتحان ہائی پروفیشنسی و آنرز ان اردو پنجاب یونیورسٹی ۴ر

مجموعہ قصائد ذوق معہ فرہنگ از بسمل بلگرامی . . ۴ر

حیات سعدی از خواجہ حالی پانی پتی داخل نصاب امتحان آنرز ان اردو و منظور شدہ برائے سکول لائبریریز ۱۲ر

دیوان میر درد اردو معہ حالات میر درد دہلوی

دیوان حالی از خواجہ حالی پانی پتی ۱۲ر